Marfat.com



اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ

Marfat.com

قَصِیدَہ بُردَہ شرِیف

از: شیخ العرب والعجم امام **محمد شرف الدین** بوصیری مصری شافعی رحمۃ اللہ علیہ

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَآئِمًا اَبَدًا
عَلٰی حَبِیْبِکَ خَیْرِ الْخَلْقِ کُلِّھِمِ

اے میرے مالک ومولیٰ درود وسلامتی نازل فرما ہمیشہ ہمیشہ تیرے پیارے حبیب پر جو تمام مخلوق میں افضل ترین ہیں۔

مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْکَوْنَیْنِ وَالثَّقَلَیْنِ
وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّمِنْ عَجَمِ

حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ سردار اور ملجاء ہیں دنیا وآخرت کے اور جن وانس کے اور عرب وعجم دونوں جماعتوں کے۔

فَاقَ النَّبِیِّیْنَ فِیْ خَلْقٍ وَّ فِیْ خُلُقٍ
وَلَمْ یُدَانُوْہُ فِیْ عِلْمٍ وَّلَا کَرَمِ

آپ ﷺ نے تمام انبیاء علیہم السلام پر حسن واخلاق میں فوقیت پائی اور وہ سب آپ کے مراتب علم وکرم کے قریب بھی نہ پہنچ پائے۔

وَکُلُّھُمْ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰہِ مُلْتَمِسٌ
غَرْفًا مِّنَ الْبَحْرِ اَوْ رَشْفًا مِّنَ الدِّیَمِ

تمام انبیاء علیہم السلام آپ ﷺ کی بارگاہ میں ملتمس ہیں آپ کے دریائے کرم سے ایک چلو یا باران رحمت سے ایک قطرے کے۔

Marfat.com

وَكُلُّ اٰيٍ اَتَى الرُّسُلُ الْكِرَامُ بِهَا
فَاِنَّمَا اتَّصَلَتْ مِنْ نُّوْرِهٖ بِهِمِ

تمام معجزات جو انبیاء علیہم السلام لائے وہ دراصل حضور ﷺ کے نور ہی سے انہیں حاصل ہوئے۔

وَقَدَّمَتْكَ جَمِيْعُ الْاَنْبِيَآءِ بِهَا
وَالرُّسْلِ تَقْدِيْمَ مَخْدُوْمٍ عَلٰى خَدَمِ

تمام انبیاء علیہم السلام نے آپ ﷺ کو (مسجد اقصیٰ میں) مقدم فرمایا مخدوم کو خادموں پر مقدم کرنے کی مثل۔

بُشْرٰى لَنَا مَعْشَرَ الْاِسْلَامِ اِنَّ لَنَا
مِنَ الْعِنَايَةِ رُكْنًا غَيْرَ مُنْهَدِمِ

اے مسلمانو! بڑی خوشخبری ہے کہ اللہ ﷻ کی مہربانی سے ہمارے لئے ایسا ستون عظیم ہے جو کبھی گرنے والا نہیں۔

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْيَا وَضَرَّتَهَا
وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

یارسول اللہ ﷺ آپ کی بخششوں میں سے ایک بخشش دنیا و آخرت ہیں اور علم لوح و قلم آپ ﷺ کے علوم کا ایک حصہ ہے۔

وَمَنْ تَكُنْ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ نُصْرَتُهٗ
اِنْ تَلْقَهُ الْاُسْدُ فِيْ اٰجَامِهَا تَجِمِ

اور جسے آقائے دو جہاں ﷺ کی مدد حاصل ہو اسے اگر جنگل میں شیر بھی ملیں تو خاموشی سے سر جھکا لیں۔

لَمَّا دَعَا اللّٰهُ دَاعِيْنَا لِطَاعَتِهٖ
بِاَكْرَمِ الرُّسْلِ كُنَّآ اَكْرَمَ الْاُمَمِ

جب اللہ ﷻ نے اپنی طاعت کی طرف بلانے والے محبوب کو اکرم الرسل فرمایا تو ہم بھی سب امتوں سے اشرف قرار پائے۔

Marfat.com

سلامِ رضا

از: امام اہلسنت مجدد دین وملت حضرت علامہ مولانا مفتی قاری حافظ

امام احمد رضا محقق، محدث قادری برکاتی حنفی، بریلوی رحمۃ اللہ علیہ

مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام
شمع بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام

مہرِ چرخِ نبوت پہ روشن درود
گلِ باغِ رسالت پہ لاکھوں سلام

شبِ اسریٰ کے دولھا پہ دائم درود
نوشۂ بزمِ جنت پہ لاکھوں سلام

صاحبِ رجعت شمس وشق القمر
نائبِ دستِ قدرت پہ لاکھوں سلام

حجرِ اسود و کعبۂ جان ودل
یعنی مہرِ نبوت پہ لاکھوں سلام

جس کے ماتھے شفاعت کا سہرا رہا
اس جبینِ سعادت پہ لاکھوں سلام

فتحِ بابِ نبوت پہ بے حد درود
ختمِ دورِ رسالت پہ لاکھوں سلام

مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا
مصطفٰے جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

Marfat.com

محفوظہ جمیع الحقوق

نام کتاب: عقیدۃ ختم النبوۃ

ترتیب و تحقیق: حضرت علامہ مفتی محمد امین قادری حنفی رحمۃ اللہ علیہ

جلد: سوم

سن اشاعت: 2006ء / ۱۴۲۷ھ

قیمت: 225/-

ناشر

الادارۃ لتحفظ العقائد الاسلامیۃ

آفس نمبر 5، پلاٹ نمبر Z-111، عالمگیر روڈ، کراچی

www.khatmenabuwat.com

www.khatmenabuwat.net

Marfat.com

فہرست

نمبر شمار	تفصیل	صفحہ نمبر
1	حضرت علامہ مولانا محمد حید اللہ خان درّانی مجددی نقشبندی حنفی رحمۃ اللہ علیہ	9
	حالاتِ زندگی	11
	ردِ قادیانیت	19
2	فہرست درۃ الدرّانی	25
3	درۃ الدرّانی علی ردّۃ القادیانی (سنِ تصنیف : 1901ء / ۱۳۱۸ھ)	27
4	مبلغ اسلام شاہ عبد العلیم صدیقی قادری حنفی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ	411
	حالاتِ زندگی	413
	ردِ قادیانیت	423
5	فہرست مرزائی حقیقت کا اظہار	427
6	مرزائی حقیقت کا اظہار (سنِ تصنیف : 1929ء / ۱۳۴۷ھ)	429
7	سید پیر مہر علی شاہ چشتی حنفی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ	517
	حالاتِ زندگی	519
	ردِ قادیانیت	533
8	فہرست ہدیۃ الرسول	557
9	ہدیۃ الرسول (سنِ تصنیف : 1899ء / ۱۳۱۷ھ)	559

Marfat.com

Marfat.com

حضرت علامہ مولانا

محمد حیدر اللہ خان درّانی مجددی نقشبندی حنفی رحمۃ اللہ علیہ

○ حالاتِ زندگی

○ ردِّ قادیانیت

Marfat.com

Marfat.com

حالاتِ زندگی

خاندانی پس منظر: حضرت علامہ مولانا محمد حیدر اللہ خان نقشبندی حنفی درانی کے آباء واجداد افغانستان سے ہجرت کر کے برصغیر تشریف لائے اور آپ کا تعلق وہاں کے حکمران احمد شاہ درانی ابدالی کے خاندان سے تھا۔ جس کے متعلق آپ اپنی کتاب میں تحریر فرماتے ہیں۔ ''میں حامیٔ اسلام شہنشاہ یعنی حضرت احمد شاہ درانی طاب ثراہ کے خاندان سے ہوں۔'' برصغیر میں ان کا تعلق جلالپور کاتباں سے تھا۔

پیدائش: مولانا درانی صاحب کے آباؤاجداد کے متعلق تفصیل تو معلوم نہیں ہوسکی ہے، البتہ مولانا درانی صاحب کی اپنی تحریر سے اتنا معلوم ہوا کہ آپ کے والد کا نام سیف اللہ خان اور دادا کا نام حضرت نواب مرزا خان درانی علیہما الرحمۃ تھا۔ آپ اپنی کتاب میں بیان فرماتے ہیں۔ ''مؤلف رسالۂ ہٰذا کے جدامجد حضرت نواب مرزا خان درانی طاب ثراہ نے ایک سو دس برس کی عمر میں اخیر نکاح کیا جس سے تین فرزند متولد ہوئے اور کوئی اثر ہرم کا نہ تھا۔ (۱) عطاء اللہ خان مختار الدولہ (۲) صدیق اللہ خان (۳) سیف اللہ خان۔ پس مؤلف رسالہ حضرت نواب مرزا خان طاب ثراہ کے تیسرے فرزند سیف اللہ خان طاب ثراہ کا فرزند ہے۔'' حضرت علامہ مولانا محمد حیدر اللہ خان کا سن ولادت اور وصال معلوم نہ ہوسکے تاہم اتنا ضرور ہے کہ آپ ۱۳۰۶ھ، (۱۸۸۸ء) سے قبل پیدا ہوگئے تھے، (نہ صرف یہ بلکہ یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ ۱۳۰۶ھ میں آپ کی عمر بیس سال سے زائد تھی۔ اس کی تفصیل آگے آرہی ہے) اس لئے کہ آپ پنجاب کے مشہور صاحبِ علم صوفی بزرگ حضرت شیخ غلام محی الدین قصوری دائم الحضوری (۱۲۰۲ھ تا ۱۲۷۰ھ/۱۷۸۹ء تا ۱۸۵۵ء) رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے خلیفہ حافظ مولانا غلام نبی للّٰہی (۱۲۳۴ھ تا ۱۳۰۶ھ/۱۸۱۹ء تا ۱۸۸۸ء) رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے سلسلۂ نقشبندیہ

Marfat.com

مجددیہ میں بیعت تھے اور آپ کے پیر و مُرشِد کا سن وصال ۱۳۰۶ھ ہے۔

علم ظاھری کی تکمیل: مولانا درانی صاحب نے علمِ ظاہری اپنے پیر و مرشد حافظ مولانا غلام نبی للّٰہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے حاصل کیا اور ابتدائی سلوک کی منزلیں طے کیں۔ آپ کے پیر و مرشد اپنے عزیزوں اور مخلصوں کی طرف لکھے جانے والے خطوط آپ کے سپرد کرتے تھے۔ تاہم بعد میں اپنے مُرشد زادے ثانی حضرت حافظ دوست محمد للّٰہی (۱۲۶۶ھ تا ۱۳۱۷ھ/۱۸۵۰ء تا ۱۹۰۰ء) رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس رہ کر نسبت مجددیہ کی تکمیل کی۔ اور ان کی طرف سے بھی ضروری روایات کی تحقیق اور خطوط لکھنے کا کام آپ کے سپرد ہی تھا۔ ثانی حضرت کے اکثر مکتوبات آپ کے تحریر کردہ ہیں۔ ثانی حضرت ان مکتوبات کے آخر میں اپنے دستخط فرما دیتے تھے اور بعض اوقات دستخط بھی نہیں کرتے تھے۔ ثانی حضرت حافظ دوست محمد للّٰہی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے آپ کو اپنی خلافت سے بھی نوازا تھا۔ آپ اپنے پیر و مرشد سے بے انتہا محبت فرماتے تھے، اپنے پیر و مرشِد کے وصال پر آپ نے جو تاریخہائے وصال کے سلسلے میں ابیات لکھے ہیں اس سے آپ کی اپنے پیر و مرشِد سے دلی وارفتگی کا اندازہ ہوتا ہے اور یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کو شاعری کا صرف ذوق ہی نہیں تھا، بلکہ خود شاعری بھی فرماتے تھے۔ ذیل میں ان کی بیت کے چند اشعار جو کہ فارسی میں ہیں، اردو ترجمے کے ساتھ پیش کئے جاتے ہیں۔

فلکا! بس کن ازیں گردشِ بیہودہ طائل ماہِ سیمیں مرا خاک نمودی حائل

(اے آسمان! یہ لاحاصل گردش بند کر، میرے اور ماہِ سیمیں کے درمیان تو نے خاک حائل کردی)

آہ، صد آہ ازیں صدمہ کہ بر جان رسیدہ بی گل نہ بہ بلبل بر جان شدہ نائل

(آہ، صد آہ! اس صدمہ پر جو میری روح کو پہنچا، کسی بلبل کو بھی پھول کے فراق پر نہ پہنچا ہوگا)

Marfat.com

مددی حضرت لِلّٰہ بروحِ پاکت غیر تو نیست معینم دگر از خویش و قبائل

(یا حضرت للّٰہی اپنی روح پاک سے میری مدد کیجئے، میرے خویش وقبائل میں کوئی بھی آپ کے بغیر معین ومددگار نہیں)

ہاتف از غیب ندا داد بگو صاحبِ دل ہائے قیومِ زماں ز دنیا راحل

(جب میں نے سالِ وفات کے بارے میں غور کیا تو ہاتف نے غیب سے آواز دی کہ اے صاحبِ دل کہہ ''ہائے قیومِ زماں ز دنیا راحل'')

تاریخہائے وصال کے سلسلے میں یہ اشعار بھی آپ ہی کے ہیں۔

ہیہات شد عالم ویران بی نور شدند زمین و زماں

(افسوس! دنیا ویران ہو گئی، زمین و زماں بے نور ہو گئے)

بُد چشمۂ فیضِ رساں کامل بسیار شدہ زاہد عامل

(وہ کامل اور چشمۂ فیضِ رساں تھے ان کے فیض سے کئی زاہد اور عالمِ باعمل بن گئے)

چہ کنم اکنوں کہ شد واصل صدہا کردہ عالم فاضل

(کیا کروں کہ اب وہ وصال پا گئے جنہوں نے سینکڑوں عالم و فاضل بنائے تھے)

چوں پرسیدم از عقلِ نہاں سنِ رحلت غوث و قطبِ زماں

(جب میں نے عقل نہاں سے غوث وقطبِ زماں کے سنِ رحلت کے بارے میں پوچھا)

بہ ہزار افسوس و نالہ و فغاں ہو واصل بذات اللہ گفت آں

(اس نے ہزار افسوس و نالہ و فغاں کہا ''ھو وصل بذات اللّٰہ'')

راقم الحروف کو مولانا درانی کی سیرت کے گمنام گوشوں کی تلاش کے سلسلے میں ان کے خانوادے کے ایک بزرگ کا مکتوب بھی ملا جس میں یہ لکھا تھا کہ ''مولانا حیدر اللہ خان درانی کو ایک مرتبہ آپ کے پیر ومرشد اور استاد حضرت علامہ مولانا حافظ غلام نبی للّٰہی علیہ الرحمۃ

Marfat.com

نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے تمہارے ذمہ علمِ ظاہر کی خدمت لگائی ہے، اس پر اپنی توجہ مرکوز رکھو۔ چنانچہ آپ ریاست حیدرآباد دکن تشریف لے گئے، علمی دنیا میں نام پایا، کتب تصنیف کیں اور اہم عہدہ پایا (عہدہ کے بارے میں علم نہ ہوسکا)۔''

مسندِ افتاء: آپ فتویٰ نویسی بھی کرتے تھے آپ کے پیر ومُرشِد کے محبوب خلیفہ حضرت مولانا محمد حسن خان بجنوری کو اپنے پیر ومُرشِد کی طرف سے ملنے والے وظیفے یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئا للّٰہ کے سلسلے میں جب اعتراضات کا سامنا کرنا پڑا تو مولانا محمد حسن خان صاحب نے ان اعتراضات کے جواب کیلئے مولانا درانی صاحب کی طرف ایک استفتاء بھیجا۔ مولانا درانی صاحب نے اس وظیفہ یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئا للّٰہ کو عقلی اور نقلی دلائل سے ثابت کیا اور اس کے جائز ہونے کا فتویٰ دیا۔ اس فتوے کو ''فتوی جواز یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئا للّٰہ'' کے نام سے ۱۳۳۶ھ میں ''انجمن نعمانیہ ہند لاہور'' نے ہندوستان کے سربرآوردہ علمائے احناف کی تصدیقات کیساتھ شائع کیا۔ استفتاء اور اس کا جواب ملاحظہ ہو۔

استفتاء:

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے میں کہ پڑھنا یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئا للّٰہ کا شرک ہے یا جائز؟ اور اگر شرک ہے تو جو شخص اُس کو جائز رکھتا ہو یا پڑھتا ہو اس کے پیچھے نماز درست ہے یا نہیں؟ اور اگر نادرست ہے تو جو نماز اس کے پیچھے پڑھی ہو اس کا اعادہ چاہیے یا نہیں؟ بینوا توجروا

جواب:

اس وظیفہ کا پڑھنا جائز اور معمولاتِ بعض مشائخِ جیلانیہ (قادریہ) سے ہے۔

Marfat.com

چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب ''انتباہ فی سلاسل اولیاء اللہ'' میں فرمایا ہے۔ کہ بعضے اصحاب طریقۂ قادریہ یا شیخ رابرائے حصول مطالب بایں طور ختم میکنند کہ اول دو رکعت نماز بعدازاں یکصد ویازدہ بار کلمۂ تمجید و یکصد ویازدہ بار شیئاً للہ یاشیخ عبدالقادر جیلانی انتہی۔ اور جو شخص اس کو پڑھتا ہو اس کے پیچھے نماز درست۔ اور بعض جو اس کے پڑھنے کو شرک وکفر کہتے ہیں۔ آیت ایّاک نعبد وایّاک نستعین اور والّذین تدعون من دون اللہ. الاٰیۃ اور لاتدع من دون اللہ. الاٰیۃ وحدیث اذا سالت فاسئل اللہ واذا استعنت فاستعن باللہ سے جواس کے عدم جواز کا استدلال کرتے ہیں اور کہتے ہیں کہ اگرچہ آیات والّذین تدعون من دون اللہ. الاٰیۃ ولاتدع من دون اللہ. الاٰیۃ کافروں کے حق میں آئی ہیں کہ بتوں کو ندا کرتے تھے، لیکن اصول کا قاعدہ ہے کہ اللفظ للخصوص والعبرة للعموم۔ یہ اس صورت میں ہے کہ حضرت شیخ کو وسیلہ نہ سمجھتا ہو بلکہ بالاستقلال حاضروناظر ومتصرف وحاجت روا سمجھے کہ صریح کفروشرک ہے اور اگر وسیلہ ومظہر عون الٰہی جانتا ہو، جائز وروا ہے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے زیر آیت ایّاک نعبد وایّاک نستعین تحریر فرمایا ہے۔ کہ استعانت از غیر بوجہیکہ اعتماد برآں غیر باشد واورا مظہر عون الٰہی نداند حرام ست واگر التفات محض بجانب حق است واورا یکے از مظاہر دانستہ ونظر بکارخانۂ اسباب وحکمت اوتعالیٰ درآں نمودہ بغیر استعانت ظاہری نماید دور از عرفان نخواہد بود ودر شرع نیز جائز وروا ست وانبیاء واولیاء ایں نوع استعانت بغیر کردہ اند ودر حقیقت ایں نوع استعانت بغیر نیست بلکہ استعانت بحضرت حق است انتہی۔ توسل واستعانت بارواح اولیاء سیرت سلف وخلف صالحین سے ہے۔ چنانچہ جذب القلوب میں شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا ہے۔ ابن ابی شیبہ بسند صحیح آوردہ است کہ درزمان عمر رضی اللہ عنہ قحطے اُفتاد شخصے

Marfat.com

بقبر شریف نبوی آمد وگفت یارسول اللہ استسق لامتک فانھم قدھلکوا آنحضرت ﷺ درخواب او آمد وفرمود برود بعمر رضی اللہ عنہ بشارت دہ کہ باراں خواہد شد وابن الجلا میگوید کہ بمدینہ رسول اللہ ﷺ درآمدم و یک دوفاقہ برمن گذشتہ بود بقبر شریف استادم وگفتم اناضیفک یارسول اللہ وبخواب رفتم پیغمبر خدارا دیدم ﷺ رغیفی بدست من داد نصفے راہم درخواب خوردم چوں بیدار شدم نصف دیگر دردست من باقی بود۔ صاحب مواہب نے لکھا ہے کہ مکہ معظمہ میں میرے ایسا درد ہوا کہ اطباء اس کے علاج سے عاجز آئے میں نے آنحضرت ﷺ سے استعانت کی آرام ہوگیا۔ اور لکھا ہے کہ میں زیارت سے پھر کر مصر جاتا تھا کہ میری خادمہ کو جن سے آسیب پہنچا میں نے استشفاع بجناب رسالت پناہ ﷺ کیا، آرام ہوگیا۔ شیخ محدث دہلوی نے شرح مشکوٰۃ کے باب زیارت قبور میں لکھا ہے۔ حجۃ الاسلام امام محمد غزالی گفتہ ہر کہ استمداد کردہ شود بوی درحیات استمداد کردہ میشود بعداز وفات و یکے از مشائخ عظام گفتہ است دیدم چہار کس را از مشائخ کہ تصرف میکنند درقبور خود مانند تصرفہائے ایشاں درحیات خود یا بیشتر شیخ معروف کرخی و شیخ عبدالقادر جیلانی ودو کس دیگر را از اولیاء شمردہ مقصود حصر نیست انچہ خود دیدہ و یافتہ است گفتہ وسیدی احمد بن رزوق از اعاظم فقہاء ومشائخ دیار مغرب است گفت کہ روزے شیخ ابوالعباس حضرمی از من پرسید کہ امدادی اقویست یا امدادمیت من گفتم قومی میگویند امدادی قوی تراست ومن میگویم امدادمیت قوی تراست پس شیخ گفت نعم زیرا کہ دے در بساط حق است ودرحضرت اوست ونقل دریں معنی ازیں طائفہ بیشتر از آنست کہ حصر واحصا کردہ شود ویافتہ نمے شود در کتاب وسنت واقوال سلف صالح کہ منافی ومخالف باشد وردکند ایں را انتہیٰ۔ اور اسی طرح کی کتاب الجہاد میں لکھا ہے چہ میخواہند ایشاں باستمداد وبامداد کہ ایں فرقہ منکر اند آنرا آنچہ ما فہمیم ازاں اینست کہ داعی محتاج فقیر الی اللہ دعا میکند خدارا وطلب میکند حاجت خود را از جناب عزت

Marfat.com

وغنائے وے وتوسل میکند بروحانیت ایں بندہ مقرب ومکرم دردرگاہ عزت وے ومیگوید خداوندا ببرکت این بندۂ تو کہ رحمت کردۂ اورا بلطف وکرمی کہ بوی داری برآوردہ گردان حاجت مرا کہ تو معطی کریمی یاندا میکند ایں بندہ مکرّم ومقرب را کہ اے بندۂ خدا اے ولی وے شفاعت کن مراد بخواہ از خدا کہ بدہد مسئول ومطلوب مرا وقضا کند حاجت مرا پس معطی ومعمول پروردگارست تعالیٰ وتقدس ونیست ایں بندہ درمیان مگر وسیلہ ونیست قادر وفاعل ومتصرف دروجود مگر حق سبحانہٗ واولیائے خدا فانی وہالک اند درفعل الٰہی وقدرت وسطوت وے ونیست ایشاں را فعل وقدرت وتصرّف نہ اکنون کہ درقبور اند ونہ درآں ہنگام کہ زندہ بودند دردنیا واگر ایں معنی کہ درامداد واستمداد ذکر کردیم موجب شرک وتوجہ بما سوائے حق باشد چنانچہ منکر زعم میکند پس باید کہ منع کردہ شود توسل وطلب دعا از صالحان ودوستان خدا درحالت حیات نیز واین ممنوع نیست بلکہ مستحب ومستحسن است باتفاق وشائع است دردین انتہیٰ۔ تفسیر عزیزی میں سورۂ انشقّت کی تفسیر میں لکھا ہے بعضے از خواص اولیاء اللہ را کہ الہٗ جارح تکمیل وارشاد بنی نوع خود گرد اینده اند دریں حالت ہم (یعنی درحالت موت) تصرف دردنیا دادہ واستغراق انہا بجہت کمال وسعت تدارک آنہا مانع توجہ بایں سمت نمیگردد واویسیاں تحصیل کمالات باطنی از آنہا ے نمایند وارباب حاجات حل مشکلات خودرا از انہا ے طلبند ومے یابند انتہیٰ۔ علاوہ ازیں اوراد ماثورہ میں بھی اس قسم کے اعمال ہیں کہ جو یاشیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ سے مشابہ ہیں۔ چنانچہ حصن حصین میں آیا ہے۔ وان اراد عونا فلیقل یاعباداللہ اعینونی یاعباداللہ اعینونی یاعباداللہ اعینونی یعنی اور جو چاہے مدد کسی امر میں، چاہیے کہ کہے اے بندہ خدا کے مدد کرو میری اے بندہ خدا کے مدد کرو میری۔ اے بندہ خدا کے مدد کرو میری۔ اور دوسری جگہ حصن حصین میں آیا ہے۔ ومن کانت لہ ضرورۃ فلیتوضأ فیحسن وضوہ ویصلّی

Marfat.com

رکعتین ثمَ یدعوا اللّٰھم انَی اسئلک واتوجّه الیک بنبیّک محمّد نبیّ الرَحمة یامحمّد انَی اتوجّه بک الٰی ربّی فی حاجتی هذه لتقضی لی اللّٰھمّ فشفعه فی یعنی جس کو ہووے کوئی ضرورت پس وضو کرے اور اچھا وضو کرے اور پڑھے دو رکعتیں نفل کی پھر دعا کرے یہ یا اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے حاجت اپنی اور متوجہ ہوتا ہوں طرف تیرے ساتھ وسیلہ نبی ﷺ تیرے کے کہ حضرت محمد ﷺ نبی رحمت ہیں یا حضرت محمد ﷺ تحقیق میں متوجہ ہوتا ہوں ساتھ وسیلے تیرے کے طرف پروردگار اپنے کے بیچ اس حاجت اپنی کے تا کہ روا کی جاوے حاجت واسطے میرے یا اللہ پس شفاعت قبول کر ان کی میرے حق میں۔ ظاہر ہے کہ ان ہر دو اعمال میں ندا اور استمداد موجود ہیں، پس جو اعتراض یاشیخ الخ پر وارد ہوتے ہیں وہی ان اعمال پر بھی وارد ہوتے ہیں لیکن اگر ان کی جواز وعدم جواز کا استفتاء کیا جائے تو یقین ہے کہ جواز ہی کا فتویٰ دیا جائے گا پس اسی قیاس سے اگر یاشیخ الخ کی بھی عدم شرک وجواز کا فتویٰ دیا جائے تو کیا مضائقہ۔ اور قطع نظر ازیں کہ ندا واستمداد معمول وماثور ثابت ہوتی ہے لیکن ثقات سے جو معلوم ہوا وہ یہ ہے کہ اس وظیفہ میں ندا اور استمداد سے کچھ تعلق نہیں بلکہ مطلق ان الفاظ میں باذن اللہ تعالیٰ تاثیر ہے۔ اور اگر کسی حاجت کے واسطے پڑھا جاتا ہے تو بحولہ تاثیر ہوتی ہے، بشرطیکہ کسی کامل شخص سے پوچھا ہو اور بلا اجازت کاملین اس وظیفہ کے پڑھنے میں امید تاثیر نہیں۔ پس اس صورت میں اوراد ماثورہ پر مواظبت اولیٰ وانسب ہے۔ فقط **واللہ اعلم وحکمه احکم۔**

کتبـــ
_____

فقیر حقیر محمد حیدر اللہ عفی عنہ

جلال پوری

Marfat.com

تصانیف

آپ کی تاریخِ پیدائش و وصال کی طرح آپ کی سیرت کا یہ پہلو بھی گوشۂ گمنامی میں ہی رہا، تاہم پھر بھی ایک کتاب کی معلومات ہوسکی ہے، جس کا ذکر آپ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے۔

۱..... **شرح متنِ متین**: قواعدِ نحویہ کے اصول پر مشتمل کتاب ''متن متین'' کی شرح تحریر فرمائی ہے جس کا حوالہ اپنی اس کتاب میں کئی مقامات پر دیا ہے۔

ردِّ قادیانیت

۱..... **درة الدرانی علیٰ ردة القادیانی**: مرزا غلام احمد قادیانی کو علم تصوف میں درک کا بھی دعویٰ تھا اور اس کے جھوٹے دعویٰ کی بنیاد بھی بقول اس کے کشف والہام پر تھی اور اس نے اپنے دعووں کے ثبوت میں متصوفین کی عبارات کو توڑ مروڑ کر پیش کیا۔ علامہ درانی رحمہ اللہ نے اپنی اس کتاب میں امام عبدالوہاب شعرانی، محی الدین ابن عربی، حضرت مجدّد الف ثانی اور شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہم اللہ کی کتب وعبارات سے مرزا کے دعویٰ تصوف کی بھرپور تکذیب کی اور ان اکابر صوفیہ کی عبارات سے مرزا کے دعویٰ الہام ومسیحیت کو جھوٹا ثابت کیا۔

اس کتاب کی دیگر خصوصیات میں سے یہ ہے کہ

۱.....اس میں کثرت سے حضور خاتم النبیین ﷺ کے معجزات اور صحابہ کرام واولیائے عظام کی کرامتیں بیان کی گئی ہیں۔ مثلاً حضور اکرم ﷺ کی معراج جسمانی، آپ کا علوم غیبیہ پر مطلع ہونا اور صحابہ کو مطلع فرمانا، مُردوں کو زندہ کرنا، ابوین کریمین کو زندہ فرمانا، بعد از وصال روضہ انور سے اذان کی آواز کا آنا، جسم اطہر کا بے سایہ ہونا، حیاتِ شہداء واولیاء، بعد از شہادت کلام اور کراماتِ غوث اعظم۔

۲.....اس کتاب میں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کی صحابیت، ان کا رفع ونزول، طوالتِ

Marfat.com

عمر، آسمان پر آپ کے قیام وطعام، قربِ قیامت میں آپ کے نزول، وصال اور مزار اقدس کا روضہ رسول اللہ ﷺ میں ہونے سے متعلق تفصیلی مباحث موجود ہیں۔

۳..... زریت بن برثملا وصی عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ کا تفصیلی واقعہ، صحابہ کرام سے ان کی ملاقات اور اس واقعہ سے طوالت عمر عیسیٰ علیہ السلام پر استدلال۔

۴..... حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ کے پوتے شیخ جمال اللہ رحمۃ اللہ علیہ کے لئے سیدنا غوث الاعظم کی دعاءِ طوالت عمر کا تذکرہ اور یہ بھی کہ وہ حضور غوث الاعظم کا سلام عیسیٰ علیہ السلام کو بعد از نزول پہنچائیں گے۔

۵..... اس کتاب میں آپ نے مسیلمہ کذاب، اسود عنسی وغیرہ کے ساتھ ساتھ مرزا غلام احمد قادیانی حمدان بن قرمط اور محمد بن عبدالوہاب نجدی کا بھی جھوٹے مدعیان نبوت میں ذکر فرمایا ہے اور محمد بن عبدالوہاب نجدی کے عقائد باطلہ کا ردِّ بلیغ بھی فرمایا ہے۔

آج منکرین ختم نبوت کا تعاقب کرتے ہوئے لوگ مرزا غلام احمد قادیانی کا تو بھرپور ردّ کرتے ہیں مگر محمد بن عبدالوہاب نجدی کے دعویٰ نبوت اور عقائد باطلہ کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔ آپ کی یہ تحقیقی کتاب مبلغین ختم نبوت کو دعوت فکر دیتی ہے کہ وہ مرزا غلام احمد قادیانی کے ساتھ شیخ نجدی محمد بن عبدالوہاب کے دعویٰ جات پر بھی غور کریں۔ (اس کی مزید تفصیلات کے لئے کتاب ''تاریخ نجد وحجاز'' از مفتی عبدالقیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ دیکھیں)

۶..... برصغیر پاک وہند میں دعویٰ ایمان کرنے والے چند علماء نے دعویٰ کیا کہ حضور ﷺ کا مثیل ممکن ہے۔ علامہ درّانی علیہ الرحمۃ نے اس دعویٰ کا بھرپور رد فرماتے ہوئے حضور ﷺ کا بے مثل و بے مثال ہونا ثابت فرمایا اور دو مقامات پر اس شعر سے بھی استدلال فرمایا۔

مثل النبی محمد قدامتنع　　من قال بالامکان صار مکفرا

یعنی محمد ﷺ کی مثال یا مثیل ممتنع یعنی محال ہے اور جو ممکن کہے وہ کافر ہے۔

Marfat.com

آخر میں میں یہی کہوں گا کہ ردِّ قادیانیت میں لکھی جانے والی کتب میں یہ مایہ ناز تصنیف نمایاں اہمیت کی حامل ہے بالخصوص تصوف کے حوالے سے اس کے مباحث اور مرزا کا ردِّ بلیغ اور خاتم النبیین محمد ﷺ کا والہانہ تذکرہ اس کتاب کی اہمیت کو اور بڑھا دیتے ہیں۔

حضرت علامہ مولانا انوار اللہ صاحب مصنف ''افادۃ الافہام'' جو مشاہیر علمائے ریاست حیدر آباد دکن ہیں انہوں نے بھی اس کتاب کی تصدیق فرمائی۔ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب چشتی گولڑوی نے اپنی کتاب ''سیف چشتیائی'' میں اس کتاب کا حوالہ بھی دیا ہے۔

اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ۱۳۱۸ھ بمطابق ۱۹۰۰ء میں میرٹھ (یوپی) ہندوستان سے شائع ہوا تھا اس کے بعد ہماری تحقیق کے مطابق اس کا دوسرا ایڈیشن شائع نہیں ہوا۔ بحمداللہ تعالیٰ تقریباً ایک سو چھ سال کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیں اس کتاب کی دوبارہ اشاعت کی توفیق رفیق عطا فرمائی۔ فللّٰہ الحمد والمنۃ۔ اس کتاب میں جہاں ''المیزان الکبریٰ للشعرانی'' کا حوالہ دیا گیا ہے اس کو اصل کتاب سے نقل کیا گیا ہے۔

وصال: جیسا کہ پہلے لکھا جا چکا ہے کہ حضرت علامہ مولانا محمد حیدر اللہ خان درانی رحمۃ اللہ علیہ کے سنِ پیدائش اور وصال معلوم نہ ہو سکے، تاہم یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ نے کم از کم پینتیس سال کی عمر پائی ہوگی۔ اس لئے کہ اپنے مرشدِ گرامی کی طرف سے خطوط کی ذمہ داری اور اپنے مرشدِ گرامی کے وصال پر (یعنی ۱۳۰۶ھ، ۱۸۸۸ء میں) آپ کے تاریخی قطعات بصورتِ فارسی ابیات اس بات کا پتہ دے رہے ہیں کہ مرشد کے وصال کے وقت آپ بچے نہیں تھے کہ عموماً بچوں کے ذمہ خطوط لکھنے کی ذمہ داری نہیں لگائی جاتی اور نہ ہی بچے کسی کے وصال پر ایسے تاریخی ابیات کہہ سکتے ہیں، لہٰذا کہنا پڑے گا کہ آپ کی عمر اس وقت کم از کم بیس یا بائیس سال ہوگی۔ اور اس کتاب کی تحریر کا سال اور اشاعت کا سال ایک ہی ہے (یعنی ۱۳۱۸ھ) اس کا ثبوت اس کتاب میں موجود اس عبارت سے لگایا جا سکتا ہے۔ ''پس

Marfat.com

آنحضرت ﷺ کی اس پیشین گوئی کی صداقت نے جو تیرہ سو اٹھارہ برس قبل آنحضرت ﷺ کی زبان غیب ترجمان سے ظاہر ہوئی۔ بمبئی کی اس عالمگیر طاعون کے تمامی عقدے حل کر دیئے جو اس میں ملفوف ہیں اور یہ ایک ایسی لاعلاج طاعون ہے جس کے لئے قادیانی صاحب کا مرہم عیسیٰ مکتفی نہیں ہوسکتا۔'' لہٰذا یہ کہنا بھی غلط نہ ہوگا کہ اس کتاب کی تحریر کے وقت آپ کی عمر کم وبیش بتیس یا پینتیس سال کی تھی۔

رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِ رَحْمَةً وَّاسِعَةً

81460

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دِرَّةُ الدُّرَّانِیْ
عَلٰی
رَدَّةِ القَادِیَانِیْ

(سَنِ تصنیف: 1901ء / ۱۳۱۸ھ)

تصنیفِ لطیف

حضرت علامہ مولانا محمد حیدر اللہ خان دُرّانی

مُجددی نقشبندی حنفی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

Marfat.com

فہرست دِرّۃ الدرّانی

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1	تمہید: قادیانی کا سرگروہ محمد ابن عبدالوہاب نجدی۔	4
2	مقدمہ اول: براہین احمدیہ کی وجہ تالیف۔	12
3	مقدمہ دوم: حقیقت الہام ..... توفی کے معنی خود قادیانی کی زبانی۔	13
4	مقدمہ سوم: قادیانی کے الہامات۔	35
5	مقدمہ چہارم: حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر۔	42
6	مقدمہ پنجم: خدا کی وعید میں ہرگز تخلف نہیں ہوسکتا، اس کا بیان۔	59
7	مقدمہ ششم: علوم مصطفیٰ ﷺ، دجّال معہود کا ذکر، فرقۂ وہابیہ، فرقۂ قادیانی و نیچریہ، تیس دجّال۔	64
8	مقدمہ ہفتم: اولیاء اللہ سے مدد طلب کرنا، شفاعت کا ثبوت، حیات الانبیاء، ایک ولی اللہ کا جنازہ آسمان پر، اصحاب کہف، اولیاء اللہ کے اختیارات۔	110
9	قادیانی کا دعویٰ اول: طریق اول: حضور ﷺ کے جسم مبارک کا سایہ نہ تھا، صحابہ معراج جسمانی کے قائل تھے، رؤیا اور اسراء کے معانی، شہداء اور علماء کے ابدان قبر میں بوسیدہ نہیں ہوتے۔	154
10	طریق دوم: توفّی کے بعض معانی لغویہ کی فہرست، متوفّیک کا معنی، لفظ اذ کا استعمال، نزول عیسیٰ علیہ السلام علامات قیامت میں سے ہے، نزول عیسیٰ علیہ السلام پر علامہ زرقانی کی بحث بسیط، امامت مہدی اور عیسیٰ علیہ السلام کی احادیث میں مطابقت، وضع جزیہ کے متعلق بحث، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مدفن مدینہ طیبہ ہے، زریت بن برثملا، دجّال اور عیسیٰ کے حلیہ میں فرق، قادیانی کا مکہ اور مدینہ جانے سے خائف رہنا۔	198
11	طریق سوم: حضور ﷺ آخری نبی ہیں، حدیث لاوحی بعدی باطل ہے، حدیث لا نبی بعدی، عہد میثاق، محی الدین ابن عربی کا قول۔	268

Marfat.com

فہرست دِرّۃ الدرّانی

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
12	طریق چہارم: خلت کے معنی، ابن صیاد اور دجّال میں تفریق، حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کے پوتے شیخ جمال اللہ.....، حضرت خضر کی حیات کا ثبوت۔	281
13	قادیانی کا دعویٰ دوم: عیسیٰ موعود جو آنے والا ہے وہ اصلی عیسیٰ کا مثیل یعنی غلام احمد قادیانی ہے۔	300
14	کاف تشبیہ کے استعمالات، ہمارے حضور ﷺ اپنی ذات، صفات اور رسالت میں لاشریک ہیں، حدیث علماء امتی موضوع ہے۔	305
15	قادیانی کا طریق اول: حمدان بن قرمط، محمد خراسانی، ابوعیسیٰ اصفہانی، حدیث لامہدی الاعیسیٰ مردود ہے۔	320
16	طریق دوم: مکاشفات اکابر اولیاء۔	324
17	طریق سوم: قادیانی دجّال معہود کے بعد آیا، دجّال خراسانی کے ملک سے آئے گا، الدّجال اسم علم ہے نہ کہ اسم جنس۔	326
18	طریق چہارم: استناد بقول حضرت مجدّد الف ثانی۔	329
19	طریق پنجم: عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے مراد نزول بروزی ہے۔	332
20	طریق ششم: رمضان میں خسوف وکسوف۔	336
21	طریق ہفتم: قرآنی نکات ومعارف۔	336
22	خلاصہ عقائد قادیانی۔	342
23	معجزات انبیاء علیہم السلام، شق القمر، معراج جسمانی۔	350
24	تقریظ جلیل مولانا انوراللہ فاروقی حیدرآباد دکن۔	385

Marfat.com

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ وَالسَّلام عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

یہ فطرتی قانون ہے کہ ہر شخص کو اس کی فطرتی طینت اور جبلّی استعداد کے مقتضاء کے مطابق جذبات وارادات میں مدد پہنچانے سے تائید ایزدی کبھی بخل[1] نہیں کرتی۔

شیطان نے مہلت مانگی اور اس کو عطا کی گئی اور اسی فطرتی طینت اور جذبات کی بدولت ہے کہ مسیلمہ کذّاب نے ہمارے نبی الانبیاء محمد مصطفٰی ﷺ کے بالمواجہ اور بالمقابلہ نبوّت کا دعویٰ کیا اور لاکھوں اس کے امتی ہو گئے۔ اور ۲۷۸ھ میں حمدان بن قرمط[2] نے اپنے کو کلمۃ اللہ الموعود اور مہدی اور امام منتظر ہونا بتایا اور دعویٰ کیا کہ اسی کی نسبت حضرت رسالت نے بشارت فرمائی ہے اور اسی میں کلمۂ حضرت مسیح انتقال بروزی کر آیا ہے۔ چنانچہ ہزاروں بلکہ لاکھوں اس کے مطیع بن گئے۔ حتّٰی کہ وہ اپنے تابعین کے ساتھ مصر اور شام پر قابض ہو کر ایک سلطنت کا مالک بن گیا اور بالآخر اس نے کعبۃ اللہ کو تاراج کیا اور خلیفہ جوہر قائد کے ہاتھوں مارا گیا اور مہدی سوڈان ایک وسیع سلطنت کا مالک اسی فطرتی جذبہ کی بدولت ہو گیا جس کے مقابلۂ حال میں مصری فوج کو کس قدر تکالیف کا سامنا ہوا اور اسی کے لگ بھگ

---

[1] پس خیر اور شر کا افاضہ ہر شخص کی خود اپنی ہی فطرت اور استعداد کا مقتضا ہے۔ جیسے آفتاب کی ضیاء تو یکساں کپڑے اور دھوبی پر پڑتی ہے لیکن یہ ان کی اپنی ہی استعداد کا مقتضاء ہے کہ اس ضیاء کے افاضہ سے جو سراسر خیر ہے کپڑا تو سفیدی حاصل کرتا ہے اور کپڑا دھونے والا دھوبی سیاہی بدن کا استفاضہ کرتا ہے۔ ۱۲

[2] دیکھو زرقانی جلد ۵، صفحہ ۲۹۱ کہ اس شخص نے ۲۷۸ھ میں کوفہ کے اطراف میں خروج کیا اور ۳۱۷ھ میں المقتدر کی خلافت کے زمانہ میں بزور تر و یہ اس نے کعبۃ اللہ پر حملہ کیا اور کعبہ کے دروازہ کو اکھاڑ کر لے گیا۔ آخر خلیفہ جوہر القائد کے ہاتھ سے مارا گیا۔ چھیاسی (۸۶) برس تک اس شخص کا فتنہ قائم رہا اور انہوں نے قرآن کی تحریف اور تاویلات بعیدہ کرنی شروع کر دیں۔ آہ

Marfat.com

محمد ابن عبدالوہاب نجدی کا فطرتی جذبہ تھا کہ وہی ایک مجدّد دین ماحی کفر اور مرسل من اللہ ہے کہ جس کے اتباع کے سوا جملہ مشرک ہیں۔ اور اس نے اپنے مریدین کے ساتھ نشو ونما پا کر

لہ مؤرخ ملطبرون جغرافیہ عمومیہ مطبوعہ مصر کی تیسری جلد معربہ رفاعہ بگ ناظر مدرسۃ الالسن میں لکھتا ہے کہ محمد بن عبدالوہاب کے متعلق تمام عرب میں اور علی الخصوص یمن میں یہ قصہ مشہور ہے کہ ایک شخص غریب الحال سلیمان نامی جو چرواہا تھا اس نے خواب میں دیکھا کہ آگ کا ایک شعلہ اس کے بدن سے جدا ہو کر زمین میں پھیل گیا ہے اور جو اس کے سامنے آتا ہے اس کو جلا دیتا ہے۔ یہ خواب اس نے معبرین کے سامنے بیان کیا جو ایسے خوابوں کی تعبیر جانتے تھے۔ انہوں نے اس خواب کی یہ تعبیر دی کہ اس کا ایک لڑکا ایسا پیدا ہوگا جو بڑی طاقت اور دولت پائے گا۔ آخر کار اس خواب کا تحقق سلیمان کے پوتے محمد بن عبدالوہاب کے وجود سے ہو گیا جو ۱۱۱۱ھ میں متولد ہوا اور بعد از ہزار خرابی ۱۲۰۷ھ میں فوت ہو گیا یعنی اس نے چھیانوے (۹۶) سال کی عمر پائی اور ابتداءً اس نے شیخ محمد سلیمان کُروی شافعی اور شیخ محمد حیات سندھی حنفی رحمۃ اللہ علیہما سے علم حاصل کیا۔ لیکن یہ ہر دو بزرگ اپنے نور فراست سے کہا کرتے تھے کہ یہ (محمد بن عبدالوہاب) مُلحد ہوگا اور بظاہر اس کا شغل بھی اسی قسم کا تھا کہ اکثر مسیلمہ کذّاب اور اسود عنسی اور طلیحہ اسدی وغیرہ کے حالات کا مطالعہ کیا کرتا جنہوں نے اس کے قبل نبوت کا دعویٰ کیا۔ اور خدا کی قدرت ہے کہ اس کو پورے طور سے کسی علم وفن میں دستگاہی نہ ہوئی اور اسی واسطے علماء وقت کی ردّ وقدح نے اس کو جواب دینے کی قدرت نہ دی۔ جبکہ ۱۱۴۳ھ میں اس نے علماء مدینہ طیبہ سے مقابلہ کرنا چاہا۔ ملطبرون لکھتا ہے کہ یہ شخص بوجہ اپنے دادا کے خواب کے لوگوں کی نظر میں محترم رہا اور اپنے عقائد کے ظاہر کرنے سے اوّل اس نے اپنے کو قریش اور نبی ﷺ کی نسل سے ہونا ظاہر کیا اور کہا کہ اس کا نام بھی رسول اللہ ﷺ کے اسم مبارک کی مثل محمد ہے گویا آنحضرت ﷺ کے ہم نام ہونے کا شرف رکھتا ہے۔ پھر اس نے چند اصولی عقائد مرتب کئے کہ فقط قرآن کریم کی اتباع واجب ہے نہ ان فروعات کی جو اس سے مستنبط ہیں اور محمد ﷺ اگرچہ اللہ کے رسول اور دوست ہیں لیکن ان کی مدح اور تعظیم کرنا لائق نہیں کیونکہ مدح وتعظیم صرف خدائے قدیم کے لئے شایان ہے لہٰذا کسی غیر کی مدح اور تعظیم من قبیل شرک ہے اور چونکہ لوگوں کا ایسا شرک کرنا اللہ تعالیٰ کو پسند نہ آیا لہٰذا اس نے مجھے اپنی طرف سے بھیجا ہے تاکہ میں ان کو سیدھے راستے کی طرف راہ نُمائی کروں پس جو کوئی مجھے قبول کر لے گا وہ دوستوں میں سے ہے اور جو کوئی میرا حکم نہ مانے گا وہ عذاب کا مستحق ہے اور اس کا قتل بلاشبہ واجب ہے۔

Marfat.com

ایک فوج کثیر کے ساتھ خاص خانہ کعبہ میں خون ریزی کی اور آل واصحاب کے قبّوں کو

پھر مؤرخ ملطبرون لکھتا ہے کہ یہ عقیدہ محمد بن عبدالوہاب نے پہلے پہل پوشیدہ پوشیدہ ظاہر کیا اور چندلوگ اس کے مقلد ہو گئے اور پھر ملک شام کی طرف چلا گیا لیکن وہاں اس کی کچھ نہ بن آئی اور آخر کار تین برس کے بعد بلادِ عرب کی طرف واپس آیا اور مدینہ منورہ میں ۱۱۴۳ھ میں گیا لیکن وہاں کے علماء نے اس وقت اس کی خوب خبر لی۔ بالآخر ۱۱۵۰ھ میں نجد کے اطراف بدوی لوگوں میں اس کا فسون اثر کر گیا اور اسی اثناء میں ایک شخص ابن سعود مسمّٰی بہ اسم محمد (م: ۱۱۷۹ھ، ۱۲ مرتب) جو قبیلہ نجد کا ایک مشہور پیرزادہ تھا اور جس کے عرب کے کئی قبائل اس کے خاندانی مرید اور مطیع تھے اس نے اپنی ایک مخفی آرزو کے لالچ سے کہ اس کی حکومت عاملانہ بصورت ریاست کسی طرح سے بڑھے اور اس نے اس مشہور خواب کے لحاظ سے کہ غالباً محمد بن عبدالوہاب بن سلیمان کا جادو چل جائے گا اور اس کے مذہب کی تائید سے اس کا دلی ارادہ پورا ہو نکلے گا اس نے محمد بن عبدالوہاب کا مذہب قبول کر لیا اور اس کے سارے مرید آبائی بھی اس کے ساتھ ہو لئے اور اس نے مذہب وہابیہ کو اس قدر تقویت دی کہ اطراف واکناف کی اعراب اور بدوی سب کے سب اس کی مطیع ہو گئے حتّٰی کہ ایک ریاست کی صورت نمایاں ہو گئی اور محمد ابن عبدالوہاب ان کا امام قرار پایا اور ابن سعود اس کے لشکر کا سپہ سالار مقرر ہوا اور مدینہ درعیہ انہوں نے اپنا دارالسلطنت معیّن کیا اور رفتہ رفتہ ایک لاکھ بیس ہزار کی فوج باقاعدہ مرتب کر کے اپنے ملک ودولت کی توسیع میں ساعی ہوا۔ مگر حیات نے وفا نہ کی اور وہ اپنے ارادوں میں کامیاب کامل نہ ہوا۔ حتّٰی کہ ابن سعود کا بیٹا عبدالعزیز (م: ۱۲۱۸ھ، ۱۲ مرتب) اس کا جانشین ہوا جو کہ شجاعت اور ہمت میں اپنے باپ سے بڑھ کر نکلا اور محمد ابن عبدالوہاب کے اعتقاد اور قواعد کے مطابق دعوتِ دین وہابیہ بزور شمشیر شروع کر دی۔ پس جبکہ عرب کے کسی قبیلہ کو اپنا مطیع بنانا چاہتا تو اوّلاً کسی ایک کو اس کی تفہیم کے لئے بھیجتا تا کہ وہ اس کے اعتقاد کے مطابق تفسیر وتاویل قرآن کو مانے۔ پس اگر وہ اس کا اعتقاد قبول کر لیتا تو اس کو امن دے دیتا ورنہ اس کی بیخ وبنیاد اکھیڑ کر اس کے تمام اموال ومویشی غارت کر لیتا لیکن بچّوں اور عورتوں کا تعرّض نہیں کرتا تھا اور مطیع قبیلوں سے ہر قسم کے اموال اور نقود میں سے عشر لیتا۔ چنانچہ رفتہ رفتہ وہابیہ کی طاقت بحر احمر اور بحر فارس اور حلب اور دمشق اور بغداد کے اطراف واکناف تک پھیل گئی حتّٰی کہ عبدالعزیز ابن سعود کے مرنے کے بعد بتاریخ ۸ محرم ۱۲۱۸ھ سعود ابن عبدالعزیز (م: ۱۲۲۹ھ، ۱۲ مرتب) ایک لشکر کثیر کے ساتھ کعبۃ اللہ پر حملہ آور ہوا اور خاص خانہ کعبہ میں خونریزی کی جس کی شان بقول

Marfat.com

مسمار کر کے رسول اللہ ﷺ کے روضۂ مبارک کو بُت ٹھہرا کر منہدم کرنے لگا، لیکن خدا نے اس فرقہ کو زیادہ تر مہلت نہ دی اور سَوا سو برس کے اندر اس کا خاتمہ خدیو مصر محمد علی پاشا کے ہاتھوں ہو گیا اور ان کا سب سے پچھلا امام یعنی عبداللہ بن سعود ابراہیم پاشا کے ہاتھ سے

قرآن ہے کہ من دخلہ کان امنا لیکن اس نے امن کو غیر امن بنا دیا اور حدود حرم جس میں جنگلی بھیڑیا بھی قدرتی ادب کے لحاظ سے ہرن کا تعاقب بمجرد داخل ہونے کے چھوڑ دیتا ہے اس وہابی بھیڑیئے کے پنجہ سے حرم حل ہو گیا اور چاروں مصلّے جلا دیئے گئے اور قُبّے گرا دیئے گئے اور ان میں بول و براز کر کے تحقیر کی گئی اور اسی محرّم کے پہلے ہفتہ میں اس نے ایک رسالہ ابن عبدالوہاب کا اہل مکہ کی طرف بطور حجّت و دعوت بھیجا جس کی اصل عبارت کا ایک جملہ نقل کیا جاتا ہے تا کہ اس کے دیکھنے سے مشتے نمونہ خروار عبرت کا باعث ہو۔ چنانچہ لکھا کہ "فمن اعتقد انه اذا ذکر اسم نبی فیطلع هو علیه صار مشرکا وهذا الاعتقاد شرک سواء کان مع نبی او ولی او ملک اوجنی او صنم اووثن وسواء کان یعتقد حصوله بذاته او باعلام اللّٰه تعالی بأی طریق کان یصیر مشرکا ومن اعتقد النبی وغیره ولیه وشفیعه فهوابوجهل فی الشرک سواء اما السابقون فاللات والسواع والعزّی واما اللاحقون فمحمد وعلی وعبدالقادر ومن لم یقل فی حاجته یااللّٰه وقال یامحمد وان اعتقد عبدا غیر متصرف فی الکل صار مشرکا وکفاک قدوة فی ذلک شیخنا تقی الدین ابن تیمیه وقدثبت ان السفرالی قبر محمد ومشاهده ومساجد واثاره و قبرای نبی او ولی وسائرالاوثان شرک اکبر۔ یعنی جو کوئی یہ اعتقاد کرے کہ نبی کا نام لینے سے نبی اس پر مطّلع ہو جاتا ہے تو وہ مشرک ہو جاتا ہے، پھر خواہ یہ اعتقاد کسی نبی کے ساتھ ہو یا ولی یا فرشتہ یا جن بھوت یا صنم یا بت کے ساتھ ہو پھر خواہ یہ اعتقاد کرے کہ اس کا علم اس نبی وغیرہ کو بذاتہ حاصل ہوتا ہے یا اللہ تعالیٰ کے اعلام سے۔ الغرض جس طریق سے یہ اعتقاد ہو اس سے مشرک ہو جاتا ہے اور جو کوئی نبی وغیرہ کو اپنا ولی اور شفیع ہونا اعتقاد کرتا ہے تو وہ اور ابوجہل دونوں شرک میں برابر ہیں۔ پہلے بت الات اور سواع اور عزیٰ تھے لیکن پچھلے بُت محمد اور علی اور عبدالقادر ہیں۔ جو شخص اپنی حاجت کے وقت یا اللہ نہیں کہتا اور یا محمد کہتا ہے اور اگر چہ اس کو ایک بندۂ عاجز سب باتوں میں اعتقاد کرتا ہے تو بھی مشرک ہو جاتا ہے اور تجھے اس باب میں ہمارا شیخ تقی الدین ابن تیمیہ بس ہے۔ اور یہ ثابت ہو چکا ہے کہ محمد کی قبر اور مشاہد اور مساجد اور آثار کی طرف یا کسی دوسرے نبی یا ولی یا دوسرے وثنوں کی طرف سفر کر کے جانا شرک اکبر ہے۔

Marfat.com

درعیہ پائیہ تخت نجدیان میں گرفتار ہوکر قُسطنطنیہ میں قتل کیا گیا۔ پس یہی تجدید دین کی آڑ ہے

پس مکہ کو غارت کر کے اس نے ۱۸۰۴ء میں مدینہ منورہ پر چڑھائی کی اور ایسا تاراج کیا کہ رسول اللہ ﷺ کے حجرۂ مبارک کو توڑ کر خزائن بے شمار لے گیا۔ کہا جاتا ہے کہ ساٹھ اونٹوں پر لاد کر لے گیا۔ چنانچہ عبداللہ بن سعود بن عبدالعزیز نے جبکہ وہ محمد علی پاشا خدیو مصر کے سامنے گرفتار کر کے لایا گیا تو اس کے پاس ایک صندوق ملا جس میں سے تین سولولوئے آبدار کلاں اور کئی دانے زمرد کلاں کے نکلے اور اقرار کیا کہ یہ صندوق بھی حجرہ نبویہ میں سے اس کے والد سعود نے نکالا تھا۔ پس سعود نے فقط اسی غارت پر اکتفانہ کی بلکہ قبۂ مولد نبی ﷺ کے ساتھ ابوبکر صدیق اور علی ابن ابی طالب اور خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہم کے قُبّے بھی گرادیئے۔ اس خیال سے کہ یہ بھی اصنام ہیں اور روضۂ رسول کریم ﷺ کے گنبد پر چڑھ کر جب گرانے لگا تو عجیب قدرت حق ظاہر ہوئی کہ سارے وہابی سرنگوں گر کر مرے اور اسی اثناء میں آگ کا ایک شعلہ ایسا نکلا جس نے بہتوں کو جلایا اور اسی طرح ایک اژدھا حضرت موسیٰ کے اژدھا کی طرح نکلا جس نے قوم فرعون کی طرح افواج وہابیہ کا تعاقب کیا اور اتنے میں بحکم سلطان معظم محمد علی پاشا خدیو مصر مقرر ہوا اور اس کا بیٹا طوسوں جس کے ساتھ سیّد احمد طحطاوی مُحشی درمختار بھی مصر میں آئے تھے بحکم والد خود ایک لشکر عظیم کے ساتھ مدینہ منورہ کے دروازے پر وہابیہ کی بیخ کنی کے لئے آپہنچا اس وقت عثمان مضایقی سپہ سالار وہابیہ نے مدینہ کے دروازے بند کر لئے لیکن طوسوں نے زمین کے نیچے سے سرنگ لگائی اور اتفاق سے ایک حصہ دیوار کا گر گیا اور طوسوں نے اندر گھس کر نجدیوں پر قیامت برپا کردی اور مقید وہابیوں کے کان کتر دیئے گئے اور مدینہ منوّرہ ۱۲۲۷ھ میں وہابیوں کے وجود سے پاک ہوگیا اور ۱۲۲۸ھ میں عثمان مضایقی بھی گرفتار ہوکر قسطنطنیہ میں قتل کیا گیا۔ لیکن ۱۲۲۹ھ میں سعود کے فوت ہونے کے ساتھ ہی اس کا بیٹا عبداللہ بن سعود اس کا جانشین ہوا اور آخر کار وہ بھی حروب کثیر کے بعد محمد علی پاشا خدیو مصر کے دوسرے فرزند ابراہیم پاشا کے ہاتھوں ذیقعدہ ۱۲۳۳ھ میں مدینہ درعیہ پائیہ تخت وہابیان فتح ہوکر گرفتار ہوگیا اور بتاریخ ۱۹ محرم ۱۲۳۴ھ قسطنطنیہ میں باب ہمایوں پر قتل کیا گیا اور وہابیوں کی قوّت اور دولت کا خاتمہ ہوا اور اس فرقہ کے لوگوں کو پوری پوری سزائیں بطور تعزیر دی گئیں یعنی مقید کئے گئے اور کان کتر دیئے گئے اور امن وامان قائم ہوا اور پھر از سرنو مکہ اور مدینہ میں چاروں مذہبوں کے مصلّے قائم ہوئے اور ملک عرب اس ناپاک فرقہ سے پاک ہوگیا۔ **وھابی نامہ** میں ہے کہ عرب میں اس فرقہ کی اتنی طول میعاد ہونے کا باعث یہی ہے کہ ابتداء غفلت ربی اور مکہ اور مصر کے پاشا جلد جلد فوت ہوتے رہے

Marfat.com

جس کی اوٹ میں ایسے اشخاص اپنی کامرانی کو موقوف سمجھے لیکن تعجب اس میں ہے کہ ہماری حضرت مرزا غلام احمد صاحب قادیانی جو درحقیقت اسی فرقۂ نجدیہ کے ممتاز کہلاتے ہیں کیوں انہوں نے اپنے اسلاف کا وہ طریقۂ دعوت اختیار کیا جو تاریخی شہادت کے ملاحظہ سے قابل نفرت اور مطعون اور مشتبہ دیکھا جاتا ہے لیکن افسوس کہ وہ بھی بتقاضائے فطرت مجبور رہے اور بقول حضرت روم ؎

نے کہ ہردم نغمہ آرائی کند فی الحقیقت از دمِ نائی کنُد

اپنے نائی جناب حکیم مولوی نورالدین صاحب بھیروی جو ایک مشہور غیر مقلّد ہیں اور جناب مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کی تائید سے امّت محمدیہ کے حنفاء اور دیگر اُمم کو اپنی

اوران کے تغیر وتبدل سے انتظام ٹھیک نہ ہوا اور یہ فرقہ زور پکڑتا گیا۔ مگر خدا تعالیٰ کی عجیب قدرت ہے کہ اس فرقہ کا داعیہ ہندو پنجاب میں منتقل ہوگیا۔ گویا خدا کے غضب نے اس ملک میں ظہور کیا۔ چنانچہ پنجاب میں اس مذہب کی اشاعت مولوی عبداللہ غزنوی کے وجود سے ہوئی۔ جو اسی مذہب کی بدولت غزنی سے بہت رسوائی کے ساتھ نکالا گیا اور اولاً بصورت درویشاں حضرت کوٹھے والی ایک بزرگ نقشبندی کی صحبت میں رہا مگر آخر کار وہاں سے بھی اس کو نکلنا پڑا اور حضرت اخوند صاحب کے فتووں اور مریدوں سے ڈر کر امرت سر میں جا گزیں ہوا اور وہابیت کا بیج بو دیا۔ غالباً اسی واقعہ کی طرف اشارہ ہے جو قادیانی صاحب نے ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۳۱۸ میں اپنی الہامی تفسیر کے اثبات میں نقل کیا کہ عبداللہ غزنوی کو ایک دفعہ الہام ہوا کہ **ربّ ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق** اور اس سے مراد اس کے اصلی معنی نہ تھے بلکہ یہ مراد تھی کہ مولوی صاحب کو ہستان ریاست کابُل سے پنجاب کے ملک میں بزیر سلطنت برطانیہ آئیں گے اور یہی مولوی غزنوی ہیں جن کا ایک کشفی قول قادیانی صاحب نے اپنے دعویٰ کی صداقت کے لئے ''ازالۃ الاوہام'' کی جلد ثانی میں نقل کیا ہے پس پنجاب میں اس وقت تک جس قدر وہابی مولوی ہیں وہ سب اسی غزنوی مولوی کے متّبع اور مقلّد ہیں اور ہم کو ان کے فروعی اعتقادات اس موقع پر نقل کرنے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ اس قدر مشہور ومعروف ہیں کہ عورت اور بچے بھی اس سے ناواقف نہیں اور خدا ہم کو اور ہمارے دوستوں کو ان کے شر سے بچائے اور صلح اور خیر کے حسنیٰ راستے پر قائم رکھے۔ **امین یا رب العلمین**۔ مؤلف

Marfat.com

طرف رجوع کرنے کے لئے دعوت دی۔ گویا یہی دو ملائکہ تھے جن کے پروں پر ہاتھ رکھ کر وہ بصورت مسیح موعود آسمانوں سے اترے اور انبیاء علیہم السلام کی طرح اپنے کو ملہم اور موردِ وحی ربّانی قرار دے کر بآواز بلند پکار اٹھے کہ ''وہ خدا کی طرف سے نور اترا ہے سو تم اگر مومن ہو تو انکار مت کرو۔'' (براہین احمدیہ صفحہ ۵۶۲)۔ اور لکھا کہ ''میرے پاس خدا کی گواہی ہے یعنی خداوند تعالیٰ کا اسرار غیبیہ پر مطّلع فرمانا اور پیش از وقوع پوشیدہ خبریں بتلانا اور مختلف زبانوں میں الہام دینا اور معارف اور حقائق الٰہیہ سے اطلاع بخشنا جس کو قبول کرنا ایمانداروں کا فرض ہے۔'' (براہین صفحہ ۵۵۶)۔ اور خدا نے مجھے کہا ہے کہ ''تو مجھ سے میری توحید اور تفرید کے مرتبہ میں ہے''۔ (براہین صفحہ ۴۸۹)۔ یعنی اس کا منکر خدا کی توحید کا منکر ہے۔ (فیض الحسن شفاء الصدور)۔ اور آیت **مبشّرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد** میں مجرّد احمد جو اپنے اندر حقیقت عیسوی رکھتا ہے وہ اسی (غلام احمد قادیانی) سے متعلق ہے۔ اور آیت **ھُو الذی ارسل رسولہ بالھدی و دین الحق** درحقیقت اسی مسیح ابن مریم (قادیانی) کے زمانہ سے متعلق ہے۔ (ازالۃ الاوہام صفحہ ۶۶۷۔۶۸۱) اور جیسے کہ مسیح ابن مریم یہودیوں کی اصلاح کے لئے چودہ سو (۱۴۰۰) برس کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد آئے اسی طرح یہ (قادیانی) محمد ﷺ کے بعد جو کہ مثیل موسیٰ علیہ السلام ہیں۔ چودہویں صدی کے سر پر مثیل عیسیٰ ابن مریم ہو کر اس اُمّت کے مفسد طبع لوگوں کی اصلاح کے لئے آئے جن کو حق تعالیٰ نے یہودی ٹھہرا کر ان کا نام مسیح ابن مریم رکھ دیا۔ اور انجام آتھم کے صفحہ ۲۱ میں نہایت جلی قلم سے اُمّت محمدیہ ﷺ کے علماء کو بایں الفاظ ندا کی کہ ''اے بدذات فرقہ مولویان! تم کب تک حق کو چھپاؤ گے۔ کب وہ وقت آئے گا کہ تم یہودیانہ خصلت کو چھوڑو گے۔ اے ظالم مولویو! تم پر افسوس! کہ تم نے جس بے ایمانی کا پیالہ پیا وہی عوام کالانعام کو بھی پلایا''۔ اور مخاطبین علماء اور شیوخ کی ایک فہرست بھی اس کے اخیر میں دی جن کو مباہلہ اور مباحثہ کی دعوت بھی دی جو ہندو پنجاب

Marfat.com

میں حنفاء کے مقتدا ہیں اور ازالۃ الاوہام کی جلد اوّل میں ایک قصیدہ میں لکھا۔

چوں کافر از ستم برپستد مسیح را غیّوری خدا بسرش کرد ہمدم
اینک منم کہ حسب بشارات آمدم عیسیٰ گجاست کو بنہد پا بمبرم
واللہ ہمچو کشتیٔ نوحم ز کردگار بے دولت آنکہ دور بماند ز لنگرم

اور ایسا ہی عیسیٰ ابن مریم علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کے معجزات احیاء اموات اور اخبار مغیبات کی تضحیک کے علاوہ دیگر انبیاء کرام کی توہین بھی کی حتیٰ کہ آنحضرت خاتم النبوۃ محمد مصطفیٰ ﷺ کو تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مثیل کہا اور اپنے کو کل انبیاء اولوالعزم علیہم السلام کا مثیل ہونا بیان کیا۔ (دیکھو ازالہ صفحہ ۲۵۳)

پس انہیں وجوہ سے غالباً ان کے مؤید اوّل جناب مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی اور ان کے اتباع واشیاع نے قادیانی صاحب سے علیحدگی اختیار کر لی اور بجائے مقتضائے فلما جاء ھم ماعرفوا کفروا بہ کلمۂ ما انکروا کفروا بہ کے مستحق ہو گئے اور انہوں نے نہ فقط اسی انکار پر کفایت کی بلکہ یہاں تک نوبت پہنچی کہ گورنمنٹ کے مجسٹریٹ نے از روئے دفعہ (۱۰۷) مجموعہ ضابطہ فوجداری بتاریخ ۲۵ فروری ۱۸۹۹ء دونوں سے مچلکہ لے لیا۔

ان بزرگوں کے رسائل جوابی کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ چونکہ اصول غیر مقلّدی میں از یک دیگر جدا نہ تھے اور ان کے رسائل بھی نیک نیتی پر نہ لکھے گئے لہٰذا ان کے ردّ وقدح اور تحریرات جوابی نے اطفاء فساد اور تائید اسلام میں کوئی مفید نتیجہ نہ بخشا۔ ہاں سچ تو ہے کہ

ع گور نگرفت مگر آنکہ دوید۔ لیکن

ع نہ ہر آنکہ دوید گور گرفت۔

Marfat.com

پس میں نے حسبۃً للہ محض اس فتنہ وفساد مسیحی کے مِٹانے کے لئے جس کی مِشن شمال وجنوب کی اُمم کو بادسموم کی طرح اپنے زہریلے اثر سے مسموم کررہی ہے۔بخوف حدیث الجام ہمہ تن حق تعالیٰ کی طرف متوجہ ہوکر قادیانی صاحب کے جملہ دعاوی کا رد ایسے طریق احسن پر لکھا کہ جس سے ساری اصول غیر مقلّدی تارِعنکبوت کی طرح درہم و برہم ہوگئے اور جن کے توڑنے سے مجھ پر اپنے خدا اور رسول اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ روحی فداہ کی خوشنودی اور رضا منکشف ہوگئی اور بمقتضائے

ع ومن دق باب الکریم الفتح

میری کوشش نے فتوحات ربّانی کے دروازے کھول دیئے اور میری دوڑ نے گورخر کو نہ چھوڑا۔ اور میں اگرچہ بذات خود بالکل عدیم الفرصت اور کم استطاعت تھا لیکن روح القدس کی تائید ساتھ ساتھ رہی۔

حکمت محض است گر لُطفِ جہان آفرین خاص کند بندہ مصلحت عام را

اور چونکہ میں حامی اسلام شہنشاہ یعنی حضرت احمد شاہ دُرّانی تاب ثراہ کے خاندان سے ہوں اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ اس کتاب کا نام ''**دِرَّۃُ الدُّرَانِیْ علی ردَّۃ الْقَادِیَانِیْ**'' رکھا جائے اور اس کو چند مقدمّات اور دو دعووں پر منقسم کیا جائے جو کہ قادیانی صاحب کے طیران کے لئے بمنزلہ دو جناح اور رگ وریشہ کے ہیں۔

.....



Marfat.com

مقدمۂ اوّل

(براہین احمدیہ کی وجہ تالیف اور قادیانی صاحب کے فطرتی جذبہ میں)

پہلا کام جو قادیانی صاحب کے وجود سے نمایاں ہوا وہ ان کا ایک فطرتی جذبہ ہے جو ہنود کے فرقہ آریا یعنی دیانند سرسوتی کے بالکوں اور قلیل البضاعت کرسٹانوں (کرسچن) کے مقابلہ ۱۸۸۴ء م ۱۲۹۷ھ میں ظاہر ہوا۔ یعنی ان کے رد میں انہوں نے ایک کتاب بنام براہین احمدیہ لکھی۔ اور اگرچہ اس کتاب کی دو جلدوں میں نفس الہام اور کتاب اللہ کے الہامی ہونے کے ثبوت میں انہوں نے اپنی طرف سے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا۔ لیکن بمقتضائے

ع ہر چہ گیرد علّتے علت شود

انہوں نے بالآخر آریہ اور نصاریٰ کو کریہہ اور غیر مہذّب طور سے مخاطب کرنے میں سبقت کی اور ان مخالفین کی زبان وقلم سے جو جو اسلام کے بانی مُبانی یعنی خدا اور خدا کے کلام اور انبیاء کرام علیہم السلام کی توہین ہوئی وہ اس سے بڑھ کر کیا ہو سکتی ہے کہ دیانند سرسوتی کے بالکے لیکھرام پشاوری نے ''خبط احمدیہ'' ایک کتاب اس کے جواب میں لکھی جس میں وید اور قرآن کا مقابلہ اور دیانند اور نبی الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کا مفاضلہ نہایت ہی زبوں صورت میں دکھلایا گیا اور اس نے ہر ناگفتنی بات جن کو کوئی رزیل سے رزیل بھی زبان پر نہیں لا سکتا اُمّہات المؤمنین علیہا السلام کی نسبت برملا افترا کیں جن کے پڑھنے اور سننے سے مردۂ صد سالہ بھی جوش غیرت سے چونک اٹھے اور جس کا نور ایمان اگرچہ ہزارہا تاریکیوں اور پردوں میں چھپا ہو وہ بھی تو ایک بار تموّج میں آجائے۔ مگر بخوائے

ع اے باد صبا ایں ہمہ آوردۂ تُست

ان کو کیا کہنا چاہیے اس کا وبال بجز قادیانی صاحب کی گردن کے کس پر آسکتا ہے؟ لیکن جائے افسوس تو یہ ہے کہ قادیانی صاحب نے ایسی تصنیف اور ایسی دعوت کے وقت قرآن کریم کی تعلیم کو ملحوظ نہ رکھا جو ارشاد فرما رہا ہے۔ ولاتسبّوا الذین یدعون من دون اللّٰہ فیسبوا اللّٰہ

Marfat.com

عدوا بغیر علم. (قرآن کریم) کہ اے ایمان والو جو محمد (ﷺ) پر ایمان لائے ہو تم ان لوگوں کو گالی مت دو جو غیر اللہ کو پکارتے ہیں تا کہ وہ نادانی سے خود اللہ کو گالی نہ دیں۔ اور خود رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہے۔ قد ثبت فی الصحیح ان رسول اللّٰہ ﷺ قال ملعون من سب والدیه قالوا یارسول اللّٰہ وکیف یسب الرجل والدیه قال یسب ابا الرجل فیسب اباه ویسب امه فیسب اُمه. (فتح البیان) یعنی کہ وہ شخص ملعون ہے جو دوسروں کے ماں باپ کو گالی دینے سے اپنے باپ کو گالی دلائے۔

مقدمۂ دوم

(حقیقت الہام اور ائمہ کشف و مذہب کے بیان میں)

مگر قادیانی صاحب نے براہین احمدیہ کی تصنیف کے وقت قرآن کریم کے الہامی ہونے کے اثبات پر ہی کفایت نہ کی بلکہ الہام کو مرادف وحی قرار دے کر اپنے کو الہام کی ان متعدد صورتوں کے ساتھ مورد وحی ہونا قرار دیا جن کے ساتھ جبریل علیہ السلام کا نزول نبی ﷺ پر ہوتا رہا۔ (براہین ۲۲۳) بلکہ توضیح المرام کے متعدد صفحات میں اس سے بھی ترقی کر کے لکھ دیا کہ ''جبریل کبھی اپنے ہیڈ کوارٹر اور روشن نیّر سے جدا نہیں ہوا''۔ حالانکہ جبریل کا متعدد صورتوں میں زمین پر اترنا[1] قرآن و حدیث دونوں سے منصوص و مضبوط ہے۔ اور اس سے بھی ترقی

---

[1] دیکھو بخاری کی پہلی حدیث جس میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا فغطنی فبلغ منی الجهد یعنی جبریل نے رسول اللہ کو سینہ سے لگا کر ایسا نچوڑا کہ رسول اللہ پسینہ پسینہ ہو گئے اور طاقت پوری صرف ہو گئی اور خود حدیث حنظلہ میں صاف الفاظ ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ والذی نفسی بیده لو تدومون علی ماتکونون عندی وفی الذکر لصافحتکم الملائکة علی فرشکم وفی طرقکم ولکن یاحنظلة ساعة وساعة ثلاث مرّات فاشار الی ان الاحوال تدوم۔ یعنی تمہاری حالت اگر ویسی ہی ہمیشہ رہے جیسی کہ میرے حضور میں رہتی ہے تو ملائکہ تمہارے بچھونوں اور تمہارے راستوں میں تم سے مصافحہ کریں لیکن اے حنظلہ احوال اور تجلیات میں دوام نہیں۔ مؤلف

Marfat.com

کر کے جبریل کی حقیقت بیان کی کہ ''خدا اور بندہ کی محبت کے نرو مادہ سے جو تیسری چیز پیدا ہوتی ہے اسی کا نام روح القدس ہے اور وہی روح امین ہے اور اسی کا نام شدید القویٰ ہے اور اسی کا نام ذوالافق الاعلیٰ ہے اور اسی کا نام رائے مارائے ہے۔ اور جبریلی نور آفتاب کی طرح ہر ایک انسان پر اس کے حسب استعداد اپنا اثر ڈالتا ہے اور کوئی نفس بشر دنیا میں ایسا نہیں کہ بالکل تاریک ہو حتی کہ مجانین پر بھی جبریل کا اثر فی الواقع ہے اور جس سے کوئی فاسق اور پرلے درجے کا بدکار بھی باہر نہیں حتی کہ کنچنیاں بھی۔ پس ادنیٰ سے ادنیٰ مرتبہ کے ولی پر بھی جبریل ہی تاثیر وحی کی ڈالتا ہے اور حضرت خاتم الانبیاء کے دل پر بھی وہی ڈالتا رہا ہے اور فرق صرف آرسی کے شیشے اور بڑے آئینے کا ہے''۔ (توضیح المرام مختصراً) اور براہین احمدیہ صفحہ ۲۲۹ میں لکھا کہ ''الہام جو اولیاء اللہ کو ہوتا ہے اس کو موجب علم قطعی نہ جاننا وسوسہ ہے بلکہ تجربۂ صحیحہ اور آیات فرقانی اس کے ابطال پر دلائل قائم کرتی ہیں۔'' اور اسی براہین کے صفحہ ۲۳۴ میں لکھا ہے کہ ''یہ وہم کہ اگر الہام اولیاء شریعت حقہ محمدیہ سے مخالف ہو تو پھر کیا کریں یہ ایسا ہی قول ہے جیسا کوئی کہے کہ اگر ایک نبی کا الہام دوسرے نبی کے الہام سے مخالف ہو تو کیا کریں؟ اور ممکن نہیں کہ ایسا کامل النور الہام شریعت محمدیہ سے مخالف ہو''۔ اور ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۱۵۰۔۱۵۲ میں اسی کی تائید کے لئے اپنے مؤید اوّل مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کا قول نقل کیا جو انہوں نے اپنے رسالہ ''اشاعۃ السنۃ'' میں قادیانی صاحب کی تائید میں بحوالہ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ ان کی کتاب میزان کبریٰ سے نقل کیا ہے کہ فرمایا انہوں نے ہمارے پاس کوئی ایسی دلیل نہیں جو کلام اہل کشف کو رد کرے نہ عقلی نہ نقلی نہ شرعی۔ کیونکہ کشف کی خود شریعت مؤید ہے۔ انتہی

الہام شیطانی اور الہام رحمانی

پس قبل اس کے کہ ہم قادیانی صاحب کے ان جملہ ہفوات کا جواب دیں جو

Marfat.com

انہوں نے الہام اور جبریل کی حقیقت کے متعلق لکھا ہے ہمارے نزدیک مناسب ہے کہ اوّلاً عارف شعرانی رضی اللہ عنہ کی میزان کبریٰ سے جو اس وقت ہمارے سامنے ہے کشف اور الہام کی صداقت اور اس کے منجانب اللہ یا منجانب شیاطین ہونے کا ایک معیار پیش کریں۔ کیونکہ خدا تعالیٰ کے اس ارشاد کے مطابق کہ ان الشیاطین لیوحون الی اولیائھم یعنی شیطان بالضرور اپنے دوستوں کو اِلقا اور ایحاء کرتے ہیں۔ لازم ہوا کہ الہام شیطانی اور وحی ربّانی کی تفریق کے لئے کوئی میزان معیّن ہو پس اسی میزان کے متعلق عارف شعرانی میزان کبریٰ کے صفحہ ۱۰ میں لکھتے ہیں۔ واما عند عدم القطع بصحته (ای ذلک الکشف) فمن حیث عدم عصمة الاٰخذ لذلک العلم فقد یکون دخل کشفه التلبیس من ابلیس فان اللّٰه تعالیٰ قد اقدر ابلیس کما قال الغزالی وغیره علی ان یقیم للمکاشف صورة المحل الذی یاخذ علمه منه من سماء اوعرش اوکرسی او قلم او لوح فربما ظن المکاشف ان ذلک العلم عن اللّٰه فاخذ به فضلّ واضلّ فمن هنا اوجبوا علی المکاشف انه یعرض ما اخذه من العلم من طریق کشفه علی الکتاب والسنة قبل العمل به فان وافق فذاک والاحرم علیه العمل به فعلم ان من اخذ علمه من عین الشریعة من غیر تلبیس فی طریق کشفه فلا یصح منه الرجوع عنه ابداً ما عاش لموافقته الشریعة التی بین اظهرنا من طریق النقل ضرورة ان الکشف الصحیح لایاتی دائما الا موافقاً للشریعة کما هو مقرر بین العلماء۔ واللّٰه اعلم (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ۱۲، فصل: فان قال قائل ان احدا...، دارالفکر بیروت) کہ غیر معصوم کا کشف کبھی قطعی نہیں ہوتا کیونکہ صاحب کشف کے کشف میں تلبیس ابلیس کا دخل بھی ہو جاتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ابلیس کو یہ قوّت دی ہے، جیسے امام غزالی وغیرہ نے کہا

Marfat.com

ہے کہ ابلیس کبھی صاحب کشف پر ان مقامات کی صورت کھڑی کر دیتا ہے جس سے کہ وہ علوم اخذ کرتا ہے، آسمان ہو یا عرش ہو یا کرسی یا قلم یا لوح۔ پس کبھی کشف والوں کو اس سے گمان ہو جاتا ہے کہ وہ علم اللہ کی طرف سے ہے اور اسی وجہ سے اس کو اخذ کر لیتا ہے اور خود بھی گمراہ ہوتا ہے اور دوسروں کو بھی گمراہ کرتا ہے۔ چنانچہ اسی وجہ سے اہل کشف پر واجب کیا گیا ہے کہ وہ اپنے کشفی علم کو اس پر عمل کرنے سے قبل کتاب اور سنت کے سامنے لائے۔ پس اگر وہ کشفی علم کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کے موافق ہو تو وہ عمل کے قابل ہے ورنہ اس پر عمل کرنا حرام ہے۔ پس اس سے معلوم ہو گیا کہ جو شخص اپنا علم عین الشریعت سے اخذ کرتا ہے بغیر اس کے کہ اس کے طریق کشف میں تلبیس ابلیس کا دخل ہو پس اس سے کبھی رجوع ہونا صحیح نہیں کیونکہ وہ اس شریعت نبویہ کے موافق ہوتا ہے جو بطریق نقل ہمارے سامنے ہے بوجہ اس کے کہ یہ ضروری امر ہے کہ کشف صحیح کبھی شریعت منقولہ سے باہر نہیں ہوتا اور وہ ہمیشہ شریعت منقولہ کے موافق ہوتا ہے جیسے کہ علماء اُمّت کے نزدیک معہود ہے۔

حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے کشف کے سوا کسی کا کشف قطعی نہیں

اور اسی کے ہم وزن بلکہ کسی قدر پر لطف قول حضرت امام ربانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ کا ہے جو جلد اوّل کے مکتوب ۴۹ میں فرماتے ہیں کہ ''نظر علماء از صوفیہ بلند آمدہ وموافقت معارف باطن با علوم شرعیہ ظاہر بتمام وکمال بحدیکہ در حقیر ونفیر مجال مخالفت نماند در مقام صدّیقیت است کہ بالاتر مقام ولایت است۔ فوق مقام صدّیقیت مقام نبوت است۔ علومیکہ نبی را علیہ الصلوۃ والسلام بہ طریقِ وحی آمدہ است صدّیق را بطریق الہام منکشف گشتہ است۔ درمیان ایں دو علم غیر از فرق وحی والہام نیست۔ پس مخالفت را چہ مجال باشد۔ ودر مادون مقام صدیقیت ہر مقامے کہ باشد نحوے از سکر متحقق است۔ صحو تام در مقام صدّیقیت ست وبس۔ وفرق یکدیگر درمیان ایں دو علوم آنست کہ در وحی قطع است ودر الہام

Marfat.com

ظن زیرا کہ وحی بتوسّط ملک است وملائکہ معصوم اند احتمال خطادرایشان نیست۔ والہام اگر چہ محل عالی دارد کہ آن قلب است کہ آن از عالم امر ست امّا قلب رابا عقل ونفس نحوے از تعلّق متحقق است ونفس ہر چند بہ تزکیہ مطمئنہ گشتہ است امّا

ہر چند کہ مطمئنّہ گردد ہرگز ز صفاتِ خود نگردد

پس خطارادران موطن مجال پیدا شد''۔

پس امام شعرانی رضی اللہ عنہ کے قول سے ظاہر ہے کہ غیر معصوم کا کشف اور الہام کبھی قطع اور یقین کا افادہ نہیں دے سکتا اور نہ کامل روشنی حاصل کرسکتا ہے جب تک کہ شریعت منقولہ کے معیار سے اس کا کھرا کھوٹا نہ معلوم ہو لے اور میزانِ کتاب وسنت کے کسی پلّہ پر نہ رکھا جائے۔ کیونکہ یہ امر ضروری ہے کہ صحیح کشف اور صحیح الہام کبھی ظاہری شریعت کے مخالف نہیں ہوسکتا۔ اور امام ربّانی حضرت مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے قول سے صریح ہے۔ کہ ''علماء شریعت کا پلّہ صوفیہ کے پلّہ سے ہمیشہ غالب رہا اور ان کی نظر صوفیاء کی نظر سے ہمیشہ بلند رہی ہے کیونکہ علوم الہامی کا علوم ظاہرہ شریعت سے اس طرح پر موافق رہنا کہ کسی چھوٹے اور ادنیٰ امر میں بھی مُخالفت نہ ہو۔ یہ فقط انہیں افراد کے علوم میں ہے جو کہ بعد از نبی لسان نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مقام صدّیقیت سے مُبَشّر ہوئے اور صدّیقیت کے مقام سے ہر مقام تحتانی میں ایک قسم کا سُکر متحقق ہے جس میں خطا کا آنا بالکل بجا ہے۔ اور جب تک کہ شریعت منقولہ کے مطابق نہ ہو غیر صدیق کا الہام کبھی مقطوع الافادہ نہیں ہوسکتا۔''

چاروں مذہبوں کے امام صاحب کشف تھے

اور اسی وجہ سے چاروں مذہبوں کے اماموں نے باوجود یکہ وہ مقام کشف میں درجہ اعلیٰ رکھتے تھے لیکن بقول عارف شعرانی ومن نازعنا فی ذلک فھو جاھل بمقام الائمة فواللّٰہ لقد کانوا علماء بالحقیقة والشریعة معاً وان فی قدرة کل

Marfat.com

واحد منهم ان ينشر الادلة الشرعية على مذهبه ومذهب غيره بحكم مرتبتى هذه الميزان فلا يحتاج احد بعده الى النظر فى اقوال مذاهب اخر لكنهم رضى الله عنهم كانوا اهل انصاف واهل كشف فكانوا يعرفون ان الامر يستقر فى علم الله تعالى على عدة مذاهب مخصوصة لا على مذهب واحد فابقى كل واحد لمن بعده عدة مسائل عرف من طريق كشفها انها تكون من جملة مذهب غيره فترک الاخذ بها من باب الانصاف والاتباع لما اطلعهم الله تعالى عليه من طريق كشفهم انها مراد له تعالى (الى قوله) وسمعت سيدى عليا الخواص رحمة الله تعالى عليه يقول انما ايد ائمة المذاهب مذاهبهم بالمشى على قواعد الحقيقة مع الشريعة اعلاما لاتباعهم بانهم كانوا علماء بالطريقين وكان يقول لا يصح خروج قول من اقوال الائمة المجتهدين عن الشريعة ابدا عند اهل الكشف قاطبة وكيف يصح خروجهم عن الشريعة مع اطلاعهم على مواد اقوالهم من الكتاب والسنة واقوال الصحابة ومع الكشف الصحيح ومع اجتماع روح احدهم بروح رسول الله ﷺ وسوالهم عن كل شئ توقفوا فيه من الادلة هل هذا من قولک يارسول الله ام لا يقظة ومشافهة بالشروط المعروفة بين اهل الكشف (الى قوله) و كان ائمة المذاهب رضى الله عنهم وارثين لرسول الله ﷺ فى علم الاحوال وعلم الاقوال معاخلاف مايتوهمه بعض المتصوفة حيث قال ان المجتهدين لم يرثوا من رسول الله الا علم المقال فقط (الى قوله) وهذا كلام جاهل باحوال الائمة الذين هم اوتاد الارض وقواعد الدين (الى قوله) وكل من نور الله تعالى قلبه وجد مذاهب المجتهدين و

Marfat.com

اتباعهم كلها تتصل برسول الله ﷺ من طريق السند الظاهر بالعنعنة ومن طريق امداد قلبه ﷺ لجميع قلوب علماء امّته۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ ۴۳، ۴۴، ۴۵، فصل: فی بیان استحالۃ خروج شیٔ من اقوال المجتہدین عن الشریعۃ، دار الفکر بیروت)

انہوں نے اپنے اپنے مذاہب کی تائید قواعد شریعت اور قواعد حقیقت ہر دو پر چلنے سے کی اور باوجود یکہ ان کو قدرت تھی کہ ہر ایک امام اپنے مذہب کے ادلّہ کے علاوہ دوسرے ائمہ مذاہب کے ادلّہ بھی امر حق کے وزن کرنے کے لئے مرتّب کرتے تا کہ بعد ازاں کوئی بھی کسی دوسرے امام کے قول کا محتاج نہ رہے لیکن چونکہ وہ اہل انصاف اور اہل کشف ہونے کے سبب سے جانتے تھے کہ یہ امر اللہ تعالیٰ کے علم میں چند مخصوص مذاہب میں جداگانہ طور سے مرتب ہونا قرار پاچکا ہے۔ پس ہر ایک نے اپنے اپنے کشف کے مقتضاء پر اپنے مذاہب کے مسائل ہی مرتّب کئے اور یہی مراد اللہ کی تھی۔ پس انہوں نے (جیسے کہ میں نے اپنے سیّد اور پیشوا علی خواص سے کہتے سنا ہے) اپنے اپنے مذاہب کی تائید قواعد حقیقت کے ساتھ قواعد شریعت پر چلنے سے اس لئے کی تا کہ ان کے مقلدین کو معلوم ہو کہ ان کے ائمہ دونوں طریقوں کے علماء تھے اور علی الخواص فرمایا کرتے تھے کہ ان ائمہ مجتہدین کا قول تمام اہل کشف کے نزدیک کبھی شریعت سے باہر ہونا صحیح نہیں اور کیونکر شریعت سے باہر ہوسکتا ہے جبکہ وہ اپنے اقوال کے مواد سے جو کتاب وسنت اور اقوال صحابہ ہے واقف ہونے کے باوجود ان کو روحانی معیت نبی ﷺ کی روح مبارک کے ساتھ ہوتی رہی اور وہ ہر امر متوقف علیہ میں آنحضرت ﷺ سے بالمشافہ اور بیداری کی حالت میں پوچھتے رہے کہ یا رسول اللہ کیا یہ آپ کا قول ہے یا نہیں؟

ائمہ مذہب ہی دراصل علوم وحی وغیر وحی میں رسول اللہ ﷺ کے وارث ہیں

اور یہی ائمہ درحقیقت علم احوال وعلم اقوال ہر دو میں رسول اللہ ﷺ کے وارث

Marfat.com

تھے اور بعض بناوٹی صوفیوں نے جو کہا ہے کہ مجتہدین فقط علم قال کے وارث ہیں سو یہ قول اسی صوفی کا ہے جو کہ ان ائمہ مذاہب کے احوال سے جاہل ہے جو کہ زمین کے اوتاد اور دین کے قواعد اور بنیاد ہیں اور جس کا دل اللہ تعالیٰ نے روشن کیا ہے وہ پالیتا ہے کہ مجتہدین اور ان کے تابعین کے مذاہب سب کے سب رسول اللہ ﷺ تک بسند ظاہر اور متصل بھی پہنچتے ہیں اور نیز بطریق سلسلۂ روحانی اور قلبی بھی پہنچتے ہیں۔

اور اسی میزان کے صفحہ ۲۵ میں امام شعرانی خود اپنا مکاشفہ بیان کرتے ہیں کہ ان اللّٰہ تعالٰی لما منّ علیّ بالاطلاع علی عین الشریعه رأیت المذاهب کلها متصلة بها ورأیت مذاهب الائمة الاربعة تجری جداولها کلها ورأیت جمیع المذاهب التی اندرست قد استحالت حجارة ورأیت اطول الائمة جدولا الامام اباحنیفة ویلیه الامام مالک ویلیه الامام الشافعی ویلیه الامام احمد بن حنبل واقصرهم جدولا مذهب الامام داؤد وقد انقرض فی القرن الخامس فاوّلت ذلک بطول زمن العمل بمذاهبهم وقصره فکما کان مذهب الامام ابی حنیفة اوّل المذاهب المدونة تدوینا فکذلک یکون اخرها انقراضا وبذلک قال اهل الکشف۔ (المیزان الکبریٰ ج ۱، صفحہ ۲۹، فصل فان ادنی احد من العلماء۔۔۔، دارالفکر بیروت) جب اللہ تعالیٰ نے مجھ پر عین الشریعت پر آگاہی کا اکرام فرمایا تو میں نے دیکھا کہ کل مذہب ان ائمہ کے اسی عین الشریعت کے ساتھ پیوستہ ہیں اور میں نے چاروں مذہبوں کی نہریں جاری دیکھیں۔ اور یہ بھی دیکھا کہ وہ تمام مذہب جو پرانے اور بوسیدہ ہوگئے ہیں وہ پتھر بن گئے ہیں اور سب سے لمبی نہر امام ابوحنیفہ کے مذہب کی دیکھی۔ اور اس سے چھوٹی نہر امام مالک کی اور اس سے چھوٹی امام شافعی کی اور اس سے چھوٹی امام احمد بن حنبل کی اور سب سے چھوٹی نہر امام داؤد کے مذہب

Marfat.com

کی جو پانچویں قرن میں ختم ہوگیا۔ پس اس کی تاویل میں نے یہ کی کہ طول نہر سے مراد ان کے مذاہب پر عمل کی طولانی ہے جو زمانہ طویل تک ہوگا اور قصر سے مراد قصر عمل ہے جو ایک زمانہ قلیل تک رہے گا۔ پس جس طرح کہ امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب باعتبار تدوین کے سب سے اوّل ہے اسی طرح باعتبار انقراض کے سب سے آخر ہے اور یہی قول جملہ اہل کشف کا ہے۔ انتہیٰ

امام ابوحنیفہ کا مذہب ہی قیامت تک رہے گا اور عیسیٰ نبی اللہ کے احکام اسی مذہب کے مؤید ہوں گے

اور امام شعرانی کے اس قول کی تصدیق کہ آخر مذہب امام ابی حنیفہ کا ہوگا حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے قول سے بھی ہوتی ہے جو مکتوب ۲۸۲ جلد اوّل میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ ''نیز معلوم شد کہ کمالات ولایت را موافقت بہ فقہ شافعی ست وکمالات نبوت را مناسبت بفقہ حنفی اگر فرضاً دریں اُمّت پیغمبرے مبعوث میشد موافق فقہ حنفی عمل میکرد ودریں وقت حقیقت سخن حضرت خواجہ محمد پارسا قدس سرہ معلوم شد کہ در فصول ستہ نقل کردہ اند کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بعد از نزول بمذہب امام ابوحنیفہ عمل خواہد کرد''۔ اور جلد ثانی کے مکتوب ۵۵ میں اس کی تشریح اس طرح فرماتے ہیں۔ کہ ''حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام بعد از نزول کہ متابعت این شریعت خواہد نمود واتباع سنّت آن سرور علیہ السلام خواہد کرد نسخ این شریعت مجوّز نیست نزدیک ست کہ علماء ظواہر مجتہدات اور از کمال وقت وغموض ماخذ انکار نمایند ومخالف کتاب وسنت دانند مثل روح اللہ مثل امام اعظم کوفی ست کہ ببرکت ورع وتقویٰ بدولت متابعت سنت درجۂ علیا در اجتہاد واستنباط یافتہ است کہ دیگران در فہم آن عاجز نند ومجتہدات اور ابواسطۂ وقت روحانی مخالف کتاب وسنت دانند اور ا واصحاب اور ا اصحاب رائے پندارند وکل ذلک لعدم الوصول الی حقیقۃ علمہ ودرایتہ وعدم

Marfat.com

الاطلاع علی فهمه وفراسته۔ امام شافعی بکرشمۂ از دقّتِ فقاہت او دریافت کہ گفت الفقهاء کلهم عیال ابی حنیفة۔ وائے از جُرأتہائے قاصر نظران کہ قصور خود را بدیگر ے نسبت نمایند و بواسطۂ ہمیں مُناسبت کہ بروح اللہ دارد تواند انچہ خواجہ محمد پارسا در فصول ستہ نوشتہ است کہ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام بعد از نزول بمذہب امام ابی حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ عمل خواہد کرد۔ یعنی اجتہاد حضرت روح اللہ موافق اجتہاد امام اعظم خواہد بود نہ آنکہ تقلید ایں مذہب خواہد کرد کہ شان او ازاں بلند تر ست کہ تقلید علماء امت فرماید بے شائبۂ تکلّف وتعصّب گفتہ میشود کہ نورانیت ایں مذہب حنفی بنظر کشفی در رنگ دریائے عظیم مینماید وسائر مذاہب در رنگ حیاض وجداول بنظر می درآیند وبظاہر ہم کہ ملاحظہ نمودہ مے آید سواد اعظم از اہل اسلام متابعان ابی حنیفہ اند علیہم الرضوان۔ وایں مذہب باوجود کثرت متابعان در اصول وفروع از سائر مذاہب متمیز است ودر استنباط طریق علیحدہ دارد۔ وایں معنی منبع از حقیقت است عجیب معاملہ است امام ابوحنیفہ در تقلید سنت از ہمہ پیشقدم است واحادیث مرسل را در رنگ احادیث سند شایان متابعت میداند وبر رائے خود مقدم میدارد وہمچنین قول صحابہ را بواسطہ شرف صحبت خیر البشر۔ ودیگران نہ چنین اند۔ معذالک مخالفان اورا صاحب رائے میدانند الفاظے کہ منبئ از سوء ادب اند باد منتسب میسازند۔ جماعۃ کہ این اکابر دین را اصحاب رائے میدانند اگر این اعتقاد دارند کہ ایشان برائے خود حکم میکردند ومتابعت کتاب وسنت نمی نمودند پس سواد اعظم بزعم فاسدِ ایشان ضال ومبتدع باشند بلکہ از جرگۂ اسلام بیرون بوند۔ این اعتقاد نہ کند مگر جاہلے کہ از جہل خود بیخبر است یا زندیقے کہ مقصودش ابطالِ دین ست۔ ناقصے چند احادیث چند ریاد گرفتہ اند واحکام شریعت را منحصر دران ساختہ ماورائے معلوم خود را نفی مے نمایند انچہ نزد ایشان ثابت نشدہ منتفی میسازند

چو آں کرمے کہ در سنگے نہاں است　　زمین و آسمانِ او ہمان است

Marfat.com

پس امام شعرانی اور امام ربانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے اقوال قطعیہ سے یقینی اور قطعی طور پر ثابت ہوگیا کہ ائمہ مجتہدین علی الخصوص امام ابوحنیفہ رضوان اللہ علیہم کے اقوال عین شریعت اور حقیقت سے ہیں اور ان کے اقوال کا انکار خود شریعت نبوی کا انکار ہے۔

بقول ابن حزم ائمہ مذہب کو مسائل اجتہادیہ میں خطا کی نسبت کرنا گمراہی ہے

چنانچہ اسی امر کے متعلق امام شعرانی میزان کبریٰ کے صفحہ ۱۶ میں لکھتے ہیں۔

وکان ابن حزم یقول جمیع ما استنبطه المجتهدون معدود من الشریعة وان خفی دلیله علی العوام ومن انکر ذٰلک فقد نسب الائمة الی الخطاء وانهم یشرعون مالم یاذن به اللّٰه وذٰلک ضلال من قائله عن الطریق والحق انه یجب اعتقاد انهم لولا رأوا فی ذٰلک دلیلا ماشرعوه۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ ۱۸، ۱۹، فصل: فان قلت فمن یقول ان القیاس..، دارالفکر بیروت)۔ ابن حزم کہا کرتا تھا کہ مجتہدین نے جو کچھ استنباط کیا ہے وہ سب شریعت میں ہی محسوب ہے، اگرچہ عوام پر اس کی دلیل مخفی ہو اور جو کوئی کہ ان کا منکر ہے اس نے درحقیقت ائمہ کی طرف خطا کی نسبت کی اور ان کو اعتقاد کرلیا کہ وہ اللہ کے غیر ماذون امر کو شریعت بناتے ہیں حالانکہ قائل کا یہ کہنا راہ حق سے گمراہی ہے۔ اور امر حق یہی ہے کہ ہر ایک کو یہی اعتقاد کرنا واجب ہے کہ اگر وہ اس امر میں کسی دلیل کو نہ دیکھتے تو ہرگز اس کو مشروع نہ رکھتے۔

ائمہ مذاہب نے حرمت اور حلت اشیاء کے احکام قرائن ادلّہ اور کشف صحیح سے ادراک کئے

پھر امام شعرانی میزان کبریٰ کے صفحہ ۵۰ میں لکھتے ہیں۔ فان قیل ان المجتهدین قد صرحوا باحکام فی اشیاء لم تصرح الشریعة بتحریمها ولا بوجوبها فحرموها واوجبوها؟ فالجواب انهم لولا علموا من قرائن الادلّة

Marfat.com

تحریمها او وجوبها ماقالوا به والقرائن اصدق الادلّة وقد یعلمون ذٰلک بالکشف ایضا فتتأیّد به القرائن۔ (المیزان الکبریٰ ج۱،صفحہ۵۸،فصول: فی بیان ماورد فی ذم الرأی۔۔، دارالفکر بیروت) کوئی کہے کہ اگر مجتہدین نے ایسی اشیاء میں احکام کی تصریح کردی ہے جن کی تحریم اور تحلیل کے متعلق شارع نے کوئی تصریح نہیں کی اور ان ائمہ نے کسی کو حرام بتادیا اور کسی کو واجب کہہ دیا۔ پس اس کا جواب یہ ہے کہ اگر وہ ادلہ کے قرائن سے ان کی حرمت اور وجوب نہ معلوم کر لیتے تو ہرگز نہ کہتے اور قرائن نہایت سچّے دلائل ہیں اور باوجود اس کے کبھی وہ حرمت اور وجوب کشف سے بھی معلوم کر لیتے ہیں اور اس سے قرائن کو زیادہ تر تائید ہو جاتی ہے۔

ہر مجتہد کا سلسلہ رسول اللہ ﷺ تک پہنچتا ہے

پھر امام شعرانی نے میزان کے صفحہ۲۶ میں لکھا۔ کہ ومعلوم ان المجتهدين على مدرجة الصحابة سلكوا فلا تجد مجتهداً الا وسلسلته متصلة بصحابی قال بقوله اوبجماعة منهم۔ (المیزان الکبریٰ ج۱،صفحہ۳۰،فصل: فان ادعی احد من العلماء فوق هذه المیزان۔۔، دارالفکر بیروت) یہ امر معلوم ہے کہ مجتہد لوگ صحابہ کے طریق پر ہی چلے۔ پس کوئی مجتہد ایسا نہیں کہ اس کا سلسلہ کسی صحابی یا جماعت صحابہ سے نہ ملتا ہو۔

ہر مجتہد نفس الامر میں صواب پر ہے

اور اسی میزان کے صفحہ۲۷ میں لکھا ہے۔ کہ اجمع علیه اهل الکشف من ان المجتهدين هم الذين ورثوا الانبياء حقيقة فی علوم الوحی فكما ان النبی معصوم كذٰلک وارثه محفوظ من الخطاء فی نفس الامر (الیٰ قوله) فقام اجتهادهم مقام نصوص الشارع فی وجوب العمل به فانه ﷺ اباح لهم الاجتهاد فی الاحكام تبعا لقوله تعالیٰ ولو ردوه الی الرسول والیٰ

Marfat.com

اولی الامر منهم لعلمه الذین یستنبطونه منهم ومعلوم ان الاستنباط من مقامات المجتهدین رضی اللہ عنہم فهو تشریع عن امر الشارع کما مر فکل مجتهد مصیب من حیث تشریعه بالاجتهاد الذی اقره الشارع علیه کما ان کل نبی معصوم (الٰی قوله) فیحشر علماء هذه الأمة حفاظ ادلّة الشریعة المطهرة العارفون بمعانیها فی صفوف الانبیاء والرسل لا فی صفوف الامم فما من نبی او رسول الا وبجانبه عالم من علماء هذه الامّة او اثنان او ثلٰثة او اکثر .اھ ملخصاً۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ۳۲، فصل: فی بیان تقریر قول من قال ان کل مجتهد مصیب . . ، دارالفکر بیروت) کہ اہل کشف کا اس پر اجماع ہے کہ مجتہد ہی درحقیقت علوم وحی میں انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں۔ پس جیسے کہ نبی معصوم ہے اسی طرح اس کا وارث نفس الامر میں خطا سے محفوظ ہے اور اس کا اجتہاد نص شارع کے قائم مقام ہوتا ہے کیونکہ شارع ہی نے اس کو اجتہاد کی ہدایت کی ہے جیسے کہ آیت استنباط سے ظاہر ہے اور معلوم ہے کہ امر استنباط مجتہدین کے مقامات میں سے ہے۔ پس وہ تشریع حقیقت میں شارع کے امر سے ہے۔ پس ہر مجتہد اپنے اجتہاد میں صواب پر ہے جیسے کہ ہر نبی ابلاغ میں معصوم ہے، اس لئے کہ مجتہد کی تشریع اپنے اجتہاد سے اسی وجہ سے ہے کہ شارع نے اس کو اس پر کھڑا کیا ہے۔ پس اس اُمّت کے علماء جو شرائع کے ادلّہ کے حفاظ ہیں اور جو ان کے معانی کے عارف ہیں ان کا حشر قیامت کے دن انبیاء اور رسولوں کی صفوں میں ہوگا نہ کہ اُمّتوں کی صفوں میں لہٰذا کوئی ایسا نبی اور رسول نہیں کہ اس کی جانب اس اُمّت کا ایک نہ ایک عالم ضرور ہے یا اس سے زیادہ۔ اور عارف شعرانی نے اسی امر کی تائید میں کہ ہر مجتہد صواب پر رہتا ہے میزان کے صفحہ ۲۶ میں لکھا ہے۔ کہ ان کل من کان فی حال السلوک فهو لم یقف علی العین الاولی فلا یقدر علی ان یتعقل ان کل مجتهد مصیب بخلاف

Marfat.com

من انتهی سلوکه فانه یشهد یقینا ان کل مجتهد مصیب و حینئذ یکثر الانکار علیه من عامة المقلدین متی صرح لهم بما یعتقده لحجابهم عن شهود المقام الذی وصل الیه فهم معذورون من وجه غیرمعذورین من وجه اٰخر حیث لم یردوا صحة علم ذٰلک الی اللّٰه تعالی فانه ماثم لنا دلیل واضح یرد کلام اهل الکشف ابداً لا عقلا ولا نقلاً ولا شرعاً لان الکشف لایاتی الا مؤیّداً بالشریعة دائما اذ هو اخبار بالامر علی ماهو علیه فی نفسه، وهذا هو عین الشریعة۔ (المیز ان الکبرٰی ج۱، صفحہ۳۱، فصل: ان اردت یا اخی الوصول الیٰ معرفۃ ھٰذہ المیز ان..، دارالفکر بیروت) یعنی جو شخص کہ ابھی حالت سلوک میں ہوتا ہے وہ چشمہ اولیٰ پر واقف نہ ہونے کے باعث اس معنی کے تعقل کے لئے قدرت نہیں رکھتا کہ ہر مجتہد اپنے اجتہاد میں صواب پر ہوتا ہے برخلاف اس شخص کے جس کا سلوک ختم ہوگیا ہو کیونکہ وہ یقیناً مشاہدہ کرتا ہے کہ ہر مجتہد اپنے اجتہاد میں صواب پر ہوتا ہے اور جب وہ اس معنی کو ان عامی مقلّدوں پر ظاہر کرتا ہے جو ابھی اجتہاد کے درجہ میں مثل اس کے نہیں ہیں تو وہ اس پر انکار کرنے لگتے ہیں۔ پس وہ ایک وجہ سے اگرچہ معذور ہیں لیکن اس وجہ سے کہ انہوں نے اس کے علم کو اللہ کی طرف نہیں سونپا وہ معذور نہیں ہیں۔ کیونکہ ایسی صورت میں ہمارے پاس ہمیشہ کے لئے کوئی دلیل واضح نہیں ہوسکتی جو اس قسم کے اہل کشف کے کلام کو رد کرتی ہو نہ عقلاً اور نہ نقلاً اور نہ شرعاً۔ کیونکہ ایسا کشف کبھی شریعت کے ساتھ مؤید ہوئے بغیر نہیں آسکتا۔ کیونکہ کشف کے بجز اس کے اور کوئی معنی نہیں کہ وہ ایک امر کی واقعی حالت کا اخبار ہے اور یہی معنی عین شریعت ہے۔ انتہیٰ

حقیقت کشف کے نقل کرنے میں قادیانی صاحب کی تحریف

پس ناظرین پر واضح ہوگا کہ قادیانی صاحب کا بحوالہ میزان امام شعرانی علی الاطلاق کشف کی نسبت یہ لکھنا کہ ''ہمارے پاس کوئی ایسی دلیل نہیں جو کلام اہل کشف کو رد کرے نہ عقلی

Marfat.com

نہ نقلی نہ شرعی۔ کیونکہ کشف کی خود شریعت مؤید ہے''۔ کس قدر بے سروپا اور یہودانہ تحریف سے بھرا ہوا ہے۔ کیونکہ عارف شعرانی کا یہ قول اس اہل کشف کے کشف کے متعلق ہے جو حالت وصول میں ہر مجتہد کو صواب اور حق پر دیکھتا ہے اور اسی کی نسبت لکھتے ہیں کہ ایسا کشف ہمیشہ شریعت کے ساتھ مؤید ہوتا ہے بلکہ وہ عین شریعت ہے نہ کہ ہر کشف خواہ شریعت اس کی مؤید نہ بھی ہو جیسے کہ قادیانی صاحب کا منشاء اس بے سروپا اور محرف نقل سے پایا جاتا ہے۔ حالانکہ عارف شعرانی اس کتاب کے صفحہ ۱۰ میں قاعدہ کلّیہ تصریح فرما چکے ہیں کہ غیر معصوم کا کشف صحیح کبھی نہیں ہوسکتا جب تک کہ شریعت کے ساتھ موافق نہ ہو لے اور اس وقت تک جائز العمل نہیں ہوسکتا جب تک کہ شریعت اس کی صحت پر فتویٰ نہ دے۔ اور یہ امر معلوم ہے کہ طریق الہام یعنی طریق القاء اور ایحاء میں انبیاء علیہم السلام کے سوا کوئی شخص بھی تلبیس ابلیس سے مامون اور محفوظ نہیں۔ کیونکہ شیاطین بھی اپنے دوستوں کو القاء اور ایحاء کرتے ہیں۔

نبی اور ولی کے الہام میں مساوات غلط ہے

پس قادیانی صاحب کا یہ قول بھی لغو ہے جو براہین کے صفحہ ۲۳۴ و ۲۲۹ میں لکھتے ہیں کہ ''جیسے ایک نبی کا الہام دوسرے نبی کے الہام سے مخالف نہیں ہوتا اسی طرح الہام اولیاء شریعت حقہ محمدیہ سے مخالف نہیں ہوسکتا اور اس کو موجب علم قطعی نہ جاننا وسوسہ ہے''۔ کیونکہ قادیانی صاحب کے اس قول سے وہ تفریق بھی اٹھ جاتی ہے جو انبیاء اللہ اور اولیاء اللہ اور ان کے القاء اور ایحاء میں حق تعالیٰ نے ودیعت فرمائی ہے۔ قطع نظر اس کے ہمارے پاس سینکڑوں ثبوت موجود ہیں کہ اولیاء اللہ کے القاء میں تلبیس ابلیس کا دخل ہوا۔

قادیانی صاحب کے الہامات میں تناقض اور وسوسۂ شیطانی خود بقولِ قادیانی

ہمارے سامنے خود قادیانی صاحب کے اپنے الہامات میں تناقض اور تلبیسِ ابلیس موجود ہے۔ مثلاً براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۸ اور ۵۰۴ میں اوّلاً قادیانی صاحب یہ لکھتے

Marfat.com

من انتهی سلوکه فانه یشهد یقینا ان کل مجتهد مصیب و حینئذ یکثر الانکار علیه من عامة المقلدین متی صرح لهم بما یعتقده لحجابهم عن شهود المقام الذی وصل الیه فهم معذورون من وجه غیرمعذورین من وجه اٰخر حیث لم یردوا صحة علم ذٰلک الی اللّٰه تعالی فانه ماثم لنا دلیل واضح یرد کلام اهل الکشف ابداً لا عقلا ولا نقلاً ولا شرعاً لان الکشف لایاتی الا مؤیّداً بالشریعة دائما اذ هو اخبار بالامر علی ماهو علیه فی نفسه، وهذا هو عین الشریعة۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ۳۱، فصل: ان اردت یا اخی الوصول الیٰ معرفۃ ھٰذہ المیزان۔۔، دارالفکر بیروت) یعنی جو شخص کہ ابھی حالت سلوک میں ہوتا ہے وہ چشمہ اولیٰ پر واقف نہ ہونے کے باعث اس معنی کے تعقل کے لئے قدرت نہیں رکھتا کہ ہر مجتہد اپنے اجتہاد میں صواب پر ہوتا ہے برخلاف اس شخص کے جس کا سلوک ختم ہوگیا ہو کیونکہ وہ یقیناً مشاہدہ کرتا ہے کہ ہر مجتہد اپنے اجتہاد میں صواب پر ہوتا ہے اور جب وہ اس معنی کو ان عامی مقلّدوں پر ظاہر کرتا ہے جو ابھی اجتہاد کے درجہ میں مثل اس کے نہیں ہیں تو وہ اس پر انکار کرنے لگتے ہیں۔ پس وہ ایک وجہ سے اگرچہ معذور ہیں لیکن اس وجہ سے کہ انہوں نے اس کے علم کو اللہ کی طرف نہیں سونپا وہ معذور نہیں ہیں۔ کیونکہ ایسی صورت میں ہمارے پاس ہمیشہ کے لئے کوئی دلیل واضح نہیں ہوسکتی جو اس قسم کے اہل کشف کے کلام کو رد کرتی ہو نہ عقلاً اور نہ نقلاً اور نہ شرعاً۔ کیونکہ ایسا کشف کبھی شریعت کے ساتھ مؤید ہوئے بغیر نہیں آسکتا۔ کیونکہ کشف کے بجز اس کے اور کوئی معنی نہیں کہ وہ ایک امر کی واقعی حالت کا اخبار ہے اور یہی معنی عین شریعت ہے۔ انتہیٰ

حقیقت کشف کے نقل کرنے میں قادیانی صاحب کی تحریف

پس ناظرین پر واضح ہوگا کہ قادیانی صاحب کا بحوالہ میزان امام شعرانی علی الاطلاق کشف کی نسبت یہ لکھنا کہ ''ہمارے پاس کوئی ایسی دلیل نہیں جو کلام اہل کشف کو رد کرے نہ عقلی

Marfat.com

نہ نقلی نہ شرعی۔ کیونکہ کشف کی خود شریعت مؤید ہے''۔ کس قدر بے سروپا اور یہودانہ تحریف سے بھرا ہوا ہے۔ کیونکہ عارف شعرانی کا یہ قول اس اہل کشف کے کشف کے متعلق ہے جو حالت وصول میں ہر مجتہد کو صواب اور حق پر دیکھتا ہے اور اسی کی نسبت لکھتے ہیں کہ ایسا کشف ہمیشہ شریعت کے ساتھ مؤید ہوتا ہے بلکہ وہ عین شریعت ہے نہ کہ ہر کشف خواہ شریعت اس کی مؤید نہ بھی ہو جیسے کہ قادیانی صاحب کا منشاء اس بے سروپا اور محرف نقل سے پایا جاتا ہے۔ حالانکہ عارف شعرانی اس کتاب کے صفحہ ۱۰ میں قاعدہ کلّیہ تصریح فرما چکے ہیں کہ غیر معصوم کا کشف صحیح کبھی نہیں ہوسکتا جب تک کہ شریعت کے ساتھ موافق نہ ہو لے اور اس وقت تک جائز العمل نہیں ہوسکتا جب تک کہ شریعت اس کی صحت پر فتویٰ نہ دے۔ اور یہ امر معلوم ہے کہ طریق الہام یعنی طریق القاء اور ایحاء میں انبیاء علیہم السلام کے سوا کوئی شخص بھی تلبیس ابلیس سے مامون اور محفوظ نہیں۔ کیونکہ شیاطین بھی اپنے دوستوں کو القاء اور ایحاء کرتے ہیں۔

نبی اور ولی کے الہام میں مساوات غلط ہے

پس قادیانی صاحب کا یہ قول بھی لغو ہے جو براہین کے صفحہ ۲۳۴ و ۲۲۹ میں لکھتے ہیں کہ ''جیسے ایک نبی کا الہام دوسرے نبی کے الہام سے مخالف نہیں ہوتا اسی طرح الہام اولیاء شریعت حقہ محمدیہ سے مخالف نہیں ہوسکتا اور اس کو موجب علم قطعی نہ جاننا وسوسہ ہے''۔ کیونکہ قادیانی صاحب کے اس قول سے وہ تفریق بھی اٹھ جاتی ہے جو انبیاء اللہ اور اولیاء اللہ اور ان کے القاء اور ایحاء میں حق تعالیٰ نے ودیعت فرمائی ہے۔ قطع نظر اس کے ہمارے پاس سینکڑوں ثبوت موجود ہیں کہ اولیاء اللہ کے القاء میں تلبیس ابلیس کا دخل ہوا۔

قادیانی صاحب کے الہامات میں تناقض اور وسوسۂ شیطانی خود بقولِ قادیانی

ہمارے سامنے خود قادیانی صاحب کے اپنے الہامات میں تناقض اور تلبیسِ ابلیس موجود ہے۔ مثلاً براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۸ اور ۵۰۴ میں اوّلاً قادیانی صاحب یہ لکھتے

Marfat.com

ہیں کہ ''آیت ارسل رسولہ اورآیت عسٰی ربّکم کا ظاہری اور جسمانی طور پر حضرت مسیح مصداق ہے اور یہ عاجز روحانی اور معقولی طور پر۔ اور وہ زمانہ بھی آنے والا ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نہایت جلالیت کیساتھ دنیا پر اتریں گے''۔ لیکن اس الہام کے بیس بائیس برس کے بعد ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۳۷ میں لکھتے ہیں کہ ''اب جو امر خدائے تعالیٰ نے میرے پر منکشف کیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ مسیحِ موعود میں ہی ہوں''۔ اور ازالہ کے صفحہ ۱۹۷ میں لکھتے ہیں کہ ''ہاں براہین میں جو کچھ میں نے مسیح ابن مریم کے دوبارہ دنیا میں آنے کا ذکر لکھا ہے وہ ذکر صرف ایک مشہور عقیدہ کے لحاظ سے ہے اور یہ براہین صرف اس سرسری پیروی کی وجہ سے ہے جو ملہم کو قبل از انکشاف اصل حقیقت اپنے نبی کے آثار مرویہ کے لحاظ سے لازم ہے، کیونکہ الہام پانے والے بغیر بلائے اور بجھائے اور فرمائے نہ بولتے اور نہ سمجھتے اور نہ دعویٰ کرتے ہیں اور نہ اپنی طرف سے دلیری کرتے ہیں۔'' پس قادیانی صاحب نے خود ہی اپنے الہامات میں تناقض اور تکاذب ثابت کر دیا اور خود ہی اپنے اخیر الہام کو ظاہر آثار مرویہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مخالف بتا دیا۔

توفّی کے معنی قادیانی نے خود اپنے الہام میں رفع، اتمام اور اکمال کے لئے ہیں

اور اسی طرح قادیانی صاحب نے خود ہی اوّل براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۱۹ میں اپنی الہامی عبارت یعنی اِنّیْ مُتَوَفِّیْک کے معنی تجھ کو پوری نعمت دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا، لکھے۔ اور صفحہ ۵۵۷ میں توفّی کے معنی بایں عبارت لکھے کہ اے عیسیٰ میں تجھے کامل اجر بخشوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا۔ لیکن اس کے بیس بائیس برس بعد اپنے الہامی مکتوب عربی کے صفحہ ۱۳۳ میں لکھا۔ کہ **ثم لا یمکن لاحد یاتی باثر من الصحابۃ او حدیث من خیر البریہ فی تفسیر لفظ التوفی بغیر معنی الاماتۃ ابدا ولو ماتوا بالحسرۃ** (مکتوب قادیانی صفحہ ۱۳۳) اگرچہ حسرت کے ساتھ مرجائیں تو بھی توفّی کا معنی

Marfat.com

بغیر اماتت یعنی موت دینے کے معنی کے نہ ملے گا۔ پس قادیانی صاحب کو ان کے الہام اخیر نے جھوٹا بنادیا اور ان کے سارے الہامات کو اضغاث واحلام اور تلبیس شیطانی ہونا ثابت کردیا۔ کیونکہ خود خداوند کریم اپنے کلام پاک میں اس کی ایک نشانی اس طرح بیان فرماتا ہے۔ هل انبئکم علی من تنزل الشیاطین تنزل علی کل افّاک اثیم یلقون السمع واکثرهم کاذبون. ای الافّاکون یلقون السمع الی الشیاطین فیتلقون منهم ظنونا وامارات لنقصان علمهم کما فی الحدیث الکلمة یخطفها الجنی فیقرءها فی اذن ولیه فیزید فیها اکثر من بانه کذبة (بیضاوی سورۂ شعراء) میں تم کو آگاہ کرتا ہوں کہ کس شخص پر شیطان اترتے ہیں؟ سو بیشک وہ اسی شخص پر اترتے ہیں جو جھوٹا اور بدکار ہو اور وہ جو شیطانوں کی طرف اپنے کان رکھ کر ان سے ظنون اور امارات کی تلقی کر کے اور ان کے ساتھ سو جھوٹ ملا کر پیشین گوئیاں کرتے ہیں اور پھر وہ جھوٹے نکلتے ہیں۔ جیسے قادیانی صاحب کی پیشین گوئیوں کا کذب ان کے حریف لیکھرام کی کتاب کے مطالعہ سے ظاہر ہوتا ہے اور جس کا قادیانی صاحب نے کوئی رد نہ کیا۔

قادیانی نے اپنے الہام کا تخلّف ہونا مان لیا

اور خود آتھم کی موت ان کی پیشین گوئی کی میعاد سے چھ مہینے بعد ہوئی۔ اور خود انہوں نے انجام آتھم کے صفحہ ۲۸، ۲۹، ۳۱ میں داماد احمد بیگ کی نسبت اقرار کرلیا کہ داماد احمد بیگ کی نسبت جو پیشین گوئی تھی اس کی میعاد گذر چکی اور اس کے مبرم ہونے کا اقرار کرتے ہوئے کہہ گئے کہ سنت اللہ کے مطابق اس وعید کی میعاد میں تخلّف ہوگیا۔

بقول قادیانی چارسو (۴۰۰) نبی کو الہام شیطانی نے دھوکا دیا

اور اپنا دروغ چھپانے کے لئے نہ فقط وعید میں تخلّف کرنا سنت اللہ قرار دیا بلکہ ازالۃ لاوہام کے صفحہ ۶۲۸ میں بحوالۂ تورات چارسو (۴۰۰) نبی کے متعلق ایک قصہ لکھا کہ

Marfat.com

ایک بادشاہ کے وقت میں انہوں نے اس کی فتح کے بارہ میں پیش گوئی کی اور وہ جھوٹے نکلے اور بادشاہ کو شکست آئی۔ اور اس کی توجیہہ یہ بیان کی کہ دراصل وہ الہام ایک ناپاک روح کی طرف سے تھا، نوری فرشتہ کی طرف سے نہیں تھا اور ان نبیوں نے دھوکا کھا کر ربّانی سمجھ لیا تھا۔ انتہی پس اسی ایک قصّہ سے صداقت پسند دوستوں کو معلوم ہوگا کہ قادیانی صاحب اپنے اس دعوے میں کس قدر سچّے ہو سکتے ہیں جو انہوں نے براہین کے صفحہ ۲۲۹ میں کیا کہ الہام جو اولیاء اللہ کو ہوتا ہے اس کو موجب علم قطعی نہ جاننا وسوسہ ہے۔ اور نیز اس دعویٰ میں جو انہوں نے اپنا حرز جان بنا رکھا ہے کہ ان کو الہام الٰہی سے معلوم ہوا کہ وہ ہی عیسیٰ موعود ہے۔

رجل فارس سے مراد ابوحنیفہ ہیں نہ کہ قادیانی

اور یہ کہ حدیث ثریا میں رجل فارس سے مراد یہی قادیانی صاحب ہیں۔ لو کان الایمان معلقا بالثریا لناله رجل من فارس۔ (براہین احمدیہ صفحہ ۴۹۸، ازالۃ الاوہام ۶۵۳) اور نبی کریم ﷺ اپنی حدیث میں اس شخص کے لئے اشارہ فرما چکے ہیں۔ مگر قادیانی صاحب نطفۂ پنجاب ہوتے ہوئے عقل باور نہیں کر سکتی کہ وہ کیونکر رجل فارس ہو گئے۔ باوجودیکہ محدثین کبار میں سے بخاری اور مسلم اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دار قطنی اور حاکم اور بیہقی بھی سب کے سب رجل فارس تھے۔ اور اسی طرح فقہاء میں سے ابوالطیب اور شیخ ابوحامد اور شیخ ابواسحٰق شیرازی اور جوینی اور امام الحرمین اور امام غزالی بھی رجل فارس ہوئے ہیں اور اسی طرح اکثر شیوخ طریقت۔ لیکن ان میں سے کوئی بھی اس حدیث کا مصداق نہ ہو سکا پھر ایک اجہل قادیانی جو کاف کادیانی پر اپنے مؤید اوّل مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی کے ساتھ لڑ مرا اور اپنے کو مجرم بنا لیا کیونکر مصداق ہو سکتا ہے۔ حالانکہ اوّل تو جو الفاظ اس حدیث کے انہوں نے نقل کئے ہیں کسی حدیث کی کتاب میں نہیں کیونکہ طبرانی کی عبارت میں ایک لفظ ہے اور شیخین کی عبارت میں جدا الفاظ ہیں۔ لو کان

Marfat.com

الایمان عندالثریا لتناوله رجال من ابناء فارس۔ (طبرانی ابن مسعود) لو کان العلم معلقا۔ (سعد بن عبادۃ) لاتناله العرب لناله۔ (قیس طبرانی) والذی نفسی بیده لو کان الدین معلقا بالثریا لتناوله رجل من فارس۔ (شیخین ابوہریرہ) اور ہرایک روایت قادیانی صاحب کی الہام کی مغائر ہے۔ معہذا حافظ سیوطی رضی اللہ عنہ کا قول ہے۔ کہ قال الحافظ السیوطی هذا الحدیث الذی رواه الشیخان اصل صحیح یعتمد علیه فی الاشارة لابی حنیفة وهو متفق علی صحته وفی حاشیة الشیرابلسی عن تلمیذ الحافظ السیوطی قال ماجزم به شیخنا من ان اباحنیفة هو المراد من هذا الحدیث ظاهر لا شک فیه لانه لم یبلغ من ابناء فارس فی العلم مبلغه احداه۔ شامی وروی الجرجانی فی مناقبه یسنده لسهل بن عبدالله التستری انه قال لو کان فی اُمّتی موسٰی وعیسٰی مثل ابی حنیفة لما تهودوا ولما تنصروا۔ (درمختار مناقب امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ) شیخین کی روایت ایسی اصل صحیح ہے کہ اس سے امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کی طرف ہی اشارہ ہونا معتمد علیہ ہے اور یہی باعتبار صحت کے متفق علیہ ہے اور حاشیہ شیرا ملسی میں حافظ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کا تلمیذ لکھتا ہے کہ ہمارے شیخ نے جو امام ابوحنیفہ کا اس حدیث سے مراد ہونا اعتقاد کیا ہے وہ ایسا ظاہر ہے کہ جس میں کوئی شک نہیں کیونکہ ابنائے فارس میں سے کوئی بھی باعتبار علم کے ان کے مرتبہ کو نہیں پہنچا۔ اور صاحب درمختار لکھتے ہیں کہ جرجانی نے سہل بن عبداللہ تستری سے روایت کی ہے کہ وہ کہا کرتے تھے کہ اگر حضرت موسیٰ اور عیسیٰ کی اُمتوں میں ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی طرح کوئی فرد اُمّت ہوتا تو وہ ہرگز یہودی اور نصرانی نہ ہوتیں۔ اور یہی سہل بن تستری ہیں جو کہا کرتے تھے کہ میں اس میثاق کو یاد رکھتا ہوں جو اللہ تعالیٰ نے مجھ سے عالم الذر میں لیا اور میں اس کی رعایت کرتا ہوں۔

Marfat.com

امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کو حضرت صدّیق اکبر رضی اللہ عنہ سے تشبہ اور حقیقت مذہب

الحاصل امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ ہی جنہوں نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی طرح امر شوریٰ سے کام لیا جبکہ صریح کتاب وسنّت سے کسی مسئلہ کا حکم نہ ملتا تھا اور ایسے کسی مسئلہ میں وہ تنہا پیشقدمی نہ فرماتے۔ وھو کالصدیق رضی اللہ عنہ وجہ الشبہ ان ابابکر رضی اللہ عنہ ابتدء جمیع القران بعد وفاتہ صلی اللہ علیہ وسلم بمشورۃ عمرو اباحنیفۃ ابتدء تدوین الفقہ (شامی) وکان یجمع العلماء فی کل مسئلۃ لم یجدھا صریحۃ فی الکتاب والسنۃ ویعمل بما یتفقون علیہ فیھا (کابی بکر رضی اللہ عنہ) (الٰی قولہ) وقد وضع مذھبہ شوریٰ ولم یستبدّ بوضع المسائل (الٰی قولہ) ویناظرھم حتی یستقر احد القولین فیثبتہ ابویوسف (الٰی قولہ) ونقل الشیخ کمال الدین بن الھمام عن اصحاب ابی حنیفۃ کابی یوسف ومحمد وزفر والحسن انھم کانوا یقولون ماقلنا فی مسئلۃ قولا الا وھو روایتنا عن ابی حنیفۃ واقسموا علی ذٰلک ایمانا مغلظۃ۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ۵۸،۵۹، فصول: فی بیان ماورد فی ذم الرأی...، دارالفکر بیروت)

وکان کتب الخلیفۃ ابوجعفر المنصور الی الامام ابی حنیفۃ بلغنی انک تقدم القیاس علی الحدیث فقال لیس الامر کما بلغک یاامیر المؤمنین انما اعمل اوّلاً بکتاب اللّٰہ ثم بسنۃ رسولہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم باقضیۃ ابی بکر وعمر وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم ثم باقضیۃ بقیۃ الصحابۃ ثم اقیس بعد ذٰلک اذا اختلفوا ولیس بین اللّٰہ وبین خلقہ قرابۃ۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ۶۶، فصل: فی بیان ضعف قول من نسب الامام ابا حنیفۃ الی انہ یقدم القیاس علی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، دارالفکر بیروت)

فلاینبغی لاحد الاعتراض علیہ لکونہ من اجلّ الائمۃ واقدمھم تدوینا للمذھب واقربھم سندا الی رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم مشاھداً لفعل اکبر

Marfat.com

التابعین (الٰی قوله) وایاک ان تخوض مع الخائضین (الٰی قوله) فان الامام کان متقیدا بالکتاب والسنة متبرّئا من الرأی کما قدمناه لک (الٰی قوله) وحاشی ذٰلک الامام الاعظم من مثل ذٰلک حاشاه بل هو امام اعظم متبع الٰی انقراض المذاهب کلها کما اخبرنی به بعض اهل الکشف الصحیح واتباعه لن یزالوا فی ازدیاد کلما تقارب الزمان وفی مزید اعتقاد فی اقواله واقوال اتباعه۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ۷۳،۷۴، فصل: فی بیان ذکر بعض من اطنب فی الثناء.. ، دارالفکر بیروت) جیسے کہ جمع قرآن میں اور دیگر اقضیہ میں صحابہ کے شوریٰ سے کام لیا۔ پس امام اعظم ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنا مذہب شوریٰ کے ساتھ وضع کیا اور ہر امر کو انہوں نے مناظرہ اور تصفیہ کے بعد لکھایا اور اصحاب ابی حنیفہ رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ ہمارا کوئی مسئلہ نہیں جو امام صاحب سے اس میں روایت نہ ہو اور اسی پر انہوں نے حلفیں دیں۔ میزان کے صفحہ ۵۷ میں ہے کہ خلیفہ ابوجعفر منصور نے امام ابی حنیفہ رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ تو قیاس کو حدیث پر مقدم رکھتا ہے۔ تو اس کے جواب میں ارشاد فرمایا اے امیر المؤمنین تجھے غلط خبر ملی ہے۔ میں اولاً کتاب اللہ کے مطابق عمل کرتا ہوں پھر سنّت رسول اللہ کے مطابق پھر ابی بکر اور عمر اور عثمان اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے فیصلہ جات کے مطابق پھر باقی صحابہ کے احکام کے مطابق۔ پھر اگر ان میں سے کوئی فیصلہ نہ ملے تو میں اختلافی امر میں اپنے قیاس سے کام لیتا ہوں اور اللہ اور اس کے بندوں میں کوئی قرابت نہیں۔ پھر عارف شعرانی اسی کتاب کے صفحہ ۶۳ میں لکھتے ہیں۔ کہ امام ابوحنیفہ پر کسی کو اعتراض نہ کرنا چاہیے کیونکہ وہی سب اماموں کے سردار ہیں اور سب سے اوّل انہوں نے ہی فقہ کی تدوین کی اور انہیں کی سند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سب سے قریب ہے۔ اور وہی سب سے اوّل اکابر تابعین کے افعال کے دیکھنے والے ہیں اور تجھ کو خائضین اور معترضین کی معیت سے بچنا چاہیے۔ کیونکہ امام رضی اللہ عنہ

Marfat.com

کتاب اور سنت کے مقیّد تھے اور رائے سے براءت کرتے رہے۔ اور ایسے امام اعظم ایسی باتوں سے پاک ہیں بلکہ یہی امام اعظم ہیں جن کا مذہب سب مذہبوں کے انقراض اور ختم ہو جانے کے بعد بھی رہے گا جیسے کہ مجھے بعض صحیح کشف والوں نے اس سے اطلاع دی ہے اور اس کے تابعین اور مقلدین ہمیشہ ترقی پذیر رہیں گے۔ اور جوں جوں قرب ساعت ہوتا جائے گا اس کے اقوال اور اس کے تابعین کے اقوال میں اعتقاد بھی امت کا زیادہ ہوتا جائے گا۔ انتہیٰ ملخصاً پس وہ بالکل سچ ہے جو عبداللہ ابن مبارک سے درمختار میں منقول ہے۔ کہ

وقد قال ابن ادریس مقالا صحیح النقل فی حکم لطیفة بان الناس فی فقه عیال علی فقه الامام ابی حنیفه فلعنة ربّنا اعداد رمل علی من ردّ قول ابی حنیفة۔ (عبداللہ بن مبارک تابعی، درمختار). فرمایا کہ اس شخص پر خدا کی لعنت ہے جس نے امام ابوحنیفہ کے قول کو رد کیا۔ جب کہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ جیسے مستند امام ان کی مدح میں لکھ رہے ہیں کہ اُمّت کے سب ائمّہ علم فقہ میں ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے عیال ہیں۔ پس ہم امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ کے اس کثرت مناقب سے سراغ لیجا سکتے ہیں کہ رجل فارس سے بجز ان کے اور کوئی مراد نہیں ہوسکتا۔ اور اب اسی قدر پر اس مقدمہ میں کفایت کرتے ہیں۔

وجود جبرئیل اور ملائکہ میں خود قادیانی کے اقوال میں تخالف

کیونکہ جبرئیل اور ملائکہ کرام کی حقیقت کے متعلق اور ان کے القاء اور ایحاء کے متعلق جو کچھ کہ قادیانی صاحب نے توضیح المرام کے متعدد صفحات میں لکھا ہے وہ اس قدر جلی الکفر ہے کہ جمیع انبیاء علیہم السلام کی اُمّتوں کے افراد کے مذاق کے مخالف ہے اور قرآن وسنّت اور اصل امر نبوّت ہی اس کی تکذیب پر بآواز بلند فتویٰ دے رہا ہے۔ بھلا کوئی نادان سے نادان مسلمان بھی یہ لفظ زبان سے نکال سکتا ہے کہ ملائکہ کرام کا وجود حقیقی بجز اس کے کوئی نہیں کہ وہ ایک قسم کی محبت ہے جو بندہ اور خدا کی محبت کے نرومادہ کے ملنے سے پیدا

Marfat.com

ہو جاتی ہے۔ مگر خدا کی قدرت ہے کہ

ع چراغِ کذب را نبود فروغے

توضیح المرام کے بعد انہوں نے اپنے ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۶۵۱، ۶۵۲ میں اس کے برخلاف خود ہی اپنی تکذیب بایں الفاظ کر دی کہ ''اس زمانہ میں ایک گروہ مسلمانوں کا ایسا فلاسفہ ضالّہ کا مقلّد ہو گیا کہ وہ ہر ایک امر کا عقل سے ہی فیصلہ کرنا چاہتے ہیں ان کا بیان ہے کہ اعلیٰ درجہ کا حکم جو تصفیہ تنازعات کے لئے انسان کو ملا ہے وہ عقل ہی ہے۔ ایسے ہی لوگ جب دیکھتے ہیں کہ وجود جبرائیل و عزرائیل اور دیگر ملائکہ کرام جیسا کہ شریعت کی کتابوں میں لکھا ہے اور وجود جنت و جہنّم جیسا کہ قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے اور یہ تمام صداقتیں عقلی طور پر بپایہ ثبوت نہیں پہنچتیں تو فی الفور ان سے منکر ہو جاتے ہیں اور تاویلات رکیکہ شروع کر دیتے ہیں کہ ملائک سے صرف قوّتیں مراد ہیں اور وحی رسالت صرف ایک ملکہ ہے اور جنّت و جہنّم صرف ایک روحانی راحت یا رنج کا نام ہے۔ انتہیٰ'' پس ہم اس مقدمہ کو اسی پر ختم کرتے ہیں اور ملائکہ کے وجود کے متعلق مزید بحث اس کتاب میں نہیں کرنا چاہتے ہیں کیونکہ وہ ایک غامض مسئلہ ہے اور بوجہ اتم اس کو حضرت ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے حجۃ البالغہ میں لکھ دیا ہے۔

مقدّمۂ سوم

(قادیانی صاحب کے الہامات و آیات محرفہ کے بیان میں)

اس کے بعد قادیانی صاحب نے براہین احمدیہ کے متعدد صفحات میں ایک فہرست آیات قرآنی کی دی جو بعینہا یا بصورتِ تحریف ان پر وقتاً فوقتاً بطریق ایحاء نازل ہوتی رہیں جیسے کہ ہماری اس کتاب کے اخیر میں وہ سب درج ہوں گی اور بجائے اس کے کہ ان آیات کے منزّل علیہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ہیں قادیانی صاحب نے ظلی طور پر ان

Marfat.com

آیات کا مخاطب اپنے کو تصور کیا اور خود ہی اپنے مطلب کے موافق ان آیات کی تفسیر کر دی۔ چنانچہ ہم بطور مشتے نمونہ خروار چند الہامی آیات یہاں پر نقل کرتے ہیں تا کہ قبل از شروع مقاصد کتاب اس کے مقدمات پر ہمارے صداقت پسند دوست حاوی ہو جائیں اور ان کو قادیانی صاحب کے متعلق ان کے کلمات الہامیہ کے بخوبی سمجھنے سے صحیح نتیجہ نکالنے کے لئے عمدہ موقع ملے۔ مثلاً قادیانی صاحب کا براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۵۸ میں یہ الہام کہ **الم نشرح لک صدرک الم نجعل لک سھولة فی کل امر بیت الفکر وبیت الذکر ومن دخله کان اٰمنا** کہ کیا ہم نے تیرا سینہ نہیں کھولا؟ کیا ہم نے ہر ایک بات میں تیرے لئے آسانی نہیں کی کہ تجھ کو بیت الفکر اور بیت الذکر عطا کیا۔

قادیانی کی مسجد اور چوبارہ بیت الحرم ہے

اور خود ہی قادیانی صاحب نے ان بیوت کی یہ تعبیر کی کہ بیت الفکر سے مراد اس جگہ وہ چوبارہ ہے جس میں یہ عاجز کتاب کی تالیف کیلئے مشغول رہا ہے اور رہتا ہے اور بیت الذکر سے مراد وہ مسجد ہے جو اس چوبارہ کے پہلو میں بنائی گئی ہے اور وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا اس مسجد کی صفت بیان فرمائی گئی ہے یعنی جو کوئی اس مسجد میں داخل ہوگا وہ امن کی حالت میں ہو جائے گا۔ حالانکہ قادیانی صاحب کے اس الہام کا پہلا فقرہ قرآن شریف کی آیت ہے جس میں رسول خدا ﷺ کی طرف خطاب ہے اور اس کا اخیر فقرہ بھی قرآن شریف کی آیت مبارک ہے جو حق تعالیٰ نے کعبۃ اللہ کی شان میں بیان فرمائی۔ لیکن قادیانی صاحب نے اپنی قادیانی مسجد کو کعبۃ اللہ کے ساتھ برابر کر دیا۔

قادیانی کو ابراہیم اور سلیمان نبی سے مشابہت ہے

براہین کے صفحہ ۵۶۱ میں اپنے حق میں یہ الہام اتارا کہ **ففھمنا ھا سلیمان فاتخذوا من مقام ابراھیم مصلی** یہ نشانی سلیمان کو سمجھائی یعنی اس عاجز (قادیانی) کو۔ سو

Marfat.com

تم ابراہیم کے نقش قدم پر چلو۔ یعنی رسول کریم کا طریقہ حقہ کہ جو حال کے زمانہ میں اکثر لوگوں پر مشتبہ ہو گیا ہے اور بعض یہودیوں کی طرح صرف ظواہر پرست اور بعض مشرکوں کی طرح مخلوق پرستی تک پہنچ گئے ہیں۔ یہ طریقہ خداوند کریم کے اس عاجز بندہ سے دریافت کرلیں اور اس پر چلیں۔ پس قادیانی صاحب نے یہ دونوں آیتیں جو قرآن کریم میں جدا جدا ترتیب پر بیان فرمائی گئی ہیں ان کو ایک جگہ جمع کر کے ایک میں سلیمان علیہ السلام سے اپنے کو تعبیر کیا اور دوسری آیت میں ابراہیم علیہ السلام سے اپنے کو معبر کیا اور جو منشا حق تعالیٰ کا اس آیت کے نازل فرمانے کا تھا کہ اُمتِ محمد یہ مقام ابراہیم کو اپنا جائے نماز بنائے یعنی کعبۃ اللہ کی طرف آئیں اس کے برخلاف قادیانی صاحب نے یہ الہام اپنے حق میں اتار کر لکھا کہ مقام ابراہیم مُصلّی میں مجھ کو اللہ تعالیٰ نے ابراہیم بنایا ہے اور ساری خلقت کو میری اتباع کے واسطے فرمایا ہے۔

قادیانی صاحب پر وحی اترتی ہے

پھر براہین کے صفحہ ۵۱۱ میں اپنے حق میں اس آیت مبارک کو اتارا کہ **قل انما انا بشر مثلکم یوحٰی الیَ انما الھکم الٰہ واحد**۔ کہہ دے میں صرف تمہارے جیسا ایک آدمی ہوں مجھ کو یہ وحی ہوتی ہے کہ بجز اللہ تعالیٰ کے اور کوئی تمہارا معبود نہیں وہی اکیلا معبود ہے جس کے ساتھ کسی کو شریک کرنا نہیں چاہیے۔ انتہی بلفظہ پس اس آیت مبارک میں قرآن مجید نے یہ تمام اعزاز حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو بخشا اور جو نبی کو غیر نبی سے جدا کرتا ہے قادیانی صاحب نے اس میں اپنے کو سہیم وشریک بنا دیا اور منجانب اللہ ان پر بھی وحی اترنے لگی۔

قادیانی کی وحی قرآن کی طرح وحی متلو ہے

پھر براہین کے صفحہ ۲۴۲ میں اپنے وحی کے متلو ہونے کے متعلق یہ آیت اتاری کہ **واتل علیھم ماوحی الیک من رّبک**۔ پڑھ ان پر جو وحی کی جاتی ہے تیری طرف تیرے رب سے۔ پس قادیانی صاحب کے اس الہام نے جو قرآن شریف کی آیت ہے اور

Marfat.com

نبی ﷺ پر اتری اس نے قرآن کی طرح قادیانی صاحب کے الہامات کو بھی وحی متلو بنادیا۔ مگر اس خوفناک اور ڈراؤنے معنی سے قادیانی صاحب کے چیلے بھی چونک اٹھیں گے کہ قرآن کے مقابل قرآن کی طرح یہ کہاں کی وحی متلو آ گئی؟ اور قرآن قادیانی یہ جدید قرآن کہاں سے آ گیا؟

قادیانی اور زوجۂ قادیانی کو جنت کی بشارت

براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۶ میں یہ فقرات اپنے حق میں اتار کر ان کے معنی خود ہی اس طرح لکھے۔ کہ یاادم اسکن انت وزوجک الجنة یامریم اسکن انت وزوجک الجنّة یااحمد اسکن انت وزوجک الجنة نفخت فیک من لدنی روح الصدق۔ اے آدم تو اپنی زوجہ سمیت بہشت میں رہ۔ اے احمد تو اپنی زوجہ کے ساتھ بہشت میں مکان پکڑ اور آدم اور مریم اور احمد سے اپنے کو مراد رکھا اور زوج سے مراد اپنے رفیق اور جنّت سے مراد جنّت کے وسائل۔ یعنی اے آدم، اے مریم، اے احمد! تو اور جو شخص تیرا تابع اور رفیق ہے جنت میں یعنی نجات حقیقی کے وسائل میں داخل ہو جاؤ۔ انتہی بلفظہ

قادیانی کے مریدین عذاب اور بلا سے محفوظ ہیں

براہین کے صفحہ ۵۱۴ میں اس آیت مبارک کو جو خواص رسالت رسول اللہ ﷺ میں سے ہے لفظی اور معنوی تحریف کیساتھ اس طرح اتارا کہ وماکان اللّٰہ لیعذبھم وانت فیھم وماکان اللّٰہ لیعذبھم وھم یستغفرون۔ جس قوم میں تو (قادیانی) آیا ہے ان کو اللہ تعالیٰ ہرگز عذاب نہ دے گا اور ضرور اللہ تعالیٰ ان کو عذاب نہ دے گا درحالیکہ وہ اللہ سے بخشش مانگتے ہیں۔ حالانکہ قرآن شریف میں دوسرے لفظ لیعذبھم کی جگہ لفظ معذبھم آیا ہے۔

قادیانی رحمۃ للعالمین ہے

براہین کے صفحہ ۵۰۶ میں یہ الہام اتارا کہ وما ارسلناک الارحمة

Marfat.com

للعالمین ہم نے تجھے نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ کل جہانوں کے حق میں رحمت ہو۔ حالانکہ رحمۃ للعالمین نبی ﷺ کا وصف خاص ہے۔

قادیانی کو کسی کام پر مواخذہ نہیں اور جو چاہے کرے

براہین کے صفحہ ۵۶۰ میں یہ الہام اتارا کہ **اعمل ماشئت فانی قد غفرت لک** (اے قادیانی) تو جو چاہے سو کر بیشک ہم نے تجھے بخش دیا ہے۔ مگر قادیانی صاحب کے کسی الہام سے یہ معلوم نہ ہوسکا کہ انہیں اس قدر آزادی اور بے باکی خدائے تعالیٰ نے کیوں دی؟ جو کسی نبی کریم کو بھی حاصل نہ ہوئی۔ اور جبکہ بمقتضائے **الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی**۔ دین محمدی کامل ہو چکا اور نعمتِ خداداد میں کوئی کمی نہ رہی تو ان آیات اور نعمات ربّانی کا محرف ہو کر قادیانی صاحب پر اترنا اس سے کیا نتیجہ نکل سکتا ہے بجز اس کے کہ دین محمدی کو ناقص سمجھا جائے اور نعمت خداداد کو غیر مکمل خیال کیا جائے۔ حالانکہ سفیر رب العالمین یعنی حضرت جبریل جو ایسی آیات کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنے کے لئے معہود ہیں اسے قادیانی صاحب ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۵۸۳ میں بایں الفاظ آنے سے روک دیئے ہیں کہ ''یہ بات مستلزم محال ہے کہ خاتم النبیین ﷺ کے بعد پھر جبریل علیہ السلام کی وحی رسالت کے ساتھ زمین پر آمد و رفت شروع ہو جائے''۔ انتہی

جو آیات قرآنی کہ قادیانی پر اتری ہیں ان کا نام قرآن نہیں

پس ہم کو قادیانی صاحب کے ایسی صریح کفریات اور مزخرف الہامات میں مزید کلام کرنے کی ضرورت نہیں ہاں ہم کو بحث ہے تو فقط اس میں ہے جو قادیانی صاحب کے مؤید اوّل مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی اپنے رسالہ اشاعۃ السنۃ مطبوعہ ۲ حـ ۱۳۰۱ھ کے صفحہ ۲۶۳ وغیرہ میں ان آیات کی تاویل اور تائید کے لئے اور نیز ان سے تحریف کا الزام اٹھا دینے کی غرض سے لکھتے ہیں۔ کہ ''آیات قرآنی جب آنحضرت یا دوسرے انبیاء علیہم السلام

Marfat.com

کے خطاب میں نازل ہوئی تھیں تو ان کا نام قرآن تھا اور جب انہیں آیات سے اللہ تعالیٰ نے غیر انبیاء مثل صاحب براہین قادیانی کو مخاطب فرمایا تو ان کا نام قرآن نہیں رکھا جا سکتا''۔ بلکہ صفحہ ۲۶۴ وغیرہ میں صاف صاف لکھ دیا کہ ''ایک ہی کلام کو ایک ہی وقت میں مخاطب یا متکلم کے لحاظ سے قرآن اور غیر قرآن کہنا اہل علم کے نزدیک مستبعد اور محل اعتراض نہیں۔ چنانچہ کبھی ایک کلام جبکہ اس کا متکلم مثلاً خدائے تعالیٰ ٹھہرایا جائے کلام رحمانی کہلاتا ہے کبھی وہی کلام جب اس کا متکلم شیطان یا فرعون ٹھہرایا جائے تو شیطانی یا فرعونی کلام کہلاتا ہے''۔

بقول بٹالوی صاحب وہ خدا کا کلام نہیں جس کا متکلم قرآن میں شیطان یا فرعون کہا گیا ہے

پس وہ کلام جیسے انا خیر منه خلقتنی من نار جو ابلیس نے کہا یا جیسے انا ربکم الاعلیٰ جو فرعون نے کہا تو یہ کلام شیطانی اور فرعونی کہلاتے ہیں۔ اور اسی صفحہ کے حاشیہ میں لکھا۔ ''پھر وہ خواہ کسی زبان میں ہو قرآن کہلاتا''۔ انتہیٰ بلفظہ پس اگر قادیانی صاحب کے ان مؤید اوّل کی تاویلات فاسدہ کو تسلیم کیا جائے تو لازم آتا ہے کہ اس سے ہزارہا آیات فرقانی قرآن ہونے سے خارج ہو جائیں اس لئے کہ آنحضرت ﷺ قرآن مجید کی تمام آیات کے ساتھ مخاطب نہیں ہیں اور قطع نظر اس کے خود ائمہ اسلام نے تصریح کر دی ہے۔

تمام قرآن کلام خدا ہے

جیسے کہ فقہ اکبر میں ہے۔ وماذکرہ اللّٰہ تعالیٰ فی القران عن موسیٰ وغیرہ من الانبیاء علیہم السلام وعن فرعون وابلیس فان ذٰلک کله کلام اللّٰہ تعالیٰ انتہیٰ جو کچھ کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن منزّل میں حضرت موسیٰ وغیرہ انبیاء علیہم السلام کے واقعات اور ایسا ہی فرعون اور ابلیس وغیرہ کے مقالات بیان فرمائے ہیں یہ سب اللہ کا کلام ہے۔ جو حسب ارشاد خداوندی بل ھو قراٰن مجید فی لوح محفوظ (سورۂ بروج) لوح الٰہی میں محفوظ ہے اور کسی کے بدلانے سے نہیں بدل سکتا۔ کیا یہ ممکن ہے کہ اگر کسی شخص

Marfat.com

کو مثلاً امرء القیس کا یہ شعر یعنی قفانبک من ذکری حبیب ومنزل الہام ہوتو یہ شعر امرء القیس کا نہ کہلائے گا۔ پس خدا کا کلام اس کے علم کی طرح ازل سے ابد تک اس کی ایک صفتِ قدیم اور بسیط ہے۔ اور جیسے اس نے ایک ہی آنِ بسیط میں معلومات ازل وابد کو ان کے احوال مناسبہ اور صفات متضادّہ کے ساتھ جان لیا۔ مثلاً زید کو اسی آن میں موجود بھی جان لیا اور معدوم بھی اور جوان بھی اور بوڑھا بھی اور ہنستا بھی اور روتا بھی اور جنتی بھی اور دوزخی بھی۔ یا کہ مثلاً زید ہزار برس کے بعد پیدا ہوگا اور بکرا تنے ہزار برس کے بعد مرے گا۔ اسی طرح حق تعالیٰ نے ایک ہی آن بسیط میں جمیع کتبِ سماویہ کے ساتھ بے کیف تکلّم فرمایا۔ چنانچہ اسی معنی کے متعلق امام ربّانی حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ جلد اوّل کے مکتوب ۲۶۶ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ ''ہمچنیں کلام اوتعالیٰ یک کلامِ بسیط است کہ از ازل تا ابد بہمان یک کلام گویاست۔ اگر امر است از ہمانجا ناشی است واگر نہی است ہم ازانجا اگر اعلام است ہم از انجاما خوذ است واگر استعلام است ہم ازانجا اگر تمنی است ہم ازانجا مستفاد است واگر ترجی است ہم ازانجا جمیع کتب منزّلہ وصحفِ مرسلہ ورقیست ازاں کلام بسیط اگر توریت است از انجا انتساخ یافتہ است واگر انجیل است ہم ازانجا صورتِ لفظی گرفتہ است اگر زبور است ہم ازانجا مسطور گشتہ واگر فُرقان است ہم ازانجا تنزل فرمودہ واللہ کلام حق کہ علی الحق یک است وبس پس درنزول مختلف آثار آمدہ''

پس اس صورت میں ہم بقول امام اعظم رضی اللہ عنہ نہایت وثوق کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ قرآن کریم میں حضرت موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام کی حکایات یا فرعون وابلیس کے منازعات کو جس طرح کہ حق تعالیٰ نے اپنے علم بسیط کے ساتھ ایک ہی آن میں بصورتِ متضادّہ جانا اسی طرح وہ اپنے کلام بسیط میں ان کے مقالات کے ساتھ گویا ہوا۔ پس وہ اسی کا کلام ہے جو ابلیس نے کہا اَنَا خیرٌ مِنہُ خَلَقْتَنِیْ مِنْ نَارٍ۔ یا فرعون نے کہا اَنَا رَبُّکُمُ الْاَعْلٰی۔

Marfat.com

ہر چند کہ قادیانی صاحب خواہ انہیں دو کلمات کے ساتھ ملہم کیوں نہ ہوں کبھی ان کلمات کا کلام ربانی ہونے سے انکار نہ ہو سکے گا۔ علی الخصوص جبکہ خود قادیانی صاحب ان کلمات قُرقانی کو خدا کی طرف سے الہام ہونے کے قائل ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ کا یہ محفوظ کلام جملات قرآنی ہوں یا ان کے معانی نظم موجودہ کے ساتھ کبھی کسی دوسرے کا کلام نہیں بن سکتا نہ متکلم کے تبدّل کے لحاظ سے اور نہ مخاطب کے تغیّر کے اعتبار سے۔ ودر سُفت آنکہ گفت۔

گرچہ قرآن از لب پیغمبر است ہر کہ گوید حق نہ گفت او کافر است

مُقدّمۂ چھارم

(قادیانی صاحب کی رسالت اور ان کی فطرت حضرت مسیح کی فطرت سے متشابہ بلکہ متحد ہونے کے بیان میں)

پھر قادیانی صاحب نے اس آیت مبارک کو جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کریم محمد مصطفیٰ ﷺ کی شان میں غلبہ دین کا وعدہ دے کر ارشاد فرمایا ہے کہ **ھو الذی ارسل رسولہ بالھدیٰ ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ** (سورہ توبہ، سورہ الصف) وہی خدا ہے جس نے اپنا رسول ہدایت اور سچے دین کے ساتھ بھیجا ہے تا کہ اس کو سب دینوں پر غالب کر دے۔ براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۸ میں اپنے الہامات کی فہرست میں داخل کر کے لکھا ہے کہ جس غلبہ کاملہ دین اسلام کا وعدہ دیا گیا ہے وہ غلبہ مسیح کے ذریعے سے ظہور میں آئے گا اور چونکہ یہ خاکسار مسیح کی پہلی زندگی کا نمونہ ہے اور اس عاجز کی فطرت اور مسیح کی فطرت باہم نہایت ہی متشابہ واقع ہوئی ہے۔ گویا ایک ہی جوہر کے دو ٹکڑے یا ایک ہی درخت کے دو پھل ہیں اور بحد سے اتحاد ہے کہ نظر کشفی میں نہایت ہی باریک امتیاز ہے۔ اس لئے خداوند کریم نے مسیح کی پیشین گوئی میں ابتداء سے اس عاجز کو بھی شریک کر رکھا ہے

Marfat.com

یعنی حضرت مسیح کی پیشین گوئی متذکرہ بالا ظاہری اور جسمانی طور پر مصداق ہے اور یہ عاجز روحانی اور معقولی طور پر اس کا محل اور مورد ہے۔

سب دینوں پر غلبہ حضرت مسیح کے وقت میں ہوگا جب وہ جسمانی طور سے دنیا پر دوبارہ آئیں گے

یعنی روحانی طور پر دین اسلام کا غلبہ جو حجج قاطعہ اور براہین ساطعہ پر موقوف ہے اس عاجز کے ذریعہ سے مقدّر رہے گو اس کی زندگی میں یا بعد وفات ہو۔ انتہیٰ بلفظہٖ مختصراً

پس ہم کو اس چوتھے مقدمہ میں انصاف پسند دوستوں کو یہ دکھلانا منظور ہے کہ اوّلاً اس آیت کریمہ کا مصداق تاریخی واقعات نے کس کو بنادیا؟ دوئم یہ کہ مسیح قادیانی حضرت مسیح ابن مریم علیہ السلام کے ساتھ تشابہ فطرت کے دعوے میں کہاں تک سچے ہیں؟

پس امر اوّل یعنی اس آیت کریمہ کا مصداق کہ کس زمانہ میں دین حق کا غلبہ حسب وعدۂ ربّانی ہوا یا ہوگا؟ تو اس کے متعلق فقط ایک ہی مفسّر ضحاک کا قول ہے **قال الضحاک ذٰلک عند نزول عیسٰی** علیہ السلام (ازالۃ الخفا صفحہ ۴۳) یہ غلبہ عیسیٰ علیہ السلام کے وقت میں ہوگا۔ لیکن علامہ ذہبی نے میزان میں اور سیوطی نے اللالی مصنوعہ میں تصریح کردی ہے کہ ضحاک ایک نہایت ضعیف الروایت مفسّر ہے جس کے مرویات قابل غور ہیں۔ مگر قطع نظر اس کے ضعف کے جب ہم تاریخی واقعات پر نظر کرتے ہیں تو وہ ہم کو یقین دلاتے ہیں کہ اس غلبہ کا ظہور اور وعدۂ الٰہی کا وفا بوجہ اتم خلفاء ثلاثہ رضوان اللہ علیہم کے زمانہ میں ہو چکا کیونکہ غلبۂ تام کا معنٰی بجز اس کے اور کوئی نہیں کہ دین کفر کا بیضہ اور اس کا مرکز ٹوٹ جائے اور اس کے حامی پھوٹ جائیں یہاں تک کہ اس کا کوئی داعی باقی نہ رہے اور اس کا شرف مطلقاً نہ رہے مگر یہ معنی خلفاء ثلاثہ کے وقت حاصل ہوا۔ کیونکہ اس وقت تمام روئے زمین فقط دو ہی ذی شوکت بادشاہوں یعنی کسریٰ اور قیصر کے قبضہ میں تھی اور انہیں ہر دو

Marfat.com

بادشاہوں کا دین باقی ادیان پر غالب تھا۔ چنانچہ روس اور روم اور فرنگ و جرمن اور افریقہ اور شام اور مصر اور بعض بلادِ مغرب اور حبش کے ملکوں میں قیصر کی متابعت اور موافقت سے دین نصرانیت تھا اور خُراسان اور توران اور ترکستان اور زابلستان اور باختر وغیرہ ملکوں میں کسریٰ کی متابعت سے دین مجوس بڑھا ہوا تھا اور باقی ادیان جیسے دین یہودیت اور دین مشرکین اور دین ہنود اور دین صائبین ان ہر دو بادشاہوں کی شوکت سے پائمال ہو کر ضعیف ہو گئے تھے اور ان ادیان کے متدین نہایت ہی زبوں حالت کے ساتھ پراگندہ ہو چکے تھے۔ پس داعیۂ الٰہی ان راہِ ہدایت سے بھٹکے ہوؤں کے پنجۂ خلق اللہ کو چھڑانے کے لئے جوش میں آ گیا اور اس نے دولتِ کسریٰ اور قیصر کو فتوحات اسلام کا آشیانہ بنا دیا اور ان دونوں بادشاہوں کے ادیان درہم برہم ہونے سے اسلام کی شوکت نے باقی ادیان کو بھی پامال کر لیا۔ پس اگر ہرمزان وزیر کسریٰ کے قول پر نظر کی جائے جس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے اس وقت کی آبادی زمین کا نقشہ یوں بیان کیا کہ تمام زمین اس وقت بمنزلہ ایک مرغ کے ہے کہ جس کا سر تو عراق ہے اور اس کے دو بازو فارس اور روم اور دونوں پاؤں ہند اور فرنگ ہیں۔ (بخاری شریف) تو تاریخ شہادت دے گی کہ عملاً اس مرغ کا سر کس نے چیتھاڑا اور اس کے دو بازو کس نے توڑے؟ اور فتح فارس اور روم کی بنیاد کس نے رکھی اور اس کا وقوع کس کے ہاتھ سے ہوا اور اس کی ایک ٹانگ فرنگ کس نے توڑی؟ یعنی بجز خلفائے ثلاثہ کے کوئی اس دولت سے بہرہ ور نہ ہو سکا۔ یہی ایک ٹانگ یعنی ملک ہند باقی تھا جو عملاً اس وقت مفتوح نہ ہوا۔

محمود غزنوی اور عیسیٰ ابن مریم کے حق میں بشارت

لیکن حسب بشارت نبوی مرغ کی دوسری ٹانگ بھی سلطان محمود غزنوی کے ہاتھ سے توڑا دی گئی۔ قال رسول اللہ ﷺ خیر امتی عصابتان عصابة تغزوا الهند وعصابة تكون مع عيسى ابن مريم (جامع صغیر) اور عرب و عجم کے شہروں میں اسلام کا

Marfat.com

رواج ہوگیا اور مسجدیں بنا ہوگئیں اور اللہ اکبر کی آواز گھر گھر میں اور اس کی صدائیں کوہ ودشت میں گونج اٹھیں اور آنحضرت ﷺ کی پیشین گوئی راست آئی۔ جو فرمایا واخرج احمد عن المقداد انه سمع رسول اللّٰه يقول لايبقى على ظهر الارض بيت مدر ولا وبر الا ادخله اللّٰه كلمة الاسلام بعز عزيز وذل ذليل اما يعربهم فيجعلهم من اهلها اويذلهم فيدينون لها قلت فيكون الدين كله للّٰه۔ (ازالۃ الخفاء) کہ روئے زمین پر کوئی گھر مدر اور وبر کا باقی نہ رہے گا کہ اس میں اسلام کا کلمہ اللہ تعالیٰ داخل کرے گا خواہ کسی عزیز کی عزت کے ساتھ یا کسی ذلیل کی ذلت کے ساتھ جن کو خدا عزت دے گا وہ اس کلمہ کے اہل ہوں گے اور جن کو ذلت دے گا وہ اس کے مطیع ہوں گے اور سب جگہ دین اللہ کا ہوگا۔

پس کوئی وجہ نہیں کہ اس آیت کریمہ کا مصداق بقول قادیانی صاحب قادیانی صاحب کا موجودہ زمانہ ہو جس میں چاروں طرف سے کفر کا غلبہ ہونے سے دارالاسلام دارالکفر بلکہ دارالحرب بنا جارہا ہے اور آج تک تیس (۳۰) برس کے عرصہ میں کوئی بھی نصرانی یا یہودی یا مجوسی ان کے ذریعہ سے مسلمان نہ ہوسکا اور نہ ان کی تصنیفات اور تالیفات اور ترّہات الہامات اور مزخرفات دعویات نے بجز کاست دین کے کوئی فائدہ بخشا بلکہ اس نے الٹا امت محمدیہ کو یہودیت کی نسبت دے دی اور اپنے لئے ان کی زبانی ملحد کا خطاب حاصل کرلیا اور بجائے اس کے کہ وہ قوم شرک وکفر میں برہمی پھیلاتے برعکس اس کے خود اُمّت محمدیہ میں سے گروہ نیچریہ کی طرح ایک گروہ غیر مقلّد قادیانی کھڑا کردیا۔

ایں قصہ عجب شنو کز بخت واژگون مارا بکشت یار بانفاس عیسوی

قادیانی کا دعویٰ تشابہہ فطرت با مسیح

امرِ دوم یعنی قادیانی صاحب کا یہ دعویٰ کہ ان کو حضرت مسیح علیہ السلام کے ساتھ بحدّی اتحاد اور ان کی فطرت اور حضرت مسیح علیہ السلام کی فطرت ایسی متشابہہ واقع ہوئی ہے کہ گویا ایک

Marfat.com

جوہر کے دو ٹکڑے یا ایک درخت کے دو پھل ہیں۔ پس قبل اس کے کہ ہم اس کی نسبت اپنی رائے سے کوئی فتویٰ دیں ضرور ہے کہ ہم اوّلاً حضرت مسیح ابن مریم علیہ السلام کی صفات ذاتیہ جو ان کے نفس فطرت میں ودیعت کی گئیں اور جو ان کو از جہت نبوت عطا کی گئیں اور جن کا ثبوت قرآن وسنّت سے پایا گیا ہے انصاف پسند دوستوں کے پیش نظر کریں تا کہ مشبّہ اور مشبّہ بہ میں فرق کرنے کا پورا موقع ملے۔

عیسیٰ نبی اللہ کی فطرت

پس پہلا وصف ذاتی جو قرآن کریم حضرت عیسیٰ علیہ السلام میں ثابت کر رہا ہے۔ وہ یہ ہے۔ واذکر فی الکتاب مریم اذا نتبذت من اهلها مكانا شرقيا○ فاتخذت من دونهم حجابا فارسلنا اليها روحنا فتمثل لها بشرا سويا○ قالت انی اعوذ بالرحمٰن منک ان کنت تقيا○ قال انما انا رسول ربک لاهب لک غلاما زكيا○ قالت انّٰی يكون لی غلام ولم يمسسنی بشر ولم اک بغيا○ قال كذلک قال ربّک هو علی هين ولنجعله اٰية للناس ورحمة منا وكان امر مقضيا○ فحملته فانتبذت به مكانا قصيا○ فاجاءها المخاض الی جذع النخلة قالت يليتنی مت قبل هذا وكنت نسيا منسيا○ فنادها من تحتها الا تحزنی قد جعل ربک تحتک سريا○ وهزّی اليک بجذع النخلة تساقط عليک رطبا جنيا○ فكلی واشربی وقرّی عينا فاما ترين من البشر احدا فقولی انی نذرت للرحمٰن صوما فلن اكلم اليوم انسيا○ فاتت به قومها تحمله قالوا يامريم لقد جئت شيئا فريا○ يا اُخت هارون ماكان ابوک امرء سوء وماكانت اُمّک بغيا○ فاشارت اليه قالوا كيف نكلم من كان فی المهد صبيا○ قال انی عبدالله اٰتنی الكتاب وجعلنی نبيا○ الآیۃ (سورۂ مریم) کہ وہ باعتبار فطرت اور نفس خلقت کے برخلاف

Marfat.com

جمیع انبیاء کرام اللہ تعالیٰ کے کمال قدرت کی ایک آیت اور رحمت ہیں جو بغیر کسی بشر کے چھونے کے مریم نا کتخدا کے بطن سے فقط حضرت جبریل علیہ السلام کے نفخ سے ایک ہی ساعت میں متکون ہو کر متولّد ہو گئے۔ جیسے کہ یہی معنی خازن اور مدارک میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے منقول ہے لیکن افسوس کہ ان کے مثیل یعنی مرزا قادیانی یہ وصف اپنے میں نہ دیکھ کر حضرت مسیح کے اس وصف سے جس کو نفس فطرت سے تعلق ہے اور جس میں مرزا قادیانی اپنے کو حضرت مسیح سے متشابہہ الفطرت ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں منکر ہو گئے اور باتباع یہود و جہود فرقہ نیچریہ کی طرح ایسے تولّد کو خلاف قانون قدرت سمجھ کر اپنے ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۳۰۳ میں لکھ دیا کہ حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس برس کی مدّت تک نجاری کا کام بھی کرتے رہے ہیں یعنی وہ بن باپ نہیں پیدا ہوئے تھے بلکہ وہ یوسف نجّار کے بیٹے تھے۔

قانون قدرت

حالانکہ یہ امر شرعاً و عقلاً ثابت ہے کہ جس طرح حق تعالیٰ کی ذات غیر محاط اور ہمارے تعقل سے خارج اور وراء الوراء ہے اسی طرح اس کے افعال بھی غیر محاط اور ہمارے احاطۂ عقل سے باہر اور وراء الوراء ہیں۔ پس یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ ایسی ذات کے افعال غیر محاط کو محاط بنانے کے لئے ایک ایسا قانون قدرت اختراع کیا جائے جس سے اس ذات وراء الوراء کی قدرت غیر محاط اور غیر محدود، محدود کی جا سکے۔ اور جس کو کہ وہ خود از روئے رحمت بھی نہایت اپنے نبی کریم اور کلام عظیم کے ذریعہ اپنے کمال قدرت کی ایک آیت بیان فرما رہا ہے اس کی تکذیب کی جائے۔ ہاں سچ ہے کہ سنت اللہ میں (یا بقول سید نیچری اللہ تعالیٰ کے قانون قدرت میں) کوئی بھی تغیّر و تبدّل نہیں کر سکتا۔ لیکن ساتھ ہی اس کے یہ بھی راست ہے کہ کوئی ناقص العقل اور کوئی چشم احول اس ذات کے قانونِ قدرت پر اپنے استقراء سے احاطہ نہیں کر سکتا ہے اور نہ اس صورت میں کوئی بھی ان اعجاز مغیبہ کی جو ایک اللہ

Marfat.com

کے معجز نما بندہ کے ہاتھ پر ظاہر ہوئے اور اس سے زیادہ تر معجز نما بندہ خدا محمد مصطفیٰ ﷺ کی زبانی خدا نے ان کی خبر دی ہو اپنے محدود شواہد پر قیاس کر کے تکذیب کر سکتا ہے۔ پس اس فرقہ کے امام سر سیّد کا سورۂ انعام کی تفسیر کے اخیر یعنی جلد سوم صفحہ ۳۹ میں اوّلاً اقرار کرنا کہ ہاں یہ بات سچ ہے کہ تمام قوانین قدرت ہم کو معلوم نہیں ہیں اور جو معلوم ہیں وہ نہایت قلیل ہیں اور ان کا علم بھی پورا نہیں ہے بلکہ ناقص ہے۔ اور ثانیاً ایسے عجیب واقعہ کے متعلق کہ جس کے وقوع کا کافی ثبوت موجود ہو اور گو ان کے اختراعی اور معلومہ قانون قدرت کے مطابق نہ ہو۔ یہ لکھنا کہ ایسی صورت میں بلاشبہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اس کے وقوع کے لئے کوئی قانون قدرت ہے مگر اس کا علم ہم کو نہیں اور پھر اس کے برخلاف یوں لکھنا کہ جب وہ کسی قانون قدرت کے مطابق واقع ہوا ہے تو وہ معجزہ نہیں۔ کیونکہ ہر شخص جس کو وہ قانون معلوم ہو گیا ہو گا اس کو کر سکے گا۔ یہ انصاف پسند دوستوں کے نزدیک ایک دیوانہ کی بڑ سے بھی زیادہ تر وقعت نہیں رکھتا۔ کیونکہ ہمارے نزدیک معجزہ خدا تعالیٰ کے اس فعل کا نام ہے جو بندوں کی قدرت سے بالاتر ہو پھر خواہ خدا کے ایسے فعل کا ظہور بلاواسطہ ہو اور یا اس کے کسی خاص بندہ کے واسطے سے ہو جس کی کرامت اللہ تعالیٰ کو منظور ہے تو پھر اس قانون کے معلوم کر لینے میں دوسرا کوئی کیونکر سہیم ہو سکے گا۔ اور وہ فعل معجزہ کی حد سے کیوں باہر ہو گا۔ پس سر سیّد کا اس سے یہ نتیجہ نکالنا بالکل دور از ایمان ہے جو انہوں نے اس جلد کے صفحہ ۳۹ میں لکھا کہ ہماری سمجھ میں کسی شخص میں معجزے یا کرامت کے ہونے کا یقین کرنا ذات باری کی توحید فی الصفات پر ایمان کو ناقص اور نا کامل کر دینا ہے اور اس کا ثبوت پیر پرست و گور پرست لوگوں کے حالات سے ظاہر ہے جو اس وقت بھی موجود ہیں اور صرف معجزہ و کرامت کے خیال نے ان کو اس کی رغبت دلائی ہے اور خدائے قادر مطلق کے سوا دوسرے کی طرف ان کو رجوع کیا ہے۔ اسی وجہ سے ہمارے سچّے ہادی محمد رسول اللہ ﷺ نے اور ہمارے سچّے خدا وحدہ لاشریک نے

Marfat.com

صاف صاف معجزات کی نفی کردی۔ انتہیٰ مگر ہمارا یہ تمام کلام یاد رکھنے کے قابل ہے جو اوپر قانون قدرت کے متعلق لکھا گیا ہے۔ کیونکہ اس سے عنقریب کام لینا ہوگا۔

عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات

اسی طرح وصف دوم جو قرآن نے عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے لئے ثابت کیا ہے وہ یہ ہے جو سورۂ آل عمران میں خود عیسیٰ علیہ السلام کی زبانی اقرار ہے۔ کہ انی جئتکم بایٰة من ربکم انی اخلق لکم من الطین کھیئة الطیر فانفخ فیه فیکون طیرا باذن اللّٰه وابرئ الاکمه والابرص واحی الموتیٰ باذن اللّٰه وانبئکم بما تاکلون وما تدخرون فی بیوتکم ان فی ذٰلک لاٰیة لکم ان کنتم مؤمنینo (آل عمران) یوم یجمع اللّٰه الرسل فیقول ماذا اجبتم قالوا لاعلم لنا انک انت علام الغیوبo اذ قال اللّٰه یا عیسیٰ ابن مریم اذکر نعمتی علیک وعلی والدتک اذ ایدتک بروح القدس تکلم الناس فی المهد وکهلا واذ علمتک الکتاب والحکمة والتورٰة والانجیل واذ تخلق من الطین کهیئة الطیر باذنی فتنفخ فیها فتکون طیرا باذنی وتبرئ الاکمه والابرص باذنی واذ تخرج الموتیٰ باذنی واذ کففت بنی اسرائیل عنک اذ جئتهم بالبیّنات فقال الذین کفروا منهم ان هذا الاسحر مبینo (مائدہ) انہوں نے ان علامات کے ساتھ بنی اسرائیل کی طرف اپنی رسالت کا دعویٰ کیا کہ مجھ کو میرے رب نے یہ نشانی دی ہے کہ میں مٹی کے پتلے بنا کر ان میں پھونک مارتا ہوں اور وہ اللہ کے حکم سے پرندے ہو جاتے ہیں۔ اور اللہ کے اذن سے مادرزاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرتا ہوں اور مُردوں کو زندہ کرتا ہوں اور جو گھروں میں کھا پی کر اور نیز ذخیرہ رکھ کر آتے ہو اس کو جانتا ہوں اور تم کو بتا سکتا ہوں۔ چنانچہ اسی کے مطابق حق تعالیٰ نے سورۂ مائدہ میں اپنے نبی کریم

Marfat.com

ﷺ کی زبانی اطلاع دی کہ قیامت کے دن جبکہ وہ سب رسولوں کو جمع کرے گا اور ہر ایک کی امت کی سرگذشت ان سے پوچھے گا اور وہ اس کا علم خدا کی طرف تفویض کریں گے تو اس وقت خدا تعالیٰ اپنی نعمات کی یاددہانی جو حضرت عیسیٰ اور ان کی والدہ پر کی ہے اس طرح پر کرے گا کہ اے عیسیٰ ابن مریم میرے احسان کو یاد کر جو تجھ پر اور تیری ماں پر ہوا جبکہ میں نے تجھ کو روح القدس کے ساتھ تائید دی اور تو لوگوں سے حالتِ مہد یعنی ماں کی گود میں اور بڑی عمر میں یکساں باتیں کرتا تھا اور جبکہ میں نے تجھے کتاب اور حکمت اور توریت وانجیل سکھلائی اور جبکہ تو میرے اذن کے ساتھ جانور کی تمثال بنا کر اس میں پھونک مارتا تھا اور وہ میرے ہی اذن سے پھر پرند بن جاتے تھے اور تو میرے ہی اذن سے مادر زاد اندھے اور کوڑھی کو اچھا کرتا تھا اور جبکہ تو میرے ہی اذن سے مُردوں کو قبروں سے زندہ نکالتا تھا اور جب کہ میں نے بنی اسرائیل کو تیرے قتل سے ہٹا رکھا جبکہ تو ان کی طرف معجزات کے ساتھ گیا لیکن وہ لوگ جو ان میں سے کافر ہو گئے وہ بول اٹھے کہ یہ سب بجز صریح جادو کے اور کچھ نہیں۔

قادیانی صاحب کا عیسیٰ علیہ السلام کے معجزات سے انکار

لیکن ہائے افسوس کے ان کے مثیل مرزا قادیانی نے جبکہ اپنے کو حضرت مسیح علیہ السلام کے اس وصف سے بھی بے بہرہ پایا تو ان کفار کی طرح براہین احمدیہ کی تمہید پنجم میں ان معجزات کو بایں علت مجوب الحقیقت کہا کہ وہ بظاہر صورت مکروں سے متشابہ ہیں اور پھر صاف صاف لکھ دیا کہ عند العقل یہ بات نہایت صحیح اور قرین قیاس ہے کہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے اندھوں لنگڑوں کو شفا حاصل ہوئی ہے تو بالیقین یہ نسخہ حضرت مسیح نے اسی حوض سے اڑایا ہوگا جو عبرانی میں بیت خدا کہلاتا تھا اور جس کا پانی ہلنے کے بعد جو کوئی کہ پہلے اس میں اترتا کیسی ہی بیماری میں کیوں نہ ہو اس سے چنگا ہو جاتا تھا اور جس پر کہ حضرت مسیح اکثر جایا بھی کرتے تھے۔ اور ازالۃ الاوہام میں لکھا کہ یہ اعتقاد بالکل غلط اور فاسد اور

Marfat.com

مشرکانہ خیال ہے کہ مسیح مٹی کے پرندے بنا کر اور ان میں پھونک مار کر انہیں سچ مچ کے جانور بنا دیتا تھا۔ نہیں بلکہ صرف عمل التّرب تھا جو روح کی قوّت سے ترقی پذیر ہو گیا تھا۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اسی کام کیلئے اس تالاب کی مٹّی لاتا تھا جس میں روح القدس کی تاثیر رکھی گئی تھی۔ بہر حال یہ معجزہ صرف ایک کھیل کی قسم میں سے تھا اور وہ مٹی درحقیقت ایک مٹی ہی رہتی تھی جیسے سامری کا گوسالہ۔ اگر یہ عاجز اس عمل التّرب کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خدا تعالیٰ کے فضل وتوفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا۔ اور حضرت مسیح کی پیشین گوئیوں کو براہین احمدیہ کی تمہید ششم میں بایں علّت مجوب الحقیقت کہا کہ وہ نجومیوں اور رمّالوں اور کاہنوں اور مؤرخوں کے طریقہ بیان سے مشابہہ ہیں اور کہا کہ سچی وہ ہیں جن کے ساتھ ان لوگوں کا شریک ہونا ممتنع اور محال ہو۔ انتہیٰ اور نیز ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۳۱۱، ۳۱۲ میں لکھا کہ حضرت مسیح کے عمل التّرب سے وہ مردے جو زندہ ہو جاتے تھے وہ بلا توقّف چند منٹ میں مر جاتے تھے۔ اور یہ جو میں نے مسمریزمی طریق کا نام عمل التّرب رکھا ہے یہ الہامی نام ہے جو خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا۔ انتہیٰ

پس اگر قادیانی صاحب کے ان اقوال کو صحیح مان لیا جائے اور سامری کے گوسالہ کی طرح ان معجزات کو مجوب الحقیقت اور ایک کھیل تصور کیا جائے تو پھر حق تعالیٰ کا یہ احسان جتلانا کیا معنی رکھتا ہے؟ اور وہ اللہ کی آیات اور نعمات کیونکر ہو سکتے ہیں؟ اور ان کو سحر کہنے والے کفر کی طرف کیوں منسوب کئے جاتے؟ اور اگر موتیٰ سے مراد حقیقی موت اور ان کی احیا سے حقیقی حیات مقصود نہ ہوتی تو بار بار (لفظ اِذنی) یعنی خدا کے اذن کی اس میں کیا ضرورت تھی اور نیز لفظ اخراج جو قبروں سے مُردوں کے نکالنے پر دلالت کرتا ہے اذن اللہ کے ساتھ کیوں مستعمل کیا گیا؟ اور اگر عیسیٰ نبی اللہ نجوم یا رمل وغیرہ کے ذریعہ سے پیشین گوئیاں کرتے تھے یا کسی نسخہ یا عمل الترب کے ذریعے سے بیماروں کو اچھا کرتے تھے تو نبی

Marfat.com

اور ساحر میں فرق کیا رہا؟ الحاصل قادیانی صاحب کے یہ سارے ہذیانات نہ فقط قرآن کریم کے مخالف ہیں بلکہ خدا اور رسول اور ائمۂ مقبول کی تکذیب بھی کرتے ہیں اور ان کفار کے قول سے بھی بدتر ہیں جنہوں نے ان کو سحر کہا۔

عیسیٰ علیہ السلام کی عمر

وصف سوم جو حضرت مسیح علیہ السلام کی نسبت قرآن کریم نے بیان فرمایا وہ یہ ہے کہ ان کی عمر اس دنیا میں زمانہ کہولت سے تجاوز نہ کرے گی اور نہ وہ کہولت کے قبل مریں گے جیسے کہ مظہری میں ہے اور بالتفصیل آئندہ اس کا بیان آئے گا۔ مگر افسوس کہ ان کے مثیل نے اپنی عمر کی نسبت ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۶۳۵ میں الہامی پیشین گوئی کردی ہے کہ ان کی عمر اسّی (۸۰) برس یا اس کے قریب یعنی سن شیخونت تک پہنچے گی۔

عیسیٰ علیہ السلام کا قیامت کے قبل آنا اور اس پر اہل کتاب کا ایمان لانا

وصف چہارم جو حضرت مسیح کے متعلق قرآن کریم نے بیان فرمایا ہے وہ یہ ہے کہ

وان من اهل الكتاب الا ليؤمنن به قبل موته ويوم القيامة يكون عليهم شهيدا○ (سورۃ نساء) آئندہ کسی زمانہ میں ہر ایک اہل کتاب عیسیٰ پر ایمان لائے گا۔ قبل اس کے کہ مرے اور قیامت کے دن عیسیٰ ان کے ایمان کی شہادت دے گا۔

مگر افسوس کہ حضرت مسیح کے مثیل مرزائے قادیانی حضرت مسیح علیہ السلام کو ایسا منصب حاصل نہیں کرنے دیتے اور ازالۃ الاوہام کے متعدد صفحات ایک طویل لیکچر میں تحریر فرما رہے ہیں کہ ''کوئی اہل کتاب ایسا نہیں جو اپنے مرنے کے قبل مسیح علیہ السلام کی طبعی موت کے ساتھ مرنے پر یقین نہ رکھتا ہو اور اس آیت میں ایک بھی ایسا لفظ نہیں جو اس کو کسی خاص محدود زمانہ سے متعلق اور وابستہ کرتا ہو''۔

لیکن قادیانی صاحب کو اس آیت کریمہ میں لَيُؤْمِنَنَّ بِهٖ کا صیغۂ استقبال نظر نہ آیا

Marfat.com

جو مؤکد بنون تاکید ثقیلہ اور لام جواب قسم کے ساتھ حرف نفی یعنی حرف اِنْ کے بعد واقع ہوا۔ اور کتب اصول نحو میں مذکور ہے کہ حرف اِن لام قسم اور نون تاکید اور بقول سیبویہ ما نافیہ کی طرح صیغہ مضارع کو خالص استقبال کے لئے مخصوص کر دیتا ہے۔ پس یہ صیغہ صریح النص ہے کہ اس آیت مبارک کے نزول کے قبل کے اہل کتاب یا وقت نزول کے اہل کتاب کے متعلق خبر نہیں دی گئی کہ وہ ایمان لا چکے ہیں یا لائے ہیں بلکہ یہ ان اہل کتاب کے ایمان کے متعلق پیشین گوئی ہے جو نزول عیسیٰ علیہ السلام کے وقت موجود ہوں گے اور ان کے ایمان پر قیامت کے دن حضرت عیسیٰ علیہ السلام شہادت دیں گے۔ جیسے کہ یہی مذہب مفسرین کی ایک جماعت کا اور نیز ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا ہے۔ (دیکھو جمل صفحہ ۵۶) اور نیز شہید کے اصل معنی بھی یہی ہیں یعنی حاضر نہ کہ غائب۔ کیونکہ غائب کو شہید نہیں بولا جاتا اسی واسطے ان لوگوں سے جنہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کے رفع کے بعد ان کی غیبت کے زمانہ میں ان کو اور ان کی والدہ کو خدا کہا حضرت عیسیٰ ان کی نسبت قیامت کے دن اس طرح تبرّے کا اظہار فرمائیں گے۔ **وکنت علیھم شھیدا مادمت فیھم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم وانت علی کل شئ شھیدo** (سورۂ مائدہ) کہ اے خدا جب تک کہ میں ان کے درمیان تھا تو میں ان کا شہید اور رقیب تھا لیکن جب تو نے مجھے ان کے درمیان سے اٹھا لیا تو پھر تو ہی ان کا رقیب تھا اور تو ہی ہر شے کا شہید ہے۔ پس سورۂ مائدہ میں ان کافروں کے متعلق حضرت عیسیٰ کا شہید اور رقیب ہونے سے انکار کرنے اور سورۂ نساء میں حق تعالیٰ کا ان کو شہید بیان فرمانے کے معنی بجز اس کے نہیں کہ ان ایمان لانے والوں کے درمیان حضرت عیسیٰ اسی طرح شہید ہوں گے جس طرح کہ رفع کے قبل اپنی قوم میں شہید ہونے کا اقرار سورۂ مائدہ میں فرما رہے ہیں اور یہی معنی ہیں کہ احادیث صحیحہ جس کی مؤید اور مثبت ہیں جیسے کہ بالتفصیل اس کا بیان آئے گا۔ اور یہ تو پہلے بیان ہو چکا ہے کہ قادیانی صاحب بیس بائیس

Marfat.com

برس تک قبل اس کے قرآنی آیات سے حضرت مسیح علیہ السلام کی حیات اور جسمانی نزول کے قائل ہو چکے ہیں۔

ماسوائے ان چہار اوصاف مخصوصہ کے بہت سے اوصاف احادیث رسول اللہ ﷺ سے بھی ثابت ہیں جیسے ان کا بعد نزول دجّال کو قتل کرنا اور بظاہر سلطنت وحکومت خلیفہ رسول اللہ ہونا اور بجز دین محمدی کے کسی دین کا باقی نہ رکھنا اور سب کا ایک ہی ملت پر ہو جانا اور خنازیر کو قتل کرنا اور صلیب کو توڑنا یعنی دین نصاریٰ کو نیست ونابود کرنا اور اس کے بعد زمین میں ایسا امن ہو جانا کہ بھیڑیا اور بھیڑ مل کر چریں گے اور رسول اللہ ﷺ کے روضۂ مبارک میں صاحبین اور رسول اللہ کی قبر شریف کے درمیان ان کی قبر ہونا۔

قادیانی صاحب دعویٰ تشابہ فطرت میں سچے نہیں

مگر افسوس ہے کہ ہم قادیانی صاحب کو باوجود دعویٰ تشابہ فطرت ان سب اوصاف حضرت مسیح سے خالی بلکہ ان کا منکر دیکھتے ہیں اور جو شخص کہ ان کو ان کے ہزلیات کا جواب دیتا ہے اس کے مقابل ملاعنہ اور مباہلہ کے ساتھ وہ کھڑے ہو جاتے ہیں اور بدمعاشوں کی طرح گالی گلوچ پر آمادہ ہو جاتے ہیں۔ چنانچہ ان کا عربی مکتوب ابتدا سے انتہا تک لعنت اور پھٹکار سے بھرا ہوا ہے۔ حالانکہ ایک خاص وصف عیسیٰ علیہ السلام کا جیسے کہ انجیل میں ہے یہ بھی تھا کہ فرمایا انہوں نے، میں توریت کے ابطال کے لئے نہیں آیا بلکہ اس کی تکمیل کے لئے آیا ہوں۔ صاحب توریت نے کہا کہ نفس کے مقابل نفس اور آنکھ کے مقابل آنکھ اور ناک کے مقابل ناک اور کان کے مقابل کان اور جروح کے لئے قصاص ہے لیکن میں کہتا ہوں کہ جب تیرا بھائی تیرے سیدھے کلّہ پر تھپّڑ مارے تو تو بایاں کلّہ بھی اس کے سامنے رکھ۔ یعنی تواضع اور انکسار اور عفو اور ایثار عیسیٰ علیہ السلام کا ایک خاص وصف تھا جو ان کی امّت کے لئے بمنزلۂ شریعت ہو گیا۔

Marfat.com

حدیث ''علماء اُمتی کانبیاء بنی اسرائیل'' کی شرح

اور نیز بتقدیر صحت حدیث علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل جس سے قادیانی صاحب اپنے متعدد رسائل میں اپنی صحت مثیل ہونے پر استدلال کرتے ہیں۔اس کے معنی بھی بجز اس کے اور کچھ نہیں کہ علماء اُمت کے بعض افراد کو علی سبیل التفاوت انبیاء بنی اسرائیل میں سے کسی ایک نبی کے ساتھ تشبّہ اور مناسبت بعض خصوصیات ذاتیہ میں ہو جاتی ہے جیسے کہ یہی مفاد کاف تشبیہ کا ہے اور اس نبی کی وہ خصوصیات اس عالم اُمّت میں علی سبیل الظل ظاہر ہونے لگتی ہیں اور اس وقت وہ نبی اس عالم امت کا مُربی کہا جاتا ہے اور اس عالم کو کہا جاتا ہے کہ وہ زیر قدم فلان نبی ہے اور وہ عیسوی المشرب ہے یا موسوی المشرب اور وہ آدمی المشرب ہے یا ابراہیمی المشرب۔پس اس عالم میں اس وقت اس نبی کی صفات خاصہ حسّاً متحقّق ہونے لگتی ہیں جیسے حضرت بایزید بُسطامی رحمۃ اللہ علیہ کہ وہ عیسوی المشرب تھے۔

ابو یزید نے عیسوی المشرب ہونے سے ایک چیونٹی کو قتل کر کے زندہ کیا

انہوں نے اس معنی کو جان لیا وھذہ مسئلة لایمکن ان تصرف الاذرقا کابی یزید حین نفخ فی النملة التی قتلها فحییت فعلم عند ذٰلک انه کان عیسوی المشهد (فصوص الحکم صفحہ ۱۵۴) جبکہ انہوں نے ایک چیونٹی کو قتل کر کے اور پھر اس میں پھونک مارنے سے دوبارہ اس میں جان ڈال دی۔اور جیسے حضرت شاہ غلام محی الدین قصوری رحمۃ اللہ علیہ مؤلف کی دادا پیر ہیں ان کی نسبت ہمارے پیر حضرت شاہ غلام نبی احمدی للہی رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ چونکہ وہ موسوی المشرب تھے۔ایک مرتبہ کسی مخالف سے ایک مسئلہ میں کچھ بحث تھی اور طرف ثانی مسئلہ تسلیم نہ کرتے تھے۔حضرت کے سامنے فقہ شریف کی کتاب رکھی تھی۔جلالیت میں آکر وہ کتاب بزور اٹھا کر زمین پر دے ماری اور یہ فعل ان سے بعینہ ایسا ہی سرزد ہوا جیسے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے وقوع میں آیا کہ انہوں نے

Marfat.com

توریت کو اٹھا کر دے مارا۔ لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ وہ عالم امت ترقی کر کے نبی بن جائے جیسے کہ قادیانی صاحب نے کہہ دیا کہ میں نبی بھی ہوں اور امتی بھی۔ ہاں یہ عالم اُمت کبھی انبیاء کی طرح ایک مشرب سے دوسرے بالاتر مشرب کی طرف ترقی کر جاتا ہے۔

العلماء ورثة الانبياء کی حقیقت

جیسے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کے متعلق حضرت مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ جلد اوّل کے مکتوب صفحہ ۲۰۹ میں ارشاد فرماتے ہیں کہ ”چون حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام نزول خواہد فرمود ومتابعت شریع خاتم الرّسل صلی اللہ علیہ وسلم خواہد نمود از مقام خود عروج فرمودہ بہ تبعیت بمقام حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم خواہد رسید وتقویت دین او علیہما الصلوٰت والتحیات خواہد نمود“۔ اور کبھی یہ عالم ایک مشرب کے علاوہ دیگر مشارب سے بھی شرف فیض کرتا ہے۔ چنانچہ یہی معنی ہیں اس حدیث کے جو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ علماء ہی انبیاء علیہم السلام کے وارث ہیں اور یہی معنی ہیں اس حدیث کے جو فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اے علی رضی اللہ عنہ تجھ میں عیسیٰ کی مثال ہے کہ یہود نے اس کے ساتھ ایسی دشمنی کی کہ اس کی ماں پر بہتان لگائے اور نصاریٰ نے اس کے ساتھ ایسی محبت کی کہ اس کو ایسا مرتبہ دے دیا جو اس کا نہیں۔ چنانچہ خارج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ پیشین گوئی پوری ہوگئی اور خارجیوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے ایسی عداوت کی کہ بدگوئی تک پہنچ گئے۔ اور شیعہ نے ان کی دوستی میں یہاں تک غلو کیا کہ ان کے بعض نے ان کو ابن اللہ بنا دیا اور نیز جیسے کہ عیسیٰ علیہ السلام کی بدولت یہودیوں کے اکہتّر فرقے ہوگئے۔ اور نصاریٰ کے بہتّر اسی طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بدولت خوارج کے اکہتّر فرقے ہوگئے اور شیعہ کے بہتّر۔ جن کے اکثر تو عبدالکریم شہرستانی نے بالتفصیل اپنی کتاب الملل میں لکھ دیئے ہیں۔

حضرت ابوذر صحابی سے زیادہ کسی کو زہد وعکوف میں عیسیٰ بن مریم سے تشابہ نہیں اور اسی معنی کی طرف اشارہ ہے اس حدیث مشکوٰۃ میں عن ابی ذر قال قال

Marfat.com

رسول اللّٰہ ماظلت الخضراء ولا اقلت ابغراء من ذی لهجة اصدق ولااوفی عن ابی ذر شبه عیسٰی ابن مریم یعنی فی الزهد۔ جوآنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ نہیں سایہ کیا آسمان نے اورنہیں اٹھایا زمین نے کسی ذی زبان کو جوابوذر رضی اللہ عنہ سے اصدق اوراوفیٰ باعتبار مشابہت عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کے ہو۔ لمعات میں ہے کہ خارج میں ایسا ہی ہوا کہ وہ کبھی ادائے حق میں پیچھے نہ رہے اورزہدوعکوف میں ایسے ہوئے جیسے کہ عیسیٰ علیہ السلام تھے اوراس حدیث نے یہ بھی بتادیا ہے کہ ابی ذر سے بڑھ کرصدق اوروفا اورزہد وتجرد میں عیسیٰ علیہ السلام سے کوئی شخص دنیا میں مشابہ نہ ہوگا۔ اوراسی معنی کے متعلق ہے جو حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہ جلداوّل کے مکتوب ۲۵۱ میں اشارہ فرماتے ہیں۔ کہ ''حضرت صدیق رضی اللہ عنہ وحضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ باوجود حصول کمالات محمدی ﷺ بدرجات ولایت مصطفوی علیہ الصلوٰۃ والسلام درمیان انبیاء ماتقدم درطرف ولایت مناسبت بحضرت ابراہیم علیہ السلام دارند و درطرف دعوت کہ مناسب مقامِ نبوّت است مُناسبت بحضرت موسیٰ علیہ السلام دارند۔ وحضرت ذی النورین رضی اللہ عنہ در ہر دوطرف مناسبت بحضرت نوح علیہ السلام وحضرت امیر رضی اللہ عنہ در ہر دوطرف مناسبت بحضرت عیسیٰ علیہ السلام دارند۔ وچون حضرت عیسیٰ روح اللہ است وکلمہ ولاجرم طرف ولایت درایشان غالب است از جانب نبوّت ودر حضرت امیر رضی اللہ عنہ نیز بواسطہ آن مناسبت طرف ولایت غالب است''۔ انتہیٰ اور یہ معنی علم سیر کے جاننے والوں سے مخفی نہیں۔

پس جبکہ ہم ایسی ہی امثال کو پیش نظر رکھ کر قادیانی صاحب کے دعویٰ تشابہ فطرت اوراتحاد طینت اوران کے حالات پر غور کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ وہ اپنے اصیل یعنی حضرت مسیح علیہ السلام کے کسی وصف خاصہ کے ساتھ متصف نہیں ہیں بلکہ ان سب اوصاف کا ابطال اورانکار کرتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ وہ معاملات جو دو متحد الطینت اشخاص میں باہم ہو

Marfat.com

نے چاہئیں وہ ان سے بالکل معرّا ہیں تو اس وقت ہم نہیں یقین کر سکتے کہ وہ اپنے اس دعویٰ میں کسی طرح بھی سچے ہو سکتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام نے ان میں بروز کیا۔ سچ ہے

ع درکلبۂ گدایان سلطان چہ کار دارد

اتحاد طینت کی حقیقت

دعوی اتحاد طینت کے متعلق صحیح نتیجہ نکالنے کے لئے حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے معاملات انصاف پسند دوستوں کو بس ہیں جن کی طینت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طینت کا بقیہ ہونا ابن سیرین رضی اللہ عنہ سچے حلف کے ساتھ بیان فرماتے ہیں۔ **قال ابن سیرین لو حلفت حلفت صادقا باراً غیر شاک ولا مستثن ان اللّٰہ ماخلق محمدا صلی اللہ علیہ وسلم ولا ابابکر ولا عمر الا من طینۃ واحدہ ثم ردھم الی تلک الطینۃ** (عینی شرح بخاری) اور خطیب، ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ **عن ابن مسعود قال قال رسول اللّٰہ مامن مولود الاوفی سرتہ من تربۃ التی یولد منھا فاذا رد الی ارزل عمرہ رد الی تربۃ التی خلق منھا یدفن فیھا وانی وابابکر وعمر خلقنا من تربۃ واحدۃ وفیھا تدفن** (خطیب ہدیہ مجددیہ) فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی مولود ایسا نہیں جس کی ناف میں اس مٹّی کا کوئی حصہ نہ ہو جس سے کہ وہ پیدا کیا جاتا ہے پس جبکہ وہ ارزل عمر کو پہنچتا ہے تو اسی مٹی کی طرف لوٹایا جاتا ہے جس سے وہ پیدا ہوا ہے اور اسی میں دفن کیا جاتا ہے۔ اور میں اور ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ ایک ہی مٹّی سے پیدا کئے گئے ہیں اور اسی میں دفن کئے جائیں گے۔

اور کوئی کمالِ نبوّت ایسا نہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ضمن میں شیخین رضی اللہ عنہما نے اس سے حظّ وافر حاصل نہ کیا ہو۔ اور غالبًا یہی سرّ ہے جو عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد بقول حضرت مجدّد علیہ الرحمۃ اپنے مقام عیسوی سے حقیقت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف عروج فرمائیں گے

Marfat.com

اور یہی بھید ہے جو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ عیسیٰ ابن مریم میرے ساتھ میرے مقبرہ میں دفن ہوگا اور میں اور عیسیٰ بن مریم ایک ہی قبر سے ابی بکر اور عمر کے درمیان اٹھیں گے۔

پس اتحاد طینت اور تشابہہ فطرت کے ایسے ہی خواص ہوتے ہیں جو باہمی متشابہہ فطرت میں بروز کر آتے ہیں حتی کہ انواع نباتات میں بھی جیسے کہ حدیث اکرام نخلہ سے ثابت ہے اور اس مقدمہ کو ہم اسی پر ختم کرتے ہیں۔

مقدمۂ پنجم

(خدا کے وعید میں تخلف ہوجانے کے بیان میں)

بقول قادیانی عذاب کے وعدے میں تخلف سنت اللہ ہے

قادیانی صاحب نے اپنی پیشین گوئیوں کا جھوٹ چھپا دینے کے لئے خدا کو اور خدا کے رسولوں کو بھی اپنے ساتھ اس جھوٹ میں شریک بنانا چاہا اور انجام آتھم کے صفحات ۲۸، ۲۹ اور ۳۱ میں وعید میں تخلّف سنت اللہ ہونا لکھ دیا اور اس کی شہادت میں حضرت یونس علیہ السلام کا قصہ بحوالہ تفسیر درِ منثور ابن عباس سے نقل کیا کہ خدا نے یونس علیہ السلام نبی پر یہ وحی نازل کی کہ فلاں تاریخ ان کی قوم پر عذاب نازل کروں گا۔ سو ان لوگوں نے خدا کی طرف تضرّع کی اور رجوع کیا سو خدا نے ان کو معاف کر دیا اور کسی دوسرے وقت پر عذاب ڈال دیا۔ تب یونس کہنے لگا کہ اب میں کذّاب کہلا کر اپنی قوم کی طرف واپس نہ جاؤں گا اور دوسری راہ لی۔ حالانکہ اس عذاب کے وعید میں کوئی شرط نہ تھی۔ انتہی مگر قادیانی صاحب کو خدا کا یہ کلام یاد نہ رہا جو فرمایا ہے کہ **وقد قدمت الیکم بالوعید○ ما یبدل القول لدی** (سورۂ ق) وعید پہلے ہی سے مقرر ہو چکی ہے اور اس کے کسی قول میں تبدیلی نہیں ہو سکتی اور **ولا تحسبن اللّٰہ مخلف وعدہ رسلہ** (سورۂ رعد) وہ اپنے وعدوں میں جو اپنے

Marfat.com

رسولوں سے کرتا ہے ہرگز تخلف نہیں کرتا۔امام ربّانی فرماتے ہیں کہ وعدرسل وعداور وعید ہر دوکوشامل ہےاور یہ کس قدر شناعت کی بات ہے کہ خدااپنے رسولوں سے وعداور وعید کے عہد میں تخلف کردے جوعقلاً اورشرعاً ہرطرح سے شنیع اور قبیح ہےاور جیسے کہ شامی کی جلد اوّل میں علامہ تفتازانی وغیرہ نے اور نیز علاّمہ نسفی نے تصریح کردی ہے۔کہ ''وعید میں تخلف محققین نے ہرگز جائز نہیں رکھااور لقانی نے اُبی اورامام نووی سے نقل کردیا ہے کہ علاوہ کفّار کے ایمان والے گنہگاروں پر بھی وعید کا نفوذ ہوگا اوراسی پراجماع کا انعقاد ہے''۔ اورقطع نظراس کے قوم یونس کے مقدمہ کا فیصلہ تو خودخدانے کردیا۔اورصریح ارشادفرمادیا کہ

فلولا کانت قریة اٰمنت فنفعها ایمانها الا قوم یونس لما اٰمنوا کشفنا عنهم عذاب الخزی فی الحیٰوة الدنیا (سورۂ یونس) کہ کیوں نہ وہ ویران شدہ بستیاں معائنہ عذاب کے قبل سچاایمان لے آئیں تاکہ ان کاایمان ان کے رفع عذاب کا نفع دیتااورحلول عذاب کے انتظار میں نہ رہتیں جیسے کہ فرعون نے کیا۔مگر برخلاف ان کے فقط ایک قوم یونس ہی تھی جونزول عذاب کے قبل سچاایمان لے آئی اورہم نے دنیا کی زندگانی میں بھی ان سے ذلت کا عذاب اٹھادیا۔پس کلام اللہ کی یہی آیت بتلارہی ہے کہ حلول عذاب کے وعید میں عدم ایمان ہی ہمیشہ کیلئے سنت اللہ میں شرط رہا۔اورقطع نظراس کے یہ کیونکر ہوسکتا ہے کہ ایک اولوالعزم نبی اللہ اپنے اللہ کی نسبت ایساظن کرکے بھاگ نکلے۔حالانکہ تفسیر خازن میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے یہ قصّہ اس طرح پرمنقول ہے کہ عن ابن عبّاس اتی جبریل یونس فقال انطلق الی اهل نینوا فانذرهم فقال التمس دابة قال الامر اعجل من ذٰلک فغضب وانطلق الی السفینة۔کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضرت یونس نبی علیہ السلام کے پاس آئے۔اورکہا کہ نینوامیں جاکراہل نینوا کوڈرا۔اس پر یونس نے کہا کہ مجھے ایک سواری چاہیے۔جبریل نے کہا یہ کام جلدی کا ہے اس پر یونس علیہ السلام غصہ ہوکر

Marfat.com

کشتی کی طرف چلے گئے۔ اور ایک روایت میں ابن عبّاس سے یہ بھی ہے۔ کہ قال ابن عباس فی روایة عنه کان یونس وقومه یسکنون فلسطین فعذابهم ملک فسبی منهم تسعة اسباطا ونصفا وبقی منهم سبطان ونصف فاوحی اللّٰه الی شعیاء النبی ان اسر الی حزقیل الملک وقل له یوجه نبیًا قویافانی القی فی قلوب اولئک حتی یرسلوا معه بنی اسرائیل. فقال له الملک فمن تری و کان فی مملکة خمسة من الانبیاء قال یونس انه قوی امین فدعا الملک یونس وامره ان یخرج فقال یونس هل اللّٰه امرک باخراجی قال لاقال فهل سمانی اللّٰه لک قال لا قال فهٰهنا غیری انبیاء اقویاء فالحوا علیه فخرج مغاضبا للنبی وللملک وقومه واتی بحرالروم فرکب (خازن) کہ حضرت یونس علیہ السلام اپنی قوم کی معیت میں فلسطین میں رہا کرتا تھا کہ اتفاقاً کسی بادشاہ نے ان پر فوج کشی کر کے ان کے بارہ سبطوں میں سے ساڑھے نو سبط قید کر لئے اور باقی صرف اڑھائی سبط رہ گئے اس پر خدا نے شعیاء نبی کو وحی کی کہ حزقیل بادشاہ کو جا کر کہہ کہ وہ کسی قوی نبی کو اس ظالم بادشاہ کے مقابلہ کے لئے روانہ کرے اور میں بنی اسرائیل کے دلوں میں اس کے ساتھ جانے کے لئے القا کر دوں گا۔ حزقیل نے شعیاء نبی سے پوچھا کہ تیرے خیال میں کس کو بھیجوں۔ کیونکہ اس وقت وہاں پانچ نبی موجود تھے تو شعیاء نے رائے دی کہ یونس ہی قوی اور امین ہے۔ پھر حزقیل نے یونس کو بلا کر فہمائش کی اس پر یونس علیہ السلام نے پوچھا کہ کیا خدا نے میرے جانے کا تجھے حکم کیا ہے؟ حزقیل بولا نہیں۔ پھر یونس نے کہا کہ کیا خدا نے میرا نام لیا ہے؟ حزقیل بولا نہیں۔ پھر یونس علیہ السلام بولا کہ یہاں میرے سوائے دوسرے قوی انبیاء موجود ہیں۔ لیکن سب نے یونس ہی کو مجبور کرنا چاہا۔ مگر وہ شعیاء نبی اور حزقیل اور قوم سے رنجیدہ ہو کر بحیرہ روم کی طرف چلا گیا اور کشتی پر جا سوار ہوا۔ انتہی

Marfat.com

بقول قادیانی چار سو نبی کو شیطان نے دھوکا دیا اور وحی میں دخل دیا

مگر قادیانی صاحب نے اسی پر اکتفا نہ کیا اور ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۶۲۸ میں لکھا کہ کبھی شیطانی دخل انبیاء اور رسولوں کی وحی میں بھی ہو جاتا ہے اور اس کی سند میں وہی توریت کا قصہ لکھا کہ ایک بادشاہ کے وقت میں چار سو نبی نے اس کی فتح کے بارے میں پیشین گوئی کی اور وہ جھوٹے نکلے اور بادشاہ کو شکست آئی بلکہ اسی میدان میں مر گیا اور اس کی توجیہہ یہ بیان کی کہ دراصل وہ الہام ایک ناپاک روح کی طرف سے تھا۔ نوری فرشتہ کی طرف سے نہیں تھا۔ اور ان نبیوں نے دھوکا کھا کر ربانی سمجھ لیا تھا۔

انبیاء کے خطرات سے شیطانی وسوسہ بلا توقّف اٹھا دیا جاتا ہے

حالانکہ قرآن کریم قادیانی صاحب کے اس منقولہ قصّہ کی تکذیب کر کے گذشتہ نبیوں اور رسولوں کا اس بہتان سے ابراء فرما رہا ہے۔ دیکھو سورۂ حج میں آنحضرت ﷺ کو ارشاد ہوا۔ **وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبیّ الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیته فینسخ اللّٰه مایلقی الشیطان ثم یحکم اللّٰه اٰیته** (سورۂ حج) کہ اے محمد (ﷺ) ہم نے تیرے قبل ایسا کوئی نبی اور رسول نہیں بھیجا کہ اس کو یہ حالت پیش نہ آئی کہ جب اس نے (اپنی طبعی خواہش سے) کوئی خیال اپنے نفس میں گذرانا تو شیطان نے اس میں وسوسہ ڈال دیا اور معاً بلا توقّف اور بلا مُہلت اسی دم اللہ تعالیٰ نے شیطانی وسوسہ کا ازالہ فرما دیا اور اپنی نشانیوں کو محکم کر دیا اور یہ معنی نہیں کہ شیطانی وسوسہ دیر تک قائم رہا ہو اور اللہ تعالیٰ کی نشانیوں کی استواری میں کوئی عرصہ لگا ہو یا اخیر دم تک اس کا ازالہ نہ ہوا ہو۔ اس لئے کہ **الفاء للترتیب بلا مهلة وثم للتراخی زماناً اورتبة ارتفاعا اوانحطاطاً نحو جاء الجیش ثم الامیر اذا جاء وا معا او جاء الامیر سابقا لکن اخّر لافادة الترتیب بحسب الرتبة** (متن متین ومنہل) حرف فا قاعدہ نحو کے مطابق کلامِ عرب میں ترتیب بلا مہلت کا افادہ دیتا ہے اور حرف ثم تراخی باعتبار زمانہ کے علاوہ اکثر تراخی باعتبار رتبہ کے لئے بھی آتا ہے خواہ ارتفاعاً ہو یا انحطاطاً۔ پس

Marfat.com

آیت مذکورہ میں حرف ثم تراخی زمانہ کے لئے نہیں کیونکہ القاء شیطانی کے ازالہ اور آیات رحمانی کے استحکام میں بظاہر نظر فقط رتبۃً فرق ہے۔ اس لئے کہ ازالہ وسوسۂ شیطانی کو استحکام آیاتِ رحمانی لازم ہے اور یہ وہ آیت ہے کہ جس کی تفسیر میں کور فہموں نے جھوٹی کہانیاں اختراع کرلیں۔ چنانچہ کسی نے یہ کہا کہ آنحضرت ﷺ جب سورۂ نجم کی آیت افرأیتم اللات والعزّی پڑھ رہے تھے تو شیطان نے بے اختیار آپ کی زبان مبارک سے یہ فقرات نکلوا دیئے۔ تلک الغرانیق العلٰی وان شفا عتھن لترتجٰی۔ بیضاوی میں ہے کہ یہ قصہ محققین کے نزدیک قبول نہیں ھو مردود عند المحققین بیضاوی لااسندھا ثقة بسندصحیح اوسلیم متصل وانمارواہ المفسرون والمؤرخون المولعون بکل غریب الملفقون من الصحف کل صحیح وسقیم (خازن) کہ اس قصہ کو کسی ثقہ نے سند صحیح کے ساتھ روایت نہیں کیا۔ بلکہ اس کو ان مؤرخوں اور مفسروں نے بیان کیا ہے جو کہ صحت وسقم میں تمیز نہیں کرسکتے۔ اور کسی نے یہ کہا کہ تمنّٰی کے معنی قرأت اور تلاوت ہے۔ بیضاوی میں ہے کہ یہ معنی وثوق قرآن کے مخل ہیں کہ شیطان رجیم نبی ﷺ کی صورت کا محاکی بنے۔ پس صحیح معنی وہی ہیں جو بیضاوی اور خازن میں ہیں۔ تمنی زوّر فی نفسه ما یھواہ (بیضاوی)۔ تمنی خطر بباله وتمنی بقلبه (خازن)۔ یعنی اپنی طبعی خواہش کے مطابق کوئی خیال دل میں لائے۔ پس یہی آیت دلیل اتم ہے کہ انبیاء علیہم السلام بعد بعثت الی الخلق کبھی شیطان کے دام میں نہیں آسکتے اور ہمیشہ ان کی حرکات وارادات اور اقوال وافعال ارادہ الٰہی کے تابع رہتے ہیں اور وہ کوئی کام اپنی خواہش کے مطابق نہیں کرسکتے۔ بلکہ ان کی مثال ایسی ہے جیسے نَے کی آواز نفخ نائی کی تابع یا کہ حرکت حجر تحریک رامی کا ثمرہ ہے۔

بقول قادیانی محدّث کا الہام قطعی ہوتا ہے اور شیطانی القاء بلا توقف اس سے اٹھایا جاتا ہے

زیادہ تر تعجب خیز یہ امر ہے کہ قادیانی صاحب براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۴۸ میں اپنا الہام لکھ چکے ہیں کہ وہ محدث بفتح دال ہیں اور اس کی سند میں لائے ہیں کہ ابن عباس کی

Marfat.com

قراءت میں جس کو بخاری نے بھی لکھا ہے اس آیت میں کلمۂ و لامُحَدَّثٍ بھی ہے اور بعد اس کے لکھتے ہیں کہ محدّث کا الہام قطعی اور یقینی ثابت ہوتا ہے جس میں دخل شیطان قائم نہیں رہ سکتا اور وہ بلا توقّف نکالا جاتا ہے۔

ہم قادیانی صاحب سے معارضہ کر کے کہتے ہیں کہ جب محدث کی یہ شان ہے تو پھر انبیاء کے الہامات میں کیوں غلطی ہونے لگی۔ قطع نظر اس کے ہم کہتے ہیں کہ ان کے حوالہ کے مطابق بخاری میں یہ کلمہ براویت ابن عباس نہیں ہے۔ ہاں تفسیر درِّ منثور میں اس کلمہ کے نسخ ہونے پر بتخریج ابن ابی حاتم شہادت موجود ہے۔ جیسے کہ کہا اخرج ابن ابی حاتم عن سعد بن ابراهيم بن عبدالله بن عوف قال ان فيما انزل الله وما انزلنا من قبلک من رسول ولا نبی ولا محدّث فنسخت والمحدثون صاحب يس ولقمان وهو من ال فرعون وصاحب موسٰی (درمنثور صفحہ ۳۶۹)

مقدمۂ ششم

(محمد مصطفیٰ ﷺ کے اجتہاد میں خطا اور وحی کے غلط معنی سمجھنے میں اور غیر محدود علوم رسول اللہ میں)

اس کے بعد قادیانی صاحب نے اپنا جھوٹ چھپانے کے لئے خاتم النبیین محمد مصطفیٰ ﷺ کی نسبت بھی آریا اور کرسٹانوں کی طرح گستاخانہ کلمات کی پروانہ کی۔

بقول قادیانی محمد ﷺ نے بھی اجتہاد میں خطا کی اور وحی کے معنی غلط سمجھے

ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۶۸۷ سے ۶۹۲ تک متعدد مقامات میں لکھا کہ ''ایسے امور میں جو عملی طور پر سکھلائے نہیں جاتے اور نہ ان کی جزئیات خفیہ سمجھائی جاتی ہیں انبیاء سے بھی اجتہاد کے وقت امکان سہو و خطا ہے۔ مثلاً

ا ..... وہ خواب جس کا ذکر قرآن میں بھی ہے اور جو بعض مومنوں کے حق میں موجب ابتلا ہوئی

Marfat.com

اور جس کی بنا پر نبی ﷺ مدینہ منوّرہ سے مکہ معظّمہ کو کتنے دن تکلیف اٹھا کر گئے مگر کفار نے طواف خانہ کعبہ سے روک دیا اور اس وقت اس رؤیا کی تعبیر ظہور میں نہ آئی۔ حالانکہ بلاشبہہ رسول اللہ ﷺ کا خواب وحی میں داخل ہے۔ لیکن اس وحی کے اصل معنی سمجھنے میں غلطی ہوئی۔

۲.....اور ایسا ہی جب آنحضرت ﷺ کی بیویوں نے آپ کے روبرو ہاتھ ناپنے شروع کئے تھے تو آپ کو اس غلطی پر تنبّہ نہیں کیا گیا یہاں تک کہ آپ فوت ہو گئے۔

۳.....اور اسی طرح ابن صیاد کی نسبت صاف طور وحی نہیں کھلی اور آنحضرت ﷺ کا اوّل یہی خیال تھا کہ ابن صیّاد وہی دجّال ہے۔ مگر آخر میں یہ رائے بدل گئی۔

۴.....اور ایسا ہی سورۂ روم کی پیشین گوئی کے متعلق جو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے شرط لگائی تھی آنحضرت ﷺ نے صاف فرمایا کہ بضع کا لفظ لغت عرب میں نو برس تک اطلاق پاتا ہے اور میں بخوبی مطلع نہیں کیا گیا کہ نو برس کی حد کے اندر کس سال تک یہ پیشین گوئی پوری ہوگی۔

۵.....اور ایسا ہی وہ حدیث جس کے یہ الفاظ ہیں فذهب وهلى الى انه اليمامة او الهجر فاذا هى المدينة يثرب۔ پس اس سے صاف ظاہر ہے کہ جو کچھ کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے اجتہاد سے پیشین گوئی کا محل و مصداق سمجھا تھا وہ غلط نکلا اور حضرت مسیح کی پیشین گوئیوں کا سب سے عجیب تر حال ہے۔ بارہا انہوں نے کسی پیشین گوئی کے کچھ معنی سمجھے اور آکر کچھ اور ہی ظہور میں آیا۔ بہرحال ان باتوں سے یقینی طور یہ اصول قائم ہوتا ہے کہ ایسی پیشین گوئیوں کی تعبیر اور تاویل میں انبیاء علیہم السلام کبھی غلطی بھی کھاتے ہیں۔ جس کو اللہ تعالیٰ خود اپنی کسی مصلحت کی وجہ سے مبہم اور مجمل رکھنا چاہتا ہے اور مسائل دینیہ سے ان کا کچھ علاقہ نہیں ہوتا۔ یہ ایک نہایت دقیق راز ہے جس کے یاد رکھنے سے معرفت صحیحہ مرتبۂ نبوّت کی حاصل ہوتی ہے اور اسی بنا پر ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر آنحضرت ﷺ پر ابن مریم اور دجّال کی حقیقتِ کاملہ بوجہ نہ موجود ہونے کسی نمونہ کے موبمو منکشف نہ ہوئی ہو نہ دجّال کے

Marfat.com

ستر باع کے گدھے کی اصل کیفیت کھلی ہواور نہ یاجوج و ماجوج کی عمیق تہہ تک وحی الٰہی نے اطلاع دی ہواور نہ دابۃ الارض کی ماہیت کماھی ظاہر فرمائی گئی اور صرف امثلہ قریبہ کے طرز بیان میں اجمالی طور سے سمجھایا گیا ہوتو کچھ تعجب کی بات نہیں اور اگر وقت ظہور کچھ جزئیات غیر معلومہ ظاہر ہو جائیں تو شان نبوت پر کچھ جائے حرف نہیں''۔

حقیقت نبوت اور غیر محدود علوم رسول اللہ کا بیان

پس قبل اس کے کہ ہم قادیانی صاحب کے ان ہزلیات کا جواب دیں ہم بارگاہِ نبوت میں نہایت ادب کے ساتھ التجا کر کے اس امر کے اظہار کیلئے مجبور ہیں کہ ہر وہ شخص جو آنحضرت ﷺ کے ساتھ نسبت فدائی رکھتا ہے اس کا ایمان اس کو ہرگز فتویٰ نہیں دے سکتا کہ وہ قادیانی صاحب کے ان غلط افتراؤں کو ایک لحظہ کے لئے بھی صحیح مان لے جو انہوں نے حضرات انبیا خصوصاً خاتم الانبیا محمد مصطفیٰ ﷺ کی شان میں لکھی ہیں اور جن کا صحیح مان لینا نہ فقط ان کی عصمت اور وثوق اور اصطفا اور اجتبا کا منافی ہے جو اللہ کے ایک مرسل بندہ کے لئے ضروری ہے بلکہ شان نبوت کے بھی مخالف ہے جس کے ساتھ وہ خدا کے بندوں کو تاریکی سے روشنی کی طرف نکالنے اور ناپاک دلوں کے تزکیہ اور طہارت اور ان کو لوث بشریت سے پاک وصاف کرنے کے لئے مبعوث ہوتے ہیں۔ ورنہ

ع آں کس کہ خود گم است کرا رہبری کند

نبی کی صورت بشریہ اور ملکیہ بشر اور ملک سے بالاتر ہوتی ہے

مانا ہم نے کہ آنحضرت ﷺ صورت بشریہ میں ہمارے مماثل تھے لیکن طرف معنی اور وحی میں وہ ہماری مثل نہ تھے۔ پس ایک طرف سے ان کو نوع انسان کے ساتھ مشابہت رہی اور دوسری طرف سے ان کو نوع ملائکہ کے ساتھ مماثلت حاصل اور ان دونوں مماثلتوں کے اجتماع سے بشریت ان کے مزاج واستعداد میں نوع بشر سے فائق رہی اور

Marfat.com

ملکیت ان کی وحی ورسالت کے قبول وادامیں ملکیت نوع ملائکہ سے زائد رہی۔ لہٰذا ممکن نہیں کہ طرف بشریت میں بنی نوع کی مثل ان کو ضلالت اور غوائیت ہو یا طرف ملکیت میں ان کو کسی قسم کی زیغ وطغاوت ہو۔ چنانچہ یہی جامعیت ہے کہ جس کی رعایت سے کبھی تو وحی کا نزول صورت بشریہ میں ہوتا رہا اور آنحضرت ﷺ جبریل علیہ السلام سے حساً اور عیناً مکالمہ اور مشاہدہ فرماتے اور کبھی صلصلۃ الجرس کی طرح وحی ربانی کی متسلسل آواز آنحضرت ﷺ کے سمع مبارک میں پہنچتی اور کبھی از روئے ہتف اور کشف اور کبھی بطریق فراست یا رؤیا معانی خفیہ کا القا آنحضرت ﷺ کیلئے شرح صدر کا باعث ہوتا اور اگر احیاناً حسّی طور پر وحی کا انقطاع ہوا لیکن تائید اور عصمت الٰہی کبھی منقطع نہ ہوئی جس سے آنحضرت ﷺ کے افکار اور اقوال اور افعال میں استواری اور استحکام کا افاضہ ہوتا رہا۔

مانا ہم نے کہ آنحضرت ﷺ ایک وقت اس امر کے اقرار کیلئے مامور کئے گئے کہ انا بشر مثلکم اکل مما تاکلون واشرب مما تشربون۔ کہ میں بھی تمہاری مثل ایک آدمی ہوں جو تم کھاتے پیتے ہو میں بھی وہی کھاتا پیتا ہوں۔ لیکن دوسرے وقت وہ اس امر کی اطلاع کے لئے بھی مجبور ہوئے انی لست کھیئتکم انی ابیت عند ربی ھو یطعمنی ویسقینی (ازالہ) قال النبی ﷺ لا تواصلوا قالوا انک لواصل قال انی لست مثلکم انی ابیت یطعمنی ربی ویسقینی (بخاری صفحہ ۱۰۸۴، ابی ہریرہ) جبکہ صحابہ نے کھانا پینا ترک کرنا چاہا کہ میں تمہاری مثل نہیں ہوں، میں اللہ کے ہاں مہمان رہتا ہوں وہی مجھ کو کھلاتا پلاتا ہے۔ وقالوا لن نؤمن لک حتی تفجر لنا من الارض ینبوعاo او تکون لک جنۃ من نخیل وعنب فتفجر الانھار خلالھا تفجیراo او تسقط السماء کما زعمت علینا کسفا او تاتی باللّٰہ والملائکۃ قبیلاo او یکون لک بیت من زخرف اوترقٰی فی السماء ولن نومن لرقیک حتی

Marfat.com

تنزّل علینا کتابا نقرءہ قل سبحان ربی ھل کنت الا بشرا رسولاo ای الاجل رقیک فاللام للتعلیل (فتح البیان، سورۂ بنی اسرائیل) مانا ہم نے جب کفّار نے آنحضرت ﷺ سے چشمہ کے جاری کرنے اور کھجور اور انگور کا ایک ایسا باغ مہیا کرنے کے لئے جس میں نہریں جاری ہوں اور آسمان کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے گرانے اور اللہ اور فرشتوں کو سامنے لانے اور سنہرے گھر کے مہیا ہو جانے اور آسمان پر چڑھ کر ایک کتاب لانے پر ایمان لانا مشروط کیا۔ ومامنعنا ان نرسل بالاٰیات الا ان کذب بھا الاوّلون (سورۂ بنی اسرائیل) تو اس وقت ان کے سوالات کے جواب میں آنحضرت ﷺ کو یہ کہنے کا ارشاد ہوا کہ اے محمد کہہ دے ان کو کہ میرا رب ہر عجز و نقص سے پاک ہے اور میں اس کا بندہ رسول ہوں لیکن ساتھ ہی اس کے ارشاد ہوا کہ ہم کو کسی شے نے ایسی آیات کے بھیجنے سے نہیں روکا بجز اس کے کہ اگلے کفار نے تکذیب کی اور وہ ایمان نہ لائے۔ والذی نفسی بیدہ لقد اعطانی ماسألتم ولوشئت لکان واخبرنی انہ ان اعطاکم ذٰلک ثم کفرتم انہ یعذبکم عذابا لا یعذبہ احدا من العٰلمین (ام عطا، تفسیر حافظ ابن کثیر، سورۂ بنی اسرائیل) آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میرا وجود ہے جو تم نے مجھ سے مانگا ہے وہ مجھے اللہ نے دے دیا ہے اور اگر میں چاہوں تو وہ ہو جائے اور مجھے اللہ نے خبر دی ہے کہ اگر میں تم کو دیدوں اور پھر تم انکار کرو تو وہ تم کو سب سے نرالا عذاب دے گا۔

آنحضرت ﷺ کا نسیان

مانا ہم نے کہ ایک وقت آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ انی انسی کماتنسون واغضب کما تغضبون (مواہب اللدنیہ) میں بھی تمہاری مثل بھول جاتا ہوں اور تمہاری مانند غصہ کرتا ہوں لیکن دوسرے وقت یہ افاضہ فرمایا لم یسبط احد منکم ثوبہ حتی اقضی مقالتی ھذہ ثم یجمعہ الی صدرہ فینسی من مقالتی شیئا

Marfat.com

ابدا فبسط ابوھریرہ فما انسی منھا شیئا (مشکوٰۃ و بخاری) کہ جوکوئی تم میں سے اپنا کپڑا بچھائے رکھے یہاں تک کہ میں اس کلام کوختم کرلوں اور وہ اس کپڑے کو اپنے سینہ سے لگالے تو وہ کبھی میری احادیث کو نہ بھولے گا۔ چنانچہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی چادر بچھائی اور وہ کبھی آنحضرت ﷺ کی حدیث مبارک کو نہ بھولے۔ یہی وجہ ہے کہ اکثر احادیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہی مروی ہیں۔ اور نیز آنحضرت ﷺ کی طرف سہو وغفلت کا انتساب نبی ﷺ کی اس حالت صحو وہوشیاری کے مبائن ہے جس پر کہ امر نبوت کا کل دارومدار ہے۔

آنحضرت ﷺ کا دل بیدار

تنام عینی ولا ینام قلبی (مشکوٰۃ)۔ جاء ت ملائکۃ الی النبی ﷺ وھو نائم فقالوا ان یصاحبکم ھذا مثلا فاضربوا لہ مثلا قال بعضھم انہ نائم وقال بعضھم ان العینین نائمۃ والقلب یقظان فقالوا مثلہ کمثل رجل. اھ (مشکوٰۃ) اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ اگرچہ میری آنکھ سوجاتی ہے لیکن میرا دل نہیں سوتا۔ اسی وجہ سے جبکہ آنحضرت ﷺ سوئے ہوئے تھے ملائکہ نے ضرب المثل کے وقت کہا کہ آنحضرت ﷺ کی آنکھ اگرچہ نیند میں ہے لیکن دل بیدار ہے۔ اور آنکھ کا نیند میں ہونا فہم وتفہم سے مانع نہ ہوگا۔

آنحضرت ﷺ کا دل نور اور حکمت سے مملو کیا گیا

وظھرت الملائکۃ فشقت عن قلبہ فملائۃ ایمانا وحکمۃ وذلک بین عالم المثال والشھادۃ فلذلکم لم یکن الشق عنِ القلب اھلاکاً وقدبقی منہ اثر الخیط وکذلک کلما اختلط فیہ عالم المثال والشھادۃ (حجۃ اللہ البالغہ صفحہ ۳۸۶)۔ اور یہ بالکل ثابت ہے کہ آنحضرت ﷺ کا قلب مبارک چیر کر ایمان اور حکمت کے ساتھ پر کردیا گیا حتّٰی کہ سیون کی نشانیاں قلب مبارک پر نمایاں رہیں پس

Marfat.com

کیونکر ممکن ہے کہ ایسے نبی پر غفلت اور ذہول طبعی کا غلبہ ہو اور اگر چہ آنحضرت ﷺ نے ایک وقت مقام ہیبت اور عبودیت سے اطلاع دی کہ واللّٰہ لاادری واللّٰہ لاادری وانا رسول اللّٰہ ما یفعل بی ولابکم (مشکوٰۃ) ارشاد فرمایا کہ اللہ کی قسم میں اللہ کا رسول ہوتے ہوئے بھی نہیں جانتا کہ میرے اور تمہارے ساتھ کیا برتاؤ ہوگا۔ اور نیز وہ اس کہنے میں خاص طور سے مامور ہوئے لیکن آنحضرت ﷺ نے دوسرے وقت ملک وملکوت اور ناسوت وجبروت کے موبموا سرار کھول دیئے۔ قل ما کنت بدعا من الرسل وما ادری مایفعل بی ولا بکم ان اتبع الا مایوحی الی وما انا الا نذیر مبین (سورۂ احقاف)

آنحضرت ﷺ کا علم تفاصیل ملک وملکوت

سورۂ نساء میں خود خدا نے اپنے کلام میں فرمایا کہ وانزل اللّٰہ علیک الکتاب والحکمۃ وعلمک مالم تکن تعلم وکان فضل اللّٰہ علیک عظیما ○ ای العلم التفصیلی التام وعلم احکام التفاصیل وتجلیات الصفات مع العمل بہ (سورۂ نساء تفسیر محی الدین ابن العربی) اے محمد ہر وہ چیز جو تجھے معلوم نہ تھی خدا نے تجھے بتلا دی اور اس کے موافق عمل کی توفیق بخشی۔ اور خود آنحضرت ﷺ نے اپنی حالت مخصوصہ سے اطلاع دی جو فرمایا کہ انی اری مالا ترون واسمع مالا تسمعون (مشکوٰۃ) وانی لاعلم اخر اھل الجنۃ دخولا واٰخر اھل النار خروجاً (مشکوٰۃ)۔ فعلمت مافی السمٰوات والارض وفی روایۃ فوضع کفہ بین کتفی حتی وجدت بردا نامل بین ثدیی فتجلی لی کل شئ وعرفت (مشکوٰۃ، باب المساجد ومواضع الصلوٰۃ)۔ قال الطیبی الحبیب علم الاشیاء کلھا والخلیل رأی ملکوت الاشیاء ولاحاجۃ الی ماقال الشیخ القاری یعنی مااعلمہ اللّٰہ مما فیھمامن الملائکۃ الاشجار وفرعھا۔ میں وہ دیکھتا اور سنتا ہوں جو تم دیکھتے سنتے

Marfat.com

نہیں۔اور میں جانتا ہوں کہ سب سے پیچھے کون جنت میں جائے گا اور کون دوزخ سے نکلے گا اور خدا نے میرے دونوں کاندھوں پر قدرت کا ہاتھ رکھا حتّٰی کہ میں نے اس کی خنکی اپنے سینے میں پائی اور ہر شے مجھ پر کھل گئی اور میں نے پہچان لی۔اور دوسری روایت میں ہے کہ میں نے زمین اور آسمان کی اشیاء جان لیں۔ چنانچہ اسی حدیث کے تحت میں مشکوٰۃ کی شرح اشعۃ اللمعات میں ہے کہ ایں عبارت است از حصول تمامہ علوم جزوی وکلی واحاطہ آن وخواند آنحضرت مناسب این حال وبقصد استشہاد برامکان آن این آیت راو کذٰلک نری ابراھیم ملکوت السمٰوٰت والارض ولیکون من الموقنین۔اور طیبی میں ہے قال الطیبی الحبیب علم الاشیاء کلھا والخلیل رأی ملکوت الاشیاء ولاحاجۃ الی ماقال الشیخ القاری یعنی ما اعلمہ اللہ مما فیھما من الملائکۃ والاشجار وغیرھا۔حبیب نے سب اشیاء کو پہچان لیا اور خلیل نے اشیاء کے ملکوت کو دیکھ لیا اور زرقانی اور رؤفی میں ہے کہ حق تعالیٰ نے شبِ اسریٰ میں علم ما کان اور مایکون آپ پر کھول دیا۔اور حدیث معراج میں ہے کہ قال علیہ السلام فی حدیث المعراج نزلت قطرۃ من العرش فوضعت علی لسانی ابر من الثلج واحلی من العسل فما ذاق الذایقون شیئا قط احلی منھا فانبأنی اللّٰہ بھا علم الاولین والاخرین (زرقانی شرح مواہب اللدنیہ واحمد وترمذی از معاذ ابن جبل) فرمایا بالائے عرش سے ایک قطرہ میری زبان پر اترا جو برف سے خنک تر اور شہد سے ایسا شیریں تر تھا جو کسی نے ایسا شیریں تر کبھی نہیں چکھا۔پس اس قطرہ سے حق تعالیٰ نے مجھ پر اوّلین اور آخرین کا علم کھول دیا۔اور فرمایا حضرت ﷺ نے کہ عن ثوبان قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ان اللّٰہ زوی لی الارض فرأیت مشارقھا ومغاربھا وان امّتی سیبلغ ملکھا ماروی منھا واعطیت الکنز الاحمر والابیض (مسلم)۔اور فرمایا حضرت ﷺ نے کہ اللہ تعالیٰ نے

Marfat.com

میرے لئے زمین کو اکٹھا کر دیا اور میں نے اس کے مشارق اور مغارب کو دیکھ لیا اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جس قدر زمین اکٹھی کی گئی ہے میری امّت کا ملک وہاں تک پہنچے گا اور مجھے احمر اور ابیض دو خزانے دیئے گئے۔ اور فرمایا انا شهيد عليكم واني والله لانظر الى حوضي الآن واني اعطيت مفاتيح خزائن الارض اومفاتيح الارض (بخاری صفحہ ۹۷۵) میں تم پر شاہد ہوں اور خدا کی قسم اس وقت میں اپنے حوض کو دیکھ رہا ہوں اور مجھے زمین کی یا زمین کے خزانوں کی کنجیاں دی گئی ہیں۔ اور ارشاد فرمایا انكم ترون انه يخفى على شئ مما تصنعون والله اني لارى من خلفي كما ارى من بين يدى. (رواہ احمد۔ مشکوٰۃ صفحہ ۷۷) فرمایا کہ تمہارا خیال ہے کہ میرے پر کوئی شے مخفی رہ سکتی ہے جو تم کرتے ہو۔ سو خدا کی قسم میں اپنے پیچھے سے ویسا ہی دیکھتا ہوں جیسے کہ سامنے سے دیکھتا ہوں۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ جو صاحب سرّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں عن حذيفه قال قام فينا رسول الله صلى الله عليه وسلم مقاماً ماترك شيئا يكون فى مقامه ذٰلك الىٰ قيام الساعة الاحدّث به حفظه من حفظه ونسيه من نسيه قد علمه اصحابى هولاء وانه ليكون منه الشئ قد نسيتهٗ فاراه فاذكره كما يذكر الرجل وجه الرجل اذا غاب عنه ثم اذ اراه عرفه (متفق علیہ) کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے درمیان کھڑے ہو کر ان سب اشیاء کا بیان فرمایا جو قیامت تک ہونے والے ہیں اور اور کوئی بھی فروگذاشت نہ کی جس نے یاد رکھا اس کو یاد رہیں اور جس نے بھلا دیا اس کو بھول گئیں۔ چنانچہ یہ امر میرے ان صاحبوں کو معلوم ہے اور جب میں کوئی شے اس میں سے بھول جاتا ہوں تو وقوع میں آتے ہی اسی طرح یاد آجاتی ہے جیسے کوئی آدمی کسی کا منہ ایک دفعہ دیکھتا ہے اور مدت کے بعد جب اس کو دیکھتا ہے تو اس کو پہچان لیتا ہے۔ اور نیز حذیفہ رضی اللہ عنہ حلف کے ساتھ کہتے ہیں کہ قال والله مادرى انسى اصحابى ام تناسوا والله ماترك رسول الله من

Marfat.com

قائد فتنة الی ان تنقضی الدینا یبلغ من معه ثلاث مائة فصاعداً الا قد سماه لنا باسمه واسم ابیه واسم قبیلته (ابوداؤد) قیامت تک کوئی ایسا سرغنہ فتنہ وفساد کا نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے اس کی اطلاع نہ دی ہو۔ یہاں تک کہ اس کی ان ہمراہیوں کی تعداد سے بھی اطلاع دی جو اقل درجہ تین سو اور اس سے زیادہ اس کے ساتھ رہیں گے اور اس کا اور اس کے باپ اور اس کے قبیلہ کا نام بھی بتا دیا۔

آنحضرت ﷺ کا قیامت تک کے واقعات سے پیشین گوئی کرنا

شاہ ولی اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ ازالۃ الخفا میں لکھتے ہیں کہ چونکہ سلسلہ تکوین میں آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی نبی مبعوث ہونا مقدر نہ تھا لہٰذا حکمت الٰہیہ کا اقتضا ہوا کہ ان واقعات کے احکام بھی آنحضرت ﷺ کی زبان مبارک پر جاری ہوں جو قیامت تک ہونے والے ہیں اور ان کے متعلق حق تعالیٰ کی رضا یا عدم رضا بھی ظاہر ہوتا کہ نعمت الٰہی تمام وکامل ہو اور حجت قائم۔ پس وہ سب وقایع منکشف ہو گئے اور آنحضرت ﷺ نے بعض کی نسبت تو اس طرح خبر دی کہ گویا بظاہر چشم دیکھ رہے ہیں اور بعض کی نسبت حسب تقریبات اطلاع دی تا کہ آنحضرت ﷺ کے بعد امتِ مرحومہ بالکل تاریکی میں نہ رہے۔ پس بموجب آیت وعد اللّٰه الذین اٰمنوا منکم وعملوا الصّٰلحٰت لیستخلفنهم فی الارض کما استخلف الذین من قبلهم پہلا امر جو آنحضرت ﷺ کے بعد ہونے والا تھا وہ امر خلافت اور اس کے مستحقین کے تعیّن کا مسئلہ تھا۔ سو اس کی نسبت آنحضرت ﷺ نے مختلف طریقوں سے نصاً وایماءً وقولاً وفعلاً تقریر فرما دی اور ان کے مستقر سے بھی اطلاع دے دی اور اس کے مراتب خاصہ سے بھی اس طرح آگاہ کر دیا کہ وقت وفات اس اہتمام کی ضرورت نہ رہی۔

ترمذی اور ابوداؤد میں ابی بکرہ اور عرفجہ اور سفینہ مولیٰ ام سلمہ سے روایت ہے

Marfat.com

کہ عن سفینة مولٰی ام سلمة رضی اللہ عنہا قال کان رسول اللّٰہ الی صلی الصبح ثم اقبل علی اصحابه فقال ایکم رای رؤیاً فقال رجل انا یارسول اللّٰہ کان میزانا نزل به من السماء فوضعت فی کفة و وضع ابوبکر فی کفه اخری فرجحت بابی بکر فرفعت ونزل ابوبکر مکانه فجئ لعمر بن الخطاب فوضع فی الکفة الاخری فرجح ابوبکر ثم رفع ابوبکر ووضع عثمان فرجح عمر ثم رفع عمر ورفع المیزان قال فتغیّر وجه رسول اللّٰہ(ازالۃ الخفا صفحہ ۳۰۴) ثم قال خلافة النبوة ثلاثون عاما ثم یکون ملک فاستاء لها رسول اللّٰہ ﷺ یعنی فساء ہ ذٰلک فقال خلافة نبوة ثم یوتی اللّٰہ الملک من یشاء

(مشکوٰۃ) آنحضرت ﷺ کی عادت مبارک تھی کہ صبح کی نماز کے بعد صحابہ کی طرف منہ پھیر کر دریافت فرماتے کہ تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ پس ایک شخص نے عرض کی کہ اے رسول اللہ میں نے دیکھا ہے کہ گویا ایک ترازو آسمان سے اتری ہے اور آپ اور ابوبکر وزن کئے گئے اور آپ کا پلّہ غالب ہوا۔ پھر ابوبکر اور عمر تولے گئے اور ابوبکر کا پلّہ غالب ہوا پھر عمر اور عثمان تولے گئے اور عمر کا پلّہ غالب ہوا۔ پھر وہ ترازو اٹھائی گئی۔ سفینہ فرماتے ہیں کہ اس خواب کے سننے سے آنحضرت ﷺ کے چہرہ مبارک میں کسی قدر تغیّر آ گیا۔ پھر فرمایا کہ یہ سلسلۂ خلافت نبوّت ہے جو تیس برس رہے گا اور اس کے بعد ملک وسلطنت ہوگی۔

خلافت کے بعد سلطنت

مشکوٰۃ میں حذیفہ سے روایت ہے کہ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ تکون النبوَة فیکم ماشاء اللّٰہ ان تکون ثم یرفعها اللّٰہ تعالٰی ثم تکون خلافة علی منهاج النبوة ماشاء اللّٰہ تعالٰی ان تکون ثم یرفعها اللّٰہ تعالٰی ثم تکون مُلکا عاضا فتکون ماشاء اللّٰہ ان تکون ثم یرفعها اللّٰہ تعالٰی ثم تکون ملکا جبریة

Marfat.com

فتکون ماشاء اللّٰہ ان یکون ثم یرفعہ اللّٰہ تعالیٰ ثم تکون خلافۃ علی منہاج النبوۃ ثم سکت (احمد، بیہقی) فرمایا آنحضرت ﷺ نے کہ نبوت کے بعد خلافت منہاج کے مطابق رہے گی۔ اس کے بعد ملک عاض ایک زمانہ تک رہے گا۔ پھر اس کو اٹھا دیا جائے گا اور ایک زمانہ تک ملک جبریہ رہے گا اس کے اٹھائے جانے کے بعد پھر خلافت منہاج نبوت پر قائم ہو جائے گی۔ اس کے بعد آنحضرت ﷺ نے سکوت فرمایا۔ پھر مشکوٰۃ میں حضرت ابی ہریرہ سے روایت ہے کہ عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ الخلافۃ بالمدینۃ والملک بالشام (بیہقی فی الدلائل النبوۃ) فرمایا آنحضرت ﷺ نے خلافت کا مستقر مدینہ ہے اور ملک وسلطنت کا مستقر شام ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ عن عمر قال قال رسول اللّٰہ ﷺ رأیت عمودا من تحت راسی ساطعا حتی استقر بالشام (بیہقی) فرمایا حضرت نے کہ میں نے نور کا ایک ستون دیکھا ہے جو میرے سر کے نیچے سے نکل کر شام میں جا ٹھہرا۔

پس ان احادیث نے بتلا دیا کہ آنحضرت ﷺ نے اپنی ریاست کے دو حصے فرمائے۔ ایک کا نام خلافت رکھا اور دوسرے کا نام ملک اور واقعات نے بتلا دیا کہ خلفائے ثلاثہ کے سوا کوئی بھی مدینہ میں آنحضرت کے بعد متوطن نہ ہوا اور آنحضرت ﷺ نے ابن حوالہ کو خطاب کر کے فرمایا عن عبداللّٰہ بن حوالہ قال قال رسول اللّٰہ ﷺ یاابن حوالہ اذارأیت الخلافۃ قد نزلت الارض المقدسۃ فقد اتت الزلازل والبلایل والامور العظام (ازالۃ الخفاء، ابوداؤد، حسن، حاکم، مرقات، مشکوٰۃ) کہ اے ابن حوالہ جب تو خلافت کو دیکھے گا کہ بیت القدس کی زمین میں اتر آئی ہے تو اس کے ساتھ زلزلہ اور اندوہ اور امور عظام پیوستہ ہوں گے۔ اور اس معنی کو آنحضرت ﷺ متعدد طریق سے بالتصریح بھی فرمایا کہ اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر وعمر، (طبرانی از ابی الدرداء، مسند احمد، ترمذی،

Marfat.com

ابن ماجہ از حذیفہ، مشکوٰۃ) کہ میرے بعد ابی بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کا اقتدا کرنا۔ اور بالآخر آنحضرت ﷺ نے اخیر وقت مرض موت میں ابی بکر کو نماز میں اپنا امام بنایا اور عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا ادعی لی اباک واخاک حتی اکتب کتابا فانی اخان ان یتمنی متمن ویقول قایل انا اولی و یابی اللّٰہ والمؤمنون الا ابی بکر عن عائشۃ (مشکوٰۃ، صحیحین) کہ اپنے باپ اور بھائی کو بلا کہ میں لکھ دوں مبادا کوئی آرزومند کہے کہ وہ اولیٰ ہے۔ حالانکہ اللہ اور مومنین ابی بکر رضی اللہ عنہ کے ماسوا کا انکار کرتے ہیں۔ اور اس میں ایک گونہ خلافت کے فیصلہ سے بھی آگاہ کر دیا جو آنحضرت ﷺ کے بعد ہونے والا تھا۔ اور سائلہ عورت سے فرمایا قال ان لم تجدنی فاتی ابابکر (بخاری) اور نیز آنحضرت ﷺ نے حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے فرمادیا کہ قال ابن عباس جئت رسول اللّٰہ مرا فقال ان اللّٰہ جعل ابابکر خلیفتی علی دین اللّٰہ ورسولہ وصیہ وھو مستوص فاسمعوالہ و اطیعوا تھتدوا (ازالۃ الخفاء) اخرج الطبرانی عن حاصر بن سمرہ قال قال رسول اللّٰہ لعلی انک مؤمر مستخلف وانک مقتول وان ھذہ مخضوبۃ من ھذہ یعنی لحیۃ من راسہ (ازالۃ الخفاء) لا تذھب الایام واللیالی حتّٰی یملک معاویۃ (ازالۃ الخفاء) اللھم علمہ الکتاب ومکن لہ فی البلاد وقہ العذاب. (ترمذی) فرمایا کہ اللہ نے ابا بکر رضی اللہ عنہ کو میرا خلیفہ اللہ تعالیٰ کے دین اور وحی پر بنا دیا ہے۔ وہی میرا وصی ہے اسی کی اطاعت کریو۔ اور علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اے علی! تو امیر بنایا جائے گا خلافت کیلئے طلب کیا جائے اور تو قتل کیا جائے گا اور سر سے ریش تک رنگا جائے گا۔ اور دیلمی میں علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے آنحضرت ﷺ کو فرماتے سنا کہ معاویہ بالضرور سلطنت کا مالک ہوگا۔ اور ترمذی میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے معاویہ رضی اللہ عنہ کے حق میں دعا دی کہ اے خدا تو اس کو قرآن کا علم سکھلا اور اس کو ملک میں تمکنت دے اور عذاب سے نگاہ رکھ۔

Marfat.com

پس جس طرح کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے بعد کے متصل واقعات سے آگاہ کیا اسی طرح ہر ایک معظم واقعہ سے بھی جو قریب یا بعید میں ہونے والے تھے ان کا ذکر فرمایا۔ لیکن ہم بخوف طوالت فقط ان چند مغیبات کی پیشین گوئیوں کا ذکر کرتے ہیں جو آنحضرت ﷺ نے اپنی آخری امت کے باب میں ارشاد فرمائے ہیں اور جن کا تعلق آخری زمانہ سے ہونے والا تھا۔

دجال کا خروج

ثم ذکر الدجال فقال انی انذرکموہ و مامن نبی الا وقد انذر قومه لقد انذر نوح قومه ولکنی ساقول لکم فیه قولا لم یقله نبی لقومه تعلمون انه اعور وان اللّٰه لیس باعور (مشکوٰۃ، متفق علیہ از ابن عمر) پس آنحضرت ﷺ نے حدیث ابن صیّاد میں جو عبداللہ بن عمر سے مشکوٰۃ میں مروی ہے آگاہ فرمایا کہ میں تم کو ڈراتا ہوں اور کوئی نبی نہیں گذرا جس نے اپنی قوم کو دجّال سے نہ ڈرایا ہو، چنانچہ نوح علیہ السلام نے بھی اپنی قوم کو اس سے ڈرایا اور میں تم کو اس کی ایک خاص علامت بتاتا ہوں جو کسی نبی نے نہیں بتائی کہ وہ کانا ہے اور خدا کانا نہیں۔ اور ابن صیّاد اس کا ایک نمونہ دکھایا گیا حتی کہ بعض صحابہ نے شدت مشابہت کے دیکھنے سے یقین کرلیا کہ ابن صیّاد ہی دجّال معہود ہے۔ یہاں تک کہ جابر بن عبداللہ نے حلف اٹھایا اور بقول ان کے عمر نے بھی۔ مگر آنحضرت ﷺ نے اس سے انکار فرمایا۔ بایں ہمہ ابن صیّاد نے بھی خود ان کے اس زعم کی تردید ابی سعید الخدری کے سامنے کردی اور کہا کہ **عن ابی سعید الخدری قال صحبت ابن صیّاد الی مکة فقال لی مالقیت من الناس یزعمون انی الدجال الست سمعت رسول اللّٰه یقول انه لا یولد له وقد ولد بی الیس قد قال وهو کافر وانا مسلم اولیس قد قال لایدخل المدینه ولامکّة وقد اقبلت من المدینة وانا ارید مکة** (مشکوٰۃ) اے ابی سعید کیا تو نے نہیں سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ دجّال کی

Marfat.com

اولاد نہ ہوگی، حالانکہ میری اولاد ہے۔ کیا نبی نے نہیں کہا کہ وہ کافر ہے اور میں مسلمان ہوں۔ کیا نبی نے نہیں کہا کہ وہ مکہ اور مدینہ کو داخل نہیں ہوگا اور میں مدینہ سے آرہا ہوں اور مکّہ کو جارہا ہوں۔ اور آنحضرت ﷺ کا حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ابن صیّاد کے قتل سے منع کردینا اس کے یہ معنی نہیں جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم ہے کہ آنحضرت ﷺ پر اس کی نسبت کچھ اخفا ہوا ہو بلکہ جائز ہے کہ کسی مصلحت سے آنحضرت ﷺ نے اس معنی کو مبہم رکھا ہو۔ کیونکہ عبیدہ بن جرّاح سے مشکوٰۃ میں مروی ہے کہ عن عبیدة ابن الجراح قال سمعت رسول اللّٰہ یقول انه لم یکن نبی بعد نوح الا انذرالدجال قومه وانی انذرکموه فوصفه لنا قال لعله سیدرکه بعض من رانی اوسمع کلامی (مشکوٰۃ) آنحضرت ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمادیا کہ بعض میرے دیکھنے والے یا فرمایا بعض میرا کلام سننے والے عنقریب دجّال کو پالیں گے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ کی اس پیشین گوئی کا ظہور خود آنحضرت ﷺ کے وقت میں ہوگیا جیسے کہ فاطمہ بنت قیس کی حدیث سے ثابت ہے۔ قال رسول اللّٰہ ولکن جمعتکم لان تمیم الداری حدثنی حدیثا وافق الذی کنت احدثکم به عن المسیح الدجال فلقیتهم دابة اهلب وقالت انا الجساسة (مسلم، مشکوٰۃ) رانی مخبرکم عنی انا المسیح الدجال وانی یوشک ان یوذن لی فی الخروج فاخرج فاسیر فی الارض فلا ادع قریة الا هبطهتافی اربعین لیلة غیرمکة وطیبة هما محرمتان علی کلتاهماکلما ارادت ان ادخل واحداً منهما استقبلنی ملک بیده السیف صلتا یصدنی عنها وان علی کل نقب منها ملائکة یحرسونها قال رسول اللّٰہ ﷺ وطعن بمحضرة فی المنبر هذه طیبة هذه طیبة یعنی المدینه الاهل کنت حدثتکم فقال الناس نعم وانه فی بحرالشام او بحرالایمن لابل من قبل المشرق ماهو

Marfat.com

واوما بیدہ الی الشرق (مشکوٰۃ) تمیم داری نے دجّال سے ملاقات کی اور اس کی زبانی اطلاع دی کہ وہی مسیح الدجال ہے اور وہ مشرق سے نکلنے کے لئے مامور ہوگا اور وہ مکّہ اور مدینہ کے سوا تمام زمین پر چالیس راتوں میں گشت کر جائے گا۔ چنانچہ خود نبی ﷺ نے صحابہ کو جمع کر کے اس واقعہ کو سنایا اور اس کی تصدیق فرمائی اور اپنے علم کے مطابق اس خبر کو پایا اور تمیم الداری کے بیان کے مطابق دابہ اہلب یعنی جسّاسہ کی تصدیق بھی فرمائی اور فرمایا کہ اصفہان کے ستّر ہزار یہودی دجّال کے ساتھ ہوں گ۔ اور مشکوٰۃ کی کتاب الرقاق کی فصل ثانی میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال ماينتظر احدكم الاغنى مطغيا اوفقرا منسيا او مرضا مفسدا او هرما مفندا او موتا مجهزا او الدجّال فالدجّال شرغائب ينتظر او الساعة والساعة اوهى وامر (مشکوٰۃ، ترمذی) آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ نہ انتظار کرے تم میں سے کوئی کسی چیز کا مگر غنا کا جو طغاوت کا باعث ہوگی اور فقر و فاقہ جو خدا سے بھلا دے گا یا بڑھاپا جو مکر و ہنر سکھلائے گا یا موت جو توبہ کی مہلت نہ دے گی یا دجّال جو سب سے زیادہ شر والا غائب اور منتظر ہے یا قیامت جو نہایت تلخی رکھتی ہے۔ پس دجّال ان غائب اشیاء میں سے شریر تر ہے جن کا انتظار بقول نبی ﷺ ہے۔ معہذا خود خلیفۂ اوّل صدّیق اکبر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ فرمایا آنحضرت ﷺ نے کہ عن ابی بكر الصديق قال حدثنا رسول الله ﷺ ان الدجال يخرج فی ارض بالمشرق يقال لها خراسان يتبعه اقوام كان وجوههم المجان (ازالۃ الخفاء) فرمایا کہ دجّال مشرق کی ایک زمین سے نکلے گا اور اس کے تابع ایک قوم ہوگی جن کے منہ تہہ بہ تہہ سپروں کی طرح ہوں گے۔

اور حضرت معاذ بن جبل سے مروی ہے کہ اخرج البغوی من حديث جبير عن نفير عن مالک بن نحام عن معاذ ابن جبل ان رسول الله ﷺ

Marfat.com

قال عمران بیت المقدس خراب یثرب وخراب یثرب خروج الملحمة وخروج الملحمة فتح القسطنطنیه و فتح القسطنطنیه خروج الدجال ثم ضرب علی فخذی الذی حدثه یعنی معاذ ابن جبل او علی منکبه ثم قال ان هذا الحق کما انت ههنا او کما انت قاعد (ازالۃ الخفا) حضور ﷺ نے فرمایا کہ بیت المقدس کی آبادی مدینہ کی ویرانی ہے اور مدینہ کی ویرانی ایک بڑے ملحمہ اور فتنہ کے ظہور کی علامت ہے۔ اور اس فتنہ کا ظہور قسطنطنیہ کی فتح ہے اور فتح قسطنطنیہ خروج دجّال کی علامت ہے۔ پھر آنحضرت ﷺ نے میری ران (یا کاندھے) پر ہاتھ مار کر فرمایا کہ یہ امر اسی طرح حق ہے کیسے تو یہاں ہے اور یا جیسے تو بیٹھا ہے۔

دجّال نے کیوں اب تک خروج نہ کیا

شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ ازالۃ الخفا میں اس عقدہ کی شرح اس طرح فرماتے ہیں۔ کہ ''بیت المقدس اینجا کنایہ از اقلیم شالم است زیرا کہ افضل واقدم بقاع اوست ونشست انبیاء بنی اسرائیل علیہم السلام وملوک ایشان آنجا بود۔ وعمران شام درزمان خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ وامارت معاویہ ابن ابی سفیان از جانب حضرت عثمان واقع شد دخراب یثرب قتل حضرت عثمان وبرآمدن حضرت مرتضٰی بجانب عراق وخروج ملحمہ حرب جمل وصفّین است وفتح قسطنطنیہ درزمان امارت معاویہ بن ابی سفیان بظہور آمد۔ اینجا حیرتے میرسد کہ خروج دجّال رامتعاقب قُسطنطنیہ آوردہ شد حالانکہ زیادہ از ہزار سال از فتح قسطنطنیہ گذشت وہنوز بوے از خروج دجّال بمشام نرسید وہمچنین درحدیث حذیفہ مذکور شد لاتقوم الساعة حتّی تقاتلوا امامکم وتجتلدوا باسیافکم ایں لفظ مبنیٔ ست ازانکہ واقعہ قتل امام واجتلاد باسیاف علامت قیامت است۔ حالانکہ زیادہ از ہزار سال منقضی شدو ہنوز اثرے از ساعت ظہور نہ کردہ، ہمچنین بعثت انا والساعة کھاتین وہمچنین آیت اقتربت الساعة

Marfat.com

وانشق القمر الیٰ غیر ذٰلک وجوابش آن است کہ خروج دجّال وقیام ساعت باہر فتنہ کہ مذکور شد ربطے دارد۔ مانند ربط نشاندن نہال بہ بار آوردن آن نہال۔ گویا ابتدائے آن حرکت این فتنہ است وغایت آن خروج دجّال وقیام ساعت ولہذا حضرت نوح علیہ السلام انذار قوم خود فرمود بدجّال باوجود بُعد حضرت نوح بزمان ظہور دجّال، وقتیکہ کہ شخصے نہالے مینشاند میگوید کہ عقب نشاندن آن نہال بار آوردن است وہر سعی کہ میکند از سقی وساختن شربت تحلہ وغیر آن غائیتش بار آوردن است۔ سخن ہر جا منتہی میشود وآخر آن خروج دجّال است۔ واینجا سرّ یست دقیق کہ بدون تمہید مقدمات نتوان بآن زبان کشود ولیس ہذا مقامہ۔ انتہیٰ''

عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی بشارت

اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسیٰ بن مریم نبی اللہ کے نزول کی بشارت دی عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیۃ ویفیض المال حتی لا یقبلہ احد حتی تکون السجدۃ الواحدۃ خیرا من الدنیا ومافیہا ثم یقول ابوہریرہ فاقرء وا ان شئتم وان من اھل الکتاب الا لیومنن بہ قبل موتہ ای موت عیسیٰ بن مریم ثم یعیدھا ابوہریرہ ثلاث مرّات (بخاری، مسلم، عبد بن حمید، ابن ابی شیبہ، درمنثور، شرح سنہ) اور فرمایا کہ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میرا وجود ہے کہ ضرور تم میں ابن مریم کا نزول بصورت حاکم عادل ہوگا اور وہ صلیب کو توڑے گا اور خنازیر کو قتل کرے گا اور جزیہ رکھ دے گا یعنی اٹھادے گا اور مال بہا دیگا۔ یہاں تک کہ کوئی اس کو قبول نہ کرے گا۔ اس وقت ایک سجدہ دنیا ومافیہا سے بہتر ہوگا۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس کی تصدیق کے لئے یہ آیت پیش کی کہ کوئی اہل کتاب ایسا نہیں رہے گا جو کہ عیسیٰ علیہ السلام پر قبل از موت ایمان نہ لائے اور اس کا تین بار اعادہ فرمایا۔ گویا ابوہریرہ

Marfat.com

رضی اللہ عنہ جن کا دامن آنحضرت ﷺ نے علوم نبوّت سے لبالب فرمادیا تھا وہ تصریح فرمارہے ہیں کہ عیسیٰ بن مریم سے مراد اس حدیث نبوی میں وہی عیسیٰ بن مریم نبی اللہ ہے جس کا ذکر قرآن کریم کی اس آیت مبارک میں ہے۔ اور نیز اس آیت مبارک کی تفسیر سے بھی آگاہ فرمارہے ہیں کہ موت سے مراد موت عیسیٰ بن مریم ہے جو آئندہ کسی زمانہ میں ہونے والی ہے۔ اور اس وقت کے جملہ اہل کتاب ان کے مرنے سے ان پر ایمان لے آئیں گے۔ اور نیز اسی جلیل القدر صحابی ابی ہریرہ سے ایک دوسری حدیث مروی ہے۔ عن ابی هريرة ان النبی ﷺ قال الانبياء كلهم اخوات لعلات امهاتهم شتّى ودينهم واحد وانی اولی الناس بعيسى ابن مريم لانه لم يكن بينی وبينه نبیّ وانه خليفتی على امّتی و انه نازل فاذا رأيتموه فاعرفوه رجل مربوع الى الحمرة والبياض عليه ثوبان ممصران كان راسه يقطر و ان لم يصبه بلل فيدّق الصليب ويقتل الخنزير ويدعو الناس الى الاسلام ويهلک اللّٰه فی زمانه الملل كلها الاالاسلام ويهلک اللّٰه فی زمانه المسيح الدجال ثم تقع الامنة على الارض حتى ترتع الاسود مع الابل والنمار مع البقر والذياب مع الغنم وتلعب الصبيان بالحيّات لاتضرهم فيمكث اربعين سنة ثم يتوفّى ويصلّى عليه المسلمون ويدفنونه (ابن ابی شیبہ، احمد، ابوداؤد، ابن جریر، ابن حبان)

فرمایا آنحضرت ﷺ نے کل انبیاء باپ کی طرف سے بھائی ہیں اور مائیں ان کی جدا جدا ہیں اور دین ان کا ایک ہی ہے اور میں عیسیٰ ابن مریم سب سے قریب تر ہوں کیونکہ اس کے اور میرے درمیان کوئی نبی نہیں گذرا (جو اولوالعزم ہو) اور وہ میری امت پر میرا خلیفہ ہے اور وہ اترنے والا ہے پس جب تم اس کو دیکھو گے تو اس کو پہچانیو کہ وہ ایک میانہ قد کا آدمی سرخ اور سفید رنگ کا ہے جس پر دو زرد رنگ کے کپڑے ہوں گے اور ان کے سر پر سے

Marfat.com

قطرات ٹپکتے ہوں گے اگر چہ اس کو نمی نہیں پہنچی ہے پس وہ صلیب توڑے گا اور خنازیر قتل کرے گا اور لوگوں کو اسلام کی طرف بلائے گا اور اللہ تعالیٰ اس کے زمانہ میں اسلام کے سوا باقی تمام ملتوں کو نیست و نابود کر دے گا اور اسی کے زمانہ میں مسیح الدجال کو ہلاک کرے گا پھر زمین پر ایسا امن ہوگا کہ شیر اور اونٹ مل کر اور چیتے اور گائے اور بھیڑیئے اور بکریاں ملکر چریں گے اور چھوٹے بچے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے اور وہ ان کو ضرر نہ دیں گے۔ پس چالیس (۴۰) برس تک عیسیٰ علیہ السلام زمین پر رہے گا اور پھر فوت ہوگا اور مسلمان اس پر نمازہ جنازہ پڑھ کر اس کو دفن کریں گے۔

پس اس حدیث مبارک نے نہ فقط عیسیٰ بن مریم نبی اللہ کے نزول کی بشارت دی بلکہ صاف صاف بتلا دیا کہ عیسیٰ نبی اللہ کے وقت میں خدا تعالیٰ کی ایک ایسی رحمت اور رافت کا نزول ہوگا کہ ہر موذی شے میں رافت اور رحمت بھر آئے گی۔ حتّٰی کہ شیر، چیتے اور سانپ بھیڑیئے میں، جیسے کہ حدود حرم میں ایک خاص رحمت اور رافت ہے کہ ہرن کے حدود حرم میں داخل ہوتے ہی بخوائے من دخل فیه فکان اٰمنا بھیڑیا اس کا تعاقب چھوڑ دیتا ہے اور بجز اسلام کے کوئی دین باقی نہ رہے گا۔ وغیرہ وغیرہ۔

عیسیٰ علیہ السلام کی قبر رسول اللہ ﷺ کی قبر کے ساتھ ہوگی

پھر اس معنی کی تاکید کہ عیسیٰ بن مریم ابھی نہیں مرا اور وہ نزول کے بعد مرے گا اس کی نسبت ابن جوزی کتاب الوفا میں عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں قال رسول اللّٰه ﷺ ینزل عیسٰی بن مریم الی الارض فیزوّج ویولد ویمکث خمسا و اربعین سنة ثم یموت ویدفن معی فی قبری فاقوم انا وعیسٰی بن مریم فی قبر واحد بین ابی بکر وعمر (مشکوٰۃ، ابن جوزی از عبداللہ بن عمر) یدفن عیسٰی بن مریم مع النبی وصاحبیه و یکون قبر الرابع (بخاری، طبرانی، دُرِّ منثور) کہ فرمایا

Marfat.com

آنحضرت ﷺ نے عیسیٰ بن مریم زمین کی طرف اتریں گے اور نکاح کریں گے اور اولاد ہوگی اور پینتالیس برس تک زندہ رہ کر فوت ہوں گے اور میرے ساتھ میری قبر میں یعنی میرے مقبرہ میں دفن ہوں گے۔ اور میں اور عیسیٰ بن مریم ایک ہی قبر میں ابی بکر اور عمر کے درمیان اٹھیں گے اور اس کی شرح امام بخاری اپنی تاریخ میں اور طبرانی عبداللہ بن سلام سے اس طرح کرتے ہیں کہ عیسیٰ بن مریم رسول اللہ ﷺ اور صاحبین کے ساتھ دفن ہوں گے اور ان کی قبر چوتھی ہوگی۔ چنانچہ ترمذی رحمۃ اللہ علیہ ابومودود سے نقل کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے روضۂ مبارک میں ایک قبر کی جگہ باقی ہے اور سعید بن مسیّب لکھتے ہیں کہ عیسیٰ ابن مریم وہیں دفن ہوں گے۔

محمد بن عبدالوہاب اور فرقۂ وہابیہ کا خروج

عن ابی عمر قال قال النبی ﷺ بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالوا یارسول اللّٰہ وفی نجدنا قال اللھم بارک لنا فی شامنا اللھم بارک لنا فی یمننا قالوا یارسول اللّٰہ وفی نجدنا فاظنّہ قال فی الثالثۃ ھناک الزلازل والفتن وبھا یطلع قرن الشیطان (بخاری، مشکوٰۃ صفحہ ۵۸۲) اسی طرح آنحضرت ﷺ نے گروہ نجدیہ یعنی فرقہ وہابیہ کے خروج اور حدوث کی اطلاع فرمائی اور نجد کے حق میں دعا نہ فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ نجد میں سے ہی زلزلے اور فتنے اٹھیں گے اور وہیں سے قرن الشیطان نمودار ہوگا۔ اور خارج میں ایسا ہی ہوا کہ ۱۱۱۱ھ میں عبدالوہاب نجدی پیدا ہوا جس کی پشت سے اس کا بیٹا محمد بن عبدالوہاب آگ کے شعلہ کی طرح نکلا جس کا دعویٰ تھا کہ فاجزھم محمد بانہ قریشی من نسل النبی ﷺ واسمہ کاسمہ واتف لھم عقائد دینیّۃ واصولا کلامیۃ یتضمن عبادۃ الہ واحد قدیم قادر حق رحمٰن یثیب المطیع ویعاقب العاصی وان القران قدیم یجب اتباعہ دون الفروع المستنبطۃ وان محمدارسول اللّٰہ وحبیبہ ولکن لاینبغی وصفہ

Marfat.com

باوصاف المدح والتعظیم اذ لایلیق ذٰلک الا بالقدیم وان ذٰلک من قبیل الاشراک وان اللّٰہ تعالٰی حیث لم یرض بھذا الشرک ارسلہ لیھدی الناس الی سواء السبیل فمن اجاب کان من الاحباب ومن عصی حق علیہ العذاب ووجب قتلہ بلا ارتیاب (جلد۳، جغرافیہ عمومیہ ملطبر دن صفحہ۱۰۱،۱۰۲) وہ بھی محمد کا ہمنام اللہ کا رسول ہے اور اس لئے بھیجا گیا ہے تا کہ لوگوں کو شرک سے بچائے اور نبی الانبیاء حضرت خاتم النّبیین کی نسبت کہا کہ وہ اگر چہ اللہ کا رسول ہے لیکن اس کی مدح اور تعظیم کرنا لائق نہیں کیونکہ مدح اور تعظیم صرف خدائے قدیم کے لئے شایان ہے۔ لہٰذا کسی غیر کی مدح اور تعظیم من قبیل شرک ہے۔ پس جس کسی نے میری دعوت کو قبول کرلیا وہ دوستوں میں سے ہے اور جس نے قبول نہ کیا وہ عذاب کا مستحق ہے اور اس کو بغیر کسی شک وشبہہ کے قتل کرنا واجب ہے۔ فمن اعتقد انہ اذا ذکر اسم نبی فیطلع ھو علیہ صار مشرکا وھذا الاعتقاد شرک سواء کان مع نبیّ او ولیّ او ملک اوجنی او صنم او وثن وسواء کان یعتقد حصولہ بذاتہ او باعلامہ اللّٰہ تعالٰی بای طریق کان یصیر مشرکا ومن اعتقد النبی وغیرہ ولیّہ وشفیعہ فھو وابوجھل فی الشرک سواء اما السابقون فاللات والسواع والعزّٰی واما اللاحقون فمحمد وعلی وعبدالقادر ومن لم یقل فی حاجتہ یا اللّٰہ وقال یامحمد و ان اعتقد عبداغیر متصرف فی الکل صار مشرکاً وکفاک قدوۃ فی ذٰلک شیخنا تقی الدین ابن تیمیۃ وقد ثبت ان السفر الی قبر محمد ومشاھدہ ومساجد واثارہ وقبرای نبی او ولی وسائر الاوثان شرک اکبر (انتہٰی رسالہ محمد بن عبدالوہاب) اور اس نے اپنے احباب کے سوا سب کو مشرک بتایا۔ علی الخصوص اہل مکہ اور اہل مدینہ کی تکفیر بھی کی اور نبی ﷺ کے روضۂ مبارک کو بت کہا اور اصحاب کبار کے

Marfat.com

قبّوں کو شکستہ کر دیا اور تقلید کو اڑا دیا اور شفاعت کا منکر ہو گیا چنانچہ اس نے اپنے ایک رسالہ میں جو محرم ۱۲۱۸ھ میں سعود کی طرف سے علماء مکّہ کی طرف بھیجا، لکھا کہ جو کوئی یہ اعتقاد کرے کہ نبی کا نام لینے سے نبی اس پر مطلع ہو جاتا ہے تو وہ مشرک ہو جاتا ہے۔ پھر خواہ یہ اعتقاد کسی نبی کے ساتھ ہو یا ولی یا فرشتہ یا جن یا بھوت یا صنم یا بت کے ساتھ ہو۔ پھر خواہ یہ اعتقاد کرے کہ اس کا علم اس نبی وغیرہ کو بذاتہ حاصل ہوتا ہے یا اللہ کے اعلام سے الغرض جس طریق سے یہ اعتقاد ہو اس سے مشرک ہو جاتا ہے اور جو کوئی نبی وغیرہ کو اپنا ولی یا شفیع ہونا اعتقاد کرتا ہے تو وہ اور ابو جہل دونوں شرک میں برابر ہیں پہلے بت لات اور سواع اور عزّیٰ تھے۔ لیکن پچھلے بت محمد اور علی اور عبدالقادر ہیں۔ جو شخص اپنی حاجت کے وقت یا اللہ نہیں کہتا اور یا محمد کہتا ہے اگر چہ اس کو ایک بندہ عاجز سب باتوں میں اعتقاد کر لیتا ہے تو بھی مشرک ہو جاتا ہے۔ اور تجھے اس باب میں ہمارا شیخ تقی الدین ابن تیمیہ بس ہے۔ اور یہ ثابت ہو چکا ہے کہ محمد ﷺ کی قبر اور مشاہد اور مساجد اور آثار کی طرف یا کسی دوسرے نبی یا ولی یا دوسرے بتوں کی طرف سفر کر کے جانا شرک اکبر ہے۔ انتہیٰ

اسی طرح اس فرقہ وہابیہ کی ظاہری طاقت بھی بصورت حاکم جابر بحر احمر اور بحر فارس اور حلب اور دمشق اور بغداد کے اکناف واطراف تک پھیل گئی۔ مگر بحمد اللہ ۱۲۳۴ھ میں خدیو مصر کے ہاتھوں اس فرقہ کی طاقت کا قلع قمع ہو گیا لیکن اس فرقہ کا داعیہ ہندو پنجاب میں بھی سرایت کر گیا جو اب تک ہمارے ملک میں اپنے کو موحد بتلاتے ہیں اور مشہور غیر مقلّد اور وہابی کے نام سے ہیں۔

فرقۂ قادیانی اور فرقہ نیچریہ کا خروج

اور انہیں وہابیہ کی ایک صنف فرقہ نیچریہ اور فرقۂ قادیانی ہے۔ جس کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جو ترجمان غیب تھے اپنے ایک خطبہ میں پیشین گوئی فرمائی کہ عن ابن عبّاس

Marfat.com

قال خطبنا عمر رضی اللہ عنہ فقال یا ایھاالناس سیکون قوم من ھذہ الامّۃ یکذبون بالرجم ویکذبون بالدجّال ویکذبون بطلوع الشمس من مغربھا ویکذبون بعذاب القبر ویکذبون بالشفاعہ ویکذبون بقوم یخرجون من النار بعد ماامتحشوا (ازالۃ الخفا صفحہ ۱۸۱) فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہ اے لوگو! اس اُمّت میں سے ایک قوم پیدا ہونے والی ہے جو رجم کی تکذیب کرے گی اور دجّال معہود کا انکار کرے گی اور مغرب کی طرف سے آفتاب کے طلوع ہونے کو باطل کہے گی اور عذاب قبر کو جھٹلائے گی اور شفاعت کی منکر ہوگی اور اس قوم کے امر سے انکار کرے گی جو آگ میں جلنے کے بعد دوزخ سے نکالی جائے گی۔ پس اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اس پیشین گوئی میں غور کیا جائے اور اس کو واقعات خارجیہ کے مطابق کر کے دیکھا جائے تو ظاہر ہوگا کہ اسی فرقۂ قادیانی اور نیچری نے امور خوارق عادات کا انکار کیا ہے اور علی الخصوص دجّال معہود کا انکار اسی قادیانی صاحب نے کیا ہے۔ چنانچہ وہ اپنے ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۴۸۶ میں لکھتے ہیں کہ ''دجّال جس کا ذکر فاطمہ بنت قیس کی حدیث میں زندہ موجود ہونے کا ہے وہ فوت ہو چکا ہے اور مراد اس کا مثیل ہے جو گرجا سے نکل کر مشارق و مغارب میں پھیل گیا۔ یعنی گروہ پادریان''۔

دجّال معہود کے قبل تیس دجّال کا خروج

سیکون فی اُمتی کذابون ثلاثون کلھم یزعم انہ نبی اللّٰہ (ثوبان، ابوداؤد، ترمذی، مشکوٰۃ) لاتقوم الساعۃ حتّٰی یبعث دجّالون کذّابون قریب من ثلاثین کلھم یزعم انہ رسول اللّٰہ (ابوہریرہ، متفق علیہ) اور اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تیس (۳۰) کذّابوں کے وجود سے اطلاع دی جو کہ اپنے کو نبی اللہ کہنا زعم کریں گے اور نیز ان میں (۳۰) دجّالوں کے حدوث سے آگاہ فرمایا جو اپنے کو رسول اللہ ہونا زعم کریں گے۔ چنانچہ امر اوّل حدیث ثوبان سے ثابت ہے جو ابوداؤد اور ترمذی سے مشکوٰۃ میں ہے اور امر

Marfat.com

ثانی ابو ہریرہ کی حدیث سے ثابت ہے جو بخاری اور مسلم میں مروی ہے۔ پس اگر اس پیشین گوئی کو بھی خارج میں مطابق کر کے دیکھا جائے تو مسیلمہ کذاب اور اسود عنسی اور حمدان بن قرمط اور محمد بن عبدالوہاب کے بعد یہی قادیانی صاحب ہیں جنہوں نے اپنے کو نبی ہونا کہا اگرچہ من وجہ کہا۔

قادیانی کا دعویٰ رسالت ونبوّت

اور انہوں نے ہی اپنے کو ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۶۷۵ میں آیت هُوَ الَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ کا مصداق بتایا اور لکھا کہ یہ آیت درحقیقت اسی مسیح ابن مریم (قادیانی) کے زمانہ سے متعلق ہے۔ اور اسی کے صفحہ ۶۷۳ میں آیت مُبَشِّراً بِرَسُوْلٍ یَاتِیْ مِنْ بَعْدِیْ اسْمُهٗ اَحْمَد کے تحت میں لکھا کہ آنے والے کا نام جو احمد رکھا گیا ہے وہ بھی اسی کے مثیل کی طرف اشارہ ہے اور احمد اور عیسیٰ اپنے جمالی معنوں کی رو سے ایک ہی ہیں اور آخری زمانہ میں برطبق پیش گوئی مجرد احمد جو اپنے اندر حقیقت عیسوی رکھتا ہے بھیجا گیا اور لکھا کہ کیا حیّ وقیّوم ایک انسان کو دوسرے انسان کی صورت مثالی پر نہیں بنا سکتا؟ اور اسی کتاب کے صفحہ ۵۳۳ میں لکھا کہ ''میں نبی بھی ہوں اور امتی بھی''۔ اور توضیح المرام کے صفحہ ۱۸ میں لکھا کہ ''یہ عاجز خدائے تعالیٰ کی طرف سے اس اُمّت کے لئے مُحدّث ہو کر آیا ہے اور محدّث بھی ایک معنی سے نبی ہی ہوتا ہے۔ گو اس کے لئے نبوّت تامّہ نہیں مگر تاہم وہ جزوی طور پر ایک نبی ہی ہے''۔ پس ان تمام عبارات قادیانی صاحب سے ظاہر ہے کہ آنحضرت ﷺ کی پیشین گوئی کے مصداق اور مسیلمہ کذّاب کی طرح ایک فرد قادیانی صاحب بھی ہیں۔ کیونکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ جو راس المحدثین ہیں اور جن کی شان میں آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ **لقد کان فیما کان قبلکم من الامم ناس محدثون من غیر ان یکون انبیاء فان یکن فی اُمّتی احد فانه عمر** (بخاری، ازالۃ الخفا ۳۲۳)

Marfat.com

گزشتہ امتوں میں چندلوگ محدث ہوئے ہیں جو نبی نہ تھے پس اگر میری امت میں کوئی ایسا محدث ہے تو وہ عمر ہے اور فرمایا لو کان بعدی نبی لکان عمر (ابن جوزی، احمد، ترمذی، حاکم، طبرانی) کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہونا ہوتا تو وہ بالضرور عمر بن الخطاب ہوتا۔ پس جبکہ راس المحدثین یعنی حضرت عمر سے آنحضرت ﷺ نے سلب نبوّت فرمائی تو پھر دوسرا کون ایسا محدث پیدا ہوسکتا ہے جس کو جزواً بھی نبی کہا جاسکے؟

عیسیٰ علیہ السلام کعبۃ اللہ کا حج کریں گے اور اصحاب کہف ان کے ساتھ ہوں گے

قال القرطبی وردت فرقة ان النبی قال لیحجن عیسٰی ابن مریم ومعه اصحاب الکهف فانهم لم یحجوا بعد ذکره ابن عیینة ونحوه فی التورٰة والانجیل وقد ذکرنا هذا الخبر بکماله فی التذکرة فعلی هذاهم ینام لم یموتوا ولایموتون الی یوم القیامة بل یموتون قبل الساعه (انتہیٰ فتح صفحہ ۳۹۲) اسی طرح آنحضرت ﷺ نے مہدی معہود کی علامت سے آگاہ فرمایا۔ چنانچہ ابن عبّاس رضی اللہ عنہما سے ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں اور ابن مردویہ نے اپنی تفسیر میں مرفوعاً روایت کیا ہے۔ اخرج ابن عساکر فی تاریخه وابن مردویه فی تفسیره عن ابن عباس مرفوعا اصحاب الکهف اعوان المهدی تشیید المبانی تخریج احادیث مکتوبات امام ربّانی رحمة اللّٰه علیه تواتر الاخبار واستفاض بکثرتها ان المهدی یخرج مع عیسی فیساعده علی قتل الدجّال بباب لُدّ (ابن حجر، سیوطی، حاشیہ ابن ماجہ) ان للمهدی ایتین لم تکونا منذ خلق السمٰوٰت والارض ینکسف القمر فی اوّل لیلة من رمضان وتنکسف الشمس فی نصف منه (دارقطنی، محمد بن علی) کہ اصحاب کہف مہدی معہود کے اعوان وانصار ہوں گے اور امام قرطبی لکھتے ہیں کہ ایک بڑے فرقہ نے روایت کی ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ عیسیٰ ابن مریم بالضرور حج

Marfat.com

کرے گا اور اصحاب کہف اس کے ساتھ ہوں گے کیونکہ انہوں نے ابھی تک حج نہیں کیا۔ اس کو ابن عیینہ نے ذکر کیا۔

مہدی موعود عیسیٰ کے ساتھ ہوگا

اور اسی طرح توریت اور انجیل میں ہے اور ہم نے اس خبر کو پورے طور سے تذکرہ میں لکھا ہے۔ پس اس بنا پر اصحاب کہف ابھی سوئے ہوئے ہیں، مرے نہیں۔ اور قیامت تک نہیں مریں گے بلکہ ساعت مقررہ سے پہلے فوت ہوں گے۔ اور حاشیہ ابن ماجہ میں ابن حجر اور شیخ سیوطی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ فرمایا انہوں نے اس باب میں احادیث متواتر ہیں کہ مہدی معہود عیسیٰ کے ساتھ خروج کرے گا او باب لُدّ پر دجّال کے قتل کرنے میں عیسیٰ کا معاون ہوگا۔ اور دار قطنی میں محمد بن علی سے مروی ہے کہ مہدی معہود کے ظہور کے لئے دو ایسی علامتیں ہیں جو ابتدائے پیدائش آسمان وزمین سے کبھی نہ واقع ہوئیں اور وہ یہ ہیں کہ رمضان کی پہلی رات کو خسوف ماہتاب ہوگا اور نصف رمضان میں کسوف آفتاب ہوگا۔

مہدی کی علامات

اور ابن جوزی نے اپنی تاریخ میں ابن عبّاس سے مرفوعاً روایت کیا ہے۔ اخرجه ابن الجوزی فی تاریخه عن ابن عبّاس مرفوعا (تشید المبانی) کہ مہدی معہود تمام روئے زمین کا حاکم ہوگا جیسے کہ ذوالقرنین اور سلیمان علیہما السلام ہوئے۔ اور مسند ابونعیم میں ابن عمر سے مروی ہے کہ مہدی موعود کے سر پر ایک ٹکڑا ابر کا رہے گا۔ جیسے کہ یہی علامات بوجہ اتم مکتوبات امام ربّانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ میں بالتفصیل مذکور ہیں۔

امام ربّانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ کے وجود کی بشارت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم

اور اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے امام ربّانی مجدّد الف ثانی حضرت شیخ احمد سرہندی رضی اللہ عنہ کے وجود مسعود سے بشارت فرمائی اور ارشاد فرمایا کہ یکون فی امتی یقال له

Marfat.com

صلۃ یدخل بشفاعتہ الجنۃ کذا وکذا (جمع الجوامع للسیوطی رضی اللہ عنہ) میری امّت میں ایک مرد ہوگا۔ جس کو صلہ کے نام سے پکارا جائے گا اور جس کی شفاعت سے اتنے اور اتنے جنّت میں داخل ہوں گے۔ جس کی تصدیق حضرت مجدّد جلد ثانی کے مکتوب ۶ میں اس طرح فرماتے ہیں کہ ''الحمد للہ الذی جعلنی صلۃ بین البحرین ومصلحا بین الفئتین وانچہ مقصود از آفرینش خود می دانستم معلوم شد کہ بحصول پیوست ومسئول ہزار سالہ باجابت قرین گشت''۔ چنانچہ خارج میں ایسا ہی ہوا کہ حضرت مجدّد برسنّت انبیائے اولوالعزم ایک ہزار برس کی انتہا اور دوسرے ہزار کی ابتدا میں ایسے وقت پر پیدا ہوئے جبکہ جور وبدعت میں رواج اور علماء سوء کا غلبہ ہو چکا تھا اور ذات وصفات باری تعالیٰ میں باہمی فرق۔ علماء وصوفیہ میں افراط وتفریط پھیل گئی تھی۔ ایک طرف سے فرقہ وجودیہ علم حال کو فلسفی رنگ آمیزیوں سے قال میں لا رہا تھا۔ چنانچہ ان کے متاخّرین صوفیہ نے ممکن کو عین واجب کہا اور ممکن کے صفات وافعال کو عین صفات وافعال خدائے تعالیٰ جان کر بآواز بلند کہہ دیا۔

ہمسایہ وہمنشین وہمراہ ہمہ اوست دردلقِ گدا واطلسِ شاہ ہمہ اوست
درانجمن فرق ونہان خانۂ جمع باللہ ہمہ اوست ثم باللہ ہمہ اوست

فرقہ وجودیہ اور علماء ظاہریہ کے مذہب کی اصلاح

اور اس قول کی بنا بظاہر اس پر ہے جو شیخ محی الدین ابن العربی نے فرمایا کہ ''اسماء وصفات واجبی جلّ وعلا عین ذات واجب اند تعالیٰ وتقدس وہمچنین عین یکدیگر اند مثلاً علم وقدرت چنانچہ عین ذاتند تعالیٰ عین یکدیگر اند۔ پس دران موطن ہیچ اسم ورسمِ تعدد وتکثر نباشد وتمائز وتباین خود نہ۔ غایت مافی الباب آن اسماء وصفات باعتبار شیون واعتبارات در حضرت عالم تمائز وتباین پیدا کردہ اند۔ اجمالاً وتفصیلاً اگر تمیز اجمالی است معبر بتعین اوّل است واگر تفصیلی است مسمّٰی بہ تعین ثانی۔ تعیّن اوّل راوحدت مے نامند وآنرا حقیقت محمدی میدانند

Marfat.com

وتعیّن ثانی راواحدیت میگویند وحقائق سائرممکنات می انگارند واین حقایق ممکنات رااعیان ثابتہ مے دانند ومے گویند کہ این اعیان بوئے ازوجود خارجی نیافتہ اندودرخارج غیراز احدیت مجرّدہ ہیچ موجودے نیست واین کثرت کہ درخارج مینمایدعکس آن اعیان ثابتہ است کہ درمرأت ظاہروجود کہ جزاودرخارج موجودے نیست منعکس گشتہ است ووجود تخیّلی پیدا کردہ واین متخیّل ومتوہّم چون صنع خداوندی است برفع وہم وتخیّل مرتفع نگرددوثواب وعذاب ابدی بران مرتب باشد. الیٰ غیر ذٰلک''۔اوردوسری طرف سے علماءظواہرکی تشکیکات نے برہمی پھیلادی جنہوں نے کہا کہ وجودممکن اوروجودواجب تعالیٰ ہردووجود مطلق کے افرادمیں سے ہیں۔پس انہوں نے وجودواجب تعالیٰ کواقدم اوراولیٰ کہا۔

پس حضرت مجدد علیہ الرحمۃ نے ان دونوں فریق کے اقوال کی شناخت بآواز بلند ظاہرکردی جیسے کہ جلد ثانی کے مکتوب ثانی میں تحریرفرماتے ہیں۔کہ ''ممکن راعین واجب گفتن وصفات وافعال اوراعین صفات وافعال اوتعالیٰ ساختن سوءادب است والحاداست دراسماء وصفات اوتعالیٰ کناس خسیس کہ بہ نقص وخبث ذاتی متّم است چہ مجال کہ خودراعین سلطان عظیم الشان کہ منشاء خیرات وکمالات است تصوّرنمایدـ وصفات وافعال ذمیمۂ خود راعین سلطان عظیم الشان کہ منشاء خیرات وکمالات است تصوّرنُمایدـ وصفات وافعال ذمیمۂ خودراعین صفات وافعال جمیلہ اوتوہّم کندـ وہمچنین ممکن راوجودثابت کردن وخیروکمال راجع باوداشتن فی الحقیقت شریک کردن است اورادرمِلک ومُلک حق جل سُلطانہ واین معنی موجب تشریک ممکن است بواجب تعالیٰ درکمالات وفضائل کہ ازوجودناشی گشتہ اندتعالیٰ اللّٰہ عن ذٰلک علوا کبیرا درحدیث قُدسی آمدہ الکبریاء ردائی والعظمۃ ازاری اگرعلماءظواہرازیں دقیقہ آگاہ میگشتند ہرگزممکن راوجودثابت نمیکردند''۔

پس حضرت مجدّدعلیہ الرحمۃ نے ان ہردوفریق کی اصلاح فرمائی اوراپنے اسی مکتوب

Marfat.com

میں شیخ عبدالعزیز جونپوری کولکھا۔ کہ ''مخدو ماصفات ثمانیہ واجب الوجود تعالیٰ وتقدس کہ نزد اہل حق شکر اللہ تعالیٰ سعیہم درخارج موجوداند ناچار درخارج از ذات تعالیٰ وتقدس متمیّز باشند بتمیز یکہ ازقسم بیچونی وبیچگونگی بودوہمچنین این صفات از یکدیگر متمیّز اند بتمیز بیچونی بلکہ تمیز بیچون درمرتبۂ حضرت ذات تعالیٰ وتقدّس نیز ثابت است لانه الواسع بالوسع المجهول الكيفيت وتمیز یکہ فراخورفہم وادراک ماباشد ازان جناب قدس مسلوب است چہ تبعّض وتجزّی درانجا متصوّر نیست۔ ترکیب وتحلیل رادران حضرت بارنہ وحالیّت ومحلیّت راگنجایش نہ۔ بالجملہ آنچہ ازصفات واعراض ممکن است ازانجناب قدس مسلوب ست لیس کمثله شئ لا فی الذات ولا فی الصفات ولا فی الافعال باوجوداین تمیّز بیچونی ووسعتِ بے کیفی اسماء وصفات واجبی جل سلطانہ درخانہ علم نیز تفصیل وتمیّز پیدا کردہ اند ومنعکس گشتہ وہراسم وصفت متمیّز رامقابلے ست درمرتبۂ عدم ونقیضے ست دران موطن۔ مثلاصفت علم رادر مرتبۂ عدم مقابلے است ونقیضے کہ عدم علم باشد کہ معبر بجہل است وصفت قدرت را مقابلیست عجز کہ عدم قدرت باشد علی ہذا القیاس وآن عدمات متقابلہ نیز درعلم واجبی جلّ شانہ تفصیل وتمیّز پیدا کردہ اند ومرایائے اسماء وصفات متقابلۂ خود گشتہ ومجالئ ظہور عکوس آنہا شدہ۔ نزد فقیر عدمات بآن عکوس اسماء وصفات حقائق ممکنات اند۔ غایۃ مافی الباب آن عدمات دررنگ اصول وسواد آن ماہیات اندوآن عکوس ہمچوصورِ حالّہ دران مواد۔ پس حقایق ممکنات نزد شیخ محی الدین ہمان اسماء وصفات متمیّزہ اند درمرتبۂ علم ونزد فقیر حقایق ممکنات عدمات اند کہ نقایض اسماء وصفات اند یاعکوس اسماء وصفات کہ درمرائے یا آن عدمات درخانۂ علم ظاہر گشتہ وبا یکدیگر مُمتزج شُدہ۔ وقادرمُختار جلّ سلطانہ ہرگاہ خوراست کہ ماہیتے راازاں ماہیات ممتزجہ بوجود ظلّی آرد کہ پرتویست از حضرت وجود برین متصف گرداند وموجود خارجی ساختہ مبدأ آثار خارجیہ گرداند۔ پس وجود ممکن درعلم ودرخارج دررنگ سایۂ

Marfat.com

صفات او پرتویست از حضرت وجود وظلّے ست ازان کہ در مقابل خود منعکس گشتہ۔ لیکن نزد فقیر ظلّ شے عین شے نیست بلکہ شبحی ست ومثال آن شے وحمل یکے بر دیگرے ممتنع است پس ہمہ اوست درست نباشد بلکہ ہمہ از وست۔ وچون عالم عبارت ازان عدمات است کہ اسماء وصفات واجبی درخانۂ علم درانجا منعکس گشتہ ودر خارج بوجود ظلّی موجود شدہ لاجرم درعالم خبث ذاتی پیدا شد وشرارتِ جبلّی ظاہر گشت وخیر وکمال ہمہ عاید بجناب قُدس اوشُد۔ آیت کریمہ ما اصابک من حسنة فمن اللّٰه وما اصابک من سیّئة فمن نفسک مؤیدین معرفت است۔ پس فقیر وجود ظلّی درخارج اثبات مے نُماید وایشانان وجود ظلّی رادروہم وتخیّل مے انگارند ودر خارج جز احدیت مجردہ راموجود نمید انند وصفات ثمانیہ راکہ بآرائے اہل سنّت وجماعت رضی اللہ عنہم وجود اینہا درخارج ثابت شدہ است۔ نیز درعلم اثبات نمیکنند۔ علماء ظواہر وایشانان رضی اللہ تعالیٰ عنہم دوطرف اقتصاد رااختیار فرمودہ اند وحق متوسّط نصیب این فقیر بودہ کہ بآن موفق گشتہ۔ اگر ایشانان نیز این خارج راظل آن خارج می یافتند از وجود خارجی عالم انکار نے نمودند وبروہم وتخیّل اقتصار نمی فرمودند اگر علماء نیز آگاہ میگشتند ہرگز ممکن راوجود اصلی اثبات نمیکردند وبوجود ظلّی اکتفامیفرمودند''۔ انتہیٰ ملخصاً

اس کے بعد جلد ثانی کے مکتوب ثانی میں قول فیصل لکھتے ہیں۔ کہ ''حلّ این اشکال انچہ برین فقیر ظاہر ساختہ اند آنست کہ حضرت حق تعالیٰ بذات خود موجود است نہ بوجود کہ عین باشد آن وجود یا زاید۔ وصفات واجب تعالیٰ بذات اوتعالیٰ موجود اند نہ بوجود۔ زیرا کہ وجود رادران موطن گنجایش نیست۔ شیخ علاء الدولہ اشارتے باین مقام فرمودہ است آنجا کہ گفتہ فوق عالم الوجود عالم الملک الودود پس نسبت امکان ووجوب نیز دران موطن متصوّر نباشد چہ امکان ووجوب نسبتی است میان ماہیت۔ ووجود فحیث لا وجود لا امکان ولا وجوب۔ این معرفت ورائے طور نظر وفکر ست۔ محبوسان عقیلہ عقل ازین معرفت چہ دریابند

Marfat.com

وغیر از انکار نصیب ایشان چہ بود الا من عصمۃ اللہ سبحانہ''۔ اور نیز جلد اوّل کے مکتوب ۲۸۷ میں لکھتے ہیں کہ ''عالم چہ صغیر و چہ کبیر مظاہر اسماء وصفات الٰہیہ است تعالیٰ شانہ ومرایائے شیونات وکمالات ذاتیۂ او سبحانہ گنجے بود مکنون وسرّے بود مخزون خواست کہ خلا بملا دہد واز اجمال بتفصیل آرد۔ عالم را آفرید تا کہ دلالت کند بر اصلی خویش وعلامت باشد بر حقیقتِ خود۔ پس عالم را با صانع بیچون ہیچ نسبتے نیست۔ الا آنکہ عالم مخلوق اوست ودلیل است بر کمالات مخزونہ او تعالیٰ وتقدس۔ ماورائے این ہر حکمے کہ ہست از جنس اتحاد وعینیت واحاطہ ومعیت از سکر وقت وغلبۂ حال است۔ اکابر مستقیم الاحوال کہ از قدحِ صحو ایشانرا شُربے ارزانی داشتہ اند۔ ازین علوم متبریٰ ومستغفر اند۔ اگر چہ بعضے ایشان را در اثنائے راہ این علوم حاصل میشود امّا بالآخر ازینہا میگزرانند ومطابق علوم شریعت علوم ازلی برایشان ایراد میفرمایند۔ مثالے از برائے تحقیق این مبحث بیان کنیم۔ عالمے نحریرے ذوفنونے کہ کمالات مخزونہ خود را در عرصۂ ظہور۔ دوفنون مکنونہ خود را برملا جلوہ دہد ایجاد حروف واصوات نماید تا در پردۂ حروف واصوات آن کمالات را متجلّی سازد وآن فنون را اظہار نُماید۔ پس دریں صورت این حروف واصواتِ دوال را با معانی مخزونہ بلکہ بآن عالم موجد ہیچ نسبتے نیست اِلّا آنکہ آں عالم موجد اینہاست واینہا دوال اند بر کمالات مکنونۂ او۔ وحروف واصوات را عین آن عالم موجد یا عین آن معانی گفتن معنی ندارد۔ وہمچنین حکم با حاطہ ومعیت درین حادثۂ غیر واقع است معانی ہمان صرافت مخزونہ اند۔ آرے چون درمیان معانی وصاحب معانی ودرمیان حروف واصوات مناسبت دالّیہ ومدلولیت متحقق است بعضے معانی زایدہ غیر واقعہ در تخیّل مے آید۔ فی الحقیقت آن عالم ومعانی مخزونہ او از ان نسب زایدہ منزّہ ومبرّہ است واین حروف واصوات در خارج موجود اند نہ آنکہ آن عالم ومعانی موجود اند وآن حروف واصوات واوہام وخیالات اند۔ پس عالم کہ عبارت از ماسِوا ہست در خارج موجود است

Marfat.com

بالوجود الظلی والکون الطبعی نہ آنکہ عالم اوہام وخیالات است۔ این مذہب بعینہ مذہب سوفسطائی ست کہ عالم راا وہام وخیالات میداند۔آہ''۔

پس حضرت مجدّد علیہ الرحمۃ کا ممنون ہونا چاہیے جنہوں نے ان ہر دو فریق صوفیہ وجود یہ اور علمائے شہود یہ میں صلح کرادی اور ان کی غلطیوں کی اصلاح فرمادی اور سب دنیا اس وقت تک ان کے برکات طریقہ سے بہرہ مند ہے۔ اِلاَّ وہ شپرّک چشم جو نور آفتاب کی قابلیت نہیں رکھتا، محروم رہا۔ اور ان کی قبولیت کی بڑی علامت یہ ہے کہ ان کے خلفاء مسجد نبوی میں حلقہ کر کے خود رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں بالمشافہ اور بالمواجہ عرب اور عجم کے علماء اور طلباء کو توجّہات فرمارہے ہیں حالانکہ بجز ان کے یہ خصوصیت آج تک کسی دوسرے طریقہ کے صوفی کو حاصل نہ ہوئی۔

طاعون بمبئی کی پیشین گوئی

اسی طرح آنحضرت ﷺ نے بمبئی کے عالمگیر طاعون سے بھی متنبّہ فرمایا اور نیز امت مرحومہ کی مشوّش حالت سے بھی آگاہ فرمایا۔ جیسے کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مشکوٰۃ میں مروی ہے کہ فرمایا آنحضرت ﷺ نے جب فَے کا مال حسب احکام قرآن تقسیم نہ ہو کر ذریعہ دولتمندی ہوگا اور مال امانت میں خیانت ہو کر بمنزلہ غنیمت ٹھہرے گا اور ادائے زکوٰۃ ایک تاوان کہلائے گا اور علوم دینیہ کی تعلیم سے دین مقصود نہ ہوگا اور مرد اپنی عورت کی اطاعت کرے گا اور ماں باپ کی اطاعت نہ کر کے بجائے اس کے اپنے دوستوں کو چاہے گا اور مسجدوں میں آوازیں اونچی ہوں گی اور قبیلہ میں سرداری فاسق کے نام اور قوم کی ریاست اور حکومت ان کے اخس ارذل کے نام ہوگی اور آدمی کی تعظیم اس کے شر کے خوف سے کی جائے گی اور کنچنیوں کا ناچ اور گانے بجانے کے آلات کا ظہور علانیہ ہوگا اور شراب کا پینا کھلم کھلا ہوگا اور پچھلی اُمّت کے ناخلف اپنے سلف کو لعن وسبّ کہیں گے تو اس وقت تم منتظر رہو

Marfat.com

کہ سرخ باد یعنی طاعون اور زلزلے اور خسف اور مسخ اور قذف تم کو اس طرح احاطہ کریں گے اور مسلسل آئیں گے جیسے ایک لڑی کا تار ٹوٹ جائے اور اس کے دانے منظوم پے در پے گرنے سے نہ رکیں۔

پس آنحضرت ﷺ کی اس پیشین گوئی کی صداقت نے جو تیرہ سو اٹھارہ برس قبل آنحضرت ﷺ کی زبان غیب ترجمان سے ظاہر ہوئی۔ بمبئی کی اس عالمگیر طاعون کے تمامی عقدے حل کر دیئے جو اس میں ملفوف ہیں اور یہ ایک ایسی لا علاج طاعون ہے جس کے لئے قادیانی صاحب کا مرہم عیسیٰ مکتفی نہیں ہو سکتا۔

نبی کریم کا کوئی فعل ان کے علم کے خلاف نہ تھا

پس وہ نبی کریم ﷺ جس کو خطاب الٰہی ہوا کہ اگر تو نہ ہوتا تو میں اپنی ربوبیت کو ظاہر نہ کرتا اور وہ نبی جس کا معلّم شدید القویٰ ہے اور علم لوح وقلم جس کے علوم کا ایک جزو ہے اور وہ نبی جس کے سماوی مشیر اور وزیر جبرئیل ومیکائیل ہوں اور ارضی مشیر ابوبکر اور عمر رضی اللہ عنہما ہوں اور وہ نبی جس کا دل نور حکمت وایمان سے پر کیا گیا اور جو دوسروں کی تطہیر اور ان کے مکارم اخلاق کی تتمیم اور ان کو الواث بشریہ سے پاک وصاف کرنے اور ان کے امور معاش ومعاد میں رسوم غیر مرضیہ کی اصلاح کے لئے مبعوث ہوا ہو اس کی نسبت عقل سلیم کبھی فتویٰ نہیں دے سکتی کہ اس کا فعل اس کے علم کے مخالف ہو یا اس کا علم بے تعلیم الٰہی ہو یا اس کا بولنا بے بُلائے ہو اور اس کی رائے اور اجتہاد صیانت اور عصمت الٰہی سے مملو نہ ہو اور بقول کفار اس سے ایسی حرکات مجنونانہ سرزد ہوں کہ بے اعلام اور بغیر احکام الٰہی فقط اپنے ہی خیال سے مومنین کی ایک جماعت کثیرہ کو مدینہ سے مکہ کی طرف فوج کشی کر کے گوناگوں بلیّات میں مبتلا کرے اور تائید الٰہی اس کے اس غلط خیال کی اصلاح نہ کرے۔ حالانکہ وہ خاص طور پر مامور ہوئے کہ اے نبی! ولاتقف ما لیس لک به علم ان السمع

Marfat.com

والبصر والفواد کل اولٰئک کان عنه مسئولاo (سورۂ بنی اسرائیل) غیر معلوم کا پیچھا نہ کر اور نا شنیدہ اور نا دیدہ اور نا دانستہ امور کا اتباع نہ کر۔ کیونکہ کان اور آنکھ اور دل ہر ایک سے سوال کیا جائے گا۔ پس ایسے نبی کریم کے حق میں اس سے بڑھ کر اور کیا شناعت ہو سکتی ہے کہ بقول قادیانی اس کی رائے صائب نہ ہو اور وہ اپنے خیال میں جھوٹا نکلے یا اپنے کسی اجتہاد میں غلطی کرے خواہ امرِ دین میں ہو یا امر دنیا میں۔ چنانچہ آیت القی الشیطان کے تحت میں عارف شعرانی لکھتے ہیں۔ کہ فکل نبی معصوم من عمله بوسوسته لا من وسوسته۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ۱۵۱، باب صفۃ الصلوٰۃ، دارالفکر بیروت) ''ہر نبی شیطان کے وسوسہ کے مطابق عمل کرنے سے معصوم رہتا ہے''۔

اجتہادات نبی کریم ﷺ کے متعلق قادیانی کے تخطیہ کے جوابات

پس وہ قرآنی خواب جس کا ذکر قادیانی صاحب نے کیا ہے کہ وہ موجب ابتلا ہوا اور جس کے باعث آنحضرت ﷺ نے غلط فہمی سے تکلیف گوارا فرمائی اس کی نسبت صحیح بخاری وغیرہ میں ابن عباس سے مروی ہے۔ کہ عن ابن عباس وما جعلنا الرؤیا التی ارینٰک الا فتنة للناس قال هی رؤیا عین رأها رسول اللّٰه لیلة اسری به

(بخاری صفحہ ۶۸۶، احمد، ترمذی، نسائی، ابن جریر، ابن منذر، ابن ابی حاتم، طبرانی، حاکم، ابن مردویہ، بیہقی، درمنثور) وہ رؤیا خواب نہ تھا بلکہ آنکھ کا دیکھنا ہے جو شب معراج میں ہوا۔ فتح البیان میں ہے کہ یہی امر باعتبار کثرت اور صحت کے راجح ہے اور اسی پر جماعت کثیرہ کا اجماع ہے۔ ہاں ایک ضعیف روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ ایک خواب کی بنا پر مدینہ سے مکہ کو تشریف فرما ہوئے۔ لیکن سیرۃ ابن اسحاق میں ہے کہ قال محمد بن اسحٰق وقد بلغنی ان رسول اللّٰه قال لابی بکر الصدیق وهو محاصر ثقیفا یا ابابکر انی رأیت انی اُهدیت الی قعبة مملوة زبدا فنقرها دیک فهرانی مافیها فقال ابوبکر ماظن ان

Marfat.com

تدرک منهم یومک هذا ما ترید فقال رسول اللّٰه وانا ادری ذٰلک (ازالۃ الخفا)وقال عمر اوماذن فیهم یارسول اللّٰه قال لاقال افلا اوذن بالرحیل قال بلی قال فاذّن عمر بالرحیل (ازالۃ الخفا) ثقیف کے عین محاصرہ کے وقت آنحضرت ﷺ نے ابوبکر رضی اللہ عنہ سے اپنا خواب بیان فرمایا کہ اے ابوبکر رضی اللہ عنہ میں نے دیکھا ہے کہ ''مسکہ سے پُر ایک قاب مجھے ہدیۃً دی گئی ہے پھر ایک مرغ نے اس میں چونچ ماری اور سارا مسکہ گرادیا''۔ ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کی تعبیر عرض کی کہ آج کے دن مراد کا حاصل ہونا نہیں پایا جاتا آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں بھی یہی دیکھتا ہوں اور عمر رضی اللہ عنہ کو رحیل کا امر فرمایا۔ پس اس سے بھی صاف ظاہر ہے کہ آنحضرت ﷺ نے نہ تو اپنی رائے سے مکّہ سے مراجعت فرمائی اور نہ اپنی رائے سے چڑھائی کی بلکہ ہردو باعلام الٰہی ہوئے۔ معہذا حافظ ابن کثیر آیت لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْيَا بِالْحَقِّ کے تحت میں لکھتے ہیں کہ کان رسول اللّٰه قد رأی فی المنام انه دخل مکة وطاف بالبیت فاخبر اصحابه بذٰلک وهو بالمدینه فلما ساروا عام الحدیبیة لم یشک جماعة منهم ان هذه الرؤیة تتفسر هذا العام فلما وقع ماوقع من قضیة الصلح و رجعوا عامهم ذٰلک علی ان یعودوا من قابل وقع فی نفس بعض الصحابة من ذٰلک شئ حتی سأل عمر ابن الخطاب فی ذٰلک فقال له فیما قال افلم تکن تخبرنا انا سنا فی البیت ونطوف به قال بلی فاخبرتک انک تاتیه عامک هذا قال لاقال ﷺ فانک اٰیته ومطوف به وبهذا اجاب الصدیق ایضا حذوا القذة بالقذة (فتح البیان صفحہ ۲۶۱ ابن کثیر)۔ آنحضرت ﷺ نے عام حدیبیہ میں جبکہ صلح واقع ہوگئی عمر اور ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے جواب میں صاف صاف فرمادیا کہ میں نے ہرگز تم کو یہ نہ کہا تھا کہ اسی سال مکّہ میں داخل ہوکر طواف کروگے۔ بلکہ عام حدیبیہ کی نقل

Marfat.com

وحرکت سے بعض صحابہ نے بطور خود اعتقاد اور زعم کرلیا تھا کہ اسی سال فتح ہوگی اوران کو ایک زمانہ تک یہ معلوم نہ ہوا کہ اس سال میں صلح کا واقع ہونا حکمت الٰہی میں ایک بیش بہا فتوحات مکیّہ کا زینہ چڑھنا تھا۔

بضع کی تحقیق

اسی طرح قادیانی صاحب کا یہ بھی بالکل افترا اور بہتان ہے جوانہوں نے نبی ﷺ کی طرف منسوب کیا کہ خود آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ بضع کا لفظ لغت عرب میں نو برس تک اطلاق پاتا ہے اور میں بخوبی مطلع نہیں کیا گیا کہ کس سال فتح ہوگی۔ پس اگر ساری کتب احادیث کو دیکھا جائے تو کبھی یہ معنی نہ ملیں گے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا ہو کہ میں بخوبی مطلع نہیں کیا گیا۔ بلکہ ترمذی اور دار قطنی اور تاریخ بخاری میں ابن عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ **عن ابن عبّاس ان النبی ﷺ قال لابی بکر الا احتطت یا ابابکر فان البضع مابین ثلاث الی تسع** (ترمذی) **فقال الا جعلبة اراہ احمد ابن کثیر** (فتح البیان) آنحضرت ﷺ نے ابی بکر رضی اللہ عنہ کو چھ سال کی تعیین پر تشدید کے ساتھ فرمایا کہ کیوں تو نے چھ سال کی معیاد ٹھہرائی اور کیوں نہ وہ مدت مقرر کی جو میں دیکھتا ہوں۔ فتح البیان میں ہے **وانما ابھم البضع ولم یبینه وان کان معلوما لنبیّه ﷺ لادخال الرعب والخوف علیھم فی کل وقت کمایوخذ ذلک من تفسیر الفخر الرازی** (فتح البیان صفحہ ۱۷۹، روم) کہ آنحضرت ﷺ نے بضع کا لفظ (اگرچہ آپ کو معلوم تھا) اس لئے مبہم رکھا تا کہ کفّار پر ہر وقت رعب اور خوف چھایا رہے۔

طول ید کے معنی

ایسا ہی قادیانی صاحب کا یہ کہنا بالکل بے ایمانی کی بات ہے۔ کہ ''آنحضرت ﷺ کے روبرو جب آپ کی بیویوں نے ہاتھ ناپنے شروع کئے تو آپ کو اس غلطی پر متنبّہ نہ

Marfat.com

کیا گیا یہاں تک کہ آپ فوت ہو گئے''۔ تعجب کا مقام ہے کہ نبی کریم اپنی زبان سے نکالے ہوئے الفاظ کے معنی نہ سمجھیں اور اپنی مادری زبان کے ان استعارات اور مجازات کو نہ جانتے ہوں جس میں وہ اعجاز کیساتھ مبعوث ہوئے ہوں اور غلطی بھی ایسی کہ مرتے دم تک اس سے متنبہ نہ کئے گئے۔ یہ ایسا افترا ہے کہ اگر ایک لمحہ کیلئے بھی اس کو صحیح مان لیا جائے تو کارخانۂ نبوت ہرگز قائم نہیں رہ سکتا۔ اور کبھی کوئی عاقل باور نہیں کر سکتا کہ ایسا شخص جو اپنے منہ سے نکالے ہوئے الفاظ کے معنی سے بے خبر ہو وہ بھی جو ایک سوال کے جواب میں بیان کر رہا ہے اپنے دعویٰ نبوّت میں سچا ہو سکے۔ حالانکہ اصل واقعہ جو مشکوٰۃ میں بروایت بخاری حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے منقول ہے۔ وہ یہ ہے کہ **عن عائشه ان بعض ازواج النبی قلن للنبی ایّنا اسرع بک لحوقا قال اطولکن یدا فاخذوا قصبة یذرعونها و کانت سودة اطولهن یدا فعلمنا بعد انما کان طول یدها الصدقة و کانت اسرعنا لحوقابه زینب و کانت تحب الصدقة** (بخاری، مشکوٰۃ) کہ بعض ازواج نبی ﷺ نے آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا کہ ہم میں سے کون بی بی پیشتر آپ سے جا ملے گی؟ آپ نے فرمایا وہ بی بی جس کا ہاتھ بہت طویل ہے اس کے بعد ازواج مطہرہ نے نَے سے ہاتھ ناپنے شروع کئے اور حضرت سودہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا ہاتھ لمبا نکلا۔ لیکن ہم نے بعد ازیں معلوم کر لیا کہ طول ید سے مراد حضرت کی صدقہ تھا۔ اور ہم سب سے پہلے حضرت زینب رضی اللہ عنہا آپ سے جا ملیں جو کہ صدقہ کو دوست رکھتی تھیں۔ یہ ازواج مطہرہ کی بسبب عورت ہونے کے کم فہمی تھی جنہوں نے وہلۂ اوّل میں نبی ﷺ کے روز مرّہ استعارہ کے کلام پر غور نہ فرمایا اور اس کے ظاہری معنی سمجھ لئے۔ ورنہ ید کا لفظ لغت ومحاورۂ عرب میں منّت اور احسان اور طاقت اور قدرت کے معنی میں بکثرت شائع ہے اور ہر ایک کے لئے نظائر موجود اور اسی طرح اطول یدا کا لفظ صدقہ خیرات کے معنی میں اور یہ ایسا لفظ

Marfat.com

ہے کہ اس کا ترجمہ یعنی فراخ دست ہماری زبان میں بھی صاحب خیرات اور صدقات کے لئے مستعمل ہے۔ اور اس حدیث میں کوئی ایسا لفظ نہیں جس سے پایا جائے کہ ازواج مطہرہ نے نبی کے روبرو ہاتھ ناپنے شروع کئے یا کہ آنحضرت ﷺ معنی مراد سے آگاہ نہ تھے جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم فاسد ہے۔

ابن صیاد کے متعلق نبی ﷺ کا علم

ایسا ہی ابن صیّاد کے مقدمہ میں قادیانی صاحب کو کوئی ایسی حدیث قولی نہ ملے گی جس میں آپ نے ابنِ صیاد کا دجّال معہود ہونا اپنے ظن میں فرمایا ہو۔ وہی ابن عمر ہیں جنہوں نے بقول قادیانی حلف کیساتھ کہا کہ مجھے اس میں شک نہیں کہ ابن صیّاد ہی دجّال ہے اور جابر بن عبداللہ نے اس حلف کا انتساب عمر رضی اللہ عنہ کی طرف کیا۔ لیکن وہی عمر اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما ہیں جو بخاری اور مسلم کی متفق علیہ طویل حدیث ابن صیّاد میں بشہادت روایت خود رسول اللہ ﷺ کے خطبہ سے ابن صیّاد اور دجّال معہود کے درمیان تفریق فرما رہے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا دجّال کانا ہے اور خدا کانا نہیں اور فرمادیا کہ دجّال خدا ہونے کا دعویٰ کرے گا۔ لیکن ابن صیّاد نے کبھی یہ دعویٰ نہ کیا۔ بلکہ ابی سعید خدری کے سامنے اس نے اپنے اسلام کا اقرار کیا اور آنحضرت ﷺ نے اس کے مشتبہ اقوال پر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اس کے قتل سے روکا۔

ہجرت از مدینہ کا خواب

عن ابی موسٰی اراہ عن النبی ﷺ قال رأیت فی المنام انی اھاجر من مکّة الی ارض بھانخل فذھب وھلی الی انه الیمامة او الھجر فاذا ھی المدینة یثرب ورأیت فی رؤیا ی انی ھززت سیفا فانقطع صدر ہ فاذا ھو اصیب من المؤمنین یوم احد ثم ھززته اخری فعاد احسن ماکان فاذاھو ماجاء اللّٰه به من الفتح واجتماع المؤمنین ورأیت فیھا بقرا واللّٰه خیر فاذاھم

Marfat.com

المؤمنون یوم احد واذا الخیر ماجاء اللّٰہ بہ من الخیر (بخاری صفحہ۵۱۱) اور ایسا ہی قادیانی صاحب کا حدیث ہجرت میں یہ کہنا کہ جو کچھ آنحضرت ﷺ نے اپنے اجتہاد سے پیشین گوئی کا محل ومصداق سمجھا تھا وہ غلط نکلا۔ یہ اس قدر تحریف یہودانہ سے بھرا ہے کہ کوئی اہل ایمان اس قسم کی تحریف پر جرأت نہیں کرسکتا۔ کیونکہ محاورات عرب میں لفظ وہل بسکون ہا جبکہ حرف الیٰ کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے تو اس کے معنی ہرگز عمد اور قصد جازم کے نہیں ہوتے۔ صراح میں ہے وہل بالسکون دل بجائے رفتن کہ مراد آن نباشد۔ فذھب وھلی الی الیمامۃ پس دریمامہ گمان من بلا قصد رفت۔ پس گمان بلا قصد کو اور عمد کا حکم کیونکر دے سکتے ہیں اور کیونکر کہہ سکتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے خواب سے ارض یمامہ تعبیر کی اور اس تعبیر میں غلطی ہوئی بلکہ اگر طریق تعبیر کو جو اس حدیث میں آنحضرت ﷺ نے متعدد جگہ کلمہ فاذا سے افادہ فرمایا ہے ملاحظہ کیا جائے تو بالکل معلوم ہو جائے گا کہ یہ خیال بلا قصد بھی خواب کا ایک جزو تھا جیسے کہ کلمۂ واللّٰہ خیر جو رؤیت بقر کے بعد آپ نے فرمایا بدلیل تعبیر مابعد خواب کا ایک جزو کہا جاتا ہے۔ پس ہر دو صورت میں وہل کے لفظ سے جس کے معنی ابن تین نے وہم کے لئے ہیں اور مجمع البحار نے خیال اور حجۃ اللہ میں میلان دل کے۔ اس سے آنحضرت ﷺ کی رائے اور اجتہاد میں غلطی کا انتساب کبھی نہیں ہوسکتا۔ خصوصاً جبکہ سورۂ بنی اسرئیل کی آیت ولاتقف کو علوم نبوّت کے سمجھنے کے لئے آئینہ بنایا جائے تو یہ معنی بالکل منکشف ہو جائیں گے کہ آنحضرت ﷺ نے کبھی رائے غیر معلوم سے کام نہ لیا۔

داؤد اور سلیمان نبی علیہما السلام کا اجتہاد

اور اسی طرح دوسرے انبیاء نے مقدمۂ غنم قوم میں اگرچہ سلیمان داؤد علیہما السلام نے مختلف فیصلہ فرمایا لیکن حق تعالیٰ نے اپنے کلام پاک میں دونوں کی نسبت شہادت دے کر فرمادیا وداؤد وسلیمان اذ یحکمان فی الحرث اذ نفشت فیہ غنم القوم

Marfat.com

و کنا لحکمھم شاھدینo ففھمناھا سلیمان و کلا اتنیا حکما وعلما. ای بوجوہ الاجتھاد وطریق الاحکام (فتح البیان) کہ ہم نے ان دونوں کو حکم اور علم دیا اور ان دونوں نے علم کے مطابق فیصلہ کیا۔ پس بحکم واصطنعتک لنفسی انبیاء علیہم السلام جو بالکل جوارح الٰہی اور فانی ازخود اور باقی بارادۃ اللہ ہیں بلاتحریک الٰہی وہ خود بخود کسی کام پر حرکت نہیں کرتے۔ حدیث قدسی میں ہے۔ قال ﷺ عن ربّہ تبارک وتعالٰی ومایزال عبدی یتقرب الیّ بالنوافل حتّی احببت فاذا احببتہ کنت سمعہ الذی یسمع بہ وبصرہ الذی یبصربہ ویدہ الّتی یبطش بھا و رجلہ الّتی یمشی بھا ولئن سألنی عبدی اعطیتہ ولئن استعاذ بی لاعیذنہ وماترددتُ[1] عن شیٔ انافاعلہ ترددی عن نفس المؤمن یکرہ الموت واکرھہ مسائۃ (بخاری، حجۃ اللہ، ابی ہریرہ التنبیہ صفحہ ۱۸۹) کہ جب میرا بندہ ادائے نوافل سے میرا قرب یہاں تک حاصل کرتا ہے کہ میں اس کو چاہنے لگتا ہوں تو اس وقت میں ہی اس کا کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور میں ہی اس کی آنکھ بن جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور میں ہی اس کا ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ گرفت کرتا ہے اور میں ہی اس کا پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اور اگر مجھ سے کچھ مانگتا ہے تو میں اس کو دے دیتا ہوں اور اگر میرے ساتھ پناہ مانگتا ہے تو میں اس کو پناہ دیتا ہوں اور نفس مومن سے کسی شے کا تردّد ظاہر ہونا وہ دراصل میرا تردد ہے جس میں فاعل ہوں۔ وہ موت

---

[1] والتردد صفۃ اللّٰہ عزوجل غیر جائز فتاویلہ علی وجھین احدھما ان العبد قد یشرف فی ایام عمرہ علی المھالک مرات ذات عدد من داءٍ یصیبہ و آفۃ تنزل بہ فیدعواللّٰہ عزوجل بنشفیہ منھا ویدفع لکرھما عنہ فیکون ذٰلک من فعلہ کتردد من یرید امراً ثم یبدولہ فی ذٰلک فیترکہ ویعرض عنہ ولا بدلہ من لقائہ اذا بلغ الکتاب اجلہ فانہ قد کتب الفناء علی خلقہ. واستاثرالبقا لنفسہ وفیہ وجہ اٰخر کما روی من قصۃ ملک الموت وماکان من لطمہ عینہ وترددہ الی اللّٰہ مرۃ بعد اخری۔ (التنبیہ فی التنزیہ صفحہ ۱۸۹)

Marfat.com

سے کراہت کرتا ہے اور مجھے اس کی کرب وصعوبت نہیں بھاتی۔

قال له موسیٰ هل اتبعک علی ان تعلمن مما علمت رشداo قال انک لن تستطیع معی صبراo و کیف تصبر علی مالم تحط به خبراo قال ستجدنی ان شاء اللّٰه صابرا ولا اعصی لک امراo قال فان اتبعتنی فلا تسئلنی عن شئ حتی احدث لک منه ذکراo فانطلقا حتی اذا رکبا فی السفینة خرقها قال اخرقتها لتغرق اهلها لقد جئت شیئا امراo قال الم اقل انک لن تستطیع معی صبراo قال لا تواخذنی بمانسیت ولا ترهقنی من امری عسراo فانطلقا حتّٰی اذا لقیا غلاما فقتله قال اقتلت نفسا زکیة بغیر نفس لقد جئت شیئا نکراo قال الم اقل لک انک لن تستطیع معی صبراo قال ان سألتک عن شئ بعدها فلا تصاحبنی قد بلغت من لّدنی عذراo فانطلقا حتی اذا اتیا اهل قریة استطعما اهلها فابوا ان یضیفوهما فوجدا فیها جدارا یرید ان ینقض فاقامه قال لوشئت لتخذت علیه اجراo قال هذا فراق بینی وبینک سانبئک بتاویل مالم تستطع علیه صبرا o اما السفینة فکانت لمساکین یعملون فی البحر فاردت ان اعیبها و کان ورائهم ملک یاخذ کل سفینة غصباo واما الغلام فکان ابواه مؤمنین فخشینا ان یرهقهما طغیانا و کفراo فاردنا ان یبدلهما ربهما خیرا منه زکوة واقرب رحماo واما الجدار فکان لغلامین یتیمین فی المدینة و کان تحته کنزلهما و کان ابوهما صالحا فاراد ربک ان یبلغا اشدهما ویستخرجا کنزهما رحمة من ربک وما فعلته عن امری ذٰلک تاویل مالم تسطع علیه صبراo (سورۂ کہف)

موسیٰ علیہ السلام کا بامر الٰہی تعلّم اسرار رُشد کے لئے خضر علیہ السلام کی صحبت ومعیت میں ایک عرصہ تک رہنا اور اوّلاً ایک کشتی جس پر کہ سوار تھے حضرت خضر کا اس کو شگافتہ کر دینا۔ پھر

Marfat.com

ایک بچے کو خضر کا قتل کر دینا۔ پھر ایک ٹوٹی پھوٹی دیوار کو بلا اجرت خضر کا کھڑا کرنا اگر چہ موسیٰ علیہ السلام کو اپنے علم کے مطابق نہ بھایا لیکن حضرت خضر نے ان تینوں امور کے اسرار کھول کر ان سے کہہ دیا کہ میں نے کوئی کام اپنی رائے سے نہیں کیا اور موسیٰ علیہ السلام کو ان کی بے صبری پر ملامت کر کے رخصت کر دیا۔ یہ قرآنی قصہ ہے جس سے منکشف ہوتا ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے عقول وعلوم ایسے وراء الوراء ہیں کہ عقل انسانی ان پر احاطہ نہیں کر سکتی۔ اور ان کو نوع انسان کے ساتھ ایسی ہی نسبت ہے جیسے نوع انسان کو انواع حیوانات سے۔ پس جیسے کہ ہم موجودات کے اسماء سے واقف ہیں اور حیوانات کو ان سے وقوف نہیں اسی طرح وہ اشیاء کے خواص اور حقائق اور منافع اور ضرر اور حدود ومقادیر سے آگاہ ہیں اور ہم آگاہ نہیں۔ اور جیسے کہ نوع انسان باعتبار تسخیر کے ملک الحیوان ہے اسی طرح انبیاء علیہم السلام باعتبار تدبیر کے ملوک الناس ہیں اور جیسے کہ آدمیوں کی حرکات حیوانات کے حق میں معجزات ہیں اسی طرح انبیاء علیہم السلام کی حرکات آدمیوں کے حق میں معجزات ہیں کیونکہ حیوانات کے لئے ممکن نہیں کہ حرکات فکریہ کو پہنچ کر حق اور باطل کے درمیان تمیز کریں اور نہ یہ کہ حرکات قولیہ کو پہنچ کر صدق اور کذب کو جدا کریں اور نہ یہ کہ حرکات فعلیہ کو پہنچ کر خیر اور شر میں تمیز کریں۔ اسی طرح انبیاء علیہم السلام کی حرکات فکریہ اور عقلیہ ایسی بالاتر ہوتی ہیں کہ ان کے منتہا کو قوت بشریہ پہنچنے سے بالکل عاجز ہے حتّٰی کہ اس مقام میں ان کا یہ کہنا مسلم ہے کہ **لی مع اللّٰہ وقت لا یسعنی فیہ ملک مقرب ولا نبیّ مرسل** اور اسی طرح ان کی حرکات قولی اور فعلی ایسی مستحکم اور منتظم اور طریق فطرت پر جاری رہتی ہیں جس کی غایت کو قوت بشریہ ہرگز نہیں پہنچ سکتی۔

حدیث تابیر النخل

عن رافع بن خدیج قال قدم النبی المدینۃ وھم یابرون النخل فقال ما تصنعون قالوا کنّا نصنعۃ قال لعلکم لو لم تفعلوا لکان خیرا فترکوہ فنقصت قال

Marfat.com

فذکروا ذلک له فقال انما انا بشر اذا امرتکم بشئ من امردینکم فخذوا به واذا امرتکم بشئ من رائی فانما انا بشر وقال عکرمة اونحو هذا (مسلم)انما انی ظننت ظنا ولا تواخذونی بالظن ولکن اذاحدثتکم عن اللّٰه شیئا فخذوا به فانی لم اکذب علی اللّٰه انتم اعلمون بامور دنیاکم (مسلم) قال العلماء قوله ﷺ من البرای انما اتی بها عکرمة علی المعنی بقوله فی اخرالحدیث قال عکرمة او نحو هذا فلم یخبر بلفظ النبی ﷺ محققا فلم یکن هذا القول خبر او انما کان ظنا کمابینه فی هذه الروایات (نووی صفحہ۲۶۴)

حدیث تابیرالنخل میں جہاں تک کہ ہمارا علم کارگر ہے آنحضرت ﷺ نے وقت قدوم مبارک اصحاب مدینہ کواس فعل کی تابیر کے ترک میں جوخیریت کا افادہ فرمایا تو وہ سنت اللہ کے مطابق محض ابتلا تھا جس میں وہ کھرے نکلے اوردین ودنیا کی خیریت سے مستفیض ہوئے اوران کا ترک تابیر کے بعد نقص ثمر کا شاکی ہونا فقط اس لئے تھا کہ وہ اس خیریت کے معنی سے آگاہ نہ ہوئے جوآنحضرت ﷺ کے ارشاد میں ملفوف تھا اوراس معنی پر کوئی دلیل نہیں کہ ترک تابیر ہی نقص ثمر کا باعث درحقیقت ہوئی یا آنحضرت ﷺ کا ارشادترک تابیر ازدیادثمر کے لئے پیشین گوئی ہو یا آنحضرت ﷺ کا یہ متردد قول کہ اگرتم تابیر نہ کروتو شاید اچھا ہو جس کوآنحضرت ﷺ نے اپنا ظن بیان فرمایا۔علم الٰہی پرمبنی نہ ہو۔معہذا عکرمہ جواس حدیث کے راوی ہیں وہ اس کے اخیر میں لفظ اونحوھذا لکھتے ہیں جس سے بقول امام نووی علماء امّت نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ رائی کا لفظ آنحضرت ﷺ کا ارشاد نہیں۔ پس راوی نے متحقق طور سے آنحضرت ﷺ کے لفظ سے خبر نہیں دی بلکہ اپنا ایک ظن بتادیا ہے جیسے کہ اس حدیث کی مختلف روایات سے پایا جاتا ہے۔(دیکھونووی صفحہ۲۶۴)

قصہ افک میں تردّد کا سر

قصہ افک میں اگر چندروز آنحضرت ﷺ نے اپنا تردّد اورتشوش ظاہر فرمایا تو فقط اسی لئے کہ کوئی آسمانی فیصلہ نازل ہو جو قیامت تک اُمّت مرحومہ کے درمیان قانون عادل

Marfat.com

رہے۔امام ربانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ باوجود فناء وبقائے کامل کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا صفات بشریہ جیسے اَکل وشُرب اور راحت ورنج وغیرہ کے ساتھ متّصف ہونا فقط اسی لئے تھا تا کہ باب افادہ واستفادہ جواس عالم میں تجنّس پر موقوف ہے، مفتوح ہو۔حق تعالیٰ فرماتا ہے کہ ولو جعلناہ ملکا لجعلناہ رجلا وللبسنا علیھم مایلبسون یعنی کہ اگر ہم کوئی فرشتہ بھی نبوت کے ساتھ اتارتے تو ہم ضرور اس کو بھی ایک مرد ہی کی صورت میں کرتے اور ان پر وہی اشتباہ رکھتے جو کہ اب کررہے ہیں اور نیز اس لئے تا کہ پاک اور ناپاک کے درمیان موجب ابتلا ہو کر کاذب اور صادق کے درمیان موجب تمیز ہو۔

اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز میں سہو فرمانا اور ذوالیدین کا بار بار یاد دلانا اس لئے نہ تھا کہ درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سہو طاری ہوگیا تھا۔مواہب اللدنیہ میں ہے ثبت فی الصحیحین من قولہ صلی اللہ علیہ وسلم انما انا بشر انسی کما تنسون وقد کان سھوہ من اتمام نعمۃ اللّٰہ تعالٰی علی اُمّتہ واکمال دینھم لیقتدوا بہ فیما یشرعہ لھم عند السھووھذا معنی الحدیث الذی فی المؤطا انما انسی اواُنسی لاسن وکان صلی اللہ علیہ وسلم ینسی فیترتب علی سھوہ احکام شرعیۃ تجری علی سھو امتہ الی یوم القیامۃ و حاصل مافی النھایۃ السھو فی الشئ ترکہ عن غیر علم والسھو عنہ ترکہ مع العلم وھو فرق حسن دقیق وبہ یظھر الفرق بین السھو الذی وقع من النبی غیر مرۃ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سہو اُمّت مرحومہ پر منجملہ اتمام نعمت اور اکمال دین تھا تا کہ اُمّت مرحومہ کے لئے ایسے سہو کے مواقع میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تشریعی عمل چراغ راہ ہو اور وہ اسی کے موافق اقتدا کریں۔اور یہی معنی اس حدیث کے ہیں جو مؤطا میں ہے کہ میں اسی لئے بھولتا یا بھلایا جاتا ہوں تا کہ وہ سنّت بنے اور نیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس لئے نسیان فرمایا کرتے تھے تا کہ ان کے سہو اور نسیان پر ان

Marfat.com

احکام شرعیہ کا ترتّب ہو جن کا قیامت تک سہو اُمت پر جاری ہونا مُقدّر تھا۔ چنانچہ امام ربّانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ مکتوبات کی جلد اول مکتوب ۳۰۵ میں لکھتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ کا یہ سہو اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس قدر محبوب تھا کہ آنحضرت ﷺ کا اقتدا کرنے والے صحابہ کو جنت کی بشارت دی گئی۔ چنانچہ لکھا ''ولہذا حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سہو حضرت پیغمبر ﷺ را بہتر از صواب وعمدہ خود دانستہ طلب سہو امی فرماید انجا کہ گوید یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ سھوَ محمّدٍ آرزوئے آن دارد کہ بکلیت خود سہو آن سرور باشد''۔ اور حجۃ اللہ البالغہ میں ہے کہ غزوۂ احد میں امر انہزام فقط ابتلا تھا جو کہ آنحضرت ﷺ کے ارشاد کے مطابق شعب جبال پر قیام نہ کرنے سے وقوع میں آیا اور جس کا علم حق تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کو پہلے سے ہی دے دیا تھا اور دکھلا دیا کہ تلوار ٹکڑے ہو گئی اور گائے ذبح کی گئی۔

پس بمقتضائے انزل اللّٰہ علیک الکتاب والحکمۃ حق تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو قوانین ارتفاقات سے کلا و جزوا مطلع فرما دیا اور آنحضرت ﷺ عقل کل اور رائے محفوظ اور اجتہاد معصوم کے ساتھ اہل عالم کی اصلاح ارتفاقات میں مصروف ہوئے۔ آداب معاش ومعاد اور تدابیر منازل وسیاست مُدن اور سیرۃ ملوک اور سیاستِ اعوان کے لئے ایسے قواعد تشریع فرمائے جو نہایت اعتدال اور سنن فطرت پر مبنی ہیں اور جس سے بہتر کوئی قوّت بشری خیال میں نہیں لا سکتی۔ حدیث وفقہ کے ابواب وفصول اس باب میں شاہد عادل ہیں۔ اور حوادث جو ہماری آنکھوں اور کانوں سے نا آشنا تھے اور رضا اور عدم رضائے حق تعالیٰ جن کے ساتھ متعلق ہوئی ان کو آنحضرت ﷺ نے مختلف تقریبات اور مناسب تمثیلات کے ساتھ بحدّے منکشف فرمایا کہ ان کے وجود کے متعلق ہمارے درمیان کوئی شک وشبہ نہ رہا۔ یہاں تک کہ دجّال جس کے خروج کے متعلق نوح علیہ السلام نبی اللہ نے اپنی امت کو انذار فرمایا اور جس کا قتل عیسیٰ علیہ السلام نبی اللہ کے ہاتھوں مقدّر ہے جبکہ وہ

Marfat.com

آسمانوں سے نزول فرمائیں گے۔ اس کی بہت شبیہ مثال یعنی صورت ابن صیّاد پیش نظر فرمادی۔ حتّٰی کہ بعض کو اسی کا دجّال معہود ہونا مظنون ہوا بلکہ یقین بھی ہوگیا۔ اور یہ امر بالکل منافی نبوّت ہے جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم ہے کہ ایسے حودث کی اطلاع میں کسی طرح کا بھی اہمال ہو۔ جس سے امت مرحومہ تاریکی میں اور نعمت الٰہی ناتمام رہے۔ ہاں وہ رسوم جن میں ابھی اعوجاج اور کجی حادث نہ ہوئی تھی ان کو ان کی حالت پر چھوڑا۔ اور اسی کی طرف اشارہ ہے حدیث تابیر النخل میں جو فرمایا **انتم اعلمون بامور دنیاکم**۔ اور وہ امور جن کا فہم ہمارے میزان عقل سے باہر تھا جو ہماری اصل فطرت میں ودیعت کی گئی ہے اور جن کے فہم کے لئے ہم اصول ہندسہ وہیئت اور دقایق فلسفیہ اور حکمت کی طرف محتاج ہیں کمال شفقت اور لطف سے ان کے ضبط کے لئے اہتمام نہ فرمایا اور اس عورت سوداء کے ایمان کی تصدیق فرمائی جس سے آنحضرت ﷺ نے دریافت فرمایا کہ تیرا خدا کہاں ہے اس نے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔ ایسا ہی نماز کے استقبال کے لئے قبلہ کعبۃ اللہ کو شرط فرمایا لیکن معرفت استقبال کے لئے ہندسہ اور ہیئت کے مسائل کے حفظ کا امر نہ فرمایا بلکہ اس شخص کے لئے جو کہ کعبہ کے شمال وجنوب میں ہے فرمایا کہ قبلہ مشرق ومغرب کے درمیان ہے۔

مقدمۂ ہفتم

(روح انسانی کی حقیقت اور قول قادیانی کہ وہ رحم کے اندر کا ایک کیڑا ہے)

روح

ایسا ہی جبکہ یہود نے آنحضرت ﷺ سے سوال کیا کہ روح کیا چیز ہے؟ تو آپ کو خدا تعالیٰ کی طرف سے امر ہوا کہ **ویسئلونک عن الروح قل الروح من امر ربّی وما اوتیتم من العلم الا قلیلا**o وقرء اعمش عن ابن مسعود **وما اوتوا** (بخاری، فالخطاب للیہود، حجۃ اللہ البالغہ)

Marfat.com

کہہ دے اے محمد ﷺ ان کو کہ روح میرے رب کے امر سے ہے اور ان کو بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے۔

پس شارع علیہ السلام کا روح کی تشریح حقیقت سے سکوت فرمانا اس لئے نہ تھا کہ نبی ﷺ یا اُمت مرحومہ کا کوئی فرد کامل اس کے فہم سے عاجز ہے بلکہ شارع نے سکوت اس لئے کیا کہ روح کی معرفت ایسی دقیق اور غامض ہے کہ جمہور اُمّت کو اس میں غور وخوض کرنا مصلحت نہیں۔ کیونکہ روح کا آشیانہ فوق العرش اس عالم امر سے ہے جس کی موجودات ہمارے حس وخیال اور جہت ومکان اور تحیّز سے باہر اور مساحت اور تقدیر اور کمیت اور تحدید سے مطلق پاک ہے۔ **وعالم الامر عبارة عن الموجودات الخارجة من الحس والخيال والجهة والمكان والتحيزوهوما لايدخل تحت المساحة والتقدير لانتفاء الكمية عنه** (غزالی رسالہ روح) یہی وجہ ہے کہ بقول فتح البیان روح کی تفسیر میں ایک ہزار آٹھ سو اقوال منقول ہوئے جو ہنوز امر حق سے بہت پیچھے رہے۔

بقول قادیانی روح انسانی رحم کا ایک کیڑا ہے

اور انہیں میں سے قادیانی صاحب کا وہ ملحدانہ اور ملفق قول ہے جو انہوں نے لاہور کے جلسۂ مذاہب میں بتاریخ ۲۷ر دسمبر ۱۸۹۶ء بڑے زور کے ساتھ بیان کیا کہ ”روح کا الگ طور سے آسمان یا قضا سے نازل ہونا نہ یہ خدا کا منشاء ہے اور نہ یہ خیال کسی طرح صحیح ٹھہر سکتا ہے بلکہ ایسے خیال کو قانون قدرت باطل ٹھہراتا ہے۔ ہم روز مشاہدہ کرتے ہیں کہ گندے زخموں میں ہزار ہا کیڑے پڑ جاتے ہیں سو یہی بات صحیح ہے کہ روح ایک لطیف نور ہے جو اس جسم کے اندر ہی سے پیدا ہو جاتا ہے جو رحم میں پرورش پاتا ہے اور جس کا خمیر ابتدا سے نطفہ میں موجود ہوتا ہے اور وہ نطفہ کے ساتھ ایسا جزو ہوتا ہے جیسے آگ پتھر کے اندر ہوتی ہے نہ جیسے جسم، جسم کا جزو ہوتا ہے یا وہ باہر سے آتا ہے اور نطفہ کے مادّہ سے آمیزش پاتا ہے۔ اور اسی سے اس کا حادث ہونا بھی ثابت ہوتا ہے“۔

پس قادیانی صاحب کے اس قول پر جاہلوں نے تحسین کے نعرے بلند کئے اور اس کے مطالب پر غور نہ کیا جو بالکل امرِ نبوّت کے متصادم اور کلام ربّانی کے بالکل مناقض ہیں۔

Marfat.com

روح عالم امر سے ہے اور لا مکانی ہے

کیونکہ قرآن کریم کے صریح الفاظ ناطق ہیں کہ روح رب تعالیٰ کے عالم امر سے ہے نہ عالم خلق سے اور سنّت صحیحہ سے ثابت ہے کہ رب تعالیٰ نے روح آدم کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا۔ ان اللہ خلق اٰدم علی صورتہ (متفق علیہ من حدیث ابی ہریرہ، مشکوٰۃ) یعنی جیسے[1] کہ حق تعالیٰ بیچوں و بیچگون ہے اسی طرح روح آدم کہ اس کا خلاصہ ہے نسبت بعالم بصورت بیچونی اور بیچگونی پیدا ہوئی اور جس طرح کہ حق تعالیٰ لامکانی ہے اسی طرح روح بھی لامکانی ہوئی۔ اور جیسے کہ رب تعالیٰ نہ عالم کے اندر ہے نہ باہر اور نہ متصل نہ منفصل لیکن نسبت قیومیت و معیت قائم۔ اسی طرح روح آدم بھی بدن انسانی سے نہ باہر ہے نہ اندر اور نہ متصل نہ منفصل معہذا بدن کے ہر ذرّات کا قوام اسی سے اور ہر فیض کہ قیّوم عالم کی طرف سے بدن پر وارد ہوتا ہے اسی کے واسطہ سے ہوتا ہے۔ اسی تشبہ دقیق کا باعث ہے جو حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے مکتوب صفحہ ۲۶۰ میں ارشاد فرمایا کہ ''دریں مقام سالکے گفتہ است کہ سی سال روح را بخدائی پرستیدم''۔ اور اس سالک نے دور از فہم تشبیہ کے باعث روح کو رب سے جدا نہ کیا اور نصاریٰ نے روح اللہ کو ابن اللہ کہہ دیا۔ اور اسی تشبّہ دقیق کے باعث حضرت آدم شایانِ خلافتِ رحمانی ہوئے۔ امام ربّانی فرماتے ہیں۔ ''بلے صورتِ

---

[1] عالم ارواح ماوراء عالم جہات وابعاد است چہ روح لامکانی ست درمکان نمیگنجد۔ وروح را در ماورائے عرش اثبات نمودن تر ادروہم نیندازد کہ روح از تو بعید است ومسافت دور دراز درمیان تو وروح است۔ نہ چنین است۔ روح را نسبت باجمیع اکنہ باوجود لامکانیست برابر است ماورائے عرش گفتن معنی دیگر دارد تا بانجا نرسی نتوانی دریافت طائفہ کہ از صوفیہ بہ تنزیہ روحی رسیدہ اند وفوق العرش آنرا دریافتہ تنزیہ الٰہی جلشانہ تصور نمودہ اند وحق آنست کہ آن نور نور روح است وچون روح لامکانی است وبصورت بیچگونگی مخلوق لاجرم محل اشتباہ میگردد باید دانست کہ روح ہر چند نسبت بعالم بیچون است اما حقیقت داخل دائرۂ چون است گویا برزخ است درمیان عالم چون ودرمیان جناب قدس حقیقی پس رنگ ہر دو طرف دارد ہر دو اعتباری درے وصحیح است بخلاف بیچون حقیقی کہ چوعن را اصلائے بوراہ نیست۔ (مکتوبات امام ربانی جلد اوّل صفحہ ۲۸۵) مؤلف

Marfat.com

شے خلیفۂ شے است تا ہر صورتِ شے مخلوق نباشد خلافتِ شے رانشاید وتا خلافت راشایان نباشد تحمّل بارامانت نتواند کرد بلے لایحمل عطایا الملک الامطایاہ"۔

اوراسی دِقّتِ معنی کی طرف اشارہ ہے اس حدیث میں جوآنحضرت ﷺ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا عن عائشه رضی الله عنها قالت یارسول اللّٰه متی یعرف الانسان ربّه قال اذاعرف نفسه اداب الدنیا للما وردی قال ابن حجر ومن کلام علی رضی اللہ عنہ من عرف نفسه فقد عرف ربّه وذکره الغزالی مرفوعاً فی المسائل الغامضة وغراه المنادی فی کنوز الحقائق فی حدیث خیر الخلائق الی الدیلمی (تشیید المبانی) فرمایا کہ جس نے اپنے نفس کو پہچانا قریب ہے کہ وہ اپنے رب کو پہچانے۔

مگر افسوس ہے کہ قادیانی صاحب نے روح کی خلقت ان ہزار ہا کیڑوں کی طرح اندرون رحم کے نطفہ سے ادراک کی جوگندے زخموں میں پڑ جاتے ہیں اور جو کسی طرح بھی محملِ انوار الٰہی نہیں ہوسکتے۔ اور نہ حاملِ بارامانت اور نہ جن کے لئے کوئی ثواب ہے نہ عذاب، اور نہ حشر ہے نہ نشر۔ حالانکہ ارواح انسانی قبل از وجود عنصری بمقتضائے انا عرضنا الامانة علی السمٰوٰت والارض والجبال فابین ان یحملنها واشفقن منها وحملها الانسان انه کان ظلوما جهولا بارامانت اٹھا چکی اور مستحق عذاب وثواب قرار پا چکی۔

اجماع اہل کشف کہ روح بحالت بالغہ پیدا ہوئی اور وہی درحقیقت مکلّف ہے لہذا بچّے اور بوڑھے کی روح میں فرق نہیں

میزان شعرانی صفحہ ۱۷۱ میں ہے۔ کہ وقد اجمع اهل الکشف علی ان الروح خلقت بالغة لاتقبل الزیادة والتکلیف علیها حقیقة فلا فرق بین روح الصبیّ والشیخ. (المیزان الکبریٰ ج ۱، صفحہ ۲۰۵، باب صلوٰۃ الجمعۃ، دارالفکر بیروت) اہل کشف کا اس پر اجماع ہے کہ روح بحالت بالغہ پیدا ہوئی جو کسی زیادتی کو قبول نہیں کرتی اور وہی

Marfat.com

درحقیقت مکلّف ہے۔لہٰذا شافعی کے نزدیک بچے اور بوڑھے کی روح میں کوئی فرق نہیں۔

خلق اللّٰه الارواح قبل الاجساد بالفی عام (غزالی رسالہ روح، فتح البیان) ان اللّٰه قدر مقادیر الخلق قبل خلق السمٰوٰت والارض بخمسین الف سنة (زرقانی ومسلم) معہذا سنّت صحیحہ سے ثابت ہے کہ حق تعالیٰ نے ارواح کو دوہزار برس قبل اجساد کے بلکہ مقادیر خلق کو پچاس ہزار برس قبل اجساد کے مخلوق فرمایا۔ وعن ابی هريرة قال قال رسول اللّٰه ﷺ الناس معادن كمعادن الذهب والفضة خيارهم فی الجاهلية خيارهم فی الاسلام اذا فقهوا والارواح جنود مجندة فما تعارف منها ائتلف وما تناكر منها اختلف (مسلم) قال العلماء معناه جموع مجتمعة او انواع مختلفة وامّا تعارفها فقيل انها موافقة صفاتها التی جعلها اللّٰه عليها وتناسبهافی شيميها وقيل لانها خلقت مجتمعة هم فرقت فی اجسادها فمن وافق بشيمه الفه ومن باعده نافره وخالفه وقال الخطابی وغيره تالفها هو ماخلق اللّٰه عليه من السعادة او الشقاوة فی المبتدء وكانت الارواح قسمين متقابلين فاذا تلاقت الاجساد فی الدنيا ايتلفت واختلفت بحسب ماخلقت عليه فيميل الاخيار الی الاخيار والاشرار الی الاشرار (نووی جلد۲، صفحہ۳۳۱) اور ارشاد ہوا کہ روحیں رب تعالیٰ کی جنود مجندہ یعنی جموع مجتمعہ اور انواع مختلفہ ہیں اور دنیا میں ان کا باہم تالّف اور تخلّف باعتبار ان کی اصل فطرت اور ابتدائی خلقت کے ہے۔ پس اچھی روحیں اچھوں کی طرف مائل رہتی ہیں اور بری روحیں بروں کی طرف۔ اور اسی پر متفرع ہے وہ جو ارشاد ہوا کہ ان ارواح کے حامل معدن ذہب وفضّہ کی طرح مختلف معدنیں ہیں۔ اور قرآن وسنت دونوں سے ثابت ہے۔ کہ عن ابی هريرة قال قال رسول اللّٰه ﷺ لما خلق اللّٰه ادم مسح ظهره فسقط عن

Marfat.com

ظهره كل نسمة هو خالقها من ذريته الى يوم القيامة وجعل بين عيسٰى كل انسان منهم وبيصاً من نور ثم عرضهم على اٰدم فقال اى رب من هؤلاء قال ذرّيتک فرأى رجلامنهم فاعجبه وبيص مابين عينيه قال اى رب من هذا قال داؤد فقال اى ربكم جعلت عمره قال ستّين سنة قال زده من عمرى اربعين سنة قال رسول اللّٰه فلما انقضٰى عمر اٰدم الاربعين جاء ه ملک الموت فقال اٰدم او لم يبق من عمرى اربعون سنة قال اولم تعطها ابنک داؤد اٰه۔ میثاق کے روز بقدرت کاملہٗ خداوندی عالم امر کی وہ تمام روحیں اور نسمات نورانی حضرت آدم علیہ السلام کی پشت سے ذرّات کی صورت میں نکل آئیں اور سب کی سب حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے لائی گئیں جن میں سے ایک کی نسبت حضرت آدم علیہ السلام نے اپنے رب سے پوچھا کہ یہ کون ہے؟ ارشاد ہوا کہ یہ داؤد علیہ السلام ہے۔ پھر حضرت آدم علیہ السلام نے عرض کی کہ اے رب اس کی کتنی عمر ہوگی؟ ارشاد ہوا کہ ساٹھ برس کی۔ پھر عرض کی کہ اے رب میری عمر میں سے اور چالیس برس اس کی عمر میں بڑھا دے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ چالیس برس قبل جب ملک الموت حضرت آدم علیہ السلام کی روح قبض کرنے کے لئے آیا تو حضرت آدم علیہ السلام نے کہا کہ کیا ابھی میری عمر میں چالیس برس باقی نہیں؟ ملک الموت نے کہا کہ کیا تو نے اپنے فرزند داؤد علیہ السلام کو نہیں دے دیئے۔ ابی بن کعب فرماتے ہیں کہ وعن ابى بن كعب فى قول الله عزوجل واذ اخذ ربک من بنى اٰدم من ظهورهم ذريتهم عيسٰى ابن مريم كان فى تلک الارواح فارسله الٰى مريم عليها السلام و انه دخل من فيها (مشکوٰۃ) ان ارواح میں انبیاء کی روحیں ستاروں کی طرح نورانی تھیں اور عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کی روح بھی انہیں ارواح میں تھی جس کو حق تعالیٰ نے مریم علیہا السلام کی طرف بھیجا اور وہ مریم کے اندر منہ کے راستے داخل ہوگئی۔

Marfat.com

فتح البیان میں بحوالہ سلیمان جمل علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ کہ ذکر سلیمان الجمل لکان علی ابن ابی طالب یقول انی لاذکر العهد الذی عهد الی ربّی وکذا کان سهل بن عبداللّٰه التستری یقول انتهٰی وکذا روی عن الشیخ نظام الدین دهلوی (فتح البیان صفحہ ۴۰۸) انہوں نے اس عہد کے یاد ہونے کا اقرار کیا اور اسی طرح سہل بن عبداللہ تستری اور حضرت شیخ نظام الدین دہلوی سے بھی منقول ہے۔

امام بیہقی قصہ خلق آدم علیہ السلام میں ابن عباس اور ابن مسعود رضی اللہ عنہما کی حدیث نقل کر کے ارشاد فرماتے ہیں۔ کہ اخرج البیهقی عن ابن عبّاس وعن ابن مسعود فی قصّة خلق ادم علیہ السلام وفیه ثم قال للملائکة انی خالق بشرا من طین فاذا سویته ونفخت فیه من روحی فقعوا له ساجدین فخلقه اللّٰه بیدیه لکیلا یتکبر ابلیس عنه قال البیهقی فالروح الذی منه نفخ فی اٰدم کان خلقا من خلق اللّٰه تعالٰی جعل اللّٰه تعالٰی حیوة الاجسام به وانما اضافه الی نفسه علی طریق الخلق والملک لانه جزء منه (التنبیہ فی التزیہ) وہ روح جو تسویۂ آدم علیہ السلام کے بعد ان کے جسد میں پھونکی گئی وہ اللہ تعالیٰ کی مخلوقات میں سے ایک مخلوق موجود تھی جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے اجسام کی زندگی بنائی۔ اور بروایت ابن عباس رضی اللہ عنہما آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔ کہ قال العلّامة البکری فی تاریخ الخمیس وروی عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انه قال کنت نورابین یدی اللّٰه قبل ان خلق اللّٰه عزّوجل اٰدم بالفی عام یسمح ذٰلک النور ومثله فی المواهب اللدنیة فی احکام ابن القطان و فی حدیث علی رضی اللہ عنہ ان النورالنبوی جسم قبل خلقه باثنی عشر الف عام وفی روایه اربعة عشر الف عام. میں دو ہزار برس قبل پیدائش آدم علیہ السلام اللہ تعالیٰ کے سامنے بصورت نورانی تسبیحیں کہا کرتا تھا۔ وقال

Marfat.com

الزرقانی لاینافی مامر ان نوره مخلوق قبل الاشیاء (تشید) قوله کنت نبیا وآدم بین الروح والجسد (رواہما احمد والبخاری فی التاریخ وابونعیم وغیرہم) کنا نظن انه بالعلم فبان انه زاید علی ذٰلک (علی ماشرحناه یعنی بقوله اولا انه قد جاء ان اللّٰه خلق الارواح قبل الاجساد) (زرقانی مقصد سادس شرح مواہب اللدنیۃ) اور زرقانی میں بروایت احمد و بخاری وابونعیم وغیرہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ میں اس وقت نبی تھا جبکہ آدم ابھی روح اور جسد کے درمیان تھا۔ اسی نسبت امام سبکی آیت واذ اخذنا من النبیین میثاقهم کے تحت میں لکھتے ہیں کہ ہمارا گمان تھا کہ یہاں تقدم علمی مراد ہے۔ لیکن اب منکشف ہوگیا کہ تقدم علمی کے علاوہ تقدم وجودی بھی ہے۔ جیسے کہ ہم قبل اس کے بیان کر چکے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اجسام کے قبل ارواح کو پیدا فرمایا۔

عالم مثال

پس جیسے کہ عالم خلق کے قبل عالم ارواح کا ہونا ثابت ہوگیا اسی طرح قرآن وسنت سے ثابت ہے کہ عالم اجسام کے قبل ایک عالم مثال بھی ہے جو عالم ارواح اور عالم اجسام کے درمیان بصورت برزخ ہے کہ جس میں ان ارواح اور معانی کا تمثل ان کے ہم صفت اجسام عالم خلق کی صورت میں ہوتا ہے اور جس میں بقدرت خداوندی ہر شے کے لئے اس عالم عنصری میں موجود ہونے کے قبل ایک قسم کا ایسا تحقق ہوتا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس عالم عنصری کی اشیاء درحقیقت وہی معانی ہیں جو صورت عنصری میں متحقق ہوتے ہیں اور یہ بھی ثابت ہے کہ اکثر وہ اشیاء جن کے لئے عوام کے نزدیک کوئی جسم نہیں ان میں صفت انتقال وغیرہ بھی متحقق ہے۔ چنانچہ اسی کی طرف اشارہ ہے حدیث ابی ہریرہ میں کہ عن ابی هریرة قال قال رسول اللّٰه ﷺ خلق اللّٰه الخلق فلما فرغ منه قامت الرحم فاخذت بحقوی الرحمٰن فقال مه قالت هذا مقام العائذبک

Marfat.com

من القطیعة. (مشکوٰۃ) فرمایا رسول اللہ ﷺ نے۔ جب اللہ تعالیٰ مخلوقات کو پیدا فرما چکا اس وقت رحم نے اٹھ کر کمر گاہ رب العزت کو کولی میں لے لیا۔ رب العزت نے فرمایا صبر کر۔ رحم نے عرض کی کہ اے ربّ العزت یہ اس کسی کی قیام گاہ ہے جو قطع کئے جانے سے تیری پناہ مانگے۔ یعنی اے رب مجھے قطع کئے جانے سے پناہ میں رکھ۔ چنانچہ یہی تمثل ہے ان ارواح اور نسمات کا جو میثاق کے روز بصورت ذرّات آدم کی پشت سے نکالے گئے اور اسی صورت مثالی میں وہ روح تھی جو مریم کے اندر داخل ہوگئی۔ اور اسی قسم میں سے آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ ان المعروف والمنکر لخلیقتان تنصبان للناس یوم القیامة (مشکوٰۃ) امر معروف ونہی منکر دو مخلوق چیزیں ہیں جو قیامت کے دن لوگوں کے سامنے کھڑی کی جائیں گی۔

ایک لاکھ آدم کی حقیقت

اور اسی قسم میں سے وہ حدیث نبوی ہے جس کو شیخ محی الدین ابن العربی نے فتوحات مکّیہ میں بروایت ابن عبّاس نقل کیا ہے۔ کہ ان اللّٰہ خلق مائة الف اٰدم (ابن عباس، فتوحات مکیہ، تشیید) اللہ تعالیٰ نے ایک لاکھ آدم مخلوق فرمائے۔ چنانچہ حضرت شیخ نے کعبۃ اللہ کا طواف کرتے ہوئے عالم مثال میں دیکھا کہ ان کے ساتھ ایک جماعت طواف کر رہی ہے جن کو وہ نہیں پہچانتے تھے اور ان میں سے ایک نے یہ شعر کہا۔

لقد طفنا کما طفتم نینا بھذا البیت طرّاً اجمعینا

یہ شعر سنتے ہی شیخ کے دل میں گذرا کہ یہ عالم مثال کے ابدان ہیں اور اسی کے ساتھ ایک نے ان کی طرف نگاہ کر کے کہا کہ میں بھی تمہارے اجداد میں سے ایک جد ہوں۔ اس وقت شیخ نے اس سے پوچھا کہ تجھے وفات پائے ہوئے کتنے سال گذرے ہیں؟ اس نے جواب دیا کہ چالیس ہزار برس سے زیادہ۔ اس وقت شیخ نے تعجب سے دریافت کیا کہ ابتدائے خلقت آدم ابوالبشر سے اس وقت تک تو ابھی سات ہزار برس بھی نہیں ہوئے۔ اس وقت اس نے

Marfat.com

شیخ سے مخاطب ہوکر کہا کہ تو کس آدم کی نسبت کہہ رہا ہے؟ شیخ کو اس وقت اوپر کی حدیث یاد آ گئی جس کی نسبت امام ربّانی حضرت مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ جلد ثانی مکتوب ۵۸ میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ ''محذوما مکرما! اینہمہ آدم کہ پیش از وجود حضرت آدم گذشتہ اند وجودشان در عالم مثال بودہ است نہ در عالم شہادت۔ ہمیں حضرت آدم است کہ در عالم شہادت موجود گشتہ است ودرزمین خلافت یافتہ ومسجود ملائک شدہ۔ غایۃ مافی الباب آدم چون برصفت جامعیت مخلوق گشتہ است ودرحقیقت خود لطایف واوصاف بسیار دارد وپیش از وجود اوبقرون متطاولہ در ہروقتے از اوقات صفتے یالطیفۂ از لطائف اوبایجاد خداوندی جلّ سلطانہ درعالم مثال موجود گشتہ است وبصورت آدم ظاہر شدہ ومسمّٰی باسم اوگشتہ کاروبار آدم منتظراز وئے بوقوع آمدہ حتی کہ توالد وتناسل کہ مناسب عالم مثال ست نیز بظہور پیوستہ وکمالات صوری ومعنوی مناسب آن عالم نیز یافتہ وشایان عذاب وثواب گشتہ بلکہ درحق اوقائم شدہ بہشتی بہ بہشت ودوزخی بدوزخ رفتہ بعدازان دروقتے ازاوقات بمشیت اللہ سبحانہ صفتے یالطیفۂ دیگر ازصفات ولطایف اودرہمان عالم بمنصۂ ظہور آمدہ وکاروبارے کہ ازظہور اوّل بوجود آمدہ بود ازظہور ثانی نیز بوجود آمدہ وچون آن وردہ نیز تمام شدہ ظہور ثالث ازان صفات ولطایف او بحصول پیوستہ وچون آن ظہور نیز دورۂ خودرا تمام کردہ ظہور رابع بہ ثبوت پیوستہ الی ماشاء اللہ وچون دوائیر ظہورات مثالیہ او کہ تعلق بصفات ولطایف او داشت تمام نتہ آخرالامر آن نسخہ جامعہ درعالم شہادت بایجاد خداوندی جل سلطانہ بوجود آمدہ وبفضل خداوندی جل سلطانہ معزّز ومکرم گشتہ۔ اگر صد ہزار آدم باشند اجزائے ہمیں آدم اند ودست وپائے دیند ومقدمات وجود اویند جدّ شیخ بزرگوار کہ زیادہ از چہل ہزار سال فوت اوگذشتہ است لطیفۂ بودہ است درمثال از لطائف چہ شیخ کہ بعالم شہادت وجود داشتہ است وطواف بیت اللہ کہ میکردہ درعالم مثال میکردہ چہ کعبہ معظّمہ رانیز درمثال صورتے وتشبیہے بودہ است

Marfat.com

کہ اہل آن عالم را قبلہ بودہ۔ این فقیر درین باب نظر رادور فرستادہ وتعمق بسیار نمودہ در عالم شہادت آدم دیگر بنظر نیامدہ وغیر ازشعبدہ ہائے عالم مثال نیافتہ وآنکہ بدن مثالی گفتہ کہ من جدتوام وزیادہ از چہل ہزار سال از فوت من گذشتہ است اوّل دلیل است برآنکہ آدمہا پیش از ظہورات صفات ولطائف این آدم بودہ اند نہ آنکہ خلقتِ علیحدہ داشتند ازین آدم مبائن بودند چہ مبائن رابا ین آدم چہ نسبت وچرا جدّ بود واز خلقتِ این آدم ہفت ہزار سال تمام نشدہ چہل ہزار چہ گنجایش دارد۔ وجماعہ کہ در دلہائے ایشان مرض است ازین حکایات تناسخ مے فہمند ونزدیک است کہ بقدم عالم قایل گردند واز قیامت کبری انکار نمایند۔ وبعضے از ملاحدہ کہ بباطل خود رابمند شیخی گرفتہ اند حکم بجواز تناسخ مے نمایند ومی انگارند کہ نفسی تازمانے کے بحدّ کمال نرسد از تقلب ابدان اورا چارہ نبود میگویند چون بحدِ کمال رسید از تقلیب ابدان بلکہ از تعلق فارغ گشت ومقصود از خلقت اوکمال اوست کہ میسّر شد واین سخن صریح کفر است وانکار است ازانچہ از دین بتواتر ثابت شدہ۔

ارواح اولیاء اللہ کا متجسد ہوکر عجیب افعال کرنا

سوال۔ از حضرت امیر کرم اللہ تعالیٰ وجہہ واز بعضے دیگر از اولیاء اللہ نیز منقول است کہ بعضے از اعمال غریبہ وافعال عجیبہ پیش از وجود عنصری بقرون متطاولہ از ایشان در عالم شہادت بوقوع آمدہ است صحت آن بے تجویز تناسخ چگونہ است۔

جواب۔ صدور آن اعمال وافعال از ارواحِ این بزرگواران است کہ بمشیۃ اللہ سبحانہ خود متجسد باجساد گشتہ مباشر افعال عجیبہ گشتہ اند جسد دیگر نیست کہ بآن تعلق گیرند۔ تناسخ آن ست کہ روح پیش از تعلق باین جسد بجسد دیگر کہ مبائن ومغائر آن روح است تعلق گرفتہ باشد وچون خود متجسّد بجسد گردد وتناسخ چہ بود۔ جنّیان کہ متشکل باشکال میگردند ومتجسد باجساد مے شوند ودرین اعمال حال عجیبہ کہ مناسب این اشکال واجساد است بوقوع مے آرند ہیچ تناسخ نیست وہیچ حلول نہ ہرگاہ جنّیان رلتقدیر اللہ سبحانہ این قدرت بود کہ متشکل باشکال گشتہ اعمال غریبہ بوقوع آرند ارواح کُمل رااگر این قدرت

Marfat.com

عطا فرمایند چہ محل تعجب است وچہ احتیاج بہ بدن دیگر۔ازین قبیلہ است آنچہ از بعضے اولیاء نقل میکنند کہ در یک آن در امکنہ متعدّدہ حاضر میگردند وافعال متبائنہ بوقوع می آرند اینجا نیز لطایف ایشان متجسّد باجساد مختلفہ ومتشکل باشکال متبائنہ باشند وہمچین عزیز یکہ مثلاً در ہندوستان توطن دارد وازان دیار نہ برآمدہ است جمعی از حضرت مکہ معظّمہ مے آیند میگویند کہ آن عزیز را در حرم کعبہ دیدہ ایم وچنان وچین درمیان ماوآن عزیز گذشتہ است۔وجمعی دیگر نقل مے کنند کہ ما اورا در روم دیدہ ایم وجمعے دیگر از بغداد دیدہ اند۔اینہم تشکل لطایف آن عزیز است باشکال مختلفہ وگاہ است کہ آن عزیز را از ان تشکلات اِطّلاع نبود لہٰذا در جواب آن جماعت گاہ میگوید کہ اینہمہ بر من تہمت است من از خانہ نہ برآمدہ ام وحرم کعبہ را ندیدہ ام دردم وبغداد را نمے شناسم ونمی دانم کہ شما چہ کسانید۔ہمچین ارباب حاجات از اعزّہ احیاء واموات در آن مخاوف ومہالک مدد ہا طلب مینمایند ومی بینند کہ آن صور اعزّہ حاضر شدہ رفع بلیّہ ازینہا نمودہ است۔گاہ است کہ آن اعزّہ را از دفع آن بلیّہ اطلاع بود وگاہ نبود۔

ع از ما وشما بہانہ برساختہ اند

این نیز تشکل لطایف آن اعزّہ است واین تشکّل گاہ در عالم شہادت بود وگاہ در عالم مثال۔

نبی ﷺ کو خواب میں دیکھنا

چنانچہ در یک شب ہزار کس آن سرور را علیہ الصلوۃ والسلام بصور مختلفہ در خواب می بینند واستفادہ ہا مینمایند این ہمہ تشکل صفات ولطایف اوست علیہ وعلی آلہ الصلوۃ والسلام بصورت ہائے مثالی۔وہمچین مریدان از صور مثالیٔ پیران استفادہ ہا مینمایند وحلّ مشکلات مے فرمایند''۔

ارواح اولیاء اللہ سے استمداد اور طلب حاجت

چنانچہ بروایت بخاری زرقانی کے صفحہ ۳۲۵ میں ہے۔ استشفع عمر بالعباس فقال اللھم انا کنا اذا قحطنا توسلنا الیک نبینا فتسقینا وانا نتوسل الیک بعم نبینا فاسقنا فیسقون (رواہ البخاری) وذکر التستری عن

Marfat.com

معروف الکرخی انه قال لتلامذة اذا کان لکم الی اللّٰہ حاجة فاقسموا علیه بی فانی الواسطة بینکم وبینه الاٰن بحکم الوراثة عن المصطفٰی کما اخرج الترمذی وابن ماجه والحاکم عن عثمان بن حنیف ان رجلا اعمی اٰه ملخصاً۔

روح کی فلسفیانہ طریق سے حقیقت اور ماہیت

پس جبکہ ثابت ہو چکا کہ روح آدم کی پیدائش ہزار ہا سال قبل از وجود عنصری ہے نہ کہ رحم کے نطفہ میں سے ان ہزار ہا کیڑوں کی طرح اس کی پیدائش ہے جو گندے زخموں میں پڑ جاتے ہیں جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم فاسد ہے اور قادیانی بھی وہ قادیانی جو دعویٰ کرتا ہے کہ حضرت روح اللہ نے ان میں بروز کیا اور یہ اور وہ ہر دو گویا ایک ہی جوہر کے دو ٹکڑے ہیں۔ لہذا اب ضرور ہے کہ ہم روح آدم کے اس تعلق کی کیفیت اور حقیقت بیان کریں جو اسی بدن آدم کے ساتھ باوجود اتنے بعد و مسافت کے ہے اور نیز ہر ایک مراتب تعلق کی طرف بھی اشارہ کریں تا کہ اہل بصارت پر اس کا انکشاف کما حقہ ہو اور قادیانی صاحب کی چشم بصارت سے غشاوت دور ہو کر ان کو ان کی جہالت اور ضلالت نظر آئے۔

پس معلوم کرنا چاہیے کہ وہلۂ اوّل میں روح کی حقیقت جو ادراک کی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ وہ زندہ اشیاء کی زندگی کا باعث ہے اسی کے نفخ سے انہیں زندگی حاصل ہوتی ہے اور اسی کی مفارقت سے وہ مر جاتی ہیں۔ پھر جبکہ ذرا غور سے نظر کی جائے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ انسان کے دل میں اخلاط بدن کے خلاصہ سے ایک قسم کا ایسا بخار لطیف متولّد ہوتا ہے جو بدن کی قوت حساسہ اور محرکہ اور مدبرہ غذا کے لئے حامل ہے۔ اور تجربۂ طبّی سے ثابت ہے کہ اسی بخار کی حالت رقت اور غلظت اور صفوت اور کدرت کا ان قوتوں اور ان کے افعال میں ایک خاص اثر ہے اور یہ بھی ثابت ہے کہ بدن کے کسی عضو یا تولید بخار پر کوئی آفت طاری ہو جانے سے اس بخار اور اس کے افعال میں تشوش اور فساد واقع ہو جاتا ہے۔ اور اسی بخار کا

Marfat.com

تکوّن حیات کا مستلزم ہے اور اسی کا تحلل موت کا مستوجب ہے۔ پس گویا نظر اوّل میں یہی بخار روح دکھائی دیتا ہے۔ لیکن یہ بخار نظر غور میں روح حقیقی کا طبقۂ اسفل ہے۔ اور اس روح کی مثال بدن میں اس طرح ہے جیسے نمی گلاب میں اور جیسے آگ کوئلہ میں۔ پھر جبکہ اوّل سے زیادہ تر امعان کی نظر سے غور کیا جائے تو منکشف ہو جاتا ہے کہ یہ روح بخاری جو دل کے اندر خلاصۂ اخلاط سے متولّد ہوتی ہے حقیقت میں روح حقیقی کا مطیّہ اور اس کے تعلق کے لئے بمنزلۂ مادّہ ہے۔ کیونکہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ طفل طفولیت کی حالت سے شاب وشیب کی حالت بدلتا ہے اور اس کے بدن کی خلطیں بھی اس کے ساتھ ساتھ بدلتی رہتی ہیں اور ان اخلاط متبدّلہ سے جو روح کہ متولّد ہوتی رہتی ہے وہ زمانہ طفولیت سے ہزارہا درجہ زیادہ ہوتی ہے اور وہ کبھی چھوٹا ہوتا ہے اور کبھی بڑا، اور کبھی کالا ہوتا ہے اور کبھی گورا، اور ایک وقت جاہل ہوتا ہے اور ایک وقت عالم۔ لیکن باوجود ان تغیّرات کے اس کی شخصیت میں کوئی تغیّر نہیں آتا۔ پس معلوم ہوا کہ وہ شے کہ جس کے ساتھ اس کی شخصیت قائم ہے وہ نہ تو یہ روح ہے اور نہ یہ بدن اور نہ یہ مشخصات جو بادی الرائے میں دکھائی دیتی ہیں۔ بلکہ وہ روح حقیقی ہے جو حقیقت میں ایک حقیقت فردانیہ اور نقطۂ نورانیہ ہے اور جس کا طور ان اطوار متغیرہ اور متغائرہ سے بالاتر ہے اور وہ بڑے کے ساتھ بھی ویسا ہی ہے جیسا کہ چھوٹے کے ساتھ ہے۔ اور سفید کے ساتھ بھی ویسا ہی ہے جیسا کہ سیاہ کے ساتھ ہے۔ اور اس کو روح ہوائی یعنی نسمہ کے ساتھ بالذات ایک خاص تعلق ہے اور بدن کے ساتھ جو کہ نسمہ کے لئے مطیّہ اور بمنزلہ مادّہ کے ہے بالعرض تعلق ہے اور یہ روح حقیقی گویا عالم قدس کا روزن ہے جس کے ذریعہ سے نسمہ پر ہر اس شے کا افاضہ ہوتا رہتا ہے جس کا وہ مستعد ہوتا ہے۔ چنانچہ حضرت مجدد جلد سوم کے مکتوب ۳۱ میں لکھتے ہیں۔ ''بدانند کہ روح پیش از تعلق بہ بدن در عالم خود بودہ است کہ فوق عالم مثال است و بعد از تعلق بہ بدن اگر تنزّل نمودہ است بعالم

Marfat.com

اجساد بعلاقہ جبّی فرد وآمدہ است بعالم مثال کارندارد نہ پیش از تعلق ونہ بعد از تعلق''۔ اور جلد اوّل کے مکتوب ۲۸۵ میں لکھتے ہیں۔ کہ ''روح راماورائے عرش اثبات نمودن ترادروہم نیند ازد کہ روح از تو بعید است ومسافت دور ودراز درمیان تو وروح است نہ چنین است روح رانسبت باجمیع امکنہ باوجود لا مکانیت برابر است ماورائے عرش گفتن معنی دیگر دارد تا بآنجا نرسی نتوانی دریافت وباید دانست کہ روح ہر چند نسبت بعالم بیچون است اما حقیقۃً داخل دائرہ چون است گویا برزخ است درمیان عالمِ چون وجناب قدس حقیقی۔ پس رنگ ہر دوطرف دارد وہر دواعتبارے دروے صحیح است بخلاف بیچون حقیقی کہ چون رااصلا بوئے راہ نیست''۔

حقیقت موت

اور حضرت شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی اپنی کتاب حجۃ اللہ البالغہ میں حقیقت موت کی نسبت تحریر فرماتے ہیں۔ کہ وجدان صحیح کے ساتھ ہمارے نزدیک ثابت ہو چکا ہے کہ موت اسی نسمہ کا انفکاک ہے جبکہ بدن میں اس کی تولید کی استعداد باقی نہیں رہتی۔ نہ کہ روح قدسی کا نسمہ سے منفک ہونا اور جبکہ مہلک مرضوں میں نسمہ میں تحلّل واقع ہو جاتا ہے تو حکمت الٰہی اس قدر نسمہ ضرور باقی رکھتی ہے کہ جس کے ساتھ روح القدس کا تعلق صحیح ہو سکے اور اس سے نفس ناطقہ یعنی روح الٰہی کو کوئی ضرر عارض نہیں ہوتا۔ ہاں اس کی حالت ایسی ضرور ہو جاتی ہے جیسے ایک نہایت خوشنویس کاتب کے ہاتھ کاٹ دیئے جائیں لیکن اس کے ملکہ کتابت میں کوئی فرق نہیں آتا۔ باز ہم فیض روح الٰہی اس نسمہ میں ایسی حس مشترکہ کا افاضہ فرماتی ہے جو بمدد عالم مثال بجائے سمع وبصر ونطق وکلام کفایت کرتی ہے۔ چنانچہ اسی کی طرف اشارہ ہے اس حدیث میں جو فرمایا کہ **عن انس قال قال رسول اللّٰہ ﷺ ان العبد اذا وضع فی قبرہ وتولی عنہ اصحابہ انہ یسمع قرع نعالھم** (بخاری) آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میّت قبر میں رکھنے کے بعد اوپر سے گذرنے

Marfat.com

والوں کی کفش پا کی آواز سنتی ہے۔اورعن ابی سعید قال قال رسول اللہ ﷺ اذاوضعت الجنازۃ فاحتملھا الرجال علٰی اعناقھم فان کانت صالحۃ قالت قدمونی واِن کانت غیر صالحۃ قالت لاھلھا یاویلھا این تذھبون بھا یسمع صوتھا کل شئ الا الانسان ولوسمع الانسان تصعق. (بخاری) جب میّت کولوگ اپنی گردنوں پراٹھاتے ہیں تواگرصالحہ ہوتو کہتی ہے کہ مجھے آگے رکھو۔اوراگرصالحہ نہ ہوتو کہتی ہے کہ ہائے مجھے کہاں لے جارہے ہو؟ انسان کے سواہر چیز اس کی آواز دردناک سنتی ہے۔ کیونکہ اگرانسان اس کی آواز سنے تو بیہوش ہوجائے۔

پھر کبھی تو یہ نسمہ حسب مناسبت لباس نورانی کے لئے مستعد ہوجاتا ہے اور کبھی لباس ظلماتی کے لئے اوراسی سے عالم برزخ کے عجائبات ظاہر ہونے لگتے ہیں۔اوراگرچہ اس عالم برزخ میں ارواح بنی آدم کے احوال بے نہایت طبقات پر مشتمل ہیں لیکن بادی النظر میں ان کی ایک صنف بالکل جلی الحال ہے یعنی جن کی قوت بہیمیہ اور ملکیہ گوہر دوضعیف ہوں لیکن بعض اسباب جبلیّہ اور کسبیہ کے باعث ملاء اعلٰی کے ساتھ لاحق ہوجائیں۔یعنی ان کی قوت ملکیہ ان کی قوت بہیمیہ سے آلودہ نہ ہوگئی ہو اور طہارت اورتقویٰ کی ملابست کے باعث ان کے قلوب الہامات الٰہیہ اورتجلّیات ملکیہ کے آشیانہ بن گئے ہوں۔پس ایسے صنف کے نسمات روحانی اورنفوس قدسی بدن سے انفکاک کے بعد ملائکہ کے ساتھ لاحق ہوکرانہیں میں سے ہوکرانہیں کی طرح ملہم ہوتے ہیں اورانہیں کی طرح تدابیر عالم میں مصروف ہوجاتے ہیں۔ چنانچہ حدیث صحیح میں ارشادفرمایا رأیت جعفر ابن ابی طالب ملکا یطیر فی الجنّۃ مع الملائکۃ۔آنحضرت ﷺ نے ارشادفرمایا کہ میں نے جعفرابن ابی طالب کوبصورت ملک دیکھا کہ جنت میں ملائکہ کے ساتھ دوپروں سے طیران کررہا ہے۔

Marfat.com

ارواح نفوس فاضلہ ملائکہ کی طرح بعدازموت مدبرات عالم میں سے ہوجاتی ہیں

اور بیضاوی میں آیت فالمدبّرات امرا کے تحت میں ہے کہ اوصفات النفوس الفاضلة حال المفارقة فانها تنزع عن الابدان غرقاً ای نزعا شدیداً من اغراقی النازع فی النفوس فتنشط الی عالم الملکوت وتسبّح فیه فتسبق الی خطائر القدس فتصیر لشرفها وقوتها من المدبرات (نازعات) یہ ان نفوس فاضلہ کی صفت ہے جوابدان سے مفارقت کے بعد عالم ملکوت کی طرف عروج کر کے خطیرۃ القدس کی طرف سبقت کر کے اپنی شرافت اورقوت کے باعث مدبرات عالم میں سے ہوجاتی ہیں۔اور کبھی یہ نفوس قدسیہ اعلاء کلمۃ اللہ اور نصر حزب اللہ میں مشغول ہوجاتے ہیں۔چنانچہ حضرت قاضی ثناء اللہ پانی پتی تفسیر مظہری میں لکھتے ہیں۔کہ وقد تواتر عن کثیر من الاولیاء یعنی ارواحهم انهم ینصرون اولیائهم ویدمّرون اعدائهم و یهدون الی اللّٰه تعالٰی من یشاء اللّٰه۔اکثر اولیاء اللہ سے بتواتر ثابت ہے کہ ان کی روحیں ان کے احباب کو نصرت کا افاضہ کرتی ہیں اوران کے دشمنوں کو ہلاک کرتی ہیں اور بمشیّت اللہ طالبین کو اللہ کی طرف رہنمائی کرتی ہیں۔اور بسااوقات بعض نفوس قدسیہ بمنشاء جوہر فطرت صورت جسدیہ کی طرف مشتاق ہوتی ہیں اوران کی قوت ملکی نسمۂ ہوائیہ کے ساتھ مل کر جسد نورانی حاصل کرتی ہے اور بعض ان میں سے طعام وشراب کی طرف مشتاق ہوتی ہیں۔جس کی نسبت حق تعالٰی اپنے کلام پاک میں بتاکید تمام ارشادفرماتا ہے کہ ولاتحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللّٰه امواتا بل احیاء عندربهم یرزقون فرحین بما اٰتهم اللّٰه من فضله اے محمد ہرگز ہرگز گمان تک نہ کر کہ وہ لوگ جواللہ کی راہ میں قتل ہوئے درحقیقت وہ مردہ ہیں بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں ان کو رزق دیا جاتا ہے اوروہ اللہ کے دیئے پر خوش ہیں۔یعنی ان کے ابدان بے کار ہونے کے بعد بھی وہ روحیں حقیقی زندوں کی طرح حظوظ

Marfat.com

ابدان سے محظوظ ہوتی رہتی ہیں گو ہم ان کے ابدان بظاہر نظر بوسیدہ اور بے حس دیکھتے ہیں اور کبھی وہی ابدان ان ارواح کے لئے بمنزلہ آلہ جارحہ ہو جاتے ہیں۔

انبیاء اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں

اور یہ بالکل صحیح بات ہے کہ انبیاء علیہم السلام اپنی قبروں میں نماز پڑھتے ہیں۔

الانبیاء یصلّون فی قبورھم وخرج ابن مردویة عن ابی نضرة عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللّٰہ ﷺ لما اسریٰ لی مررت بموسیٰ وھو قائم یصلی فی قبرہ (زاد المعاد لابن القیم) آنحضرت ﷺ نے شب اسریٰ میں جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر گذر کیا تو ان کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا۔

اولیاء اللہ کا بعد از مرگ تکلّم کرنا

اور اس میں کوئی شک نہیں کہ اکثر شہداء اور احبّاء الٰہی کا بعد مرگ تکلم کرنا بتواتر ثابت ہے۔ چنانچہ قشیری میں بوعلی رضی اللہ عنہ کا چشم دید واقعہ منقول ہے۔ کہ **وفی الرسالة للقشیری بسندہ عن الشیخ ابی علی الروذ باری انہ الحد فقیرا فلما فتح راس کفنہ وصنعہ علی التراب لیرحم اللّٰہ غربة قال ففتح لی عینیہ وقال لی یا ابا علی لا تذللنی بین یدی من لا یذللنی فقلت یاسیّدی احیاة بعد الموت فقال لی بل انا حی وکل محب اللّٰہ حی لانصرنک بجاھی غداً** (شرح الصدور ص۸۲، مطبوعہ مصر) منقول ہے کہ جب انہوں نے ایک فقیر مسافر کو لحد میں اتارا اور اس کا بندِ کفن کھول کر ننگا سر مٹی پر رکھا تا کہ اللہ تعالیٰ اس کی حالتِ ذلّت پر رحم فرمائے تو اس فقیر مسافر نے نہایت ہوشیاری سے دونوں آنکھیں کھول کر بوعلی رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اللہ نے تو مجھے عزت دی ہے اور تو مجھے ذلّت دیتا ہے۔ بوعلی رضی اللہ عنہ نے نہایت معذرت کے ساتھ اس فقیر سے سوال کیا کہ اے میرے سرتاج! کیا مرنے کے بعد بھی جینا ہوتا ہے؟ اس نے

Marfat.com

جواب دیا کہ ہاں بیشک میں بھی زندہ ہوں اور اسی طرح کل محبّان الٰہی زندہ ہیں۔ اسی معنی کی طرف اشارہ ہے اس میں جو فرمایا کہ **لان اولیاء اللہ لا یموتون انما خلقتم للابد وانما تنقلون من دار الی دار** اللہ کے اولیاء نہیں مرتے اور ارشاد ہوا کہ تم ہمیشہ کی زندگی کیلئے پیدا کئے گئے ہو اور تم فقط ایک دار سے دوسرے دار کی طرف نقل مکانی کرتے ہو۔ سچ ہے۔

دلِ زندہ ہرگز نہ گرد وہلاک تنِ زندہ دل گر بمیرد چہ باک

نبی ﷺ کی قبر مبارک سے اذان کی آواز آتی رہی

اور خود آنحضرت ﷺ کی حیات بتواتر آثار سے ثابت ہے بلکہ سعید بن عبدالعزیز سے مروی ہے کہ **عن سعید بن عبدالعزیز قال اما کان ایّام الحرّہ لم یوذن فی مسجد النبی ﷺ ثلاثا ولم یقم ولم یبرح سعید بن المسیب المسجد وکان لایعرف وقت صلوٰۃ الا بھمھمۃ یسمعھا من قبر النبی ﷺ** (مشکوٰۃ) ایّام حرّہ میں سعید بن مسیّب تین دن تک اوقات نماز کی پہچان اس آواز سے کرتے رہے جو نبی ﷺ کی قبر مبارک سے سنتے تھے۔

ایک شہید نے بعد از مرگ کلام کیا

ازالۃ الخفا میں حضرت ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ کہ در شواہد النبوت در کرامات حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مذکور است کہ شہیدے از شہداء یمامہ بعد مردن تکلّم کرد و گفت ''محمد رسول اللہ، ابوبکر الصّدیق، عمر الشہید، عثمان ذوالنورین''۔

شہید کے بدن سے خون نکلنا

تفسیر خازن میں بعض کا قول ہے کہ **وقیل ان الشھید لا یبلی فی قبرہ ولا تاکلہ الارض کغیرہ وروی انہ لما اراد معاویۃ ان یجری الماء علی قبور الشھداء امر ان ینادی من کان لہ قتیل فلیخرجہ ولیحولہ من ھذا**

Marfat.com

الموضع قال جابر فخرجنا اليهم فاخرجناهم وطاب الابدان فاصاب المسجاة اصبع رجل منهم فانبعث دما (خازن) شہید کے بدن کو مٹی نہیں کھاتی اور نہ بوسیدہ ہوتا ہے۔ چنانچہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے شہداء کی قبروں میں سے پانی نکالنا چاہا تو منادی کرادی کہ اولیاء اپنے اپنے مقتولوں کو نکال کر دوسری جگہ دفن کریں۔ جابر فرماتے ہیں کہ ہم نے جا کر ان کو قبروں سے نکالا اور بدن ان کے پاک وصاف تھے۔ ایک کی انگلی پر تیشہ لگنے سے خون بہنے لگا۔

ارواح کا ابدان کے ساتھ آسمان پر اٹھایا جانا

اور کبھی یہ روحیں اپنے ابدان عنصری کے ساتھ آسمانوں کی طرف اٹھائی جاتی ہیں چنانچہ شرح صدور میں شیخ سیوطی رضی اللہ عنہ امام یافعی کی کفایت المعتقدین سے بروایت یافعی شیخ عمر بن فارض کا چشم دید واقعہ نقل کرتے ہیں۔ حکی الیافعی فی کفایة المعتقدین الشیخ عمر بن الفارض انه حضر جنازة رجل من الاولیاء قال فلما صلینا علیه واذا ابحو قدامتلأ بطیور خضر فجاء طیر کبیر منهم فابتلعه ثم طار قال فتعجبت من ذٰلک فقال لی رجل قد نزل من الهواء وحضر الصلٰوة لاتعجب فان ارواح الشهداء فی حواصل طیور خضر ترعی فی الجنّة اولئک شهداء السیوف واما الشهداء المحبّة فاجسادهم ارواح۔ شیخ عمر ایک ولی اللہ کے جنازہ پر جا پہنچے۔ چنانچہ شیخ عمر کہتا ہے کہ جب ہم جنازہ ادا کر چکے تو کیا دیکھتے ہیں کہ اس قدر سبز پرندے آسمان سے اترے ہیں کہ ان سے آسمان چھپ گیا۔ پس ان میں سے ایک بڑا پرندہ الگ نیچے اترا اور اس نے اس ولی اللہ کو اس طرح نگل لیا جیسے کہ جانور ایک دانہ کو نگل لیتا ہے اور آسمان کی طرف اُڑ گیا۔ شیخ عمر کہتا ہے کہ میں اس واقعہ سے متعجب ہوا لیکن اتنے میں ایک شخص میرے سامنے آ گیا جو وہ بھی آسمان سے اترا تھا اور نماز

Marfat.com

میں شریک ہوا تھا اور اس نے کہا کہ اے عمر! اس واقعہ سے تعجب مت کر کیونکہ وہ شہید جن کی روحیں جنّت میں سبز پرندوں کی حواصل میں رہتی ہیں وہ تلوار کے شہید ہیں لیکن محبت الٰہی کے شہیدوں کے جسم روح کا حکم رکھتے ہیں۔

ایک ولی اللہ کا جنازہ آسمانوں پر اٹھایا جانا

شیخ سیوطی فرماتے ہیں کہ اسی کے مشابہ ہے وہ قصہ جس کو ابن ابی الدنیا نے ذکر موتی میں زید بن اسم سے روایت کیا ہے۔ کہ **قُلت ویشبّه هذا مااخرجه ابن ابی الدنیا فی ذکر الموت عن زید بن اسم قال کان فی بنی اسرائیل رجل قد اعتزل الناس کان فی کهف جبل وکان اهل زمانه اذا قحطوا استغاثوابه فدعی اللّٰه فسقاهم فمات فاخذوا فی جهازه فبیناهم کذٰلک اذاهم بسریر یرفرف فی عنان السماء حتّٰی انتهٰی الیه فقادر رجل فاخذه فوضعه علی السریر فارتفع السریر والناس ینظرون الیه فی الهواء حتّٰی غاب عنهم**(شرح الصدور ص۱۷۳) بنی اسرائیل میں ایک شخص عابد وزاہد پہاڑوں کے غاروں میں عبادت خداوند کیا کرتا تھا اور دنیا کے لوگوں سے کنارہ کش، اس کے زمانے کے لوگ قحط کے دنوں میں اس سے دعا منگوایا کرتے تھے اور اس کی دعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ ان پر ابر رحمت برسایا کرتا تھا، اتفاقاً وہ فوت ہو گیا۔ لوگ اس کے غسل کی تیاری کرنے لگے کہ ناگہاں ایک تخت آسمان کی بلندی سے اترتا ہوا نظر آیا۔ یہاں تک کہ اس ولی کے نزدیک آ پہنچا اور ایک شخص نے کھڑے ہو کر اس تخت کو پکڑ لیا اور اس ولی کو اس تخت پر رکھا اور وہ تخت آسمان کی طرف اٹھتا گیا اور لوگ دیکھتے رہے کہ وہ ہوا میں اُڑا جاتا ہے۔ یہاں تک کہ ان سے پوشیدہ ہو گیا۔

عامر بن فہیرہ کا آسمان پر اٹھایا جانا

شیخ سیوطی لکھتے ہیں کہ اس کا مؤید وہ واقعہ ہے جس کو بیہقی اور ابو نعیم نے دلائل

Marfat.com

النبوۃ میں بروایت عروہ نقل کیا ہے۔ کہ ویؤیّدہ ایضا ماخرجہ البیھقی وابونعیم کلاھما فی دلائل النبوۃ عن عروۃ ان عامر بن فھیرۃ قتل یوم بیر معونۃ قال ای عمر بن امیۃ الضمری فذھب بالرجل علوا فی السماء حتی واللّٰہ ماراہ فاتی الضحاک بن سفیان الکلابی وقال دعانی الی الاسلام مارأیت من مقتل عامر بن فھیرۃ ومن رفعہ الی السماء فکثت الضحاک الی رسول اللّٰہ ﷺ باسلامہ ومارای من مقتل عامر بن فھیرۃ فقال رسول اللّٰہ ﷺ فان الملائکۃ وارت جثتہ و انزل علیّین واخرجہ البیھقی من وجہ اٰخر تلفظ فقال عامر بن الطفیل لقد رأیتہ بعد ماقتل رفع الی السماء حتی انی لانظر الی السماء بینہ وبین الارض ثم قال البیھقی والحدیث اخرجہ البخاری فی الصحیح وقال فی اٰخرہ ثم وضع قال فیحتمل انہ رفع ثم وضع ثم فقد بعد ذٰلک فقد روینا فی مغازی موسٰی بن عقبۃ فی ھذہ القصّۃ فقال عروۃ بن الزبیر لم یوجد جسد عامر یرون الملائکۃ وارتہ قلت والظاھر ان المراد بمواراۃ الملائکۃ لغیبہ فی السماء (اھ، انتہی باختصارہ)

عامر بن فہیرہ غلام ابی بکر رضی اللہ عنہ معونہ کے دن شہید ہوا اور عمرو بن امیۃ الضمری نے بچشم خود دیکھا کہ وہ اسی وقت آسمانوں کی طرف اٹھایا گیا۔ چنانچہ یہی عجیب وغریب واقعہ ضحاک بن سفیان کلابی کے اسلام کا باعث ہوا اور اس نے عامر بن فہیرہ کے قتل اور رفع کا چشم دید واقعہ اور اس پر اپنا اسلام لانا آنحضرت ﷺ کی طرف لکھا۔ اس پر آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ملائکہ نے عامر بن فہیرہ کے جسم کو چھپالیا اور اس کو علیین پر جا اتارا۔ اور یہی قصہ ابن سعد اور حاکم نے کبیر میں بطریق عروہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بھی روایت کیا کہ عامر بن فہیرہ آسمان کی طرف اٹھایا گیا اور ملائکہ نے اس کا جسم چھپالیا۔ اور عامر بن طفیل بھی

Marfat.com

اپنا چشم دید بیان کرتے ہیں کہ اس نے عامر بن فہیرہ کا آسمان کی طرف اٹھایا جانا دیکھا۔ اور اسی طرح خبیب بن عدی کی نسبت احمد اور ابونعیم اور بیہقی نے بروایت عمرو بن امیہ الضمری تخریج کی۔

عیسیٰ نبی اللہ کی آسمان پر جانے سے کوئی فضیلت خاصہ نہیں

شیخ سیوطی فرماتے ہیں کہ ابونعیم کے نزدیک خبیب بن عدی کا آسمانوں کی طرف مرفوع ہونا قطعی ہے۔ چنانچہ ابونعیم نے جواب وسوال کی صورت میں کہا کہ اگر یہ کہا جائے کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان کی طرف اٹھائے گئے ہیں تو ہم کہیں گے کہ ہمارے نبی ﷺ کی امت میں سے بجائے نبی کے ایک قوم آسمانوں کی طرف اٹھائی گئی اور یہ امر عیسیٰ علیہ السلام کے رفع سے بھی عجیب تر ہے۔ اور اس کے بعد عامر بن فہیرہ اور خبیب بن عدی اور علاء بن حضرمی کا قصہ بھی بیان کیا جس کی رفع کا ذکر شیخ سیوطی نے باب احوال الموتیٰ فی قبورھم میں کیا۔

طلحہ رضی اللہ عنہ کو آنحضرت ﷺ کا فرمانا کہ ملائکہ تجھے آسمان پر لے جاتے

اس کے بعد شیخ سیوطی رضی اللہ عنہ ایک مشہور حدیث سے جس کو نسائی اور بیہقی اور طبرانی وغیرہم نے بروایت جابر رضی اللہ عنہ تخریج کیا ہے۔ کہ ومما یقوی قصّة الرفع الی السماء ما اخرجه النسائی والبیهقی والطبرانی وغیرهم من حدیث جابر ان طلحة اصیبت انامله یوم احد فقال حسّ فقال رسول اللّٰه ﷺ لوقلت بسم اللّٰه لرفعتک الملائکة والناس ینظرون الیک حتی تلج بک فی جوّ السماء (شرح الصدور) ان واقعات رفع کے غیر محال اور ممکن الوقوع ہونے پر استدلال کر کے کہا کہ غزوۂ احد میں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے انگلیوں کے زخم کے درد سے کلمۂ حسّ (جو محاورۂ عرب میں شدّتِ درد کے وقت زبان سے نکلتا ہے) کہا تو اس وقت آنحضرت ﷺ نے حضرت طلحہ سے خطاب کر کے فرمایا کہ اے طلحہ اگر تو بجائے کلمۂ حس کے بسم اللہ کہتا تو ملائکہ بالضرور تجھے اٹھا لیجاتے اور لوگ تیری طرف دیکھتے رہ جاتے یہاں تک کہ تو وسط آسمان میں جا پہنچتا۔

Marfat.com

قادیانی کا عیسیٰ علیہ السلام نبی اللہ کے آسمان پر اٹھائے جانے پر تمسخر آمیز کلام

مگر افسوس کہ قادیانی صاحب نے بقولے ''کس نباشد درسراموش باشد کدخدا''۔ میعاد الٰہی کے وقفۂ دراز کو اپنے دعوی مسیحیت کے لئے مہلت جان کر عیسیٰ علیہ السلام نبی اللہ کو ان موتائے لا یرجعون میں داخل کر دیا جو اپنے اعمال کے محاسبہ میں دنیا کی ہوا سے ہمیشہ کے لئے محروم کئے گئے۔ بلکہ کسی فرد بشر کا اس جسم عنصری کے ساتھ آسمانوں پر جانا بھی محال کہہ دیا اور کبھی مضحکہ انگیز الفاظ میں کہا کہ ''اگر حضرت مسیح مرے نہیں اور اسی دنیوی زندگی کے ساتھ کسی آسمان پر بیٹھے ہیں تو کیا تمام لوازم جسم خاکی کے ان میں خصوصیت کے ساتھ موجود ہیں جو دوسروں میں نہیں پائے جاتے؟ کیا وہ کبھی سوتے اور کبھی جاگتے ہیں؟ اور کبھی اٹھتے اور کبھی بیٹھتے ہیں اور کبھی دنیوی شراب وطعام کو کھاتے ہیں اور کیا وہ اوقات ضروریہ میں پاخانہ پھرتے اور پیشاب بھی کرتے ہیں؟ اور کیا وہ ضرورتوں کے وقت ناخنوں کو کٹاتے اور بالوں کو مُنڈاتے یا قصر شعر کراتے ہیں؟ کیا ان کے لیٹنے کے لئے کوئی چارپائی اور کوئی بستر بھی ہے؟ کیا وہ ہوا کے ساتھ دم لیتے اور ہوا کے ذریعہ سے سونگھتے اور ہوا ہی کے ذریعہ سے سنتے اور روشنی کے ذریعہ سے دیکھتے ہیں؟ اور کیا وہ زمانہ کے اثر سے اب بڈھے ہو گئے ہیں؟'' (ازالہ صفحہ ۷۴۱) اور کبھی تمسخر آمیز الفاظ میں کہا کہ ''اگر ہم فرض محال کے طور قبول کر لیں کہ حضرت مسیح اپنے جسم خاکی سمیت آسمان پر پہنچ گئے ہیں تو اس صورت میں اوّل تو یہ ماننا پڑتا ہے کہ اپنی عمر کا دورہ پورا کر کے آسمان پر ہی فوت ہو گئے ہوں اور کواکب کی آبادی جو آجکل تسلیم کی جاتی ہے اسی کے کسی قبرستان میں دفن کئے گئے ہوں اور اگر پھر فرض کے طور پر اب تک زندہ رہنا ان کا تسلیم کر لیں تو کچھ شک نہیں کہ اتنی مدت کے گذرنے پر پیر فرتوت ہو گئے ہوں گے اور اس کام کے ہرگز لائق نہیں ہوں گے کہ کوئی خدمت دینی ادا کر سکیں۔ پھر ایسی حالت میں ان کا دنیا میں تشریف لانا بجز ناحق کی تکلیف کے اور کچھ فائدہ بخش معلوم نہیں ہوتا''۔ (ازالہ صفحہ ۵۰۔۴۷)

Marfat.com

آسمانوں سے مائدہ کا اتارا جانا

مگر افسوس کہ قادیانی صاحب نے حواریّین عیسیٰ علیہ السلام کی طرح بھی اپنا ایمان ثابت نہ کیا۔ جنہوں نے بغرض اطمینان قلب حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے سوال کیا کہ **اذقال الحواریون یا عیسٰی ابن مریم هل یستطیع ربک ان ینزّل علینا مائدة من السماء قال اتقوا اللّٰه ان کنتم مؤمنینo قالوا نرید ان ناکل منها وتطمئن قلوبنا ونعلم ان قدصدقتنا ونکون علیها من الشاهدینo قال عیسٰی ابن مریم اللهم ربنا انزل علینا مائدة من السماء تکون لنا عیدا لاوّلنا واخرنا واٰیة منک وارزقنا وانت خیر الرازقینo قال اللّٰه انی منزّلها علیکم فمن یکفر بعد منکم فانی اعذّبه عذابا لااعذّبه احداً من العٰلمینo فنزلت الملائکة بها من السماء علیها سبعة ارغفة وسبعة احوات فاکلوا منها حتّٰی شبعوا قاله ابن عباس وفی حدیث عمار بن یاسر قال قال رسول اللّٰه ﷺ انزلت المائدة من السماء خُبزاً ولحماً فامروا ان لایخانوا ولا یدخروا لغدٍ فخانوا وادخروا فمسخواقردة وخنازیر.** (جلالین، مشکوٰۃ) **وروی انها نزلت سفرة حمراء بین غمامتین و لم ینظرون الیها حتی سقطت بین ایدیهم فبکی عیسٰی علیہ السلام وقال اللهم اجعلنی من الشاکرین اللهم اجعلها رحمة ولا تجعلها مثلة وعقوبة ثم قام وتوضاوصلی وبکی ثم کشف المندیل وقال بسم اللّٰه خیر الرازقین فاذا سمکة مشوبة بلا فلوس وشوک یستل وسما وعندراسها ملح و عند ذنبها حل وحولها من الوان البقول ما خلا الکراث واذا خمسة ارغفة علی واحد منها زیتون وعلی الثانی عسل وعلی الثالث سمن وعلی الرابع جبن وعلی الخامس قدید فقال شمعون یا**

Marfat.com

روح اللّٰہ امن طعام الدنیا ام من طعام الاخرۃ قال لیس منھما ولکنہ شئ اٰخراخترعہ اللّٰہ تعالٰی بقدرتہ کلوا ماسألتم واشکروا یمددکم اللّٰہ ویزدکم من فضلہ فقالوا یاروح اللّٰہ لورأیتنا من ھذہ الایۃ اٰیۃ اخری فقال یاسمکت احیی باذن اللّٰہ فاضطربت ثم قال لھا عودی کما کنت فعادت مشویۃ ثم طارت المائدۃ ثم عصوابعدھا فمسخوا (بیضاوی) کیا تیرارب قدرت رکھتاہے کہ ہم پرآسمان سے مائدہ (یعنی خوان نعمت) اتارے۔تو عیسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ اگرتم اپنے ایمان میں سچے ہواور میری نبوّت کی صحبت سے متاثر ہوتو اللہ سے ڈرواورایسے سوال مت کرو۔انہوں نے عرض کی کہ ہم اس خوان سے کھانے کی خواہش رکھتے ہیں اور نیز خواہش رکھتے ہیں کہ ہمارے قلوب کواس کے کمال قدرت پراطمینان ہو۔اور تیری سچائی کو ہم یقیناً جان لیں اورہم بھی اس پر گواہی دیں۔عیسیٰ ابن مریم نے اس وقت اللہ سے دعا کی کہ اے رب ہم پرآسمانوں سے خوان نعمت اتار جو ہمارے لئے اور ہمارے اگلوں اور پچھلوں کے لئے عید ہوجائے اوروہ تیری ایک نشانی تیری قدرت کاملہ اورمیری صحت نبوت پر حجت ہو۔اللہ نے اسکے اتارنے کی بشارت دے کرکہا کہ جواس کے بعد کفر کرے گا اس کو ایساعذاب دوں گا جودوسرے اہل عالم میں سے کسی کونہ دوں گا۔حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ فرشتے آسمانوں سے ایسا خوان اتارکرلائے جس پرسات روٹیاں اورسات مچھلیاں تھیں اوروہ پیٹ بھرکھائیں۔شیخ سیوطی فرماتے ہیں کہ مائدہ میں گوشت اورروٹی کا اترنا حدیث (عماربن یاسر، ترمذی) سے ثابت ہے۔اور خیانت اور ذخیرہ کرکے رکھنے کے باعث مائدہ کااترنا موقوف ہوگیااورخائن بندراورخنزیرکی صورت پرمسخ ہوگئے۔شمعون نے حضرت روح اللہ سے دریافت کیا کہ یہ طعام دنیا کا ہے یا آخرت کا؟ حضرت روح اللہ نے ارشادفرمایا کہ یہ طعام نہ دنیا کا ہے نہ آخرت کا بلکہ وہ ایک نعمت الٰہی ہے جس کواللہ تعالیٰ نے

Marfat.com

اپنی قدرت کاملہ سے پیدا فرمایا۔ پس وہ خدا جس نے قوم موسیٰ پر آسمانوں سے من وسلویٰ اتارا اور حواریین عیسیٰ (علیہ السلام) کیلئے مائدہ۔ اور وہ خدا جس کے گھر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مہمان ہوکر ہمارے طعام وشراب سے مستغنی رہتے۔ اگر وہ اپنے روح اللہ کو اپنے قرب میں رکھ کر دنیا کی حاجات سے اور اس عالم کے تطورات اور ہمارے اجسام کے لوازمات سے مستغنی کردے تو کوئی محل استعجاب نہیں اور یہ اصطلاح صوفیہ میں سے احوال نفس کی ایک حالت ہے جو غیبت کہلاتی ہے۔ جو شہوات نفسانی اور حاجات انسانی سے بے پروا کردیتی ہے۔ اس وقت دل ودماغ اللہ کے نور سے بھر جاتا ہے اور سب حاجات کے قائم مقام ہوجاتا ہے اور صورت ملکیت خواص بہیمیت کو منعدم کردیتی ہے بلکہ اسی کے تابع ہوجاتی ہے۔ اسی طرح جس طرح کہ پانی حرارت کے پہنچنے سے صورت ہوا بن کر بلندی کی طرف صعود کرتا ہے۔

انسان کامل بلا حاجت اکل وشرب زندہ رہ سکتا ہے

پس ایسی حالت میں انسان کامل بلا اکل وشرب اور بلا بھوک وپیاس اور بلا خواب وغفلت ملائکہ کی طرح تسبیحات ربانی کے ساتھ اسی طرح زندگانی بسر کرتا ہے جیسے کہ اکل شجرہ کے قبل حضرت آدم اپنی زندگانی ملائکہ کی طرح تسبیحات اور تحمیدات میں بسر کرتے تھے اور جیسے کہ ملائکہ کا کسوت انسانی کے اوڑھنے سے انسانی جوارح کے ساتھ متلبس ہونا قرآن وسنت سے ثابت ہے اسی طرح انسان کامل کا جن کا قول ہے کہ ارواحنا اجسادنا اجسادنا ارواحنا بصورت ملائکہ متلبس ہوکر ملائکہ کی طرح زندگی بسر کرنا سنت صحیحہ سے ثابت ہے۔ مشکوٰۃ باب علامات الساعت فصل دوم میں اسماء بنت یزید سے اور کتاب الیواقیت والجواہر میں امام عبدالوہاب شعرانی حدیث مرفوع ذکر کرتے ہیں کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ دجّال کے نکلنے سے پہلے تین سال ایسے آئیں گے کہ جن کے اخیر میں آسمان سے بالکل بارش اور زمین سے نباتات کا امساک ہوجائے گا۔ اسماء بنت زید

Marfat.com

نے عرض کی کہ یارسول اللہ ہم آٹا گوندھتے ہیں اور روٹی تیار ہونے کے قبل ہی بھوک شروع ہوجاتی ہے پھر اس وقت مومن کیا کریں گے؟ آنحضرت ﷺ نے فرمایا یجزیھم مایجزی اھل السماء من التسبیح و التقدیس یعنی ان کو بھی تسبیح اور تقدیس ملائکہ کی طرح بجائے طعام کفایت کرے گی۔ چنانچہ شیخ ابوطاہر کا چشم دید واقعہ ہے کہ انہوں نے ابہر میں ایک شخص خلیفۃ الخراط نامی کو دیکھا جس نے تیئس برس تک کچھ نہ کھایا اور شب و روز بغیر کسی ضعف کے اللہ کی عبادت کرتا تھا پس کچھ بعید نہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی قوت تسبیح اور تہلیل ہو۔ انتہیٰ پس کوئی معنی نہیں کہ حضرت روح اللہ قرب الٰہی میں کرّوبیوں کی طرح بلا حاجات انسانی عمر نہ بسر کریں اور اس عالم کے اثر سے محفوظ نہ رہیں۔ اور اس میں کوئی شک نہیں کہ حضرت روح اللہ کی نفس فطرت ہی روحانی ہوئی اور بلامسِ بشر حضرت [illegible] کے بطن سے فقط حضرت جبریل کے نفخ سے پیدا ہوگئے۔ پس ان کے آسمانوں پر جانے کا [illegible] محال ہوا۔ اور اس میں شک کرنے کی کیا مجال؟ مگر افسوس کہ ہمارے کمبخت قادیانی [illegible] بتقلید سرسیّد احمد معتزلی قرآن محمدی کو چھوڑ کر انجیل نصاریٰ کے ساتھ تمسک کر کے حضرت روح اللہ کا باپ یوسف نجّار قرار دیا۔ اور ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۳۰۳ میں لکھ دیا کہ حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس برس کی مدّت تک نجّاری کا کام بھی کرتے رہے ہیں۔ حالانکہ قرآن کریم اس کی تکذیب کرتا ہے۔ سورۂ آل عمران میں ہے کہ

اذقالت الملائکۃ یا مریم ان اللّٰہ یبشرک بکلمۃ منہ اسمہ المسیح عیسٰی بن مریم وجیھا فی الدنیا والاٰخرۃ ومن المقرّبینo ویکلم الناس فی المھد وکھلا ومن الصالحینo قالت ربّ انی یکون لی ولد ولم یمسسنی بشر قال کذٰلک اللّٰہ یخلق ماشاء اذا قضٰی امراً فانما یقول لہ کن فیکونo

''جب فرشتوں نے کہا اے مریم! اللہ تعالیٰ تجھے اپنے ایک حکم کی بشارت دیتا ہے جس کا نام

Marfat.com

مسیح عیسیٰ بن مریم ہے جو دنیا اور آخرت میں بڑے مرتبہ والا اور مقربین میں سے ہے اور جو ماں کی گود میں اور حالت کہولت میں لوگوں سے باتیں کرے گا اور ہوگا وہ نیکو کاروں میں سے۔ یہ سن کر مریم نے کہا اے رب کہاں سے میرے لڑکا ہوگا حالانکہ کسی بشر نے مجھے ہاتھ نہیں لگایا۔ رب تعالیٰ نے کہا اسی طرح رب پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے جب حکم کرتا ہے ایک کام کو تو یہی کہتا ہے اس کو موجود ہو جا تو وہ ہو جاتا ہے''۔ ان تمام بیانات سے ناظرین پر واضح ہوگا کہ انسان کامل بقدرت خداوندی جس کا قانون قدرت ہمارے عقول ناقصہ سے بالکل باہر ہے بلا قبول تحویلات عالم زندہ رہ سکتے ہیں۔

حضرت عزیر علیہ السلام کا سو برس تک بغیر کھانے پینے کے زندہ رہنا

جیسے بقول قادیانی صاحب حضرت عزیر علیہ السلام یا اور کوئی نبی سو (۱۰۰) برس تک بیہوش رہے اور نہ ان کے جسم میں کوئی تغیّر آیا اور نہ ان کے طعام وشراب میں کوئی تغیّر آیا۔ (ازالہ صفحہ ۹۴۲) اور اقرار کیا کہ درحقیقت وہ مرے نہ تھے۔ **او کالّذی مرّ علٰی قریۃ وھی خاویۃ علی عروشھا قال انی یحی ھذہ اللّٰہ بعد موتھا فاماتہ اللّٰہ مائۃ عام ثم بعثہ قال کم لبثت قال لبثت یوماً او بعد یوم قال بل لبثت مائۃ عام فانظر الی طعامک وشرابک لم یتسنّہ** (سورۂ بقرہ)

اصحاب کہف کا کئی سو برس تک بغیر اکل وشرب زندہ رہنا

اسی طرح اصحاب کہف کا قصہ ہے جو سینکڑوں برس تک سوتے رہے اور بلا خورد ونوش زندہ رہے اور ہیں جن کی نسبت خدا خود گواہی دیتا ہے کہ **ام حسبت ان اصحاب الکھف والرقیم کانوا من اٰیاتنا عجباo اذ اوی الفتیۃ الی الکَھف فقالوا ربّنا اٰتنا من لّدنک رحمۃ وھیء لنا من امرنا رشداo فضربنا علٰی اٰذانھم فی الکھف سنین عدداo ثم بعثناھم لنعلم ایّ الحزبین احصٰی لمالبثوا امداo** (سورۂ کہف) اے

Marfat.com

محمد (ﷺ)! کیا تجھے معلوم ہے کہ اصحاب کہف ورقیم ہماری قدرتوں اور نشانیوں میں سے ایک عجیب نشانی ہیں؟ جب وہ نوجوان غار کی طرف گئے بولے اے رب ہمارے دے ہم کو اپنی پاس سے رحمت اور آمادہ کر ہمارے کام میں راہ یابی پھر سلا دیا ہم نے ان کو اس غار میں سالہائے معدود۔ پھر ان کو اٹھایا ہم نے اس نیند سے تا کہ معلوم کریں کہ ان کے دو فریقوں میں سے کس نے یاد رکھی ہے وہ مدّت جس میں کہ غار میں رہے۔

اصحاب کہف کا قصّہ

اس کے بعد حق تعالیٰ ان کا تفصیلی قصہ اپنے کلام پاک میں یوں بیان فرماتا ہے۔

نحن نقص علیک نباهم بالحق انهم فتیة اٰمنوا بربهم وزدناهم هدیo وربطنا علی قلوبهم اذقاموا فقالو ربّنا رب السمٰوٰت والارض لن ندعوا من دونه الهاً لقد قلنا اذاً شططاo هولاء قومنا اتخذوا من دونه اٰلهة لولا یاتون علیهم بسلطان بیّن فمن اظلم ممّن افتریٰ علی اللّٰه کذبا o واذ اعتزلتموهم وما یعبدون الا اللّٰه فاوٗا الی الکهف ینشرلکم ربکم من رحمته ویُهیّیء لکم من امرکم مرفقاo وتری الشمس اذا طلعت تزاور عن کهفهم ذات الیمین واذا غربت تقرضهم ذات الشمال وهم فی فجوة منه ذٰلک من اٰیات اللّٰه من یهد اللّٰه فهو المهتد ومن یضلل فلن تجد له ولیا مرشداo وتحسبهم ایقاظا وهم رقود ونقلبهم ذات الیمین وذات الشمال وکلبهم باسط ذراعیه بالوصید لواطلعت علیهم لولّیت منهم فرارا ولملئت منهم رُعباo وکذٰلک بعثناهم لیتساءلوا بینهم قال قائل منهم کم لبثتم قالوا لبثنا یوما او بعض یوم قالوا ربکم اعلم بما لبثتم فابعثوا احدکم بورقکم هذه الی المدینة فلینظر ایها ازکی طعاماً فلیاتکم برزقٍ منه

Marfat.com

ولیتلطف ولا یشعرن بکم احداo انهم ان یظهروا علیکم یرجموکم او یعیدوکم فی ملّتهم ولن تفلحوا اذاً ابداo وکذٰلک اعثرنا علیهم لیعلموا انّ وعد اللّٰه حق وان الساعة لاریب فیها اذ یتنازعون بینهم امرهم فقالوا ابنوا علیهم بنیانا ربّهم اعلم بهم قال الذین غلبوا علی امرهم لنتّخذن علیهم مسجداo(سورۂ کہف) ولبثوا فی کهفهم ثلاث مائة سنین وازدادوا تسعاo قل اللّٰه اعلم بما لبثوا له غیب السمٰوٰت والارض (سورۂ کہف)اخرج البزار والطبرانی باسناد صحیح حسن عن النعمان بن بشیر انه سمع النبی یذکر الرقیم قال انطلق ثلاثة فکانوا فی کهف فوقع الجبل علی باب الکهف فارصد علیهم (الحدیث) (فتح الباری برحاشیہ بخاری) اے محمد (ﷺ)! ہم ان کی سچی خبر تجھ کو سناتے ہیں کہ وہ کئی جوان ہیں جو اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے ان کو زیادہ ہدایت بخشی اور ان کے دلوں کو محکم رکھا جبکہ وہ کھڑے ہو کر کہنے لگے کہ رب ہمارا وہی ہے جو زمینوں اور آسمانوں کا رب ہے ہم اس کے سوا کسی کو معبود نہ کہیں گے۔ کیونکہ ہمارا ایسا کہنا دور از عقل ہوگا۔ ہماری اس قوم نے اس رب کے سوا دوسرے معبود بنا لئے ہیں کیوں نہیں ان کی خدائی پر کوئی دلیل واضح پیش کرتے؟ پھر بولے اس سے زیادہ ظالم کون ہے جو اللہ پر جھوٹ باندھے اے یارو! جب تم نے ان سے اور ان کے معبودوں سے بجز خدائے یگانہ کے کنارہ کشی کر لی تو اس غار میں آرام لو۔ رب تمہارا تم پر اپنی رحمت پھیلا دیگا اور تمہارے لئے تمہارے کام میں منفعت مہیّا کر دیگا۔ اور اگر تو دیکھے تو دیکھ لے گا کہ جب آفتاب نکلتا ہے تو ان کے غار سے سیدھی جانب جھکا رہتا ہے اور جب غروب ہوتا ہے تو دھوپ ان کے بائیں طرف سے کترا جاتی ہے اور وہ اس غار کی کھلی جگہ میں ہیں۔ یہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہے جس کو اللہ دکھادے وہی دیکھتا ہے اور جس کو دیکھنے کی توفیق نہیں دیتا اس کو کوئی رفیق نہیں دکھا سکتا۔ اے محمد (ﷺ)! تو جانے وہ جاگتے ہیں حالانکہ وہ سوتے ہیں اور

Marfat.com

ہم ہی ان کو دائیں اور بائیں کروٹ دلاتے ہیں اور کتا ان کا دونوں ہاتھ کھولے دروازہ پر ہے اور اگر تو ان کو جھانک کر دیکھے تو ان سے پیٹھ دے کر بھاگے اور ان کی دہشت تجھ میں بھر جائے۔ اسی حالت میں تھے کہ ہم نے ان کو جگا دیا تا آپس میں پوچھنے لگے۔ ایک بولا کہ تم کتنی دیر ٹھہرے؟ بولے ہم ایک دن یا اس سے کم ٹھہرے ہیں۔ پھر بولے تمہارا رب بہتر جانتا ہے کہ کتنی دیر تم اس غار میں رہے ہو۔ اب بھیجو اپنے میں سے ایک کو یہ روپیہ دے کر شہر کو تا کہ جونسا ستھرا کھانا ہو اس شہر سے دیکھ کر تمہارے لئے لائے اور ضرور ہے کہ نرمی سے جائے اور کسی کو تمہاری خبر نہ جتائے کیونکہ اگر شہر کے لوگ تمہاری خبر پا گئے تو تم کو یا تو پتھروں سے ماریں گے اور یا تم کو اپنی مِلّت پر پھیر لیں گے اور اس وقت تمہارے لئے ہمیشہ کیلئے فلاحت اور بھلائی باقی نہ رہے گی اور اسی حالت نیند میں تھے کہ ہم نے ان کی خبر کھول دی تا کہ جانیں کہ وعدہ اللہ کا ٹھیک ہے اور قیامت کے آنے میں کوئی شک نہیں جبکہ وہ آپس میں ان کی بابت جھگڑ رہے تھے تو بعض نے کہا کہ ان پر عمارت بناؤ (ان کی حالت ان کا رب ہی خوب جانتا ہے) اور بعض جو زبردست ہو گئے بولے ہم ان پر مسجد بنائیں گے۔ انتہی

اور اسی طرح سنّت صحیحہ سے بالکل ثابت ہے کہ امام مہدی رضی اللہ عنہ اور عیسیٰ علیہ السلام مل کر حج کعبۃ اللہ کریں گے اور اصحاب کہف ان کے ساتھ ہوں گے۔ اور ابن عباس سے مرفوعاً ثابت ہے کہ اصحاب کہف اعوان مہدی ہوں گے اور ابن عیینہ اور قرطبی نے سنت صحیحہ سے ثابت کیا ہے کہ اصحاب کہف ابھی مرے نہیں اور قیامت تک جیتے رہیں گے۔ جیسے کہ ہم قبل اس کے بیان کر چکے ہیں۔ اور یہی معنی سورۂ کہف کی ان آیات سے واضح ہیں۔

قادیانی صاحب کا احیاء اموات کی تاویلات کرنا

مگر قادیانی صاحب نے ان آیات کی تاویل کرنے میں بہت کوشش کی جن میں اموات کا زندہ ہو جانا کھلم کھلا ثابت ہے اور جن کو خدا نے جِلایا ان کو مارنے میں سعی کی اس

Marfat.com

غرض کے لئے کہ مبادا وہ قول ٹھیک ہو جائے جو کہا گیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام تین ساعت یا تین دن تک مرے رہے پھر زندہ ہو کر آسمان کو گئے۔ گو ہم کو اس قول سے کوئی بحث نہیں لیکن اس سعی میں ہم قادیانی صاحب کی تائید نہیں کر سکتے۔ جبکہ ان کا پہلا قول ان کی تائید نہیں کرتا جس میں قائل ہیں کہ خدا تعالیٰ کے کرشمۂ قدرت نے ایک لمحہ کے لئے عزیر کو زندہ کر کے دکھلا دیا۔ مگر وہ دنیا میں آنا صرف عارضی تھا اور دراصل عزیر علیہ السلام بہشت میں ہی موجود تھا۔ (ازالہ صفحہ ۳۶۵) پھر صفحہ ۳۹۳ میں لکھا ہے کہ مسیح کا یہ کہنا کہ میں تین دن تک مروں گا حقیقت پر محمول نہیں بلکہ اس سے مجازی موت مراد ہے جو سخت غشی کی حالت تھی۔ اور صلیب پر چڑھائے جانے کے بعد بھی زندہ رہے جیسے یونس نبی مچھلی کے پیٹ میں زندہ رہا اور مرا نہیں۔ بلکہ ہم کہتے ہیں کہ خداوند کریم اپنے کلام پاک میں قادیانی صاحب کے اس پہلے اور پچھلے دونوں قولوں کی تائید نہیں کرتا۔ کیونکہ عزیر نبی اللہ نے بطریق استبعاد عادی تعجب کی نظر سے کہا جبکہ ایک شہر پر سے گذرے جس کی چھتوں پر اس کی دیواریں گری پڑی تھیں اور سڑے ہوئے ابدان کی طرح نفوس بشریہ سے ویران اور مسکن حشرات الارض بنا ہوا تھا کہ ایسے مرے ہوئے اور ویران شدہ شہر کو اللہ تعالیٰ کہاں سے جِلا دے گا۔ (شاید قادیانی صاحب کی طرح بے ملاحظہ عظمت قدرت حق ان کو بھی عادتاً محال معلوم ہوا)

قانون قدرت

اس وقت غیرت الٰہی جوش میں آئی اور بجائے اس کے کہ اس شہر ویران کو آباد کیا جاتا جو بالکل آسان تھا۔ خود حضرت عزیر علیہ السلام کو سو (۱۰۰) برس تک مردہ رکھ کر اٹھایا جو باصطلاح قادیانی فرقہ قانون قدرت سے باہر تھا۔ تاکہ ان کو عظمت قدرت ربانی کا ملاحظہ ہو اور معلوم ہو کہ اللہ کی قدرت پر ہمارا کوئی قانون اختراع کردہ محیط نہیں ہو سکتا اور جیسے کہ وہ وراء الوراء ہے اسی طرح اس کے افعال اور قدرت ہمارے افہام وعقول سے بالکل وراء

Marfat.com

الوراء ہیں جس کو نہ کوئی قانون ہمارا احاطہ کرسکتا ہے اور نہ کوئی استقراء۔ اور یہ بڑے کفر کی بات ہے کہ ہم اللہ کی قدرت عظیمہ کو اپنے استقراء ناقص کے تابع کر کے اس کا نام قانونِ قدرت رکھیں اور اس کی قدرت غیر محدود کو محدود بنادیں۔ اور جن امور کے ادراک سے ہمارے حواس قاصر ہوں ان کو ہم محال اور قانون قدرت الٰہی سے باہر خیال کر کے اوّل خدا کے افعال کو ناقص اور دوم واقعاتِ حقہ کی تکذیب کریں جن کی صحت پر قرآن وسنت شہادت دیں۔ یہی قانون قدرت کے اختراعی معنی ہیں جو ان لامذہبوں نے اپنے دل سے نکال کر اس کی رو سے انبیاء علیہم السلام کے ان کل معجزات کا انکار کر دیا جو ہماری عقول ناقصہ سے باہر اور اس قادر قوی کے افعال میں سے ہیں جس کے افعال اور جس کی قدرت ہماری عقول سے وراء الوراء ہے اور جن کا ہم عنقریب ثبوت دیں گے۔

عزیر نبی کا قصّہ

پس حق تعالیٰ نے حضرت عزیر ہی سے پوچھا کہ تو کتنی دیر یہاں رہا؟ عزیر علیہ السلام نے جواب دیا کہ ایک دن یا کچھ کم۔ حق تعالیٰ نے فرمایا نہیں بلکہ تو سو برس رہا۔ اپنا کھانا اور پینا دیکھ کہ وہ سڑا تو نہیں اور اپنے گدھے کو دیکھ کہ کس طرح اس کی ہڈیاں بوسیدہ ہو گئیں۔ اور تجھے لوگوں میں ہم اپنی ایک نشانی بناتے ہیں اور دیکھ ہڈیاں کہ ہم کس طرح ان کو پہلے ابھارتے ہیں اور پھر ان پر گوشت پہناتے ہیں؟ جب یہ حال حضرت عزیر علیہ السلام پر واضح ہو گیا تو بولے کہ میں نے جان لیا کہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ پس اگر ہم سورۂ بقرہ کی اس آیت کے سیاق وسباق پر نظر ڈالیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کے قول کو ملاحظہ کریں جو کہا کہ ربی الذی یحی ویمیت کہ میرا رب وہی ہے جو جلاتا ہے اور مارتا ہے اور کہا کہ ارنی کیف تحی الموتٰی یعنی اے رب دکھا مجھ کو تو کیسے مُردوں کو زندہ کرے گا۔ اور حضرت عُزیر علیہ السلام کے اس تعجب بھرے قول پر غور کریں جو ویران اور گرے پڑے شہر کو دیکھ کر کہا کہ

Marfat.com

انّٰی یحی ھذہ اللّٰہ بعد موتھا توصاف صاف منکشف ہوجاتا ہے کہ حضرت عزیر علیہ السلام کی موت وحیات سے کلام ربّانی کا منشاء حقیقی موت وحیات ہی ہے نہ مجازی۔ اوراس میں کوئی شک نہیں کہ ایک لمحہ کے لئے بھی روح انسانی کا بعد مفارقت اوردخول جنّت پہلے بدن کی طرف عود کرنا اورتعلق پکڑنا بمذہب قادیانی صاحب حق تعالیٰ کے اس حلف کے لئے حانث ہوجائے گا جس کو قادیانی صاحب استدلال کے طور پر پیش کرتے ہیں کہ حرام علٰی قریۃ اھلکناھا انھم لایرجعون (ازالہ صفحہ ۷۶۵)

عہد شُد ازکردگارِ بیچگون غور کن در انھم لایرجعون

اورہم یہ بھی بیان کئے بغیرنہیں رہ سکتے کہ قادیانی صاحب کا یہ بھی خدااورخدا کے رسول پر افترا ہے کہ خدا تعالیٰ کے ایک کرشمۂ قدرت نے ایک لمحے بھر کے لئے عزیر کوزندہ کرکے دکھلا دیا۔ کیونکہ ایک لمحہ ایک بہت قلیل زمانہ ہے جوایک چشم زدن میں تمام ہوجاتا ہےاور بعد ازحیات وہ تکلم جورب العزت اورعزیر علیہ السلام کے درمیان ہوا ایک لمحہ میں تمام ہوجانا بالکل محالات عادی سے ہےاورایۃً للناس ہونے کے لئے بھی کافی نہیں ہوسکتا۔

معہذا اگرقادیانی صاحب سے اس قول کی علت استفسار کی جائے جو یہود نے حضرت عزیر علیہ السلام کے حق میں کہا کہ عزیراللہ کا بیٹا ہے جس کوحق تعالیٰ نے سورۂ توبہ میں حکایۃً ارشادفرمایا کہ قالت الیھود عزیر ابن اللّٰہ تواس وقت قادیانی صاحب کوصفحات کتب سماویہ وغیرسماویہ کے دیکھنے سے بجزاس کے اورکوئی جواب دینا ممکن نہ ہوگا کہ یہود نے حضرت عزیر علیہ السلام کوابن اللہ اس لئے کہا کہ بخت نصر کے ہاتھوں بیت المقدس ویران ہونے کے سو (۱۰۰) برس بعدتک کوئی ان میں باقی نہ رہا تھا جس کوتوریت حفظ ہو۔ وانما قالوا ذلک لانہ لم یبق فیھم بعد وقعۃ بخت نصر من یحفظ التورٰۃ وھو لما احیاہ اللّٰہ بعد مائۃ عام املی علیھم التورٰۃ حفظا فتعجبوا من ذٰلک

Marfat.com

وقالوا ماهذا الا لانه ابن اللّٰه و الدليل على ان هذا القول كان فيهم ان الاية قرأت عليهم فلم يكذبوا مع تهالكهم على التكذيب (بیضاوی، سورۂ توبہ) وروی انه اتی قومه علی حماره وقال انا عزير فكذبوه فقرأ التورٰة من الحفظ ولم يحفظها احد قبله فعرفوه بذٰلک وقالوا ابن اللّٰه وقيل لما رجع الى منزله كان شابا واولاده شيوخاً فاذا حدثهم بحديث قالوا حديث مائة سنة

(بیضاوی، بقرہ) اور جب حق تعالیٰ نے حضرت عزیر علیہ السلام کو سو (۱۰۰) برس کے بعد زندہ کر کے ان کی طرف بھیجا اور حضرت عزیر علیہ السلام نے ان کو اپنے حفظ سے توریت لکھادی تو وہ متعجب ہو کر بولے کہ اس سے ایسا ہونا بجز اس کے نہیں کہ یہ ابن اللہ ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ عزیر جب اپنے گھر واپس گئے تو اس وقت جوان تھے اور ان کی اولاد پیر فرتوت ہو گئی تھی اور جب انہوں نے ان سے کوئی واقعہ بیان کیا تو کہنے لگے کہ یہ سو برس کا واقعہ ہے۔ قاضی بیضاوی لکھتے ہیں کہ یہود کے مابین اس قول کے ہونے پر یہی دلیل ہے کہ یہ آیت ان پر پڑھی گئی اور انہوں نے اس کو نہ جھٹلایا باوجودیکہ وہ جھوٹ کی نسبت جان دے دیتے تھے۔

پس اس جواب سے جس طرح ظاہر ہے کہ حضرت عزیر علیہ السلام زندہ ہونے کے بعد مدّت تک اپنی قوم میں رہے نہ کہ وہ ایک لمحہ کے لئے زندہ ہوئے یا کہ مطلق زندہ ہی نہ ہوئے۔ جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم فاسد ہے۔

الوف کا بدعائے حزقیل نبی زندہ ہو جانا

اسی طرح ان الوف کا بدعاء حضرت حزقیل زندہ ہونا جو موت سے ڈر کے مارے داوَرْدَان سے نکل بھاگے اور آٹھ دن تک مرے رہے ان کی نسبت قرآن کریم نہایت صریح الفاظ میں ارشاد فرما رہا ہے۔ الم تر الى الذين خرجوا من ديارهم وهم الوف حذر الموت فقال لهم اللّٰه موتوا ثم احياهم بعد ثمانية ايام او اكثر بدعاء

Marfat.com

نبیھم حزقیل فعاشوا دھرا علیھم اثرالموت لا یلبسون ثوبا الاعاد کالکفن واستمرت فی اسباطھم (جلالین) کہ اے محمد (ﷺ) ! کیا تجھے معلوم نہیں۔ ہیں وہ ہزاروں لوگ جو اپنے گھروں سے موت کے ڈر کے مارے نکلے اور کہا اللہ نے ان کو مر جاؤ۔ پھر ان کو اللہ نے زندہ کیا۔ شیخ جلال الدین اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ یہ الوف زندہ ہونے کے بعد ایک زمانہ دراز تک زندہ رہے۔ لیکن ان پر موت کا اثر باقی رہا جو کپڑا کہ وہ پہنا کرتے، کفن کی طرح ہو جاتا اور یہ حالت ان کے تمام قبائل میں باقی رہی۔ پس یہ آیت بدلالت سیاق دلالت کرتی ہے کہ ان کی موت سے حقیقی موت اور ان کی دوبارہ حیات سے حقیقی حیات مقصود ہے۔ کیونکہ وہ اسی حقیقی موت کے ڈر کے مارے اپنے گھروں سے نکل گئے تھے جبکہ بقولے ان میں طاعون کی بیماری آگئی اور بقولے جبکہ ان کے بادشاہ نے ان کو جہاد کے لئے دعوت دی۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں زُرَیت بن برثملا وصّی عیسی علیہ السلام روح اللہ کا کوہ حلوان سے آواز دینا اور سعد بن ابی وقاص سے باتیں کرنا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سلام بھیجنا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا جواب سلام کہنا اور وصی عیسیٰ کا تا نزول عیسیٰ زندہ رہنا یہ سب ازالۃ الخفا میں مذکور ہے جیسے کہ عنقریب اس کا بیان آئے گا۔

خود بقول قادیانی الیسع کی لاش سے ایک مردہ زندہ ہو گیا

اور طرفہ تر یہ ہے کہ خود قادیانی صاحب ازالہ کے صفحہ ۳۰۹ میں لکھ آئے ہیں کہ الیسع کی لاش نے بھی وہ معجزہ دکھلایا کہ اس کی ہڈیوں کے لگنے سے ایک مردہ زندہ ہو گیا۔ مگر چوروں کی لاشیں مسیح کے جسم کے ساتھ لگنے سے ہرگز زندہ نہ ہو سکیں۔ اور خود ہمارے نبی ﷺ کے معجزات میں سے ہے کہ آنحضرت ﷺ نے کئی ایک مُردوں کو زندہ کیا اور ان سے تکلم فرمایا اور انہوں نے بھی آنحضرت ﷺ کی نبوّت کی شہادت دی۔ چنانچہ بخاری میں بروایت قتادہ ہے۔

کہ وزاد البخاری قال قتادۃ احیاھم اللّٰہ حتی اسمعھم قولہ توبیخا وتصغیرا

Marfat.com

لقمة وحسرة وندما (مشکوٰۃ، حکم الاسرار) وہ چوبیس سردار قریش کے جو بدر کے کنوؤں میں پھینک دیئے گئے تھے ان کو اللہ تعالیٰ نے بدعوت نبی ﷺ زندہ کردیا اور آنحضرت ﷺ کا ارشاد ان کو توبیخاً وحسرۃً سنادیا اور نظم الدرر وغیرہ میں ہے کہ ومن اعلامه ماروی الحسن قال النبی ﷺ یافلانة احیی باذن اللّٰه فخرجت الصبیة وهی تقول لبیک وسعدیک فقال لها ان ابویک قداساء فان احببت ان اردک علیهما فقالت لا حاجة لی فیهما وجدت اللّٰه خیرا لی منهما. وهذا نظیر ما فعله عیسٰی علیہ السلام من احیاء الموتٰی (الجواب الفسیح بعلامۃ ابی البرکات خیر الدین آفندی) آنحضرت ﷺ نے ایک مشرک کی دختر فلانہ کو جو ایک وادی میں گرادی گئی تھی آنحضرت ﷺ نے آواز دی کہ اے فلانہ اللہ کے اذن سے زندہ ہوجا! اور وہ لڑکی وادی سے نکل آئی اور لبیک اور سعدیک کہا آنحضرت ﷺ نے اس سے ارشاد فرمایا کہ کیا تو چاہتی ہے کہ میں تجھے تیرے ماں باپ کی طرف لوٹا لے جاؤں؟ اس نے عرض کی کہ مجھے کوئی حاجت نہیں۔

نبی ﷺ کے والدین کا دوبارہ زندہ ہونا

اور متاخرین کے نزدیک بالکل ثابت ہے کہ آنحضرت ﷺ کے والدین بدعوت آنحضرت ﷺ زندہ کئے گئے اور آنحضرت ﷺ کے دین کو قبول کیا۔ چنانچہ حافظ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مسئلہ کو بوجہ اتم لکھا اور مواہب اللدنیہ اور نظم الدرر میں اس کی تشریح کردی گئی۔ چنانچہ علامہ شامی نے بھی فتاویٰ شامی کی جلد دوم باب المرتدین علامہ قرطبی اور ابن ناصر الدین حافظ الشام سے اس کی تصحیح کی ہے اور یہ کوئی محال نہیں۔

بعض اولیاء اللہ کو تکوین کی قدرت ہوتی ہے

چنانچہ در المعارف میں شاہ رؤف احمد رحمۃ اللہ علیہ صاحب تفسیر رؤفی جناب قطب الاقطاب حضرت شاہ غلام علی صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات سے نقل کرتے ہیں کہ

Marfat.com

''حضرت غوث الثقلین برائے زیارت خانہ کعبہ رفتہ بودند بے زاد وراحلہ ناگاہ شخصے دیگر درراہ مُلاقی شُد۔ پرسیدند کُجا میروی؟ آن شخص گفت من بہ نیت حج میردم۔ارادہ کردہ ام کہ تنہا بے زادو راحلہ بردم۔ حضرت فرمودند من ہمچنین کردہ ام۔غرض آن شخص ہمراہ حضرت بمقامے رسید۔ ناگاہ عورتے برہوا پروازنمودہ نزد ایشان آمد وگفت من ازحبش نورشما مشاہدہ نمودہ ام۔امروز دعوت شما برماست۔ایشان قبول کردند۔ چون وقت طعام آمد دیدند کہ یک خوانِ طعام از آسمان برزمین فرود آمد۔ دروشش نان وسہ ظروف ادام وسہ کوزۂ آب۔پس آن زن سہ حصہ ساخت یکحصہ خود گرفت ودو حصّہ ایشان راداد وگفت الحمد للہ حق تعالیٰ پرداخت مہمانانِ ماساخت۔ پس آن عورت برہوا پرواز نمود وحضرت مع آن شخص دیگر درخانہ کعبہ رسیدند۔ بعدازان از قضائے الٰہی آں شخص دیگر درانجا فوت شد۔ بازدیدند کہ ہمون عورت حبشی برہوا مے آید۔حتی کہ برخانہ کعبہ فرود آمدہ نزد حضرت حاضر شد وگفت کہ اے محی الموتیٰ زندہ کن این شخص راپس ازحکم الٰہی جل شانہٗ آن شخص زندہ گشت وبرخاست''۔

بلکہ فتوح الغیب میں حضرت غوث الثقلین شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ تحریر فرماتے ہیں۔ **ثم یرد الیہ التکوین فیکوّن مایحتاج الیہ باذن اللّٰہ تعالیٰ** (فتوح الغیب) کہ بعد حصول فناء اتم جو کہ غایت احوال ابدال واقطاب ہے کبھی عارف کو تکوین کی قدرت بھی دے دی جاتی ہے اور اللہ کے اذن سے جو چاہے اس کو موجود کر لیتا ہے۔اور بہجۃ الاسرار میں ہے جس کو شیخ عبدالحق محدّث دہلوی اسرار الاسرار میں نقل کرتے ہیں۔ کہ حضرت شیخ نے اپنی زبان درفشان سے فرمایا کہ **انا حجۃ اللّٰہ علیکم جمیعکم انا نائب رسول اللّٰہ ووارثہ فی الارض یقال لی یاعبدالقادر تکلم یسمع منک لقال لی یاعبد القادر یخفی علیک تکلم امنتک من الرد واللّٰہ مافعلت شیئاً حتی امرت بہ** (بہجۃ الاسرار) میں نائب رسول اللہ اور اس کا وارث ہوں۔ مجھے الہام کیا جاتا ہے کہ

Marfat.com

اے عبدالقادر تو کچھ مانگ میں اس کو قبول کرلوں گا اور پھر الہام کیا جاتا ہے کہ اے عبدالقادر مجھے اپنی ذات کی قسم تو طلب کر میں تجھے ردّ کرنے سے امن دوں گا۔ اللہ کی قسم میں نے کوئی کام نہ کیا جب تک کہ مجھے اس کا امر نہ ہولیا۔ چنانچہ بہجۃ الاسرار میں حضرت کے ہاتھوں کئی ایک جانوروں کا زندہ ہونا بھی بیان کیا گیا۔ اور اس پیرزن کا قصّہ تو ہر چھوٹے بڑے کی زبان زد ہے کہ حضرت کی دعا کی برکت سے بارہ برس کے بعد اس کا بیٹا مع بارات دریا میں ڈوبا ہوا زندہ نکل آیا۔ جس کو حضرت شیخ محی الدین قصوری رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت شاہ غلام علی صاحب دہلوی کے آخری خلیفہ تھے اور مقام علمی اور عملی میں علاوہ قطب الوقت ہونے کے بے نظیر تھے انہوں نے اس واقعہ کو ایک نہایت شیریں اور پر درد نظم میں لکھا جس کو ہم تبرکاً درج کرتے ہیں تا کہ اولی الابصار کے لئے موجب اعتبار ہو۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیْم

گویم نخستین حمد حق آن خالق ارض وسما قیّوم وقادر مقتدر اہل طلب را رہنما
زان پس درودِ مصطفیٰ گویم بصد صدق وصفا فخرالرسل خیرالوریٰ ہادی السبل نور الہدیٰ
برآل وبراصحاب او برجُملۂ احباب او برداخلانِ باب اوگویم زجان ودل ثنا
مدح جناب محی دین آن غوثِ اعظم بالیقین محبوب رب العالمین تن راتوان جان راجِلا
دادش خدا قرب آنچنان کس نیست یارائے بیان پائے شریفس رامکان برگردنِ کل اولیاء
باشد کرامت ہائے اوچون معجزات مصطفیٰ خارج زحد بیرون زعد حدش نداند جز خدا
مشتے ازان خردار ہا یک دانہ زان انبارہا سرے ازان اسرارہا ظاہر بسازم برملا
روزے بطور خوشدلی آن پیشوائے ہر ولی بہر تفرّج شد خلی در طرف صحرائے فضا
ناگہہ گذشتہ سیر او بر ساحلِ بحرِ نکو یک پیرہ زن شُد روبرو نالان وگریان ہائے ہا
قدش کمان زِہ ازعصا تیرش زآہِ جان گزا اشکش روان چوسیلہا لرزان ولغزان دست وپا

Marfat.com

پرسید پیرش ازکرم از باعثِ آن درد وغم — اوخواندوحرفے پرالم ازد فتر آن ماجرا
گفتا که ازباغِ جہان یک داشتم سروِروان — یعنی که فرزندجوان بودست در پیری عصا
تابندہ روفرخندہ خو خوشبو سیہ چون نافہ مو — یک جلوۂ دیدارِ اوصد درد ہندان را دوا
جودو جمالش آیتے حسن وسخایش غایتے — مشتاق اوذورایتے محتاج اواہل لِوا
ازخونِ دل دادم لبن جاداوش برجان وتن — فارغ نہ زو یک دم زدن درخدمتش صبح ومَسا
دندانش چون شد دانہ خاکردم زشیر اور ا جدا — ہر چیز کم دادہ خدا مصروف کردم درغذا
چون دیدہ کردم پرورش نادیدہ ہادادم خورش — مندیلِ زرّین برسرش نعلین سیمین زیرپا
پوشاکِ آن پاکیزہ تن مشروع ململ گلبدن — زربفتِ چین خزِ ختن دیبا باعلام طلا
بودم برویش شادمان داخل بہ سلکِ بیغمان — یادم نہ در روز وشبان جز شغل آن راحت فزا
چون شد بقوّت بالِ اوحیران جہان برحال او — شیرژژان پامال او ہمدست شد بااژدہا
گفتم بہ دل ازبند او بینم رُخ فرزندِ او — دادم ازان پیوند او باخاندان ذوالعلا
رسمِ شگون شد ساختہ اسباب شد پرداختہ — قصرِ سرورافراختہ کردم براتش رابنا
گشتہ براتِ اوروان باکرّ وفرِّ خُسروان — آلات شادی درمیان دفّ ودہل قرناوَنا
دادم بسے ہمراہ رایکسر گداوشاہ را — چون قطع کردم راہ را آسودم ازرنج وعنا
آن طرف ثانی یکطرف درہا کشاد نداز صدف — دادند سیم وزر بکف کردند مہمان راعطا
کردند حاضر اطعمہ شیرین وشورینی ہمہ — شامی کباب وکوبمہ حلوائے چین رومی پُلا
شیرین برنج انبارہا حلواوَنان خردارہا — بادام وشکّر بار ہا خُمہاز آچار واہار
دادہ جہاز آن ذوالقدر زیور فزون آدندزر — صدنافۂ مُشکِ تتر صدنیفۂ ثوبِ صفا
اسپان مرصّع زین وقش استر شتر ہا بارکش — داہان غلامِ ماہ وش دیگر نفائس بے بہا
چون مہ بُزہرہ شد قرین در ساعت نیکو ترین — گشتیم زانجا رہگزین باصد ہوس باصدرجا

Marfat.com

درکشتی این بحر خون آمد برات از بختِ دون　　کشتی چوگر دون شد نگون شد غرق طوفانِ فنا
نوشہ عروس وہمرہان درطرفۃ العین ناگہان　　گشتند دردر یانہان گویا نبودہ گہہ بقا
یک من بماندم زان ہمہ میشے نشانی ازرمہ　　وِر دز بانم ہردمہ ہیہات وواویلا ووا
زین زندگی درد وزخم ازبارِ غم شد پُشت خم　　ہردم شود افزون نہ کم سوز وگدازِ جان گزا
شُد سالہا اثنا عشر کافتادہ درخرمن شرر　　روزوشبم درشوروشریک دم نیم از غم جدا
آن شہ کہ حکمش بود کُن درگوش چون کرد این سخن　　از قصۂ زالِ کہن زد جوش دریائے عطا
گُفتہ کہ اے غمخوارہ دردشتِ غم آوارہ　　سازم برایت چارہ خواہم زحق بہرت دعا
تازندہ گرد دپور توظاہر شود مستور تو　　آسان شود معسود تو از قدرتِ ربّ السماء
پس پیر پیران ِ صفا درسجدہ شد پیش خدا　　باعجز وزاری وبُکاشد ہمتش مشکلکشا
یارب مرآن اموات رادرجوفِ حُوت اقوات را　　ہرجزوجزواشتات راازفضل خودزندہ نُما
سر بُد بسجدہ ہمچنان کز جائے غرق آمد فغان　　کشتی پراز مردان زنان پیداشدہ برروئے ما
شد اہل کشتی راگذر سالم بہ ساحل بیخطر　　درغرق مردن بے خطر باآن جلوباآن جلا
نوشہ بآن تاج وکمردردست اوتیغ وسپر　　بانونشستہ حجلہ در پیشش پرستاران بپا
قوّال ومطرب بذلہ گو نقّال در نقلِ نکو　　خمار مے ریز از سبو یار ان بد ندرہو وہا
مادر پسر شد مجتمع غمہا زدل شد منقطع　　این قصّہ راشد مستمع ہرکس زذکران ونساء
ظاہر چوشد این طرفہ سر بسیار منکر شد مقر　　گشتند کافر منکسر شد مومنان را اعتلاء
چون این کرامت شد مبین شد خلق را راسخ یقین　　برو عدِ ربّ العالمین بر حشر ونشر وبرجزا
اے محی دین عالیقدر وے قبلہ جن وبشر　　سوئے غلامِ خود نگرازراہ الطاف وعطا
غرقم بدریائے بدی حرقم بہ نیر ان خودی　　یاملتجائے خُذیدی اخرج مِن امواج الہواء
شیطان نمودہ اشتلم ازراہ نیکی کردہ گم　　ازغفلتم نوشاند خم کردست سرمست خطاء

Marfat.com

نفس است اندر سرکشی دربخل وحرص زرکشی دارد بغیر حق خوشی دائم بدام ماسواء
اے صاحب ارشاد من درگوش کن فریاد من میخواہ ازیشان دادمن دردِ مرا درمان نُما
ہستم قصوری درلقب سازم حضوری باادب از فیض شاہان کے عجب بخشش بمسکین وگدا

یونس نبی کا کتنے دنوں تک مچھلی کے شکم میں قعر دریا میں زندہ رہنا

اور یہ کوئی محال نہیں جبکہ خود قرآن سے ثابت ہے۔ کہ وان یونس لمن المرسلینo اذ ابق الی الفلک المشحونo فساھم فکان من المدحضینo فالتقمہ الحوت وھو ملیمo فلولا انہ کان من المسبّحینo للبث فی بطنہ الی یوم یبعثونo (حیا) فنبذناہ بالعراء وھو سقیمo (بیضاوی، صافات) حضرت یونس علیہ السلام مچھلی کے شکم میں دریا کی تہ میں کئی دن تک زندہ رہے اور زندہ نکلے۔ اور اگر وہ بطن حوت میں خدا کی یاد نہ کرتے رہتے تو وہ قیامت تک اسی کے بطن میں زندہ رہتے۔ اور جیسا کہ خود قادیانی صاحب بھی ازالہ کے صفحہ ۹۴۳ میں قائل ہیں کہ یہ بھی بالکل ممکن اور جائز ہے کہ خدا تعالیٰ کسی حیوان یا انسان یا پرند کو ایسی حالت میں بھی کہ وہ ٹکڑے ٹکڑے کیا جائے۔ حقیقی موت سے بچائے کیونکہ وہ ہر ایک بات پر قادر ہے۔ اپنی صفات قدیمہ اور اپنے عہد اور وعدہ کے برخلاف کوئی بات نہیں کرتا اور سب کچھ کرتا ہے۔ پس ہم قادیانی صاحب کے ہمصفیر ہوکر اور حق تعالیٰ کی قدرت کاملہ کو نہایت ہی وسیع اعتقاد کر کے اس کے اس قول کی تصدیق کرتے ہیں جس میں اس نے اپنی ایک صفت قدیمہ کا اظہار کیا کہ اگر یونس علیہ السلام خدا کی یاد کرنے والوں میں سے نہ ہوتا تو قیامت تک بطن حوت میں رہتا۔ پس جبکہ اس قادر مطلق کی یہ شان ہے جس کا اس نے اپنے یونس نبی کی نسبت اظہار کیا تو معلوم نہیں کہ حضرت روح اللہ کو زندہ آسمانوں پر اٹھانے اور ان کو مسیح دجّال کے وقت تک زندہ رکھنے میں قادیانی صاحب کیوں قادر مطلق کے حق میں بدگمانی کرنے لگے ہیں اور اس کی قدرت کاملہ کو اپنی ایک اختراعی اور ناقص قانون قدرت کے تحت میں لاکر ناقص اور محدود

Marfat.com

بناتے ہیں۔ جبکہ ہمارے سامنے بہت سی منصوص نظائر موجود ہیں جیسے اصحاب کہف کا تین سونو برس تک بغیر اکل اور شرب کے زندہ سوتے رہنا بلکہ بصراحت سنت صحیحہ ظہور مہدی موعود تک زندہ رہنا اور اسی طرح زریت بن برثملا وصی عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ کا کوہ حلوان سے آواز دینا اور سعد بن وقاص سے باتیں کرنا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سلام بھیجنا اور حضرت عمر کا جواب سلام کہنا اور اس کا عیسیٰ روح اللہ کے دوبارہ دنیا میں آنے اور آسمانوں سے اترنے تک زندہ رہنا اور سند جیّد کے ساتھ خضر کا زندہ ثابت ہونا جیسے کہ فتح الباری اور زرقانی میں ہے۔

قادیانی صاحب کا ایک راز کہ کیوں انہوں نے عیسیٰ نبی اللہ کے مارنے میں کوشش کی؟

ہاں قادیانی صاحب کی اس بدگمانی اور اس بے جا کوشش کا راز کہ کیوں انہوں نے عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ کے مارنے میں اس قدر کوشش کی ان کی اپنی ایک تحریر سے ملتا ہے جس کو وہ ایک راز کی بات بتاتے ہیں۔ چنانچہ وہ ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۶۵۰ میں لکھتے ہیں کہ ''اے میرے دوستو! اب میری ایک آخری وصیّت کو سنو اور ایک راز کی بات کہتا ہوں اس کو خوب یاد رکھو کہ تم اپنے ان تمام مناظرات کی جو عیسائیوں سے تمہیں پیش آتے ہیں پہلو بدل لو اور عیسائیوں پر یہ ثابت کر دو کہ درحقیقت مسیح ابن مریم ہمیشہ کے لئے فوت ہو چکا ہے۔ یہی ایک بحث ہے جس میں فتحیاب ہونے سے تم عیسائی مذہب کی روئے زمین سے صف لپیٹ دو گے۔ جب تک ان کا خدا فوت نہ ہو ان کا مذہب بھی فوت نہیں ہوسکتا۔ اور میرے پر اپنے خاص الہام سے ظاہر کیا کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ فوت ہو چکا ہے اور اس کے رنگ میں ہو کر وعدہ کے موافق تو آیا ہے''۔

پس قادیانی صاحب نے اپنے لئے اس الہام میں دو دعوے قائم کئے۔ ایک یہ کہ عیسیٰ نبی اللہ فوت ہو چکا ہے۔ دوم یہ کہ عیسیٰ موعود خود قادیانی ہے۔ اور ان ہر دو دعاوی کے اثبات میں انہوں نے کئی ایک طریق سے تائید چاہی۔ لیکن کسی طریق نے بھی سچائی کے

Marfat.com

ساتھ ان کا ساتھ نہ دیا۔

لقد طفت فی تلک المعاهد کلها وسرت طرفی بین تلک المعالم
فلم ار الا واضعاً کف حائیر علی ذقن او قارعا سنّ نادم

پس ہم حسب ذیل ہر ایک دعوے اور طریق تائید کو بیان کر کے اس کا کافی جواب دیتے ہیں تا کہ قادیانی صاحب کے اس مسیحی فتنہ سے امت محمدیہ کو نجات ملے۔

.....

قادیانی صاحب کا دعویٰ اوّل

(عیسیٰ نبی اللہ فوت ہو چکا ہے)

طریق اوّل۔ (کسی بشر کا آسمان پر جانا محال ہے اور معراج جسمانی سے انکار)

قادیانی صاحب کا انکار معراج جسمانی اور آنحضرت ﷺ کے جسم مبارک کی طرف کثافت کی نسبت

پس اہل اسلام کے اس اعتقاد مستلزم نزول روح اللہ کی نفی کیلئے کہ وہ آسمان پر اٹھائے گئے۔ قادیانی صاحب نے ازالۃ الاوہام وغیرہ میں صراحت کر دی کہ کسی بشر کا اس جسم کے ساتھ آسمانوں پر اٹھایا جانا خلاف قانون قدرت اور خلاف سنت اللہ ہے۔ اور آیت او ترقی فی السماء ولن نومن لرقیک حتّی تنزل علینا کتابا بانقرءہ قل سبحان ربی هل کنت الا بشرا رسولاo کو انہوں نے اپنا دستاویز بنایا اور اسی کے اقتضاء سے انہوں نے ازلۃ الاوہام کے صفحہ ۴۷ میں ہمارے نبی ﷺ کے معراج مع الجسم کا بھی انکار کر دیا اور

Marfat.com

صاف لکھ دیا کہ سیر معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہیں تھی بلکہ وہ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشف تھا اوراس قسم کے کشفوں میں مؤلف (یعنی قادیانی صاحب) خود صاحب تجربہ ہے۔ انتہیٰ

خدا کو کسی خاص بندہ کا آسمان پر اٹھایا جانا کوئی محال نہیں

ہم قبل اس کے بتحقیق شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ ثابت کر چکے ہیں کہ اجسام کا آسمان پر جانا محال نہیں جیسے کہ ان کا آسمان سے آنا محال نہیں اور ملائکہ کا کسی بشر کو آسمان پر اٹھالے جانا سنت اللہ کے مصادم نہیں۔ بلکہ سنت اللہ اور قانون قدرت اللہ اس قدر وسیع اور وراء الوراء ہے کہ کسی مخلوق کی عقل اس کے احاطہ پر قادر نہیں۔ چنانچہ اس کا اقرار خود سرسیّد نیچری اپنی تفسیر میں کر چکے ہیں اور یہ بھی ثابت کر چکے ہیں کہ کئی ایک صحابہ کا جسم عنصری مرنے کے بعد بھی آسمانوں پر اٹھایا گیا۔ پس وہ جسم جو بغلبۂ روحانیت روح اللہ ہوگیا اور بالکل روح کے رنگ سے منصبغ ہوگیا اس کے آسمانوں پر جانے اور آنے پر کیا استبعاد ہونے لگا؟ حالانکہ وہ فرقانی آیت مبارک جس کو قادیانی صاحب اپنی دستاویز بناتے ہیں وہ خود ان کا ساتھ دینے سے انکار کر رہی ہے۔ اور خود اسی سے ثابت ہے کہ کسی فرد بشر مبشر کا آسمان پر جانا محال نہیں۔ حتّٰی کہ اس وقت کے موجودہ کفّار کو بھی اس سے انکار نہ تھا جنہوں نے بطور تعریض آنحضرت ﷺ سے کہا کہ ہم تجھ پر ایمان نہ لائیں گے جب تک کہ تو زمین پھاڑ کر (حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرح) ہمارے لئے پانی کا چشمہ نہ نکالے۔ یا تیرے لئے (ابراہیم کی طرح جس پر کہ آتشِ نمرود باغ ہوگئی) ایک باغ ہو کھجور اور انگور کا جس کے بیچ تو زور سے بہتی ہوئی نہریں نکالے یا تو ہم پر آسمان کے ٹکڑے اپنے زعم کے موافق گرائے (جیسے کہ بنی اسرائیل پر کوہ طور اٹھایا گیا تھا) یا تو خدا اور اس کے فرشتوں کو اپنے ساتھ ہمارے سامنے لائے (جیسے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بھی یہی کہا گیا) یا تیرے لئے کوئی سنہری گھر ہو (جیسے ادریس علیہ السلام کے لئے بہشت میں ہوا) یا تو آسمان پر چڑھ

Marfat.com

جائے (جیسے حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر چڑھ گئے) اور ہم تو تیرے آسمان پر چڑھنے پر ہرگز یقین اور ایمان نہ لائیں گے۔ یہاں تک کہ تو (الواح موسیٰ کی طرح) آسمانوں سے کوئی ایسی کتاب اتار لائے جس کو ہم پڑھ سکیں۔ اس پر خدا نے اپنے نبی کو کفّار کے ان سوالات کے جواب میں یہ کہنے کا حکم دیا کہ لن نومن لک حتی تفجر لنا من الارض ینبوعاً ٥ اوتکون لک جنّة من نخیل وعنب فتفجر الانهار خلالها تفجیرا٥ اوتسقط السماء کما زعمت علینا کسفا اوتاتی باللّٰه والملائکة قبیلا٥ اویکون لک بیت من زخرف او ترقٰی فی السماء ولن نؤمن لرقیک حتی تنزل علینا کتابا بانقرءه قل سبحان ربی هل کنت الا بشرا رسولا٥ کہہ دے اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)! ان کو کہ پاک ہے میرا پروردگار ہر عجز سے اور میں بذات خود نہیں ہوں بجز اس کے کہ اس کا بندہ پیغمبر ہوں۔ فتح البیان میں اس آیت مبارک کے کلمہ ''لرقیک'' کے تحت میں یوں تفسیر کی گئی ہے کہ واللام للتعلیل ای لاجل رقیک یعنی کفار کا یہ کہنا اس طرح پر تھا کہ ہم تیرے اوپر اسی وقت ایمان لائیں گے جبکہ تو آسمان میں چڑھ جائے اور چونکہ تو چڑھ جائے گا لہٰذا تیرے چڑھنے پر ہمارا ایمان لانا اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ تو آسمان سے کوئی ایسی کتاب بھی الواح موسیٰ کی طرح اتار لائے جس کو ہم خود پڑھ لیں۔ لیکن اس کے جواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہی کہنے کا امر تعبدی ہوا کہ کہدے ان کو میرا اللہ ہر عجز اور نقص سے منزّہ ہے کیونکہ سبحان کا اطلاق ہر جگہ اسی معنی میں ہوا جیسے سبحان ربی الاعلٰی یا جیسے سبحان ربی العظیم۔ اور اسی طرح ایک امر مستبعد کے ایقاع اور اس پر قدرت ہونے کے مقام میں اطلاق ہوا۔ جیسے سبحان الذی اسرٰی بعبده لیلا من المسجد الحرام الی المسجد الاقصٰی کیونکہ ایک رات میں سینکڑوں کوسوں کی سیر بالکل مستبعد اور محال عادی ہے۔ لیکن اس مستبعد امر کو

Marfat.com

خدائے تعالیٰ نے بالکل ایقاع فرمادیا اوراس امر سے عاجز نہ ہونے پر دلالت کرنے والا کلمہ سبحان اوّل میں لایا گیا جو کہ ایک امر عظیم الشان کے وقوع پر دلالت کرتا ہے۔ پس اگر یہ سیر کوئی کشفی سیر تھی یا کہ کوئی خواب تھا جو آنحضرت ﷺ کو واقع ہوا تو یہ کوئی ایسا امر مستبعد اور محال نہیں تھا جس میں کہ خود قادیانی صاحب بھی شرکت کا دم مار رہے ہیں کہ کفّار کے لئے موجب فتنہ ہوتا یا اس پر کلمہ سبحان کا اطلاق کیا جاتا۔ اور آنحضرت ﷺ کو اپنی نسبت خدا کا پیغمبر اور بندہ ہونے کے اقرار کا حکم ہونے سے بقول قادیانی اور ان کے مقلد محمد احسن امروہی یہ معنی نہیں نکلتے کہ کسی بشر رسول کو یہ نشان نہیں دیا گیا اور آنحضرت ﷺ نے اپنا عجز ظاہر کیا اور فرمایا کہ یہ سوال محض بے جا ہے۔ حالانکہ خود انہیں کفار کے سوال سے آیت مذکور بتلا رہی ہے کہ ان کے نزدیک آنحضرت ﷺ کا آسمان پر چڑھ جانا کوئی امر مستبعد نہ تھا کیونکہ ان کو قبل از محمد ﷺ گذشتہ انبیاء میں سے علی الخصوص حضرت ادریس اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کا آسمان پر اٹھایا جانا معہود تھا اسی لئے انہوں نے آنحضرت ﷺ کی صداقت دعوی اور اپنے ایمان لانے کی ایک دوسری معہود شرط لگادی کہ ہم تیرے پر اسی وقت ایمان لائیں گے جبکہ تو آسمان پر چڑھنے کے باوجود پھر کتاب بھی اتار لائے جیسے کہ ان کے پہلے نبی حضرت موسیٰ علیہ السلام پر الواح آسمانوں سے اترتی رہیں۔ معہذا آنحضرت ﷺ کے ہاتھ سے ان تمام آیات اور معجزات اقتراحی کے ممکن الصدور ہونے پر خود خدا کا کلام گواہ ہے جو قبل ازیں اسی سورۂ بنی اسرائیل میں واقع ہوا **مامنعنا ان نرسل بالاٰیات الا ان کذب بھا الاوّلون** (سورۂ بنی اسرائیل) **وعن ام عطا عن النبی ﷺ قال والذی نفسی بیدہ لقد اعطانی ماسألتم ولو شئت لکان ولکنہ خیّرنی بین ان تدخلوا باب الرحمۃ فیومن من یسلم وبین ان یکلکم الی ما اخترتم اھ** (ابن کثیر) کہ ہم کو ایسی آیات کے ساتھ اپنے نبی (محمد ﷺ) کو بھیجنے سے کسی نے نہیں روکا۔ بجز اس کے کہ

Marfat.com

پہلے انبیاء جوایسی آیات اور معجزات کے ساتھ آئے ان کی تکذیب کی گئی۔ پس یہ آیت مبارک بھی صریح اس معنی پر دلالت کرتی ہے کہ انبیاء علیہم السلام کو ایسے معجزات دیئے گئے اور اس کے پیغمبر بندے آسمانوں پر گئے اور خدا تعالیٰ ایسے امور پر قدرت رکھتا ہے اور وہ ہر عجز سے پاک ہے۔ اور نبی ﷺ مخیّر کئے گئے جیسے کہ ام عطا کی حدیث سے ظاہر ہے چہ جائیکہ نبی الانبیاء محمد مصطفیٰ ﷺ خدا کی قدرت کو ناقص ٹھہراتے جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم فاسد ہے۔

فقل للعیون الرمد ایاک ان تری　　سنا الشمس استغشی ظلام اللیالیا

آنحضرت ﷺ کا جسم مبارک کثائف سے پاک تھا
اور کثیف کہنے والا واجب القتل ہے

مگر اس کور دل قادیانی کی احول چشمی قابل غور ہے جس نے آنحضرت ﷺ کے جسم مبارک کو کثیف کہا اور کثافت کی نسبت کی جن کو حق تعالیٰ نے تمام کثائف اور اوناس اور الواث بشریہ سے پاک اور صاف بنا دیا اور یہ طرفہ سر ہے کہ آنحضرت ﷺ کے جسم مبارک کا سایہ کبھی زمین پر نہ دکھائی دیا اور نہ آنحضرت ﷺ کا فُضلہ بطن زمین نے اپنے منہ پر دیکھنے دیا۔ اور بَولِ نبی عنبر کی طرح اس شخص کے حق میں موجب تعطّر اور تنوّر رہو گیا جس نے اندھیری رات میں پانی کے خیال سے نوش جان کیا۔ تحفۂ رسولیہ میں قاضی عیاض کی شفا سے منقول ہے۔

سایہ نبود ش بزمین اے فلان　　سایہ ندید است کس از روح وجان
عرق تنش طیب تر از مُشکِ چین　　فُضلہ دگرہا بہیں حکم بین
غائط وخون بول نبی طاہر است　　گفت چنین آنکہ بدین ماہر است
درشبِ تاریک یک آزادہ مرد　　بول نبی (ﷺ) باشبہہ آشام کرد
شامِ دِلش صبح شدد پاک شد　　جملہ تنش صاف وعطرناک شد
آنکہ چنین فُضلہ اونادر است　　ذات مبارک چہ بود برتر است

Marfat.com

معہذا شفائے قاضی عیاض میں ہے۔ من سب النبی ﷺ او الحق به نقصاً فی نفسه ای ذاته وصفاته اویاتی بسفه من القول فی عبارة اوبقبیح من الکلام ولو باشارة ومافیه من قلّة الادب فی جهته علیه الصلوٰة والسلام وان ظهرانه لم یعمد ذمه فی مقاله لکن صدرعنه اما بجهالة نبعوت جماله او قلّة مراقبة فی شانه وضبط للسانه وعجرفة وقلّة مبالاة فی بیانه فحکمه القتل دون تلعثم اذلا یعذر احد فی الکفر بالجهالة ولا بدعوی زلل اللسان اذعقله فی فطرته (شرح شفا) کہ جوکوئی نبی ﷺ کے حق میں کسی قسم کی بے ادبی کرے خواہ طرز بیان میں خواہ عبارت میں یا اشارت میں جس سے آنحضرت ﷺ کی طرف کوئی نقص عاید ہوتا ہے خواہ جہالت یا عمد سے اس نے ایسا کیا ہو یا طرز بیان میں بے پرواہی اور جرأت کی ہو ان سب میں اس کو شاتم النبی کہا جائے گا جس کی سزا قتل ہے۔ کیونکہ کفر کے ارتکاب میں عذر جہالت اور عذر لغزش زبان وغیرہ قبول نہیں جبکہ اس کی عقل باعتبار فطرت کے درست ہے اور وہ مجنون نہیں۔ اور مالا بدمنہ میں قاضی ثناء اللہ پانی پتی لکھتے ہیں۔ ''ملعونے کہ در جناب پاک سرور کائنات علیہ الصلوٰۃ والسلام دُشنام دہد یا اہانت کند در دو صفے از اوصاف او یا درصورت مبارک او خواہ آنکس مسلمان بود خواہ ذمی یا حربی اگر چہ از راہ ہزل کردہ باشد واجب القتل کافر است توبہ او مقبول نیست۔ اجماع اُمّت برآن است کہ بے ادبی بہر کس از انبیاء کفر است۔ خواہ فاعلِ او حلال دانستہ مرتکب شود یا حرام دانستہ''۔ انتہی

پس بقول حضرت نظامی ؎

تنِ او کہ صافی تر از جانِ ماست　　بیک لحظہ گر آمد وشد بجاست

ہم کو بطریق عقل تو ایک جسم نبوی کا آسمان پر آنے جانے میں کوئی محال نظر نہیں آتا۔ لیکن ہم کو بحث اس میں ہے جو سرسیّد نیچری اور قادیانی صاحب نے ہمارے نبی ﷺ

Marfat.com

کی معراج جسمانی کے متعلق بزعم خود مختلف الالفاظ احادیث کے مروی ہونے سے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ ان کے تعارض نے ان کے اعتبار کو کھو دیا۔ (دیکھو خطبات احمدیہ صفحہ ۶۱۴، ازالۃ الاوہام قادیانی صفحہ ۹۳۲)

مگر عجب تر یہ ہے کہ قادیانی صاحب اس باب میں سرسیّد سے بھی چار قدم آگے ہو گئے۔ کیونکہ سرسیّد تو اس مبحث کے اخیر میں قائل ہو گئے کہ اگر چہ بتقدیر صحت جملہ روایات ان میں جمع ہونا متعذر ہے لیکن تعدد معراج کے قول پر کوئی تعذّر نہیں۔ اسی طرح اگر بعض روایات کو بعض پر ترجیح دیجائے جیسے کہ لمعات میں ہے۔ وعلی تقدیر صحة الروایات یتعذر الجمع الا ان یقال بتعدد المعراج او یرجح بعض الروایات علی بعض والارجح هو روایة الجماعة کذا قال الشیخ (لمعات)

معراج جسمانی کے محال ہونے پر قادیانی صاحب کے اعتراضات

لیکن برخلاف اس کے قادیانی صاحب نے تعدّد معراج کے قول کو بھی باطل بنادیا جس کو لمعات میں ارجح اور وہی مذہب جماعۃ المسلمین ہونا کہا گیا ہے۔ پس انہوں نے ازالۃ الاوہام کے اخیر میں تعدد معراج کے ابطال پر یہ تین دلائل پیش کئے ہیں۔

اعتراض اول: انہیں احادیث سے ثابت ہے کہ انبیاء کے لئے خاص خاص مقامات آسمانوں میں مقرر ہو گئے ہیں جن سے وہ آگے نہیں بڑھ سکتے۔ چنانچہ جب آنحضرت ﷺ ساتویں آسمان سے آگے جانے لگے تو موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ اے میرے رب مجھے یہ گمان نہ تھا کہ مجھ سے بھی زیادہ کسی کا رفع ہوگا۔ اب ظاہر ہے کہ اگر موسیٰ علیہ السلام کے اختیار میں تھا کہ کبھی پانچویں آسمان پر آجاتے اور کبھی چھٹے پر اور کبھی ساتویں پر تو یہ گریہ و بکا کیسا تھا۔ جیسے کہ پانچویں سے یا چھٹے سے ساتویں پر چلے گئے ایسا ہی آگے بھی جاسکتے تھے۔

اعتراض دوم: (بقول ابن قیم شاگرد ابن تیمیہ) ماسوا اس کے پانچ معراجوں کے ماننے سے یہ اعتقاد ہونا چاہیے کہ پانچ ہی دفعہ اوّل نمازیں پچاس مقرّر کی گئیں اور پھر پانچ

Marfat.com

منظور کی گئیں جس سے قرآن کریم اور خدا تعالیٰ کے احکام میں محض بے جا اور لغو طور پر منسوخیت ماننی پڑتی ہے۔

اعتراض سوم: بلکہ یہ حدیث جو بخاری کے صفحہ ۱۱۲۰ میں ہے خود اپنے اندر تعارض رکھتی ہے۔ کیونکہ ایک طرف تو یہ لکھ دیا کہ بعثت کے پہلے یہ معراج ہوئی تھی اور پھر اسی حدیث میں یہ بھی لکھا ہے کہ نماز میں پانچ مقرر کر کے پھر آخر کار ہمیشہ کے لئے پانچ مقرر ہوئیں۔ اب ظاہر ہے کہ جس حالت میں یہ معراج نبوت سے پہلے تھی تو اس کو نمازوں کی فرضیت سے کیا تعلق تھا؟ اور قبل از وحی جبریل کیونکر نازل ہو گیا؟ اور جو احکام رسالت سے متعلق تھے وہ قبل از رسالت کیونکر صادر کئے گئے۔ (انتہی بلفظہ ملخصاً)

قادیانی صاحب کے اعتراضا ت کے جوابات: پس ہم قادیانی صاحب کے اعتراض اوّل کو نظر انداز کر کے اول اعتراض ثانی کو باطل کرتے ہیں جو انہوں نے تعدد معراج کے ابطال میں بیان کیا ہے۔

دوسرے اعتراض کا جواب: اور جو دراصل ابن قیّم شاگرد ابن تیمیہ کا ایک کہنہ اور بوسیدہ اعتراض ہے جس کو قادیانی صاحب نے غیر مہذّب الفاظ ملا کر اپنی طرف منسوب کر لیا ہے۔

تعدد معراج

اور ہم اس اعتراض ثانی کے باطل کرنے کے لئے فتح الباری شرح صحیح بخاری کو بطور سند پیش کرتے ہیں جو کہ ایک مسلمہ کتاب ہے۔ پس احمد عسقلانی اپنی کتاب کی جلد ہفتم کے صفحہ ۱۵۲ میں لکھتے ہیں۔ وحنح الامام ابوشامة الی وقوع المعراج مراراً واستند الی ما اخرجه البزار وسعید بن منصور من طریق ابن عمران الجونی عن انس رفعه قال بینا انا جالس اذجاء جبریل فوکزبین کتفی

Marfat.com

فقمنا الی شجرة فیها مثل وکر الطائر فقعدت فی احدهما وقعد جبریل فی الاٰخر فارتفعت حتی سدت الخافقین اٰه. وفیه ففتح لی باب من السماء فرأیت النور الاعظم واذا دونه حجاب رفرف الدر والیاقوت وقال العلامة ابن حجر ورجاله لاباس بهم الا ان الدارقطنی ذکر له قصة اخریٰ. الظاهر انها وقعت بالمدینة ولا بعد فی وقوع امثالها وانما المستبعد وقوع التعدد فی قصّة المعراج الّتی وقع فیها سواله عن کل نبیّ وسوال اهل کل باب بل بعث الیه وفرض الصلوٰة الخمس وغیر ذٰلک فان تعدد ذٰلک فی الیقظة لانتیجة فیتعین رد بعض الروایات المختلفة الی بعض اوالترجیح اِلاَّ انه لا بعد فی وقوع جمیع ذٰلک فی النام توطیت ثم وقوعه فی الیقظة علی رفقه کما قدّمته (فتح الباری جلد ۷ صفحہ ۱۵۲) کہ ابوشامہ کا میلان اسیطرف ہے کہ معراج میں تعدّد ہوا اور کئی دفعہ واقع ہوا۔ چنانچہ امام ابوشامہ نے اس کے ثبوت میں اس حدیث سے تمسّک کیا جس کو بزار اور سعید ابن منصور نے ابی عمران الجونی کے طریق سے حضرت انس سے مرفوعاً تخریج کیا ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے میں بیٹھا ہوا تھا کہ جبریل علیہ السلام آ گیا اور میرے دونوں کاندھوں کے درمیان زور سے ہاتھ مارا اور ہم دونوں ایک درخت کی طرف کھڑے ہوئے جس میں پرند کے دو آشیانوں کی طرح کچھ تھا۔ ایک میں جبریل بیٹھا اور دوسرے میں میں بیٹھا اور وہ درخت اونچا ہوتا گیا یہاں تک اور اسی نے خافقین کو روک لیا۔ اور اس میں ہے کہ میرے لئے آسمان کا ایک دروازہ کھولا گیا اور میں نے نورِ اعظم کو دیکھا جس کی پستی میں حجاب رفرف تھا جو موتی اور یاقوت سے تھا۔ علاّمہ ابن حجر کہتا ہے کہ اس حدیث کے رجال ایسے ہیں جن سے کوئی خوف نہیں مگر دارقطنی نے اس کے متعلق ایک دوسرا قصّہ بیان کیا ہے۔ اور ظاہر یہی ہے کہ یہ واقعہ مدینہ میں واقع ہوا اور ایسے وقایع کے

Marfat.com

وقوع میں کوئی استبعاد نہیں۔ ہاں مستبعد تو وہ تعدّد ہے جو اس قصہ معراج میں واقع ہوا جس میں ہر نبی سے آنحضرت ﷺ کا پوچھنا اور ہر دربان آسمان کا پوچھنا واقع ہے کہ کیا یہ نبی مبعوث ہو چکا ہے اور کیا پانچ نمازیں فرض کی گئی ہیں؟ کیونکہ حالت بیداری میں ایسے امور کا تعدّد موزوں نہیں ہے۔ پس یہی معین ہے کہ بعض مختلف روایات کو بعض کی طرف رد کیا جائے یا بعض کو بعض پر ترجیح دی جائے۔ مگر ان تمام امور کا تعدّد حالت خواب میں واقع ہونا کوئی مستبعد نہیں کہ خواب میں ان امور کا متعدد طور سے وقوع بطریق توطیہ ہو۔ اور پھر اسی کے مطابق حالت یقظہ میں ہو جیسے کہ قبل ازیں بیان ہو چکا ہے کہ مہلب نے ایک طائفہ سے اور ابونصر بن القشیر ی اور ابوسعید نے شرف المصطفیٰ میں کہا ہے کہ نبی ﷺ کو کئی معراجیں ہوئیں۔ بعض تو ان میں سے حالت یقظہ میں ہوئیں اور بعض حالتِ خواب میں۔

محی الدین ابن العربی کا قول تعدد معراج اور جسمانی معراج کا ثبوت

معہذا قطب الوقت شیخ محی الدین ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ فتوحات مکیہ کے بقیہ جلد سوم کے صفحہ ۴۴۷ اور باب ۳۶۷ میں نبی ﷺ کی معراج مع الجسم کے اثبات میں توضیح دلائل کے ساتھ فرماتے ہیں کہ کل مواطن میں جو آنحضرت ﷺ کو جسم مبارک کے ساتھ معراج ہوئی وہ ایک ہی بار ہوئی اور کل چونتیس بار جو آنحضرت ﷺ کو معراج ہوئی ان میں سے ایک بار کے سوا باقی ہر دفعہ فقط روح کے ساتھ معراج ہوتی رہی۔ چنانچہ اس قصہ کو اس طرح شروع فرماتے ہیں۔ فلما اصبح ذکر ذٰلک للناس فالمومن به صدّقه وغیر المومن به کذّبه والشاک ارتاب فیه ثم اخبرهم بحدیث القافلة وبالشخص الذی کان یتوضاء واذاً بالقافلة قد وصلت کماقال فسألوا الشخص فاجزهم بقلب القدح کما اخبرهم رسول اللّٰه وسال شخص من المکذبین عمن رأی بیت المقدس ان یصفه لهم ولم یکن رای منه ﷺ

Marfat.com

الاقدر مامشی فیه وحیث صلی فرفعه اللّٰه له حتی نظر الیه فاخذ ینعته للحاضرین فما انکروا من نعته شیئا ولوکان الاسراء بروحه وتکون رؤیا راها کمایری النائم فی نومه ماانکره احد ولا نازعه احد وانما انکروا علیه کو نه اعلمهم ان الاسراء کان بجسمه فی هذه المواطن کلها وله ﷺ اربعة وثلاثون مرة الذی اسری به منها اسراء واحد بجسمه والباقی بروحه رؤیا رأها واما الاولیاء فلهم اسراءات روحانیة برزخیة یشاهدون فیها معانی متجسدة فی صور محسوسة للخیال یعطون العلم ما تتضمنه تلک الصور من المعانی ولهم الاسرار فی الارض و فی الهواء غیرانهم لیست لهم قدم محسوسة فی السماء وبهذا زاد علی الجماعة رسول اللّٰه ﷺ باسراء الجسم واختراق السماوات والافلاک حساد قطع مسافات حقیقیة محسوسة وذٰلک کلّه لورثته معنی لاحسا من السمٰوٰت فما فوقها فلنذکر من اسراء اهل اللّٰه ما اشهرنی اللّٰه خاصة من ذٰلک فان اسراءاتهم مختلف لانها معانی متجسدة بخلاف الاسراء المحسوس فمعارج الاولیاء معارج ارواح ورؤیة قلوب وصور برزخیات ومعان متجسدات فما شهدته من ذٰلک وقد ذکرنا فی کتابنا المسمٰی بالاسراء وترتیب الرحلة (فتوحات مکیہ باب ۶۳۷ صفحہ ۴۴۷ بقیہ جلد ۳) کہ صبح ہوتے ہی آنحضرت ﷺ نے رات کی اسریٰ کا واقعہ لوگوں سے بیان فرمایا تو ایمان والوں نے تصدیق کردی اور جنہیں ایمان نصیب نہ ہوا انہوں نے آنحضرت ﷺ کے اس بیان کی تکذیب کی۔ اور جو بین بین تھا یعنی نہ پورا مومن اور نہ پورا کافر اس نے اس کی تصدیق میں شبہہ رکھا۔ پھر آنحضرت ﷺ نے اس قافلہ کا ذکر کیا اور نیز اس شخص کا بیان فرمایا جو وضو کر رہا تھا یہاں تک قافلہ آنحضرت ﷺ

Marfat.com

کے ارشاد کے مطابق بتاریخ مقرر آ پہنچا اور کفار نے اس شخص سے حضرت کے ارشاد کی تصدیق چاہی پس اس نے ویسے ہی پیالہ پانی کا الٹ جانے کا اقرار کیا جیسے کہ آنحضرت ﷺ نے بیان فرمایا تھا۔ پھر کفار میں سے ایک شخص نے جو بیت المقدس کو دیکھے ہوئے تھا آنحضرت ﷺ سے بیت المقدس کا نقشہ دریافت کیا۔ حالانکہ شب اسریٰ میں آنحضرت ﷺ نے بیت المقدس کا اسی قدر حصہ دیکھا تھا جس قدر حصہ میں کہ آنحضرت ﷺ نے رفتار کی اور نماز پڑھی لیکن اللہ تعالیٰ نے بیت المقدس آنحضرت ﷺ کی آنکھوں کے سامنے کر دیا اور نقشہ بیان فرمانا شروع کر دیا اور کوئی انکار نہ کر سکا۔ پس اگر اسراء فقط روح کو ہوتی اور ایک ایسی ہی رؤیا ہوتی جیسے کہ کوئی سویا ہوا خواب دیکھتا ہے تو کوئی بھی انکار نہ کرتا اور نہ کوئی جھگڑا کرتا بلکہ کفار کا انکار اور استبعاد اسی وجہ سے تھا کہ آنحضرت ﷺ نے ان کو یہی اطلاع دی تھی کہ آنحضرت ﷺ کو سب مواطن میں جسم کے ساتھ اسراء ہوئی ہے۔ اور آنحضرت ﷺ کو کل چونتیس مرتبہ معراج ہوئی، لیکن جسم کے ساتھ ایک ہی مرتبہ اسراء ہوئی اور باقی معراجیں فقط روح کے ساتھ ہوئیں۔ اور قطع نظر اس کے اولیاء اللہ کے لئے بھی روحانی اور برزخی طور سے اسرائیں اور معراج ہوا کرتی ہیں لیکن وہ ان اسراءات میں ان معانی متجسدہ کا مشاہدہ کرتے ہیں جو ان کی قوت خیالیہ میں بصور محسوسہ متجسّد ہوتے ہیں اور ان کو ان معانی کا علم حاصل ہو جاتا ہے جو ان صورتوں کے اندر ملفوف ہوتے ہیں اور علاوہ اس کے اولیاء اللہ کو زمین اور ہوا میں بھی اسراء ہوتی ہے مگر آسمان میں ان کا قدم محسوس نہیں ہوتا اور اسی ایک بات میں اولیاء اللہ کی جماعت پر آنحضرت ﷺ کی معراج کو تشرّف ہے کہ آنحضرت ﷺ کے جسم مبارک کو اسراء ہوئی اور حسّاً اور عیناً آسمانوں میں خرق ہوا اور مسافات حقیقیہ اور محسوسہ قطع ہوئیں اور یہ سب رسول اللہ ﷺ کے وارثوں کے لئے معنیً ہے نہ حِسًّا۔ پس اولیاء اللہ کی معراجیں روحی اور رؤیۃ قلوب اور صور برزخیہ اور معانی متجسّدہ

Marfat.com

ہیں اور جو مجھے معراج ہوئی وہ بھی اسی قسم کی تھی جس کو ہم نے اپنی کتاب الاسراء وترتیب الرحلہ میں ذکر کیا ہے اور ہم عنقریب اہل اللہ کی اسراء کا ذکر کرتے ہیں جو مجھے علی الخصوص اللہ تعالیٰ نے اس سے اطلاع دی۔ کیونکہ ان کی اسرائیں مختلف ہیں اس لئے کہ وہ برخلاف اسراء محسوس کے معانی متجسّدہ ہوتی ہیں۔

شاہ ولی اللہ کا قول جسمانی معراج کی نسبت

پس حضرت شیخ محی الدین ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کے اس تمام بیان سے ہمارے مولانا حضرت شاہ ولی اللہ قدس سرہ کے اس قول مکشوف کی حقیقت کھل گئی جو حقیقت معراج آنحضرت ﷺ میں انہوں نے حجۃ اللہ البالغہ میں لکھا کہ **واسری به الی المسجد الاقصٰی ثم الی السدرة المنتهی والی ماشاء اللّٰه وکل ذٰلک لجسده ﷺ فی الیقظة ولکن ذٰلک فی موطن هو برزخ بین المثال والشهادةجامع لاحکامها فظهر علی الجسد احکام الروح وتمثل الروح والمعانی الروحیة اجساداً ولذٰلک بان لکل واقعة من تلک الوقایع تعبیر وقد ظهر لحزقیل وموسٰی وغیرهم** علیهم السلام **نحومن تلک الوقایع وکذٰلک الاولیاء الامّة لیکون علودرجاتهم عنداللّٰه کحالهم فی الرؤیا واللّٰه اعلم. اما شق الصدر وملائه ایمانا فحقیقة غلبة انوار الملکیة و انطفاء ولهب الطبیعة وخضوعها لما یفیض علیها من خطیرةالقدس واما رکوبه علی البراق فحقیقة استواء نفسه النطقیة علی نسمته اللتی هی الکمال الحیوانی فاستویٰ راکبا علی البراق کما غلبت احکام نفسه النطقیة علی البهیمیة وتسلطت علیها وامر بخمس صلوات بلسان التجوز لانها خمسون باعتبار الثواب ثم اوضح اللّٰه مراده تدریجا لیعلم ان الحرج**

Marfat.com

مدفوع وان النعمة كاملة وتمثل هذ المعنى مستند الى موسٰى علیہ السلام فانه اكثر الانبياء معالجة للامة ومعرفة بسياستها واما بكاء موسٰى فليس يجسد ولكنه مثال نفقده عموم الدعوة ولقاء كمال لم يحصلهٗ مما هوفى وجهه (حجۃ اللہ صفحہ ۳۸۷) آنحضرت ﷺ کے جسد مبارک کو یقظہ میں پہلے مسجد اقصیٰ پھر سدرۃ المنتہیٰ پھر ماشاء اللہ تک اسراء ہوئی۔ لیکن یہ سب ایسے موطن میں ہوئی جو مثال اور شہادت کے مابین برزخ اور ہر دو کے احکام کے لئے جامع ہے۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ کے جسد پر روح کے احکام ظاہر ہو گئے اور روح اور معانی روحیہ کا تمثّل بصورت اجساد ہو گیا اور اسی سے ہر اس واقعہ کی تعبیر ظاہر ہوتی ہے جو اسراء میں پیش آئے۔ اور بغیر اسریٰ کے اسی قسم کے وقایع بصورت مثالی حضرت حزقیل اور موسیٰ علیہم السلام وغیرہ پر بھی ظاہر ہوئے اور اسی طرح اولیاء امّت کے لئے تا کہ عنداللہ ان کے علو درجات ویسے ہی ہوں جیسے کہ وہ رؤیا میں دیکھیں۔ اس کے بعد علی الاتصال حضرت شاہ ولی اللہ نے ان تمام وقائع کی تعبیرات بیان کیں جو اسراء کے وقت پیش آئے۔ جیسے شق الصدر اور رکوب براق اور ملاقات انبیاء اور رقی سماوات اور سدرۃ المنتہیٰ اور اناء لبن وخمر۔ اور اخیر میں صلوات خمسہ کے امر کے متعلق کہا کہ وہ باعتبار ثواب کے خمسون (۵۰) ہی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے تدریجاً اپنے مراد کا اظہار فرمایا تا کہ معلوم ہو کہ حرج مقصود نہیں اور نعمت کامل ہو چکی ہے اور اس معنی کا تمثل حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف اس لئے مستند ہوا کہ سب انبیاء علیہم السلام سے زیادہ ان کو اپنی امت کے ساتھ معاملہ رہا اور سیاست اُمّت کے امور میں وہ سب سے زیادہ معرفت رکھتے تھے اور موسیٰ علیہ السلام کا رونا اس جسم کے ساتھ نہ تھا بلکہ وہ مثال تھی اور رونا اس معنی پر متمثل ہوا کہ ان کو ہمارے نبی ﷺ کی طرح دعوتِ عامّہ حاصل نہ ہوئی اور ان کو وہ کمال نہ ملا جو آنحضرت ﷺ کا ان کو بالمواجہ دکھائی دیا۔

Marfat.com

مؤلف کہتا ہے کہ بیشک رونے کی علّت وہی ہے جو حضرت ولی اللہ نے بیان کی اور اسی معنی کی طرف اس حدیث نبوی میں اشارہ ہے جو ارشاد ہوا کہ **لو کان موسٰی حیًّا فی زمنه. ماوسعه الا اتّباعی** (احمد بیہقی فی شعب الایمان من حدیث جابر) **لوبدا لکم موسٰی فاتبعتموه وترکتمونی فضللتم عن سواء السبیل ولوکان حیّا وادرک نبوّتی لاتبعنی** (دارمی از جابر، مشکوٰۃ) ارشاد ہوا کہ اگر موسیٰ زندہ رہتا تو میری اتباع بغیر ان کو چارہ نہ تھا اور اسی سے قادیانی صاحب کا اعتراض اوّل باطل ہو جاتا ہے جو انہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بکا اور تعیّن مقامات انبیاء کے ساتھ کیا ہے۔ جیسے کہ اس کا بیان آئے گا اور اگر ہمارے فہم نے غلطی نہیں کی تو ہم حضرت ولی اللہ کے قول سے قطعاً استنباط کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن العربی کی طرح کہا اور انہیں کے مسلک پر ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسراء جسدی کا اقرار کر لیا۔ لیکن فرق اتنا ہے کہ مواطن معراج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو روح اور دیگر معانی روحیہ باجساد مثالی ظاہر ہوئے جیسے کہ حضرت حزقیل اور موسیٰ وغیرہ انبیاء علیہم السلام اور دیگر اولیاء کرام کو ایسے وقایع عالم رؤیا یا عالم کشف القلوب میں بصورتِ مثالی و برزخی نظر آئے اور فقط ان کی روحوں کو معراجیں ہوئیں نہ اجساد کو۔

حضرت یعقوب علیہ السلام کی معراج

چنانچہ تورات سفر تکوین باب ۲۸ درس ۱۲، ۱۷ میں معراج یعقوب علیہ السلام کی نسبت لکھا ہے کہ ''پس بخواب دید کہ اینک نردبانے بزمین برپا گشتہ سرش بآسمان می خورد و اینک فرشتگان خدا ازان بہ بالا وزیر میرفتند و انیک خداوند برآن ایستادہ میگفت سمن خداوند خدائے پدرت ابراہیم علیہ السلام وہم خدائے اسحٰق علیہ السلام ام این زمینیکہ برآن میخوابی بتو و بہ ذریت تو میدہم وذریّت تو مانند خاک زمین گردیدہ بمغرب ومشرق وشمال وجنوب منتشر خواہند شد و اینک من باتوام وہر جائیکہ میروی ترا نگاہ داشتہ بایں زمین باز پس خواہم آورد

Marfat.com

تا بوقتیکہ انچہ بتو گفتہ ام بجا آورم ترا دران خواہم گذاشت و یعقوب علیہ السلام از خواب خود بیدار شدہ گفت بدرستیکہ خداوند دریں مکان است دمن ندانستم۔ پس ترسیدہ گفت کہ ایں مکان چہ ترسناک است ایں نیست مگر خانہ خدا وایں است دروازۂ آسمان''۔

مگر جائے غور ہے کہ ایسی معراج میں کیا تفوّق ہے اور ایسے خوابوں کو معراج نبوی سے کیا نسبت؟ اور حضرت شاہ ولی اللہ کا رتبہ اس سے بہت بلند ہے کہ قادیانی صاحب یا سیّد احمد خان کی طرح آنحضرت ﷺ کی معراج کو ایک خواب یا رؤیا قلب یا معراج روحی کہیں جو بقول حضرت ابن العربی بوجہ اتم وبطریق محقق بصورت برزخیہ ومعانی متجسّدہ اکثر اولیاء اللہ کو اور خود ان کو ہوئی۔ اور اگر ہمارا فہم غلطی کرے اور بقول سیّد احمد خان صاحب ہم فرض کرلیں کہ حضرت شاہ ولی اللہ کا منشاء اس قول سے ویسا نہیں ہے جیسا کہ حضرت ابن العربی کا ہے اور انہوں نے اسراء نبوی کو حضرت حزقیل اور موسیٰ اور دیگر اولیاء اللہ کے وقایع کی طرح ایک رؤیا روحی اور معنی برزخی خیال کیا ہے تو ہم بلاشبہہ کہہ اٹھیں گے کہ یہ حضرت ولی اللہ کی خود اپنی معراج مکشوفہ ہے جس پر انہوں نے آنحضرت ﷺ کی معراج کو قیاس کرلیا جس کے کوئی معنی نہیں اور کوئی وجہ نہیں کہ ان کے کشفی قول کو ان مشاہر اور جماہیر صحابہ کے قول پر ترجیح دی جائے جنہوں نے نور نبوّت سے بالمشافہ اس معنی کا استفاضہ کیا کہ آنحضرت ﷺ کی معراج بالجسد بحالتِ یقظہ ہوئی اور آنحضرت ﷺ کی روح مبارک جسم کے ساتھ پہلے بیت المقدس پھر آسمانوں پر اٹھائی گئی۔

وہ صحابہ وتابعین اور ائمہ مذاہب و مسلمین کے اسماء
جنہوں نے جسمانی معراج ہونا کہا

چنانچہ شفائے قاضی عیاض میں ہے۔ وذهب معظم السلف والمسلمين الى انه اسراء بالجسد فى اليقظة وهو الحق وهذا قول ابن عبّاس وجابر

Marfat.com

وانس وحذیفة وعمر وابی هریرة ومالک بن صعصعة وابی حبة البدری وابن مسعود وضحاک وسعید ابن جبیر وقتادة وابن المسیب وابن شهاب و ابن زید والحسن وابراهیم ومسروق ومجاهد وعکرمة وابن جریج وهو دلیل قول عائشة وهو قول الطبری وابن حنبل وجماعة عظیمة من المسلمین وهو قول اکثر المتاخرین من الفقهاء والمحدثین و المتکلمین والمفسّرین وحذیفة بن الیمان قال واللّٰه ما زالا عن ظهر البراق حتی رجعا (شفاء قاضی عیاض) کہ معظم سلف اور مسلمین کا یہی مذہب ہے کہ آنحضرت ﷺ کو جسد کے ساتھ اور بحالت یقظہ اسراء ہوئی اور یہی حق ہے اور یہی قول ابن عباس اور جابر اور انس اور حذیفہ اور عمر اور ابی ہریرہ اور مالک بن صعصعہ اور ابی حبۃ البدری اور ابن مسعود اور ضحاک اور سعید بن جبیر اور قتادہ اور ابن مسیّب اور ابن شہاب اور ابن زید اور حسن اور ابراہیم اور مسروق اور مجاہد اور عکرمہ اور ابن جریج کا اور یہی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا مذہب مختار ہے اور یہی قول طبری اور ابن حنبل اور مسلمین کی جماعت عظیمہ کا ہے۔ اور یہی قول اکثر متاخرین کے فقہاء اور محدثین اور متکلمین اور مفسّرین کا ہے۔ یہاں تک کہ خذیفہ بن یمان نے حلف کے ساتھ کہا کہ جبریل علیہ السلام اور آنحضرت علیہ السلام اسراء سے واپس ہونے تک براق کی پشت سے جدا نہ ہوئے۔ بلکہ یہی قول حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا ہے اور اسی کی تصدیق سے ان کا لقب صدیق اکبر ہوا۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا قول رؤیائے روحی صحیح نہیں

عن عائشه مافقدت (مافقد) جسد رسول اللّٰه ﷺ ویبطلها ماروی انه لم یدخل بها الا بعد الهجرة والاسراء انما کان بمکة بعد خمس سنین من البعثة فعائشة لم تحدث به عن مشاهدة لانها لم تکن

Marfat.com

حینئذ زوجه ولا فی سن من یضبط ولعلها لم تکن ولدت بعد علی الخلاف فی الاسراء متی کان فان الاسراء کان فی اول الاسلام علی قول الزهری ومن وافقه بعد المبعث بعام ونصفه وکانت عائشة فی الحجرة بنت نحو ثمانیة اعوام وقد قیل کان الاسراء لخمس قبل الهجرة و قیل قبل الهجرة بعام والاشبه انه لخمس والحجة لذٰلک تطول لیست من غرضنا فاذا لم تشاهد ذٰلک عائشة دل علی انها حدّثت بذٰلک عن غیرها فلم یرجح خبرها علی خبر غیرها یقول خلافه مما وقع نصا فی حدیث ام هانی وغیره وایضا فلیس حدیث عائشة بالثابت والاحادیث الاخر اثبت لبسنا نعنی حدیث ام هانی وماذکرت فیه خدیجة بل الذی یدل علیه صحیح قولها انه بجسده لانکارها ان تکون رؤیاه لربه رؤیا عین ولوکانت عندها مناماً لم تنکره(شفاء قاضی عیاض) والمروی عند ابن اسحٰق حدثنی بعض اٰل ابی بکر وان عائشه کانت تقول (ومافقد جسده الشریف) ولکن اسری بروحه قال الشامی کذا فیما وقفت علیه من نسخ السیرفقد بالبناء للمفعول وفی سنده من انقطاع ورا و مجهول. وقال ابن وحیة فی التنویر انه حدیث موضوع علیها. وقال فی معراجه الصغیر قال امام الشافعیة (ابوالعباس بن سریح هذا حدیث لایصح وانما وضع رداً للحدیث الصحیح. وقال التفتازانی فی الجواب علی تقدیر الصحّة ای مافقد جسده عن الروح بل کان مع روحه وکان المعراج للجسد والروح جمیعاً (زرقانی، مقصد خامس صفحہ ۵) پس قول اسراء روحی اور رؤیائے روحی جس کی بنا فقط دو صحابہ یعنی حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے قول پر کہی جاتی ہے، وہ

Marfat.com

ان جماہیر صحابہ کے اقوال کا مقابلہ نہیں کرسکتا خصوصاً اس صورت میں جبکہ ہم خود علاوہ اسرائے جسدی کے اسرائے روحی کے بھی قائل ہیں اور نیز قاضی عیاض شفا میں اور علامی زرقانی شرح مواہب اللدنیہ کے مقصد خامس میں تصریح فرمارہے ہیں کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مذکور حدیث کا مروی ہونا باطل اور غیر ثابت ہے۔ کیونکہ اوّل تو اس حدیث کے راویوں میں انقطاع ہے اور ثانیاً معراج کے وقت ابھی حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پیدا بھی نہیں ہوئی تھیں اور بقولے وہ اس وقت آنحضرت ﷺ کے عقد مبارک میں بھی نہیں آئی تھیں اور ان کی عمر اس وقت آٹھ برس کی تھی وہ اس قابل نہ تھیں کہ ایسے واقعہ کو ضبط کے ساتھ روایت کرتیں پس جبکہ انہوں نے اپنے مشاہدہ کی روایت نہیں کی بلکہ غیر کی روایت بیان فرمائی تو کوئی وجہ نہیں کہ ان سے اضبط اور احفظ اور اثبت احادیث کو ترک کردیا جائے۔ خصوصاً ام ہانی کی وہ حدیث جس میں تصریح ہے کہ جسم مبارک کے ساتھ آنحضرت ﷺ کو معراج ہوئی کیونکہ اس میں انکار کیا گیا ہے کہ آنحضرت ﷺ نے اللہ تعالیٰ کو ان آنکھوں سے نہ دیکھا۔ پس اگر وہ معراج روحی کی قائل ہوتیں تو ہرگز صراحت کے ساتھ رؤیائے عین کا انکار نہ کرتیں کیونکہ روحی اور حالت منام کے واقعہ میں ایسا انکار بے وجہ ہے۔ اور زرقانی میں ابن وحیہ سے منقول ہے کہ انہوں نے تصریح فرمادی ہے کہ عائشہ کی یہ حدیث موضوع ہے اور امام الشافعیہ ابوالعباس فرماتے ہیں کہ صحیح حدیث کے رد کرنے کے لئے یہ حدیث وضع کی گئی ہے۔ اور شامی لکھتا ہے کہ ابن اسحٰق وغیرہ کی روایت میں لفظ **مافقد** بصیغۂ مفعول جو مروی ہے یہی اکثر نسخ سیر میں پایا گیا ہے اور بتقدیر صحت اس حدیث کے علامہ تفتازانی نے اس کی اس طرح تاویل کی ہے کہ آنحضرت ﷺ کا جسم مبارک روح سے مفقود نہ ہوا، بلکہ جسم اور روح دونوں ساتھ ساتھ تھے اور بظاہر یہی مقصود صحیح معلوم ہوتا ہے۔

Marfat.com

خود حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث سے معراج جسمانی کا ثبوت

اخرج الحاکم عن عائشة قالت لما اسری بالنبی ﷺ الی المسجد الاقصٰی اصبح یحدث الناس بذٰلک فارتد ناس ممن کانوا اٰمنوا به وصدقوه وسعوا بذٰلک الی ابی بکر فقالوا هل لک فی صاحبک یزعم انه اسری به الی بیت المقدس وجاء قبل ان یصبح قال او قال ذٰلک قالوا نعم قال لئن قال ذٰلک لقد صدق قالوا فتصدقه انه ذهب اللیلة الی بیت المقدس وجاء قبل ان یصبح قال نعم انی لاصدقه بما هو ابعد من ذٰلک اُصدّقه بخبرالسماء فی غدوةٍ او روحة فلذٰلک سمی ابوبکر الصدیق (ازالۃ الخفا صفحہ ۲۰۵) کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اس حدیث میں جس کو حاکم نے تخریج کیا ہے صریح یہی معنی ہیں۔ چنانچہ فرمایا حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے۔ جبکہ نبی ﷺ کو مسجد اقصٰی تک کی سیر کرائی گئی تو آنحضرت ﷺ نے صبح ہوتے ہی لوگوں سے اسرائے شب کے واقعات بیان فرمائے پس بعض ایمان والے بھی اس کے سنتے ہی مرتد ہوگئے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف دوڑتے ہوئے گئے اور پوچھا کہ کیا تجھے معلوم ہے کہ تیرا صاحب زعم کرتا ہے کہ وہ آج کی رات بیت المقدس کو گیا اور صبح ہونے سے پہلے واپس بھی آ گیا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے پوچھا کہ کیا میرے صاحب نے کہا ہے؟ انہوں نے جواب دیا کہ ہاں کہا ہے! حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر میرے صاحب نے ایسا کہا ہے تو ضرور سچ کہا ہے۔ انہوں نے پوچھا کہ پھر تو اس کی تصدیق کرتا ہے؟ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کہ ہاں میں اس کی تصدیق کرتا ہوں! اور یہ کیا بلکہ اس سے بعید تر کی بھی تصدیق کروں گا جو آسمانوں کی خبر کے متعلق غدوہ یا روحہ یعنی طلوع شمس کے قبل یا زوال کے بعد دے گا۔ اور اسی وجہ سے ان کا نام صدیق ہوا۔

Marfat.com

حدیث معاویہ رضی اللہ عنہ کا جواب

اور حدیث معاویہ رضی اللہ عنہ کے متعلق ملاّ علی قاری منہاج العلوی میں لکھتے ہیں۔

احتجوا بقوله وما جعلنا الرؤيا فسماها رؤياً قلنا سبحن الذى اسرى يرده لانه لا يقال فى النوم اسرىٰ وقوله فتنة للناس يؤيّد انها رؤية عين واسراء شخص اذ ليس فى الحلم فتنة ولايكذب به احد لان كل احد يرى مثل ذٰلک فى منامه من الكون فى ساعة واحدة فى اقطار متبائنة على ان المفسرين قد اختلفوا فى هذه الاٰية فذهب بعضهم الى انها نزلت فى قضية الحديبية وما وقع فى نفوس الناس من ذٰلک (شفاء قاضی عیاض رحمۃ اللہ علیہ) **قال ابن البرى الرؤيا وان كانت فى المنام فالعرب استعملتها فى اليقظة كثيرا فهو مجاز مشهور كقول الراعى**

فكبر للرؤيا وهش فواده وبشر نفسا كان قبل يلومها

وعليه اكثر المفسرين (فى اٰية الفتنة) يعنى ماراه ليلة المعراج يقظة على الصحيح (شرح درۃ الغوامض للخفاجی ملخصاص ۱۴۲) کہ وہ (امیر معاویہ) اسرائے نبوی کے وقت ابھی ایمان نہ لائے تھے۔ پس ان کا بروقت ایک سوال کے یہ جواب دینا کہ **كانت رؤياً صالحةً** اسرائے جسدی کی نسبت نہیں جو کہ ان کے ایمان سے اول اور ان کے علم سے باہر تھا۔ معہذا شفاء میں ہے کہ آیت فتنہ میں اوّل تو شانِ نزول واقعہ حدیبیہ ہے جس سے نفوس صحابہ میں کئی ایک شبہات گذرے اور ثانیاً رؤیا منام میں کوئی فتنہ نہیں ہوسکتا۔ کیونکہ ایسا تو ہر شخص خواب میں دیکھتا ہے کہ وہ ایک ہی ساعت میں زمین سے آسمان اور مشرق سے مغرب تک جا پہنچا۔ معہذا صحیح بخاری میں خود حضرت ابن عباس کا قول ہے کہ رؤیا سے مراد رؤیا عین ہے جو شب اسریٰ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نصیب ہوئی اور یہی قول کرمانی کا ہے۔

Marfat.com

معہذ اعلامہ خفاجی شرح درۃ الغوامض کے صفحہ ۱۴۲ میں ابن البری سے نقل کرتا ہے کہ رؤیا اگر چہ خواب میں ہوتا ہے لیکن عرب نے اکثر اس کو حالت یقظہ کے لئے استعمال کیا ہے۔ پس وہ مجاز مشہور ہے جیسے کہ راعی نے اپنے اشعار میں کہا اور اکثر مفسرین نے رؤیا کے یہی معنی لئے اور یہی صحیح ہیں۔ اور یہی معنی متنبّی کے شعر سے پائے جاتے ہیں جو کہا ؎

ورؤیاک اھلٰی فی العیون من الغمض

(یعنی تیرا دیدار آنکھوں میں نیند میں اونگھنے سے زیادہ تر لذیز ہے)

اسراء کے معنی سیر برفتار پا ہے

اور اسی طرح بقول قاضی عیاض اسراء کا استعمال نیند میں نہ ہوا اور اگر چہ بقول صراح سُرٰی اور سریٰ اور اسراء سیرِ شب کے ساتھ مختص ہیں یعنی بہ شب رفتن۔ لیکن مشکوٰۃ کے باب المعجزات میں براء بن عازب کی حدیث کے الفاظ سے اسراء کا استعمال رات اور دن کبھی دونوں میں رفتار اور سیر کرنے میں بھی ہوا۔ یعنی اس سے سیر بیداری منصوص ہے نہ سیر خواب۔ چنانچہ عازب نے حضرت ابی بکر رضی اللہ عنہ سے قصہ غار کی نسبت بایں الفاظ استفسار کیا کہ **کیف صنعتما حین سریت مع رسول اللہ ﷺ قال اسرینا لیلتنا ومن الغد حتی قام قائم الظھیرۃ وخلا الطریق لایمرفیہ احد** (مشکوٰۃ) جب تو نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ مکہ سے مدینہ کی طرف رات کے وقت سفر کیا تو تم دونوں کی کیا حالت رہی؟ اس کے جواب میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہم نے اس تمام رات اور اس کے دوسرے دن کی دوپہر تک اسراء یعنی سفر کیا۔ یہاں تک کہ آفتاب سمت الراس کو آ گیا اور راستے راہگذروں سے خالی ہو گئے۔ پس ظاہر ہے کہ اس حدیث مبارک میں بھی سرا اور اسراء دونوں الفاظ کا استعمال سفر شب وروز بحالت یقظہ منصوص ہے اور اس سے سفر روحی بحالتِ نوم ہرگز مفہوم نہیں اور لفظ لیل اور غد نے اپنا کوئی تصرّف اس کے اصلی معنی میں نہ کیا۔

Marfat.com

پس ان تمام بیانات سے قطعاً ظاہر ہے کہ آنحضرت ﷺ کی اسراء دیگر انبیاء کی طرح روحی اور کشفی نہ تھی بلکہ آنحضرت ﷺ کو جسم کے ساتھ اسراء ہوئی۔ اور احادیث جو اس باب میں بطریق تواتر وارد ہیں وہ بظاہر اسی معنی کے لئے مثبت ہیں اور وہ بعمومہ دلالت کرتی ہیں کہ مسجدِ حرام سے بیت المقدس اور وہاں سے سدرۃ المنتہی اور وہاں سے وراء الوراء تک ایک ہی اسراء ہے اور یہ معنی شداد بن اوس اور ثابت بنانی کی حدیث سے بطریق اجود ثابت ہیں۔

حدیث ثابت رضی اللہ عنہ سے معراج جسمانی کا ثبوت اور اس کی جودت

چنانچہ قاضی عیاض شفاء میں لکھتے ہیں۔ قال القاضی رضی اللہ عنہ جود ثابت رحمه الله هذا الحديث عن انس ماشاء فلم يات احد عنه باصوب من هذا وقد خلط فيه غيره عن انس تخليط كثير الاسيما من رواية شريک بن ابی نمر (شفاص۸۲) کہ ثابت نے یہ حدیث حضرت انس سے نہایت خوبی اور جودت کے ساتھ بیان کی ہے جو دوسرے کسی راوی نے حضرت انس سے ایسی باصواب روایت نہیں کی اور ثابت رضی اللہ عنہ کے غیر نے انس کی روایت میں اختلاط کر دیا خاص کر وہ حدیث جو شریک بن ابی نمر نے روایت کی۔

احادیث کے الفاظ مختلفہ کی تطبیق

وقوله فی حدیث اخربین النائم والیقظان وقوله ایضا نام بیننا وقوله وهو نائم وقوله ثم استیقظت فلاحجة فيه اذ قد يحتمل ان وصول الملک اليه كان وهونائم واوّل حمله والاسراء به وهو نائم وليس فی الحديث انه كان نائماً فی القصة كلها الا مايدل عليه ثم استيقظت وانا فی المسجد الحرام فلعل قوله ثم استيقظت بمعنی اصحبت او استيقظت من نوم اٰخر بعد وصوله بيته ويدل عليه ان سراه لم يكن طول ليله وانما كان

Marfat.com

فی بعضه وقد یکون قوله استیقظت وانا فی المسجد الحرام لما کان غمره من عجائب ماطالع من ملکوت السمٰوٰت والارض و خامر باطنه من مشاهدة الملاء الاعلٰی وما رأی من اٰیات ربّه الکبری فلم یستفق ولم یرجع الی حال البشریة الاوهو بالمسجد الحرام (شفاء ص۸۸ وفتح الباری) ہاں بعض احادیث کے الفاظ میں جو کہ غیر ثابت رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں مثل بین النائم والیقظان یا وهو نائم اور استیقظت وارد ہے۔ اس کی نسبت قاضی عیاض اور احمد عسقلانی فرماتے ہیں کہ ان الفاظ میں کوئی حجت نہیں۔ کیونکہ محتمل ہے کہ جبریل علیہ السلام کے آنے کے وقت یا اسراء کے شروع میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سوئے ہوئے ہوں۔ اور ان الفاظ والی احادیث میں کوئی ایسی بات نہیں جس سے معلوم ہو کہ تمام اسراء میں سوتے ہوں۔ ہاں لفظ ثم استیقظت فی الجملہ سونا نکلتا ہے۔ لیکن اس کے معنی صبح کرنے کے بھی ہیں یا محتمل ہے کہ اسراء کے بعد گھر میں سو گئے ہوں کیونکہ اسراء میں اس قدر وقفہ تو نہ تھا کہ سونے کی مہلت ملی ہو اور محتمل ہے کہ یقظہ بمعنی ہوشیاری اور افاقہ کے ہو جو بعد از استغراق الی اللہ اہل اللہ کو حاصل ہوتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم آیات ربانی کے دیکھنے میں اور ملکوت سماوات وارض اور ملاء اعلی کے مشاہدہ میں مستغرق رہے ہوں اور اسی وقت آنحضرت کو استیقاظ اور افاقہ اس استغراق سے ہوا ہو جب کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مسجد حرام میں واپس آ پہنچے ہوں۔

اسی طرح بعض احادیث جن سے شروع اسراء میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مختلف امکنہ میں ہونا پایا جاتا ہے اس کی نسبت مرقات اور لمعات میں ہے۔ ثم اختلفت الروایات فی تعیین مکان الاسراء ففی بعضها وانا فی الحطیم وفی بعضها فی الحجر وفی بعضها بینا انا عند البیت وفی بعضها فرج سقف بیتی وانا بمکّة وفی بعضها اسری به من شعب ابی طالب وفی بعضها فی بیت ام هانی

Marfat.com

وهواشهر والجمع بين هذه الاقوال على ماذكر فى فتح البارى انه بات فى بيت ام هانى[1] وبيتها فى شعب ابى طالب ففرج سقف بيته وانفكاك البيت الى نفسه الشريفة لبيتوتته فيه فنزل منه الملک فاخرجه من البيت الى المسجد وكان مضطجعاً وبه اثر النعاس ثم اخرجه من الحطيم الى باب المسجد فاركبه البراق ثم قوله وانا بمكة جملة حالية للاشعار بان القضية مكيّة لامدنية (لمعات، مرقات) کہ ان سب روایات میں اس طرح جمع ہوسکتی ہے کہ آنحضرت ﷺ شب اسراء میں اُمّ ہانی کے گھر سوئے تھے اور ام ہانی کا گھر ابی طالب کے کوچہ میں تھا پھر اس کے گھر کی چھت کھل گئی اور آنحضرت ﷺ بسبب اس کے کہ اس میں رہا کرتے تھے اس کو اپنا گھر کہا اور اسی سے فرشتہ اترا اور آنحضرت ﷺ کو اس گھر سے نکال کر مسجد کعبہ کی طرف لے گیا درحالیکہ آنحضرت ﷺ اُمّ ہانی کے گھر آرام فرما رہے تھے اور نیند کا اثر باقی تھا پھر حطیم سے باب مسجد میں لاکر آنحضرت ﷺ کو براق پر سوار کرایا اور مکہ میں ہونا اس غرض سے بیان فرمایا کہ یہ واقعہ مکّہ میں ہوا نہ مدینہ میں۔

قادیانی کے پہلے اعتراض کا جواب: اب ہم قادیانی صاحب کے اعتراض اوّل کے تفصیلی جواب کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ گو اعتراض ثانی کے جواب کے ضمن میں اس کا جواب بھی ادا ہو چکا۔ کیونکہ ہم بقول حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ ذکر کر چکے ہیں کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا بکا اس واسطے نہ تھا کہ ان کو ساتویں آسمان سے آگے کیوں رفع نہ ہوئی؟ جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم فاسد ہے۔ بلکہ ان کا حسرت بھرا رونا اس کمال اور عموم دعوت کے فقدان سے تھا جو انہوں نے اپنے میں نہ پایا اور آنحضرت ﷺ کی ذات مبارک میں بالمواجہہ دیکھا۔ چنانچہ اسی معنی کی طرف بخاری باب المعراج حدیث

[1] بنت ابی طالب۔۱۲

Marfat.com

مالک بن صعصعہ میں اشارہ ہے۔ فلما تجاوزت بکی (ای موسٰی) قیل له مایبکیک قال ابکی لان غلاما بعث بعدی یدخل الجنة من اُمّته اکثر من یدخلهامن امتی (بخاری ص۵۴۹) قال العلماء بکاء موسٰی کان اسفاعلی ما فاته من الاجر الذی یترتب علیه رفع الدرجة بسبب کثرة من اتبعه. وقال ابن ابی جمرة ان اللّٰه تعالی جعل الرحمة فی قلوب الانبیاء اکثر مما جعل فی قلوب غیرهم فلذٰلک بکی رحمة لامّته توشیح. قال الکرمانی ذکر الغلام لیس للتحقیر والاستصغار بل هو لتعظیم منة اللّٰه علی رسوله ﷺ من غیر طول العمر انتهٰی. وقد یطلق الغلام و یراد به القوی الطری الشاب ولهذا کان اهل المدینة یسمونه حین هاجر الیهم شابا وابابکر مع انه اصغر منه شیخا (لمعات، بخاری ص۵۴۹) کہ جب آنحضرت ﷺ چھٹے آسمان سے آگے بڑھنے لگے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام رونے لگے۔ آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ رونے کی علّت جب ان سے دریافت کی تو کہا کہ میں اس لئے روتا ہوں کہ یہ غلام نوجوان جو میرے بعد مبعوث ہوا اس کی امّت میری امّت سے زیادہ جنت میں داخل ہوگی۔ ابن ابی جمرہ فرماتے ہیں کہ یہ رونا اپنی امّت پر رحمت کے باعث تھا۔ کرمانی لکھتے ہیں کہ غلام کا اطلاق حقارت کے لئے نہ تھا بلکہ اس احسان خداوندی کی عظمت کے اظہار میں ہے جو بغیر طول عمر آنحضرت ﷺ پر ہوا۔ اور ملا علی قاری لکھتے ہیں کہ غلام کا لفظ قوی جوان پر بھی اطلاق ہوتا ہے جیسے کہ اہل مدینہ نے ہجرت کے وقت آنحضرت ﷺ کو شاب بولا اور ابی بکر رضی اللہ عنہ کو شیخ کہا۔ حالانکہ ابی بکر رضی اللہ عنہ آنحضرت ﷺ سے عمر میں کئی سال چھوٹے تھے۔ اور ہم بقوت ادلّہ نہایت وثوق کے ساتھ لکھتے ہیں کہ قادیانی صاحب کا یہ بالکل زعم فاسد ہے جو انہوں نے بظاہر حدیث شریک زعم کیا ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام یا دیگر انبیاء کے لئے خاص خاص مقامات آسمانوں میں مقرر

Marfat.com

ہوگئے ہیں جن سے وہ آگے نہیں بڑھ سکتے۔ فیشیّعه عن کل سماء مقربوها الی السماء التی تلیها حتی ینتهی به الی السماء السابعة فیقول اللّٰه عزوجل اکتبوا کتاب عبدی فی علیّین واعیدوه الی الارض فانی منها خلقتهم وفیها اعیدهم ومنها اخرجهم تارة اخری فتعاد روحه فی جسده (الحدیث عن براء بن عازب، مشکوٰۃ ص۱۴۲، باب من حضرہ الموت) اور یہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کا رونا زیادہ تر رفع کے حصول کے لئے تھا حالانکہ قطعاً ثابت ہے کہ کل نفوس فاضلہ آسمان ہفتم تک رفع ہونے کے بعد بامر الٰہی اپنے اپنے ابدان کی طرف واپس کئے جاتے ہیں ہر چند کہ ان کے معارج اور مقامات سیر ارفع اور اعلیٰ ہوتے ہیں۔ وروی احمد ومسلم والنسائی ان النبی ﷺ قال مررت علی موسٰی لیلة اسری بی عند الکثیب الاحمر وهو قائم یصلی فی قبره (زرقانی) وقد رأیتنی فی جماعة من الانبیاء فاذا موسٰی قائم یصلی فاذا رجل ضرب جعد کانه من رجال شنوءة واذا عیسٰی قائم یصلی اقرب الناس به شبها عروة بن مسعود الثقفی فاذا ابراهیم قائم یصلی اشبه الناس به صاحبکم یعنی نفسه فحانت الصلوٰة فاممتهم الحدیث ابی هریرة (مسلم، مشکوٰۃ، معراج) چنانچہ اسی معنی کی طرف اشارہ ہے جو آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ شب اسریٰ میں میری گذر اس سرخ ٹیلے کے پاس سے ہوئی جہاں حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنی قبر میں کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہے تھے۔ پھر اسی دم بیت المقدس میں کل انبیاء کا اجتماع ہوا اور آنحضرت ﷺ نے ان کی امامت کی اور پھر ان کو علیحدہ علیحدہ آسمانوں میں دیکھا۔ چنانچہ بروایت راجح ہے آنحضرت ﷺ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پہلے آسمان میں دیکھا اور حضرت عیسیٰ اور یحییٰ علیہما السلام کو دوسرے آسمان میں دیکھا اور حضرت ادریس علیہ السلام کو چوتھے آسمان میں اور حضرت ہارون علیہ السلام کو پانچویں میں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چھٹے آسمان میں اور حضرت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کو ساتویں آسمان میں۔

Marfat.com

جدا جدا آسمانوں میں انبیاء علیہم السلام کے مرئی ہونے میں حکمت

علامہ زرقانی لکھتے ہیں۔ فان قلت لم كان هؤلاء الانبياء عليهم الصلوة والسلام فی سمٰوٰت دون غير هم من الانبياء لايلزم منه ان لايكون فيها غيرهم ولم بات نصّ بنفیٰ كون غيرهم فيها (وما وجه اختصاص كل واحد منهم بسماء مختصة ولم كان فی السماء الثانيه بخصوصها اثنان) يحيیٰ وعيسیٰ (واجيب عن الاقتصاد على هؤلاء دون غيرهم من الانبياء بانهم امر وبملاقاة نبيّنا ﷺ فمنهم من ادركه من اول وهلة ومنهم من تاخر فلحقه ومنهم من فاته) وفی فتح البارى فقيل ليظهر تفاضلهم فی الدرجات وقيل لمناسبة تتعلّق بالحكمة فی الاقتصاد على هؤلاء دون غيرهم من الانبياء انتهیٰ. فلواتی المصنف بهذا كان افيد مما ذكره واسلم من الايراد ان قيل اشارة الى مايقع له ﷺ مع قومه من نظير ماوقع لكل منهم ووجه الاشارة ان رؤيته بصورهم كانقال فتفسر رؤية كل واحد بما يشبه ما وقع له فهو تنبيه على الحالات الخاصة بهم وتمثيل بما سيقع للمصطفیٰ مما اتفق لهم مماقصه اللّٰه عنهم فی كتابه فاما اٰدم فوقع التنبيه بما وقع له من الخروج الى الجنة الى الارض لما يسقع لنبيّنا من الهجرة الى المدينة (وبعيسیٰ ويحيیٰ على ماوقع له اوّل الهجرة) وهی ثانی حال له والاولیٰ بمكة (من عداوة اليهود وتماديهم على البغی عليه وارادتهم وصول السوء اليه) ويحيیٰ وعيسیٰ وهما الممتحنان باليهود واما عيسى فكذبته اليهود واٰذوه وهمّوا بقتله فرفعه اللّٰه واما يحيیٰ فقتلوه ورسول اللّٰه ﷺ بعد انتقاله الى المدينة صار الى حالة ثانية من الامتحان وكانت

Marfat.com

محنة فيها باليهود اٰذوه وظاهروا عليه وهمّوا بالقاء الصخرة عليه ليقتلوه فنجاه اللّٰه كما نجى عيسٰى فلقائه بعيسٰى فى السماء الثانية تنبيه على انه سيلقى مثل حاله ومقامه فى السنة الثانية من الهجرة (وبيوسف على ماوقع له من اخوته على ماوقع لنبيّا من قريش من نصب الحرب لهم وارادتهم اهلاكه وكانت العاقبة له وقد اشار عليه السلام الى ذٰلک يوم الفتح بقوله لقريش) وبادريس على رفيع منزلة عند اللّٰه تعالٰى فكان ذٰلک مؤذنا بحالة رابعة وهو علو شانه حتى اخاف الملوک وكتب اليهم يدعولهم الى طاعته وبهارون اذ رجع قومه الى محبّة بعد ان اٰذوه ولقائه فى الخامسة بهارون الحبيب فى قومه يوذن بحب قريش وجميع العرب له بعد بغضهم فيه ولقائه فى السادسة لموسٰى يوذن بحالة تشبه حالة موسٰى حين امر بغزو الشام فظهرعلى الجبابرة الذين كانوا فيها وادخل بنى اسرائيل البلد الذى خرجوا منه بعد اهلاک عدوهم وكذٰلک غزا ﷺ تبوک من ارض الشام وظهر على صاحب دومة الجندل حتى صالحه على الجزية بعد ان اتى به اسرا وافتح مكة ودخل اصحابه البلد الذى خرجوا منه ثم لقائه فى السابعة لابراهيم لحكمتين احدهما ان البيت المعمور بحيال الكعبة واليه تحج الملائكة كما ان ابراهيم هوالذى بنى الكعبة واذن فى الناس بالحج اليها. والثانية ان اٰخراحواله ﷺ حجه الى البيت الحرام وحج مع ذٰلک العام نحو من تسعين الفاً ورؤيته ابراهيم عند امل التاويل توذن بالحج لانه الداعى اليه والرافع لقواعد الكعبة المحجوجة۔اس سے دوسرے انبیاء کا آسمانوں میں نہ ہونا لازم نہیں آتا لیکن ان انبیاء کو جداگانہ آسمانوں میں بالاختصاص دکھائے

Marfat.com

جانے کی حکمت بقول فتح الباری یہ بتائی گئی ہے تا کہ آنحضرت ﷺ پر ان کا تفاضل باعتبار درجات ظاہر ہو اور علامہ قسطلانی لکھتے ہیں کہ ان حضرات کا جداگانہ آسمانوں میں دکھائی دینا دراصل ان کے ان واردات خاصہ کی طرف اشارہ ہے جو ان کو اپنی اپنی قوم سے پیش آئے اور اسی کے مثل آنحضرت ﷺ کے لئے مقدر ہوئے۔ پس پہلے آسمان میں حضرت آدم علیہ السلام کا دکھائی دینا اس کے یہ معنی ہیں کہ جس طرح حضرت آدم علیہ السلام کا جنت سے زمین کی طرف نکلنا ہوا اسی طرح پہلا واقعہ آنحضرت ﷺ کو یہ پیش آئے گا کہ وہ مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت کریں گے اور دوسرے آسمان میں حضرت عیسیٰ و یحییٰ کا دیکھنا یہ معنی رکھتا ہے کہ دوسرا واقعہ آنحضرت ﷺ پر اسی طرح پیش آئے گا جس طرح کہ حضرت عیسیٰ اور یحییٰ علیہما السلام کو پیش آیا۔ یعنی جس طرح یہود نے حضرت عیسیٰ کی تکذیب کی اور طرح طرح کی ایذادی اور ان کے قتل پر آمادہ ہو گئے لیکن اللہ نے ان کو اٹھالیا اور حضرت یحییٰ کو تو قتل ہی کر دیا اسی طرح آنحضرت ﷺ کو ہجرت کے دوسرے سال یہود نے ایذا دینا شروع کر دیا اور غلبہ کر کے آنحضرت ﷺ پر بارادۂ قتل پتھر پھینکنے کو آمادہ ہو گئے۔ لیکن حق تعالیٰ نے ان کو حضرت عیسیٰ کی طرح یہود کے ہاتھوں سے نجات دے دی گویا عیسیٰ علیہ السلام کو دوسرے آسمان میں دیکھنا اسی معنی کی طرف اشارہ ہے۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام کو تیسرے آسمان میں دکھایا جانا آنحضرت ﷺ کی اس تیسری حالت کی طرف اشارہ ہے جو حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں کی طرح آنحضرت ﷺ کو اپنے قریش بھائیوں سے تکلیفیں پہنچیں اور وہ جنگ وجدال قائم کر کے آنحضرت ﷺ کے قتل پر آمادہ ہو گئے۔ لیکن آخر کار حق تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو حضرت یوسف علیہ السلام کی طرح ان کے قریش بھائیوں سے نجات دی۔ چنانچہ آنحضرت ﷺ نے فتح کے دن اپنی زبان درفشان سے قریش کو اس تشبیہ کے معنی سے آگاہ کیا۔ اور چوتھے آسمان میں حضرت ادریس کا دکھایا جانا اس حالت رابعہ کی طرف

Marfat.com

اشارہ ہے جو آنحضرت ﷺ کو حاصل ہونے والی تھی یعنی جس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت ادریس علیہ السلام کو رفعت عطا فرمائی اسی طرح اللہ تعالیٰ نے آنحضرت ﷺ کو یہاں تک کہ آنحضرت ﷺ کی شان وشوکت نے سلاطین وقت کو ڈرادیا اور آنحضرت ﷺ نے ان کو اطاعت کی دعوت کی۔ اور پانچویں آسمان میں حضرت ہارون علیہ السلام کا دکھائی دینا آنحضرت ﷺ کی اس حالت خامسہ کی طرف اشارہ ہے جو حضرت ہارون علیہ السلام کی طرح پیش آنے والی تھی یعنی جس طرح حضرت ہارون علیہ السلام قوم کی ایذا رسانی کے بعد ان کے محبوب بن گئے اسی طرح آنحضرت ﷺ کو بغض وعداوت کے بعد قریش بلکہ تمام عرب نے محبوب بنالیا اور چھٹے آسمان میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کا دکھائی دینا آنحضرت ﷺ کی اس چھٹی حالت کی طرف اشارہ ہے جو حضرت موسیٰ کی طرح پیش آنے والی تھی یعنی جس طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام غزوہ شام کے لئے مامور ہوئے اور آخر کار ان جبابرہ پر فتح پائی جو شام میں تھے۔ اور بنی اسرائیل کو اس شہر میں ان کے دشمن ہلاک کرنے کے بعد داخل کیا جس سے وہ نکلے تھے اسی طرح آنحضرت ﷺ کو شام کی زمین میں غزوۂ تبوک پیش آیا اور آنحضرت ﷺ کو رئیس دومۃ الجندل پر فتح ہوئی اور وہ اسیر کر کے لایا گیا اور جزیہ پر صلح ہوگئی۔ اور مکہ بھی فتح ہوا اور آنحضرت ﷺ کے اصحاب اس شہر میں داخل ہوئے جس سے وہ نکلے تھے۔ اور ساتویں آسمان میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بیت المعمور کے ساتھ پیٹھ لگائے بیٹھا ہوا دکھایا جانا دو معنوں کی طرف اشارہ ہے ایک یہ کہ بیت المعمور کعبۃ اللہ کے محاذی ہے اور اسی کی طرف ملائکہ حج کرتے ہیں جیسے کہ ابراہیم علیہ السلام نے ہی کعبہ بنا کیا اور لوگوں میں کعبہ کے حج کی آواز دی اور دوسرے یہ کہ آنحضرت ﷺ کا حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بیت المعمور کے ساتھ تکیہ لگائے بیٹھا دیکھنا اس معنی کی طرف اشارہ ہے کہ آنحضرت ﷺ آخر کار بیت الحرام کا حج کریں گے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا کہ اخیر سال میں آنحضرت ﷺ نے نوے ہزار صحابہ کے ساتھ کعبۃ اللہ کا حج کیا۔

Marfat.com

عارف ابن ابی جمرہ کی معرفت مختلف سماوات کے مستقر کی نسبت

علامہ زرقانی لکھتے ہیں۔ واجاب العارف ابن ابی جمرة عن وجه اختصاص كل واحد منهم بسماء بان الحكمة فی كون اٰدم فی السماء الدنيا لانه اوّل الانبياء واول الاٰباء وهو الاصل ولاجل تانيس النبوّة والابوّة واما عيسى فانما كان فی السماء الثانية لانه اقرب الانبياء من حيث الزمن الى النبی(ﷺ) ولانه لا انمحت شريعة عيسٰى الا بشريعة سيّدنا محمد(ﷺ) ولانه ينزل فی اٰخرالزمان لامّة محمد (ﷺ) على شريعة ويحكم بها ووجه جعل هذا حكمة كونه فی الثانية ان عيسٰى لما شابه المصطفٰى ﷺ فی ثانی احواله وهو حكمه بشريعة وكونه واحداً من اُمّته فاسب ان يكون فی السماء الثانية. وانما كان يحيٰى معه هناک لانه ابن خالته وهما كالشئ الواحد فلاجل التزام احدهما بالاخر كانا هناک معا. وانما كان يوسف فی السماء الثالثة لان على حسنه تدخل امّته النبی (ﷺ) الجنة وهی ثالث دورها الدنيا فالبرزخ فالجنّة وانما كان ادريس فی السماء الرابعة لانه هناک توفی ولم تكن له تربة فی الارض على ما ذكر عن كعب الاحبار وانما كان هارون فی السماء الخامسة لانه ملازم لموسٰى لاجل انه اخوه وخليفته فی قومه فكان هناک لاجل هذا المعنى وانما لم يكن مع موسٰى فی السماء السادسة لان لموسٰى مزية وحرمة وهی كونه كليما وكونه اكثر الانبياء اتباعا بعد نبينا وانما كان ابراهيم فی السماء السابعة لانه الخليل ولاب الاخير للمصطفٰى (ﷺ) فناسب ان يتجدد للنبی (ﷺ) بلقياه انس لتوجهه بعده الى عالم اٰخر وهو اختراق

Marfat.com

الحجب كما انس بابيه اٰدم فی اوّل عالم السماوات ثم فی وسطه بابيه ادريس لان الرابعة من السبع وسط معتدل (زرقانی،مقصدخامس)واتيناه الحكم صبيًا ای النبوة وقال معمر كان ابن ستين اوثلاث فقال له الصبيان لم لاتلعب فقال اللعب خلقت وقيل فی قوله تعالیٰ مصدّقا بكلمة من اللّٰه صدق يحيٰی بعيسٰی وهو ابن ثلاث سنين فليشهد له انه كلمة اللّٰه وروحه وقيل صدقه وهو فی بطن امّه فكانت امّ يحييٰ تقول لمريم انی اجد مافی بطنی يسجد لما فی بطنک تحية له(شفاء۴۴) کہ عارف ابن ابی جمرہ نے اس اختصاص کی نہایت انوکھی حکمت بیان فرمائی چنانچہ کہا کہ پہلے آسمان میں حضرت آدم علیہ السلام اس لئے دکھائی دیئے کہ وہی انبیاء میں پہلے اور وہی آباء میں پہلے اور وہی اصل اصول ہیں اور نیز اس انس کے لئے جو باپ بیٹے میں ہوتا ہے سب سے پہلے ملاقات ہوئی۔ اور عیسیٰ علیہ السلام دوسرے آسمان میں اس لئے دکھائی دیئے کہ وہی باعتبار زمانہ کے دوسرے انبیاء کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب ترین ہیں اور انہیں کی شریعت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت سے منسوخ ہوئی اور نیز اس لئے کہ وہ دنیا کے اخیر دور میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت پر اترنے والے اور اسی کے مطابق حکم کرنے والے ہیں۔ پس چونکہ عیسیٰ علیہ السلام اپنے دوسرے احوال میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مشابہ ہوئے اس لئے دوسرے آسمان میں ان کا دکھایا جانا مناسب ہوا اور یحییٰ علیہ السلام کا ان کے ساتھ دوسرے آسمان میں ہونا اس معنی سے ہے کہ وہ ان کے خالہ زاد بھائی ہیں اور ان میں اس قسم کا اتحاد تھا کہ وہ کبھی ایک دوسرے سے جدا نہ ہوئے یہاں تک کہ وہی سب سے پہلے ہیں جنہوں نے تین سال کی عمر میں نبوّت پائی اور اسی سن طفولیت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے کلمۃ اللہ اور روح اللہ ہونے کی شہادت دی۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام تیسرے آسمان میں اس لئے دکھائی دیئے کہ انہیں کے حسن صورت پر

Marfat.com

امت محمدیہ جنت میں داخل ہوگی جو باعتبار دارِ دنیا اور برزخ کے مرتبہ ثالث میں ہے۔ اور چوتھے آسمان میں حضرت ادریس علیہ السلام کا دکھائی دینا اس وجہ سے ہوا کہ وہ اسی جگہ فوت ہوئے جیسے کہ یہ معنی کعب احبار سے ثابت ہیں اور ان کے لئے زمین میں کوئی تربت نہ ہوئی۔ اور پانچویں آسمان میں حضرت ہارون علیہ السلام کا دکھائی دینا اس لئے ہوا کہ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مصاحب اور ملازم ہیں کیونکہ ان کے بھائی ہیں اور ان کے زمانہ غیبت میں ان کی قوم میں ان کے خلیفہ ہوئے اور چونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے ان سے زیادہ تر فضیلت ہے اس لئے کہ وہ کلیم اللہ ہیں اور ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کثرت امت میں انہیں کا مرتبہ ہے اس لئے حضرت ہارون پانچویں آسمان میں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام چھٹے آسمان میں مرئی ہوئے۔ اور ساتویں آسمان میں حضرت ابراہیم علیہ السلام خلیل اللہ اس لئے دکھائی دیئے کہ مقام خُلّت میں وہی مختص ہیں اور انبیاء میں سب سے پچھلے باپ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت خلیل اللہ ہی ہیں لہٰذا مناسب ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے ارفع مکان میں ایک دوسرے عالم کی طرف ترقی فرمانے کے وقت ایک ایسے شخص سے ملاقات ہو جس کے دیکھنے سے انس حاصل ہو اور وحشت دور ہو یہی وجہ ہے کہ شروع اسراء کے وقت بیت المقدس میں کل انبیاء کا مجمع دیکھا اور پہلے آسمان میں عروج کرنے کے وقت اپنے باپ حضرت آدم علیہ السلام کو دیکھا اور وسط یعنی چوتھے آسمان میں حضرت ادریس علیہ السلام کو۔

شبِ معراج میں مقام حیرت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی آواز سے تسکین ہوئی

چنانچہ اسی لئے ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ساتویں آسمان سے بھی آگے عروج فرما گئے اور ایسی جگہ جا پہنچے جہاں بجز ہیبت اللہ کے کچھ نمایاں نہ تھا تو بغرض مزید تسکین اپنے یارِ غار حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی آواز سنائی دی۔ ورد فی بعض طرق احادیث

Marfat.com

الاسراء من انه ﷺ لما دخل حضرة اللّٰه الخاصة به ارعد من هيبة اللّٰه عزوجل وصار يتمايل كتمايل السراج الذى هب عليه الريح اللطيف الذى يميله ولا يطفئه فسمع فى ذٰلک الوقت صوتا يشبه صوت ابى بكر رضی اللہ عنہ يامحمد قف ان ربّک يصلى مع انه تعالٰى لا يشغله شأن عن شأن فاستأنس ﷺ بذٰلک الصوت وزال عنه ذٰلک الاستيحاش الذى كان يجده فى نفسه۔ (المیزان الکبریٰ ج۱، صفحہ ۱۵۷، باب صفۃ الصلوٰۃ، دارالفکر بیروت) جس کی نسبت میزان شعرانی سے مدارج النبوۃ میں حضرت نیاز کا قول ہے۔

نبی راداد حق تسکین بہ معراج بآواز ہمیں صدّیق اکبر
رفیقِ مصطفیٰ درغارِ تاریک نبودہ غیرِ ایں صدّیق اکبر
مبین اندر کمالات نبوّت زامّت بہتریں صدّیق اکبر
باجماعِ صحابہ شد مقرر نبی راجا نشیں صدیق اکبر
نیاز ازبہر آں مداحش آمد کہ بود است اچنیں صدّیق اکبر

پس ان وجوہ تحقیقات سے جو علامہ زرقانی نے شرح مواہب میں ذکر کئے ظاہر ہے کہ ان انبیاء علیہم السلام کے لئے ان مقامات سماوی کی کوئی تخصیص واختصاص نہیں جہاں جہاں کہ وہ دکھائی دیئے۔ ورنہ لازم آتا ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام جو پہلے آسمان میں دکھائی دیئے وہ عیسیٰ وموسیٰ وادریس اور یوسف وغیرہ انبیاء علیہم السلام سے بھی باعتبار درجہ اور عروج مقامی کے پستی میں ہوں جو بالاتفاق بعد نبی ﷺ افضل الانبیاء ہیں اور نیز لازم آتا ہے کہ ان انبیاء علیہم السلام کے معارج روحی کی حدود یہیں تک محدود ہوں۔

نفوس فاضلہ کے معارج کے لئے کوئی حد نہیں

حالانکہ احادیث صحیحہ سے بالکل ثابت ہے کہ نفوس فاضلہ کے معارج کے لئے

Marfat.com

کوئی حد نہیں ہے بلکہ وہ ساتویں آسمان سے بھی اوپر تک سیریں کرتے ہیں اور عرش وفرش یکساں ان کے لئے جولانگاہ ہے اور رفیق اعلیٰ اور خطیرۃ القدس میں روح اعظم کے پاس ان کا محل اجتماع ہے اور ان کے لئے شہداء کی طرح کوئی روک ٹوک نہیں کہ جنت کی سیر کریں یا عرش وفرش کی۔ چنانچہ صحیح حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ میں نے جعفر ابن ابی طالب کو جنت میں ملائکہ کے ساتھ طیران کرتے ہوئے دیکھا اور میں نے جنت میں ایک جاریہ (ادماء العساء) یعنی گندم گوں رنگ کی دیکھی تو جبریل علیہ السلام سے دریافت کیا کہ یہ کون عورت ہے؟ تو جبریل نے جواب دیا کہ اللہ تعالیٰ نے جعفر بن ابی طالب کی خواہش ایسی عورت کی نسبت دیکھی لہٰذا یہ عورت اس کے لئے پیدا فرمائی۔

شہداء اور علماء ربانی کے ابدان قبر میں بوسیدہ نہیں ہوتے

اور علامہ زرقانی نے فتاوی رملیہ سے نقل کیا ہے کہ وفی الفتاوی الرملیة الانبیاء والشهداء والعلماء لایبلون والانبیاء والشهداء یاکلون فی قبورهم و یشربون ویصلون ویصومون ویحجون واختلف هل ینکحون نسائهم ام لا ویثابون علی صلوتهم وحجهم ولا کلفة علیهم ذلک بل یتلذذون ولیس هومن قبیل التکلیف لان التکلیف انقطع بالموت بل من قبیل الکرامة لهم ورفع درجاتهم بذلک (زرقانی ص۳۸۵) انبیاء اور شہداء اور علماء کے ابدان قبروں میں بوسیدہ نہیں ہوتے۔ اور انبیاء اور شہداء اپنی قبروں میں کھاتے اور پیتے اور نمازیں پڑھتے اور روزہ رکھتے اور حج کرتے ہیں اور اس پر ثواب پاتے ہیں۔ اور اس میں اختلاف ہے کہ کیا وہ اپنی عورتوں سے جماع بھی کرتے ہیں یا نہیں؟ اور اس سے انہیں کوئی تکلیف نہیں ہوتی بلکہ اس سے وہ لذت پاتے ہیں اور یہ ان کے لئے از قبیل تکلیف نہیں۔ کیونکہ امر تکلیف موت کے طاری ہونے سے منقطع ہو گیا ہے بلکہ از قبیل کرامت اور رفعِ

Marfat.com

درجات ہے۔ بلکہ بیہقی نے صاف صاف کہہ دیا ہے کہ ہمارے نبی ﷺ قبر شریف میں اذان اور اقامت کے ساتھ نماز پڑھتے ہیں اور اسی طرح دوسرے انبیاء۔ چنانچہ کسی قدر قبل اس کے بیان کر دیا گیا ہے۔

پس علامہ زرقانی کے بیانات سے صاف ظاہر ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے جدا جدا آسمانوں میں دکھائی دینے سے ان کا تعین مقام مراد نہ تھا بلکہ ان کا اظہار تفاضل مراد تھا چنانچہ اس معنی کا ثبوت انہیں متعدد احادیث سے ہوتا ہے جن میں حدیث ثابت کی طرح ترتیب نہیں اور ہم ان کو بقول تعدد معراج رؤیائے روحی پر حمل کرتے ہیں چنانچہ زرقانی اور قسطلانی رحمۃ اللہ علیہما نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے چھٹے اور ساتویں آسمان میں ہونے کی نسبت مالک بن صعصعہ اور شریک کی حدیث میں تطبیق کے طور پر کہا۔ والمشهور فى الروايات ان الذى فى السابعة هو ابراهيم قال الحافظ وهو الارجح واكد ذلك فى حديث مالك بن صعصعة بانه كان مسند اظهره الى البيت المعمور فمع التعدد اى مع القول بتعدد المعراج فلا اشكال بين الثابت المشهور انه فى السابعة وبين روايتى ابى ذر و شريك انه فى السادسة لحمل كل على مرة ومع الاتحاد فقد مع بان موسىٰ (علیہ السلام) عند الهبوط كان فى السابعة بان يكون صعد معه او بعده لاجل المراجة فى امر الصلوٰة يحتمل ان يكون التى موسىٰ فى السادسة فاصعد معه الى السابعة لقصيد له على غيره من اجل كلام اللّٰه تعالىٰ وظهرت فائدة ذلك كلامه مع نبينا فيما يتعلّق بامر اُمّته فى الصلوٰة (زرقانی، مقصد خامس) کہ اول تو ارجح روایت مالک بن صعصعہ کی ہے اور شریک کی روایت مرجوح ہے تاہم تعدد معراج کے قول پر کوئی اشکال نہیں اور قول اتحاد میں ممکن ہے کہ آنحضرت ﷺ کلیم اللہ ہونے کی فضیلت کے باعث حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنے ساتھ

Marfat.com

ساتویں آسمان پر لے گئے ہوں اور ہم قبل اس کے بیان کر چکے ہیں کہ تعدّد کے قول پر وہ سب مناقشات جو قادیانی صاحب نے باتّباع ابن القیم کئے ہیں اس وقت لازم آتے ہیں جبکہ سب معارج کا حالت یقظہ میں ہونا کہا جائے لیکن جب ایک اسراء یقظہ میں اور دوسرے اسراءات روحی اور معنوی کہے جائیں جیسے کہ یہی مذہب جمہور امّت کا ہے تو اس صورت میں کوئی مناقشہ لازم نہیں آتا۔ جیسے کہ یہی مذہب علاّمہ قسطلانی اور زرقانی مالکی کا ہے۔

قادیانی کے اعتراض سوم کا جواب: اب ہم قادیانی کے اعتراض ثالث کے جواب کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جس سے انہوں نے حدیث شریک میں تعارض بیان کیا کہ اس میں ایک طرف تو یہ لکھ دیا گیا کہ بعثت کے پہلے معراج ہوئی تھی اور پھر اسی حدیث میں لکھ دیا کہ نمازیں پانچ مقرر کر کے پھر آخر کار ہمیشہ کے لئے پانچ مقرر ہوئیں پس ظاہر ہے کہ جس حالت میں یہ معراج نبوّت سے پہلے تھی تو اس کو نمازوں کی فرضیت سے کیا تعلق تھا اور قبل از وحی جبریل علیہ السلام کیونکر نازل ہو گیا؟ اور جو احکام رسالت سے متعلق تھے وہ قبل از رسالت کیونکر صادر کئے گئے؟ قادیانی صاحب کا یہ اعتراض ایسا لغو ہے جس کو خود حدیث شریک رد کرتی ہے اور وہ بآواز بلند پکار رہی ہے۔

حدیث شریک کا بیان

عن شریک بن عبداللّٰہ انہ قال سمعت انس بن مالک یقول لیلۃ اسری برسول اللّٰہ ﷺ من المسجد الکعبہ انہ جاء ہ ثلاثۃ نفرقبل ان یوحی الیہ وھونائم فی المسجد الحرام فقال اولھم ایھم ھو قال اوسطھم ھو خیرھم فقال اٰخرھم خذوا خیرھم فکانت تلک اللیلۃ فلم یرھم حتی اتوہ لیلۃ اخری فیمایری قلبہ وتنام عینیہ ولا ینام قلبہ وکذٰلک الانبیاء تنام اعینھم ولاتنام قلوبھم فلم یکلموہ حتی احتملوہ فوضعوہ عند بئر

Marfat.com

زمزم فتولاه منهم جبریل فشق جبریل مابین نحره الی لتبة حتی فرّع من صدره وجوفه فغسله من ماء زمزم بیده حتی انقی جوفه ثم اتی بطست من ذهب فیه نور من ذهب محشوا ایمانا وحکمة فحشابه صدره ونعاویده یعنی عروق حلقه ثم اطبقه ثم عرج به الی السماء الدینا فضرب بابامن ابوابها فناداه اهل السماء من هذا فقال جبریل قالوا ومن معک قال معی محمد (ﷺ) قال وقد بعث قال نعم قالوا مرحبا به واهلا یستبشربه اهل السماء لایعلم اهل السماء بما یرید اللّٰه به فی الارض حتی یعلمهم فوجد فی السماء الدنیا اٰدم فقال له جبریل هذا ابوک فسلم علیه فسلم علیه وردّ علیه اٰدم وقال مرحبا واهلا یابنی فنعم الابن انت۔ کہ جواسراء کہ آنحضرت ﷺ کو حالتِ یقظہ میں اور بعد از بعثت ہوئی وہ کوئی دوسری رات میں ہوئی اور جس رات کہ سوتے وقت میں ملائکہ قبل از وحی آئے وہ کوئی اور رات تھی اور وہ رات اسراء کی رات نہ تھی اور جیسے کہ سوق حدیث دلالت کرتا ہے وہ یہ ہے کہ گویا حضرت شریک شب اسراء کا واقعہ بیان کرتے وقت کہتے ہیں کہ قبل از وحی پہلے ایک رات فقط تین فرشتے آئے اور آنحضرت ﷺ اس وقت مسجد حرام میں سوئے ہوئے تھے اور وہ آپس میں باتیں کر کے چلے گئے۔ یہاں تک کہ آنحضرت ﷺ نے ان کو نہ دیکھا پھر اس رات ملائکہ آئے کہ جس رات آنحضرت ﷺ کو اسریٰ ہوئی ملائکہ کے آنے کے وقت آنحضرت ﷺ کی آنکھ بند تھی لیکن دل سویا نہ تھا اسی طرح کل انبیاء کی حالت ہے کہ بظاہر تو ان کی آنکھیں بند اور سوئی ہوتی ہیں لیکن ان کے دل بیدار ہوتے ہیں۔ پس ملائکہ بغیر کسی گفتگو کے آنحضرت ﷺ کو چاہ زمزم کے پاس اٹھا کر لے گئے اور ان میں سے جبرئیل نے آنحضرت ﷺ کا شقِ صدر کر کے اپنے ہاتھ سے آب زمزم سے اس کو پاک صاف کیا اور سونے کی طشت میں ایک پیالہ جو ایمان وحکمت سے لبالب تھا اس

Marfat.com

سے آنحضرت ﷺ کے سینۂ مبارک کو مملو کر دیا اور پھر آنحضرت ﷺ کے سینہ مبارک کو ویسا ہی کر دیا جیسے پہلے تھا اور آسمان دنیا کی طرف آنحضرت ﷺ کو اٹھا کر لے گیا اور آسمان کے ایک دروازہ کو ٹھکورا اور آسمان کے دربان نے پوچھا کون ہے؟ جواب دیا کہ جبریل! پھر کہا کہ تیرے ساتھ کون ہے؟ جواب دیا کہ میرے ساتھ محمد ﷺ ہے۔ بولا کیا یہ مبعوث ہو چکا ہے؟ جواب دیا کہ ہاں! بولا آنحضرت ﷺ کو آنا مبارک ہو جس کے آنے کے آسمان والے منتظر اور طالبِ بشارت ہیں۔ کیونکہ آسمان والے اس وقت تک نہیں جان سکتے کہ اللہ تعالیٰ زمین میں کیا ہونا ارادہ کرتا ہے جب تک کہ خود ان کو اس کا علم نہ دے۔ پس آسمان دنیا میں آنحضرت ﷺ حضرت آدم علیہ السلام کو پایا اور جبریل نے آنحضرت ﷺ سے کہا کہ یہ تیرا باپ ہے اس کو سلام کہہ۔ پس آنحضرت ﷺ نے ان کو سلام کہا اور حضرت آدم علیہ السلام نے بھی اس کا جواب دے کر کہا کہ میرے بیٹے مبارک ہو اور تو ہی اچھا بیٹا ہے۔

حدیث شریک سے معراج مع الجسد بعد بعثت ہونے کا ثبوت

پس اس حدیث نے صاف بتلا دیا ہے کہ آنحضرت ﷺ کی اسراء ع الجسد بعد بعثت ہوئی جیسے کہ دربانِ آسمان کے دریافت کرنے سے معلوم ہے۔ چنانچہ عینی جلد ۱۱، صفحہ ۶۰۲، ۶۰۳ میں اسی بیان سے خطابی اور ابن حزم وغیرہ کی تشنیع کو باطل کر کے اخیر میں کہا ہے۔ ویسقط تشنیع الخطابی وابن حزم وغیرھما ان شریکا خالف الاجماع فانه اقوی مایستدل به ان المعراج کان بعدالبعثة وبذٰلک جزم ابن القیم فی هذ الحدیث۔ یہی حدیث بعثت کے بعد معراج ہونے میں دلیل قوی ہے اور یہی اعتقاد ابن قیم کا ہے۔ لیکن قادیانی صاحب کی کور فہمی پر حیرت ہے کہ انہوں نے کہاں سے معلوم کر لیا کہ شریک نے اس حدیث میں آنحضرت ﷺ کی معراج قبل از نبوت ہونا بیان کیا ہے۔ اور نہ اس حدیث میں کوئی ایسا لفظ ہے جس سے معلوم ہو کہ ہر ایک نبی کے

Marfat.com

لئے جدا جدا آسمان معین ہے جس سے آگے ان کو رفع ہونی ممکن نہیں۔ بلکہ انبیاء کا آسمانوں میں دکھائی دینا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کو چھٹے سے ساتویں آسمان پر لے جانا فقط ایک نسبتی تفاضل کا اظہار تھا یہاں تک کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بتفصیل کلام اللہ گمان کیا کہ ان پر کسی کو رفعت نہ ہوگی۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس گمان سے یہ نہیں نکلتا کہ چھٹا یا ساتواں آسمان ان کے لئے متعیّن ہوگیا ہے۔ کیونکہ دوسری احادیث جو اسراءات روحی پر محمول ہیں وہ اس تعین کو باطل کرتی ہیں۔ ہاں اس مقام میں ہم قادیانی صاحب کے اس ملخّص بیان میں بالکل ہمصفیر ہیں جو انہوں نے احادیثِ معراج کے مختلف الفاظ اور غیر مرتّب بیانات خصوصاً حدیث شریک کے بارہ میں کہہ دیا کہ کیونکر ممکن ہے کہ ہر ایک راوی ان تمام الفاظ کو بصحت یاد رکھے جو آنحضرت ﷺ کے زبان مبارک سے نکلے تھے۔ بلاشبہ بعض راوی بوجہ کمزوریٔ حافظہ بعض الفاظ کو بھول گئے یا محل بے محل کا فرق یاد نہ رہا اسی وجہ سے یہ صریح اختلافات پیدا ہوگئے۔ حتّٰی کہ بخاری میں جو بعد کتاب اللہ اصح الکتب ہے۔ (ازالہ صفحہ ۹۳۵) گو ان الفاظ سے قادیانی صاحب کا مطلب دوسرا ہے، لیکن ہم کلمۂ حق کو ملخص کر کے اس کو اس کی جگہ چسپاں کر کے کہتے ہیں کہ بیشک راویوں نے واقعات اسراءات روحی اور جسدی کو ایک دوسرے سے جدا نہ کیا۔

احادیث رسول اللہ ﷺ اکثر بالمعنی مروی ہیں

اور بقول شافعی ایسے اختلافات لفظی سے کوئی ڈر نہیں جبکہ معنی مقصود محفوظ ہوں اسی وجہ سے حذیفہ نے کہا کہ ہم عرب کی قوم احادیث بیان کرنے میں تقدیم و تاخیر کر لیتے ہیں اور ابن سیرین نے کہا کہ میں ایک حدیث دس (۱۰) آدمیوں سے سنتا تھا جس کے معنی تو ایک ہی ہوتے تھے لیکن الفاظ میں اختلاف رہتا تھا۔ فتح المغیث کے صفحہ ۲۷۵ میں ہے۔

وعن بعض التابعين قال لقيت اناسا من الصحابة فاجتمعوا فى المعنى واختلفوا علىّ فى اللفظ فقلت ذٰلک لبعضهم فقال لاباس به مالم يخل

Marfat.com

معنا حکاه الشافعی وقال حذیفة انا قوم عرب نورد الاحادیث فنقدم ونؤخر وقال ابن سیرین کنت اسمع الحدیث من عشرة المعنی واحد واللفظ مختلف وممن کان یروی بالمعنی من التابعین الحسن والشعبی والنخعی بل قال ابن الصلاح انه الّذی شهد به احوال الصحابة والسلف الاولین فکثیر ماکانوا ینقلون معنی واحدا فی امر واحد بالفاظ مختلفة وماذاک لان معولهم کان علی المعنی دون اللفظ قال الحسن لولا المعنی ماحدثنا وقال النووی لواردنا ان نحدثکم بالحدیث کما سمعناه ماحدثناکم بحرف واحد (فتح المغیث صفحہ ۲۷۵، ۲۷۷) تابعین میں سے حسن اور شعبی اور نخعی ہمیشہ روایت بالمعنی کیا کرتے تھے بلکہ ابن الصلاح کا قول ہے کہ اس نے یہی حالت صحابہ اور سلفِ اوّلین کی دیکھی کہ اکثر وہ ایک معنی کو مختلف الفاظ میں بیان کرتے تھے کیونکہ ان کے مدنظر فقط معنی ہوتے تھے، نہ کہ لفظ۔ اسی وجہ سے حسن رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اگر معنی نہ ہوتے تو ہم کوئی حدیث بیان نہ کر سکتے۔ اور امام نووی کا قول ہے کہ اگر ہم چاہیں کہ کوئی حدیث ہم انہیں الفاظ میں بیان کریں جو سنتے ہیں تو ہم اس طرح تو ایک حرف بھی روایت نہیں کر سکیں گے۔ اور اقتراح میں شیخ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں۔ واما کلامه ﷺ فیستدل منه بما ثبت انه قاله علی اللفظ المروی وذلک نادرجدا انما یوجد فی الاحادیث القصار علی قلّة ایضاً فان غالب الاحادیث مروی بالمعنی وقد تداولته الاعاجم والمولدون قبل تدوینها فردّوها بما ادت الیهم عبارتهم فزادوا ونقصواوقدّموا واخّروا وابدلوا الفاظا بالفاظ ولهذا تری الحدیث الواحد فی القصة الواحدة مرویا علی اوجه شتی بعبارات مختلفة ومن ثم اُنکِرَ علیّ ابن مالک اثباته القواعد النحویة بالفاظ الواردة فی الحدیث. ثم

Marfat.com

اعلم ان الحدیث اولی واثبت فی الاستدلال من الاشعار و الاقوال الامهما ثبت ضعف الراوی اوالشک فیه۔ (اقتراح شرح متن متین للمؤلف) قواعد نحویہ کے اثبات میں آنحضرت ﷺ کے اس کلام سے استدلال کیا جاسکتا ہے جس کا ثبوت ہو کہ راوی نے اسے بلفظ مروی روایت کیا ہے اور یہ بہت کم ہے۔ اور یہ چھوٹی چھوٹی حدیثوں میں بھی قلّت سے ہے۔ کیونکہ اکثر حدیثیں بالمعنی مروی ہیں جن کو عجمیوں اور مولدوں نے قبل از تدوین لے لیا اور انہوں نے ان کو اپنی عبارات میں لاکر کمی زیادتی اور تقدیم وتاخیر اور ایک لفظ کو دوسرے لفظ سے بدل کر دیا۔ اسی وجہ سے تو دیکھتا ہے کہ ایک ہی حدیث ایک ہی قصہ میں مختلف وجوہ اور مختلف عبارات میں مروی ہوتی ہے۔ اسی وجہ علی ابن مالک نے جو قواعدِ نحویہ کا اثبات حدیث کے الفاظ سے کیا اس پر اس کے تلامذہ نے انکار کیا۔ ہر چند کہ شیخ سیوطی صاحب نے اخیر میں فیصلہ کر دیا کہ اشعار اور اقوال کی نسبت قواعد نحویہ کے استدلال میں حدیث کے الفاظ ہی اولیٰ اور اثبت ہیں۔ اِلّا وہ حدیث جس کے راوی میں ضُعف یا شک ہو۔

معراج کے ہر موطن میں انبیاء صورت روحانیہ میں مرئی ہوئے یا جسمانی صورت میں؟

ہاں قصہ معراج میں امر بحث طلب جو باقی ہے وہ یہ ہے کہ آیا ان انبیاء علیہم السلام کو آنحضرت ﷺ نے کل مواطن میں صورت روحانیہ میں دیکھا یا بصورت جسدانی عنصری؟ لمعات میں ہے کہ دونوں طرح ہر موطن میں دکھائی دینا متحمل ہے بایں طور کہ ان کی روحیں بصورت اجساد متمثل ہوگئی ہوں مگر عیسیٰ علیہ السلام کہ ان کا جسد کے ساتھ مرفوع ہونا ثابت ہے۔

الا عیسٰی لماثبت انه رفع فی جسده (لمعات) **وبه قال ابن ملک** (مرقات)۔ اور یہی مذہب ابن ملک کا مرقات میں ہے، لیکن زرقانی میں ہے۔ **وفی تذکرة القرطبی عن شیخه الموت لیس بعدم محض وانما هو انتقال من حال الی حال وقد**

Marfat.com

صح ان الارض لاتاكل اجسادهم وانه اجتمع مع الانبياء ليلة الاسراء فى بيت المقدس وفى السماء ورای موسٰی قائما يصلى فى قبره واجزبانه برد السلام على كل من يسلم عليه الى غير ذٰلک مما يحصل من جملة القطع بان موت الانبياء انما هوراجع الى ان غيبوا عنا بحيث لاتدركهم وان كانوا موجودين احياءًا ولايراهم احد من نوعنا الامن خصه اللّٰه بكرامته من اولیائه انتهٰی. ولا تدافع بين رؤية موسٰی يصلى فى قبره وبين رؤيته فى السماء لان للانبياء مراقع ومسارح يتعرفون فيما شاءوا ثم يرجعون.

(زرقانی) کہ قرطبی کے نزدیک امر مقطوع یہی ہے کہ وہ اپنے اپنے اجساد کے ساتھ کل مواطن میں مرئی ہوئے کیونکہ موت عدم محض کا نام نہیں بلکہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف انتقال کرنے کا نام مَوت ہے اور یہ بالکل ثابت ہو چکا ہے کہ زمین انبیاء کے اجساد کو نہیں کھاتی اور آنحضرت ﷺ بیت المقدس میں انبیاء کے مجمع کے امام بنے جن میں عیسٰی علیہ السلام بھی تھے اور موسٰی علیہ السلام کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا اور پھر ان سب کو آسمانوں میں دیکھا جس سے قطعاً افادہ ہوتا ہے کہ انبیاء کی موت درحقیقت ایک قسم کی غیبت ہے جو ہم ان کو نہیں دیکھتے باوجود یکہ وہ زندہ ہیں۔ مگر جس کو کہ اللہ تعالیٰ یہ کرامت بخشے وہ ان کو دیکھتا ہے اور ایک دفعہ زمین پر اسی ساعت آسمانوں پر دیکھنے میں کوئی محال نہیں۔ کیونکہ انبیاء کی سیر گاہیں بے نہایت ہیں جہاں چاہیں ایک آن میں جا پہنچتے ہیں اور پھر لوٹ آتے ہیں۔ انتہٰی

.....

Marfat.com

طریق دوم

(کیا توفی کے معنی بجز موت کے اور کوئی نہیں؟)

بقول قادیانی صاحب توفی کے معنی موت ہی ہیں اور اس کے دلائل

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق قرآن کریم میں لفظ توفی وارد ہے جس کے معنی حقیقی موت اور قبض روح ہیں اور علاوہ محل متنازعہ فیہ کے یہ لفظ تیئیس (۲۳) جگہ قرآن کریم میں لکھا گیا ہے اور ہر ایک جگہ موت اور قبض روح کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے اور ایک بھی ایسا مقام نہیں جس میں توفی کا لفظ کسی اور معنی پر استعمال کیا گیا ہو۔ (ازالہ صفحہ ۳۰۳)

اور جب عرب کے قدیم و جدید اشعار و قصاید کا تتبع کیا گیا تو یہ ثابت ہوا کہ جہاں جہاں توفی کے لفظ کا ذوی الروح سے یعنی انسانوں سے علاقہ ہے اور فاعل اللہ جل جلالہ وظہر آیا گیا ہے ان تمام مقامات میں توفی کے معنی موت و قبض روح کے لئے گئے ہیں۔ لغات کی کتابوں میں صراح و قاموس وغیرہ پر نظر ڈالنے سے ایسا ہی معلوم ہوا اور اس کے بعد اس عاجز نے حدیثوں کی طرف رجوع کیا تا معلوم ہو کہ آنحضرت ﷺ کے زمانہ میں صحابہ اور خود آنحضرت ﷺ نے اس لفظ کو ذوی الروح کی طرف منسوب کر کے کن کن معنوں میں استعمال کیا سو اس تحقیقات کے لئے مجھے بڑی محنت کرنی پڑی اور ان تمام کتابوں صحیح بخاری، صحیح مسلم، ترمذی و ابن ماجہ، ابوداؤد، نسائی، دارمی، مؤطا، شرح السنہ وغیرہ وغیرہ کا صفحہ صفحہ دیکھنے سے معلوم ہوا کہ ان تمام کتابوں میں جو داخل مشکوٰۃ ہیں تین سو چھیالیس (۳۴۶) مرتبہ مختلف مقامات میں توفی کا لفظ آیا ہے اور تمام جگہ وہ الفاظ موت اور قبض روح کے معنی میں ہی آئے ہیں اور شرط کے ساتھ کہتا ہوں کہ ہر ایک جگہ جو توفی کا لفظ ان کتابوں کی احادیث میں آیا ہے بجز موت اور قبض روح کے معنی کے اور کوئی معنی نہیں اور بطور استقراء ان کتابوں سے ثابت ہے کہ بعد بعثت اخیر عمر تک کبھی آنحضرت ﷺ نے توفی کا لفظ بجز اس معنی کے استعمال

Marfat.com

نہیں کیا اور کچھ شک نہیں کہ استقراء بھی ادلۂ یقینیہ سے ہے اور امام محمد اسمٰعیل بخاری نے اس جگہ اپنی صحیح میں ایک لطیف نکتہ کی طرف توجہ دلائی ہے جس سے معلوم ہوا کہ کم سے کم سات ہزار مرتبہ توفّی کا لفظ آنحضرت ﷺ کے منہ سے بعثت کے بعد اخیر عمر تک نکلا اور ہر ایک کے یہی معنی ہوئے سو بخاری کا ممنون و مشکور ہونا چاہیے۔ انتہیٰ (ازالہ ۸۸۵ اور ۸۸۸)

توفّی کی حقیقی معنی موت نہیں اور قادیانی کے ادلّہ کا رد

چونکہ قادیانی صاحب نے اسی ایک مسئلہ کو مکتوبِ عربی کے صفحہ ۱۳۳ میں اپنے تمام ابحاث وفروعات اور دعاوی عیسائیت کا اصل اصول ٹھہرایا ہے اور اسی ایک امر کے اثبات کرنے کے لئے انہوں نے کتابوں کے سینکڑوں ورق کالے کر دیئے۔ لہٰذا ہم نہایت آسانی کے ساتھ تار عنکبوت توڑ کر پردہ از کار اٹھا دیتے ہیں تا کہ ان کی ساری جعلسازی اور چالبازی معلوم ہو جائے اور اصلی امر کے انکشاف میں کسی شک وشبہہ کو گنجائش نہ رہے۔

وہ لغت عرب جو قرآن کی تفسیر میں معتبر ہے

اور قبل اس کے کہ ان ہر دو آیات قرآنی **ومکروا ومکر اللّٰہ واللّٰہ خیر الماکرین○ اذ قال اللّٰہ یاعیسٰی انی متوفیک ورافعک الی** (سورۂ آل عمران) **فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم وانت علی کل شئ شھید○ ان تعذبھم فانھم عبادک وان تغفرلھم فانک انت العزیز الحکیم○ قال اللّٰہ ھذا یوم ینفع الصادقین صدقھم لھم جنّات تجری من تحتھا الانھار** (سورۂ مائدہ) کی تفسیر کریں جن کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے توفّی سے تعلق ہے۔

اوّل خود لفظ توفّی کے معنی باعتبار ان کے لغت کے بیان کرتے ہیں جن کی زبان میں قرآن مجید نازل ہوا اور وہ بقول ابوحیان فقط چھ قبیلے ہیں۔ **ماخذ العربیۃ ست قبائل ا.....قیس، ۲.....تمیم، ۳.....اسد، ۴.....ھذیل، ۵.....بعض کنانۃ،**

Marfat.com

٦.....بعض طائیه و قریش اجود العرب لساناً فی الاقتراح لانهم المعتمدون فی ماخذاللسان نقله ابوحبان فی شرح التسهیل عن الفارابی وبالجملة لم یوخذ عن خضرمی قط ولاعن سکّان البوادی المجاورین بسائر الامم فلم یوخذ عن لخم ولا من خذام فانهم کانوا مجاورین لاهل المصر والقبط ولامن قضاعة ولامن غسّان ولامن ایاد لمجاورتهم لاهل الشام واکثرهم من نصاری یقرءون فی صلواتهم بغیرالعربیّة ولامن تغلب ومیرة لمجاورتهم بالیونان ولا من بکر لمجاورتهم القبط والفرس ولا من عبدالقیس لانهم کانوا سکان البحرین مخالطین للهند والحبشة ولا من بنی حنیفة وسکّان الیمامة ولامن ثقیف وسکان الطایف لمخالطهم تجار الامم المقیمین عندهم واما الشعراء الذین یعتمد علیهم نثرا ونظما فهم اما جاهلیون کامرء القیس ومخضرمیون الذین ادرکوا الدولتین وکانوا شعراء فی الجاهلیة اواسلامیون کانوا فی صدرالاسلام کجریر وفرزدق ولکن المولدون کبشار او المحدثون کابی تمام والبختری اوالمتاخرون کمن حدث بعدهم من شعراء الحجاز والعراق فلایستدل باشعار هؤلاء الثلاثة بالاتفاق ولذا تری خطوا المتنبی وابا تمام والبختری فی مواقع کثیرة کما هو مشروح فی شروح دواوینهم انتہیٰ (ملخصاً عن شرح المتن المتین المؤلف)

۱.....قیس، ۲.....تمیم، ۳.....اسد، ۴.....ہزیل، ۵.....بعض کنانہ، ۶.....بعض طائیہ اور ساتواں قبیلہ قریش جوتمام قبائل عرب سے باعتبار زبان کے اجود ہیں اور ماخذ لسانی میں یہی ساتوں قبیلے معتمد علیہ ہیں اوران کے ماسوائے کے لغت کا کوئی اعتبار نہیں۔لہٰذا خضرمی کی زبان سے اور نیز ان بادیہ نشینوں کی زبان سے استدلال نہ کیا گیا جو دوسری امتوں کی مجاورت

Marfat.com

بالحیّات فیمکث فی الارض اربعین سنة ثم یتوفی ویصلّی علیه المسلمون انتهٰی. قال ابن کثیر لیشکل علیه خبر مسلم انه یمکث فی الارض سبع سنین اللهم الا ان تحمل هذه السبع علی مدّة اقامته بعد نزوله تکون مضافة الی مکثه فیها قبل رفعه الی السماء وکان عمره اذ ذاک ثلاثا وثلاثین سنة علی المشهور قال فی مرقاة الصعود وقد اقمت سنین اجمع بذٰلک ثم رأیت البیهقی قال فی کتاب البعث والنشور هکذا فی هذالحدیث ان عیسی یمکث فی الارض اربعین سنة وفی مسلم من حدیث عبداللّٰه بن عمرو فی قصّة الدجال فیبعث اللّٰه عیسٰی ابن مریم فیطلب فیهلکه ثم یلبث الناس بعده سبع سنین لیس بین اثنین عداوة وقال البیهقی ویحتمل ان قوله ثم یلبث الناس بعده ای بعد موته فلا یکون مخالفا للاول انتهٰی. فترجح عندی هذا التاویل من وجوه احدها ان حدیث مسلم لیس نصا فی الاخبار عن مدّة لبث عیسٰی وخبر ابی داؤد نصٌّ فیها. والثانی ان ثم تویید هذا التاویل لانها للتراخی والثالث قوله یلبث الناس بعده فیتجه ان الضمیر فیه لعیسی لانه اقرب مذکور والرابع انه لم یرد فی ذٰلک سوی هذا الحدیث الواحد المحتمل ولاثانی له وورد مکث عیسٰی اربعین سنة فی عدة احادیث من طرق مختلفة فحدیث ابی داؤد هذا هو صحیح فهذه الاحادیث المتعدّدة الصریحة اولی من ذٰلک الحدیث الواحد المحتمل انتهٰی ویؤیّده ان حدیث رفعه وهو ابن ثلاث وثلاثین انما یروی عن النصاری فعند الحاکم عن وهب ابن منبه قال ان النصاری تزعم فذکر الحدیث الی ان قال وانه رفع وهو ابن ثلاث وثلاثین وفیه عبدالمنعم

Marfat.com

بن ادریس کذبوه ولوصح فهو عن النصاریٰ کماتری والثابت فی الاحادیث النبویّة انه رفع وهو ابن مائة وعشرین روی الطبرانی والحاکم فی المستدرک عن عائشة ان النبی ﷺ قال فی مرضه الذی توفی فیه لفاطمة ان جبریل کان یعارضنی القراٰن فی کل عام مرّة وانه عارضنی بالقراٰن العام مرّتین واخبرنی انه لم یکن نبی الاعاش نصف الّذی قبله واخبرنی ان عیسٰی بن مریم عاش عشرین ومائة سنة ولاارانی الاذاهبا علی راس الستین ورجاله ثقات وله طرق وذکر ابن عساکر ان وفاة عیسٰی تکون بالمدینة فیصلی علیه هنالک ویدفن بالحجرة النبویّة وقال الحافظ فی موضع اخر رفع عیسٰی وهو حی علی الصحیح ولم یثبت رفع ادریس وهو حی من طریق مرفوعة قویة. انتهٰی. (زرقانی صفحہ۴۰۴،۴۰۵)

پس جس وقت کہ ہمارے سردار عیسیٰ علیہ السلام آسمانوں سے اتریں گے تو ہمارے نبی ﷺ کی شریعت کے مطابق حکم کریں گے پھر شریعت محمدی ﷺ کے احکام کا استفاضہ ان کو بذریعہ الہام ہو یا بذریعہ روح محمدی ﷺ یا کسی اور طریقہ سے جو اللہ چاہے گا یعنی کتاب وسنت سے بطریق استنباط یا مثل اس کے کسی دوسرے طریقہ سے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو شریعت محمدی ﷺ کے احکام کس طرح پہنچیں گے؟

چنانچہ شیخ سیوطی رضی اللہ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ عیسیٰ علیہ السلام کو ہمارے شریعت کے احکام کس طرح پہنچیں گے؟ تو انہوں نے

۱.....جواب دیا کہ کل انبیاء اپنے اپنے زمانوں میں اپنے ماقبل اور مابعد انبیاء علیہم السلام کی کل شرائع کو جبریل علیہ السلام کی زبانی بطریق وحی اور اپنی اپنی منزّلہ کتابوں میں بطریق تنبیہ جانتے ہیں۔

۲.....اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام قرآن کریم میں نظر اور غور کرنے سے احادیث رسول اللہ ﷺ

Marfat.com

کی طرف رجوع کرنے کے بغیر اس ملت کے احکام سمجھ لیں گے جیسے کہ آنحضرت ﷺ نے قرآن کریم سے احکام ملّت استنباط فرمائے۔ کیونکہ قرآن کریم شریعت کے کل احکام پر حاوی ہے اور ہمارے نبی ﷺ نے قرآن کریم سے احکام شریعت کا استنباط اپنے اس خداداد فہم اور عقل کے ساتھ کیا جو انہیں کے ساتھ مختص ہوا۔ اور پھر احکام مُستنبط کو احادیث میں مشرّح فرمایا اور اُمت کے افہام اس شے کے ادراک سے قاصر ہیں جو صاحب نبوّت ادراک کرتا ہے اور چونکہ عیسیٰ علیہ السلام بھی ایک نبی اللہ ہیں اس لئے بعید نہیں کہ قرآن کریم سے اسی طرح احکامِ ملّت کا ادراک کریں جس طرح کہ ہمارے نبی ﷺ نے ادراک کیا۔

۳.....اور عیسیٰ علیہ السلام آنحضرت ﷺ کے صحابہ میں معدود ہیں۔ کیونکہ کئی بار آنحضرت ﷺ کے ساتھ ان کو اجتماع ہوا۔ پس کوئی مانع نہیں کہ انہوں نے آنحضرت ﷺ سے شریعت محمدیہ کے ان احکام کی تلقی کی ہو جو شریعت انجیل کے مخالف ہوں کیونکہ ان کو معلوم تھا کہ وہ عنقریب اُمت محمدیہ ﷺ میں اترنے والے ہیں اور ان میں انہیں کی شریعت کے مطابق حکم کریں گے۔ لہٰذا عیسیٰ علیہ السلام نے آنحضرت ﷺ سے بلاواسطہ ان احکام کی تلقی کی اور اسی معنی کی طرف علماء کی ایک جماعت نے اشارہ کیا۔ شیخ سیوطی فرماتے ہیں کہ میں نے امام سبکی رضی اللہ عنہ کی عبارت دیکھی جس میں انہوں نے تنصیص کی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام ہمارے نبی ﷺ کی شریعت کے مطابق قرآن وسنت کے ساتھ حکم کریں گے جس سے اس معنی کو ترجیح ہوتی ہے کہ انہوں نے آنحضرت ﷺ سے بالمشافہ اور بلاواسطہ سنّت کی تلقی کی۔

۴.....اور عیسیٰ علیہ السلام جب نزول فرمائیں گے تو ان کو آنحضرت ﷺ کے ساتھ زمین پر اجتماع اور مصاحبت ہوگی جیسے کہ یہ معنی کئی حدیثوں میں صراحت کئے گئے ہیں پس کوئی مانع نہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام ضرورت کے وقت آنحضرت ﷺ سے احکام شریعت کی تلقی کرلیں۔

اور شیخ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے ان چاروں وجوہات کے اثبات میں مدلل طور سے

Marfat.com

استدلال کیا جس کا یہاں ذکر کرنا باعث طوالت ہے اور بیان کیا کہ جواب اوّل کی نسبت کسی نے ان پر اعتراض کیا کہ اس سے لازم آتا ہے کہ قرآن کریم پر کتب سابقہ مشتمل ہیں اور شیخ نے جواب دیا کہ اس میں کوئی مانع نہیں کیونکہ احادیث نبویہ سے اس معنی کا ثبوت ملتا ہے اور خود خدا قرآن کریم میں فرماتا ہے کہ قرآن رب العالمین کا اتارا ہوا زُبر اولین میں ہے۔ پھر ایک ورق میں اس کے ادلہ بیان کئے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نزول کے بعد وحی اترنا

اور کہا کہ اسی سائل نے پھر دوسری دفعہ پوچھا کہ کیا یہ ثابت ہے کہ اترنے کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر وحی کا نزول ہوگا؟ اس کے جواب میں کہا ہاں۔ کیونکہ مسلم وغیرہ نے نواس بن سمعان کی حدیث کے درمیان روایت کی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام پر اللہ تعالیٰ وحی کرے گا کہ میں نے اپنے بندوں میں سے ایسے بندے نکالے ہیں کہ جن کے قتال کی تجھے طاقت نہیں۔ پس میرے بندوں کو کوہ طور کی طرف لے جا اور اللہ تعالیٰ یاجوج وماجوج کو نکالے گا جو ہر بلند اور سخت زمین سے دوڑتے آئیں گے اور ان کے پیشرو بحیرہ طبریہ پر گذریں گے اور اس کا سارا پانی پی جائیں گے اور ان کے پسِ رو جب اس تالاب پر گذریں گے تو کہیں گے کہ کسی وقت اس تالاب میں پانی ہوگا۔ اور عیسیٰ نبی اللہ اپنے اصحاب سمیت طور کے غار میں محصور رہیں گے اور یاجوج وماجوج کے نابود ہونے کے بعد عیسیٰ نبی اللہ اپنے اصحاب کے ساتھ زمین کی طرف اتریں گے۔ پس یہ حدیث صریح بیان کر رہی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام پر نزول کے بعد وحی اترے گی اور یہ امر قطعی ہے کہ وحی لانے والا جبریل علیہ السلام ہی ہے کیونکہ اللہ اور انبیاء اللہ کے درمیان وہی سفیر ہے جیسے کہ آثار میں مصرح ہے اور شیخ نے بالتفصیل ان کو لکھا۔

عیسیٰ علیہ السلام پر وحی حقیقی ہوگی کیونکہ وہ نبی ہیں

پھر شیخ نے کہا کہ بعض کا زعم ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام جب اترے گا تو وحی حقیقی اس کی

Marfat.com

طرف نہ اترے گی بلکہ اس کو وحی مجازی ہوگی یعنی الہام۔ حالانکہ یہ بالکل باطل اور مہمل ہے کیونکہ مسلم وغیرہ کی حدیث اس کو رد کر رہی ہے اور نیز جس معنی سے کہ وحی حقیقی اس کے نزدیک متعذر ہے دراصل وہ خود فاسد ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نبی نہیں وحی حقیقی کے نزول میں کون مانع ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بعد نزول سلب نبوّت ہونے کا اعتقاد کرنا کفر ہے

پس اگر اس خیال سے کہے کہ عیسیٰ علیہ السلام سے وصفِ نبوّت جاتا رہا ہے تو یہ ایسا قول ہے جو کفر تک پہنچا دیتا ہے کیونکہ کبھی کسی نبی کی نبوّت نہیں جاتی نہ مرنے کے قبل اور نہ مرنے کے بعد۔ اور اگر اس خیال سے کہے کہ وحی حقیقی نبی کے ایک خاص زمانہ کے ساتھ مختص ہوتی ہے تو یہ ایسا قول ہے جس پر کوئی دلیل نہیں اور اس کو اس کے خلاف دلائل کا ثبوت باطل کرتا ہے۔ انتہیٰ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کوئی جدید شریعت نہ لائیں گے
بلکہ شریعت محمدیہ ﷺ پر عمل کریں گے

الحاصل عیسیٰ علیہ السلام آنحضرت ﷺ سے ان شرائع کی تلقی فرمائیں گے جن کا حکم امت محمدیہ ﷺ میں اللہ کو منظور ہوگا اور کسی شے کی تحریم اور تحلیل کے متعلق کوئی جدید حکم بجز حکم نبی ﷺ نہ کریں گے اور نہ اپنی شریعت متقدمہ کے مطابق حکم کریں گے کیونکہ وہ ہر امر میں ہمارے نبی ﷺ کے تابع رہیں گے۔ چنانچہ اس معنی پر حکیم ترمذی نے کتاب ختم الاولیاء میں تنبیہ کردی ہے اور صاحب عنقاء مغرب نے اس کی صراحت کی اور اسی طرح شیخ سعدالدین تفتازانی نے شرح عقائد نسفی میں اور اس نے اس امر کی تصحیح کی کہ عیسیٰ علیہ السلام لوگوں کی امامت کریں گے اور مہدی ان کا اقتدا کریں گے کیونکہ وہ افضل ہے لہٰذا اسی کی امامت اولیٰ ہے۔ انتہیٰ

حضرت عیسیٰ نبی اللہ کی امامت مہدی موعود کرے گا اور امامکم منکم کی تفسیر

اگرچہ اس تعلیل پر اعتماد کرنے سے یقین کیا جاتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام ہی امامت کریں گے اور بعض آثار بھی اس کے شاہد ہیں لیکن صحیحین کی حدیث اس کی معارض ہے جو

Marfat.com

ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ کہا اس نے فرمایا رسول اللہ ﷺ نے اس وقت تمہاری کیا کیفیت ہوگی جبکہ ابن مریم تم میں اترے گا اور امام تمہارا تمہیں میں سے ہوگا۔ اور نیز مسلم کی دوسری حدیث کہ اس وقت تمہاری کیا کیفیت ہوگی جبکہ ابن مریم علیہا السلام تم میں اترے گا اور امام تمہارا تمہیں میں سے ہوگا۔ اور نیز مسلم کی دوسری حدیث کہ اس وقت تمہاری کیا کیفیت ہوگی جبکہ ابن مریم علیہا السلام تم میں اترے گا اور اس کو کہا جائے گا کہ ہماری امامت کرو اور وہ از روئے تکریم اُمّت محمد یہ ﷺ کہے گا نہیں۔ تمہارے ہی بعض تم پر امیر ہیں۔ اور نیز احمد کی حدیث جو جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ناگہاں عیسیٰ کا ان میں اترنا ہوگا اور ان سے کہا جائے گا کہ آگے ہو۔ وہ کہے گا کہ تمہارا ہی امام تمہارے آگے ہونا چاہیے اور وہی تمہاری نماز پڑھائے۔ اور نیز ابن ماجہ کی حدیث جو ابو امامہ سے مروی ہے کہ سب لوگ بیت المقدس میں جمع ہوں گے اور ان کا امام ایک مرد صالح ہوگا جو نماز پڑھانے کے لئے ان کے آگے ہوگا اس وقت ناگہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اترنا ہوگا اور امام پچھلے پاؤں لوٹنے لگے گا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام آگے ہو جائے لیکن حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کے دونوں کاندھوں کے درمیان کھڑا ہو کر کہے گا کہ آگے ہو اس نماز کی اقامت تیرے ہی لئے کہی گئی ہے۔ اور نیز ابو نعیم کی حدیث جو ابو سعید سے مرفوعاً مروی ہے کہ وہ شخص ہم میں سے ہی ہے جس کے پیچھے حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام نماز پڑھیں گے یعنی وہ شخص اہل بیت نبی ﷺ میں سے ہے۔

امامت مہدی رضی اللہ عنہ اور عیسیٰ علیہ السلام میں جو احادیث کا تعارض ہے اس میں مطابقت

اس تعارض کے دفع کرنے کے لئے اس طرح تطبیق کی گئی ہے کہ ابتداء میں تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام مہدی کا اقتدا کریں گے تا کہ معلوم ہو جائے کہ عیسیٰ علیہ السلام بصورت تابع اور حاکم بشریعت نبی ﷺ اترے ہیں۔ پھر اس کے بعد مہدی رضی اللہ عنہ ان کا اقتدا کریں گے تا کہ اصل قاعدۂ اقتداء سے انحراف نہ ہو۔ ابن جوزی کہتے ہیں کہ اگر حضرت عیسیٰ علیہ السلام

Marfat.com

وہلۂ اوّل میں امام بن جائیں گے تو ضرور نفوس میں ایک وسوسہ واقع ہوگا اور کہا جائے گا کہ کیا نائب ہوکر آگے بڑھے ہیں یا نئی شریعت کے ساتھ اترے ہیں۔ پس اسی وسوسہ کے ازالہ کے لئے مقتدی بن کر نماز پڑھیں گے تا کہ شبہ کے غبار سے آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد غلط ثابت نہ ہو جو فرمایا کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ اور اس امت کے ایک مرد کے پیچھے جو زمانۂ قرب قیامت میں ہوگا عیسیٰ علیہ السلام کا نماز پڑھنا ان اقوال صحیحہ کی دلیل ہے جن میں ارشاد ہے کہ زمین کبھی ایسے شخص سے خالی نہ ہوگی جو اللہ کے لئے حجّت کے ساتھ کھڑا ہے۔

امامکم منکم کے دوسرے معنی

اور بعض نے امامکم منکم کے معنی یوں کہے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام قرآن کے ساتھ حکم کریں گے نہ کہ انجیل کے ساتھ۔ جیسے کہ مسلمؒ کی ایک روایت میں ہے۔ ابن ابی ذئب کہتے ہیں کہ اس لفظ کے معنی یہ ہیں کہ تمہارا امام تمہارے رب کی کتاب کے ساتھ ہوگا اور اس معنی کی رو سے نہ معلوم ہوسکا کہ عیسیٰ نزول کے وقت امام ہوگا یا مقتدی، لیکن اس پر احمد اور مسلم کی روایت وارد ہوتی ہے جن میں ایسی صراحت ہے جو قابل تاویل نہیں۔ اور ابوالحسن فرماتے ہیں۔ کیا تو مناقب الشافعی میں نہیں دیکھتا کہ اس معنی کے متعلق اخبار متواترہ ہیں کہ مہدی اسی اُمّت میں سے ہے اور عیسیٰ اس کے پیچھے نماز پڑھے گا جس کو اس نے ابن ماجہ کی اس حدیث کے رد کرنے کے لئے بیان کیا جو حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کوئی مہدی بجز عیسیٰ کے نہیں۔ پس عیسیٰ علیہ السلام اگرچہ امّت محمدیہ ﷺ میں خلیفہ ہوں گے لیکن وہ بدستور رسول اور نبی کریم ہوں گے نہ جیسے کہ بعض کا گمان ہے کہ وہ نبوّت اور رسالت سے الگ ہوکر ایک اُمّتی بن کر اتریں گے۔

حالانکہ یہ شخص اس بات سے جاہل اور ناواقف ہے کہ رسالت اور نبوت کا انفکاک جبکہ موت سے بھی نہیں ہوتا تو اس شخص سے کیسے انفکاک ہوسکتا ہے جو ابھی زندہ ہے۔ ہاں وہ اُمّتِ محمدیہ ﷺ کا فرد ہے۔ جو اپنی نبوت اور رسالت پر بدستور باقی رہے گا

Marfat.com

جیسے کہ قبل اس کے بیان ہوا کہ اس پر ہمارے نبی کا اتباع اور اس کی شریعت کے مطابق حکم کرنا واجب ہے۔ پس اگر تو کہے کہ صحیح مسلم اور بخاری دونوں میں وارد ہے کہ ضرور عنقریب ابن مریم تم میں بصورت حاکم مقسط اور عادل نازل ہوگا اور نیز مسلم میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً ہے کہ دمشق کے مشرقی منارہ بیضاء پر عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کا نزول ہوگا اور صحیحین میں ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام اترے گا اور دجّال کو قتل کرے گا۔ اور پہلی روایت کے بعد ہے کہ صلیب کو توڑے گا اور خنزیر کو قتل کرے گا یعنی دین نصرانیہ کو باطل کرے گا۔

وضع جزیہ کے متعلق بحث

اور طبرانی اوسط میں ابو ہریرہ سے باسناد لا باس بہ ہے کہ خنزیر اور بندر کو قتل کرے گا اور جزیہ اٹھادے گا۔ اور ایک روایت میں لڑائی اٹھادے گا اور صحیحین میں بقیہ حدیث ہے کہ مال بہادے گا یہاں تک کہ کوئی اس کو قبول نہ کرے گا اور اس وقت ایک سجدہ دنیا و مافیہا سے بہتر ہوگا۔ پھر ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے رہے کہ اگر تم اس کا ثبوت چاہتے ہو تو قرآن کی یہ آیت پڑھو کہ کوئی اہل کتاب نہیں جو عیسیٰ پر ایمان نہ لائے گا قبل اس کے کہ عیسیٰ مرے اور عیسیٰ ان پر قیامت کے دن شہادت دے گا۔ حافظ ابن حجر فرماتے ہیں کہ اس حدیث کہ یہ معنی ہیں کہ اس وقت ایک ہی دین ہو جائے گا۔ اور دنیا کے تختہ پر کوئی اہل ذمّہ باقی نہ رہے گا جو جزیہ ادا کرے۔ اور بعض نے اس کے معنی یوں کہے ہیں کہ مال اس قدر زیادہ ہو جائے گا کہ کوئی مصرف جزیہ کا باقی نہ رہے گا پس بوجہ استغناء جزیہ کا لینا ترک کر دیا جائے گا۔ اور قاضی عیاض کا قول ہے کہ محتمل ہے کہ وضع سے مراد تقریر ہو یعنی عیسیٰ کفّار پر بلا محابہ جزیہ معیّن فرمائے گا اور مال کی کثرت اسی سبب سے ہوگی۔ لیکن امام نووی نے اس قول کا پیچھا کر کے اس کو رد کر دیا پس اس کے صحیح معنی یہی ہیں کہ عیسیٰ نہ جزیہ قبول کرے گا اور نہ اسلام کے سوائے کوئی دوسری چیز اور اگر انہوں نے اسلام قبول نہ کیا تو قتل کرے گا۔

Marfat.com

وضع جزیہ کے صحیح معنی

حافظ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ اس معنی کی مؤید امام احمد کی روایت ہے جو دوسرے طریق سے ہے اور دونوں کا دعویٰ واحد ہے اور یہ اگر چہ ہماری شریعت کے موجودہ حکم کے برخلاف ہے کیونکہ کتابی جبکہ جزیہ دینا قبول کرے تو اس کا قبول کر لینا واجب ہے اور قتل جائز نہیں اور نہ اسلام پر زبردستی مجبور کرنا اور ایسی صورت میں عیسیٰ علیہ السلام خلاف حکم موجودہ کرنے میں حاکم شریعت نبی کیونکر رہ سکتے ہیں؟ پس اس کا جواب یہی ہے کہ بلاشک وہ شریعت محمدیہ ﷺ کے مطابق حکم کریں گے جیسے کہ حدیث عبداللہ بن مغفل میں ہے کہ عیسیٰ بن مریم محمد ﷺ کے مصدّق اور ان کی ملّت پر نازل ہوں گے جس کو طبرانی نے روایت کیا اور یہ بالکل مقرر ہے کہ کوئی نبی رسالت مستقلہ اور شریعت ناسخہ کے ساتھ آنحضرت ﷺ کے بعد نہ اترے گا بلکہ اسی امت کے حکّام کی طرح ایک حاکم ہوگا لیکن حکم جزیہ اور اس کے متعلق امر کوئی استمراری حکم نہیں جو قیامت تک ہوگا بلکہ یہ حکم نزول عیسیٰ کے ماقبل تک محدود اور مقیّد ہے۔

پس عیسیٰ اس حکم کا ناسخ نہیں بلکہ خود ہمارے نبی ﷺ ہیں جنہوں نے اس کے ناسخ کا وقت بیان فرما دیا کہ عیسیٰ جزیہ اٹھا دے گا۔ پس معلوم ہو گیا کہ اس وقت جزیہ کا قبول نہ کیا جانا ہمارے ہی نبی ﷺ کی شریعت کے حکم کے مطابق ہے چنانچہ امام نووی نے شرح مسلم میں اس معنی کی طرف اشارہ کر دیا ہے۔ پس اگر تو کہے کہ نزول عیسیٰ علیہ السلام کے وقت قبول جزیہ کے ایک حکم شرعی کے بدل دینے میں کیا حکمت ہے تو اس کا جواب ابن بطّال ابوالحسن علی نے شرح بخاری میں یوں دیا ہے کہ ہم نے اس وقت جزیہ لینا اس لئے قبول کیا ہے کہ ہم مال کے محتاج ہیں اور عیسیٰ کو آسمانوں سے نزول کے وقت مال کی حاجت نہ رہے گی اور ان کے زمانہ میں مال کی اتنی کثرت ہوگی کہ کوئی اسے قبول نہ کرے گا۔ پس عیسیٰ بجز ایمان خدائے واحد یا قتل کے قبول نہ کرے گا۔ انتہی اور شیخ ولی الدین ابن العراقی نے یوں

Marfat.com

جواب دیا ہے کہ اس وقت یہود اور نصاریٰ سے جزیہ اس لئے قبول کیا گیا ہے کہ ان کے ہاتھوں میں توریت اور انجیل کے ہونے اور ان کے زعم میں شرع قدیم کے ساتھ متمسک ہونے کا شبہہ ہے پس جس وقت کہ عیسیٰ علیہ السلام اترے گا اس وقت حصول معائنہ سے یہ شبہہ دور ہو جائے گا اور ان کی حالت وثن پرستوں کی سی ہو جائے گی اور انہیں کی طرح ان کے ساتھ بھی معاملہ کیا جائے گا اور بجز اسلام کے ان سے کوئی شے قبول نہ کی جائے گی اور حکم کا زوال اس کی علّت کے زوال سے ہوتا ہے۔ اور کہا کہ یہ اچھی اور مناسب وجہ ہے جس پر میں نے کسی کو معترض نہ دیکھا اور ابن بطال کے جواب سے بہتر ہے۔ انتہیٰ

عیسیٰ نبی اللہ کے آسمانوں سے اترنے کے اسرار

اور فتح الباری میں ہے کہ علماء کہتے ہیں علی الخصوص عیسیٰ علیہ السلام کے نزول میں حکمت یہی ہے کہ

۱..... یہود کو اپنے اس زعم میں ندامت اور حسرت ہو کہ انہوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کر دیا۔ پس عیسیٰ کے نزول سے اللہ تعالیٰ ظاہر کر دے گا کہ وہ اپنے زعم میں جھوٹے ہیں بلکہ وہ خود عیسیٰ علیہ السلام کے ہاتھ سے قتل ہوں گے۔ یا

۲..... اجل نزدیک ہو جانے سے تا کہ زمین میں دفن کئے جائیں اس لئے کہ جو شے کے مٹّی سے مخلوق ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ مٹّی کے سوائے کسی اور جگہ مرے۔ اور

۳..... بعض کا قول ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام نے محمد اور امّت محمد یہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت دیکھی تو اللہ سے دعا مانگی کہ اے خدا! مجھے بھی اُمت محمد یہ صلی اللہ علیہ وسلم میں سے کر۔ پس اس کی دعا اللہ تعالیٰ نے قبول کر لی اور اس کو زندہ رکھا تا کہ آخر زمانہ میں امر اسلام کا مجدّد ہو کر اترے اس وقت دجّال کو پائے گا اور اس کو قتل کرے گا۔ لیکن وجہ اوّل بہت مناسب ہے۔ اور مسلم میں ابن عمر سے ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد سات برس تک زمین میں اقامت کرے گا۔

Marfat.com

نزول کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قیام میں اختلاف کی توجیہہ

اور نعیم بن حماد نے کتاب الفتن میں ابن عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث سے روایت کی ہے کہ عیسیٰ نزول کے بعد زمین میں نکاح کرے گا اور انیس (۱۹) برس تک اقامت کرے گا۔ اور ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ سے اسناد مبہم سے مروی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام چالیس (۴۰) برس تک اقامت کرے گا۔ جس کو احمد نے روایت کیا اور ابوداؤد نے صحیح اسناد کے ساتھ ابی ہریرہ سے مرفوعاً روایت کیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام دو زرد رنگ کپڑے اوڑھے ہوئے اتریں گے اور صلیب کو توڑیں گے اور خنزیر کو قتل کریں گے اور جزیہ اٹھادیں گے اور لوگوں کو اسلام کی دعوت دیں گے اور اس کے زمانہ میں اللہ تعالیٰ اسلام کے سوا کل ملّتیں نابود کردے گا اور زمین میں ایسا امن ہوگا کہ شیر اور اونٹ مل کر چریں گے اور خُرد سال بچے سانپوں کے ساتھ کھیلیں گے پھر چالیس (۴۰) برس تک زمین میں اقامت کریں گے پھر فوت ہو جائیں گے اور مسلمان ان کے جنازہ کی نماز پڑھیں گے۔ انتہی

ابن کثیر کہتا ہے۔ کہ مسلم کی حدیث اس کی معارض ہے جس میں مذکور ہے کہ عیسیٰ زمین میں سات برس تک اقامت کرے گا۔ ہاں اس صورت میں معارض نہیں جب کہ یہ سات برس نزول کے بعد مدّت اقامت پر محمول ہوں اور قبل از رفع مدّت مکث کے ساتھ منضم کئے جائیں جو کہ بقول مشہور تینتیس برس ہیں۔ چنانچہ شیخ سیوطی رضی اللہ عنہ اپنی کتاب مرقات الصعود میں لکھتے ہیں کہ میں کئی سال تک ان احادیث میں اسی طرح تطبیق کرتا رہا۔ پھر بیہقی کی کتاب ''البعث والنشور'' میں دیکھا کہ اس نے بھی اسی طرح اس حدیث کی نسبت کہا کہ عیسیٰ علیہ السلام زمین میں چالیس برس تک اقامت کریں گے اور قصّہ دجّال کے متعلق مسلم میں عبداللہ بن عمر کی حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو بھیجے گا تاکہ دجّال کی تلاش کر کے اس کو ہلاک کرے۔ پھر اس کے بعد سات برس تک لوگ اس

Marfat.com

طرح مل کر رہیں گے کہ کسی اثنین میں باہم عداوت نہ ہوگی۔ بیہقی نے کہا محتمل ہے کہ بعدہ سے مراد بعد موتہ ہو جو اوّل کے مخالف نہیں۔ انتہیٰ یہ تاویل میرے نزدیک کئی وجوہ سے راجح ہے۔ اوّل اس لئے کہ مسلم کی حدیث مدت لبث عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت نص نہیں اور ابوداؤد کی حدیث اس معنی میں نص صریح ہے۔ دوئم یہ کہ کلمہ ثم اس تاویل کا مؤید ہے اس لئے کہ وہ تراخی کا افادہ کرتا ہے۔ سوم اس لئے کہ بعدہٗ کی ضمیر انسب ہے کہ عیسیٰ کی طرف راجع ہو اس لئے کہ قریب تر مرجع مذکور عیسیٰ ہی ہے۔ چہارم اس لئے کہ اس باب میں اس حدیث محتمل کے سوائے کوئی دوسری حدیث وارد نہیں ہوئی حالانکہ چالیس (۴۰) برس کی مدت اقامت کئی حدیثوں میں مختلف طریقوں سے مذکور ہے پس ابوداؤد کی حدیث ہی صحیح ہے۔ اور یہ متعدد اور صریح حدیثیں مسلم کی واحد اور محتمل حدیث سے اولیٰ ہیں۔ انتہیٰ

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کس عمر میں مرفوع ہوئے؟

اور حدیث رفع کہ عیسیٰ علیہ السلام تینتیس برس کی عمر میں مرفوع ہوئے۔ اس کا نصاریٰ سے مروی ہونا اسی معنی کا مؤید ہے۔ چنانچہ حاکم کے نزدیک وہب ابن منبہ سے مروی ہے کہ اس نے کہا نصاری کا زعم ہے کہ عیسیٰ تینتیس برس کی عمر میں مرفوع ہوا اور اس کے راویوں میں عبدالمنعم بن ادریس ہے جو متہم بالکذب ہے اور اگر صحیح بھی فرض کی جائے تو وہ نصاریٰ کا زعم ہے کیونکہ جو امر کہ احادیث نبویہ میں ثابت ہے وہ یہ ہے کہ عیسیٰ ایک سو بیس (۱۲۰) برس کی عمر میں مرفوع ہوا۔ چنانچہ طبرانی اور حاکم نے مستدرک میں عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے مرض موت میں فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے فرمایا کہ جبریل ہر سال ایک دفعہ میرے ساتھ قرآن کا تکرار کیا کرتا تھا اور اس سال اس نے دو دفعہ دور کیا ہے اور اس نے مجھے اطلاع دی ہے کہ ہر نبی اپنے ماقبل نبی سے نصف زمانہ زندہ رہا اور عیسیٰ بن

لہ اس کی تردید ان شاء اللہ عنقریب آتی ہے۔ ۱۲

Marfat.com

مریم ایک سوبیس (۱۲۰) برس زندہ رہا اور بجز اس کے نہیں کہ میں ساٹھ (۶۰) برس کے سرے پر رخصت ہونے والا ہوں۔ اس حدیث کے راوی ثقہ ہیں اور کئی طریق سے مروی ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مدفن مدینہ منوّرہ میں ہوگا

اور ابن عساکر کا بیان ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کی وفات مدینہ منورہ میں ہوگی اور وہیں اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے گی اور حجرۂ نبوی میں دفن کیا جائے گا۔ چنانچہ ترمذی نے عبداللہ بن سلام سے روایت کی کہ توریت میں محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت اور عیسیٰ بن مریم کا ان کے ساتھ دفن کیا جانا لکھا ہوا ہے۔ اور حافظ علیہ الرحمۃ نے دوسری جگہ تصریح کردی کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ اٹھائے گئے اور کہا کہ یہی صحیح ہے۔ لیکن حضرت ادریس علیہ السلام کا زندہ اٹھایا جانا بطریق مرفوع اور قوی ثابت نہیں ہوا۔ انتہی ملخصاً

ان صحابہ اور تابعین اور ائمہ کے نام جن کا مذہب ہے کہ عیسیٰ زندہ ہے اور وہ آسمان سے اترے گا

پس ہمارے ان تمام بیانات سے ظاہر ہے کہ کل محدثین اور ائمہ مذاہب اربعہ اور اصحاب روایت و درایت اور صحابہ کرام جیسے حضرت عمر اور ابن عمر اور حضرت ابن عباس اور حضرت علی اور عبداللہ ابن مسعود اور ابی ہریرہ اور عبداللہ بن سلام اور ربیع اور انس اور کعب اور حضرت ابوبکر الصدیق جیسے کہ ان کا قول اپنے مقام پر آئے گا اور جابر اور ثوبان اور حضرت عائشہ اور تمیم داری رضوان اللہ علیہم اجمعین وغیرہ اور بخاری اور مسلم اور ترمذی اور نسائی اور ابوداؤد اور بیہقی اور طبرانی اور عبد بن حمید اور ابن ابی شیبہ اور حاکم اور ابن جریر اور ابن حبّان اور امام احمد اور ابن ابی حاتم اور عبدالرزاق اور قتادہ اور سعید بن منصور اور ابن عساکر اور اسحٰق بن بشر اور ابن ماجہ اور ابن مردویہ اور بزاز اور شرح السنۃ اور ابونعیم اور شیخ سیوطی اور علامہ ذہبی اور ابن حجر عسقلانی اور قسطلانی اور امام ابوحنیفہ اور کل ائمہ شوافع اور مالکیہ اور صوفیہ اور تابعین

Marfat.com

جیسے ابن سیرین اور شوکانی اور ابن قیم وغیرہ کا اس پر اجماع ہے کہ عیسیٰ نبی اللہ علیہ السلام زندہ آسمانوں پر اٹھائے گئے اور قبل از قیامت آسمانوں سے اتریں گے۔

اور شیخ سیوطی نے کتاب الاعلام میں تصریح کردی کہ انه یحکم بشرع نبیّنا ووردت به الاحادیث وانعقد علیه الاجماع (کتاب الاعلام للسیوطی رحمۃ اللہ علیہ) وقد تواترت الاحادیث بنزول عیسٰی جسماً اوضح ذٰلک الشوکانی فی مؤلف مستقل یتضمن ذکر ماورد فی المنتظر والدجال والمسیح وغیره فی غیره وصح الطبری هذا القول ووردت بذٰلک الاحادیث المتواترة. (فتح البیان) عیسیٰ نبی اللہ جو بعد از نزول آسمانوں سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے مطابق حکم کرے گا۔ اس پر اجماع اُمت ہے جیسے کہ ہم نے اوپر بعض کی عبارات بعینہا نقل کردی ہیں۔

قادیانی کا جھوٹا دعویٰ کہ عیسیٰ علیہ السلام کے مرجانے پر اجماع اُمّت ہے

پس نہایت تعجب اور حیرت کی بات ہے جو قادیانی صاحب نے اپنے مکتوب عربی کے صفحہ ۱۱۱ سے صفحہ ۱۵۱ تک متعدد مقامات میں تصریح کردی۔ وکذٰلک ذهب الیه کثیر من الاکابر والائمة وماجاء لفظ رجوع المسیح فی بناء خیر البریّة (ص۱۱۱) وماجاء لفظ النزول من السماء فی الحدیث (ص۱۲۹) ولاجل ذٰلک ذهب الائمة الاتقیاء الی موت عیسٰی وقالوا انه مات ولحق الموتی کما هو مذهب مالک وابن حزم والامام البخاری وغیرذٰلک من اکابر المحدثین وعلیه اتفق جمیع اکابر المعتزلین وبعض کرام الاولیاء واعلم ان الاجماع لیس علی حیاته بل نحن احق ان ندعی الاجماع علی مماته (ص۱۳۲) وان الصحابة والتابعین و الائمة الاتون بعدهم ذهبوا الی موت عیسٰی ثم لایمکن لاحد ان یاتی باثر من الصحابة او حدیث من خیر البریة فی تفسیر لفظ التوفی بغیر

Marfat.com

معنی الامانة ابدا ولوماتوا بالحسرة (ص۱۳۳) اماتری کیف تنحتوا من عند انفسهم نزولالمسیح من السماء ولن تجد لفظ السماء فی ملفوظات خیرالانبیاء ولافی کلم الاولین (ص۱۴۸) ولاتجدون لفظ الرجوع فی کلم سیّد الرسل وافضل الانبیاء ألهتم بهذا اوتنحتون لفظ الرجوع من عند انفسکم کالخائنین (ص۱۵۱مکتوب قادیانی) اکثر اکابر امت اور ائمہ مسیح کے مرجانے کے قائل ہیں اور اس کی حیات پر اجماع نہیں بلکہ اس کی موت پر اجماع ہے۔ اور صحابہ اور تابعین اور ائمہ تبع تابعین اس کی موت کے قائل ہیں اور یہی مذہب مالک اور ابن حزم اور امام بخاری وغیرہ اکابر محدثین کا ہے اور اسی پر اتفاق اکابر معتزلہ اور بعض اولیاء کرام کا ہے اور رجوع کالفظ کسی حدیث نبوی میں نہیں آیا اور آسمان سے نزول کا لفظ بھی نہ کسی حدیث میں آیا اور نہ متقدمین کے ملفوظات اور کلمات میں۔ کیا تم ان الفاظ کو خائنوں کی طرح اپنے دل سے تراشتے ہو؟ اور تم ہرگز ان الفاظ کو رسول کریم اور متقدمین کے کلام میں یاتوفّی کے لفظ کو غیر معنی موت میں نہ پاسکو گے اگرچہ حسرت اور ندامت کے ساتھ مرنا چاہو۔

احادیث میں نزول، رجوع، رفع الی السماء، ہبوط نبی اللہ، آئندہ مرے گا، صحابی رسول اللہ حج کرے گا، رسول اللہ ﷺ کی قبر پر ٹھہرے گا، رسول اللہ ﷺ اس کے سلام کا جواب دیں گے

حالانکہ خود ابن عباس کی حدیث میں آسمان سے نزول ہونے کا لفظ موجود ہے اور اسی طرح فقہ اکبر میں امام ابوحنیفہ کوفی رضی اللہ عنہ کے قول میں آسمان سے نزول کا لفظ موجود ہے۔ اور در منثور میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ کی حدیث میں لفظ راجع الیکم مذکور ہے اور صحیح نسائی میں رفع الی السماء کا لفظ بروایت ابن عبّاس اور ابی ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی حدیث میں جس کو ابن عساکر نے روایت کیا۔ لیهبطن عیسیٰ بن مریم حکماً عدلاً و اماماً

Marfat.com

مقسطاً فليسلكن فجّ الروحاء حاجّا اومعتمرا وليتقفن على قبرى ليسلمنّ علىّ ولاردّن عليه. (ازابی ہریرہ) لفظ ليهبطن عيسٰى بن مريم حكماً عدلاً واقع ہے جو بلندی سے پستی کی طرف اترنے کے لئے مخصوص ہے۔ اور ربیع کی حدیث میں آنحضرت ﷺ نے فرمادیا کہ عیسیٰ علیہ السلام پر آئندہ موت آئے گی۔ اور مسلم کی حدیث میں عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ وصف نبی اللہ مذکور ہے۔ اور علاّمہ ذہبی نے تصریح کردی ہے کہ عیسیٰ نبی اللہ نبی بھی ہے اور صحابی بھی۔ کیونکہ شبِ اسراء میں انہوں نے آنحضرت ﷺ کو دیکھا۔ اور علاّمہ زرقانی مالکی اور ابن حجر وغیرہ نے ابن عساکر کی حدیث سے ثابت کردکھایا ہے کہ عیسیٰ نے شب اسراء کے علاوہ کئی بار آنحضرت ﷺ سے بالمشافہ مصافحہ اور ملاقات کی اور صحابہ کرام نے ان کو بچشم خود دیکھا۔

زریت بن برثملا وصّی عیسیٰ علیہ السلام کا انتظار عیسیٰ میں اب تک کوہ حلوان میں زندہ موجود ہونا

بلکہ زرّیت بن برثملا وصیّ عیسیٰ علیہ السلام نے جواب تک کوہ حلوان میں زندہ موجود ہیں انہوں نے نصلہ بن معاویہ کو آسمان سے نزول عیسیٰ علیہ السلام کی اطلاع دی۔ ازالۃ الخفا مکاشفات امیر المومنین عمر بن الخطاب میں بروایت ابن عبّاس ہے۔ وروی (ای ابن عبّاس) ان عمر رضی اللہ عنہ كتب الى سعد بن ابى وقاص وهو بالقادسية يقول له وجّه نضلة بن معاوية الا نصارى الى حلوان العراق ليغيروا على ضواحيها فبعث سعد نضلة فى ثلث مائة فارس فخرجوا حتى اتوا حُلوان العراق فاغاروا على ضواحيها واصابوا غنيمة وسبيا فاقبلوا ليسوقونها حتى ارهقهم العصر و كادت الشمس تغرب فالجاء نضلة والسبى والغنيمة الى صفح جبل ثم قام فاذّن فقال اللّٰه اكبر اللّٰه اكبر فاذا مجيب من الجبل

Marfat.com

میں سکونت رکھتے ہیں۔اسی طرح لغت لخم اور لغت خذام سے استدلال نہ کیا گیا۔ کیونکہ وہ اہل مصر سے مجاورت رکھتی ہیں اور قبائل قبط اور قضاعۃ اور غسان اور ایاد کے لغت سے اس لئے استدلال نہ کیا گیا کہ وہ اہل شام سے مجاورت رکھتے ہیں اور اکثر ان کے نصاریٰ میں سے ہیں جو اپنی نماز میں غیر عربی الفاظ سے قرأت کرتے ہیں اور نہ تغلب اور مہرہ کے لغت سے جو یونان سے مجاورت رکھتے ہیں اور نہ بکر کے لغت سے جو قبط اور فارس کی مجاورت رکھتے ہیں اور نہ عبدالقیس کے لغت سے جو ساکنین بحرین اور اہل ہند اور حبشہ سے مخالطت رکھتے ہیں اور نہ بنی حنیفہ اور سکّان یمامہ اور ثقیف اور سکّان طائف کے لغت سے اس لئے کہ ان کو ان لوگوں سے مخالطت رہی جو تجارت کے لئے غیر عرب سے آکر ان کے پاس مقیم رہتے ہیں۔اور شعراء میں سے صرف جاہلیوں جیسے امراء القیس اور مخضرمیوں جن کو دونوں دولتیں نصیب ہوئیں اور اسلامیوں جو صدر اسلام میں ہوئے جیسے جریر اور فرزدق وغیرہ کے نظم ونثر سے استدلال کیا اور مولدوں جیسے بشار اور محدثوں جیسے ابی تمام اور بحتری اور متاخرین جیسے شعراء حجاز اور عراق ان تینوں کے نظم ونثر سے بالاتفاق استدلال نہ کیا اور اسی وجہ سے متنبّی اور ابی تمام اور بحتری کے اشعار میں ان کے دیوانوں کی شروح میں تخطیہ کیا گیا اور اسی تفصیل سے قواعد نحویہ کے ثبوت میں استدلال کیا گیا۔پس ان کے اور بجز کلام اللہ کے کسی کے قول کو کلام اللہ کے لغات پر بطور استدلال پیش نہیں کیا جاتا۔اور اسی وجہ سے آنحضرت ﷺ کی احادیث مرویہ سے قواعد نحویہ کے اثبات میں استدلال کرنا جائز نہ رکھا گیا کیونکہ ان کے حاملین غیر عرب ہوئے۔اور بجز چند احادیث کے کوئی حدیث بھی بلفظ رسول اللہ ﷺ مروی نہ ہوئی جس کو لغت عرب کے اثبات میں استدال کے طریق پر پیش کیا جاسکے جیسا کہ طریق اوّل میں بیان ہوا۔

حضرت شاہ ولی اللہ، حجۃ اللہ البالغہ کے باب ۷۷ میں آنحضرت ﷺ سے اخذ حدیث کی کیفیت میں لکھتے ہیں۔واعلم ان تلقی الامة منه الشرع علی وجهین

Marfat.com

احدهما تلقی الظاهر ولابد ان یکون بنقل امامتواتر وغیرمتواتر والمتواتر منه لفظا کالقراٰن العظیم وکنبذ یسیرمن الاحادیث منها قوله ﷺ انکم سترون ربکم (الحدیث)۔امت محمدیہ نے آنحضرت ﷺ سے دوطرح تلقی کی۔ایک تو تلقی ظاہر ہے جس کی نقل لفظا بطریق تواتر ہو جیسے قرآن عظیم اور جیسے بہت تھوڑی حدیثیں جن میں سے ایک حدیث جس کے الفاظ یہ ہیں کہ اِنّکم سَتَرونَ رَبَّکُمْ کَمَا تَرَونَ هٰذا القَمر (الحدیث)۔پس اس تمام بیان سے واضح ہے کہ قرآن مجید کے الفاظ کے اطلاق کے لئے ان خالص اعراب کی لغت سے استدلال ہوسکتا ہے جن کی زبان میں کسی قسم کا شائبہ نہ ہو اور غیر عرب کی احادیث مرویہ جو آنحضرت ﷺ کی طرف معنئ منسوب ہیں وہ لغتِ قرآن کی کبھی مفسّر نہیں ہوسکتیں۔

کلام اللہ کے معنی سمجھنے کے لئے صرف ونحو کی طرح معرفت لغت عرب واجب ہے

پس بقول صاحب محصول کلام اللہ کے معنی سمجھنے کے لئے جیسے کہ نحو وصرف کی معرفت واجب ہے اسی طرح لُغاتِ عرب کی معرفت واجب اور فرض کفایہ ہے۔چنانچہ اسی وجہ سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لحن یعنی لغت عرب کے تعلّم کے لئے امر کیا۔(دیکھو شفا صفحہ ۱۹۴) لہٰذا ہم اوّلاً لفظ توفّی کے اشتقاق صغیر وکبیر اور حسب لُغاتِ عرب اس کے استعمالات کے شواہد بیان کرتے ہیں جو اہل لغات نے ان کو اپنی کتابوں میں لکھا۔

توفّی کے معانی

پس معلوم کرنا چاہیے کہ توفّی کا مشتق منہ وَفْیٌ ہے یعنی وَفَ یٌ اور یہ مادّہ اپنی ہیئت شخصی اور صنفی یعنی صیغہ ہائے مجرد اور مزید میں از روئے استقراء افادہ معنی تمام وکمال میں علی قدر المشترک کبھی قاصر نہ رہا۔پس وفا کا صیغہ اپنی ہیئت شخصیہ کے اعتبار سے کئی

Marfat.com

معنوں میں مستعمل ہوا جن کے بعض حسب ذیل ہیں۔

۱.....قول میں پورا نکلنا۔ چنانچہ لسان العرب میں ہے۔ وفی فلان ای تم لناقوله ولم یعذر۔

۲.....خُلق شریف اور عالی اور رفیع۔ جیسے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرب کے اس قول سے استنباط کیا۔ الزم الوفاء ای الخلق الشریف العالی الرفیع من قولهم وفی الشعر فهو وافٍ اذازاد۔

۳.....بڑھنا اور زیادہ ہوجانا۔ جیسے وفی الشعر فهو وافٍ اذازاد یعنی بال بڑھ گئے۔

۴.....درازیٔ عمر۔ چنانچہ دعا کے وقت کہا جاتا ہے۔ مات فلان وانت بوفاء ای بطول عمر تدعو له بذٰلک۔ اور یہی معنی ابن عربی سے منقول ہیں۔

۵.....بلندی اور بلندی پر چڑھنا۔ محیط المحیط میں ہے۔ الوفی الشرف عن الارض۔ لسان العرب میں ہے۔ اوفی اشرف واٰتی وقوله ای کلما اشرفت علی مرباً من الارض۔ صراح میں ہے۔ واوفی علیه ای اشرف۔

۶.....مجازی طور پر معنی موت۔ تاج العروس شرح قاموس میں ہے۔ ومن المجاز ادرکته الوفاة ای الموت والمنیة و توفی فلان اذا مات۔

اور یہ صیغہ اپنی ہیئت صنفیہ کے اعتبار سے اکثر حسب ذیل معنوں میں مستعمل ہوا۔

باب افعال

۱.....پورا کر کے لینا ایک چیز کا۔ لسان العرب میں ہے۔ اوفی الرجل حقه ووفّاه ایاه بمعنی اکمله لهو اعطاه وافیاً وتوفّاه هو۔

باب تفعیل

۱.....پورا کر کے دینا۔ جیسے وفّاه ایاه ای اعطاه وافیاً وفی التنزیل العزیز ووجد اللّٰه عنده فوفّاه حسابه وتوفّاه هو منه واستوفاه لم یدع منه شیئا۔

Marfat.com

باب تفعل واستفعال

۱.....ایک چیز کو بالتمام پکڑنا۔لسان العرب میں ہے۔توفّیت المال منه واستوفیته اذا اخذته کله۔

۲.....پوری گنتی کرنا۔لسان العرب میں ہے۔توفّیت عدد القوم اذا عددتهم کلهم ومن ذلک قوله عزوجل اللّٰه یتوفی الانفس حین موتها ای یستوفی مدد اٰجالهم فی الدنیا وقیل یستوفی تمام عددهم الٰی یوم القیامة واما توفی النائم فهو استیفاء وقت عقله وتمییزه الی ان نام۔ اورصاحب تاج العروس نے اس کی شہادت میں کہا۔وانشد ابو عبیدة لمنظور الویری العنبری،

ان بنی الادرد لیسوا من احد

ولاتوفاهم قریش فی العدد

ای لا تجعلهم قریش تمام عددهم ولاتستوفی بهم عددهم

۳.....سوال کرنا۔لسان العرب میں ہے۔قال الزجاج فی قوله تعالی حتی اذا جاء تهم رسلنا یتوفونهم ای سالوهم ملائکة الموت عند المعائنة فیعترفون عند موتهم انهم کانوا کافرین۔

۴.....عذاب دینا۔ قال الزجاج ویجوز ان یکون حتی اذاجاء تهم ملائکة العذاب یتوفونهم عذابا وهذا کما تقول قد قتلت فلانا بالعذاب وان لم یمت ودلیل هذا القول قوله تعالی ویاتیه الموت من کل مکان وما هو بمیّت۔

۵.....سلانا۔قرآن کریم اورابونواس کے اس شعر سے توفّی کے معنی سلانا باوجود یکہ فاعل خدااورمفعول ذوی الروح بلکہ خودروح بھی ہے۔جیسے کہ ابونواس نے کہا۔

فلما توفاه رسول الکریٰ

و دبت العینان فی الجفن

Marfat.com

اوراسی معنی میں ہے هو الذی یتوفکم باللیل ویعلم ماجرحتم بالنهار ثم یبعثکم فیه لیقضٰی اجل مُسمّٰی۔ مجمع البحار میں ہے۔ ای ینومکم پس اس آیت کریمہ میں فاعل اللہ ہے اور مفعول ذوی الروح انسان لیکن معنی موت ہرگز مقصود نہیں۔ اور اسی طرح آیت اللّٰه یتوفی الانفس حین موتها والّتی لم تمت فی منامها فیمسک التی قضٰی علیها الموت ویرسل الاخری الی اجل مسمّٰی (زمر۲۴) اوراس آیت کریمہ نے قطعاً فرق کردیا کہ توفّٰی اور چیز ہے اور موت اور چیز۔ اوراسی طرح نیند ایک تیسری چیز ہے۔

۶.....مجازاً میّت پر بعد تحقق موت۔ چنانچہ تاج العروس میں ہے۔ ومن المجاز ادرکته الوفاة ای الموت والمنیة وتوفی فلان اذامات توفّاه اللّٰه عزوجل اذا قبض نفسه وفی الصحاح روحه۔ یعنی توفّٰی کا اطلاق اس شخص پر مجازاً بمعنی موت ہوتا ہے جس کی موت متحقق ہوگئی ہو اور اس کا نفس قبض ہو چکا ہو۔ اور مجمع البحار میں ہے۔ وقد یکون الوفاة قبضاً لیس بموت چنانچہ یہی معنی سورۂ انعام اور زمر کی آیات سے ظاہر ہیں کہ قبض نفس مستلزم موت نہیں۔

توفّٰی کے معنی استیفاء عمر حدیث نبوی میں

۷.....استیفاء عمر۔ جیسے مجمع البحار میں ہے۔ متوفّیک ای مستوفیک کونک فی الارض۔ تکملۂ مجمع البحار میں ہے۔ توفّٰی اصحابه الذین اکلوا من الشاة ظاهره لایلائم ماروی انه لم یصب احدامنهم شئ۔ پس اس حدیث میں توفّٰی کے معنی موت نہیں بلکہ اکمالِ عمر ہے۔ پس ان تمام شواہد سے ظاہر ہے کہ مادّۂ وَفٰی اپنی ہیئت شخصیہ اور صنفیہ کے ساتھ کبھی تو لغات عرب میں درازیٔ عمر کے معنی میں مستعمل ہوا اور کبھی بلندی اور بلندی پر چڑھنے کے معنی میں اور کبھی پورا گننے اور پورا لینے اور پورا دینے اور کبھی اکمال عمر اور اتمام مدّت کے معنی میں اور کبھی مجرد سوال اور مجرد عذاب کے معنی میں اور کبھی مجرد قبض

Marfat.com

اور اتمام اخذ کے معنی میں اور کبھی سلانے اور کبھی مجازاً معنی موت میں اور کبھی رفع بلاموت کے معنی میں۔ چنانچہ یہاں اسی اخیر معنی کی طرف امام فخر الدین الرازی نے اپنی تفسیر میں صحت کی نسبت کر کے کہا۔ انی متوفیک التوفی اخذ الشئ وافیا ولما علم اللّٰہ ان من الناس من یخطر بباله ان الذی رفعه اللّٰہ هو روحه لاجسده ذکرهذا الکلام لبدل علٰی انه علیه الصلوٰة والسلام رفع بتمامه الی السماء بروحه وبجسده ویدل علٰی صحة هذا التاویل قوله تعالٰی وما یضرونک من شئ فان قیل فعلی هذا الوجه کان التوفی عین الرفع الیه فیصیر قوله ورافعک الیّ تکرارا قلنا قوله انی متوفیک یدل علی حصول التوفی وهو جنس تحته انواع بعضها بالموت وبعضها بالاصعاد الی السماء فلما قال بعده رافعک الیّ کان هذا تعیینا للنوع ولم یکن تکراراً (تفسیر کبیر) وقال ابن جریر توفیه هو امنته (ابن کثیر) توفّٰی کے حقیقی معنی تو ایک شے کا پورا پکڑنا ہے اور اس لفظ کا استعمال حق تعالیٰ نے اس مقام پر اس لئے کیا تا کہ جن لوگوں کے دل میں یہ خطرہ گذرے کہ مرفوع فقط روح ہوئی نہ جسم سمیت۔ ان کو معلوم ہو جائے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بتمامہ یعنی روح مع الجسد مرفوع ہوئے اور اس کی صحت پر دوسری آیت پیش کی یعنی وما یضرونک من شئ اور بصورت جواب وسوال کہا کہ اگر کوئی یہ کہے کہ اس صورت میں توفّٰی عین الرفع ہو جانے سے تکرار لازم آئے گا تو ہم اس کے جواب میں کہیں گے کہ انی متوفیک حصول توفّٰی پر دلالت کرتا ہے اور توفّٰی ایک معنی جنسی ہے جس کے تحت میں کئی انواع ہیں۔ بعض توفّٰی موت سے ہوتی ہے اور بعض آسمان پر اٹھالے جانے سے اور جب اس توفّٰی کے بعد رافعک کہا تو توفّٰی اپنے نوعی معنی میں متعین ہو گیا اور تکرار جاتا رہا اور ابن جریر نے تصریح کر دی کہ توفّٰی عیسیٰ کی رفع ہے۔

Marfat.com

توفّی کے معنی میں قادیانی کے الہامات کا تخالف اور ثبوت معنی رفع اور کمال

اور طرفہ امر یہ ہے کہ قادیانی صاحب نے براہین احمدیہ کے صفحہ ۵۱۹ میں توفّی کے معنی اپنی الہامی عبارت میں موت نہ لکھے بلکہ لکھا کہ انی متوفیک میں تجھ کو پوری نعمت دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا۔ اور صفحہ ۵۵۷ میں اسی توفّی کے معنی الہامی عبارت میں یوں لکھے یا عیسٰی انی متوفیک ورافعک الی یعنی اے عیسٰی میں تجھے کامل اجر بخشوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا یعنی رفع درجات کروں گا یا وفات دوں گا اور دنیا سے اپنی طرف اٹھاؤنگا۔ مگر یاد رہے کہ قبل اس کے قادیانی صاحب اسی کتاب کے صفحہ ۴۹۸ اور ۵۰۴ میں حضرت مسیح علیہ السلام کے دوبارہ اس دنیا میں تشریف لانے اور نہایت جلالت کے ساتھ دنیا پر اترنے کا الہامی وعدہ تحریر کر چکے ہیں جو ہم نے قبل ازیں اوّل کتاب میں نقل کر دیا ہے پس جبکہ خود ان کے بیانات اور الہامات میں تناقض ان کے دعاوی کی تکذیب علی رؤس الاشہاد کر رہا ہے تو اب ہمیں ضرورت نہیں رہی کہ اس حرف سیاہ کیلئے اپنے قلم کو آلودہ کریں مگر مقام حیرت ان کا یہ دعویٰ ہے جو انہوں نے قرآن کریم کی طرف نسبت کر کے کہا کہ یہ لفظ توفّی تئیس (۲۳) جگہ قرآن میں لکھا گیا ہے اور ہر ایک جگہ موت اور قبض روح کے معنوں میں استعمال کیا گیا ہے۔ اور ایک بھی ایسا مقام نہیں جس میں توفّی کا لفظ کسی اور معنی پر استعمال کیا گیا ہو اور ایسا ہی عرب کے قدیم وجدید اشعار وقصاید کا تتبّع کیا گیا تو یہ ثابت ہوا کہ جہاں جہاں توفّی کے لفظ کا ذوی الروح سے یعنی انسانوں سے تعلق ہے اور فاعل اللہ جل جلالہ کو ٹھہرایا گیا ہے ایسا ہی لغات کی کتابوں صراح وقاموس وغیرہ پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوا۔ اور ایسا ہی صحاح ستہ کے علاوہ اور کتابوں کے صفحات دیکھنے سے معلوم ہوا۔ حالانکہ ہم قرآن وسنّت کے الفاظ سے اور نیز کتب لغت کے بیانات سے ثابت کر چکے ہیں کہ توفّی کے حقیقی معنی موت نہیں ہیں بلکہ توفّی کے یہ معنی قرین قطعی کے موجود ہونے کے

Marfat.com

وقت مراد ہوتے ہیں اور متحقق الموت اشخاص پر اس کا اطلاق کیا جاتا ہے تا کہ ارواح کی بقا پر دلالت کرے اور اسی قسم کا اطلاق احادیث کی کتابوں میں متحقق الموت اشخاص پر ہوا۔ معہذا سورۂ انعام اور سورۂ زمر کی ہر دو آیات جن میں فاعل اللہ جل جلالہ ہے اور مفعول ذوی الروح شاہد عادل ہیں کہ توفّٰی کے معنی موت نہیں بلکہ اخذ اور استیفاء ہیں۔ کیونکہ آخر الذکر آیتِ کریمہ میں فعل توفّٰی کا تعلق وقوعی نفس کے ساتھ ہوا ہے۔ پس اگر توفّٰی کے معنی موت ہوں تو اس سے نفوس اور ارواح کی موت لازم آئے گی جو بالکل متصادم اور مناقض امر نبوّت ہے کیونکہ روحوں کا ابدی ہونا لسان شرع سے ثابت ہے اور اسی پر حشر ونشر اور نار وجنت کی سزا و جزا کا دارومدار ہے۔ ہاں لفظ موت جو انفس کی طرف مضاف ہے مریض دل والوں کے لئے موجب اشتباہ ہے مگر یاد رکھنا چاہیے کہ یہ لفظ اس مقام پر صرف اپنی اصطلاحی اور عرفی اور رسمی معنی ہدم وطن مالوف اور تخریب بنائے معمور میں مستعمل ہے نہ کہ ذاتِ انفس کے لئے تخریب اور ہدم پر دلالت کرتا ہے چنانچہ ہمارے سارے بیانات کی صداقت حضرت ابن عباس وغیرہ رضی اللہ عنہم کے قول سے تقویت پاتی ہے جو بیضاوی اور خازن وغیرہ میں منقول ہے۔ **عن ابن عبّاس** رضی اللّٰہ تعالٰی عنہما **فی ابن اٰدم نفس وروح بینهما شعاع مثل شعاع الشمس فالنفس هی الّتی بها العقل والتمییز والروح هی الّتی بها النفس والتحرک فاذا نام العبد قبض اللّٰه نفسه ولم یقبض روحه وعن علی** رضی اللہ عنہ **قال یخرج الروح عند النوم ویبقی شعاعها فی الجسد فبذٰلک یری الرؤیا فاذا انتبه من النوم عاد الروح الی جسده باسرع من لحظة وعنه مارأت نفس النائم فی السماء فهی الرؤیا الصادقة ومارأت بعد الارسال فیلقها الشیطان فهی کاذبة وعن سعید بن جبیران ارواح الاحیاء وارواح الاموات تلتقی فی المنام فیتعارف منها**

Marfat.com

ماشاء اللّٰہ ان یتعارف فیمسک التی قضی علیھا الموت ویرسل الاخری الی اجسادھا الی انقضاء مدۃ حیاتھا (خازن، مدارک، بیضاوی) کہ ابن آدم میں ایک نفس اور ایک روح ہے اور ان میں شعاع آفتاب کی طرح تعلق شعاعی ہے پس نفس وہ ہے جس سے عقل اور تمیز حاصل ہے اور روح وہ ہے جس سے تنفس اور تحرک ہوتا ہے پس آدمی جب سوتا ہے اس وقت اللہ تعالیٰ اس کے نفس کو قبض کر لیتا ہے اور اس کی روح کو قبض نہیں کرتا۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نیند کے وقت روح بدن سے نکل جاتی ہے اور اس کی شعاع جسم میں باقی رہتی ہے اور اسی سے خواب دیکھتا ہے اور جس وقت کہ نیند سے ہوشیار ہوتا ہے تو روح ایک لحظہ سے بھی کم میں سرعت کے ساتھ عود کر آتی ہے اور سوئے ہوئے کا نفس جو شے کہ آسمانوں میں دیکھتا ہے وہ سچا خواب ہے اور جو ارسال بعد دیکھتا ہے اس میں شیطان کی تلقین ہونے سے سچائی نہیں رہتی اور سعید بن جبیر کا قول ہے کہ نیند میں زندوں اور مردوں کی روحیں باہم ملاقات کرتی ہیں اور حسب مشیّت ایزدی ان میں پہچان ہوتی ہے اور موت والی روح عود نہیں کرتی اور نیند والی روح اپنے بدن کی طرف واپس آجاتی ہے یہاں تک کہ اس کی مدّت حیات ختم نہ ہو لے۔

قرآن کریم کی متعدد آیات میں توفّی کے معنی حقیقی

اور اگر ان معانی کو جن میں توفّی کا استعمال لسان العرب میں ہوا زیر نظر رکھ کر کلام اللہ کے ان تیئیسوں مقامات میں ذرا بھی غور کیا جائے تو روشن دلوں پر ظاہر ہو جائے گا کہ ان سب مقامات میں لفظ توفّی ان معانی کو ہم آغوش کرنے کے لئے بالکل آمادہ ہے۔ مثلاً سورۂ نساء میں ا..... **ثم یتوفّھنّ الموت** ظاہر ہے کہ یہاں توفّی کے معنی موت نہیں۔ بیضاوی میں ہے ای یستوفی ارواحھن الموت پس یہاں توفّی بمعنی استیفاء ہوئی۔

اور اسی طرح سورۂ آلِ عمران میں ۲..... **وتوفّنا مع الابرار**۔ بیضاوی میں ہے۔ ای

Marfat.com

مخصوصین بمحبتھم معہ وفی دین زمرتھم۔ پس یہاں توفّی کے معنی عملاً موت نہیں بلکہ گنتی اور شمار کے معنی مراد ہیں یعنی اللہ کے یاد کرنے والے بندے ہر وقت اللہ سے دعائیں مانگتے ہیں کہ اے رب ہم کو پاک لوگوں کی صحبت میں رکھ اور انہیں کے زمرہ میں محسوب کر۔

اور ایسا ہی ۳.....انّ الذین توفّٰھم الملائکۃ۔ بیضاوی میں ہے۔وقرء نوفّاھم علی مضارع وفّیت بمعنی ان اللّٰہ یوفّی الملائکۃ انفسھم فیتوفّونھا ای یمکنھم من استیفائھا فیستوفونھا۔پس یہاں بھی توفّی بمعنی استیفاء ہے۔

۴.....اور ایسا ہی سورۂ یوسف میں حضرت یوسف علیہ السلام کا دعا مانگنا توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔ بیضاوی میں ہے۔ ای اقبضنی پس بقول بیضاوی یہاں توفّی بمعنی قبض ہے لیکن معنی استیفاء عمر بھی بالکل مطابق ہیں۔

۵.....اور ایسا ہی دوسری آیات میں لفظ توفّی ہرگز معنی موت میں حقیقی طور سے منصوص نہیں ہے اور شعراء جاہلیت جیسے منظور و بری اور ابی نواس کے محاورات نے بھی ثابت کر دیا کہ توفّی معنی موت کیے لئے موضوع نہیں۔اور ایک حدیث میں جس کو صاحب تکملہ مجمع البحار نے نقل کیا ہے توفّی بمعنی موت مستعمل نہ ہوئی بلکہ بمعنی اکمالِ عمر مستعمل ہوئی۔اور یہ تو ہم بسط کے ساتھ ثابت کر چکے ہیں کہ بہت کم اور معدودے چند احادیث ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے الفاظ میں مروی ہوئیں۔پس اوّل قادیانی صاحب کو لازم ہے کہ امت کے علماء کے قول سے ثابت کریں کہ جن احادیث میں لفظ توفّی مستعمل ہوا وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دہن مبارک سے نکلا ہوا لفظ ہے اور یہ کہ ان راویوں نے جو کہ عرب نہ تھے بلکہ عجمی جیسے امام بخاری اور مسلم اور ترمذی اور ابوداؤد اور نسائی اور ابن ماجہ اور دار قُطنی اور حاکم اور بیہقی انہوں نے اپنی احادیث میں ان الفاظ کو بالمعنی روایت نہیں کیا اور سب سے زیادہ تر اہم یہ سوال ہے کہ کیا انہوں نے توفّی کا اطلاق ان احادیث میں ان اشخاص پر نہ کیا جن پر کہ موت کا آنا متحقق الوقوع

Marfat.com

ہو چکا تھا؟ یا ان اشخاص پر کیا جو ابھی زندہ تھے اور مرنے والے تھے مگر قادیانی صاحب یہ کبھی ثابت نہ کر سکیں گے کہ اس کا اطلاق ان احادیث میں ان اشخاص پر ہوا ہے جن پر ابھی موت وارد نہ ہوئی تھی۔ اور عجب ہے کہ قادیانی صاحب نے چالیس ہزار لغت عرب کی تعلیم ہونے پر بھی کوئی ایک جاہلیت کا شعر بھی اپنے دعویٰ کے ثبوت میں پیش نہ کیا اور لغت کی مشہور کتابیں یعنی تاج العروس اور لسان العرب اور محیط المحیط اور مجمع البحار کیونکر نظر انداز ہو گئیں؟ اور ابونواس اور منظور و بری کے اشعار وہ کیسے بھول گئے؟ اور کیوں الہام الٰہی نے ان کی تائید نہ کی؟ پس اہل بصارت پر ہمارے ان بیانات سے واضح ہے کہ قادیانی صاحب کا استقراء کا دعویٰ بھی ایسا ہی ہیچ و پوچ ہے جیسا کہ ان کا دعویٰ ہمہ دانی۔ اور قادیانی صاحب نے علاوہ اس کے اس لطیف نکتہ کا پتہ نہ دیا کہ امام بخاری نے کہاں اور کس موقع پر توجہ دلائی ہے کہ کم سے کم سات ہزار مرتبہ توفّی کا لفظ آنحضرت ﷺ کے دہن پاک سے بعثت کے بعد اخیر عمر تک نکلا ہے اور ہر ایک کے حقیقی معنی قبض روح اور موت تھے۔ ہاں ہمارا استقراء قادیانی صاحب کے بیانات اور دعاوی کو لغو ثابت کر رہا ہے اور علماء امت کا بیان کہ بجز چند احادیث کے کوئی حدیث بھی آنحضرت ﷺ کے لفظ میں مروی ہونا قطعی طور سے ثابت نہیں ان کو جھٹلا رہا ہے۔ کاش کہ قادیانی صاحب اپنی اس درجہ کی کم علمی کو مدّ نظر رکھ کر سر در گریبان کر لیتے اور ان امام بخاری جیسے معظم علماء ملّت کی طرف جھوٹی نسبت نہ کرتے۔

امام بخاری کا مذہب کہ عیسیٰ نبی اللہ ابھی نہیں مرے

لیکن اس میں شک نہیں کہ امام بخاری نے کتاب التفسیر میں سورۂ مائدہ کی آیت وَاِذْ قَالَ اللّٰہ یَا عِیْسَی ابنَ مَرْیَمَ أَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ. کی تفسیر بصیغۂ استقبال یعنی یقول وَاِذْ ھٰھُنا صِلۃٌ کے ساتھ کر کے بعد سورۂ آل عمران کے لفظ متوفیک کی تفسیر فقط اسی قدر الفاظ میں بیان کر دی ہے کہ وقال ابن عباس متوفیک ممیتک مگر اس

Marfat.com

سے ثابت نہیں ہوتا کہ امام بخاری کا بھی یہی مذہب ہے کہ اس آیت میں توفّی کے معنی موت ہیں اور کیونکر ہوسکتا ہے۔ حالانکہ اصحاب روایت کے مدّنظر فقط روایت کے اس سلسلہ کو بیان کرنا ہے جو ان کو ملا۔ اور اس روایت کے بیان سے وہ روایت ہرگز اصحاب روایت کا مذہب نہیں بن سکتی جب تک کہ اصحاب روایت خود اس کی نسبت اپنا مذہب ہونا بیان نہ کریں۔ اور اگر ایسا ہی مان لیا جائے جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم ہے تو لیجئے امام بخاری نے کتاب الانبیاء میں ایک باب بعنوان باب نزول عیسیٰ بن مریم علیہ السلام مرتّب کیا ہے جس میں ایک حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت سے مرفوعاً اس طرح نقل کی ہے۔ قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لیوشکن ان ینزل فیکم ابن مریم حکما عدلا فیکسر الصلیب. اٰہ ثم یقول ابوھریرۃ واقرءوا ان شئتم وان من اھل الکتاب الا لیومنن بہ قبل موتہ ویوم القیامۃ یکون علیھم شھیدا. قال رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وسلم کیف انتم اذانزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم. فینزل عیسٰی بن مریم فیقول امیرھم تعال صلّ لنا فیقول لاان بعضکم علی بعض امیر تکرمہ اللّٰہ ھذہ الامّۃ (احمد و مسلم از جابر رضی اللہ عنہ، مشکوٰۃ) فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ذات کی قسم کہ جس کے ہاتھ میں میری جان ہے بالضرور قریب ہی ابن مریم تم میں بصورت حاکم عادل اتریں گے۔ پھر حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے اپنی طرف سے یہ آیت بطریق شہادت پیش کی کہ کوئی اہل کتاب نہیں مگر یہ کہ وہ ابن مریم علیہ السلام پر ضرور ایمان لائے گا قبل اس کے کہ ابن مریم علیہ السلام فوت ہوجائے اور قیامت کے دن ان پر گواہی دے گا۔ اور دوسری حدیث یوں نقل کی ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت تمہاری کیا کیفیت ہوگی جبکہ ابن مریم علیہما السلام تم میں اترے گا اور امام تمہارا تمہیں میں سے ہوگا۔ اور احمد اور مسلم نے بروایت جابر رضی اللہ عنہ مرفوعاً روایت کیا ہے کہ فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عیسیٰ ابن مریم اترے

Marfat.com

گا اوران کا امیر حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کہے گا کہ آ ہمارے لئے نماز میں امامت کر۔ عیسیٰ علیہ السلام کہے گا۔ نہیں! تمہارے ہی بعض تم پر امیر ہیں اور یہ فقط اس امّت کی بزرگی اور حرمت کے باعث کہیں گے۔ پس اس باب کا عنوان اور معنون ہر دو صاف بتلا رہے ہیں کہ امام بخاری کا مذہب صحیح یہی ہے کہ عیسیٰ نبی اللہ فوت نہیں ہوئے اور وہ دوبارہ آسمان سے اتریں گے۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا مذہب کہ عیسیٰ ابھی زندہ موجود ہیں

عن ابن عبّاس رضی اللّٰہ عنہما ان رھطامن الیھود سبوہ وامہ فدعا علیھم فمسخھم قردۃ وخنازیر فاجمعت الیھود علی قتلہ فاخبرہ اللّٰہ بانہ یرفعہ الی السماء ویطھرہ من صحبۃ الیھود (صحیح نسائی، ابن ابی حاتم، ابن مردویہ) قال ابن عباس سیدرک اناس من اھل الکتاب عیسٰی حین یبعث فیومنون بہ. (فتح البیان) اور ابن عبّاس کا قول فقط حسب منصب روایت نقل کر دیا ہے کیونکہ دوسری کتب صحاح جیسے صحیح نسائی اور اس کے علاوہ ابن ابی حاتم اور ابن مردویہ سے اپنی تراجم میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے حضرت عیسیٰ ابن مریم کا زندہ آسمان پر اٹھایا جانا ثابت ہے۔ اور شیخ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے درمنثور کی جلد دوم صفحہ ۲۳۶ میں بسند صحیح کعب رضی اللہ عنہ سے نقل کیا ہے۔ کہ اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ نبی اللہ پر جبکہ اس کی تکذیب کرنے والے زیادہ ہو گئے وحی بھیجی انی متوفّیک و رافعک الیّ وانی سابعثک علی الاعور الدجّال فتقتلہ ثم تعیش بعد ذٰلک اربعا وعشرین سنۃ ثم امیتک میتۃ الحی. اھ. یعنی اے عیسیٰ علیہ السلام میں تجھے اپنی طرف اٹھاؤں گا اور عنقریب دجّال اعور کی طرف بھیجوں گا پھر تو اس کو قتل کر کے چوبیس (۲۴) برس تک زندہ رہے گا اور پھر تجھے اسی طرح موت دوں گا جس طرح زندہ لوگ مرتے ہیں۔

مطرواق کا قول کہ متوفّیک کے معنی موت نہیں

اور مطرواق نے کہا کہ متوفّیک میں وفات موت نہیں ہے۔ اور ہم دعویٰ

Marfat.com

کے ساتھ کہتے ہیں کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مذہب ہے کہ عیسیٰ نبی اللہ کے لئے لفظ متوفّیک میں موت مقصود نہیں۔ اسی وجہ سے انہوں نے ایک باب کتاب الانبیاء بعنوان باب نزول عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام مرتّب کر کے اس کی شہادت میں دو احادیث آنحضرت ﷺ کی مُعَنْوَن فرمائیں جن سے نہ فقط ان کا نزول ثابت ہوتا ہے بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات بوجہ اتم اور اس بارہ میں آیت قرآنی کی تفسیر اس کو اولوالعزم صحابی کے قول واستنباط سے معلوم ہوتی ہے جس کا دامان آنحضرت ﷺ نے علوم نبوّت سے لبالب کر دیا۔ اور اسی وجہ سے انہوں نے اپنی طرف سے اس لفظ کے معنی میں تو تعرّض نہ کیا بلکہ اس سے زیادہ تر اہم اور موہم الفاظ کی تفسیر کی طرف توجہ فرمائی جن کو قادیانی صاحب نے بوجہ خود غرضی سباق سے آنکھ بند کر کے اپنی دستاویز بنالی اور کہا کہ ''منجملہ افادات بخاری جس کا ہمیں شکر کرنا چاہیے ایک یہ ہے کہ انہوں نے مسیح بن مریم علیہما السلام کے وفات کے بارے میں ایک قطعی فیصلہ ایسا دے دیا ہے کہ جس سے بڑھ کر متصوّر نہیں اور وہ یہ ہے کہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی صحیح میں اسی غرض سے آیت کریمہ **فلما توفّیتنی کنت انت الرقیب علیھم** کو کتاب التفسیر میں لایا تا کہ لوگوں پر ظاہر کرے کہ **توفّیتنی** کے لفظ کی صحیح تفسیر وہی ہے جس کی طرف آنحضرت ﷺ اشارہ فرماتے ہیں یعنی مار دیا اور وفات دے دی۔ اور حدیث یہ ہے۔ ''**عن ابن عبّاس یجاء برجال من امّتی فیوخذ بھم ذات الشمال فاقول یارب اصحابی فیقال انک لاتدری ما احدثوا بعدک فاقول کما قال العبد الصالح و کنت علیھم شھیدا مادمت فیھم فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم**''۔ (بخاری صفحہ ۶۶۵)

پس اس حدیث میں آنحضرت ﷺ نے اپنے اور مسیح ابن مریم علیہما السلام کے قصّہ کو ایک ہی رنگ کا قصہ قرار دے کر وہی لفظ **فلما توفیتنی** اپنے حق میں استعمال فرمایا جو عیسیٰ بن مریم علیہما السلام نے اپنے حق میں کہا اور ظاہر ہے کہ مدینہ منوّرہ میں آنحضرت ﷺ کا مزار شریف

Marfat.com

موجود ہے اور اس سے بکلی منکشف ہو گیا کہ دونوں برابر طور پر اثر آیت فلما توفیتنی سے متاثر ہیں۔ (انتہیٰ ملخصاً ازالہ صفحہ ۸۸۹)''۔

امام بخاری کا مذہب کہ اذقال اللّٰہ میں اذ حرف صلہ ہے اور ماضی بھی مستقبل ہے

پس امام بخاری نے ایسے ہی ایہام اور ابہام کے دفع کرنے کے لئے اس حدیث کے قبل اپنا مذہب بیان کر دیا کہ اس آیت کریمہ میں جو مسیح ابن مریم کے حق میں اتری لفظ واِذ قال اللّٰہ بمعنی یقول ہے اور لفظ اذ صلہ یعنی زائدہ ہے۔ غرضہ ان لفظة قال فی قوله واذ قال اللّٰہ یاعیسٰی ابن مریم أانت قلت بمعنی یقول لان اللّٰہ تعالٰی انما یقول هذا القول فی یوم القیامة توبیخاً للنصاریٰ قوله اذ هناصلة ای زائدة لان اذ للماضی وههنا المراد به المستقبل (قسطلانی) یعنی امام بخاری رضی اللہ عنہ نے اپنی قوّت اجتہادیہ سے اپنا مذہب اس آیت کریمہ اور اس قصہ حدیث کے متعلق بیان کر دیا ہے کہ یہ سارا قضیہ اور کل سوال وجواب قیامت کے دن ہوگا اور کلمۂ اذ نے یہاں معنی ماضی میں اپنا کوئی مخالف اثر نہ کیا جیسے کہ قادیانی صاحب نے اپنے متعدد رسائل میں زعم کر لیا ہے کہ یہاں ماضی کا صیغہ کلمۂ اذ کے آنے سے معنی مضیت میں منصوص ہو گیا اور جس نے کہ یہاں ماضی کو بمعنی مضارع کہا اس کو ظالمین اور کاذبین میں سے ہونے کی نسبت اپنے مکتوب عربی کے صفحہ ۱۳۵ میں کی۔ فان الصیغة تدل علی الزمان الماضی والصرف ههنا کالقاضی ثم ان کنت لاترضی بحکم الصرف وتجعل الماضی استقبالاً بتبدیل الحرف فهذا ظلم منک و من امثالک وتکون فی هذا ایضا من الکاذبین۔ پس ان کے زعم فاسد میں ان کے مستند امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کاذب اور اظلم ہوں گے جنہوں نے اپنی کتاب بخاری میں تصریح کر دی کہ یہ سارا واقعہ قیامت کے دن ہوگا اور ماضی یہاں بمعنی مستقبل ہے اور لفظ اذ صلہ ہے۔

Marfat.com

لفظ اذا اور ماضی بمعنی مستقبل کی نحوی تحقیقات

بیضاوی اور متن متین میں ہے۔ ولایراد بالزیادة عدم الافادة مؤکدات ومحسنات کمحسنات البدیع والسّر ان مفادها لیس معناها (متن متین) ولا لغنی بالمزید اللغو الضائع فان القران کله هدی بل مالم یوضع لمعنی یراد منه وانما وضعت لان تذکر مع غیرها فیفید له وثاقة وقوّة وهو زیادة فی الهدی غیر قادح فیه (بیضاوی) کلام اللہ میں حروف زیادۃ کا آنا اس معنی سے نہیں کہ وہ اپنے معنی کے افادہ میں قاصر ہیں بلکہ وہ محسنات بدیع کی طرح مؤکدات اور محسنات ہیں اور ان کے نہ ہونے سے معنی میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔ اور سرّ اس میں یہ ہے کہ ان کا مفاد درحقیقت ان کے اپنے معنی نہیں بلکہ ان کی وضع اس لئے ہے کہ غیر کے ساتھ مذکور ہونے سے اس کے معنی میں وثاقت اور قوت پیدا کردیں۔ اور اگرچہ کلمہ اذا کی طرح کلمۂ اذ نے بھی کلام اللہ کی دوسری آیات جیسے ولوتری اذ فزوا یعنی اذا فزعوا. اور جیسے قول راجز ؎

ثم جزاک اللّٰه عنی اذ جزا　　جنات عدن فی السمٰوٰت العلٰی

میں بقول خازن معنی استقبال کا افادہ کیا لیکن اس کا سر اور اس کا اصل اصول قواعد نحو کے مطابق جیسے کہ متن متین وغیرہ میں ہے۔ الماضی بمعنی المستقبل اذا اخبربه عن مستقبل مع قصد القطع بوقوعه کقوله تعالٰی ونادٰی اصحاب الجنّة وسیق الذین (متن متین وشرحہ للمؤلف) جب کسی ایسے امر مستقبل کا اخبار منظور ہو جس کے آئندہ وقوع کے لئے افادۂ قطع مقصود ہو تو وہ امر صیغۂ ماضی کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔ اور اگر زیادہ تر وثاقت اور قوت کے ساتھ اس معنی کا افادہ مقصود ہو تو کلمۂ اذ کی طرح حرف مؤکد اس کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ چنانچہ اسی وجہ سے سورۂ مائدہ کی اس آیت میں صیغۂ ماضی حرف اذ کے ساتھ استعمال کیا گیا۔ اور اس امر کی دلیل کہ یہ واقعہ قیامت کے دن وقوع میں آئے گا خود اسی آیت کے بعد اللہ تعالیٰ کا قول ہے۔

Marfat.com

فلما توفّیتنی کا تعلق قیامت کے دن سے ہے

چنانچہ شیخ سیوطی رضی اللہ عنہ درمنثور میں اس آیت کے متعلق قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔ اخرج عبدالرزاق وابن جریر وابن ابی حاتم عن قتادة فی قوله أانت قلت للناس الاٰیة متی یکون ذٰلک قال یوم القیامة الاتری انه یقول هذا یوم ینفع الصادقین صدقهم. (درمنثور) کہ ان سے کسی نے پوچھا کہ اس آیت کا قصہ کب ہوگا؟ تو کہا کہ قیامت کے دن۔ کیا تو نہیں دیکھتا کہ خدا خود فرماتا ہے کہ یہ تمام باتیں اسی دن ہوں گی جس میں سچوں کو سچائی نفع دے گی یعنی قیامت کے دن۔ اور اسی معنی کے اصح ہونے کی نسبت امام فخر الدین رازی اور زمخشری نے اپنی تفسیر میں صراحت کی۔ یوم یجمع اللّٰه الرسل فیقول ماذا اجبتم قالوا لا علم لنا انک انت علام الغیوب o اذ قال اللّٰه یاعیسٰی بن مریم اذکر نعمتی علیک وعلی والدتک بدل من یوم یجمع وهو علی طریقة ونادی اصحاب الجنة. (بیضاوی، کشاف) اور کہا کہ واذقال اللّٰه یاعیسٰی ابن مریم کا عطف اذقال اللّٰه یاعیسٰی ابن مریم اذکر نعمتی علیک پر ہے جو بقول بیضاوی وکشّاف یوم یجمع کا بدل اور بطریق نادی اصحاب الجنة بمعنی مستقبل ہے۔ پس اس آیت کا مقدّم اور مؤخر دونوں اس معنی کے لئے مؤکد ہیں کہ ان تمام جواب وسوال کا وقوع قیامت کے دن ہوگا نہ کہ اس کے قبل ہو چکا جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم فاسد ہے اور اسی بنائے فاسد پر انہوں نے بخاری کی حدیث ابن عبّاس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد یعنی عیسٰی علیہ السلام کا قول بلفظ ماضی حکایت فرمانے سے یہ اعتقاد کرلیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور عیسٰی بن مریم علیہما السلام دونوں برابر طور پر اثر توفّی سے متاثر ہوگئے ہیں اور یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں توفّی کی تفسیر مار دیا اور وفات دے دی ارشاد فرمائی جس سے بکلی منکشف

Marfat.com

ہوگیا کہ مسیح ابن مریم بھی وفات پا گئے اور آنحضرت ﷺ بھی وفات پا گئے۔ حالانکہ خود یہی حدیث بتارہی ہے کہ آنحضرت ﷺ اس حدیث کے ارشاد کے وقت زندہ موجود اور اثر توفّی سے محفوظ تھے اور یہ حدیث اور مذکور آیتِ فرقانی دونوں بتلا رہی ہیں کہ اس توفّی کے ساتھ دونوں حضرات کے اعتذار اور اقرار کا زمان ومکان قیامت کا دن ہوگا جیسے کہ قبل ازیں مدلل بیان کر دیا گیا ہے۔

پس اس حدیث میں کوئی دلالت نہیں کہ آنحضرت ﷺ نے اپنے اس ارشاد میں عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق خبر دی ہو کہ وہ مر چکے یا مرنے کے بعد قبل از روز قیامت ان سے یہ سوال وجواب ہو چکا اور وہ اپنی توفّی موت کا اعتذار بارگاہ رب العزت میں کر چکے۔ پس اگر قادیانی صاحب اپنے دعاوی کا ثبوت اس حدیث سے استنباط کر کے دکھلا دیں تو ہم نہایت انصاف اور سچائی کے ساتھ قبول کرنے کے لئے آمادہ ہیں لیکن افسوس کہ ان کے موجودہ دعاوی کے استنباط سے قرآن وحدیث کے الفاظ تبرّی کا اظہار فرما رہے ہیں۔

ہاں لفظ توفّی کے مشترکہ اطلاق نے ان کو لغزش دے دی اور انہوں نے اس لفظ کے جنسی معنی کی تنویع دونوں حضرات کے حالات خاصّہ کے ساتھ نہ کی جیسے کہ سورۂ زمر کی آیت

اللّٰہ یتوفی الانفس حین موتھا والتی لم تمت فی منامھا فیمسک الّتی قضٰی علیھا الموت ویرسل الاخری الی اجل مسمّٰی میں اگرچہ مختلف النوع انفس پر ایک ہی طور توفّی کا اطلاق ہوا لیکن نفوس مائیہ اور نائمہ نے اپنی اپنی توفّی کو جدا جدا کر کے ثابت کر دیا کہ موت والے نفوس کی توفّی اور ہے اور سونے والے نفوس کی توفّی اور ہے۔

نزول عیسیٰ علامت قیامت ہے

اسی طرح اس حدیث میں اگرچہ آنحضرت ﷺ نے ایک ہی طور پر اپنے اور عیسیٰ بن مریم پر توفّی کا اطلاق کیا۔ لیکن ان کے حالات خاصہ نے توفّی کی تنویع کر دی اور

Marfat.com

چونکہ احادیث متواتر بالمعنی سے حضرت عیسیٰ کی حیات ثابت ہے جیسے کہ اس کا بیان کسی قدر ہوا اور ہوگا۔ لہٰذا ان کی توفّی بہ ہیئت شخصی اپنے حقیقی معنی رفع اور بلندی پر چڑھنے اور طول عمر کی مستلزم ہوئی اور اگر ہم اس آیت کریمہ میں مجازاً وہ معنی توفّی مراد لیں جو مستلزم موت ہے تو یہی آیت کریمہ اپنے مقدم اور مؤخر اور سیاق وسباق کے لحاظ سے سفارش کر رہی ہے کہ آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد کے وقت ابھی عیسیٰ علیہ السلام پر موت وارد نہیں ہوئی اور ان کی موت کسی دوسرے وقت پر مقدر ہے۔ جیسے کہ ازالۃ الخفا صفحہ ۲۷۰ میں بحوالہ خصائص ابی نعیم خود ابن عبّاس رضی اللہ عنہما اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں۔ وفی حدیث ابن عباس عن امّه لماولد عبدالله ای ابن عباس قال رسول الله ﷺ اذهبی بابی الخلفاء فاخبر بذٰلک العباس فاتاه فذکر له فقال هو ما اخبرت هذا ابوالخلفاء حتی یکون منهم من یصلی بعیسٰی غراه فی الخصائص لابی نعیم (ازالۃ الخفا ص ۲۷۰) فرمایا انہوں نے کہ جب ابن عبّاس تولّد ہوئے تو آنحضرت ﷺ نے حضرت عبّاس کیطرف اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ ابوالخلفاء ہے یعنی کل خلیفوں کا باپ ہے۔ چنانچہ اسی کی اولاد میں سے وہ خلیفہ ہوگا جو عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ نماز پڑھے گا۔ اور جیسے کہ یہی افادہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا اپنی تفسیر میں ہے۔ جو فرمایا یاعیسٰی انّی متوفیک ورافعک مقدم ومؤخر یقول انی رافعک الیّ ثم متوفیک قابضک بعد النّزول اور جیسے کہ شیخ سیوطی نے اتقان کے باب ۴۴ قرآن کے مقدّم ومؤخر میں قتادہ سے بیان کیا۔ اور اس کے مؤید امام رازی کا چوتھا قول ہے جس میں بیان ہے کہ واو عاطفہ ترتیب کا افادہ نہیں دیتا اور ایسا بہت سی آیات قرآنی میں ہے۔ جیسے لولا کلمة سبقت من ربّک لکان لزاما واجل مسمی. قال قتادة هذا من تقادیم الکلام یقول لولا کلمة واجل مسمی لکان لزاما. اور خود قواعدِ کلام عرب میں بھی

Marfat.com

صراحت ہے کہ واؤ عاطفہ ترتیب کا افادہ نہیں دیتا۔ چنانچہ ایک ہی واقعہ کے متعلق قرآن کریم کا متعدّد جگہ فرمانا۔ وادخلوا الباب سجّداً وقولوا حطّة اور دوسری جگہ فرمانا وقولوا حطّة وادخلوا الباب سُجّداً اس ترتیب کو باطل کرتا ہے اور یہی مذہب صحیح ہے جیسے کہ ہماری شرح متن متین میں مبسوط ہے۔ اور خود حق تعالیٰ نے سورۂ زخرف میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو علامت ساعت قیامت مقرر فرمایا ہے۔ جیسے کہ ولما ضرب ابن مریم مثلاً اذا قومک منه یصدون○ وقالوا ءالهتنا خیرام هو ماضربوه لک الا جدلا بل هم قوم خصمون○ ان هو الا عبد انعمنا علیه وجعلناه مثلا لبنی اسرائیل○ ولونشاء لجعلنا منکم ملائکة فی الارض یخلفون○ وانه لعلم للساعة فلا تمترنّ بها واتبعون هذا صراط مستقیم ○ ولا یصدّنکم الشیطان انه لکم عدوّ مبین○ ای ان عیسی شرط من اشراطها تعلم به وقرء ابن عبّاس لعلم وهو ا لعلامة. (کبیر) یہی مفاد حضرت ابن عبّاس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی قراء ت کا ہے۔ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لقیت لیلة اسرٰی بی ابراهیم وموسٰی وعیسٰی قال فتذاکروا امر الساعة قال فردّوا امرهم الی ابراهیم فقال لا علم لی بها فردوا امرهم الی موسٰی فقال لاعلم لی بها فردّوا امرهم الی عیسٰی فقال عیسٰی وما وجبتها فلایعلم بها احد الا اللّٰه عزّوجل وفیما عهد الی ربی ان الدجال خارج ومعی قضیبان فاذا رانی ذاب کما یذوب الرصاص قال فیهلکه اللّٰه اذا رانی (الحدیث)۔ قال وفیه عهد الی ربی عزّوجل ان ذٰلک اذاکان کذٰلک فان الساعة کالحامل المتم لایدری اهلها متی تفجاء هم بولادتها لیلا ونهارا. (احمد، ابن ابی شیبہ، سعید بن منصور، بیہقی، درمنثور، ابن کثیر) اور باعتبار ظہور مرجع کے بجز عیسیٰ علیہ السلام کے اِنَّهٗ کی ضمیر کسی دوسری طرف راجع کرنا

Marfat.com

خلاف سیاق آیت ہے اور یہ معنی ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث کا مفاد ہے جس کو امام احمد رضی اللہ عنہ نے اپنی سند میں اور حافظ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں نقل کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ میں شب اسریٰ میں حضرت ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام سے ملا اور ان کے درمیان امر ساعت کا ذکر آیا اور سب نے اس امر میں حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حکم بنایا اور انہوں نے لاعلمی بیان کی۔ پھر موسیٰ علیہ السلام کی طرف رجوع کی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بھی لاعلمی ظاہر فرمائی۔ پھر عیسیٰ علیہ السلام کی طرف رجوع کی تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس کے جواب میں ارشاد فرمایا کہ قیامت کا ٹھیک وقت تو بجز اللہ کے کوئی نہیں جانتا لیکن جو عہد کہ میرے رب نے مجھ سے کیا ہے اس میں ایک یہ ہے کہ دجّال خروج کرے گا اور میرے ساتھ دو چھڑی رہیں گی۔ پس جبکہ دجّال مجھ کو دیکھے گا تو سیسے کی طرح پگھلے گا اور پھر اس کو ہلاک کرے گا۔ اور اسی میں ہے کہ رب تعالیٰ نے مجھ سے یہ بھی عہد کیا کہ جب ایسا ہوگا تو اس وقت ساعت کا وقت اس مثال پر ہوگا جیسے کوئی حاملہ عورت جس کے وضع حمل کے دن پورے ہو گئے ہوں لیکن یہ معلوم نہیں ہوتا کہ کس وقت ناگہاں رات دن میں بچہ جنتی ہے۔ اور حاکم نے مستدرک میں اسی حدیث کے اخیر میں کہا۔ فذکر من خروج الدجّال فاھبط فاقتلہ اور حاکم نے اس کا اسناد صحیح کہا۔

انجیل سے عیسیٰ علیہ السلام کے دوبارہ آنے کا ثبوت

اور انجیل کے صحاح ۱۴ میں ہے۔ **لا اترککم یتامٰی انی اتی الیکم بعد قلیل واما اثم فترونني الی اناحی.** (انجیل مطبوعہ بیروت ۱۸۷۲ء صحاح ۱۴ الجواب الفصیح لخیر الدین آفندی ۸۰۔۸۹) کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حواریوں سے کہا کہ میں تم کو یتیم نہیں چھوڑوں گا اور عنقریب تمہاری طرف آؤں گا اور تم مجھے دیکھو گے کہ میں زندہ ہوں۔ خیر الدین آفندی جواب فصیح میں لکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا یہ قول ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کے بالکل

Marfat.com

مطابق ہے جوفرمایا کہ ابن مریم تم میں بصورتِ حکم وعادل نزول کرے گا۔اور درمنثور جلد دوم صفحہ ۲۳۶ میں قال الحسن قال رسول اللّٰہ ﷺ لليهود ان عيسىٰ لم يمت وانه راجع اليكم قبل يوم القيامة. (درمنثور) میں حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے ہے کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے یہود سے کہ تحقیق عیسیٰ نہیں مرا اور وہ قیامت کے قبل تمہاری طرف واپس آنے والا ہے۔

بقول بخاری وغیرہ عیسیٰ علیہ السلام، رسول اللہ ﷺ کے مقبرہ میں دفن ہوں گے

اخرج البخاریؒ فی تاریخه والطبرانی عن عبداللّٰه بن سلام قال يدفن عيسىٰ بن مريم مع رسول اللّٰه وصاحبيه فيكون قبره رابعاً. اور خود بخاری نے اپنی تاریخ میں طبرانی نے عبداللہ بن سلام سے روایت کی کہ عیسیٰ ابن مریم آنحضرت ﷺ اور صاحبین کے ساتھ دفن کیا جائے گا اور عیسیٰ علیہ السلام کی قبر چوتھی ہوگی۔

اور ترمذی نے بطریق حسن محمد بن یوسف بن عبداللہ بن سلام سے اس نے اپنے باپ سے اس نے اپنے دادا سے روایت کی ہے۔ اخرج الترمذی وحسنه عن محمد بن يوسف بن عبداللّٰه بن سلام عن ابيه عن جده قال مكتوب فی التورٰة صفة محمد ﷺ وعيسىٰ علیہ السلام بن مريم يدفن معه. قال ابومودود وقد بقی فی البيت موضع قبر. (درمنثور، مشکوٰۃ صفحہ ۵۱۵) کہ تورات میں محمد مصطفیٰ ﷺ کی صفت اور یہ کہ عیسیٰ بن مریم ان کے ساتھ دفن کیا جائے گا لکھا ہوا ہے۔اور ابن جوزی نے کتاب الوفاء میں عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔عن عبداللّٰه بن عمر قال قال رسول اللّٰه ﷺ ينزل عيسىٰ بن مريم الى الارض فيزوّج ويولد له ويمكث خمسا واربعين سنة ثم يموت فيدفن معی فی قبری فاقوم انا وعيسىٰ بن مريم فی قبر واحد بين ابی بكر وعمر رضی اللّٰه عنهما رواه ابن الجوزی فی كتاب الوفاء مشكوة. ای فی مقبرتی و عبر عنها بالقبر لقرب قبره بقبره

Marfat.com

فکانهما فی قبرواحد (مرقات) وفی الاصابة عیسٰی بن مریم بنت عمران رسول اللّٰه وکلمة القاها الٰی مریم ذکره الذهبی فی التجرید مستدرکا علی من قبله فقال رأی النبی ﷺ لیلة الاسری وسلم علیه فهو نبی وصحابی وهواٰخرمن یموت من الصحابة وهوالذی عول علیه الذهبی بل ذهب الیه جمع من العلماء وکان اجتماعه به قرات فی غیرلیلة الاسراء روی ابن عساکر عن انس قلنا یارسول اللّٰه راینا‌ک صافحت شیئا ولا نراه قال ذاک اخی عیسی ابن مریم انتظرته حتی قضٰی طوافه فسلمت علیه وروی ابن عدی عن انس بینا نحن مع النبی ﷺ اذ رأینا بردا ویدا فقلنا یارسول اللّٰه ما هذا البرد الذی رأینا والید قال قد رأیتموه قلنا نعم قال ذاک عیسٰی بن مریم صلی علیّ (زرقانی) فرمایارسول اللہ ﷺ نے عیسیٰ بن مریم زمین کی طرف اترے گا پھر نکاح کرے گا اور صاحب اولاد ہوگا اور پینتالیس برس تک زمین پر رہے گا پھر وفات پائے گا اور میرے ساتھ میرے مقبرہ میں دفن ہوگا اور میں اور وہ ایک ہی مقبرہ سے ابی بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کے درمیان قیامت کے دن اٹھیں گے۔

امام ذہبی کا مذہب کہ عیسیٰ ابھی زندہ ہے اور وہی سب سے پچھلا اور معمر صحابی ہے

اور زرقانی میں اصابہ سے منقول ہے کہ امام ذہبی نے تجرید میں ذکر کیا ہے کہ نبی ﷺ نے عیسیٰ بن مریم بنت عمران رسول اللہ ﷺ سے شب اسراء میں ملاقات فرمائی اور سلام کہا۔ پس عیسیٰ علیہ السلام نبی بھی ہیں اور صحابی اور صحابہ میں سے وہی ایک صحابی ہے جو سب سے پیچھے وفات پائے گا اور اسی پر ذہبی کا اعتماد ہے بلکہ یہی قول علماء کی ایک جماعت کثیرہ کا ہے۔ علامہ زرقانی لکھتے ہیں کہ شب اسریٰ کے سوا بھی کئی دفعہ آنحضرت ﷺ سے عیسیٰ بن مریم علیہ السلام کا اجتماع ہوا۔ چنانچہ ابن عساکر نے حضرت انس سے روایت کی ہے کہ ہم نے

Marfat.com

آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا کہ اے رسول اللہ! ہم دیکھ رہے ہیں کہ آپ نے کسی سے مصافحہ کیا ہے لیکن جس سے آپ نے مصافحہ کیا ہے اس کو ہم نہیں دیکھتے۔ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ وہ عیسیٰ بن مریم ہے۔ میں اس کے انتظار میں رہا یہاں تک کہ اس نے طواف ختم کرلیا۔ اور میں نے اس کو سلام کہا اور نیز ابن عدی نے انس سے روایت کی ہے کہ ہم بہت سے صحابہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھے کہ ناگہاں ایک چادر اور ایک ہاتھ دیکھا اور ہم نے آنحضرت ﷺ سے دریافت کیا کہ اے اللہ کے رسول یہ چادر اور ہاتھ کیسا ہے جو ہم نے دیکھا؟ آنحضرت ﷺ نے دریافت فرمایا کہ کیا تم نے دیکھا؟ ہم نے کہا ہاں! آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ وہ عیسیٰ بن مریم تھا جس نے مجھ پر درود کہا۔

شب معراج میں عیسیٰ علیہ السلام اپنے جسد عنصری کے ساتھ مرئی ہوئے

اور فتوحات مکیہ باب ۳۶۷ بقیہ جلد ۳ صفحہ ۴۴۷ حضرت شیخ محی الدین ابن العربی حدیث معراج میں لکھتے ہیں۔ فاستفتح جبریل السماء الثانیة کما فعل فی الاوّل وقال وقیل له فلما دخل اذا بعیسٰی علیہ السلام بجسده عینه فانه لم یمت الی الاٰن بل رفعه اللّٰه الی هذه السماء واسکنه بها وحکمه فیها وهو شیخنا الاوّل الذی رجعنا علی یدیه وله بنا عنایة عظیمة لا یغفل عناساعة واحدة وارجوان ادرکه فی نزوله ان شاء اللّٰه تعالٰی. (فتوحات مکیہ) جب آنحضرت ﷺ دوسرے آسمان پر گئے تو وہاں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آنحضرت ﷺ نے ان کے بعینہ جسد میں دیکھا۔ کیونکہ وہ ابھی تک نہیں مرے بلکہ ان کو اس آسمان کی طرف اللہ تعالیٰ نے اٹھالیا اور اسی آسمان میں ان کو سکونت اور حکومت عطا کی۔ پھر حضرت شیخ فرماتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہی ہمارا پہلا پیر ہے جن کے ہاتھ پر ہم نے بیعت کی اور ہمارے حال پر ان کو اتنی بڑی عنایت ہے کہ ایک ساعت بھی ہم سے غافل نہیں۔ اور میرا مدعا ہے کہ میں نزول کے وقت ان کو پالوں گا۔ ان شاء اللّٰه تعالٰی۔

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد کہ عیسیٰ علیہ السلام ابھی مرے نہیں

روی ابن جریر وابن ابی حاتم عن ربیع قال ان النصاریٰ اتوا النبی ﷺ فخاصموہ فی عیسٰی بن مریم وقالوا لہ من ابوہ وقالوا علی اللّٰہ الکذب والبھتان فقال لھم النبی ﷺ الستم تعلمون انہ لایکون ولد الا وھو یشبہ اباہ قالوا بلٰی قال الستم تعلمون ان ربّنا حی لا یموت وان عیسٰی یاتی علیہ الفناء. (الحدیث) اور ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے ربیع سے روایت کی کہ نصاریٰ نبی ﷺ کے پاس آکر عیسیٰ علیہ السلام بن مریم کے متعلق بحث کرنے لگے کہ اس کا باپ کون ہے؟ اور اللہ تعالیٰ پر کذب اور بہتان باندھنے لگے۔ اس وقت نبی ﷺ نے ان سے ارشاد فرمایا کیا تم نہیں جانتے کہ کوئی فرزند ایسا نہیں جو اپنے باپ سے مشابہ نہ ہو؟ نصاریٰ نے کہا۔ بیشک! پھر فرمایا تم نہیں جانتے کہ ہمارا رب زندہ ہے جس پر موت نہیں آئے گی اور عیسیٰ علیہ السلام پر موت آنے والی ہے۔ سو اس حدیث ابن عباس میں آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمادیا کہ عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ابھی مرے نہیں بلکہ آئندہ مرنے والے ہیں۔

ابن عباس کا قول کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا عیسیٰ بن مریم علیہما السلام آسمان سے اترے گا

اور اسی طرح اسحاق بن بشر اور ابن عساکر نے اپنی مسانید میں ابنِ عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ایک طویل حدیث میں روایت کی ہے۔ روی اسحٰق بن بشر وابن عساکر عن ابن عبّاس قال قال رسول اللّٰہ ﷺ فعند ذٰلک ینزل اخی عیسٰی بن مریم علیھما السلام من السماء (الحدیث) رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جبکہ دجّال مسلّط ہوگا اور مومن بیت المقدس میں جمع ہوں گے تو میرے بھائی عیسیٰ ابن مریم آسمان سے اتریں گے۔

Marfat.com

بروایت حاکم علی رضی اللہ عنہ اسی شب کو قتل ہوئے جس شب میں عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر گئے

روی الحاکم عن حریث بن مخشی ان علیّا قتل صبیحة احدی و عشرین من رمضان سمعت الحسن بن علی وھی یقول قتل لیلة انزل القران ولیلة اسری بعیسٰی ولیلة قبض موسٰی۔ اور حاکم نے حریث بن مخشی سے روایت کی کہ علی رضی اللہ عنہ اکیسویں رمضان کی صبح کو قتل کئے گئے اور میں نے حسن بن علی رضی اللہ عنہما کو کہتے سنا کہ علی رضی اللہ عنہ اسی رات قتل ہوئے جس رات کہ آسمانوں سے قرآن کا نزول ہوا اور جس رات عیسیٰ علیہ السلام کو اسراء ہوئی اور جس رات کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی روح قبض کی گئی۔

امام ابوحنیفہ اور دیگر ائمہ مالکیہ وغیرہ کا مذہب کہ عیسیٰ علیہ السلام آسمان سے اترے گا

وخروج الدجال ویاجوج وماجوج وطلوع الشمس من المغرب ونزول عیسٰی علیہ السلام من السماء وسائر علامات یوم القیامه علی ماوردت به الاخبار الصحیحة حق کائن. (فقہ اکبر) اور امام الائمہ حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ فقہ اکبر میں تحریر فرماتے ہیں کہ دجّال کا نکلنا اور یاجوج وماجوج کا نکلنا اور آفتاب کا جانب مغرب سے طلوع کرنا اور عیسیٰ علیہ السلام کا آسمان سے اترنا اور دوسری علامات جو اخبار صحیحہ میں ہیں سب کا ہونا برحق ہے۔ اور یہی مذہب کل ائمّہ شوافع کا ہے جیسے کہ ائمّہ صحاح ستّہ اور شیخ سیوطی وغیرہ کی تصریح سے ظاہر ہے اور یہی مذہب ائمّہ مالکیہ کا ہے جیسے کہ شیخ الاسلام احمد نفراوی المالکی نے فواکہ دوانی میں تصریح کردی کہ اشراط ساعت سے ہے آسمانوں سے عیسیٰ علیہ السلام کا اترنا۔ آہ

علامہ زرقانی مالکی کا نزول عیسیٰ کے اثبات میں بحث بسیط کرنا

اور جیسے کہ علّامہ زرقانی مالکی نے شرح مواہب قسطلانی میں نہایت بسط اور کثرت افادات کے ساتھ اس کے متعلق بحث کی جس کو ہم اس موقع پر ذیل میں نقل

Marfat.com

کرتے ہیں جس سے قادیانی صاحب کے شبہات اور اوہام کا ازالہ بوجہ اتم ہوتا ہے۔

(فاذاانزل سیّدنا عیسٰی علیہ السلام فانه یحکم بشریعة نبیّنا ﷺ بالهام او اطلاع علی الروح المحمدی ﷺ او بماشاء اللّٰه) من استنباط لها من الکتاب والسنّة ونحو ذٰلک وقد سئل السیوطی بای طریق تصل احکام شریعتنا الی عیسٰی علیہ السلام فاجاب بان الانبیاء کانوا یعلمون فی زمانهم بجمیع شرائع من قبلهم ومن بعدهم بالوحی من اللّٰه علی لسان جبریل علیہ السلام وبالتنبیه علی بعد ذٰلک فی الکتاب الذی انزل علیهم وبان عیسٰی ینظر فی القران فیفهم منه جمیع احکام هذه الملّة من غیر احتیاج الی مراجعة الاحادیث کما فهم النبی ﷺ ذٰلک من القراٰن فانه قد انطوی علی جمیع احکام الشریعة وفهمها نبینا بفهمه الذی اختص به ثم شرحها لامته فی السنّة وافهام الامّة تقصر عن ادراک ما ادرکه صاحب النبوّة وعیسٰی نبی فلابعد ان یفهم من القراٰن کفهم النبی ﷺ وبان عیسٰی معدود فی الصّحابة لانه اجتمع بالنبی ﷺ غیر مرّة فلا مانع ان تلقی منه احکام شریعته المخالفة لشریعة الانجیل لعلمه بانه سینزل فی امّته ویحکم فیهم بشرعه فاخذ عنه بلاواسطة والی هذا اشارجماعة من العلماء قال ورأیت عبارة للسبکی تصلها انّما یحکم عیسٰی بشریعة نبینا بالقراٰن والسنة فترجح ان اخذه السنة بطریق المشافهة بلاواسطة وبانه اذا نزل یجتمع بالنبی ﷺ فی الارض کماصرح به فی احادیث فلامانع ان یاخذ عنه ما احتاج الیه من احکام شریعته واستدل السیوطی لکل واحد من هذه الاربع بمایطول ذکره وذکر انه اعترض علیه فی الجواب الاوّل بلزوم ان القراٰن

Marfat.com

مضمن فی الکتب السابقه فاجاب بانه لامانع من ذٰلک فقد دلت الاحادیث علی ثبوت هذا اللازم وقال تعالٰی وانّه لتنزیل ربّ العلمین الی قوله وانه لفی زبر الاوّلین ثم ساق ادلة ذٰلک فی نحو ورقة ثم قال ان السائل نفسه ساله ثانیاً هل ثبت ان عیسٰی ینزل علیه الوحی بعد نزوله فاجاب نعم روی مسلم وغیره اثناء حدیث اوحی اللّٰه الی عیسی انی قد اخرجت عباداً من عبادی لا ید لک بقتالهم فحرزعبادی الی الطور ویبعث اللّٰه یاجوج وماجوج وهم من کل حدب ینسلون فیمر اوائلهم علی بحرة طبریة فیشربون ما فیها ویمراٰخرهم فیقولون لقد کان بهذه مرة ماءٌ ویحصر نبی اللّٰه عیسٰی علیه الصلوة والسلام واصحابه ثم یهبط نبی اللّٰه عیسٰی واصحابه الی الارض.اٰه فهذا صریح فی انه یوحی الیه بعد نزوله والذی تقطع به ان الجائ الیه جبریل لانه السفیربین اللّٰه وبین انبیائه کماصرحت الاثار بذٰلک وساقها ثم قال وقد زعم ان عیسٰی اذانزل لایوحی الیه حقیقة بل وحی الهام وهو ساقط مهمل لمنابذته لحدیث مسلم وغیره ولان ما توهمه من تعذر الوحی الحقیقی فاسد لانه نبی فایّ مانع من نزول الوحی الیه فان تخیل انه ذهب منه وصف النبوة فهو قول یقارب الکفر لان النبوة لاتذهب ابداً ولا بعد موته وان تخیل اختصاص الوحی بزمن دون زمن فهو قول لا دلیل علیه ویبطله ثبوت الدلیل علٰی خلافه انتهٰی (فیاخذ عنه ماشرع اللّٰه له ان یحکم به فی امّته فلایحکم بشئ من تحریم وتحلیل الا بما کان یحکم نبینا ﷺ ولا یحکم بشریعة التی انزلت علیه فی اٰوان رسالته ودوننا فهو تابع لنبینا ﷺ وقد نبه علٰی ذٰلک الترمذی الحکیم فی

Marfat.com

کتاب ختم الاولیاء واعرب عنه صاحب عنقاء مغرب وکذا الشیخ سعد الدین التفتازانی فی شرح عقائد النسفی وصحیح انه یصلی بالناس ویؤمّهم ویقتدی به المهدی لانه افضل منه فامامته اولی. انتهٰی) کذا جزم به اعتماد علی تعلیله وورد مایشهد له فی بعض الاثار وعورض بحدیث الصحیحین عن ابی هریرة قال قال رسول اللّٰه ﷺ کیف انتم اذا نزل ابن مریم فیکم وامامکم منکم ولمسلم ایضاً کیف بکم اذا نزل ابن مریم فیقال صل بنا فیقول لا ان بعضکم علی بعضٍ امراء تکرمةً لهذه الامّة ولاحمد من حدیث جابر فاذاهم بعیسی فیقال تقدم فیقول لیتقدّم امامکم فلیصل بکم ولابن ماجه فی حدیث ابی امامة وکلهم ای المسلمین ببیت المقدّس وامامهم رجل صالح قد تقدم لیصلی بهم اذ نزل عیسٰی فرجع الامام ینکص لیتقدم عیسٰی فیقف عیسٰی بین کتفیه ثم یقول تقدم فانها لک اقیمت وروی ابونعیم عن ابی سعید مرفوعاً منا الذی یصلی عیسٰی بن مریم خلقه ای من اهل البیت وجمع بان عیسٰی یقتدی بالمهدی اوّلا لیظهرانه نزل تابعاً لنبینا حاکما بشرعه ثم بعد ذٰلک یقتدی المهدی به علٰی اصل القاعدة من اقتداء المفضول بالفاضل قال ابن الجوزی لوتقدم عیسٰی اماماً لوقع فی النفس اشکال ویقبل ا تراه تقدم نائبا او مبتدءا شرعا فیصلی ماموما لئلا یتدنس بغبار الشبهة وجه قوله لانبیّ بعدی وفی صلوة عیسٰی خلف رجل من هذه الامّة مع کونه فی اٰخرالزمان وقرب قیام الساعة دلالة للصحیح من الاقوال ان الارض لاتخلوا عن قائم للّٰه بحجّة وقیل معنی وامامکم منکم انه یحکم بالقراٰن لا بالانجیل کما فی روایته

Marfat.com

لمسلم وامامكم منكم قال ابن ابی ذئب معناه وامامكم بكتاب ربّكم وعليه لم يتبيّن ان عيسٰی اذانزل يكون اماما اومامومًا لكن لينكر عليه روايته احمد ومسلم فانها صريحتان لايقبلان هذا التاويل وقال ابوالحسن الاترى فی مناقب الشافعی تواترت الاخبار ان المهدی من هذه الامّة وان عيسی يصلی خلفه ذكر ذٰلک ردًا لحديث ابن ماجة عن انس ولامهدی الا عيسٰی (فهو عليه السلام وان كان خليفة فی الامّة المحمدية فهورسول ونبی كريم علی حاله لاكمايظن بعض الناس انّه ياتی واحدًا من هذه الامّة) بدون نبوّة ورسالة وجهل انهما لايزولان بالموت كما تقدم فكيف بمن هوحی (نعم هو واحد من هذه الامّة) مع بقائه علی نبوّته ورسالته (لماذكر من وجوب اتباعه لنبيّنا ﷺ والحكم بشريعته فان قلت قد ورد فی صحيح مسلم) والبخاری ايضًا (قوله ﷺ ليوشكن ان ينزل فيكم ابن مريم حكما) ای حاكمًا (مقسطا) ولفظ البخاری حكمًا عدلا وفی مسلم عن ابی هريرة مرفوعًا ينزل عيسٰی بن مريم علی المنارة البيضاء شرقی دمشق وفی الصحيحين عنه رفعه ينزل عيسی فيقتل الدجال (فيكسر الصليب ويقتل الخنزير) فيبطل دين النصرانية لكن فی الطبرانی الاوسط باسناد لاباس به عن ابی هريرة ويقتل الخنزير والقردة (ويضع الجزية) وفی روايته ويضع الحرب وبقية الحديث فی الصحيحين ويفيض المال حتی لايقبله احد حتی تكون السّجدة الواحدة خيرا من الدنيا وما فيها ثم يقول ابوهريرة اقرءوا ان شئتم وان من اهل الكتاب الا ليومنن به قبل موته ويوم القيامة يكون عليهم شهيدا. قال الحافظ والمعنی ان الدين يصير واحدا فلا يبقی

Marfat.com

احد من اهل الذمّة يؤد الجزية وقيل معناه يكثرالمال فلا يبقى من يمكن صرف مال الجزية له فيترک الجزية استغناءا عنها وقال عياض يحتمل ان المراد بوضعها تقريرها على الكفار من غيرمحاباة وتكون كثرة المال بسبب ذٰلک وتعقبه النووى (وان الصواب فى معناه انه لايقبل الجزية ولايقبل الا الاسلام اوالقتل) ان امتنعوا منه قال الحافظ ويؤيّده رواية احمد من وجه اٰخر وتكون الدعوى واحدة (وهذا خلاف ماهو حكم الشرع اليوم فان الكتابى اذا بذل الجزية وجب قبولها ولم يجز قتله ولا اكراهه عى الاسلام واذاكان كذٰلک فكيف يكون عيسٰى عليه السلام حاكماً بشريعة نبيّنا ﷺ. فالجواب انه لا خلاف انما ينزل حاكماً بهذه الشريعة المحمدية ﷺ) لحديث عبداللّٰه بن مغفل ينزل عيسٰى بن مريم مصدقا بمحمد على ملته رواه الطبرانى (ولا ينزل نبى برسالة مستقلة وشريعة ناسخة بل هو حاكم من حكّام هذه الامّة واماحكم الجزية ومايتعلّق بها فليس حكما مستمرا الى يوم القيامة بل هو مقيّد بما قبل نزول عيسٰى وقد اخبرنبينا ﷺ وليس عيسٰى هوالناسخ بل نبيّنا ﷺ هوالمبين للنسخ) بقوله ويضع الجزية (فدل على ان الامتناع فى ذٰلک الوقت من قبول الجزية وهو شرع نبيّنا ﷺ اشار اليه النووى فى شرح مسلم فان قلت ما لمعنى فى تغيير حكم الشرع عند نزول عيسٰى عليه السلام فى قبول الجزية فاجاب ابن بطال) ابوالحسن على فى شرح البخارى (بانا انما قبلناها نحن لاحتياجنا الى المال وليس يحتاج عيسٰى عليه السلام عند خروجه) اى ظهوره ونزوله من السماء الى الارض (الى مال لانه يفيض فى ايّامه المال حتى

Marfat.com

لایقبله احد فلا یقبل الا القتل اوالایمان باللّٰه وحده. انتهٰی واجاب الشیخ ولی الدین بن العراقی بان قبول الجزیة من الیهود والنصاری بشبهته ما بایدیهم من التورٰة والانجیل وتعلّقهم بزعمهم بشرع قدیم فاذانزل عیسٰی علیه السلام زالت تلک الشبهة بحصول معانیته فصارواکعبدة الاوثان فی انقطاع شبهتهم وانکشاف امرهم فعوملوا معاملتهم فی انه لایقبل منهم الا الاسلام والحکم یزول بزوال علّته قال وهذا معنی حسن مناسب لم ار من تعرض له قال وهذا اولی ممّا ذکره ابن بطال انتهٰی) وفی الفتح قال العلماء الحکمة فی نزول عیسٰی دون غیره من الانبیاء الرد علی الیهود فی زعمهم انهم قتلوه فبین اللّٰه کذبهم وانه الذی یقتلهم اونزوله لدنو اجله لیدفن فی الارض اذ لیس لمخلوق من التراب ان یموت فی غیرها وقیل انه دعا اللّٰه لما رای صفة محمد صلی اللہ علیہ وسلم وامته ان یجعله منهم فاستجاب اللّٰه دعائه وابقاه حتی ینزل فی اٰخرالزمان مجدّد والامر الاسلام فیوافق خروج الدجال فیقتله والاوّل اوجه. وفی مسلم عن ابن عمروانه یمکث فی الارض بعد نزوله سبع سنین وروی ابونعیم بن حماد فی کتاب الفتن من حدیث ابن عبّاس ان عیسٰی اذ ذاک یتزوّج فی الارض ویقیم بها تسع عشرة سنة وباسناد فیه مبهم عن ابی هریرة یقیم بها اربعین سنة وروی احمد وابوداؤد بسند صحیح عن ابی هریرة مرفوعاً ینزل عیسٰی علیه السلام وعلیه ثوبان ممصران فیدق الصلیب ویقتل الخنزیر ویضع الجزیة ویدعوالناس الی الاسلام ویهلک اللّٰه فی زمانه الملل کلّها الا الاسلام وتقع الامنة فی الارض حتی ترقع الاسود مع الابل وتلعب الصبیان

Marfat.com

یجیبهٗ کبرت کبیرا یانضلة ثم قال اشهد ان لا الٰه الا اللّٰه قال کلمة الاخلاص یانضلة ثم قال اشهد ان محمدا رسول اللّٰه قال هو الذی بشّرنا به عیسیٰ بن مریم علی راس امته تقوم الساعه فقال حیّ علی الصلٰوة فقال طوبی لمن مشیٰ الیها وواظب علیها قال حی علی الفلاح قال افلح من اجاب قال اللّٰه اکبر اللّٰه اکبر لا الٰه الا اللّٰه قال اخلصت کلمة الاخلاص کله یانضلة حرّم اللّٰه بها جسدک علی النار. فلما فرغ من اذانه قاموا فقالوا من انت یرحمک اللّٰه امَلکٌ انت اَم من الجِنّ اوطائف من عباد اللّٰه قد اسمعتنا صوتک فارنا صورتک فان الوفد وفد رسول اللّٰه ﷺ ووفد عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ قال فانفلق الجبل عن هامته کالرحا ابیض الراس واللحیة علیه طمران من صوفٍ قال السلام علیکم ورحمة اللّٰه وبرکاته فقالوا وعلیک السلام و رحمة اللّٰه وبرکاته من انت یرحمک اللّٰه قال زُرَیت بن برثملا وصی العبد الصالح عیسٰی بن مریم اسکننی هذا الجبل ودعالی بطول البقاء الی حین نزوله من السماء فاقرءوا عمر منی السلام وقولوا یاعمر سدد و قارب فقد دنا الامر و اخبروه بهذا الخصال التی اخبرکم بها یاعمراذاظهرت هذه الخصال فی امة محمد ﷺ. فالهرب الهرب اذااستغنی الرجال بالرجال والنساء بالنساء وانتسبوا الی غیرمناسبهم وانتموا الی غیر مواليهم ولم یرحم کبیرهم صغیرهم ولم یوقّر صغیرهم کبیرهم وترک المعروف فلم یوم به وترک المنکر فلم ینه عنه وتعلّم عالمهم العلم لیجلب به الدنانیر والدراهم وکان المطرقیظا والولد غیظاً وطولوا المنارات وفضضوا المصاحب وزخرفوا المساجد

Marfat.com

واظهروا الرشاوشید والبناء واتبعوا الهوی وباعوا الدین بالدنیا وقطعت الارحام وبیع الحکم واکلوا الربوا فصارالغنی عزا وخرج الرجل من بیته فقام الیه من هو خیر منه فسلموا علیه ورکب النساء السروج ثم غاب عنهم فلم یروه فکتب نضلة بذلک الی سعد وکتب سعد بذلک الی عمر فکتب الیه عمر سرانت ومن معک من المهاجرین والانصار حتی تنزلوا بهذا الجبل فان تقیته فاقرءه منی السلام فخرج سعدٌ فی اربعة الاف من المهاجرین والانصار حتی نزلوا ذلک الجبل ومکث اربعین یوماً ینادی بالصلوٰة فلایجدون جوابا ولایسمعون خطابا (ازالۃ الخفا مکاشفات امیر المومنین عمر رضی اللہ عنہ) عمر رضی اللہ عنہ نے سعد بن ابی وقاص کو جو قادسیہ میں حاکم تھا لکھا کہ نضلہ بن معاویہ انصاری کو حلوان عراق کی طرف روانہ کرتا کہ اس کے اطراف سے اموال غارت حاصل کریں۔ چنانچہ سعد نے نضلہ کو تین سو سوار کی معیت میں بھیجا یہاں تک کہ حلوان عراق میں آئے اور اس کے اطراف واکناف میں لوٹ کے بہت سی غنیمت اور قیدی لا رہے تھے کہ ان کو عصر کے وقت نے تنگی کی اور قریب تھا کہ آفتاب غروب ہو جائے اس وقت نضلہ نے قیدیوں اور غنیمت کو کوہ حلوان کے ایک طرف پناہ دی اور کھڑے ہو کر اذان کہنی شروع کی اور جب اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر کہا تو ناگہان ایک مجیب نے پہاڑ میں سے اجابت کے ساتھ کہا کہ اے نضلہ تو نے خداوند بزرگ کی تکبیر کہی ہے۔ پھر نضلہ نے کہا اشهد ان لا اله الا اللّٰه تو مجیب نے جواب دیا کہ اے نضلہ یہ کلمۂ اخلاص ہے۔ پھر نضلہ نے کہا اشهد ان محمدا رسول اللّٰه تو مجیب نے کہا کہ یہ وہی ہے کہ جس کی بشارت ہم کو عیسیٰ بن مریم علیہما السلام نے دی اور جس کی اُمّت کے سر پر قیامت قائم ہوگی۔ پھر نضلہ نے کہا حی علی الصلوٰة تو مجیب نے کہا اس کے لئے خوشی ہے جو نماز کی طرف قدم اٹھائے اور

Marfat.com

اس پر مواظبت کرے۔ پھر نھلہ نے کہا حی علی الفلاح۔ تو مجیب نے کہا اس کیلئے فلاحیت ہے جو اس کی اجابت کرے۔ پھر نھلہ نے کہا اللّٰہ اکبر اللّٰہ اکبر لا الہ الا اللّٰہ تو مجیب نے جواب دیا اے نھلہ تو نے تو کلمہ اخلاص اچھی طرح کہا۔ اللہ نے تیرا جسم آگ پر حرام کر دیا ہے۔ پس جبکہ نھلہ اذان کہنے سے فارغ ہو گیا تو سب لوگ کھڑے ہو کر کہنے لگے خدا تجھ پر رحم کرے تو کون ہے؟ کیا تو فرشتہ ہے یا جن یا اللہ کے بندوں میں سے کوئی بندہ ہے؟ تو نے ہم کو اپنی آواز سنائی ہے پس ہم کو اپنی صورت بھی دکھا کیونکہ یہ لشکر رسول اللہ ﷺ اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا بھیجا ہوا ہے۔ پس اسی وقت چکّی کے پاٹ کی طرح اس شخص کا سر پہاڑ کے شگاف سے ظاہر ہو گیا جس کے سر اور ریش کے بال سفید اور اس پر پشم کے دو پرانے کپڑے تھے اور اس نے ہم کو خطاب کر کے السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ کہا اور سب نے اس کا جواب وعلیک السلام ورحمۃ اللہ و برکاتہ کہہ کر پوچھا خدا تجھ پر رحم کرے تو کون ہے؟ اس نے جواب دیا کہ میں زُریت بن برثملا خدا کے عبد صالح عیسیٰ علیہ السلام کا وصی ہوں اس نے مجھے اس پہار میں ساکن کیا ہے اور آسمان سے نزول کے وقت تک طول بقا کی دعا میرے لئے کی ہے۔ پس میری طرف سے عمر رضی اللہ عنہ کو سلام کہہ دو اور کہو کہ اے عمر استوار اور قریب ہو جا کیونکہ امر معہود نزدیک ہو گیا ہے۔ اور ان بہت سی خصائل کی اطّلاع دینے کے لئے امر کیا جو اس حدیث میں حاشیہ پر مذکور ہیں۔ اور اس کے بعد غائب ہو گیا اور وہ اس کو نہ دیکھ سکے۔ پھر نھلہ نے یہ سارا واقعہ سعد بن ابی وقاص کی طرف لکھا اور اس نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف لکھا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے جواب میں سعد کو لکھا کہ تو اپنے ساتھ مہاجرین اور انصار کی معیت میں اس پہار پر جا اور اگر زُریت بن برثملا سے ملے تو میری طرف سے اس کو سلام کہہ دے۔ چنانچہ سعد حکم کے مطابق چار ہزار مہاجرین اور انصار کی معیت میں اس پہاڑ پر گیا اور چالیس دن تک وہاں نماز کی ندا کرتا رہا لیکن ان کو کوئی

Marfat.com

جواب یا خطاب نہ سنائی دیا۔ پس ابن عباس رضی اللہ عنہما کی اس حدیث نے کئی امور سے اطلاع دے دی۔ اوّل وصی عیسیٰ کا اس قدر زمانہ دراز تک بغیر اکل وشرب کے زندہ رہنا۔ دوئم عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی بشارت دینا۔ سوم حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے علاوہ چار ہزار صحابہ مہاجرین وانصار عیسیٰ نبی اللہ کے نزول پر ایمان لانا حتیٰ کہ نھلہ اور تین سو (۳۰۰) سوار کی رؤیت وصی عیسیٰ علیہ السلام کو تسلیم کر کے اپنا سلام وصی عیسیٰ کی طرف بھیجنا۔ کیا اس کے بعد کوئی شخص جو خدا اور رسول پر ایمان رکھتا ہے رسول اللہ کے صحابہ کی طرف خیانت کی نسبت کر سکتا ہے؟ جیسے کہ قادیانی صاحب نے کی۔ اور مسیح کی حیات اور رجوع کے قائل کو مکتوب عربی کے صفحہ ۱۴۹ میں محجوب اور مجہول اور کور دِل اور ظالم کہا جس سے یہ چار ہزار صحابہ مہاجرین وانصار بھی باہر نہیں ہو سکتے۔

حضرت سلمان فارسی نے وصی عیسیٰ کو دیکھا

بخاری جلد اوّل کے صفحہ اخیر کے حاشیہ پر کرمانی اور قسطلانی سے اور اکمال میں ہے۔ کہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے وصی عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا اور حضرت سلمان فارسی نے بقولے دوسو پچاس (۲۵۰) برس اور بقول تین سو پچاس برس (۳۵۰) عمر پائی۔ اور ہجرت کے چھتیسویں سال مدائن میں وفات پائی۔ حضرات القدس میں ہے۔ ”وبروایت اکثر سہ وپنجاہ سال بودہ است در ۳۶ھ از ہجرت در مدائن رحلت نمودہ وحضرت امیر کرم اللہ وجہہ در یک شب از مدینہ بمداین رفتہ سلمان را غسل دادہ در ہماں شب بمدینہ سکینہ مراجعت فرمودہ است“۔

خلاف قول قادیانی صاحب معتزلہ کے نزدیک حیات عیسیٰ علیہ السلام

اور ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں کہ خود خدا تعالیٰ نے قرآن کریم میں توفّی غیر معنی موت کے لئے سورۂ زمر میں منصوص فرمائے۔ اور یہ دعویٰ کہ کل اکابرِ معتزلہ کا اس پر اتفاق ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام پر موت وارد ہو گئی اس کو علام زمخشری معتزلی کا قول جو تفسیر کشّاف میں ہے رد کرتا ہے۔ کیونکہ انہوں نے آیت متوفی کے تحت میں اس طرح لکھا ہے۔ انی

Marfat.com

متوفیک ای مستوفی اجلک ومعناہ انی عاصمک من ان تقتلک الکفّار ومؤخرک الی اجل کتبتہ لک وممیتک حتف انفک لاقتلا بایدیھم ورافعک الیّ الی سمای ومقرملائکتی (کشاف) میں تیری اجل پوری کروں گا یعنی میں تجھ کو کفّار کے ہاتھوں سے بچالوں گا اور تجھ کو اس اجل اور زمانہ تک مہلت اور وقفہ دوں گا جو تیرے لئے میں نے لکھ دیا ہے اور تجھ کو اپنی موت سے ماروں گا اور تجھ کو اپنے آسمان اور اپنے ملائکہ کے مقر کی طرف اٹھاؤں گا۔

ہاں تفسیروں میں مفسّرین نے یہ نصاریٰ کا قول ذکر کیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام رفع کے قبل سات ساعت تک مرے رہے۔ قبل اماتہ اللّٰہ سبع ساعات ثم رفع اللّٰہ الی السماء والیہ ذھب النصاریٰ. (بیضاوی) اور وہب کا قول ہے۔ وقال وھب توفی اللّٰہ عیسٰی ثلاث ساعات من النھار ثم احیاہ ثم رفعہ اللّٰہ الیہ وقال محمد بن اسحٰق ان النصاری یزعمون ان اللّٰہ توفّاہ سبع ساعات من النھار ثم احیاہ ورفعہ الیہ (معالم، ابن کثیر) کہ تین دن تک مرے رہے۔ پھر خدا نے ان کو زندہ کر کے آسمان کی طرف اٹھالیا اور جیسے کہ اسی قسم کا مفاد اس حدیث کا ہے جس کو حاکم نے مستدرک میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام ایک سو بیس (۱۲۰) برس تک زندہ رہے اور ہر نبی اپنے ماقبل نبی کی نصف عمر پاتا ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ساٹھ (۶۰) برس کے سرے پر جانے والا ہوں۔ پہلے قول کو سب نے نصاریٰ کی طرف منسوب کیا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک سو بیس برس کی عمر میں مرفوع ہونا غلط ہے

اور حدیث عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو ذکر کر کے حافظ حجر عسقلانی نے خود غیر معتبر ٹھہرایا اور کہا کہ صحیح یہی ہے کہ عیسیٰ زندہ اٹھایا گیا۔ اور ابن عساکر کی حدیث اس کے بعد نقل کر کے ثابت کر دیا کہ عیسیٰ علیہ السلام مدینہ منوّرہ میں فوت ہوں گے۔

Marfat.com

حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی رکاکت

بلکہ خود اس حدیث عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے الفاظ کی رکاکت اس کی سخافت اور موضوعیت کی شاہد ہے۔ کیونکہ اگر کتب سیر وتواریخ پر بنظر استقراء نظر ڈالی جائے تو کبھی یہ قضیہ ثابت نہ ہوگا کہ ہر نبی اپنے ماقبل نبی کی نصف عمر پاتا ہے۔ چنانچہ شاہ عبدالعزیز دہلوی رحمۃ اللہ علیہ عجالۂ نافعہ میں حدیث کے وضع اور کِذب راوی کی علامات میں سے اوّل علامت وضع یہ لکھتے ہیں۔ کہ راوی تاریخ مشہور کے خلاف روایت کرے۔ اور قطع نظر اس کے بیضاوی وغیرہ نے تصریح کردی ہے کہ زمانۂ فترت رسل میں عیسیٰ کے بعد چار نبی گذرے۔ چنانچہ علامہ خیر الدین آفندی نے جواب فصیح میں ان کے اثبات میں متعدّد احادیث پیش کیں اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے تصریح کردی کہ زمانہ فترت میں کسی ایسے نبی کا وجود ممتنع نہیں جو رسول اخیر کی شریعت کی طرف دعوت دے۔

حضرت محمد ﷺ کی عمر مبارک تریسٹھ (۶۳) برس ہونا ہی صحیح ہے

عن عائشة ان النبی ﷺ توفی وهوابن ثلث وستين قال ابن شهاب واخبرنی سعيد بن المسيب مثله (بخاری ص۵۰۱) واخرج مسلم من وجه اخر عن انس رضی اللہ عنہ عاش ثلاث وستين و هو موافق لحديث عائشة الماضی قريباً وبه قال الجمهور (فتح الباری حاشیہ بخاری ص۵۰۲) اور خود حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ آنحضرت ﷺ نے تریسٹھ (۶۳) برس کی عمر میں وفات پائی۔ اور یہ مذہب جمہور کا ہے اور یہی صحیح ہے۔ پس کوئی وجہ وجیہہ نہیں کہ حاکم کی اس حدیث کو صحیح مان لیا جائے جس میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عمر ایک سو بیس (۱۲۰) برس بروایت حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کی گئی ہے اور کہہ گیا ہے۔ وروی عن ابن عباس توفی وهوابن خمس وستين بادخال سنتی الولادة والوفاة وقيل ابن ستين كما روی عن انس بالغاء الكسر قال فی المرقاة

Marfat.com

والصحیح ثلث وستون (حاشیہ بخاری ص۴۶۱) ہر نبی اپنے ماقبل نبی سے نصف عمر پاتا ہے اور آنحضرت ﷺ ساٹھ برس کے سر سے پروفات پا گئے۔

حالانکہ چار ہزار صحابی سے زیادہ صحابہ اور چاروں مذاہب کے ائمہ کا یہ مذہب ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام زندہ اٹھائے گئے اور وہی عیسیٰ دوبارہ آسمان سے نزول فرمانے والے ہیں۔اور قرآن وسنت نے ان کا نزول علامت ساعت ہونا بیان فرمایا۔

وان من اهل الکتاب الا لیؤمنن به کے متعلق احادیث

بلکہ حاکم نے مستدرک میں ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ آیت **وان من اهل الکتاب الا لیومنن به قبل موته** میں مراد خروج عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ہے اور کہا کہ یہ حدیث بخاری اور مسلم کی شرط پر صحیح ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام ابھی زندہ ہیں

وان من اهل الکتاب الا لیومنن به قبل موت عیسیٰ واللّٰه انه لحی الاٰن عنداللّٰه ولکن اذانزل اٰمنوا به اجمعون. (ابن کثیر از حسن بصری) ابن کثیر نے حسن بصری سے روایت کی کہ کل اہل کتاب عیسیٰ پر قبل از موت عیسیٰ علیہ السلام ایمان لائیں گے اور خدا کی قسم وہ ابھی زندہ اللہ کے پاس ہے اور جب اترے گا سب اس پر ایمان لائیں گے۔

توفّی کے معنی بقول مظہری رفع الی السماء

اور ابن جریر نے بھی اسی قول کی صحت پر فتویٰ دیا۔**والظاهر عندی ان المراد بالتوفی هوالرفع الی السماء یشهد به الوجدان بعد ملاحظة قوله تعالیٰ وماقتلوه وماصلبوه ولولا نفی الموت عنه لما کان من نفی القتل فائدة اذ الغرض من القتل الموت.** تفسیر مظہری کے صفحہ ۳۸۷ میں ہے کہ میرے نزدیک ظاہر یہی ہے کہ توفّی کے معنی رفعِ بلا موت ہے اور اس معنی کیلئے ہر شخص کا وجدان

Marfat.com

آیت وماقتلوہ وماصلبوہ کے ملاحظہ کے بعد شہادت دیتا ہے اور اگر اس سے موت کی نفی مقصود نہ ہوتی تو نفی قتل سے کیا فائدہ کیونکہ قتل کا مفاد بھی تو موت ہی ہے۔

شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ کا قول عیسیٰ علیہ السلام آسمان پر زندہ ہیں

اور حضرت شاہ ولی اللہ فوز الکبیر میں لکھتے ہیں۔ ''ونیز از ضلالت ایشاں یعنی نصاریٰ یکے آنست کہ جزم میکنند کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مقتول شدہ است وفی الواقع در قصہ عیسیٰ اشتباۓ واقع شدہ بود رفع بر آسمان را قتل گمان کردند وکابراً عن کابر ہماں غلط را روایت نمودند۔ خدائے تعالیٰ در قرآن شریف ازالہ شبہہ فرمود کہ ماقتلوہ وماصلبوہ ولکن شبّہ لھم۔ انتہی اور مظہری میں ہے کہ بل رفعہ اللّٰہ الیہ ردّوا انکار لقتلہ واثبات لرفعہ۔ بلکہ میں کہتا ہوں کہ یہی ایک آیت عیسیٰ علیہ السلام کے رفع جسم پر نص منصوص ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ قتل اور صلب اجسام سے تعلق رکھتا ہے۔ پس اس آیت میں جس جسم کے قتل اور صلب کی نفی کی گئی ہے اسی کی طرف رفع کی اضافت بھی کی گئی ہے۔

عیسیٰ علیہ السلام زمانہ کہولت کے بعد مریں گے

ویکلم الناس فی المھد وکھلا فیہ اشارۃ الی انہ یعمر ولایموت حتی یکھل والی ان سنہ لایتجاوز الکھولۃ قال الحسن بن فضل وکھلا یعنی بعد نزولہ من السماء فانہ رفع الی السماء قبل سن الکھولۃ وقال اھل التاریخ حملت مریم بعیسیٰ ولھا ثلاث عشر سنۃ وولدت عیسیٰ بمضی خمسین وستین سنۃ من غلبۃ الاسکندر علی ارض بابل واوحی اللّٰہ الی عیسیٰ وھوابن ثلاث وثلثین سنۃ وکانت نبوّتہ ثلاث سنین وعاشت مریم بعد رفعہ ست سنۃ. (مظہری، در منثور بتخریج حاکم عن وہب) آیت لیکلم الناس فی المھد وکھلا کے متعلق مظہری میں ہے کہ اس میں اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام معمر

Marfat.com

ہوں گے اور سن کہولت کے قبل نہ مریں گے اور نیز اس طرف اشارہ ہے کہ ان کا سن شریف زمانۂ کہولت سے تجاوز نہ کرے گا۔ حسن بن فضل کا قول ہے کہ کھلا سے مراد نزول آسمان سے بعد کا زمانہ ہے۔ کیونکہ عیسیٰ علیہ السلام سن کہولت کے قبل آسمان کی طرف اٹھائے گئے۔ اور درمنثور میں اہل تاریخ کا قول ہے کہ مریم علیہا السلام تیرہ برس کی سن میں حاملہ ہوئیں اور عیسیٰ کے تولّد کا زمانہ وہ ہے جبکہ اسکندر کو بابل کے فتح کئے ہوئے ابھی پینسٹھ برس گذرے تھے اور تینتیس برس کی عمر میں عیسیٰ پر وحی کا نزول ہوا۔ اور تین برس تک انہوں نے دعوت نبوّت کی اور آسمان کی طرف رفع کے بعد مریم علیہا السلام چھ سال تک زندہ رہیں۔

اور معالم التنزیل میں مجاہد رضی اللہ عنہ کا قول **و کھلا قال مجاھد معناہ حلیما والعرب یمدح الکھولة لانهِ الحالة الوسطی فی استحکام العقل وجودة الرای والتجربة فان قبل ذلک یقل التجربة.** (معالم) اگرچہ یہ ہے کہ کہل کے معنی حلیم ہیں لیکن مراد زمانہ کہولت ہے۔ کیونکہ عرب کہولت کے ساتھ مدح اس لئے کرتے ہیں کہ وہی زمانہ استحکام عقل اور جودت رائے اور تجربہ کے حق میں حالتِ وسطی ہے۔ کیونکہ قبل اس زمانہ کے تجربہ ناقص رہتا ہے اور خود اشعار عرب میں کہل کا لفظ زمانہ کہولت کے معنی میں مستعمل ہوا۔ چنانچہ رضی میں ہے۔

اذا المرء اعتیه المروة ناشیا فمطلبها کھلا علیه شدید

والمراد ان المرء اذالم یکتسب المجد المؤثل بطلب العلوم والاعمال الصالحة ومنعة المفاخرة و الماثر الدنیویة فی اٰوان الشباب فطلب تلک المنازل فی حال الکھولة شدید علیه۔ (متن متین ص ۴۸) اور قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ سورۂ مائدہ میں آیت **تکلم الناس فی المھد و کھلا** کے متعلق لکھتے ہیں۔ **اذ قال اللّٰه یاعیسٰی بن مریم اذکر نعمتی علیک وعلی والدتک بدل من یوم**

Marfat.com

یجمع اذ ایدتک بروح القدس تکلم الناس فی المهد وکهلا. ای کائنا فی المهد وکهلا والمعنی تکلمهم فی الطفولة والکهولة علی سواء والمعنی الحاق حاله فی الطفولة بحال الکهولة فی کمال العقل والتکلم وبه استدل علی انه سینزل فانه رفع قبل ان اکتهل (بیضاوی سورۂ مائدہ) کہ قیامت کے متعلق لکھتے ہیں کہ قیامت کے دن حق تعالیٰ اپنے امتنانِ نعمت جتلاتے وقت کہے گا کہ اے عیسیٰ بن مریم تو ان نعمتوں کو یاد کر جو تجھے اور تیری ماں کو عطا ہوئیں جبکہ تجھے میں نے روح القدس کے ساتھ تائید دی اور تو زمانہ مہد میں اور زمانہ کہولت میں بلا تفاوت لوگوں سے باتیں کرتا تھا۔ اور مراد اس سے یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حالت طفولت کو باعتبار کمال عقل حالت کہولت کے ساتھ لاحق فرمادیا اور اسی سے استدلال کیا جاتا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام عنقریب آسمانوں سے اتریں گے کیونکہ وہ زمانہ کہولت کے قبل اٹھائے گئے۔ پس یہ آیت بفحوائے خود حسب بیان مظہری و بیضاوی وغیرہ صاف دلالت کررہی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کی عمر زمانہ کہولت سے تجاوز نہ کرے گی۔ اور وہ قبل از کہولت آسمانوں کی طرف اُٹھائے گئے جیسے کہ یہی مذہب کل ائمہ کا ہے اور نیز حدیث عائشہ کے منطوق کو باطل کررہی ہے جس میں بیان ہے کہ عیسیٰ کی عمر ایک سو بیس (۱۲۰) برس کی ہوئی کیونکہ یہ عمر سن کہولت سے تجاوز کرکے شیخوخیت میں محسوب ہے۔

عیسیٰ بن مریم کے فوت ہوجانے پر امام بخاری کے اقوال سے قادیانی کا استدلال اور اس کا ابطال

اور ان تمام بیانات سے جو طریق دوئم میں مذکور ہوئے قادیانی صاحب کے وہ سارے افتراء اور کل جعلسازیاں تارِ عنکبوت کی طرح نیست ونابود ہوجاتی ہیں جو انہوں نے مکتوب عربی اور ازالۃ الاوہام کی جلد ثانی میں متعدد صفحات کے اندر امام بخاری اور دیگر

Marfat.com

صحابہ وائمہ کے اقوال کے متعلق کیں اور نادانوں کوفریب میں لانے کے لئے لکھا کہ امام بخاری نے قطعی طور پراس بات کا فیصلہ دے دیا ہے کہ مسیح ابن مریم فوت ہوگیا اور فوت شدہ بندوں میں جاملا اور معراج کے متعلق احادیث جو پانچ دفعہ امام بخاری نے مختلف اغراض کے لحاظ سے لکھی ہیں ان سے استدلال کیا کہ امام بخاری نے متفرق طرق اور متفرق راویوں کے ذریعہ سے یہ ثابت کردیا ہے کہ مسیح ابن مریم اپنی موت کے بعد اموات میں جاملا اور خدائے تعالیٰ کے بزرگ نبی جواس دنیا سے گذر چکے ہیں ان میں داخل ہوگیا۔ حالانکہ امام بخاری نے اسی ایک غرض کے اثبات کے لئے متعدد مقامات میں ان احادیث کا ذکر نہیں کیا۔ بلکہ ہر ہر غرض کے لئے اس نے جدا جدا عنوان لکھ دیا۔ چنانچہ انہوں نے بخاری کے صفحہ ۵۰ میں باب کیف فرضت الصلوٰۃ فی الاسراء کا عنوان مرتّب کرکے اس کے تحت اس حدیث کو اس غرض سے لکھا کہ صلوٰۃ کی فرضیت کی کیفیت بیان کریں۔ اور صفحہ ۴۵۵ باب ذکر الملائکۃ مرتب کرکے اس حدیث کو اس کے تحت اس غرض کے لئے لکھا تا کہ حدیث رسول اللہ ﷺ سے ملائکہ کرام کا وجود اور ان کا آسمانوں سے زمین پر بنفوس اشخاص خود اترنا ثابت کریں جس کا قادیانی صاحب توضیح المرام کے متعدد صفحات میں انکار کرکے لکھتے ہیں کہ محققین اہل اسلام ہرگز اس بات کے قائل نہیں کہ ملائکہ اپنے شخصی وجود کے ساتھ انسانوں کی طرح پیروں سے چل کر زمین پر اترتے ہیں اور یہ خیال بہ بداہت باطل بھی ہے اور ملک الموت جو ایک سیکنڈ میں ہزاروں لوگوں کی جانیں نکالتا ہے جو مختلف بلاد وامصار میں رہتے ہیں اس کے لئے اس طریق سے یہ مہلت اتنی مشقّت کے بعد کافی نہیں ہوسکتی۔ اور جبریل کے نزول کی اصل کیفیت صرف اثر اندازی کے طور پر ہے نہ واقعی طور پر یاد رکھنی چاہیے۔ اور وہ بذات خود زمین پر نہیں اترتا اور اپنے ہیڈ کوارٹر نہایت روشن نیّر سے جدا نہیں ہوتا بلکہ صرف اس کی تاثیر نازل ہوتی ہے اور اس کے عکس سے تصویر

Marfat.com

انبیاء کے دل میں منقوش ہو جاتی ہے اور ادنیٰ سے ادنیٰ مرتبہ کے ولی پر بھی جبریل ہی تاثیر وحی کی ڈالتا ہے اور حضرت خاتم الانبیاء کے دل پر وہی ڈالتا رہا لیکن ان دونوں وحیوں میں فقط آرسی کے شیشہ اور بڑے آئینہ کا فرق ہے۔ (دیکھو توضیح المرام صفحہ ۲۱، ۶۸، ۷۰، ۷۱، ۸۵ وغیرہ) اور امام بخاری نے صفحہ ۴۷۱ میں باب ذکر ادریس وقول اللّٰہ عزّوجل ورفعناہ مکانا علیا مرتب کر کے اس کے تحت میں اس حدیث کو اس غرض سے لکھا ہے تا کہ ظاہر کریں کہ الیاس اور ادریس دو جدا جدا نبی ہیں اور وہ جو قادیانی صاحب نے شاید ابن عبّاس کی ویذکر عن ابن مسعود وابن عبّاس ان الیاس ھوادریس بخاری واسنادہ ضعیف ولھذا لم یجزم بہ البخاری. (فتح) ضعیف حدیث کے لحاظ سے توضیح مرام کے صفحہ ۳ میں حضرت ادریس کی نسبت بائیبل کے حوالہ سے زعم کیا ہے کہ یوحنّا یا ایلیا تینوں اسماء کا درحقیقت ایک ہی مسمّٰی ہے اور وہ بالکل باطل اور دوراز تحقیق ہے۔ کیونکہ ادریس مکان علیا میں اٹھایا گیا اور آسمانوں میں بحدیث رسول شب معراج میں آنحضرت ﷺ سے ملا۔ اور صفحہ ۵۴۸ میں باب المعراج مرتّب کر کے اس کے تحت میں اس حدیث کو اس غرض سے لکھا تا کہ قادیانی اور اس کے امثال کے اس خیال باطل کو رد کریں جو معراج نبوی ﷺ کو ایک خواب یا کشف خیال کرتے ہیں اور جو ترتیب کہ اس حدیث مالک بن صعصعہ میں ذکر کی گئی ہے وہی ان کا مذہب ہے۔ اور صفحہ ۱۱۲۰ میں باب قول اللّٰہ وکلّم اللّٰہ موسٰی تکلیما مرتّب کر کے اس کے تحت اس حدیث کو اس غرض سے لکھا تا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے اس شرف مکالمت کو ظاہر کریں جس کے باعث حالت نزول نبوی کے وقت چھٹے آسمان سے عروج کر کے ساتویں آسمان میں آنحضرت ﷺ کا استقبال کیا اور فرضیت صلوٰۃ کے متعلق تخفیف کے لئے آنحضرت ﷺ کو روک لیا۔

اور اسی طرح قادیانی صاحب کا بالکل افتراء ہے جو انہوں نے امام بخاری رحمۃ اللہ

Marfat.com

علیہ پر باندھا کہ انہوں نے آیت فلمَّا توفّیتنی کو کتاب التفسیر میں اس لئے لکھا تا کہ آنحضرت ﷺ کے قول سے ثابت کریں کہ آپ نے توفّی کے معنی مار دیا اور وفات دے دی افادہ فرمایا اور اسی غرض سے یہ حدیث بخاری کے متعدد صفحات یعنی صفحہ ۶۶۵، ۶۹۳، ۴۷۳، ۴۹۰ میں ذکر کی گئی۔ حالانکہ امام بخاری نے برخلاف زعم قادیانی صاحب ہر ہر مقام میں عنوان مرتّب کر کے اس کے ذکر کرنے کے منشاء اور اپنے مذہب سے آگاہ کر دیا۔ پس بخاری کے صفحہ ۴۷۳ میں اس حدیث کو انہوں نے بعنوان باب قول اللّٰہ عزوجل و اتخذ اللّٰہ ابراھیم خلیلا اس افادہ کیلئے لکھا تا کہ خلّتِ ابراہیم کی عظمت کا اظہار ہو۔ اور صفحہ ۴۹۰ میں باب قول اللّٰہ عزوجل واذکر فی الکتاب مریم مرتّب کر کے اس غرض سے لکھا تا کہ اس باب میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق اخبارات مستفیضہ کا افادہ کریں۔

دجّال اور عیسیٰ علیہ السلام کے حلیہ میں فرق

چنانچہ انہوں نے اسی باب کے ضمن میں عبداللہ بن عمر کی حدیث عن نافع قال قال عبداللّٰہ ذکر النبی ﷺ یوماً بین ظھرانی الناس المسیح الدجال فقال ان اللّٰہ لیس باعور الا ان المسیح الدجال اعور العین الیمنی کان عینہ عنبۃ طافۃ وارانی اللیل عندالکعبۃ فی المنام فاذا رجل اٰدم کاحسن ماتری من ادم الرجال تضرب لملتہ بین منکبیہ رجل الشعر یقطر راسہ ماءً واضعاً یدیہ علی منکبی رجلین وھو یطوف بالبیت فقلت من ھذا فقالوا ھذا المسیح ابن مریم ثم رایتہ رجلا وراءہ جعدا قططا اعور عین الیمنی کاشبہ من رأیت بابن قطن واضعاً یدیہ علی منکبی رجل یطوف بالبیت فقلت من ھذا فقالوا ھذا المسیح الدّجال. ذکر کر کے افادہ فرمایا کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ نے صحابہ کے سامنے مسیح الدجال کا ذکر فرما کر کہا کہ اس کی سیدھی آنکھ کانی ہے گویا کہ

Marfat.com

اس کی آنکھ ایک انگور کا دانہ ہے جو باہر نکلا ہوا ہے۔ اور آج کی رات میں نے اپنے کو کعبہ کے پاس نیند میں دیکھا اور ناگہاں دیکھتا ہوں کہ ایک آدمی گندم گوں ہے جیسے کہ ایک خوبصورت آدمی گندمی رنگ کا تو دیکھتا ہے۔ کاندھوں کے اوپر کانوں کے نیچے اس کے سیدھے بال سر سے پانی ٹپکاتے ہوئے دو آدمیوں کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے بیت اللہ کے گرد طواف کر رہا ہے۔ پس میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ کہا یہ مسیح ابن مریم ہے۔ پھر اس کے پیچھے ایک مرد نہایت سخت مرغول (اور حبشیوں کی طرح) مجعود[1] اور گھونگھریالے بالوں والا سیدھی آنکھ کا کانا دیکھا جو ایک آدمی کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے ابن قطن سے بہت مشابہ بیت اللہ کے گرد گھوم رہا ہے۔ میں نے پوچھا کہ یہ کون ہے۔ کہا مسیح الدجّال ہے۔ اور اس کے ماقبل مجاہد از ابن عمر کی حدیث میں جو درحقیقت مجاہد عن ابن عبّاس سے مروی ہے۔ لکھا **فاما عیسٰی احمر جعد عریض الصدر** کہ عیسیٰ احمر اور جعد اور فراخ سینہ والا ہے۔ اور اس کے بعد حدیث زہری میں لکھا۔ **حدثنا احمد بن محمد المکی قال سمعت ابراھیم بن سعد حدثنی الزھری عن سالم عن ابیه قال لاواللّٰه ماقال النبی ﷺ لعیسٰی احمر ولکن قال بینما انا نائم اطوف بالکعبة فاذا رجل ادم سبط الشعر یهادی بین رجلین ینطف راسه**

---

[1] جعد، موے کہ در وے دوتا و پیچش باشد و نرم در ہا نباشد ضد بسط رجل موے میانہ، نہ بسط و نہ قطط۔ **قد رجلها ای سرجها ومنشطها وهو استعارة من نضارة وجمال** سبط موے نرم فرو ہشتہ۔ قطط، موے سخت دوتا پیچیدہ مثل موے سیاہان و حبشیاں کہ آنرا چنگلہ گویند سخت جعد وفی الصراح جعد وقطط جعد مرغول وقطط سخت مرغول وکسیکہ در موے وے بسیار پیچ وخم باشد مانند حبشیاں، جعد و رجل، گھونگریالے، میانہ، نہ دراز، جعد و سبط گھونگریالے نرم، سیدھے لٹکے بال، رجل و سبط کنگھی کئے ہوئے لٹکے ہوئے بال۔ و آنحضرت ﷺ نہ سبط بود نہ قطط بلکہ بین بین بود کہ آنرا ہم رجل و ہم جعد گویند و عیسیٰ نہ جعد بود نہ قطط بود۔ بلکہ ہم رجل بود و ہم سبط۔ جعد کہ در وصف عیسیٰ وارد شدہ۔ **قال کرمانی والمراد به جعودة الجسم وهی اجتماعه واکتنازه لاجعودة الشعر۔**

Marfat.com

ماءًا و یهراق راسه ماءًا فقلت من هذا قالوا ابن مریم فذهبت التفت فاذا رجل احمر جسیم جعد الراس اعور عینه الیمنی کان عینه عنبة طافة فقلت من هذا قالوا هذا الدجال واقرب الناس به شبها ابن قطن قال الزهری رجل من خزاعة هلک فی الجاهلیة. سالم نے حلف کے ساتھ کہا کہ عیسیٰ علیہ السلام کی صفت احمر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان نہیں فرمائی بلکہ صرف اتنا کہا ہے کہ میں نے سوئے ہوئے دیکھا کہ کعبہ کا طواف کررہا ہوں کہ ناگہاں ایک گندمی رنگ کا آدمی سبط یعنی لٹکے ہوئے بالوں کا دو آدمیوں کے درمیان جھکتا ہوا جارہا ہے اور اس کے سر سے پانی ٹپک رہا ہے میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ کہا ابن مریم۔ پھر میں نے ادھر اُدھر دیکھا تو ناگہاں ایک سرخ رنگ جسیم گھونگریالے بالوں والا سیدھی آنکھ کا کانا ظاہر ہوا میں نے پوچھا یہ کون ہے؟ کہا یہی دجّال ہے، جو ابن قطن سے بہت ملتا جلتا ہے۔ پس اس باب کی احادیث میں علی رغم قادیانی صاحب جو انہوں نے ازالہ کی جلد اوّل میں اپنی ایک طویل نظم میں کہا کہ ؎

ایں مقدم نہ جائے شکوک است والتباس　　سیّد جدا کند ز مسیحائے احمرم
رنگم چو گندم است و بمو فرق بین است　　زانسان کہ آمدست دراخبار سرورم
اینک منم کہ حسب بشارات آمدم　　عیسیٰ کجاست تا بنہد پا بمنبرم
موعودم و بحلیۂ ماثور آمدم　　حیف است گر بدیدہ نہ بینند منظرم

امام بخاری نے اس بات کو بھی ثابت کردیا کہ عیسیٰ علیہ السلام برنگ احمر نہیں اور نہ ان کے بال جعد قطط یعنی حبشیوں کی طرح گھونگریالے ہیں بلکہ رجل وسبط یعنی موئے میانہ عیسیٰ کنگھی کئے ہوئے چھوٹے ہوئے ہیں۔ اور کرمانی نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث کے متعلق تصریح کردی ہے۔ فان قلت قد سبق انفا ان عیسٰی کان جعدا قلت المراد منه جعودة الجسم وهی اجتماعه واکتنازه لاجعودة الشعر وقوله یقطر ای

Marfat.com

بالماء الذی رجلها به لقرب ترجیله. (کرمانی) کہ اس میں جعد سے مراد جعودت جسم ہے نہ جعودت بال۔ اور امام بخاری نے یہ بھی تصریح کردی ہے کہ احمر کی صفت مسیح دجّال کی ہے اور سخت گھونگریالے بال بھی دجّال ہی کے ہوں گے۔ پس قادیانی صاحب کا یہ بھی ایک افتراء ہے جو انہوں نے ازالہ کے صفحہ ۹۰۰ میں امام بخاری کی نسبت کیا کہ انہوں نے آنے والے مسیح اور اصل مسیح ابن مریم کے حلیہ میں جا بجا التزام کامل کے ساتھ فرق ڈال دیا ہے کہ اصلی مسیح کو احمر بیان کیا ہے اور آنے والے مسیح کو گندم گوں بیان کیا ہے۔ حالانکہ امام بخاری نے اصل مسیح اور آنے والے مسیح کے درمیان کوئی تفریق نہ کی اور اسی طرح امّ ہانی کی حدیثِ معراج نے جس کے الفاظ یہ ہیں۔ اما عیسٰی ففوق الربعة ودون الطویل عریض الصدر طاهر الدم جعد الشعر تعلوه صهبة کانه عروة بن مسعود الثقفی. اور صہبہ سنہری اور سفیدی کو بولتے ہیں یعنی گندمی رنگ جیسے کہ یہ معنی بخاری کی مذکورہ حدیث میں لفظ رجل الشعر سے نکلتے ہیں۔ کیونکہ رجل ان بالوں کو بولتے ہیں جو میانہ ہوں یعنی نہ تو بالکل ہی سبط اور نہ بالکل ہی قطط اور یہ بجز اس کے نہیں کہ جعد کی صفت ان پر صادق آتی ہے۔ بلکہ مسیح جو آنے والا ہے انہوں نے اس باب کے عنوان سے بیان کردیا کہ یہ مسیح وہی مسیح ہے جس کو قرآن کریم نے ابن مریم کہا اور جو اس باب کے عنوان میں مذکور ہے۔ اور اسی معنی کے افادہ کے لئے انہوں نے اس باب کے بعد باب نزول ابن مریم علیہ السلام مرتب فرمایا اور اس کے ضمن میں اوّل وہ حدیث رسول اللہ ﷺ بیان فرمائی جس کی شہادت میں ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ جن کا دامن آنحضرت ﷺ نے علوم نبوت سے لبالب کردیا۔ فرماتے ہیں کہ اگر تم کو اصلی ابن مریم علیہ السلام کے نزول میں شک ہو تو قرآن کریم کی اس آیت کو پڑھو جس میں بیان ہے کہ کوئی اہل کتاب نہیں جو عیسٰی پر اس کے مرنے کے قبل ایمان نہ لائے گا اور ظاہر ہے کہ اس آیت میں عیسٰی علیہ السلام سے مراد ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ نے انہیں حقیقی عیسٰی بن مریم سے لی ہے نہ کوئی معنوی یا مجازی عیسٰی۔

Marfat.com

پھر قادیانی صاحب کا یہ ایک دوسرا افتراء ہے جو امام بخاری کی نسبت لفظ امامکم منکم کے متعلق کیا کہ آنے والا ہم ہی میں سے ایک امام ہے جو اصلی عیسیٰ کا مغائر ہے اور اس کا مثیل ہے حالانکہ ابن ماجہ اور مسلم اور ابو نعیم کی دوسری حدیثیں اس امام کی تفسیر کر رہی ہیں کہ اس حدیث میں عیسیٰ سے مراد اصلی عیسیٰ ابن مریم ہے اور امام سے مراد ایک دوسرا شخص ہے۔ جس کا اقتدا نزول کے وقت حضرت مسیح علیہ السلام کریں گے تا کہ قادیانی جیسے مریض القلوب کو یہ شائبہ وشبہ نہ ہو کہ آیا عیسیٰ آنحضرت ﷺ کا نائب ہو کر آیا ہے یا نبی ہو کر آنحضرت ﷺ کی شریعت کے علاوہ اپنی قدیم شریعت لایا ہے۔

لانبی بعدی

حالانکہ آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ لانبی بعدی یعنی میرے بعد کوئی نبی نہیں، جو جدید نبوّت کے ساتھ مبعوث ہو۔ اور فرمایا کہ اگر موسیٰ زندہ ہوتا تو میری اتّباع بغیر اس کو چارہ نہ تھا۔ معہذا امام بخاری خود اپنی تاریخ میں تحریر فرما چکے ہیں کہ عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام آنحضرت ﷺ اور صاحبین کے ساتھ دفن ہوں گے اور ان کی قبر چوتھی ہوگی۔

رسول اللہ ﷺ کے مقبرہ میں چوتھی قبر کی جگہ جہاں عیسیٰ علیہ السلام دفن ہوں گے

قال ابومودود وقدبقی فی البیت موضع قبر رواه الترمذی ای حجرة عائشة موضع قبر فقیل بینه ﷺ وبین الصدیقین وهوالاقرب الی الادب وقیل بعد عمر وهوالاطهرفقد قال الشیخ الجزری وکذا اخبرنا غیرواحد ممن دخل الحجرة ورأی القبور الثلاثة علی هذه الصفة النبی ﷺ مقدم وابوبکر متاخَر عنه راسه تجاه ظهر النبی ﷺ وراس عمر کذٰلک من ابی بکرتجاه رجلی النبی ﷺ وبقی موضع قبر واحد الی جنب عمر وقد جاء ان عیسٰی علیہ السلام بعد لبثه فی الارض یحج ویعود فیموت بین مکة

Marfat.com

والمدینة فیحمل الی المدینة فیدفن فی الحجرة الشریفة الی جانب فیبقی هذان الصحابیان الکریمان مصحوبین بین الدین النبیین العظیمین علیهما الصلوٰة والسلام ورضی اللہ عنهما الی یوم القیام (مرقاۃ حاشیہ مشکوۃ ص۵۱۵) چنانچہ مرقات شرح مشکوٰۃ میں ہے کہ شیخ جزری اور دوسرے اشخاص سے جو حُجرۂ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا میں گئے۔ معلوم ہوا کہ انہوں نے اس طریق پر مقابر ثلاثہ دیکھیں کہ اوّل آنحضرت ﷺ کی قبر شریف ہے اور آنحضرت ﷺ کی پشت مبارک کے مقابل حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا سر مبارک ہے اور اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا سر انور ابوبکر رضی اللہ عنہ کی پُشت اور آنحضرت ﷺ کے پاؤں مبارک کے مقابل ہے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پہلو میں ایک قبر کی جگہ باقی ہے اور احادیث میں آیا ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام زمین پر سکونت کے بعد حج کر کے جب واپس ہوں گے تو مکّہ اور مدینہ کے درمیان فوت ہوں گے اور ان کی نعش مبارک مدینہ منورہ میں اٹھا کر حجرۂ شریفہ میں ایک جانب دفن کی جائے گی اور یہ ہر دو صحابی اور ہر دو اولو العزم انبیاء علیہما السلام کے مابین قیامت تک رہیں گے۔ سبحان اللہ یہ کیا فضائل ہیں جو بہ برکت اتباع خاتم النبیین ﷺ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو حاصل ہوئے۔ جو کسی دوسرے نبی کو حاصل نہ ہو سکے۔

قادیانی صاحب کا مکّہ اور مدینہ میں جانے سے خائف ہونا جیسے کہ دجّال خائف ہوگا

مگر کمبخت قادیانی صاحب کی شورہ بختی دیکھو کہ وہ کیونکر باوجود دعوٰی عیسویت اور دعویٰ مثیل مسیح ہونے کے اس سعادت سے محروم اور مرجوم کئے گئے ہیں جو مرزا حسین کامی سفیر کے مقدمہ میں ایک الہامی اشتہار کے ذریعہ جو اخبار چودھویں صدی مطبوعہ ۱۵؍جون ۱۸۹۷ء میں شائع ہوا اپنی خوفناک حالت بیان کر رہے ہیں۔ کہ کیا میں اسلام بول میں امن کے ساتھ اس دعویٰ کو پھیلا سکتا ہوں کہ میں مسیح موعود اور مہدی معہود ہوں اور یہ کہ تلوار چلانے

Marfat.com

کی سب روایتیں جھوٹ ہیں؟ کیا یہ سن کر اس جگہ کے درندے مولوی اور قاضی حملہ نہیں کریں گے؟ اور کیا سلطانی انتظام بھی تقاضا نہیں کرے گا کہ ان کی مرضی کو مقدم رکھا جائے۔ پھر مجھے سلطان روم سے کیا فائدہ؟ سو ہم گورنمنٹ برطانیہ کے دلی شکر گذار ہیں کیونکہ اس کے زیر سایہ آرام جو ہم نے پایا اور پا رہے ہیں وہ آرام ہم کسی اسلامی گورنمنٹ میں بھی نہیں پا سکتے۔ ہرگز نہیں پا سکتے۔ انتہیٰ (ازالہ الاوہام صفحہ ۵۰۹ واشتہار مذکور)

پس اس اشتہار سے ظاہر ہے کہ اسلامی سلطنت کے زیر سایہ رہنے اور اسلام بول اور عرب اور مکہ مدینہ کو بذات خود جانے سے کس قدر خائف ہیں۔ اور ازالہ کے صفحہ ۵۴ میں صاف صاف لکھتے ہیں کہ ''جو کچھ ہم پوری آزادی سے اس گورنمنت کے تحت میں اشاعت حق کر سکتے ہیں یہ خدمت ہم مکہ معظمہ یا مدینہ منورہ میں بیٹھ کر بھی ہرگز بجا نہیں لا سکتے''۔

پس آنحضرت ﷺ کا ارشاد بالکل سچ ہے جو فرمایا کہ دجّال مکہ اور مدینہ میں داخل نہ ہوگا۔ اگرچہ ناصیۂ مدینہ میں کسی وقت اس کا رُعب اور اثر ہو جائے گا جیسے کہ قادیانی صاحب کے عربی اشتہارات اور تالیفات کی اشاعت سے ظاہر ہے کہ انہوں نے دور دور تک اشاعت اسلام کی آڑ میں ان کو شائع کیا اور سچ ہے جو آنحضرت ﷺ نے اپنی رؤیا میں دیکھا

فیه اشعار بان احدا لا یستغنی من هذا الجناب ولایفتح لهم غرض الا من هذا الباب وقال التوربشتی ان الدجال فی صورته الکریهة التی سیظهر علیها یدور حول الدین یبغی العوج والفساد. (مرقات حاشیہ مشکوۃ ص ۴۷۶ باب العلامات)

کہ دجّال ایک شخص کے کاندھے پر ہاتھ رکھے ہوئے کعبۃ اللہ کا طواف کر رہا ہے یعنی آنحضرت ﷺ نے اس سے آگاہ فرمایا کہ کوئی بھی اس جناب سے مستغنی نہیں۔ عیسیٰ علیہ السلام مسیح ہو یا دجّال مسیح۔ اور ان کی غرض اس باب کے سوا حاصل ہونی ممکن نہیں۔ اگر عیسیٰ علیہ السلام ہدایت کا راستہ دکھلاوے گا تو بھی دین کے پیرایہ میں اور گر دجّال ضلالت اور غوائیت کی طرف

Marfat.com

بہکائے گا تو بھی دین کی آڑ میں۔ چنانچہ اسی معنی کی طرف صحیح ترمذی کی حدیث صحیح میں اشارہ ہے۔ سیکون فی اُمتی ثلاثون کذّابون کلھم یزعم انه نبی و اناخاتم النبیین لانبی بعدی وفی روایة دجّالون کلھم یزعم انه رسول اللّٰه (ترمذی از ثوبان وابو ہریرۃ متفق علیہ) کہ عنقریب میری اُمّت میں تیس (۳۰) دجّال کے قریب ہوں گے جن کا یہی دعویٰ ہوگا کہ وہ نبی ہے۔ حالانکہ میں ہی خاتم النبیین ہوں جس کے بعد کوئی نبی نہیں۔ مگر یہ ایک طرفہ بھید ہے جو قادیانی صاحب نے ازالہ کے صفحہ ۵۳۳ میں لکھا۔ کہ ''میں نبی بھی ہوں اور اُمّتی بھی''۔ اور صفحہ ۶۷۳ وغیرہ میں لکھا کہ آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ اور آیت وَاٰخَرِیْنَ مِنْھُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِھِمْ وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ درحقیقت اسی مسیح قادیانی سے متعلق ہے اور مبشّرا برسول یاتی من بعدی اسمه احمد میں بھی اسی مثیل کی طرف اشارہ ہے۔

.....

طریق سوم

(محمد ﷺ کے بعد کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا جو دینی علوم کو بذریعہ جبریل حاصل کرے)

خاتم النبیین کے معنی بقول قادیانی صاحب

آیت کریمہ خاتم النّبیین ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰه و خاتم النبیین (سورۂ احزاب) صاف دلالت کررہی ہے کہ بعد ہمارے نبی ﷺ کے کوئی رسول دنیا میں نہیں آئے گا۔ پس اس سے بکمال وضاحت ثابت ہے کہ مسیح ابن مریم رسول اللہ دنیا میں نہیں آسکتا۔ کیونکہ مسیح ابن مریم رسول ہے اور رسول کی حقیقت اور ماہیت میں یہ امر داخل ہے کہ دینی علوم کو بذریعہ جبریل حاصل کرے۔ اور ابھی ثابت ہو چکا ہے کہ اب وحی رسالت تابقیامت منقطع ہے اس سے ضروری طور پر یہ ماننا پڑتا ہے کہ مسیح ابن مریم ہرگز نہیں آئے گا۔ اور یہ امر خود مستلزم اس بات کا ہے کہ وہ مرگیا اور یہ خیال کہ پھر وہ موت کے بعد زندہ

Marfat.com

ہوگیا مخالف کو کچھ فائدہ نہیں پہنچا سکتا۔ کیونکہ اگر وہ زندہ بھی ہوگیا تاہم اس کی رسالت جو اس کے لئے لازم غیر منفک ہے اس کے دنیا میں آنے سے روکتی ہے۔ آہ (ازالۃ الاوہام صفحہ ۶۱۴)

عالم تکوین میں کوئی نبی جدید محمد ﷺ کے بعد پیدا نہیں ہوگا

قادیانی صاحب نے اوّل تو خاتم النّبیین کے معنی سمجھنے میں ایسی سراسر غلطی کی جو کوئی ادنیٰ سمجھدار شخص بھی نہیں کرسکتا۔ کیونکہ اس آیتِ مبارک سے صرف اسی قدر ظاہر ہے کہ سلسلۂ انبیاء عالم تکوین میں ہمارے نبی ﷺ پر ختم ہوگیا۔ اور کوئی جدید نبی مخلوق ہونے والا نہیں جیسے کہ پہلے ہوتے رہے۔ پس اگر عیسیٰ علیہ السلام کا بعد آنحضرت ﷺ نزول فرمانا معہود ہوا ہے تو اس لئے کہ وہ مختوم ہیں نہ کہ خاتم۔ اور خود آنحضرت ﷺ کی صحابیت سے مشرف ہوئے۔ اسی واسطے بیضاوی وغیرہ میں ہے کہ آیت خاتم النبیین سے مراد یہ ہے کہ آنحضرت ﷺ اخر من نبی ہیں یعنی آنحضرت ﷺ کے بعد کسی کو نبوت نہ دی گئی۔ اور بعد حضرت ﷺ کے کسی کو نبوّت ملنا آنحضرت ﷺ سے ختم و منقطع ہوگیا۔ اور اسی معنی کی نسبت آنحضرت ﷺ نے اشارہ فرمایا کہ اگر میرے بعد کوئی نبی سلسلۂ تکوین میں مقدّر ہوتا تو بالضرور عمر ہوتا۔ **لو کان بعدی نبی لکان عمر** رضی اللہ عنہ۔ لیکن جو نبی کہ آنحضرت ﷺ سے پہلے نبوّت پا چکے ہیں اگر آنحضرت ﷺ کے بعد تک زندہ بوصف نبوت رہیں تو اس میں کوئی محذور نہیں۔ ہاں محذور تو اس میں ہے جو قادیانی صاحب نے ازالہ اوہام کے صفحہ ۵۳۳ میں لکھا کہ وہ نبی بھی ہے اور اُمّتی بھی۔

بقول قادیانی باب نبوّت من کل الوجوہ مسدود نہ ہوا اور وہ نبی بھی ہے اور امّتی بھی

توضیح المرام ص ۱۸ میں لکھا۔ کہ اگر یہ عذر پیش ہو کہ باب نبوت مسدود ہے اور وحی جو انبیاء پر نازل ہوتی ہے اس پر مہر لگ چکی ہے۔ میں کہتا ہوں کہ نہ من کل الوجوہ باب نبوّت مسدود ہوا ہے اور نہ ہر ایک طور سے وحی پر مہر لگائی گئی ہے بلکہ جزئی طور پر وحی اور نبوّت کا دروازہ ہمیشہ کھلا رہے گا۔ اور یہ جزوی نبوّت دوسرے لفظوں میں محدثیت کے اسم سے موسوم

Marfat.com

ہے۔اور کہا کہ **النبی محدث والمحدث نبی آہ**۔ حالانکہ شارع کی طرف سے امّت محمدیہ ﷺ میں کوئی فرد بجز عمر رضی اللہ عنہ کے محدث ہونا مقطوع نہیں اور پھر انہیں کی نسبت آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ اگر میرے بعد کوئی نبی ہوتا تو عمر ہوتا۔ پس اس سے ظاہر ہے کہ قادیانی صاحب کے استدلال کا پہلا قضیہ تو صحیح ہے کہ ہر نبی محدث ہوتا ہے۔ لیکن دوسرا قضیہ یعنی ہر محدث نبی ہوتا ہے، بالکل باطل ہے۔ کیونکہ خود قادیانی صاحب کے قول کے مطابق رسول کی حقیقت اور ماہیت میں یہ امر داخل ہے کہ دینی امور کو بذریعہ جبریل حاصل کرے۔ لیکن قادیانی صاحب کا یہ زعم کہ اس سے عیسیٰ علیہ السلام کی موت لازم آتی ہے۔ اور رسالت جو اس کے لئے لازم غیر منفک ہے اس کو دنیا میں آنے سے روکتی ہے۔

عیسیٰ نبی اللہ علیہ السلام پر جبریل علیہ السلام کے اترنے میں کوئی مانع نہیں

اس سے ہم کو ہرگز اتفاق نہیں کہ کیونکہ اس زعم کو شیخ سیوطی اور امام سبکی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تحقیق باطل کرتی ہے۔ جس کو علامہ زرقانی نے مواہب اللدنیہ کی شرح میں لکھا۔ اور طحطاوی نے شرح درمختار کے اوائل میں۔ کہ کسی سائل نے ان سے پوچھا کہ کیا یہ ثابت ہے کہ نزول کے بعد عیسیٰ علیہ السلام پر وحی کا اترنا ہوگا؟ اس کے جواب میں کہا کہ ہاں! کیونکہ مسلم وغیرہ نے نواس بن سمعان کی حدیث میں روایت کیا ہے کہ اللہ تعالیٰ عیسیٰ نبی اللہ علیہ السلام پر وحی اتارے گا اور یہ امر قطعی ہے کہ وحی کا لانے والا جبریل ہی ہے کیونکہ اللہ اور اللہ کے نبیوں کے درمیان وہی سفیر ہے جیسے کہ آثار میں اس کی صراحت کی گئی ہے اور کہا کہ یہ جو زعم ہے کہ عیسیٰ نبی اللہ علیہ السلام جب نزول فرمائے گا تو اس پر حقیقی وحی کا نزول نہ ہوگا بلکہ وحی مجازی یعنی الہام ہوگا۔ اس کو مسلم کی حدیث رد کرتی ہے۔

حدیث لاوحی بعدی باطل ہے

اور حدیث لاوحی بعدی بالکل باطل اور بے اصل ہے۔ اور نیز جس معنی سے کہ وحی حقیقی اس کے نزدیک متعذر ہے وہ معنی دراصل خود فاسد اور کاسد ہیں۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ

Marfat.com

علیہ السلام جب کہ نبی اللہ ہیں پس وحی حقیقی کے نزول میں کون مانع ہے؟ پس اگر اس خیال سے کہا جائے کہ عیسیٰ سے نزول کے بعد وصف نبوّت جاتا رہے گا تو یہ ایسا قول ہے کہ جو کفر تک پہنچا دیتا ہے۔ کیونکہ کبھی کسی نبی کی نبوت نہیں جاسکتی نہ مرنے کے قبل اور نہ مرنے کے بعد فکیف کہ وہ تو ابھی زندہ ہیں اور اگر اس خیال سے کہا جائے کہ وحی حقیقی نبی کے ایک خاص زمانہ کے ساتھ مختص ہوتی ہے۔ تو یہ ایسا قول ہے کہ جس پر کوئی دلیل نہیں اور اس کو اس کے برخلاف دلائل کا ثبوت باطل کرتا ہے۔ اور یہ جو مشہور ہے کہ جبریل بعد موت آنے حضرت ﷺ کے زمین پر نہ اتریں گے اس کی کوئی اصل نہیں۔ بلکہ وارد ہے ان الذین قالوا ربّنا اللّٰہ ثم استقاموا تتنزّل علیھم الملائکۃ. (فتوحات باب ۳۶۴) کہ جو شخص طہارت سے مرتا ہے اس کی موت کے وقت حاضر ہوتے ہیں اور شب قدر میں اترتے ہیں اور دجّال کو مکّہ اور مدینہ میں داخل ہونے سے مانع ہوں گے۔

حدیث لانبی بعدی کے معنی

ہاں حدیث لانبی بعدی صحیح ہے لیکن اس کے معنی علماء کے نزدیک یہی ہیں کہ آنحضرت ﷺ کے بعد کوئی نبی تشریع نہیں آئے گا جو تحریم اور تحلیل کے متعلق کوئی جدید شریعت بجز شریعت نبوی ﷺ کے لائے۔ پس اسی معنی کے متعلق احادیث رسول اللہ ﷺ میں ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نزول کے وقت آنحضرت ﷺ کی شریعت کے مطابق حکم کریں گے اور ہمارے نبی ﷺ کے تابع ہوکر رہیں گے۔ جیسے کہ اس معنی پر حکیم ترمذی نے کتاب ختم الاولیاء میں اور صاحب عنقاء مغرب اور علّامہ تفتازانی نے تنبیہ کردی۔ انتہی

بقول قادیانی صاحب، رسول کا مطاع ہونا منصوص ہے لہٰذا
عیسیٰ علیہ السلام کا مطیع شریعت محمدیہ ﷺ ہونا درست نہیں

لیکن قادیانی صاحب کی کورفہمی ملاحظہ کرنی چاہیے کہ وہ بحوالۂ وما ارسلنا من رسول الا لیطاع باذن اللّٰہ. ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۵۶۹ میں استدلال کررہے ہیں کہ

Marfat.com

صاحبِ نبوت تامہ ہرگز امتی نہیں ہوسکتا اور وہ مطاع ہوتا ہے نہ کہ مطیع۔ مگر ان کو معلوم نہیں کہ حضرت ہارون اور یوشع بن نون باوجود نبی اور رسول ہونے کے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی شریعت کے کیوں تابع ہوئے؟ اور خود حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے یہود نے کیوں انحراف کیا؟ اور یہ بجز اس کے نہیں کہ انہوں نے انجیل عیسیٰ کو احکام تحلیل اور تحریم سے معرٰی اور عیسیٰ علیہ السلام کو توریت کے احکام کا مطیع پایا اور یہ ظاہر ہے کہ نہ حضرت ہارون اور یوشع بن نون کو نبوت غیر تامہ ملی اور نہ عیسیٰ علیہ السلام کو۔ اور یہ تینوں نبی اگرچہ احکام تحلیل وتحریم میں شریعت موسیٰ کے تابع اور مطیع ہوئے لیکن اپنی اپنی قوم کے حق میں وہ متبوع اور مطاع ہوئے۔ پس حق تعالیٰ کا یہ ارشاد بالکل سچ ہے کہ ہر صاحب رسالت اللہ کے اذن سے مطاع ہوتا ہے اور یہ معنی کے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نزول کے بعد اپنی شریعت قدیمہ پر عمل نہ کریں گے بلکہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے تابع ہوں گے، یہ درحقیقت اس عہد میثاق کا وفا ہے جو حق تعالیٰ نے اپنے انبیاء سے لیا۔

ہر نبی کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرنا عہد میثاق ہے

واذ اخذ اللّٰه ميثاق النبيين لما اٰتيتكم من كتاب وحكمة ثم جاء كم رسول مصدق لما معكم لتؤمنن به ولتنصرنه قال أاقررتم واخذتم علىٰ ذٰلكم اصرى قالوا اقررنا قال فاشهدوا وانا معكم من الشاهدينo (سورۂ آل عمران) جو کچھ تم کو میں نے کتاب وحکمت دی اس کی تصدیق کرنے والا ایک رسول آئے گا اگر تم اس کو پالو تو ضرور اس پر ایمان لانا اور اس کی نصرت کرنا۔ اور حق تعالیٰ نے ان سے اقرار کا اعادہ کرا کر فرمایا کہ تم بھولو مت اور میں بھی تمہارے اقرار کا شاہد ہوں۔ حسن بصری اور حضرت علی ابن ابی طالب اور ابن عباس رضی اللہ عنہم کا قول ہے کہ یہاں رسول سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ اور یہی معنی سدی اور قتادہ سے آیت واذ اخذنا من النبيين ميثاقهم ومنك ومن نوح میں مروی ہیں۔

Marfat.com

امام سبکی علیہ الرحمۃ کا قول عہد میثاق کی نسبت

قال السبکی فی الاٰیة انّه علیه الصلوٰة والسلام علٰی تقدیر مجیئهم فی زمانه یکون مرسلا الیهم فتکون نبوته ورسالته عامة لجمیع الخلق من زمن اٰدم الی یوم القیامة ویکون الانبیاء واممهم کلهم من امته ویکون قوله علیہ السلام بعثت الی الناس کافّة لایختص به الناس من زمانه الی یوم القیامة بل یتناول من قبلهم ایضا وانما اخذ المواثیق الانبیاء لیعلموا انه المقدم علیهم وانه نبیهم ورسولهم وفی اخذ المواثیق وهی معنی الاستخلاف ولذٰلک دخلت لام القسم فی لتؤمنن به ولتنصرنه لطیفة وهی کانها ایمان البیعة التی توخذ للخلفاء ولعل ایمان الخلفاء اخذت من هنا فانظر هذا التعظیم العظیم للنبی ﷺ من ربه تعالٰی فاذاعرف هذا فالنبی محمد ﷺ نبی الانبیاء ولهذا ظهر ذٰلک فی الاٰخرة جمیع الانبیاء تحت لوائه وفی الدنیا کذٰلک لیلة اسراء صلی بهم ولواتفق مجیئه فی زمن اٰدم ونوح وابراهیم وموسٰی وعیسٰی وجب علیهم وعلی الامم الایمان به ونصرته وبذٰلک اخذ اللّٰه المیثاق علیهم فنبوته علیهم ورسالته الیهم معنی حاصل وانما امره یتوقف علی اجتماعهم معه فتاخر ذٰلک الامر راجع الی وجودهم لا الی عدم اتصافهم بمایقتضیه وفرق بین توقف الفعل قبول المحل وتوقفه علی اهلیة الفاعل فههنا لا توقف من جهة الفاعل ولا من جهة ذات النبی الشریفة وانما هو من جهة وجود العصر المشتمل علیه فلووجد فی عصرهم لزمهم اتباعه بلاشک ولهذا یاتی عیسٰی فی اٰخرالزمان علی شریعته وهو نبی کریم علی حاله لاکمایظن بعض الناس انه یاتی واحد من هذه الامة (ای لیس متصفا بنبوة وحذف هذه الصفة تادبا) نعم هو واحد من هذه الامة لما قلنا من اتباعه للنبی

Marfat.com

ﷺ وانما يحكم لشريعة نبينا محمد ﷺ بالقراٰن والسنة (واخذه لها من النبی بلاواسطة لانه اجتمع به غيرمرة فلامانع ان القراٰن منه احكام الشريعة المخالفة لشرع الانجيل لعلمه بانه ينزل فی امه ويحكم فيهم بشرعه وكل مافيها من امرونهی فهو متعلق به كما يتعلّق بسائر الامّة وهو نبی كريم علٰی حاله لم ينقص منه شئ وكذٰلک لوبعث النبی فی زمانه او فی زمان موسٰی و ابراهيم و نوح واٰدم كانوا مستمرين على نبوتهم ورسالتهم الٰی اممهم والنبی ﷺ نبی عليه ورسول الٰی جميعهم فنبوته و سالته اعم و اشمل واعظم ومتفق مع شرائعهم فی الاصول لانها لاتختلف كما قال اللّٰه تعالٰی شرع لكم من الدين ما وصی به نوحا والذی اوحينا اليک وما وصّينا به ابراهيم وموسٰی وعيسٰی ان اقيموا الدين ولاتتفرقوا فيه وقال والانبياء اولاد علات امهاتهم شتی و دينهم واحد وتقدم شريعته فيما عساه يقع الاختلاف فيه من الفروع اما على سبيل التخصيص واما على سبيل النسخ اولا نسخ ولا تخصيص بل تكون شريعة التی فی تلک الاوقات بالنسبة الی اولئک الامم ماجاء ت به انبيائهم وفی هذا الوقت بالنسبة الی هذه الامّة هذه الشريعة والاحكام تختلف باختلاف الاشخاص والاوقات وانما يفترق الحال بين مابعد وجود جسده الشريف وبلوغه الاربعين وماقبل ذٰلک بالنسبة الی المبعوث اليهم وتاصلهم لسماع كلامه لابالنسبة اليه ولااليهم لوتاهلوقبل ذٰلک وتعليق الاحكام على الشروط قد يكون بحسب المحل القابل وهو المبعوث اليهم وقبولهم سماع الخطاب والجسد الشريف الذی يخاطبهم بلسانه وهذا كما يوكل الاب رجلا فی تزويج ابنته اذا وجدت كفوا فالتوكيل صحيح وذٰلک الرجل اهل للوكالة ووكالته ثابتة وقد يحصل

Marfat.com

التوقف ای توقف التصرف علی وجود الکفو ولایوجد الابعد مدّة وذلک لایقدح فی صحة الوکالة واهلیة التوکیل (انتہیٰ کلام السبکی، زرقانی مقصد سادس) پس امام سبکی آیت اوّل الذکر کے متعلق نتیجہ نکالتے ہیں کہ اگر بالفرض آدم علیہ السلام سے عیسیٰ علیہ السلام تک کل انبیاء علیہم السلام آنحضرت ﷺ کے زمانہ بعثت میں موجود ہوتے تو وہ آنحضرت ﷺ کی رسالت کے ہی تابع اور مطیع ہوتے پس آنحضرت ﷺ کی نبوت اور رسالت زمانہ آدم سے قیامت تک تمام مخلوقات پر عام ہے اور انبیاء اور ان کی امتیں سب کے سب آنحضرت ﷺ کی امّت ہیں۔ اور یہ ارشاد کہ میں سب لوگوں کی طرف مبعوث ہوا ہوں بعد کے لوگوں کے ساتھ مختص نہیں بلکہ قبل کے لوگوں کو بھی شامل ہے۔ اور انبیاء علیہم السلام سے عہد کا لیا جانا اس لئے ہوا تا کہ ان کو معلوم ہو کہ آنحضرت ﷺ ہی ان پر مقدم اور ان کے نبی اور رسول ہیں۔ اور عہد لینے میں جو دراصل معنی استخلاف ہے اور اسی واسطے دونوں فعلوں پر لام قسم داخل ہوا ایک لطیف نکتہ ہے گویا یہ عہد اس بیعت کا عہد ہے جو خلفاء سے لیا جاتا ہے۔ (شاید کہ خلفاء کا عہد یہیں سے اخذ کیا گیا ہے)

کل انبیاء دراصل ہمارے رسول اللہ ﷺ کے خلفاء ہیں

پس کل انبیاء درحقیقت آنحضرت ﷺ کے خلفاء ہیں اور آنحضرت ﷺ نبی الانبیاء ہیں اور اسی وجہ سے قیامت کے دن کل انبیاء آنحضرت ﷺ کے لواء کے تحت میں رہیں گے اور دنیا میں بھی اسراء کی شب ایسا ہی ہوا کہ سب انبیاء کی امامت فرمائی۔ اور اگر آنحضرت ﷺ کو آدم اور نوح اور ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام کے زمانوں میں آنے کا اتفاق ہوتا تو ان پر اور ان کی امتوں پر واجب ہوتا کہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ ایمان لاتے اور آنحضرت ﷺ کی نصرت کرتے اور اسی کے ساتھ ان سے عہد لیا گیا۔ پس آنحضرت ﷺ کی نبوت اور رسالت ان کی طرف ایک معنی سے حاصل ہے۔ پس یہ امر باہم اجتماع پر موقوف ہوا اور اس کا تاخر انہیں کے وجود کی طرف راجع ہے نہ یہ کہ وہ اس وصف کے ساتھ متصف نہیں۔ اور ایک فعل کا قابلیت محل

Marfat.com

تک موقوف ہونا اور ایک کا اہلیت فاعل پر موقوف ہونا دونوں میں بہت بڑا فرق ہے۔ لیکن یہاں نہ تو فاعل کی جانب سے توقف ہے اور نہ آنحضرت ﷺ کی ذات شریفہ کی طرف سے بلکہ وجود عصر کی طرف سے ہے جو اس امر پر مشتمل ہے۔ پس اگر آنحضرت ﷺ ان کے عصر میں پائے جاتے تو سب کو آنحضرت ﷺ کی اتباع بلاشک لازم ہوتی اور اسی وجہ سے عیسیٰ علیہ السلام اخیر زمانہ میں آنحضرت ﷺ کی شریعت پر آئیں گے باوجودیکہ وہ حسب حال نبی کریم ہوں گے نہ جیسے کہ بعض آدمیوں کا گمان ہے کہ وہ ایک امتی ہو کر آئیں گے۔ یعنی یہ کہ وہ صفت نبوّت کے ساتھ متصف نہ ہوں گے۔ اور یہ صفت ان سے ازروئے تادّب حذف کی جائے گی۔ نہیں بلکہ وہ اس اعتبار سے اُمّتی ہوں گے کہ دوسری اُمّت کی طرح نبی ﷺ کا اتباع اور قرآن وسنّت کے ساتھ حکم کریں گے اور قرآن وسنّت انہوں نے آنحضرت ﷺ سے بلاواسطہ تعلیم پایا کیونکہ کئی دفعہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ جمع ہوئے۔ پس کوئی مانع نہیں کہ آنحضرت ﷺ سے ان احکام کی تعلیم پائی ہو جو شریعت انجیل کے مخالف ہیں کیونکہ آنحضرت ﷺ کی امّت میں نازل ہونا ان کو معلوم تھا کہ بعد نزول آنحضرت ﷺ کی شریعت کے مطابق حکم کریں گے۔ اور افرادِ اُمّت کی طرح امر و نہی کا تعلق ان سے بھی ہوگا۔ درحالیکہ وہ نبی کریم علیہ السلام ہیں اور اس سے ان کی نبوّت میں کوئی نقص عائد نہیں ہوتا اور اسی طرح اگر آنحضرت ﷺ دوسرے انبیاء کے زمانہ میں مبعوث ہوتے تو وہ باوجود اس کے کہ اپنی نبوّت اور رسالت پر مستمر رہتے لیکن آنحضرت ﷺ کی نبوّت کے تحت حاکم ہوتے۔ پس نبی ﷺ نبی الانبیاء ہیں اور ان کی رسالت اعم اور اشمل اور اعظم اور اصول میں ان کی شرائع کے ساتھ متفق ہے کیونکہ اس میں اختلاف ممکن نہیں جیسے کہ خود خدا فرماتا ہے کہ تجھ کو وہ شریعت دی گئی جو نوح علیہ السلام کو وصیت دی گئی اور تجھ کو وحی کی گئی اور جو ابراہیم علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام کو وصیت کی گئی کہ تم دین کو قائم رکھو اور اس میں اختلاف مت ہونے دو۔ اور آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ انبیاء باپ کی طرف سے ایک ہیں لیکن ان کی مائیں جدا جدا اور دین

Marfat.com

ان کا ایک ہی ہے۔ اور بیان ہو چکا ہے کہ فروعات میں اختلاف یا تو بطریق تخصیص ہے یا بطریق نسخ۔ لیکن درحقیت نہ تو نسخ ہے نہ تخصیص بلکہ احکام فروعی کا اختلاف اشخاص اور اوقات کے اختلاف سے ہے اور آنحضرت ﷺ کے جسد شریف کے وجود اور بلوغ اربعین کے بعد اور قبل حالت میں افتراق مبعوث الیہم کی اپنی طرف سے ہے کہ ان میں آنحضرت ﷺ کے کلام مبارک کی سماع کی اہلیت نہ تھی نہ آنحضرت ﷺ کی طرف سے اور نہ ان کی طرف سے اگر قبل اس کے ان میں اہلیت ہوتی اور احکام کا شروط پر معلّق ہونا کبھی باعتبار محل قابل کے ہوتا ہے جو مبعوث الیہ ہیں اور نیز سماع خطاب کی اہلیت پر اور نیز اس جسد شریف پر جو ان کو اپنی زبان کے ساتھ خطاب کرتا ہے اور اس کی مثال ایسی ہے جیسے کوئی شخص اپنی لڑکی کے نکاح کر دینے کے لئے کسی شخص کو بشرط وجود کفو توکیل کرے۔ پس یہ توکیل اگرچہ صحیح ہے اور وہ شخص بھی وکالت کی اہلیت رکھتا ہے اور وکالت بھی ثابت ہے۔ لیکن کبھی اس کے تصرّف اور اجراء میں توقف وجود کفو تک ہوتا ہے اور وہ ایک مدّت کے بعد دستیاب ہوتی ہے۔ مگر اس توقّف سے وکالت کی صحت اور توکیل کی اہلیت میں کوئی مانع نہیں۔ انتہیٰ

محی الدین ابن العربی کا قول کہ کل انبیاء ہمارے رسول اللہ ﷺ کے حجاب اور نواب ہیں

اور امام سبکی رحمۃ اللہ علیہ کے اس بیان کا خلاصہ حضرت محی الدین ابن العربی فتوحات مکیّہ جلد اوّل باب ۴۲ صفحہ ۳۱۷ میں آیت اذقال موسیٰ لفتاہ کے تحت میں لکھتے ہیں۔ وکان موسیٰ علیہ السلام فی ذلک الوقت حاجب الباب فانه الشارع فی تلک الامّة ورسولها ولکل امة باب خاص الٰهی شارعهم هو حاجب ذلک الباب الذی یدخلون منه علی اللّٰه عزوجل ومحمد ﷺ هو حاجب الحجاب لعموم رسالته دون سائر الانبیاء فهم حجبة علیه الصلوٰة والسلام من اٰدم الی اٰخرنبی ورسول وانما

Marfat.com

قلنا هم حجبة لقوله عليه السلام ادم فمن دونه تحت لوائی فهم نوابه فی عالم الخلق وهو روح مجرّد عارف بذلک قبل نشاة جسمه قيل متى كنت نبيا فقال كنت نبيا وادم بين الماء والطين اى لم يوجد ادم بعد فلهذا كانوا نوابه الى ان وصل زمان ظهور جسده المظهر صلی اللہ علیہ وسلم فلم يبق حكم لنائب من نوابه ولم يبق احد من سائر الحجاب الالهيين وهم الرسل والانبياء عليهم السلام الاعنت وجوهم لقيومية مقامه فكان حاجب الحجاب فقررمن شرعهم ماشاء باذن سيّده ومرسله ورفع من شرعهم ماامر برفعه ونسخه وربما قال من لاعلم له بهذا الامر ان موسىٰ عليه السلام كان مستقلا مثل محمد بشرعه فقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم لوكان موسىٰ حياما وسعه الاتباعی وصدق عليه السلام. حضرت موسیٰ علیہ السلام اپنے وقت میں حاجب باب نبوت ورسالت تھے کیونکہ وہی اپنی امّت کے شارع اور رسول تھے اور ہر اُمت کے لئے ایک خاص باب الٰہی ہے جس سے اللہ کے حضور میں داخل ہوتی ہیں اور اس کا باب کا حاجب وہی ہوتا ہے جو ان کا شارع ہوتا ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام حاجبوں کے حاجب اور سردار ہیں۔ کیونکہ انہیں کی رسالت عام ہے نہ دوسرے کسی نبی کی۔ پس دوسرے نبی آدم سے عیسیٰ علیہم السلام تک سب کے سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حجاب ہیں اس لئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ آدم علیہ السلام اور ان کی ماسوا سارے انبیاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تحتِ لواء ہیں۔ پس کل انبیاء عالم خلق میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نُوّاب ہیں اور نشاء جسم شریف کے قبل بحالت روح مجرّد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس معنی کو معلوم کرلیا۔ چنانچہ کسی نے پوچھا کہ تجھ کو کب نبوّت ملی؟ ارشاد فرمایا کہ میں اس وقت نبی تھا جبکہ آدم ابھی پانی اور کیچڑ کے درمیان تھا۔ یعنی ابھی آدم علیہ السلام کے جسم کے ساتھ روح نے تعلق نہ پکڑا تھا۔ پس اسی وجہ سے کل انبیاء آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد مطہر کے ظہور تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نواب رہے اور ظہور کے بعد کسی نواب کا حکم باقی نہ رہا اور کوئی حجاب الٰہی میں سے باقی نہ رہا۔ مگر یہ کہ ان

Marfat.com

کے منہ آنحضرت ﷺ کی قیومیت مقام کے سامنے جھک گئے اور آنحضرت ﷺ نے اپنے سردار اور بھیجنے والے کے اِذن سے جو چاہا ان کے شرائع میں سے قائم رکھا اور جس کے رفع کا امر ہوا اس کو اٹھا دیا اور بسا اوقات جس کو کہ اس معرفت سے حصہ نہ ملا اس نے کہہ دیا کہ موسیٰ علیہ السلام محمد ﷺ کی طرح اپنی شریعت میں مستقل تھے۔ لیکن آنحضرت ﷺ نے تشفّی فرمادی کہ اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ رہتا تو اس کو میری اتباع بغیر چارہ نہ تھا۔ اور یہ بالکل سچ ہے۔ انتہیٰ

شیخ شرف الدین بوصیری صاحبِ قصیدۂ بردہ کا قول

اور اسی کی شرح ہے وہ شیخ شرف الدین بوصیری رحمۃ اللہ علیہ نے قصیدۂ بردہ میں کہا ؎

فاق النبیین فی خلق و فی خلق ولم یدانوہ فی علم ولا کرم
وکلهم من رسول الله ملتمس غرفا من البحر او رشفا من الدیم
و واقفون لدیه عند حدّهم من نقطة العلم او من شکلة الحکم
منزه عن شریک فی محاسنه فجوهر الحسن فیه غیر منقسم
اعی الوری فهم معناه فلیس یری للقرب والبعد فیه غیر منفحم
کالشمس تظهر للعینین من بعد صغیرة وتکل الطرف من امم
وکیف یدرک فی الدنیا حقیقته قوم نیام تسلّوا عنه بالحلم
فمبلغ العلم فیه انه بشر و انه خیر خلق اللّٰه کلهم
و کل ای اتی الرسل الکرام بها فانما اتصلت من نورهٖ بهم
فانه شمس فضل هم کواکبها یظهرن انوارها للناس فی الظلم
حتی اذاطلعت فی الکون عم هدا ها العالمین واحیت سائر الامم

بہتر پیغمبران در خلق و در خلق آمدہ کس چواو نامدنہ درعلم ونہ در وصف وکرم
جملگی را از رسول اللہ بودے التماس یک کف ازدریائے علم وشربتے زآب کرم

Marfat.com

نزدِ او استادہ جملہ ہریکے بر حد خود نقطہ از علم دارندیا نصیبے از حکم
او منزہ از شریک اندر محاسن آمدہ جوہر حُسنِ محمد ﷺ پارہ نامد در رقم
عاقلان از فہمِ معنی محمد ﷺ عاجزاند اہلِ عالم جُملہ در وصفش کشید ستتندم
مثل خورشیداست شانش کان لودکوچک ازدور در برابر چشمہائے مرد مان را از اُمم
چوں بدانندش حقیقت اہلِ دنیا چوں بوند مست خواب ودیدنش در خواب دانند مغتنم
غایت معلوم مردم آنکہ سیّد آدمی است بہترین خلق باشد آں رسولِ محترم
ہرچہ آوردند مجموع رسل از معجزات آں ز نور مصطفیٰ آمد بایشاں لاجرم
او بود خورشید فضل ودیگراں استار گاں روشنی سیّارگاں پیدا شود اندر ظلم
چونکہ ظاہر گشت خورشیدش ہدایت گشت عام جملہ عالم راو زندہ ساخت مجموع امم

پس اس سے ظاہر ہے کہ قادیانی صاحب ابھی حقیقت نبوّت آنحضرت ﷺ اور معنی خاتم النبیین کی معرفت سے کس قدر جاہل اور ذاہل ہیں جوانہوں نے عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے نزول کوان کی رسالت کا منافی سمجھا۔ حالانکہ ان کا نزول ان کی اپنی رسالت کے لئے مکمل ہے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام نبی اللہ کو ہمارے رسول ﷺ کی اطاعت سے ترقی درجہ حاصل ہوگی

اسی جائے سے ہے جوامام ربانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے مکتوب ۲۰۹ جلد اوّل میں تحریر فرمایا۔ ''چوں حضرت عیسیٰ علی نبینا علیہ السلام نزول خواہد فرمود ومتابعت شریعت خاتم الرسل علیہما الصلوۃ والسلام خواہد نمود از مقام خود عروج فرمودہ بہ تبعیت بمقام حقیقت محمدی خواہد رسید وتقویت دین او علیہما الصلوات والسلام خواہد نمود۔ آہ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قول کہ عیسیٰ علیہ السلام چوتھے آسمان سے اتریں گے

قال ابوبکر ۔ الصدیق رضی اللہ عنہ ینزل عیسیٰ من السّماء الرابع الی الارض

Marfat.com

لاجل تلک الولایۃ (بحرالمعانی) چنانچہ یہ معنی محمد بن نصیر الدین جعفر مکّی نے بحر المعانی میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے نقل کئے کہ فرمایا حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے۔ کہ عیسیٰ علیہ السلام چوتھے آسمان سے زمین کی طرف اسی ولایت کے حاصل کرنے کے لئے اتریں گے۔

قادیانی صاحب کا امام ربّانی پر افتراء

مگر زیادہ تر حیرت قادیانی صاحب کے اس افتراء اور دھوکہ بازی پر ہے جو انہوں نے ازالہ کے صفحہ ۵۴۵، ۵۸۱ وغیرہ میں حضرت مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ کی نسبت زعم کیا کہ مسیح موعود درحقیقت مسیح ابن مریم نہیں ان کا بھی یہی مذہب ہے جیسے کہ مکتوب پنجاہ وپنجم میں لکھا۔ حالانکہ اسی مکتوب میں وہ بوجہ اتم عیسیٰ نبی اللہ کے آسمانوں سے نزول کا اثبات اور مخالفین کی تردید فرمارہے ہیں۔ چنانچہ اس مکتوب کی عبارت ہم نے قبل اس کے نقل کردی ہے جس میں لکھا ہے۔ ”حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام بعد از نزول کہ متابعت ایں شریعت خواہد نمود نسخ ایں شریعت مجوّز نیست نزدیک است کہ علماء ظواہر مجتہدات اورا از کمال دقّت وغموض ماخذ انکار نمایند ومخالف کتاب وسنت دانند مثل روح اللہ مثل امام اعظم کوفی ست کہ بہ برکت ورع وتقویٰ وبدولت متابعت وسنت درجۂ عُلیا در اجتہاد واستنباط یافتہ است کہ دیگران در فہم آن عاجز اند“۔ مگر قادیانی صاحب کی اس قدر بے باکی قابل غور ہے کہ جو مکتوب کا حوالہ اور صفحہ کا نشان دے کر یہ دھوکہ دے رہے ہیں۔ سچ ہے۔

ع چہ دلاور است دُزدے کہ بکف چراغ دارد

.....

طریق چہارم

قادیانی صاحب نے ازالہ کے متعدد صفحات میں اول ان عمومات الفاظ سے استدلال کیا جو کئی ایک آیات واحادیث میں مذکور ہیں۔ لیکن انہوں نے ان الفاظ کو حضرت مسیح بن مریم علیہما السلام کے مارنے کے لئے منصوص بنائے۔

Marfat.com

قدخلت

اول: تلک امة قد خلت۔یعنی اس وقت سے جتنے پیغمبر پہلے ہوئے ہیں یہ ایک گروہ تھا جوفوت ہوگیا۔قالوا نعبد الٰھک واله اٰبائک ابراھیم واسمٰعیل واسحٰق الھا واحدا ونحن له مسلمون تلک اُمّة قدخلت (پارہ اول)۔

حالانکہ قادیانی کا یہ استدلال دوطرح سے باطل ہے۔اوّل تلک کا مشارٌ الیہ ابراہیم علیہ السلام اور اسمٰعیل علیہ السلام اور اسحٰق علیہ السلام ہے جیسے کہ سیاق آیت سے ظاہر ہے۔دوم خلت کے معنی لُغت عرب میں ہرگز موت کے نہیں آئے۔جلالین میں ہے۔قد خلت سلفت یعنی گذر گئے۔وما محمد الا رسول قدخلت من قبله الرسل افان مات اوقتل انقلبتم علٰی اعقابکم. (سورۂ آل عمران)

وما محمد الا رسول قدخلت من قبله الرسل

دوم: یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے سب نبی فوت ہوگئے ہیں۔

حالانکہ یہ استدلال بھی دوطریق سے باطل ہے۔اوّل خلا کے معنی موت نہیں۔ دوم الرسل سے وہ رسل مراد ہیں جن پر قتل اور موت وارد ہوگئی۔جیسے کہ مابعد آیت اس پر دلالت کرتا ہے۔اورقرآن نے تنصیص فرمادی کہ عیسیٰ پر قتل وصلب واردنہ ہوئی اور سنت متواترہ نے ثابت کردیا کہ ان کی توفّی رفع کے ساتھ بحالت حیات ہوئی اوروہ اب تک زندہ ہیں بلکہ سورۂ مائدہ کی آیت نے جوعنقریب آئے گی اس نے قطعاً افادہ دیا کہ ابھی عیسیٰ مرے نہیں۔

کسی بشر کے لئے خلد نہیں

سوم: وماجعلنا لبشر من قبلک الخلد. یعنی تجھ سے پہلے کسی بشر کو ہمیشہ زندہ اور ایک حالت پر رہنے والا نہیں بنایا۔پس کیا اگر تو مرگیا تو یہ لوگ باقی رہ جائیں گے۔حالانکہ یہ آیت ہمیشہ زندہ رہنے کی نفی کرتی ہے، نہ کہ ایک مدّت معینہ تک

Marfat.com

زندہ رہنے کی اور کوئی قائل نہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام ہمیشہ زندہ رہیں گے اور ان پر فنا نہ آئے گی۔

عیسیٰ کی نماز وزکوٰۃ

چھارم: واوصانی بالصلوٰۃ والزکوٰۃ مادمت حیّا. اگر وہ زندہ ہیں تو نماز عیسائیوں کی طرح پڑھتے ہوں گے اور زکوٰۃ بھی دیتے ہوں گے اور یہی ملاّن ملاّ نے ان سے زکوٰۃ لیتے ہوں گے۔

مگر قادیانی صاحب نے یہ نہ بتایا کہ حالت مہد میں جبکہ عیسیٰ نے لوگوں کو یہ کہا تھا تو کیا وہ اس وقت بھی نمازیں پڑھا کرتے تھے؟ اور زکوٰتیں دیا کرتے تھے اور اس کا مصرف کون تھا؟ آیا قادیانی صاحب کے اجداد، یا ان غریب ملاّؤں کے افراد؟ مگر ان کو معلوم نہیں ہے کہ حضرت مسیح تو اس دنیا میں بھی ایسے مفلس بنے رہے کہ ان کو کبھی بھی زکوٰۃ کے ادا کرنے کی اہلیت حاصل نہ ہوئی۔

آنحضرت ﷺ کا ارشاد کہ آج کا کوئی ایسا نہیں جو سو برس اس پر گذریں

پنجم: عن جابر قال سمعت النبی ﷺ قبل ان یموت بشھر تسئلونی عن الساعۃ وانما علمھا عند اللّٰہ واقسم باللّٰہ ما علی الارض من نفس منفوسۃ یاتی علیھا مائۃ سنۃ وھی حیّۃ یومئذٍ (رواہ مسلم) وعن ابی سعید عن النبی ﷺ قال لایاتی مائۃ سنۃ وعلی الارض نفس منفوسۃ الیوم. (رواہ مسلم، مشکوٰۃ ص ۴۸۰ بحوالہ ازالہ) حدیث جابر جو مشکوٰۃ میں مسلم سے ہے کہ حضرت نے ایک ماہ قبل فوت ہونے کے فرمایا کہ میں اللہ تعالیٰ کی قسم کھاتا ہوں کہ روئے زمین پر کوئی ایسا نفس نہیں جو پیدا ہو گیا ہو اور موجود ہو اور پھر آج سے سو برس اس پر گذریں اور وہ زندہ رہے۔

قادیانی صاحب کی تحریف

قادیانی صاحب نے اوّل تو ان احادیث کے نقل کرنے میں سخت تحریف یہودانہ سے کام لیا یعنی پہلی حدیث جو حاشیہ پر لکھی گئی ہے۔ ازالہ کے صفحہ ۶۲۴ میں اس کو نقل کیا۔ اور

Marfat.com

لفظ وہی حیّۃ کے بعد یومئذ کا لفظ ترک کردیا۔ اور دوسری حدیث جو ازالہ کے صفحہ ۴۸۱ میں نقل کی گئی ہے اس کے آخر لفظ منفوسۃ کے بعد لفظ الیوم کو حذف کردیا جو صاف دلالت کررہے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فقط ان نفوس کے سو (۱۰۰) برس کے بعد تک زندہ نہ رہنے کی اطلاع دی جو اس دن متولّد ہوئے۔ یعنی آنحضرت ﷺ کے یہ قول ارشاد فرمانے کے دن جو آنحضرت ﷺ کی وفات کے قبل بقدر ایک ماہ واقع ہوا تھا۔ کیونکہ دوسری حدیث صاف بتلا رہی ہے کہ یومئذ اور الیوم کا تعلق دونوں جگہ منفوسۃ کے ساتھ ہے جیسے کہ حواشی مشکوٰۃ میں اس کی تصریح کی گئی ہے اور نیز صاف لکھا گیا ہے۔ منفوسة ای مولودة من النفاس بمعنی الولادة قال الاشرف معناه مایبقی نفس مولودة الیوم مائة سنة اراد به موت الصحابة هذا علی الغالب و الا فقد عاش فبعض الصحابة اکثر من مائة سنة. (مرقات) وقیل نفست بمعنی حملت کمافی حدیث شعبی. فی ازالة الخفا صـ۲۰۹ حین نفست بعیسٰی ای حملت. منفوسۃ کا اشتقاق نفاس سے ہے جو بمعنی ولادت ہے۔ یعنی مولودة الیوم پس صحیح معنی اس حدیث مبارک کے یہ ہیں کہ میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ کوئی نفس روئے زمین پر نہیں جو آج کے دن پیدا ہوا ہو اور وہ سو برس گذرنے تک زندہ رہے۔ اور آنحضرت ﷺ کا یہ فرمانا بالکل سچ ہے کہ آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد کے وقت سے سو (۱۰۰) برس کے گذرنے کے قبل اس وقت کے پیدا شدہ صحابہ سب کے سب فوت ہوگئے۔

عیسٰی اور وصی عیسٰی دجّال وغیرہ کا اس حدیث سے استثناء

پس اس حدیث نے کئی طریق سے حضرت عیسٰی علیہ السلام کو مارنے سے انکار کردیا ہے۔ اوّل اس لئے کہ وہ آسمانوں پر ہیں اور حدیث مبارک میں زمین پر ہونے کی قید ہے۔ دوم یہ کہ ان کا تولّد آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد سے پہلے ہو چکا تھا۔ سوئم اس

Marfat.com

لئے کہ اس حدیث مبارک میں منفوسۃ کا لفظ ہے جو نفاس سے مشتق ہے اور یہ معلوم ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو بقول ابن عبّاس رضی اللہ عنہما ماں کے رحم میں اس قدر وقفہ نہ دیا گیا جو خونِ نفاس ان کا تغذیہ ہوتا۔ اور نیز منفوسۃ الیوم کی قید نے ان دوسرے اشخاص کی موت سے انکار کر دیا جن کا قبل ازیں زندہ ہونا تواتر آثار سے ثابت ہے۔ جیسے زریت بن برثملا وصی عیسیٰ کا کوہ حلوان کے پاٹ کے اندر دنیا کے حوادث سے محفوظ تا نزول عیسیٰ زندہ رہنا اور اسی طرح دجّال معہود کا جس کو تمیم الداری نے بچشم خود دیکھا اور آنحضرت ﷺ نے اس کی تصدیق فرمائی جیسے کہ اوائل کتاب میں اس حدیث کے الفاظ نقل کر دیئے گئے۔

ابن صیّاد کا استثناء

اور اسی طرح جن صحابہ نے کہ ابن صیّاد ہی کو دجّال معہود ہونا یقین کیا اور کہا کہ وہی وقت معہود پر خروج کرے گا۔ وروی ابوداؤد فی سننه باسناد صحیح عن جابر رضی اللہ عنہ قال فقدنا ابن صیاد یوم الحرة وهذا یبطل روایت من روی انه مات بالمدینة وصلی علیه طیبی قال النووی وامره مشتبه فی انه هل هو المسیح الدجال ام غیره ولاشک انه دجّال من الدجاجلة قالوا و ظاهر الاحادیث انه ﷺ لم یوح الیه بانه المسیح الدجّال ولا غیره وانما اوحٰی الیه بصفات الدجّال وکان لابن صیاد قرائن محتملة فلذٰلک کان ﷺ لایقطع بانه الدجّال ولاغیره ولهذا قال لعمر رضی اللہ عنہ ان یکن هو فلن تسلط علیه واما الاحتجاج بانه مسلم وقد دخل مکّة والمدینة فلا دلالة فیه لان النبی انما اخبرعن صفات وقت فتنة وخروجه فی الارض. اھ (طیبی حاشیہ مشکوۃ ص ۴۷۸) اس کی نسبت حاشیۂ مشکوٰۃ صفحہ ۴۷۸ میں ہے کہ ابوداؤد نے اپنی سنن میں بسندِ صحیح جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ ہم نے آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد واقعہ حرّہ کے دن

Marfat.com

اپنی آنکھوں سے گُم کر دیا۔ طیبی فرماتے ہیں کہ یہ حدیث اس شخص کی روایت کو باطل کرتی ہے جس نے کہا کہ ابن صیّاد مدینہ میں مر گیا اس پر نماز پڑھی گئی جیسے کہ قادیانی صاحب کا بھی یہی زعم ہے۔ امام نووی لکھتے ہیں کہ اگر چہ ابن صیّاد کا امر مشکل ہے لیکن علماء نے تصریح کر دی ہے کہ ان کل احادیث کا ظاہر یہی بتلا رہا ہے کہ آنحضرت ﷺ کو یہ وحی نہ ہوئی تھی کہ ابن صیّاد ہی دجّال ہے یا وہ دجّال نہیں بلکہ دجّال کی صفات کی نسبت وحی ہوئی۔ اور چونکہ ابن صیّاد میں وہ قرائن موجود تھے اسی لئے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ اگر یہ وہی ہے تو تجھے قدرت نہیں کہ تو اس پر غالب آئے اور اس کے اقرار اسلام اور مکہ اور مدینہ میں داخل ہونے میں کوئی دلالت نہیں کیونکہ آنحضرت ﷺ نے تو وقت خروج کی صفات سے اطلاع دی ہے۔ (انتہی کلام نووی)

ابن صیّاد اور دجّال میں فرق

مگر یاد رہے کہ فاطمہ بنت قیس کی حدیث قطعی الافادہ ہے کہ ابن صیّاد اور ہے اور دجّال اور۔ جس کی آنحضرت ﷺ نے خود قطعی طور سے تصدیق فرمائی جیسے کہ اوّل کتاب میں ذکر کر دیا گیا ہے۔ اور اسی طرح سو (۱۰۰) برس کی حدیث نے ان نفوس کے مارنے سے قطعی انکار کر دیا ہے جو ہوا یا پانی میں ہیں۔ اور اسی طرح اصحاب کہف کے مارنے سے جو کئی سو برس سے پہلے ہی زندہ کہف جبل میں بحکم قرآن سو رہے ہیں۔

جس طرح حضرت مریم بوجہ موت کھانے سے روکی گئیں اسی طرح عیسیٰ بن مریم علیہما السلام

ششم: ما المسیح ابن مریم الا رسول قد خلت من قبله الرسل وامه صدیقه کانا یاکلان الطعام. (پارہ ۶) یعنی مسیح صرف رسول ہے اس سے پہلے نبی فوت ہو چکے ہیں اور ماں اس کی صدیقہ ہے جب وہ دونوں زندہ تھے طعام کھایا کرتے تھے۔ یہ آیت بھی صریح نص حضرت مسیح کی موت پر ہے اور مریم علیہا السلام کی طرح ان کی موت بھی ماننی پڑی۔ کیونکہ

Marfat.com

دونوں کانا کے لفظ کے تحت میں ہیں۔ اور جس طرح حضرت مریم علیہا السلام بوجہ موت کھانے سے روکی گئیں اسی طرح عیسیٰ علیہ السلام اور بمقتضائے **ماجعلناھم جسدا لایاکلون الطعام.** جب تک یہ جسم خاکی زندہ رہتا ہے طعام کھانا اس کے لئے ضروری ہے اور اس سے قطعی نتیجہ نکلتا ہے کہ اب وہ زندہ نہیں ہیں۔ (ازالہ صفحہ ۶۰۳)

حضرت مریم پر عیسیٰ علیہ السلام کو قیاس کرنا غلط ہے

ہم قبل ازیں ثابت کر چکے ہیں کہ خلت کے معنی مضت ہیں، موت نہیں۔ اور آیت کا سیاق اس معنی کا شاہد ہے کہ حق تعالیٰ کا منشاء اس آیت کے ارشاد سے صرف یہی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام بھی دوسرے رسولوں کی طرح ایک رسول ہے اور ماں ان کی دوسری عورتوں کی طرح رسول کی تصدیق کرنے والی اور دونوں کھانے پینے کی طرف اور انسانوں کی طرح محتاج تھے پس ایسے اشخاص الوہیت کے کیونکر مستحق ہو سکتے ہیں؟ ہاں ان کی ماں بیشک فوت ہو گئی ہے اور اسی وجہ سے دنیا کے کھانے سے روکی گئی ہے۔ لیکن اس سے یہ نتیجہ نکالنا بالکل غلط ہے کہ چونکہ مریم علیہا السلام فوت ہو گئیں ہیں اس لئے عیسیٰ علیہ السلام بھی فوت ہو گئے۔ کیونکہ دونوں طعام کھایا کرتے تھے۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے مولوی نور الدین کہے کہ غلام مرتضیٰ اور غلام احمد طعام کھاتے تھے۔ تو اس سے یہ نتیجہ نہیں نکالا جا سکتا کہ غلام مرتضیٰ جو بوجہ فوت ہونے کے کھانے سے رک گیا ہے اس کا فرزند غلام احمد جواب زندہ ہے اس کا مرجانا یا طعام کھانے سے روکا جانا ثابت ہو۔ یا بوجہ طعام نہ کھانے کے اس کا مرجانا بھی ثابت ہو کیونکہ ہم ثابت کر چکے ہیں کہ اکثر اشخاص بغیر طعام کھانے کے سینکڑوں برس سے زندہ ہیں اور زندہ رہے جیسے اصحاب کہف اور زریت بن برثملا۔

حضرت شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ کے پوتے شیخ جمال اللہ رضی اللہ عنہ کا بدعائے حضرت تا زمان عیسیٰ علیہ السلام زندہ ہونا

اور جیسے کہ نثر الجواہر ترجمہ انہار المفاخر مصنفہ ۱۲۵۱ھ مطبوعہ ۱۲۹۰ھ کے صفحہ ۲۷۱

Marfat.com

میں حضرت صبغۃ اللہ بن محمد غوث بن ناصر الدین محمد شافعی رحمۃ اللہ علیہ حضرت شاہ ابوالمعالی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ کے تحفہ القادریہ سے نقل کرتے ہیں۔ کہ حافظ عبدالرزاق فرزند محبوب سبحانی رضی اللہ عنہ کے ایک فرزند جن کا نام شیخ جمال اللہ رحمۃ اللہ علیہ ہے وہ اس زمانہ میں موجود اور اپنے دادا سے صورت میں بہت مشابہ اور بسطام کے جنگلوں میں اکثر رہا کرتے ہیں۔ ایک دفعہ ایک شخص نے ان سے پوچھا کہ انسان کامل کو اس کی وفات اور حیات میں اختیار ہے۔ آپ کی عمر کتنی دراز ہوگی؟ فرمایا معلوم نہیں مگر میں لڑکا تھا جو میرے دادا حضرت شیخ عبدالقادر رضی اللہ عنہ نے مجھے گود میں لے کر کہا کہ اے جمال اللہ میری طرف سے عیسیٰ علیہ السلام کو میرا اسلام پہنچانا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ میں عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھوں گا حضرت کا سلام مجھ پر امانت ہے سو ان کو پہنچاؤں گا۔ چنانچہ حضرت شاہ عبداللہ قادری حیدرآبادی جو بہت بزرگ اور صاحب کرامات تھے وہ ایک سال تک بسطام کے جنگلوں میں ان کی ملاقات کے منتظر رہے اور آخر کار ان سے ملاقات کی۔ انتہیٰ

اور ایسا ہی مائی صفوراں رحمۃ اللہ علیہا کا قصہ مشہور ہے کہ انہوں نے حضرت شاہ غلام محی الدین قصوری رحمۃ اللہ علیہ کے عم شریف سے بعد غدر تین بار ملاقات کی اور فرمایا کہ ''شمارا دیگر خوشخبری میدہم کہ من خود بلاواسطہ سید جمال اللہ صاحب رادیدہ ام پس دریں صورت در بشارت طوبیٰ لمن رآنی دوواسطہ باشد''۔ اور خود مشکوٰۃ میں اسماء بنت یزید کی حدیث میں ہے۔ کہ خروج دجّال کے وقت تین سال تک جو بارش نہ ہونے سے طعام کا ملنا موقوف ہوجائے گا اس کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس وقت ایمان والوں کو ملائکہ آسمان کی طرح تسبیح وتقدیس بجائے طعام کفایت کرے گی۔ اور اگر ایسا ہی ہے جیسے کہ قادیانی صاحب کا زعم فاسد ہے کہ ایسے دو شخصوں کے لئے ایک غالب وصف حیات کے ساتھ متصف کرنا جن میں سے ایک کا مرجانا ثابت ہو دوسرے کی موت کا مستلزم ہے تو ہم معارضہ کے طور پر سورۂ مائدہ کی اس آیت کریمہ کو پیش کریں گے۔

Marfat.com

اس معنی کا قرآنی اور قطعی ثبوت کہ ابھی تو اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ کے مارنے کا ارادہ نہیں کیا

لقد کفر الذین قالوا ان اللّٰہ ھو المسیح ابن مریم قل فمن یملک من اللّٰہ شیئا ان اراد ان یھلک المسیح ابن مریم وامّہ ومن فی الارض جمیعا.

(سورہ مائدہ) جبکہ نصاریٰ نے کہا کہ مسیح ابن مریم ہی خدا ہے تو اس وقت ارشاد ہوا کہ اے محمد! ان سے کہہ دے کہ اگر خدا مسیح ابن مریم کو مارنے کا ارادہ کرے ساتھ اس کی ماں اور کل زمین والوں کے تو کون روک سکتا ہے۔ پس ظاہر ہے کہ یہ آیت کریمہ صاف بتلا رہی ہے کہ عیسیٰ ابن مریم کے مارنے کا ابھی خداوند مالک الملک نے ارادہ بھی نہیں کیا۔ اور اگر قادیانی صاحب کے مذکورہ اُصول کو تسلیم کر لیا جائے تو لازم آتا ہے کہ حضرت مسیح کی ماں یعنی حضرت مریم بھی ابھی تک نہیں مری ہیں۔ حالانکہ مریم کا مرجانا قطعی ہے جس طرح کہ الفاظ **ان اراد ان یھلک المسیح** کا مفاد بھی قطعی ہے کہ مسیح ابن مریم پر ابھی موت وارد نہیں ہوئی۔ اسی وجہ سے بیضاوی وغیرہ نے اس آیت مبارک کے ساتھ ردّ نصاری کے وقت یوں استدلال کیا ہے کہ مسیح کا سائر ممکنات کی طرح قابل فنا ہونا یہ آیت بتلا رہی ہے اور جو قابل فنا ہو وہ قابل الوہیت نہیں۔

احتج بذٰلک علی فساد قولھم وتقریرہ ان المسیح قابل للفناء کسائر الممکنات ومن کان کذٰلک فھو بمعزل عن الالوھیۃ (ملخصا بیضاوی، مائدہ) پس اگر یہ شبہ ہو کہ اُمّہٗ کا عطف بواو عاطفہ المسیح ابن مریم پر ہے اور معطوف علیہ اور معطوف دونوں برابر طور سے اپنے عامل یعنی **ان اراد ان یھلک** کے اثر سے متاثر ہونے چاہئیں اور چونکہ معطوف یقیناً متاثر نہیں لہذا معطوف علیہ کا بھی اپنے عامل سے متاثر ہونا مفید قطع نہیں۔ کیونکہ قاعدہ مقررہ ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ دونوں ایک ہی حکم رکھتے ہیں لہٰذا ہم اس شبہہ کے جواب میں کہیں گے کہ یہ واؤ حرف عاطف نہیں بلکہ یہ واؤ درحقیقت وہ حرف رابطہ ہے جو مفعول معہ اور

Marfat.com

معمول فعل کے مابین فقط نسبت مصاحبت پر دلالت کرتا ہے نہ کہ حرف عاطف کی طرح مفعول معہ کی طرف وصول فعل کے لئے واسطہ ہے۔ اور کتب نحو میں ثابت ہے۔ وتبین ان کونه الی المفعول معه شریکا فی الفعل لیس منطوق الکلام یؤیده قولهم سروالطریق و کنت وزیداً قائما وتجویز صدر الافاضل وقوعه جملة ثم الحق ان الواو برابطة دالّة علی نسبته المصاحبة لاواسطة فی وصول الفعل الیه والغرض لمن ایتانه بعد الواو لیس الا التنصیص عند المخاطب وذا لایحصل الا بان یکون المفعول معه مصاحبا بمعمول الفعل الذی بحیث لو ارید عطفه لم یجز من حیث المعنی ومن ثم جوزوا مفعولا معه فیما کان المعمول مفعولا به مع کونه منصوبا لفظا ان لم یجز العطف من حیث المعنی کما فی قوله تعالٰی اجمعوا امرکم وشرکائکم اذ الاجماع لایتعدی الی الاعیان فلا یقال اجمعت زیدا کما صرح الرضی وغیره اوجاز لکن لایکون بعده منصوبا سواء کان ذٰلک المعمول فاعلا او مفعولا به هذا والتفصیل فی شرحنا (للمتن المتین) کہ مفعول معہ کا شریک فعل ہونا منطوق کلام نہیں جیسے سروالطریق جو بلانزاع مفعول معہ کی صورتوں میں سے ہے اس میں طریق مشارک مخاطب نہیں اور محققین نحات نے تصریح کردی ہے کہ منصوب لفظی جس کا عطف اپنی مصحوب منصوب پر باعتبار معنی کے صحیح نہ ہوسکے وہ بلاشبہہ مفعول معہ ہے۔ جیسے آیت[1] اجمعوا امرکم وشرکائکم پس چونکہ اجماع کا لفظ اعیان کی طرف متعدّی نہیں ہوتا لہٰذا متعین ہوا کہ شرکائکم کا عطف امرکم پر نہیں۔ بلکہ وہ مفعول معہ ہے اور واؤ بمعنی مع ہے جیسے کہ یہی قول رضی کا ہے۔

---

[1] ای فاعزموا علیه مع شرکائکم ویؤیده القراءة بالرفع عطفا علی الضمیر المتصل وجاز من غیر ان یوکد للفصل. (بیضاوی، سورۂ یونس)

Marfat.com

پس آیت مذکورہ بالا میں چونکہ اُمّہ کا عطف باعتبار معنی کے صحیح نہیں ہوسکتا۔اس لئے متعین ہوا کہ وہ ایسا مفعول معہ ہے جو اپنے مصحوب کے فعل میں شریک نہیں۔ پس یہ آیت مبارک نہایت وضاحت کے ساتھ دلالت کررہی ہے کہ عیسیٰ بن مریم پر ابھی موت وارد نہیں ہوئی۔اور یہ یقین ہے کہ یہ آیت مبارک اس افادہ میں ایسی قطعی الدلالت ہے کہ اس میں سرِ مو تاویل کی گنجائش قادیانی صاحب کے لئے نہیں۔

عیسیٰ علیہ السلام پیر فرتوت ہونے کے باعث اب دنیا میں کارآمد نہیں

ہفتم: حق تعالیٰ کا ارشاد ہے جس کو ہم زیادہ عمر دیتے ہیں تو اس کی پیدائش کو الٹا دیتے ہیں۔ومن نعمّر ہ ننکسہ فی الخلق یعنی انسانیت کی طاقتیں اور قوتیں اس سے دور ہوجاتی ہیں، عقل زائل ہوجاتی ہے۔اگر مسیح کا اس وقت تک زندہ رہنا فرض کرلیا جائے تو کچھ شک نہیں کہ پیر فرتوت ہوگئے ہوں گے اور اس کام کے ہرگز لائق نہیں ہوں گے کہ کوئی خدمت دینی ادا کرسکیں اور ایسی حالت میں ان کا دنیا میں تشریف لانا سراسر تکلیف ہے۔(ازالہ صفحہ ۴۷) اور یہ حالت خود موت کو چاہتی ہے اور یقینی طور پر ماننا پڑتا ہے کہ مدت سے وہ مرگئے ہوں گے۔(ازالہ)

قادیانی صاحب کے اس حقارت اور خفّت آمیز استدلال کو حضرت آدم اور نوح علیہما السلام کی ہزار ہزار برس کی عمریں بلافتور عقل وطاقت باطل کرتی ہیں اور جمیع محدثین کے نزدیک بالاتفاق ثابت ہے کہ حضرت سلمان فارسی دوسو پچاس برس اور بقولے تین سو پچاس برس عقل وہوش کے ساتھ زندہ رہے۔

خدا کی عبادت کرنے والوں اور حفاظ قرآن کی عمر میں برکت ہوتی ہے

اور سرّ اس میں یہ ہے کہ نفوس قدسیہ جن کو تسبیح وتقدیس کا تغذیہ ہوتا ہے انکی قوت قدسیہ ہمارے عقل وفہم سے بالاتر ہوتی ہے۔سچ ہے

کارِ پاکان را قیاس از خود مگیر — گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

Marfat.com

فتح البیان میں اس آیت کے تحت عکرمہ رضی اللہ عنہ کا قول ہے قال عکرمة من قرء القراٰن لم یصر بهذه الحالة ای فهذا الرد والنکس خاص بغیر قاری القراٰن والعلماء واماهؤلاء فلا یردون فی اٰخرعمرهم الی الارذل بل یزداد عقلهم کما طال عمرهم (فتح البیان صفحہ ۱۶۲) کہ قرآن پڑھنے والے اپنی اخیر عمر میں حالت ارزل کی طرف نہیں رد کئے جاتے بلکہ عمر کی درازی کے ساتھ ان کی عقل بھی بڑھتی جاتی ہے۔

بلکہ مؤلف رسالہ ہٰذا کے جدّ امجد حضرت نواب مرزا خان درّانی طاب ثراہ نے ایک سودس (۱۱۰) برس کی عمر میں اخیر نکاح کیا جس سے تین افرزند متولّد ہوئے اور کوئی اثر ہرم کا نہ تھا۔

ہشتم: یہ کہ مسیح ابن مریم اپنی موت کے بعد اموات میں جاملا اور خدا تعالیٰ کے بزرگ نبی جو اس دنیا سے گذر چکے ہیں ان میں داخل ہوگیا۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معراج کی رات میں فوت شدہ جماعت میں اس کو پایا۔ (دیکھو بخاری صفحہ ۵۰ وغیرہ) جس میں مذکور ہے کہ وہ سب نبی دنیوی زندگی کی رو سے مر گئے اور اس جسم کثیف اور اس کی حیات کے لوازم کو چھوڑ گئے۔ جس سے قطعاً ثابت ہے کہ مسیح مر گیا اور مرنے کے بعد فوت شدہ روحوں میں داخل ہے۔ اگر فرضِ محال اس کا زندہ ہو کر دنیا میں آنا قبول کر لیں تو ایک موت کے بعد پھر دوسری موت ایک عظیم الشان نبی کے لئے تجویز کرنا خدائے تعالیٰ کی تمام کتابوں کے برخلاف ہے۔ (ازالہ)

اس دنیا میں دو موتیں وارد ہونا ممنوع ہیں

اور امام بخاری نے اس جگہ فوت شدہ نبیوں کے دوبارہ نہ آنے کے بارہ میں ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا قول پیش کیا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ پر بوسہ دے کر وفات کے وقت کہا۔ کہ خدا تیرے پر دو موتیں جمع نہیں کرے گا۔ (ازالہ) اور خود خدا فرماتا ہے فیمسک التی

لہ (۱) عطاء اللہ خان مختار الدولہ (۲) صدیق اللہ خان (۳) سیف اللہ خان۔ پس مؤلف رسالہ حضرت نواب مرزا خان طاب ثراہ کے تیسرے فرزند سیف اللہ خان طاب ثراہ کا فرزند ہے۔

Marfat.com

قضی علیها الموت ولا یذوقون فیه الموت الا الموتة الاولٰی. یعنی جس پر موت وارد ہوگئی وہ پھر کبھی دنیا میں نہیں آسکتا۔ اور بہشتیوں پر دوسری موت نہیں آئے گی۔ (ازالہ)

حضرت خضر علیہ السلام کی حیات کا ثبوت

قادیانی صاحب کا اوّل حضرت مسیح علیہ السلام کو فوت شدہ جماعت کے ساتھ ہونے سے یہ نتیجہ نکالنا کہ اس سے ان کا بھی فوت شدہ ہونا لازم آتا ہے بالکل بے دلیل ہے۔ کیونکہ یہ امر متواتر ہے کہ ایک روز حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ وعظ فرما رہے تھے کہ وہاں سے حضرت خضر علیہ السلام کی گذر ہوئی تو آپ نے فرمایا۔ قِف یا اسرائیلی اسمع کلام المحمدی صلی اللہ علیہ وسلم یعنی اے اسرائیلی ٹھہر جا محمدی کا کلام سن۔ پھر یہ اجتماع دو حال سے خالی نہیں۔ اگر قادیانی یہ کہیں کہ حضرت خضر علیہ السلام حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ سے مرنے کے بعد بصورت روحانیان مجتمع ہوئے تھے تو دلِ ماشاد چشمِ ماروشن۔ حضرت خضر علیہ السلام بہشتوں سے نکل کر ایک زندہ جماعت دنیا میں کیسے آگئے؟ اور اگر یہ کہیں کہ وہ مرا نہیں تو ان کا سارا کارخانہ خراب ہوجاتا ہے۔ اور اگر اس وقت اس قصہ کی صحت کے منکر ہوجائیں تو خود بھی جھوٹے بنتے ہیں کیونکہ ازالہ کے اخیر میں ان کے نائی صاحب اس کی تصدیق کر چکے ہیں۔ اور اپنے ساتھ حاملان شریعت جیسے شاہ عبدالحق رحمۃ اللہ علیہ صاحب محدّث دہلوی وغیرہ کی ایک جماعت عظیمہ کا اعتبار کھودیں گے جنہوں نے حضرت خضر کی حیات کا اثبات ایسے ہی چشم دید واقعات سے کیا۔ چنانچہ مشکوٰۃ کے صفحہ ۵۵۰ میں ہے۔ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ نے حضرت خضر علیہ السلام کو دیکھا۔ اور زرقانی کے مقصد رابع میں ابن صلاح کا قول ہے۔ (وانه ای الخضر باق الی الیوم فانه تابع لاحکام هذه الملة) قال ابن الصلاح وهو حی عند جمهور العلماء والعامّة معهم فی ذٰلک وانما شذ بانکاره بعض المحدثین وتبعه

Marfat.com

النووی وزادوا ذٰلک متفق علیه بین الصوفیة واهل الصلاح وحکایاتهم فی رویته والاجتماع به والاخذ عنه وسواله و جوابه ووجوده فی المواضع الشریفة اکثر من ان تحصر واشهر من ان تذکروا لم بشئ منه فی فتح الباری من جملة روی یعقوب بن سفیان فی تاریخه وابوعروبة عن ریاح بتحیة ابن عبیدة قال رأیت رجلا یماشی عمر بن عبدالعزیز معتمدا علی یدیه فلما انصرف قلت له من الرجل قال رأیته قلت نعم قال احبک رجلا صالحا ذاک اخی الخضر بشرنی انی سألی واعدل لا باس برجاله ولم یقع لی الی الاٰن خبرولا اثر بسند جید غیره وهذا لایعارض الحدیث فی مائة سنة لانه کان قبل المائة (انتہیٰ، زرقانی مقصد رابع ص۴۰۶۔۴۰۷)فلما توفی رسول اللّٰه سمعوا له صوتا من ناحیة البیت فقال علی اتدرون من هذا هو الخضر (رواہ البیہقی، فی دلائل النبوۃ، مشکوٰۃ ص۵۵۰) کہ حضرت خضر علیہ السلام جمہور علماء اور عامّہ کے نزدیک ابھی زندہ موجود ہیں۔اگر چہ بعض محدثین جیسے نووی اور بخاری نے اس کا انکار کیا لیکن خضر علیہ السلام کی حیات صوفیہ اور اہل صلاح کے نزدیک متفق علیہ ہے اور ان کی حکایات ملاقات اور سوال وجواب اور اکثر مواضع شریفہ میں حاضر ہونا مشہور ومعروف ہے۔ بلکہ فتح الباری میں ہے کہ یعقوب بن سفیان نے اپنی تاریخ میں اور ابوعروبہ نے ریاح بتحیہ ابن عبیدہ سے روایت کی ہے کہ کہا اس نے میں نے عمر بن عبدالعزیز کو دیکھا کہ ایک شخص کے ہاتھ پر تکیہ لگائے ہوئے مشی کررہا ہے۔ جب پیچھے کی طرف لوٹ کر آیا تو میں نے اس سے پوچھا کہ یہ کون شخص تھا۔عمر بن عبدالعزیز نے اس سے پوچھا کہ کیا تو نے دیکھ لیا ہے؟ کہا ہاں! عمر بن عبدالعزیز نے کہا میں تجھے نیک آدمی سمجھتا ہوں وہ میرا بھائی خضر تھا اس نے مجھے بشارت دی ہے کہ میں عنقریب حاکم بنوں گا اور عدل کروں گا۔اور یہ ایسی روایت ہے

Marfat.com

کہ اس کے رجال میں کوئی باس نہیں اور اس کی مثل سند جیّد کی روایت میں نے نہیں دیکھی اور یہ سو (۱۰۰) برس والی حدیث کے معارض نہیں کیونکہ یہ واقعہ سو برس سے پہلے تھا۔ (انتہیٰ)

لیکن مؤلف کے نزدیک اس لئے معارض نہیں کہ حضرت خضر علیہ السلام آنحضرت ﷺ کے سو برس والے ارشاد سے پہلے ہی موجود تھے۔ پس اس سارے بیان سے ظاہر ہے کہ کسی زندہ عنصری جسم کا روحانی جماعت کے ساتھ مجتمع ہونا اس کی موت کا مستلزم نہیں خصوصاً جبکہ قبل اس کے ہم تحقیق کر چکے ہیں کہ انبیاء علیہم السلام کی موت درحقیقت ایک قسم کی غیبت ہے جس سے ان کے اجساد کو کوئی ضرر نہیں ہوتا اور وہ مرنے کے بعد اپنے اجساد کے ساتھ ہر جگہ جاسکتے ہیں۔ بلکہ ان کے لطائف روحانیہ ان کے اجساد کے ساتھ متجسّد ہو کر ایک ہی آن میں ہزار ہا امکنہ میں موجود ہو جاتے ہیں جس سے ان کے حقیقی تشخص میں کوئی تغیّر و تبدّل نہیں ہوتا۔ حضرت مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ تحریر فرماتے ہیں۔ ''ہرگاہ جنیان را بتقدیر اللہ سبحانہ ایں قدرت بود کہ متشکل باشکال گشتہ اعمال غریبہ بوقوع مے آرند۔ ارواح کمل را اگر ایں قدرت عطا فرماید چہ محل تعجب است و چہ احتیاج بہ بدن دیگر ازیں قبیلہ است انچہ از بعضے اولیاء اللہ نقل میکنند کہ در یک آن در امکنہ متعدّدہ حاضر میگردند و افعال متبائنہ بوقوع مے آرند اینجا نیز لطایف ایشاں متجسد باجساد مختلفہ و متشکل باشکال متبائنہ باشند''۔ اور جبکہ یہ بھی ثابت ہے کہ انبیاء علیہم السلام کے مسارح اور سیر گاہوں کی کوئی حد نہیں تو کوئی استبعاد نہیں کہ آنحضرت ﷺ کے ساتھ باجساد خود بیت المقدس میں اوّل ان کا اجتماع ہوا جن میں حضرت عیسیٰ بھی تھے۔ جیسے کہ بروایت ابن عساکر امّ ہانی کی حدیث میں ہے اور پھر اسی ساعت ہر ایک کے ساتھ جدا جدا آسمان میں ملاقات فرمائی۔ اسی طرح قادیانی صاحب کا یہ بھی بالکل افتراء ہے جو احادیث معراج کی طرف نسبت کرتے ہیں کہ ان میں ہے۔ انبیاء کرام علیہم السلام اپنے اجسام مبارک کو دنیا میں چھوڑ کر آسمان پر گئے۔ اسی طرح قادیانی

Marfat.com

صاحب کا یہ بھی کہنا افتراء ہے کہ ایک موت کے بعد دوسری موت تجویز کرنا خدائے تعالیٰ کی تمام کتابوں کے برخلاف ہے۔ کیونکہ ہم قبل اس کے ثابت کر چکے ہیں کہ کتاب اللہ نے الوف کو مار کر پھر زندہ کیا اور پھر دوبارہ ان کو موت دی اور عزیر نبی اللہ کو سو (۱۰۰) برس تک مار کر پھر زندہ کر کے دوبارہ موت دی۔

حدیث منع موتتین کے معنی

اسی طرح قادیانی صاحب کا یہ بھی افتراء ہے جو امام بخاری کی طرف کیا کہ انہوں نے اس کا ثبوت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے قول سے دیا۔ بابی انت وامی واللّٰہ لایجمع اللّٰہ علیک موتتین اما الموتة التی کتبت علیک فقدمتها (بخاری ص ۶۴۰) قیل هو علی حقیقته واشار بذٰلک الی الرد علی من زعم انه سیجئ فیقطع ایدی رجال لانه لوصح للزم ان یموت موتة اخری فاخبر انه اکرم علی اللّٰه من ان یجمع علیه موتتین کما جمعهما علی غیره کالذین خرجوا من دیارهم وهم الوف.او کالذی مر علی قریة وهذا اوضح الاجوبة واسلمها وقیل اراد لایموت موتة اخری فی القبر کغیره اذ یحیٰی لیسئل ثم یموت وهذا جواب الداؤدی وقیل کنی بالموت الثانی عن الکرب اذلا یلقی بعد کرب هذا الموت کربا اٰخر واغرب من قال المراد بالموتة الاخریٰ موت الشریعة ای لایجمع اللّٰه علیک موتک و موت شریعتک ویؤید هذا القول قول ابی بکر بعد ذٰلک فی خطبته من کان یعبد محمدا (صلی اللہ علیہ وسلم) فان محمدا قد مات ومن کان یعبد اللّٰه فان اللّٰه حی لایموت. (قسطلانی)

حالانکہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا یہ فرمانا کہ میری ماں اور باپ تیرے پر فدا ہوں۔ خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ تجھ پر دو موتیں جمع نہ کرے گا لیکن وہ موت جو تجھ پر لکھی گئی ہے وہ موت پوری

Marfat.com

ہوگئی۔ اس کی نسبت قسطلانی میں ہے کہ بعض کے نزدیک اس قول سے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر الوف کی طرح دوسری موت وارد نہیں ہوگی جو کرب اور سکرات سے خالی نہیں اور اس زعم کا رد فرمایا جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مرتدین کو دبانے کے لئے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مرے نہیں اور عنقریب دوبارہ آئیں گے اور اہل ارتداد کے ہاتھ کاٹیں گے جس کی نسبت حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ اس معارضہ میں حکمت یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے قول سے حق تعالیٰ نے منافقوں اور مرتدوں کے دلوں میں ہیبت اور رعب ڈال دیا اور وہ چوں چرا نہ کر سکے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے قول سے امر حق کا اظہار فرما دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر دوسری موت نہیں آئے گی۔ اور یہ بالکل دور از قیاس ہے کہ ایسا اولوالعزم صحابی جو ہم آغوش نبی رہا وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فوت ہو جانے کو نہ سمجھے اور آیت **قد خلت** سے غافل رہے۔ اور داؤدی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ دوسری موت سے مراد وہ موت ہے جو قبر میں ہوتی ہے جبکہ ملائکہ کے جواب وسوال کے لئے میّت کو زندہ کر کے دوبارہ وارد ہوتی ہے اور بعض کے نزدیک دوسری موت سے مراد کرب ہے۔ اور اگرچہ سب سے زیادہ اظہر قول اوّل ہے لیکن عجیب تر قول یہ ہے کہ دوسری موت سے مراد موت شریعت ہے اور اس کی مؤید خود ابی بکر رضی اللہ عنہ کا قول ہے جو **من یعبد** کہا کہ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی عبادت کرتا رہا تو وہ تو فوت ہو گئے اور جو اللہ کی عبادت کرتا رہا تو وہ تو زندہ ہے مرا نہیں۔ انتہی

قادیانی کا افتراء کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام بہشتیوں اور بہشت میں داخل ہو گیا

اور اسی طرح قادیانی صاحب کا یہ زعم بھی باطل ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام بہشتیوں میں داخل ہو گیا اور اللہ کا وعدہ ہے کہ بہشتی کبھی بہشت سے نہ نکلیں گے۔ کیونکہ ہم تو یہ کہہ رہے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام ابھی مرے نہیں اور وہ چوتھے آسمان میں ہیں جو آسمان ہفتم سے بہت پستی میں ہے اور یہ وعدہ مرنے کے بعد اور قیامت کے حساب وکتاب ہونے کے بعد وفا ہوگا

Marfat.com

ورنہ حضرت آدم علیہ السلام کیوں جنت سے زمین پر اتارے گئے الغرض عیسیٰ علیہ السلام کے مارنے کے لئے قادیانی صاحب نے ایسے ہی بہت سے لغو استدلالات سے کام لیا جس سے ان کی جہالت وغبایت اور ضلالت وغوایت معلوم ہوتی ہے اور اسی وجہ سے ہم نے ان کو ترک کر دیا۔ چنانچہ ان میں سے ایک بطور نمونہ ہم اس مقام پر نقل کر دیتے ہیں کہ تا کہ اہل بصارت کے لئے موجب اعتبار ہو کہ قادیانی صاحب نے کس حد تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مارنے میں کوشش کی اور وہ بطریق ہشم ذیل میں لکھا جاتا ہے۔

عیسیٰ صلیب کے زخموں سے الہامی مرہم عیسیٰ سے اچھے ہوئے اور سری نگر کشمیر میں جا مرے

ہشتم: حضرت عیسیٰ جب مصلوب کئے گئے تو اتفاقاً یوم السبت ہونے کی وجہ سے معمول سے پیشتر اتار لئے گئے تھے۔ لوگ سمجھے کہ آپ کی روح پرواز کر گئی ہے مگر حقیقت میں آپ بیہوش تھے اور سکتہ کی طرح آپ کے جسم میں روح چھپی ہوئی تھی۔ حواریین نے خدا کے الہام کے مطابق مرہم عیسیٰ جس کا نام مرہم رسول اور مرہم حواریین بھی ہے تیار کر کے آپ کے ان زخموں پر لگایا جو صلیب پر چڑھائے جانے کی وجہ سے پیدا ہو گئے تھے۔ اور اس مرہم کی برکت سے آپ اچھے ہو گئے اور ارض یہودا کو چھوڑ کر اقطار عالم کی سیاحت کرنے لگے۔ بہت سے ممالک میں پھرتے پھراتے ہوئے آپ کشمیر جنت نظیر میں وارد ہوئے جہاں حکیم نورالدین بہت دنوں رہ چکے ہیں اور جہاں ان دنوں بعض عیسائی محققوں کی شہادت کے مطابق قوم یہود کے بہت سے لوگ آ کر آباد ہو گئے تھے۔ حضرت عیسیٰ آخر عمر تک اسی دلچسپ سرزمین میں رہے اور ایک سو بیس (۱۲۰) برس کے ہو کر یہیں واصل بحق ہوئے۔ چنانچہ مرزا صاحب قادیانی اپنے انگریزی اشتہار مشتہرۂ ۲۳/جولائی ۱۸۹۸ء میں لکھتے ہیں۔ کہ

''کشمیر کے دارالسلطنت سری نگر میں محلّہ خان یار میں اس پیغمبر معصوم کا مرقد اس وقت تک

Marfat.com

موجود ہے جو وہاں کے لوگوں میں مزار یوز آسف کے نام سے مشہور ہے اور وہاں کے مجاوروں میں یہ روایت مشہور ہے کہ جن بزرگ کا یہ مزار ہے وہ اٹھارہ انیس سو برس پیشتر تھے۔ جس کو قادیانی صاحب نے اپنی وحی کی برکت سے دریافت کیا ہے کہ لفظ یوز آسف یسوع یا جیزس کا بگاڑ ہے جو یورپ میں حضرت مسیح کے مشہور نام ہیں''۔ (جریدہ روزگار، مدراس مطبوعہ یکم اکتوبر ۱۸۹۸ء)

قادیانی صاحب کے صلیب کے قول کا رد

قادیانی صاحب کا یہ طرفہ الہام ہے جس کو وحی ربّانی یعنی نص قرآنی دراصل الہام شیطانی ثابت کر رہی ہے۔ جس کے صریح الفاظ ہیں۔ ''**ماقتلوہ وماصلبوہ ولکن شبّہ لھم**'' یعنی یہود نے مسیح کو نہ قتل کیا اور نہ صلیب پر چڑھایا بلکہ ان پر اشتباہ مسلط کیا گیا کہ رفع برآسمان کو قتل اور صلب گمان کرنے لگے۔ پس یہ یہودانہ اشتباہ سے بھی برتر ہے جو قادیانی صاحب کو الہام ہوا کہ عیسیٰ صلیب پر چڑھائے گئے اور زخمی ہو گئے اور ان کے واسطے مرہم تجویز کیا گیا اور علاج کیا گیا اور اچھے ہو گئے اور اقطار عالم کی سیاحت کرنے لگے اور اس قدر وقفۂ دراز کے باوجود یہود پر اتنا بڑا اشتباہ باقی رہا جس کی نسبت قرآن کریم شہادت دے رہا ہے اور اس کا دفعیہ نہ ہو سکا اور قادیانی صاحب کو الہام ربّانی نے اس وقت تائید نہ دی۔

قادیانی کا دوسرا قول کہ مسیح اپنے وطن گلیل میں فوت ہوا

جبکہ وہ علی رؤس الاشہاد ایک عالم کے مقابل کھڑے ہو کر ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۴۷۳ میں اقرار کیا کہ یہ تو سچ ہے کہ مسیح اپنے وطن گلیل میں جا کر فوت ہو گیا اور حواریوں کو کشفی طور پر چالیس دن برابر نظر آتا رہا اور بعض احادیث میں آیا ہے کہ بعد موت کے اکثر مدت مقدس لوگوں کی زمین پر رہنے کی چالیس دن ہے اور آنحضرت ﷺ فرماتے ہیں کہ کوئی نبی فوت ہونے کے بعد چالیس دن سے زیادہ زمین پر نہیں ٹھہرتا بلکہ اس عرصہ کے اندر اندر آسمان کی طرف اٹھایا جاتا ہے۔ چنانچہ خود اپنی نسبت آنجناب فرماتے ہیں۔ کہ مجھے

Marfat.com

ہرگز امید نہیں کہ خدا تعالیٰ چالیس (۴۰) دن سے زیادہ مجھ کو قبر میں رکھے۔ انتہیٰ پس اس سے ظاہر ہے کہ قادیانی صاحب آٹھ برس قبل اقرار کر چکے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام اپنے وطن گلیل میں فوت ہو گئے اور اب کیسے اس کے برخلاف کہتے ہیں کہ عیسیٰ کشمیر کی دارالسلطنت سری نگر کے محلّہ خان یار میں آ کر فوت ہوئے اور ان کا مرقد اس وقت تک وہاں موجود ہے۔ اور نیز بیس (۲۰) برس قبل اسکے براہین احمدیہ میں مسیح کے زندہ رہنے کا اقرار کر چکے ہیں۔ پس بقولے ''دروغ گو را حافظہ نباشد'' ان پر افتراء پردازی اس قدر غالب ہو گئی ہے کہ وہ الہامات ربّانی میں تناقض اور علم الٰہی میں بَدَا کی تجویز سے نہیں شرماتے۔ کیونکہ جیسے خدا ایک ہے اس کا علم بھی ایک ہے اور اس کا الہام و اعلام بھی ایک ہے جس میں کسی قسم کا اختلاف ممکن نہیں۔ قطع نظر اس کے کہ ان کا دعویٰ ہے کہ محدّث کا الہام قطعی اور یقینی ثابت ہوتا ہے۔ معہذا قادیانی صاحب کا یہ قول بھی محض افتراء ہے کہ کوئی نبی چالیس (۴۰) دن سے زیادہ زمین پر نہیں ٹھہرتا۔ کیونکہ شبِ معراج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا موسیٰ علیہ السلام کی قبر پر سے گذر کرنا اور ان کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھنا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ انبیاء اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں جو نمازیں پڑھتے ہیں جیسے کہ زرقانی کے مقصد عاشر میں بروایت بیہقی انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے ان کے اس افتراء کو باطل کر رہا ہے۔

.....

دعوی دوم

(عیسیٰ موعود جو آنے والا ہے وہ اصلی عیسیٰ کا مثیل یعنی غلام احمد قادیانی ہے)

بقول قادیانی صاحب جناب محمد مصطفیٰ حضرت موسیٰ کے مثیل ہیں

اب ہم قادیانی صاحب کے دعوی دوم کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جو انہوں نے خود کو مسیح موعود بالنزول ہونا کہا۔ اور انہوں نے اس الہامی دعوے کے ثبوت کے لئے دو

Marfat.com

قرآنی آیات سے یوں استدلال کیا کہ خداتعالیٰ نے ہمارے نبی ﷺ کو مثیل موسیٰ قرار دیا جیسا کہ فرماتا ہے۔ انا ارسلنا الیکم رسولا شاھدا علیکم کما ارسلنا الٰی فرعون رسولا۔ اس آیت میں خداتعالیٰ نے ہمارے نبی ﷺ کو موسیٰ کی طرح اور کفار کو فرعون کی طرح ٹھہرایا اور پھر دوسری جگہ فرمایا۔ وعد اللّٰہ الذین امنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنھم فی الارض کما استخلف الذین من قبلھم ولیمکنن لھم دینھم الذی ارتضٰی لھم ولیبدلنھم من بعد خوفھم امنا یعبدوننی لایشرکون بی شیئا ومن کفربعد ذٰلک فاولٰئک ھم الفاسقونo یعنی خدائے تعالیٰ نے اس امّت کے مومنوں اور نیکوکاروں کے لئے وعدہ فرمایا ہے کہ انہیں زمین میں خلیفہ بنائے گا جیسا کہ اس نے پہلوں کو بنایا تھا۔

جیسے عیسیٰ نبی اللہ موسیٰ کا خلیفہ ہوا اسی طرح قادیانی مثیل عیسیٰ مثیل موسیٰ محمد کا خلیفہ بموجب آیت استخلاف ہے

یعنی اسی طرز اور طریق کے موافق اور نیز اسی مدت اور زمانہ کے مشابہ اور اسی صورت جلالی اور جمالی کی مانند جو بنی اسرائیل میں سنت اللہ گذر چکی ہے اس امت میں بھی خلیفے (خلفاء) بنائے جائیں گے اور ان کا سلسلۂ خلافت اس سلسلہ سے کم نہیں ہوگا جو بنی اسرائیل کے خلفاء کے لئے مقرر کیا گیا تھا اور نہ ان کی طرز خلافت اس طرز سے مبائن ومخالف ہوگی جو بنی اسرائیل کے خلیفوں کے لئے مقرر کی گئی تھی۔ پھر آگے فرمایا ہے کہ ان خلیفوں کے ذریعہ سے زمین پر دین جمادیا جائے گا اور خدا خوف کے دنوں کے بعد امن کے دن لائے گا۔ خالصاً اسی کی بندگی کریں گے اور کوئی اس کا شریک نہیں ٹھہرائیں گے لیکن اس زمانہ کے بعد پھر کفر پھیل جائے گا۔ مما ثلت تامّہ کا اشارہ جو کما استخلف الذین من قبلھم سے سمجھا جاتا ہے صاف دلالت کررہا ہے کہ یہ مما ثلت مدّت ایّام خلافت اور

Marfat.com

خلیفوں کی طرز اصلاح اور طرز ظہور سے متعلق ہے۔ سو چونکہ یہ بات ظاہر ہے کہ بنی اسرائیل میں خلیفۃ اللہ ہونے کا منصب حضرت موسیٰ علیہ السلام سے شروع ہوا اور ایک مدت دراز تک نوبت بہ نوبت انبیاء بنی اسرائیل میں رہ کر آخر چودہ سو برس کے پورے ہونے تک حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام پر یہ سلسلہ ختم ہوا۔ حضرت عیسیٰ بن مریم ایسے خلیفۃ اللہ تھے کہ ظاہری عنان حکومت ان کے ہاتھ میں نہیں آئی تھی اور سیاست ملکی اور اس دنیوی بادشاہی سے ان کو کچھ علاقہ نہیں تھا اور دنیا کے ہتھیاروں سے وہ کچھ کام نہیں لیتے تھے بلکہ اس ہتھیار سے کام لیتے تھے جو ان کے انفاس طیبہ میں تھا اور جس کے ذریعہ سے وہ مرے ہوئے دلوں کو زندہ کرتے تھے اور بہرے کانوں کو کھولتے تھے اور مادرزاد اندھوں کو سچائی کی روشنی دکھا دیتے تھے۔ ان کا وہ دم ازلی کافر کو مارتا تھا لیکن مومن کو زندگی بخشتا تھا۔ وہ بغیر باپ کے پیدا کئے گئے تھے۔ اور ظاہری اسباب ان کے پاس نہیں تھے۔ اور ہر بات میں خدائے تعالیٰ ان کا متولی تھا۔ وہ اس وقت آئے تھے جبکہ یہودیوں نے نہ صرف دین کو بلکہ انسانیت کی متعلقین بھی چھوڑ دی تھیں اور بے رحمی وخودغرضی وغیرہ ان میں ترقی کر گئی تھی اور نہ صرف بنی نوع کے حقوق کو انہوں نے چھوڑ دیا تھا بلکہ غلبۂ شقاوت کی وجہ سے حضرت محسن حقیقی سے عبودیت اور اطاعت اور سچے اخلاص کا رشتہ توڑ بیٹھے تھے۔ صرف بے مغز استخوان کی طرح توریت کے چند الفاظ ان کے پاس تھے جو قہر الٰہی کی وجہ سے ان کی حقیقت تک وہ نہ پہنچ سکتے تھے کیونکہ ایمانی فراست اور زیرکی بالکل ان میں سے اٹھ گئی تھی اور ان کے نفوس مظلمہ پر جہل غالب آ گیا تھا اور جھوٹ اور ریاکاری اور غداری ان میں انتہا تک پہنچ گئی تھی۔ ایسے وقت میں ان کی طرف مسیح ابن مریم بھیجا گیا تھا جو بنی اسرائیل کے مسیحوں اور خلیفوں میں سے آخری مسیح اور آخری خلیفۃ اللہ تھا جو برخلاف سنت اکثر نبیوں کے بغیر تلوار اور نیزہ کے آیا تھا۔ یاد رکھنا چاہیے کہ شریعت موسوی میں خلیفۃ اللہ کو مسیح کہتے تھے اور حضرت داؤد کے وقت

Marfat.com

اور یا ان سے کچھ عرصہ پہلے یہ لفظ بنی اسرائیل میں شائع ہو گیا تھا۔ بہر حال اگر چہ بنی اسرائیل میں کئی مسیح آئے لیکن سب سے پیچھے آنے والا مسیح وہی ہے جس کا نام قرآن کریم میں مسیح عیسیٰ بن مریم علیہما السلام بیان کیا گیا ہے۔ بنی اسرائیل میں مریمیں بھی کئی تھیں اور ان کے بیٹے بھی کئی تھے لیکن مسیح عیسیٰ ابن مریم یعنی ان تینوں ناموں سے ایک مرکب نام بنی اسرائیل میں اس وقت اور کوئی نہیں پایا گیا۔ سو مسیح ابن مریم یہودیوں کی اس خراب حالت میں آیا جس کا میں نے ابھی ذکر کیا ہے۔ آیات موصوفہ بالا میں ابھی ہم بیان کر چکے ہیں کہ خدا تعالیٰ کا اس امت کے لئے وعدہ تھا کہ بنی اسرائیل کی طرز پر ان میں بھی خلیفے پیدا ہوں گے۔ اب ہم جب اس طرز کو نظر کے سامنے لاتے ہیں تو ہمیں ماننا پڑتا ہے کہ ضرور تھا کہ آخری خلیفہ اس امت کا مسیح ابن مریم کی صورت مثالی پر آوے اور اس زمانہ میں آئے جو اس وقت سے مشابہہ ہو جس وقت میں بعد حضرت موسیٰ کے مسیح ابن مریم آئے تھے۔ چودھویں صدی میں یا اس کے قریب اس کا ظہور ہو اور ایسا ہی بغیر سیف وسنان اور بغیر آلات حرب کے آئے جیسا کہ حضرت مسیح ابن مریم آئے تھے اور نیز ایسے ہی لوگوں کی اصلاح کے لئے آئے جیسا کہ حضرت مسیح اس وقت کے یہودیوں کی اصلاح کے لئے آئے تھے۔ ایسا ہی اس نے اس امت کے مفسد طبع لوگوں کو یہودی ٹھہرا کر اس عاجز کا نام مسیح ابن مریم رکھ دیا۔ (صفحہ ۵۷۳) اور جب آیات ممدوحہ بالا کو غور سے دیکھتے ہیں تو ہمیں ان کے اندر سے یہ آواز سنائی دیتی ہے کہ ضرور آخری خلیفہ اس امت کا جو چودھویں صدی کے سر پر ظہور کرے گا حضرت مسیح کی صورت مثالی پر آئے گا۔ دو سلسلوں کی مماثلت میں یہی قاعدہ ہے کہ اوّل اور آخر میں اشد درجہ کی مشابہ ان میں ہوتی ہے اور اس ضمن میں قطعی اور یقینی طور پر بتلایا گیا کہ جیسے اسلام میں سر دفتر الٰہی خلیفوں کا مثیل موسیٰ ہے جو اس سلسلہ اسلامیہ کا سپہ سالار اور بادشاہ اور تخت عزّت کے اوّل درجہ پر بیٹھنے والا اور تمام برکات کا مصدر اور اپنی روحانی اولاد کا مورث اعلیٰ ہے۔

Marfat.com

دعویٰ قادیانی کہ وہی سلسلۂ خلافت کا خاتم ہے

ایسا ہی اس سلسلہ کا خاتم باعتبار نسبت تامّہ وہ مسیح عیسیٰ بن مریم ہے جو اس امّت کے لوگوں میں سے بحکم ربّی مسیحی صفات سے رنگین ہوگیا ہے۔ اور فرمان **جعلناک المسیح ابن مریم** نے اس کو درحقیقت وہی بنادیا ہے۔ **وکان اللّٰہ علی کل شئ قدیرا** اور اس آنے والے کا نام جو احمد رکھا گیا ہے وہ بھی اس کے مثیل ہونے کی طرف اشارہ ہے کیونکہ محمد جلالی نام ہے اور احمد جمالی اور احمد اور عیسیٰ اپنے جمالی معنوں کی رو سے ایک ہی ہیں۔

آنے والا احمد غلام احمد قادیانی ہے

اسی کی طرف اشارہ ہے۔ **ومبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد** مگر ہمارے نبی ﷺ فقط احمد ہی نہیں بلکہ محمد بھی ہیں یعنی جامع جلال و جمال ہیں۔ لیکن آخری زمانہ میں برطبق پیشین گوئی مجرّد احمد جو اپنے اندر حقیقت عیسویت رکھتا ہے بھیجا گیا۔ کیا وہ حی و قیوم خدا جو اس بات پر قادر ہے جو انسان کو حیوان بلکہ شرالحیوانات بنادے ایک انسان کو دوسرے انسان کی صورت مثالی پر نہیں بنا سکتا؟ اب اس تحقیق سے ثابت ہے کہ مسیح ابن مریم کے آخری زمانہ میں آنے کی قرآن شریف میں پیشین گوئی موجود ہے۔ قرآن شریف نے جو مسیح کے نکلنے کی چودہ سو برس تک مدت ٹھہرائی ہے بہت سے اولیاء بھی اپنے مکاشفات کی رو سے اس مدت کو مانتے ہیں اور آیت [1] **وانا علی ذھاب بہ لقادرون** جس کے بحساب جمل ۱۲۷۴ عدد ہیں اسلامی چاند کی سلخ کی راتوں کی طرف اشارت ہے جو غلام احمد قادیانی کے عددوں میں بحساب جمل پائی جاتی ہے۔

آیت ارسل رسولہ کا تعلق زمانہ قادیانی سے ہے

اور یہ آیت **ھوالذی ارسل رسولہ بالھدی** درحقیقت اسی مسیح ابن مریم

---

[1] اس آیت میں ۱۸۵۷ء زمانہ غدر کی طرف اشارہ ہے جو اس وقت قرآن اٹھایا گیا۔ (ازالہ صفحہ ۷۲۲)

Marfat.com

کے زمانہ سے متعلق ہے اور خلافت جو آدم علیہ السلام سے شروع ہوئی تھی آخر کار آدم پر ہی ختم کردی۔ یہی حکمت اس الہام میں ہے کہ **اردت ان استخلف فخلقت اٰدم** اور آدم اور عیسیٰ میں کسی وجہ سے روحانی مبائنت نہیں بلکہ مشابہت ہے **انّ مثل عیسٰی عنداللّٰہ کمثل اٰدم**۔ (انتہیٰ، ازالۃ الاوہام صفحہ ۶۶۷ تا ۶۸۱)

قادیانی صاحب کے اس دوسرے دعوی کا جواب

پس قادیانی صاحب کا یہ دوسرا دعویٰ جو درحقیقت تار عنکبوت کی طرح مگس صفتوں کو دھوکا دے رہا ہے اور محض سراب کی طرح تشنگان بادیۂ ضلالت کی آنکھوں میں بصورت آب لہلہا رہا ہے۔ ہم ذیل میں اس کو توڑتے ہیں اور اس سراب کو خراب کرتے ہیں تا کہ کسی کو دھوکا نہ ہو۔ پس معلوم کرنا چاہیے کہ پہلی آیت کریمہ جس سے قادیانی صاحب نے ہمارے نبی سید المرسلین وفخر الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت موسیٰ علیہ السلام کا مثیل قرار دیا ہے وہ اس افادہ سے جو قادیانی صاحب نے اس کی نسبت کہا بالکل تبرّی فرما رہی ہے۔

کاف تشبیہ کے معنی اور اس کے استعمالات

کیونکہ استعمالات اہل عرب میں حرف کاف جو تشبیہہ کے لئے آتا ہے اس کے فقط دو استعمال ہیں۔ ایک جبکہ اسم مفرد پر آئے تو اسم مشبّہ کو اپنی مجرور مشبہ بہ کے ساتھ کسی ایک صفت میں تشریک وتشبیہہ کا افادہ دیتا ہے نہ کہ کل صفات مشبّہ میں۔ جیسے زید کالاسد۔ پس اس مثال میں حرف کاف نے جو حرف تشبیہہ ہے زید کو اپنے مجرور مشبّہ بہ کے ساتھ فقط شجاعت میں شرکت اور مشابہت کا افادہ دیا نہ کہ اسد کی تمام صفات زید میں ثابت کردیں۔ اور دوسرا استعمال جبکہ حرف کاف کے بعد ما کافہ آئے جو اس کو اس کے عمل جر سے روک دیتا ہے اس وقت یہ کاف یا تو ایک فعل کو دوسرے فعل کے ساتھ وقوع میں مقارنت اور اتّصال کا افادہ دیتا ہے۔ جیسے **کما قام زید قعد عمر** یعنی زید کے قیام کے

Marfat.com

ساتھ ہی عمر کا قعود ہوا۔ اور جیسے ادخل کما یسلم الامام یعنی امام کے سلام کہنے کے ساتھ ہی دخول کا فعل ہوا۔ اور یا ایک جملہ کے مضمون کو دوسرے جملہ کے ساتھ تشبیہ کا افادہ دیتا ہے جیسے آیت مبحوث فیہ یعنی ارسلنا الیکم رسولا شاھدا علیکم کما ارسلنا الی فرعون رسولا پس اس آیت کریمہ میں دونوں جملوں کا مضمون فقط ارسال رسول ہے۔ اور حرف کاف نے قواعد لسان عرب کے مطابق فقط ارسال میں تشریک اور تشبیہ کا افادہ دیا نہ کہ دو رسولوں کو باہم تشبیہ کا افادہ فرمایا جس سے بزعم قادیانی صاحب یہ نتیجہ نکالا جا سکے کہ دونوں رسول یعنی موسیٰ علیہ السلام اور محمد ﷺ آپس میں شبیہ اور ہمارے نبی ﷺ اسی طرح حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مثیل ہوں جیسے کہ قادیانی صاحب اپنے کو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مثیل قرار دے رہے ہیں حالانکہ یہ آیت مبارک اس معنی کے افادہ سے بالکل تبرّی فرما رہی ہے۔

حضرت محمد ﷺ کو حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فقط رسالت میں تشبیہ ہے نہ کہ دوسری تمام صفات میں بھی

اسی وجہ سے قاضی بیضاوی رحمۃ اللہ علیہ نے اس نکتہ سے آگاہ فرمانے کی غرض سے اس آیت کریمہ کے تحت میں لکھا۔ لم یعینہ لان المقصود لم یتعلق بہ یعنی حق تعالیٰ نے دوسری جگہ رسول کو اس لئے معین نہ فرمایا۔ یعنی کما ارسلنا الی فرعون موسیٰ کر کے نہ کہا کہ موسیٰ کے ساتھ آنحضرت ﷺ کو تشبیہ دینا اور آنحضرت ﷺ کو موسیٰ کا مثیل قرار دینا حق تعالیٰ کا مقصود نہ تھا۔ اور یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ اصل اصیل کو ظل ظلیل کا مثیل کہا جائے یا دوسرے لفظوں میں نبی الانبیاء کو اپنے نائب نبی کا یا شہنشاہ کو اپنے ایک خلیفہ نواب کا مثیل قرار دیا جائے۔ اور یہ کس قدر خلاف اصل اور سوء ادب ہے اس شہنشاہ کی شان میں جو سرتاج انبیاء اور تخت نبوّت کے اعلیٰ درجے پر بیٹھنے والا اور اس کا اصلی مالک اور تمام برکات کا مصدر ہے اور کل انبیاء جس کے نائب ہیں چنانچہ فرمایا کہ اگر موسیٰ زندہ ہوتا تو میری اتّباع بغیر اس کو چارہ نہ تھا۔

Marfat.com

جیسے خداوحدہ لاشریک ہے اسی طرح محمد ﷺ باعتبار نبوت کے اپنی ذات وصفات میں وحدہ لاشریک ہیں

پس ہمارا ایمان ہے کہ جیسے خداوحدہ لاشریک ہے اور وہ اپنی صفات کاملہ میں یگانہ اور کوئی اس کا سہیم وشریک اور شبیہہ ومثیل نہیں اسی طرح ہمارے نبی الانبیاء محمد ﷺ اپنی ذات وصفات میں وحدہ لاشریک ہیں کہ جن میں کوئی نبی بھی سہیم وشریک نہیں۔ اور اسی جگہ سے ہے جو کہا گیا۔

مثل النبی محمد قدامتنع　　من قال بالامکان صار مکفرا

یعنی محمد ﷺ کی مثال محال ہے اور جو ممکن کہے وہ کافر ہے۔

قادیانی کا دعویٰ کہ وہ تمام انبیاء اولوالعزم کا مثیل ہے

قادیانی صاحب کی خیرہ سری قابل ملاحظہ ہے جو اپنے کو ایک نبی کا مثیل نہیں بلکہ ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۲۵۳ میں لکھتے ہیں۔ کہ براہین احمدیہ میں خدا تعالیٰ نے اس عاجز کو آدم صفی اللہ کا مثیل قرار دیا اور پھر مثیل نوح قرار دیا اور پھر مثیل یوسف قرار دیا اور پھر مثیل حضرت داؤد بیان فرمایا اور پھر مثیل موسیٰ کر کے بھی اس عاجز کو پکارا یہاں تک کہ پھر مثیل ابراہیم بھی کہا اور پھر آخر مثیل ٹھہرانے کے یہاں نوبت پہنچی کہ بار بار یا احمد کے خطاب سے مخاطب کر کے ظلی طور پر مثیل سیّد الانبیاء وامام الاصفیاء محمد ﷺ قرار دیا۔ انتہیٰ

پس قادیانی صاحب کے یہ سارے الہامات موجب استخفاف ان انبیاء علیہم السلام ہیں جن کا مثیل ایک ایسا فاسق شخص کہا جاتا ہے جو ایک طرف تو انگریزی قوم کے پادریوں کو ازالہ کے صفحہ ۴۸۹ وغیرہ میں دجّال کہتا ہے۔ اور پھر اسی ازالہ کے صفحہ ۵۰۸ میں قوم یاجوج وماجوج سے مراد انگریز وروس کہہ کر دوسری طرف انہیں کے زیر سایہ اور ظلِّ حمایت میں رہنے کی دعائیں مانگتا ہے۔ اور باوجود ان کی قوم کا دشمن اور ان کے خدا کا شریک اپنے کو

Marfat.com

بتانے کے منافقانہ طور سے خوشامدیں کرتا ہے۔ اور غریب ملاؤں کو جن کو اپنے خدائے یگانہ کے سوا کسی غدر و مکر سے سروکار نہیں اور وہ فتنہ مٹانے کے لئے خاص طور سے مامور ہیں ان پر ازالہ کے صفحہ ۷۲۳ میں اتہام لگاتا ہے۔ کہ ۱۸۵۷ء میں وہی باعث غدر ہوئے اور انہیں کے فتوؤں[1] سے اس وقت کے مسلمانوں نے چوروں اور قزاقوں اور حرامیوں کی طرح اپنی محسن گورنمنٹ پر حملہ کیا اور اس کا نام جہاد رکھا۔

حالانکہ یہ سارے فتنے اسی نجدی گروہ کے ہیں جو ہمیشہ دولت اور سلطنت کی لالچ میں اپنے غیر کو مشرک بنا کر اور خود توحید کی حامی بن کر ایک جماعت عظیمہ کے ساتھ قوت وطاقت پیدا کرنے کے خواہشمند رہے۔ عرب میں محمد بن عبدالوہاب نجدی نے فتنہ برپا کیا اور ہندوستان میں انہیں وہابیوں نے جو عبدالوہاب کے قدم برقدم ہیں اور انہیں میں سے قادیانی صاحب ہیں جو اپنے کو ازالہ کے صفحہ ۹۵ میں وہی حارث بتلاتا ہے جو حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ میں مذکور ہے۔ عن علی قال قال رسول اللّٰہ ﷺ یخرج رجل من وراء النھر یقال لھا الحارث حراث علی مقدمۃ رجل یقال لہ منصور یوطن اویمکن لاٰل محمد ﷺ کمامکنت قریش لرسول اللّٰہ ﷺ وجب علی کلّ مومن نصرہ. (ابوداؤد، مشکوٰۃ) کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ ایک شخص ماوراء النہر سے خروج کرے گا جس کو حارث کہا جائے گا کیونکہ وہ کھیتی کرنے والا ہوگا اس کا سپہ سالار ایک شخص ہوگا جس کو منصور کہا جائے گا وہ آل نبی کو جگہ دے گا جیسے قریش نے رسول اللہ ﷺ

---

[1] مگر براہین احمدیہ جلد ثالث کے ابتدا میں ایک ضروری التماس کے ضمن میں قادیانی صاحب لکھ چکے ہیں۔ کہ کوئی شائستہ اور نیک بخت مسلمان جو باعلم اور باتمیز تھا ہرگز مفسدہ میں شامل نہیں ہوا بلکہ غریب مسلمانوں نے پنجاب میں سرکار انگریزی کو اپنی طاقت سے زیادہ مدد دی کیونکہ شریعت اسلام کا یہ واضح مسئلہ ہے کہ سلطنت محسنہ سے جہاد کرنا قطعی حرام ہے۔ مؤلف

Marfat.com

کو جگہ دی اس کی نصرت ہر مومن پر واجب ہے۔ پس اپنے لئے قادیانی صاحب نے اس حدیث کا مصداق بنانے کے لئے بہت کوشش کی۔ یہاں تک کہ غدر کے وقت اپنے پردادا گل محمد کو بحوالۂ غیاث الدولہ وزیر سلطنت مغلیہ دہلی کی تخت نشینی کا مستحق سمجھا۔ (دیکھو ازالہ از صفحہ ۹۵ تا ۱۲۶ وغیرہ)۔ لیکن ؎

ہر گدائے مرد میدان کے شود پشۂ آخر سلیمان کہ شود

پس جائے انصاف ہے کہ ایسا شخص جو بقول خود

ع سیتوا ند شد مسیحا میتوا ند شد یہود

کا مصداق ہے وہ کسی نبی کریم کا مثیل کیونکر ہو سکتا ہے؟

حدیث علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل موضوع ہے

اور قطع نظر اس کے حدیث علماء امتی کانبیاء بنی اسرائیل۔ جس سے قادیانی صاحب اپنے دعوے مثیل انبیاء ہونے پر استدلال کرتے ہیں۔ قال الدمیری والعسقلانی والزرکشی لااصل له (رسالہ موضوعات کبیر ملا علی قاری، تشیید المبانی) وہ خود بقول دمیری اور عسقلانی اور زرکشی اپنا کوئی اصل نہیں رکھتی اور ملا علی قاری اور دیگر ائمہ نے اس کے موضوع ہونے پر تنصیص فرمادی۔

مثیل کے لئے مماثلت تمام صفتوں میں ہونا چاہیے

بتقدیر ثبوت حرف کاف فقط کسی ایک صفت میں تشریک اور تشبیہ کا افادہ دیتا ہے نہ جملہ اوصاف میں مثیل ہونے کا۔ کیونکہ حضرت خواجہ محمد پارسا فصل الخطاب میں فرماتے ہیں۔ المماثلة عندنا تثبت بالاشتراک فی جمیع الاوصاف حتی لو اختلف فی وصف لاتثبت المماثله لان المثلین مایسد احدهما مسد الاخر. اور یہی معنی اس آیت قرآنی کے جس میں کفار کو دعوت دی گئی ہے کہ فاتوا بسورة

Marfat.com

من مثله وادعوا شهدائکم من دون اللّٰہ ان کنتم صادقین کہ وہ قرآن کی ایک سورت کی مثل کوئی سورت پیش کریں اور وہ عاجز ہو گئے۔ ورنہ قادیانی صاحب کے الہامی فقرات کی طرح مسیلمہ کذاب نے بھی تو بہت سے بے تکے فقرات بنا لئے تھے۔

آیت استخلاف کے معنی بقول قادیانی

پس جس طرح کہ پہلی آیت مبارک سے قادیانی صاحب کا یہ استدلال باطل ہے کہ ہمارے نبی الانبیاء خاتم الرسل محمد ﷺ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مثیل ہیں اسی طرح قادیانی صاحب کا دوسری آیت استخلاف سے یہ استدلال باطل ہے کہ کما استخلف میں مما ثلت تامّہ اور مما ثلت مدّت ایام خلافت اور اس امر کی طرف اشارہ ہے کہ ان خلفاء کا سلسلۂ خلافت اس سلسلہ سے کم نہیں ہوگا جو بنی اسرائیل کے خلفاء کے لئے مقرر کیا گیا تھا اور یہ منصب حضرت موسیٰ سے شروع ہوا اور آخر چودہ سو برس کے پورے ہونے تک حضرت عیسیٰ بن مریم پر ختم ہوا اور وہ ایسے خلیفۂ موسیٰ تھے کہ ظاہری حکومت ان کے ہاتھ میں نہیں آئی تھی اور دنیا کے ہتھیاروں سے وہ کچھ کام نہ لیتے تھے اور بغیر سیف وسنان اور بغیر آلات حرب کے آئے اور وہ اس وقت مبعوث ہوئے تھے جبکہ یہودیوں نے نہ صرف دین کو بلکہ انسانیت کی خصلتیں بھی چھوڑ دی تھیں اور چونکہ ہمارے محمد ﷺ مثیل موسیٰ ہیں اور آنحضرت ﷺ کو حق تعالیٰ کا وعدہ تھا کہ اس امّت میں بھی بنی اسرائیل کی طرز پر خلیفے پیدا ہوں۔ لہٰذا ضرور ہوا کہ آخری خلیفہ اس امت میں آنحضرت کا مسیح ابن مریم کی صورتِ مثالی پر آوے اور اس زمانہ میں آئے جو اس وقت سے مشابہ ہو جس وقت میں موسیٰ کے مسیح ابن مریم آئے تھے۔ یعنی چودھویں صدی میں اور جبکہ تحریف تورات میں ہو گئی پس حق تعالیٰ نے اس امت کے مفسد طبع لوگوں کو یہودی ٹھہرا کر اس عاجز کا نام بفرمان جعلناک المسیح ابن مریم درحقیقت وہی ابن مریم بنا دیا اور قرآن میں آنے والے رسول کا نام

Marfat.com

جواحمد رکھا گیا ہے وہ بھی اس کے مثیل کی طرف اشارہ ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اس وقت قرآن میں تحریف ہوگئی۔ اور ۱۸۵۷ء زمانہ غدر میں قرآن بمقتضائے انا علی ذھاب بہ لقادرون اٹھایا گیا جس کے بحساب جمل ۱۲۷۴ عدد ہیں جو عیسوی تاریخ میں دیکھنا چاہیں تو ۱۸۵۷ء ہوتے ہیں۔ چونکہ حدیثوں میں لکھا ہے کہ پھر دوبارہ قرآن کو زمین پر لانے والا ایک مرد فارسی الاصل ہوگا تو اس زمانہ میں بلاشبہہ ضرور ہے کہ کتاب الٰہی کے لئے ایک نئی اور صحیح تفسیر کی جائے۔ کیونکہ موجودہ تفسیریں فطرتی سعادت اور نیک روشنی کی مزاحم ہو رہی ہیں۔ قرآن پڑھتے ہیں لیکن قرآن ان کے حلق کے نیچے نہیں اترتا۔ اور انہیں معنوں سے کہا گیا ہے کہ قرآن آسمان پر اٹھایا جائے گا جو آیت انا علی ذھاب بہ لقادرون میں اشارۃً بیان کیا گیا ہے اور جس میں ایک نئے چاند کے نکلنے کی اشارت ہے جو غلام احمد قادیانی کے عددوں میں بحساب جمل پائی جاتی ہے یعنی پورے تیرہ سو۔ اور اس عاجز کے ساتھ اکثر یہ عادۃ اللہ جاری ہے کہ وہ سبحانہٗ بعض اسرار اعداد حروف تہجّی میں میرے پر ظاہر کر دیتا ہے۔ (ازالہ صفحہ ۱۸۶ مکتوب[1] عربی صفحہ ۱۷۲) اور چونکہ اول و آخر میں نہایت مناسبت ہوتی ہے سو خدا تعالیٰ نے میرا نام آدم بھی رکھا اور آدم اور عیسیٰ میں کسی وجہ سے روحانی مبائنت نہیں بلکہ مشابہت ہے۔ (انتہیٰ ملخصاً ازالۃ الاوہام صفحہ ۶۶۷ تا ۶۸۱ و ۷۲۶، ۳۷۵ و ۱۸۶)

انبیاء کا مختلف صورتوں میں آنا

پس قبل اس کے کہ ہم قادیانی صاحب کے ان لغویات اور ہذیانات کا جواب دیں اور ان کے ہفوات پر حجت قائم کریں ضرور ہے کہ ہم آنحضرت ﷺ کی صورت نبوّت کی تشریح کریں جس کی خلافت مطلوب ہے۔ پس سنت اللہ سے معلوم ہے کہ آنحضرت ﷺ

---

[1] وجئت بعدہ علی قدرجاء ھو من بعددی وانہ اخفی فی عدد اسمی عدد زمانی ففکر فی غلام احمد قادیانی ۱۳۰۰ ۔ مؤلف

Marfat.com

کے قبل انبیاء نے کبھی تو بصورت بادشاہاں بروز کیا جیسے حضرت داؤد اور حضرت سلیمان علیہما السلام اور کبھی بصورا حبار جیسے حضرت زکریا علیہ السلام اور کبھی بصورت زہّاد جیسے حضرت یونس علیہ السلام اور یحییٰ علیہ السلام اور ہر صورت میں حق تعالیٰ نے ان کو مرتبہ اور غلبہ اور عزّت اور عظمت کرامت فرمائی اور امت کو ان کی اطاعت کی توفیق عطا کی لیکن نبی الانبیاء محمد مصطفیٰ ﷺ جو جامع جمیع کمالات انبیاء تھے حکمت الٰہی میں ضرور ہوا کہ ان کی نبوت جمیع انبیاء کی صور کی جامع ہو۔ پس آنحضرت ﷺ کی نبوّت ان تینوں صورتوں کی جامع ہوئی یہاں تک کہ یمن وتہامہ اور نجد اور بعض نواح شام آنحضرت ﷺ کے تحت تصرف ہوئے اور صورت سلطنت ظاہر ہوئی اور ہر لمحہ اور ہر لحظہ جمیع اقطار میں یہ صورت ترقی پذیر ہوئی۔ اور عرب کے وفود فوج فوج ہر طرف آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اور سلطان عالم کی طرح آنحضرت ﷺ کے ظل نفس ناطقہ نے اپنے بخت اور حکمت اور عدالت اور شجاعت اور کفایت اور سخاوت سے افراد بشر میں ایک قسم کا انتظام اور التیام پیدا فرمادیا ور علم اخلاق اور تدبیر منازل اور سیاست مدن کی صفات تحققاً وتخلقاً آنحضرت ﷺ میں نمایاں ہوئے اور صوفی مرشد کی طرح مصدر کرامات عجیبہ اور خوارق غریبہ ہوئے۔ اور اپنی قوت ارشاد اور تاثیر صحبت کے ساتھ ہزار ہا سال سے بادیۂ ضلالت کے بھٹکے ہوؤں کو راہ نجات دکھلائی اور ایک ہی آن مین تزکیہ اور طہارت کا افادہ فرمایا اور جبرئیل کی طرح جارحۂ تدابیر الٰہی اور واسطۂ الٰہی اخذ علوم ہوکر عالم ملک وملکوت کے اسرار ان پر منکشف ہوئے۔ لیکن صورت اوّل کے مقام اعلیٰ سے ابھی ایک پایہ ترقی کا باقی تھا کہ آنحضرت ﷺ رفیق اعلیٰ کی طرف انتقال فرما گئے۔ اور ذوالقرنین کی طرح موعود خدا کہ اس نے تمام بادشاہان روئے زمین کو اپنا مطیع بنایا۔ بنحوائے امّا نرینّک بعض الذی نعدھم او نتوفینک وہ غلبہ روئے زمین اور فتح فارس وروم اور منصب شہنشاہی کہ جس کی سطوت سے دین خدا ہر مَدَر اور وَبَر میں گھر کرتا تھا اس کا ایفا

Marfat.com

آنحضرت ﷺ کے خلفاء کے ہاتھوں منجز فرمایا اور اسی کے ضمن میں ترقیات معنی نبوت روز افزوں ہوئیں اور مضمون هوَالّذِی اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِین الحقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی الدِّیْنِ کُلِّهٖ ظہور پذیر ہوا اور اسی وعد کی طرف اشارہ ہے جو حق تعالیٰ نے سورۂ نور میں حاضرین وقت نزول سورۂ مذکور کو خطاب کر کے فرمایا کہ تم میں سے ایک جماعت کو حق تعالیٰ بالضرور زمین پر خلیفہ بنائے گا جیسے کہ ان سے پہلوں کو خلیفہ بنایا اور ان کے لئے پسندیدہ دین کو بالضرور زمین میں تمکنت دے گا اور ان کے خوف کو امن کے ساتھ بدل دے گا تا کہ انجام کار میری ہی عبادت کریں گے اور میرے ساتھ کسی کو شریک نہ بنائیں گے۔

نبی ﷺ کی خلافت

پس حق تعالیٰ نے ہمارے نبی ﷺ کے متعلق استخلاف میں اپنی ایک قدیم سنت کا اظہار فرمایا جیسے کہ بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰ کے بعد کوئی نبی بخلافت موسیٰ بجز اس کے مبعوث نہ ہوا کہ وہ ان کے جدّ اعلیٰ میں شریک اور انہیں کی قوم میں سے ہو اسی طرح ہمارے نبی ﷺ کے خلفاء کے استخلاف میں لفظ منکم اور کما استخلف الذین من قبلکم نے تعیین فرمادی کہ خلیفہ نبی جو خلفاء بنی اسرائیل کی طرح ہوگا ضرور ہے کہ آنحضرت ﷺ کی ہی قوم میں سے ہو اور انہیں کے سلسلہ جدّ اعلیٰ میں شریک اور منسلک ہو اور ایسا ہی جس طرح کہ تورات کا ایک سفر بلاد شام کے فتوح کے وعدوں اور بلاد مغنومہ کے احکام میں حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اترا۔ لیکن حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں وہ وعدے پورے نہ ہوئے۔ اور حضرت موسیٰ نے ان وعدوں کے پورا کرنے کے لئے حضرت یوشع بن نون کو اپنا خلیفہ بنایا اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے بعد اسّی (۸۰) شہر حضرت یوشع نے فتح کئے اور بنی اسرائیل کو مطمئن کر دیا۔ اور ان شہروں کو وصیت موسیٰ کے موافق بنی اسرائیل پر تقسیم کر دیا۔ اسی طرح ہمارے نبی ﷺ کو بلاد شام اور بلاد عجم کی فتح کا وعدہ ہوا۔

Marfat.com

لیکن حکمت الٰہی نے آنحضرت ﷺ کے زمانے میں اس وعدہ کو پورا ہونے نہ دیا اور آخر کار وعدۂ الٰہی نے آنحضرت ﷺ کے خلفاء کے استخلاف سے اس وعدہ کو منجز فرمایا۔ پس سنّت اللہ نے ثابت کر دیا کہ خلیفہ درحقیقت اپنے ہی نبی کا ظل اور اسی کے مواعید کا متمم ہونا چاہیے۔

معنی استخلاف بادشاہ گردانیدن

اور نیز عرف قدیم اور جدید میں حقیقت استخلاف بجز اس کے نہیں کہ بمعنی خلیفہ ساختن اور بادشاہ گردانیدن ہے۔ جیسے کہ آیت **یا داؤد انا جعلناک خلیفة فی الارض** سے ظاہر ہے کہ حق تعالیٰ نے ان کو حضرت یوشع نبی کے ایک زمانہ بعد سیف وسنان کے ساتھ عمالقہ پر کس قدر غلبہ دیا اور جالوت کو ان کے ہاتھ سے قتل کرایا اور بنی اسرائیل کو بعد از تفرقہ اور تشویش ان کی خلافت اور حکومت میں کس قدر امن دی۔ اسی وجہ سے حضرت ولی اللہ ازالۃ الخفاء میں لکھتے ہیں۔ کہ ''اگر کسے پادشاہ نباشد و حکم او نافذ نہ بود خلیفہ نیست ہر چند فرض کنیم کہ افضل امّت باشد''۔

نبی کی خلافت خاصہ کا مستقر

اور آنحضرت ﷺ نے مزید برآں اپنی خلافت خاصہ کا مستقر بھی متعین فرما دیا کہ خلافت کا مستقر مدینہ ہے اور سلطنت اور ملک کا مستقر شام۔ **عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ الخلافة بالمدينة والملک بالشام.** (رواہ البیہقی فی دلائل النبوۃ مشکوٰۃ ورق اخیر ص ۵۸۳) گویا آنحضرت ﷺ نے اپنی ریاست کے دو حصے فرما دیئے ایک کا نام خلافت نبوّت اور خلافت خاصہ رکھا جس کا مستقر ابتداء سے انتہاء تک بجز مدینہ کے اور کوئی نہیں اور دوسرے حصہ کا مستقر جو فقط ملک اور سلطنت سے معبر ہے لیکن نور اور برکت سے خالی نہیں ملک شام فرمایا۔ اور یہ خدا کی قدرت ہے کہ قادیانی صاحب کو اپنے قادیان کی نسبت پیشتر الہام نے مدد نہ دی کہ وہ اس کو مدینہ مقرر کریں اور ان کے فرقۂ وہابیہ کو آنحضرت ﷺ کے مدینہ منوّرہ سے

Marfat.com

اس قدر نفرت ہے کہ حج کعبۃ اللہ کے بعد مدینہ منورہ میں جانا شرک سمجھتے ہیں او وہ خود بھی کیونکر جاسکتے ہیں جبکہ ان کی گورنمنٹ عثمانیہ میں جانے سے اپنی جان کا خوف لگا ہوا ہے۔

پس جبکہ یہ ثابت ہو چکا کہ ہمارے نبی ﷺ کی خلافت کا ابتداء سے انتہاء تک بجز ظاہری ریاست وحکومت وسلطنت اور سیف وسنان کے متحقق ہونا ممکن نہیں۔ جس سے قادیانی صاحب بالکل معرٰی ہیں اور جس کے لئے ان کے اصیل یعنی حضرت مسیح علیہ السلام بھی ترستے گئے۔ چنانچہ انجیل متی باب ۱۰، درس ۳۴ میں ہے کہ فرمایا حضرت مسیح نے یہ مت سمجھو کہ میں زمین پر صلح کروانے آیا۔ صلح کروانے نہیں بلکہ تلوار چلانے کو آیا ہوں۔ انتہیٰ تو ہم اس وقت اس کاف تشبیہ کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جس سے قادیانی صاحب مماثلت تامّہ اور مماثلت مدّت ایّام خلافت وغیرہ کا اشارہ نکالتے ہیں جو بالکل باطل ہے کیونکہ جیسے کہ ہم قبل ازیں ثابت کر چکے ہیں۔ اوّل تو حرف کاف مماثلت تامّہ کا افادہ نہیں دیتا اور دوم جملہ پر آنے سے فقط مضمون جملہ کو ایک جملہ کے مضمون کے ساتھ تشریک اور تشبیہ کا افادہ دیتا ہے۔ پس آیت کریمہ میں فقط ایک استخلاف کو دوسرے استخلاف سے تشبیہ دی گئی ہے جس سے ان کے ایّام خلافت کی مدت ہرگز مفہوم نہیں۔

عیسیٰ نبی اللہ کو مستقبل نبی جاننا دراصل یہودیوں کا دعویٰ تھا

کتاب الملل والنحل میں ہے کہ یہ یہودیوں کا اِدّعا تھا جو انہوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کیا کہ وہ موسیٰ علیہ السلام کی طرح اولوالعزم اور صاحب کتاب مستقل نبی نہیں بلکہ وہ موسیٰ کا مطیع اور اسی کی متابعت کے لئے مامور تھا۔ پس قادیانی صاحب کا یہ یہودانہ قول ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضرت موسیٰ علیہ السلام کے خلیفہ تھے۔ کیونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بجز حضرت یوشع بن نون کے کسی کو اپنا خلیفہ نہ بنایا۔ پس اگر حضرت داؤد علیہ السلام موسیٰ علیہ السلام کے بعد خلیفہ ہوئے تو یہ خطاب ان کو خود بارگاہ ربّ العزّت سے عطا ہوا نہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان کو دیا۔ پس

Marfat.com

حضرت یوشع کے بعد جس قدر انبیاء کے گذرے۔ اگر چہ ان کا دستور العمل شریعت موسیٰ ہی تھی لیکن وہ حضرت موسیٰ کے خلیفہ نہ کہلائے کیونکہ خلیفہ کے مفہوم میں باعتبار عرف قدیم وجدید معنی سلطنت اور حکومت نہایت ہی ضروری اور لازمی سمجھے گئے ہیں جیسے کہ قبل ازیں بیان ہوا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کا درمیان کا زمانہ چودہ سو برس کا ہونا غلط ہے

اور قطع نظر ان سب باتوں کے قادیانی صاحب کا یہ بھی افتراء ہے کہ حضرت موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام کے مابین چودہ سو برس کا زمانہ ہوا۔ کیونکہ بیضاوی میں ہے **کما فصل بین موسٰی وعیسٰی** علیہما السلام **اذ کان بینھما الف وسبع مائة سنة والف نبی.** (بیضاوی، سورۂ مائدہ) **وبین موسٰی بن عمران وبین مریم بنت عمران ام عیسٰی الف سنة وسبع مائة سنة ولیسا من سبط ثم محمد وکل نبی ذکر فی القراٰن من ولد ابراھیم غیرادریس ونوح ولوط وھود وصالح۔** (درمنثور، مائدہ) کہ یہ زمانہ سترہ سو برس کا تھا۔ اور درمنثور میں شیخ جلال الدین سیوطی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ یہ زمانہ سترہ سو برس کا موسیٰ ابن عمران اور مریم بنت عمران والدہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے درمیان کا ہے۔ اور توریت کتاب پنجم استثناء، مطبوعہ مرزاپور ۱۸۶۷ء کے باب ۳۴ آیت پنجم میں ہے۔ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ایک سو بیس برس کی عمر میں حضرت مسیح علیہ السلام کے تولّد سے ایک ہزار چار سو اکاون برس قبل وفات پائی جن کو اگر ہلالی برسوں میں دیکھا جائے تو ایک ہزار چار سو اکانویں یعنی نو برس کم پندرہ سو برس ہوتے ہیں جو حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے اس قول کے بالکل مطابق ہیں۔ **قال ابن عباس بین موسٰی وعیسٰی الف وخمس مائة سنة.** (درمنثور، سورۂ نساء) جس کو شیخ سیوطی رضی اللہ عنہ نے تفسیر درمنثور میں بتخریج حاکم روایت کیا ہے کہ فرمایا ابن عباس نے۔ موسیٰ اور عیسیٰ کا مابین زمانہ پندرہ سو (۱۵۰۰) برس کا ہے۔ اور اگر اس کے ساتھ حضرت موسیٰ کی عمر ایک سو بیس (۱۲۰) اور

Marfat.com

حضرت عیسیٰ کی عمر بتیس برس (۳۲) بھی ضم کردی جائے تو تقریباً سترہ سو (۱۷۰۰) کا زمانہ ہو جاتا ہے جو قول بیضاوی اور سیوطی رضی اللہ عنہ کے بالکل قریب قریب ہے۔

پس ان تمام بیانات سے ظاہر ہے کہ قادیانی صاحب کا یہ قول کہ سلسلۂ خلافت حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد چودہ برس پورے ہونے تک حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ختم ہوا اور اسی مناسبت س غلام احمد قادیانی باعداد حروف جمل تیرہ سو برس کے خاتمہ اور چودھویں صدی کے آغاز میں مبعوث ہوا کس قدر کھلم کھلا جھوٹ ہے۔ اور اگر ہم اس سلسلۂ خلافت کو تسلیم بھی کرلیں تو بھی ہنوز کئی سو برس ایسے مثیل مسیح کے پیدا ہونے کے لئے باقی ہیں اور اس دعوی کا قبل از وقت ہونا اس کو باطل کر رہا ہے اور حالات امّت کے ملاحظہ سے معلوم ہوتا ہے کہ قادیانی صاحب کے قبل بھی کئی ایک اشخاص نے اس منصب رفیع کا دعویٰ کیا اور اسی طرح انہوں نے بھی اپنے لئے حساب جمل سے اپنے اسماء کی مناسبات اور آیات کے اعداد سے استدلال کیا۔ چنانچہ سیّد محمد جونپوری نے جب اپنے لئے مہدی ہونے کا دعویٰ ۹۰۱ھ میں کیا تو اس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ان کی عادت یہ تھی کہ جب دعویٰ کرتے تھے اس لفظ سے تاریخ بھی نکلا کرتی تھی۔ (دیکھو ہدیہ مہدویہ صفحہ ۸۰) مگر خدا کی قدرت ہے کہ اس دعویٰ کے الفاظ کے اعداد کبھی سنہ دعویٰ سے مطابق نہ ہوئے۔ جیسے کہ ۹۰۳ھ میں کہا انّہ قال بامر اللّٰہ انا المھدی الموعود لیکن اس کے اعداد ۷۹۵ ہوتے ہیں۔

قادیانی صاحب کے اسم کے اعداد بحساب جمل زمانہ فترت کے مساوی نہیں

اسی طرح قادیانی صاحب کے جعلی اسم غلام احمد قادیانی کے اعداد اگرچہ ۱۳۰۰ ہیں لیکن انہوں نے یہ دعویٰ بیس برس قبل کیا اور مناسبت جو انہوں نے سلسلۂ خلافت کی بیان کی یعنی پورے چودہ سو۔ اس میں ابھی ایک سو برس باقی ہیں اور زمانہ غدر جس میں قرآن اٹھایا جانا بتاتے ہیں وہ بھی ان کے دعوے کے منافی ہے۔ کیونکہ قرآن کا اٹھایا جانا عیسیٰ کے

Marfat.com

نزول کے بعد سو دو سو برس کے معہود ہے مگر افسوس کہ عیسیٰ جو حامی شریعت نبویہ معہود تھے ان کے وقت میں الٹا اثر ہوا کہ قرآن ہی اٹھایا گیا۔ اور بجائے اس کے کہ سارے جہاں پر ان کا غلبۂ اسلامی ہوتا وہ خود مغلوب کفر ہو گئے۔ اور بجائے اس کے کہ ان کے وقت ایک ہی دین اسلام غالب رہتا ان کے وقت میں چاروں طرف سے مذاہب کفر کا غلبہ ہو گیا اور مسیح قادیانی سے انگریزی گورنمنٹ کے مجسٹریٹ نے بجرم دفعہ ۱۰۷ مجموعہ ضابطہ فوجداری بتاریخ ۲۵ رفروری ۱۸۹۹ء بمقام گورداسپور مچلکہ لے لیا کہ آئندہ اپنے ہذیانات (الہامات) کی اشاعت میں قانون انگریزی کے تابع رہیں اور اسی پر ان کی رہائی ہوئی۔ معہذا غلام احمد قادیانی کے اعداد سے استدلال کرنا بھی ایک عجیب امر ہے۔

غلام احمد قادیانی اور تمسخر کے اعداد برابر ہیں

اگر اس قسم کا استدلال معتبر ہو تو ہم کہیں گے کہ غلام احمد قادیانی اور تمسخر کے اعداد بحساب جمل برابر ہیں اور اسی طرح بدخو ستیزہ رو کے۔ اور اسی طرح مسیح قادیانی اور کرگدن کے۔ پس کیا کوئی اہل دل ایسی لغو مناسبات سے استدلال کر سکتا ہے۔ حاشا وکلّا اللہ کے بندے ایسا افتراء اللہ پر کبھی نہیں باندھتے۔ جیسے کہ قادیانی صاحب نے مکتوب عربی کے صفحہ ۱۷۲ میں کہا۔ کہ **ومن ایات اللّٰہ انہ اخفی فی عدد اسمی عدد زمانی ففکر فی غلام احمد قادیانی صـ ۱۷۲**۔ کہا کہ یہ اللہ کی نشانی ہے کہ اس نے میرے زمانہ کے اعداد میرے نام مخفی کئے۔ حالانکہ قادیان کا لفظ دراصل حرف دال کے ساتھ نہیں بلکہ ضاد عربی کے ساتھ ہے۔ کیونکہ قادیانی صاحب کا گاؤں دراصل اسلامپور قاضیان کے نام سے موسوم تھا۔ جہاں اس تمام علاقہ کی قضا ہوا کرتی تھی۔ (دیکھو ازالہ صفحہ ۱۲۲) اور چونکہ ضاد اور دال کی آواز ایک ہے اس لئے رفتہ رفتہ ضاد کا دال بن گیا اور جز واوّل محذوف ہو گیا اور صرف قادیان رہ گیا۔ پس ظاہر ہے کہ درصورت ضاد آٹھ سو عدد بڑھ جائیں گے اور تیرہ سو کے

Marfat.com

اکیس سو ہو جائیں گے اور قطع نظر اس کے ترکیب غلام احمد قادیانی قواعد عربیت کے لحاظ سے بالکل غلط اور الہامی زبان کے مناقض ہے۔ اس لئے کہ اسماء اعلام یا نسبت کے لاحق ہونے سے بمنزلہ اسماء صفات ہو جاتے ہیں۔ پس قادیانی کا لفظ گویا غلام احمد کی صفت ہے جس کا اس ترکیب میں بدون لام تعریف مستعمل ہونا غلط ہے۔ پس صحیح ترکیب اس طرح ہونی چاہیے یعنی غلام احمد القادیانی نہ فقط قادیانی اور لام تعریف کے داخل ہونے سے تیس اکتیس عدد اور بڑھ جائیں گے اور تیرہ سو کے تیرہ سو اکتیس ہو جائیں گے جس کے واسطے ابھی کئی سال باقی ہیں۔ اور اگر قادیانی کے قاف کو قاف قرشت نہ سمجھا جائے جیسے کہ ان کے دوست مولوی محمد حسین بٹالوی کاف کلمن سے کادیانی کر کے لکھتے ہیں تو ان تیرہ سو میں سے اسّی عدد اور کم ہو جائیں گے۔ مگر جائے غور قادیانی صاحب کا یہ قول ہے جو انہوں نے بجز چند لوگوں کے جو ان کے ماننے والے ہیں اس وقت کی کل امّت مرحومہ کو جو غالباً ان کی مخالف ہے یہود کے ساتھ تشبیہ دی بلکہ ان کو یہودی ٹھہرا کر آپ حقیقی عیسیٰ بن مریم کی صورت میں ان کی طرف آنے کے مدعی ہوئے اور علماء امت نے جو ان تیرہ سو برس میں کلام اللہ کی تفاسیر لکھیں ان کی نسبت اتّہام لگاتا ہے کہ وہ فطرتی سعادت اور نیک روشی کی مزاحم ہو رہی ہیں۔ لہٰذا ضرور ہے کہ قادیانی صاحب کی طرف سے کتاب الٰہی کے لئے ایک نئی اور صحیح تفسیر کی جائے۔ پس قادیانی صاحب کے زعم فاسد میں کل امّت مرحومہ کے علماء ضال اور مضل ہوئے جنہوں نے ایسی تفسیریں لکھیں۔ پس معلوم نہیں کہ قادیانی صاحب کی تفسیر کیا رنگ لائے لیکن اتنا تو ہے ؎

گر ہمیں مکتب است واین ملاّ کارِ اُمّت تمام خواہد بود

پس قادیانی صاحب کا یہ اصلی دعویٰ مثیل مسیح ہے جو اوپر باطل ہو چکا۔ اور اس دعویٰ کے تائید میں کئی طریق سے انہوں نے استدلال کیا۔

Marfat.com

طریق اوّل

(قادیانی کے سوا کسی نے تیرہ سو برس میں مسیح ہونے کا دعویٰ نہ کیا)

یہ عاجز ایسے وقت میں آیا ہے جس وقت کہ مسیح موعود آنا چاہیے تھا یعنی تیرہویں صدی کا اخیر۔ اور اس مدّت تیرہ سو برس میں بجز میرے کبھی کسی مسلمان کی طرف سے ایسا دعویٰ نہیں ہوا کہ میں مسیح موعود ہوں اور ظاہر ہے کہ اس وقت بجز اس عاجز کے اور کوئی شخص دعویدار اس منصب کا نہیں ہوا۔ (ازالہ صفحہ ۶۸۲ وصفحہ ۶۸۴)

حمدان بن قرمط نے ۲۷۸ھ میں مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا

یہ قادیانی صاحب کی تاریخ دانی کا حال ہے اور اپنے دعوے کے نشہ میں ایسے سرمست ہیں کہ خود بینی کے سوا ان کی نظروں میں کچھ نہیں آتا۔ دیکھو زرقانی جلد خامس صفحہ ۲۹۱ میں ہے۔ والقرامطة اصلهم رجل من سواد الكوفة يقال له قرمط وقيل حمدان بن قرمط كان احمر البشر والعينين وكان ظهوره سنة ثمان وسبعين ومائتين فاظهر زهدا وصلاحا حتى اجتمع عليه خلق كغير فزعم ان النبى ﷺ بشر به وانه الامام المنتظر وابتدع مقالات فى كتاب وقال انه الكلمة والمهدى وزعم انه انتقل اليه كلمة المسيح فكانت لهم وقائع وحروب ودعاة وخلفاء مذكورة فى التواريخ حتى ظهرمنهم سليمان بن الحسن الجبائى فعاث فى البلاد وافسد وقصد فدخلها يوم التروية سنة سبع عشرة وثلٰث مائة فى خلافة المقتدر فقتل الحجاج ورماهم بزمزم وقلع باب الكعبة واخذ كسوتها واخذ الحجرالاسود فبقى عندهم اثنتين وعشرين سنة فبذل لهم خمسون الف دينار ليردوه فابوا ثم ردّوه مكسورا فوضع فى مكانه وتغلبوا على مصر والشام حتى قاتلهم جوهرالقائد

Marfat.com

فهزمهم وقتل منهم خلقا كثيرا وكانت مدة خروجهم ستا وثمانين سنة حتى اهلكهم اللّٰه وابادهم وكانوا يحرفون القراٰن ويتاولونه بتاويلات فاسدة لاتقبلها العقول فما قدروا علىٰ اطفاء شئ من نوره ولاتغير كلمة من كلمة ولاتشكيک المسلمين فی حرف من حروفه (انتہیٰ ملخصاً، زرقانی، مقصد خامس ص۲۹۱) کہ ایک شخص قرمط یا حمدان بن قرمط نے کوفہ کے اطراف سے ۲۷۸ھ میں خروج کیا جو سرخ رنگ اور سرخ چشم تھا۔ اس نے ابتداء میں زہد وصلاح کا اظہار اس قدر کیا کہ ایک خلق کثیر اس کے گرد جمع ہوگئی اور اس نے زعم کیا کہ نبی ﷺ نے اسی کی نسبت بشارت دی ہے اور وہی امام منتظر ہے اور اس نے اپنی کتاب میں کئی ایک باتیں ایجاد کیں اور کہا کہ وہی کلمۃ اللہ اور مہدی ہے اور اسی کی طرف کلمۂ مسیح انتقال کر آیا ہے اور ان کے بہت سے وقائع اور حروب اور داعی اور خلفاء ہوئے جو کتب تواریخ میں بالاستیعاب مذکور ہیں یہاں تک کہ انہیں میں سے سلیمان بن حسن جبائی ظاہر ہوا۔ اور اس نے بلاد وامصار میں فساد پھیلا دیا اور ترویہ کے روز ۳۱۷ھ میں المقتدِر کے ایّام خلافت میں مکہ میں جا گھسا اور حاجیوں کو قتل کیا اور چاہ زمزم میں اس نے ان کو پھینکا اور کعبہ کا دروازہ اکھیڑ دیا اور کعبہ کا غلاف اتار لیا اور حجر اسود پر قبضہ کر لیا یہاں تک کہ بائیس برس تک انہیں کے قبضہ میں رہا اور المقتدر ان کو پچاس ہزار دینار بھی اس کے عوض دیتا رہا لیکن اوّل انکار کر کے آخر ٹکڑے کر کے واپس دیا اور حجر اسود اپنی جگہ پر رکھا گیا اور مصر اور شام پر قابض ہو گئے۔ یہاں تک کہ جوہر القائد نے ان کو قتل کیا اور بھگایا اور ان کی بہت سی خلقت مقتول ہوئی اور چھیاسی برس تک ان کا یہ فتنہ رہا۔ یہاں تک کہ ان کو خدا نے تباہ کیا اور وہ قرآن کی تحریف کر کے ایسی تاویلات بعیدہ کے مرتکب ہوتے تھے کہ جن کو کوئی عقل سلیم قبول نہیں کر سکتی تھی لیکن وہ اللہ کے نور کو بجھا نہ سکے۔ انتہیٰ

Marfat.com

دسویں صدی میں شیخ محمد خراسانی نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا

اور دسویں صدی میں ایک شخص شیخ محمد خراسانی نے عیسیٰ ہونے کا دعویٰ کیا اور حاکم سندہ نے اس کا سر کاٹ ڈالا۔

المنصور کے زمانۂ خلافت میں ابی عیسیٰ اصفہانی نے مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا

ہدیہ صفحہ ۱۶۱ اور کتاب الملل والنحل میں ہے۔ وزعم عیسٰی انه نبی وانه رسول المسیح المنتظر وزعم ان للمسیح خمسة من الرسل یاتون قبله واحدا بعد واحد وزعم ان اللّٰه تعالٰی کلمه وکلفه ان یخلص بنی اسرائیل من ایدی الامم العاصین والملوک الظالمین وزعم ان الداعی ایضاً هوالمسیح وحرم فی کتابه الذبائح کلها ابتداء دعوته فی زمن اٰخر ملوک بنی امیّة مروان بن محمد الحمار فاتبعه بشر کثیر من الیهود وقیل انه لما حارب اصحاب المنصور بالری قتل وقتل اصحابه. (انتہیٰ ملخصاً، کتاب الملل ص ۱۶۸) المنصور کے زمانہ میں ایک شخص ابی عیسیٰ اسحاق بن یعقوب الاصفہانی نے دعویٰ کیا کہ وہ نبی ہے اور مسیح موعود کا رسول ہے۔ اور یہ بھی زعم کیا کہ مسیح موعود کے پانچ رسول ہوں گے جو اس سے پہلے یکے بعد دیگرے آئیں گے۔ اور اس نے زعم کیا کہ اللہ تعالیٰ نے اس سے بالمشافہ کلام کیا اور اس امر کی تکلیف دی ہے کہ وہ بنی اسرائیل کو نافرمان بادشاہوں اور امتوں کے ہاتھوں سے چھڑائے۔ اور زعم کیا کہ وہ بھی درحقیقت مسیح ہی ہے اس کے اس دعویٰ کی ابتداء ملوک بنی امیّہ کے آخر بادشاہ مروان بن محمد الحمار کے وقت میں ہوئی اور آخر شہر رے میں المنصور کے ساتھ محاربہ کرنے سے وہ اور اس کے اصحاب قتل کئے گئے اور یہود کے بہت لوگ اس کے تابع ہو گئے تھے۔

قادیانی کے دعاوی اور حمدان بن قرمط کے دعاوی بلکہ مشابہہ ہیں بلکہ ایک ہی ہیں

پس اگر ان اشخاص کے دعاوی اور قادیانی صاحب کے دعاوی کا موازنہ اور مقابلہ

Marfat.com

کیا جائے جوانہوں نے مکتوب عربی کے صفحہ ۱۴۴ میں کیا۔ کہ خدا نے مجھے بطریق بروز روحانی عیسیٰ ابن مریم بنادیا۔ وجعلنی ربی عیسٰی بن مریم علی طریق البروزات الروحانیة صـ۱۴۴ کماذکرنزول ایلیا بالتصریح صـ۱۵۹۔یعنی عیسیٰ علیہ السلام کی صفات مجھ میں بروز کرآئیں اور جیسے کہ ایلیا نبی کا نزول آسمانوں سے یحییٰ بن زکریا کے پیدا ہونے سے ہوگیا اسی طرح میرے پیدا ہونے سے مسیح کا آسمانوں سے اترنا ہوگیا۔ (توضیح صفحہ ۴، مکتوب صفحہ ۱۵۹، ازالہ صفحہ ۵۴۶) اور جیسے کہ قادیانی صاحب نے تحریفات معانی آیات قرآنی میں کیں اور اگلی تفسیریں غلط بتائیں اور نئی آیات کا نزول ان پر ہوا اور آیت انا انزلناہ قریبا من القادیان فی الحقیقت انہوں نے قرآن شریف کے دائیں صفحہ قریب نصف کے موقع پر کشفی طور سے دیکھی جیسے کہ وہ ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۷۷ میں تصریح کرتے ہیں۔ اور ایسا ہی بہت سی آیات محرفہ کا ان پر نزول ہوا جو اپنے موقع پر بیان کی جائیں گی تو حق تعالیٰ کا یہ قول بالکل مطابق واقع ہوتا ہے جو متقدمین اور متاخرین کفار کے حق میں فرمایا۔ کذٰلک قال الذین من قبلھم مثل قولھم تشابھت قلوبھم یعنی ایسا ہی پہلوں نے بھی کہا اور وجہ اس کی یہ ہے کہ ان کے دل آپس میں بہت متشابہہ ہیں۔ پس قادیانی صاحب سے بھی وہی دعاوی سرزد ہوئے جیسے کہ ابوعیسیٰ یہودی سے سرزد ہوئے اور جیسے کہ حمدان بن قرمط نے دعویٰ کیا کہ وہی مہدی موعود اور عیسیٰ معہود ہے اور وہی حسب بشارات نبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد المائتین آیا ہے اور کلمۂ مسیح اس کی طرف انتقال کرآیا ہے۔ اسی طرح قادیانی صاحب کے دعاوی ہیں۔

حدیث لامھدی اِلَّا عِیسٰی مردود ہے

ازالہ کے صفحہ ۵۱۹ میں بحدیث ابن ماجہ اور حاکم استدلال کرتے ہیں۔ لامھدی الاعیسٰی یعنی بجز عیسیٰ کے اس وقت کوئی مہدی نہ ہوگا۔ حالانکہ اوّل تو یہ

Marfat.com

حدیث علاّمہ زرقانی نے مردود ٹھہرائی ہے جیسے کہ قبل ازیں بیان ہوا۔ دوئم خود ابن ماجہ حدیث ابی امامہ میں تصریح فرمارہے ہیں کہ عیسیٰ کے نزول کے وقت بیت المقدس میں ایک رجل صالح نماز کی جماعت کرارہا ہوگا کہ اتنے میں عیسیٰ علیہ السلام کا نزول ہوگا اور وہ امام پچھلے پاؤں ہٹنا چاہے گا تا کہ عیسیٰ علیہ السلام آگے بڑھیں۔ اور یہی خود امام بخاری سے حضرت ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں مذکور ہے جیسے کہ بیان ہوا۔

.....

طریق دوم

(مکاشفات اکابر اولیاء)

مکاشفاتِ اکابر اولیاء بالاتّفاق اس پر شاہد ہیں کہ مسیح موعود کا ظہور چودھویں صدی سے پہلے یا چودھویں صدی کے سر پر ہوگا اور اس سے تجاوز نہیں کرے گا۔ (ازالہ صفحہ ۶۸۴)

مسیح یا مہدی کے زمانے کے متعلق کسی کا مکاشفہ صحیح نہ نکلا

یہ قادیانی صاحب کا ایک جدید افتراء ہے جو اکابر اولیاء اللہ پر باندھا جاتا ہے کسی ولی نے ایسا مکاشفہ اپنا بیان نہیں کیا کہ عیسیٰ علیہ السلام چودھویں صدی کے سر پر یا پیر پر ہوں گے اولیاء اللہ کبھی ایسی جرأت اس علم کے کشف میں نہیں کر سکتے جس کو خود خدا نے اور کل انبیاء نے مبہم بیان فرمایا اور جس کسی ولی نے کہ اپنے ظن وتخمین یا آثار واطوار سے کوئی نتیجہ نکالا وہ کبھی راست نہ آیا۔ چنانچہ حضرت جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مہدی موعود ۲۰۰ھ میں قائم ہوں گے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ کا مکاشفہ

اور ابو قبیل نے فرمایا کہ آدمیوں کا اجتماع مہدی موعود پر ۲۰۴ھ میں ہوگا۔ اور

Marfat.com

تفسیر کواشی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا قول ہے کہ جب بسم اللہ الرحمن الرحیم کے حروف کے اعداد گذر جائیں گے تو وہ وقت مہدی موعود کے تولّد کا ہے جس کو شیخ اکبر قدس سرّہ نے دو بیتوں میں نظم کر کے کہا۔

اذا نفد الزمان علی حروف ببسم اللّٰہِ فالمھدی قاما

ودورات الخروج عقیب صوم الابلّغه من عندی سلاما

پس اگر حرف را کو مکرر نہ شمار کیا جائے تو سات سو چھیاسی عدد ہوتے ہیں اور اگر مکرّر شمار کریں تو ۱۱۸۶ ہوتے ہیں۔ مگر کوئی بھی ان میں سے ظہور نہ ہوا۔ (دیکھو تفسیر روح البیان جلد ثانی صفحہ ۶۶ ۷ سورہ نور) مگر یہ سارے کشف و مکاشفات جوان بزرگوں کی طرف منسوب کئے جاتے ہیں بالکل غلط نکلے۔

امام ربّانی کا مکاشفہ بغیر تعیّن زمان

ہاں حضرت امام ربّانی مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ نے بھی اگر چہ بمناسبات چند بیان فرمادیا کہ عیسیٰ کا نزول ۱۰۰۰ کے بعد ہوگا لیکن انہوں نے بھی یہ تعین نہ کیا کہ ہزار کے بعد کون سی صدی میں ہوگا۔ فسبحان من لایظهر علی غیبه احدا الا من ارتضی من رسول پس جس کسی نے اس مقدمہ میں اپنی اٹکل دوڑائی اور تخمین و قیاس سے اس کی تاریخ ٹھہرائی نہایت خطا پائی۔

شیخ جلال الدین سیوطی کا ایک ہمعصر کے مکاشفہ پر غلط رائے قائم کرنا

اور سب سے زیادہ شیخ جلال الدین سیوطی رحمۃ اللہ علیہ نے غلطی کی جو اپنے ایک ہمعصر عالم کے اس فتویٰ سے کہ دسویں صدی میں خروج مہدی کا اور دجّال کا اور نزول عیسیٰ علیہ السلام کا ہوکر اور علامات قیامت برپا ہوکر نفخ صور ہوگا اپنے رسالہ الکشف عن مجاوزة هذه الامة الالف میں بہت کچھ تخمینات کے بعد اس اُمّت محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر کے

Marfat.com

متعلق لکھا کہ یہ اصلا ممکن نہیں ہے کہ پندرہ سو تک کھینچے۔

الدنیا سبعة الاف سنة کے امثال سب موضوع ہیں

اوران سارے خیالات کی تصویر اس ضعیف البنیان حدیث پر کھینچی جو خود شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے جامع صغیر میں نقل کی۔ کہ فرمایا آنحضرت ﷺ نے **الدنیا سبعة الاف سنة وانا فی اٰخرھا الفا** لیکن سراج منیر شرح جامع صغیر میں اس کے واہی ہونے پر تصریح کردی گئی اور مناوی نے کہا کہ اس حدیث میں کچھ مسکہ نہیں اور الفاظ اس کے مصنوعہ اور تلفیق کئے ہوئے ہیں اور ابن کثیر نے تصریح کردی کہ اس کے اور اس کے امثال سب موضوع اور ملفق ہیں اور خود شیخ سیوطی نے اپنے رسالۂ برزخیہ میں کل ایسی احادیث کے ضعیف ہونے کا اقرار کیا۔ مگر قادیانی صاحب نے بھی اسی واہی حدیث سے اپنے حق میں ازالہ کے صفحہ ۶۹۳ میں استدلال کیا جو بالکل بے سود ہے۔ پس اس امر کے اثبات میں امّت کے لئے قص نص درکار ہے نہ کہ ہواوہوس۔

چوغلامِ آفتابم ہمہ ز آفتاب گویم　　نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم

.....

طریق سوم

(قادیانی، دجّال معہود کے بعد آیا ہے)

قادیانی، دجّال کے بعد آیا ہے

اس عاجز کے مسیح موعود ہونے پر یہ نشان ہے کہ وہ دجّال معہود کے خروج کے بعد نازل ہوگا۔ سو یہ عاجز دجّال معہود کے خروج کے بعد آیا ہے اور ہم پہلے ثابت کرآئے ہیں کہ عیسائی واعظوں کا گروہ بلاشبہہ دجّال معہود ہے۔ (ازالہ صفحہ ۷۲۱) جو گرجا سے نکل کر ٹِڈّی کی

Marfat.com

طرح مشارق ومغارب میں پھیل گیا۔ (ازالہ صفحہ ۴۸۵) اور ہم دجّال کے لفظ سے صرف ایک شخص ہی مراد نہیں لے سکتے کیونکہ رویاء اور مکاشفہ میں اسی طرح سنت اللہ واقع ہے کہ بعض اوقات ایک شخص نظر آتا ہے اور اس سے مراد ایک گروہ ہوتا ہے اور نیز لغت کی رو سے دجّال درحقیقت اسم جنس ہے جس سے ایسے لوگ مراد ہیں جو کذّاب ہوں چنانچہ قاموس میں یہی معنی لکھے ہیں۔ (ازالہ صفحہ ۷۲۶)

دجّال خراسان کے ملک سے آئے گا جو قادیانی کا اصل وبوم ہے

مگر قادیانی صاحب کو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی احادیث یاد نہ رہیں جن میں صاف طور سے مذکور ہے۔ کہ دجّال خُراسان کی مٹّی سے نکلے گا۔ جس کو قادیانی صاحب نے اپنا اصل وبوم بتایا ہے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ دجّال کے ساتھ ستّر ہزار یہودی ہوں گے جو گرجا کے سخت مخالف ہیں اور نیز قادیانی صاحب کو یہ معلوم نہیں کہ یہ گروہ پادریاں لندن سے آئے ہیں نہ کہ خراسان سے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دیکھنا کہ عیسیٰ اور دجّال کعبہ کا طواف کررہے ہیں

اور عجب تر یہ ہے کہ بخاری کی وہ حدیث جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کا طواف کرتے ہوئے عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کو حالت رؤیا میں دیکھا اور دجّال کو بھی اسی رؤیا میں دیکھا اور اس کو ابن قُطن کے ساتھ اشبہ ہونا فرمایا اس میں قادیانی صاحب کے ازالہ کے صفحہ ۹۰۱ میں حضرت عیسیٰ ابن مریم سے تو آنے والا ایک فرد واحد اور شخص معہود مراد رکھیں اور یہاں پر اسی دجّال سے جو عیسیٰ ابن مریم کے مقابل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا ایک گروہ پادریاں تعبیر کریں جو بالکل خودغرضی اور نا انصافی پر مبنی ہے۔

الدجّال اسم علم ہے نہ کہ اسم جنس

اور قطع نظر اس کے صراح میں ہے کہ دجّال نام مسیح کذّاب ہے۔ پس جیسے کہ

Marfat.com

احادیث نبویہ میں دجّال ایک شخص معہود کا نام معلوم ہے اسی طرح لغت کی رو سے۔ اور اگر ہم تسلیم بھی کرلیں کہ دجّال درحقیقت اسم جنس ہے لیکن ہم قادیانی صاحب کے اس قول کو ہرگز تسلیم نہیں کر سکتے کہ اس سے ایسے لوگ مراد ہیں جو کذّاب ہوں اس لئے کہ اسم جنس اگرچہ اسم نکرہ سے اعم مطلق ہوتا ہے لیکن اسم معرفہ سے اعم من وجہ ہوتا ہے۔ مثلاً زید معرفہ ہے لیکن اسم جنس نہیں اور رجل جو نکرہ ہے اسم جنس ہے لیکن معرفہ نہیں اور الرجل معرّف باللام اسم جنس ہونے کے باوجود معرفہ بھی ہے۔ پس دجّال اور الدّجال میں ایسا ہی فرق ہے جیسے کہ رجل اور الرجل میں یا کہ اسد اور الاسد میں ہے۔ لیکن جبکہ الرجل اور الدجال اور الاسد کسی کا علم معین کیا جائے تو ان کی حالت ویسی ہی ہے جیسی کہ الزید معرّف باللام کی اور کتب نحو میں ثابت ہے کہ اگرچہ اسماء اعلام میں اصل یہی ہے کہ وہ بلا لام تعریف ہوں لیکن ان اعلام کا سماعاً معرّف باللام ہونا جائز ہے جو منقول عن الصفت ہوں جیسے الحسن اور الحسین اور اسی طرح الدجال جیسے کہ بخاری وغیرہ میں ہر اس جگہ احادیث رسول اللہ ﷺ میں الدجال معرف باللام مذکور ہوا ہے کہ جہاں کہیں وہ عیسیٰ ابن مریم کے مقابلہ میں واقع ہوا ہے۔

دجّال معہود سے مراد گروہ پادریاں ہونا بالکل غلط ہے

مگر قادیانی صاحب نے ایک اور کمال کیا کہ انہیں گروہ پادریوں کو دجّال معہود ثابت کرنے اور شخص واحد کے باطل کرنے کے لئے دجّال کی ان صفات خاصہ اور لوازم ذاتیہ کی تاویل کردی جو احادیث رسول اللہ ﷺ میں مذکور ہیں اور ان صفات کا تحقق انہیں پادریوں کے وجود میں ہونا زعم کیا۔ چنانچہ دجّال کے گدھے کی تعبیر ریل گاڑی سے کی جو انہیں گروہ پادریوں کی بنائی ہوئی ہے۔ حالانکہ وہ اس گدھے پر خود بھی کئی دفعہ سوار ہو چکے ہیں۔ اور اس کے بعد قادیانی صاحب نے ایک کھلم کھلا جھوٹ کہا کہ دجّال خدا نہیں کہلائے گا بلکہ خدا تعالیٰ کا قائل ہوگا بلکہ بعض انبیاء کا بھی۔ اور یہ صفت بھی انہیں پادریوں میں ہے۔

Marfat.com

(ازالہ صفحہ ۷۳۰) حالانکہ صحیح بخاری کے صفحہ ۱۰۵۵ میں ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما وغیرہ کی حدیث میں ہے۔ **ولکن ساقول لکم فیه قولا لم یقله نبی لقومه انه اعور وان اللّٰه لیس باعور**. (بخاری از ابن عمر صفحہ ۱۰۵۵) کہ فرمایا رسول اللہ ﷺ نے کہ میں تم کو دجّال کی ایک خاص علامت بتاتا ہوں جو کسی نبی نے نہیں بتائی کہ وہ کانا ہے اور خدا کانا نہیں۔ یعنی وہ خدا کہلائے گا لیکن خدا کانا نہیں ہوسکتا۔ اور خود قادیانی صاحب قبل اس کے ازالہ کے صفحہ ۲۰۷ میں بایں الفاظ تحریر کر چکے ہیں۔ کہ ''دوسری حدیثوں سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ دجّال خدائی کا دعویٰ کرے گا جیسے کہ ابن ماجہ میں ابی امامہ باہلی کی حدیث سے ثابت ہے''۔ اور یہاں پر قادیانی صاحب کا اس کے برخلاف لکھنا اسی مثال کا مصداق ہے کہ ''دروغگو را حافظہ نباشد''۔

.....

طریقِ چہارم

(استناد بقول حضرت مجدّد کہ علماء وقت اس کے مخالف ہوں گے)

قادیانی صاحب نے بحوالہ امام ربّانی حضرت مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ ازالہ کے صفحہ ۵۴۵ میں لکھا۔ کہ مجدّد الف ثانی صاحب اپنے مکتوبات کی جلد ثانی مکتوب پنجاہ و پنجم میں لکھتے ہیں کہ مسیح موعود جب دنیا میں آئے گا تو علماء وقت اس کے مقابل آمادۂ مخالفت ہوجائیں گے۔ کیونکہ جو باتیں بذریعہ اپنے استنباط اور اجتہاد کے وہ بیان کرے گا وہ اکثر دقیق اور غامض ہوں گی اور بوجہ دِقّت اور غموض ماخذ کے ان سب مولویوں کی نگاہ میں کتاب اور سنّت کے برخلاف نظر آئیں گی حالانکہ درحقیقت برخلاف نہیں ہوں گی۔

جیسے عیسیٰ کو یہودیوں کی زبانی ملحد کا خطاب ملا ویسا ہی قادیانی کو

سو میں اس امّت کی اصلاح کے لئے ابن مریم ہوکر آیا ہوں اور ایسا ہی آیا ہوں

Marfat.com

جیسے حضرت مسیح ابن مریم یہودیوں کی اصلاح کے لئے آئے تھے سو جیسے عیسیٰ ابن مریم یہودیوں کی زبانی اپنے تئیں ملحد اور کتابوں سے پھرا ہوا کہلایا یہی حال اس کے مثیل کا بھی ہو اور اس کو ملحد کا خطاب دیا گیا کیا یہ اعلیٰ درجہ کہ مماثلت نہیں؟ انتہیٰ ملخصاً

امام ربانی کے قول میں قادیانی کا تحریف کرنا

قادیانی صاحب کے اس قول امام ربانی رضی اللہ عنہ کی نقل میں اول تو تحریف اور زیادتی ہے کیونکہ امام ربانی نے صرف اسی قدر فرمایا ہے کہ "حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ السلام بعد از نزول کہ متابعت این شریعت خواہد نمود و اتباع سنت آن سرور علیہ السلام خواہد کرد نسخ این شریعت مجوز نیست۔ نزدیک است کہ علماء ظواہر مجتہدات اورا از کمال دِقّت وغموض ماخذ انکار نمایند ومخالف کتاب وسنت دانند۔ مثل روح اللہ مثل امام اعظم کوفی است کہ بہ برکت ورع وتقویٰ وبدولت متابعت سنت درجۂ علیا در اجتہاد واستنباط یافتہ است کہ دیگران در فہم آن عاجز اند ومجتہدات اور ابولسطۂ دقّت معانی مخالف کتاب وسنت دانند اور ا اصحاب رائے پندارند وبولسطۂ ہمیں مناسبت کہ بحضرت روح اللہ دارد تواند بود۔ انچہ خواجہ محمد پارسا در فصول ستہ نوشتہ است کہ حضرت عیسیٰ علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام بعد از نزول بمذہب امام ابی حنیفہ عمل خواہد کرد یعنی اجتہاد حضرت روح اللہ موافق اجتہاد امام اعظم خواہد بود نہ آنکہ تقلید این مذہب خواہد کرد کہ شان او ازان بلند تر است کہ تقلید علماء امّت فرماید۔ انتہیٰ

پس انصاف پسند دوستوں پر ظاہر ہوگا کہ حضرت امام ربانی کا منشاء اس قول میں کوئی دوسرا عیسیٰ نہیں جو عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کا مثیل کہلائے گا جیسے کہ قادیانی صاحب کا مزعوم ہے بلکہ ان کا منشاء اور مراد وہی عیسیٰ بن مریم نبی اللہ بعینہٖ ہے جو لسان شرع میں منصوص اور مخصوص ہے۔ ہاں بروقت نزول عیسیٰ نبی اللہ کے متعلق یہ ان کی اپنی رائے ہے جیسی کہ ان کے ساتھ بعض متقدمین بھی شریک ہیں کہ عیسیٰ نبی اللہ بعد از نزول فروعات احکام میں مجتہدین امّت کی طرح اجتہاد سے استنباط کریں گے اور ان کا اجتہاد ایسا ہی ہوگا جیسے کہ حضرت

Marfat.com

ابوحنیفہ کا دقیق اور غامض الماخذ ہے اور بے علم وہابی اس کو مخالف کتاب وسنت جانتے ہیں۔

مہدی موعود بقول ابن العربی شریعت منقولہ پر عمل کرے گا اور اجتہاد کا محتاج نہ ہوگا

معہذا جیسے کہ ابن العربی رضی اللہ عنہ سے مہدیٔ موعود کے حق میں طحطاوی میں منقول ہے کہ

ان المهدى لايعلم القياس ليحكم به وانما يعلمه ليجتنبه فمايحكم المهدى الابما يلقى اليه الملك من عند اللّٰه الذى بعثه ليسدّده وذٰلك هوالشرع الحنيفى المحمدى لوكان محمد حيا ورفعت اليه تلك النازلة لم يحكم فيها الابحكم المهدى فيعلم ان ذٰلك هوالشرع المحمدى فيحرم عليه القياس مع وجود النصوص اللاتى منح اللّٰه تعالٰى اياهاولذا قال ﷺ فى صفة يقفوا اثرى ولايخطى فعرفنا انه متبع لامشرع. انتهٰى.

(طحطاوی ص۴۲)وقد صرح الامام السبكى فى تصنيف له ان عيسٰى عليه السلام يحكم بشريعة نبينا بالقراٰن والسنة وقد روى عن ابى هريره رضی اللہ عنہ انه لما اكثر الحديث وانكر عليه الناس قال لئن نزل عيسٰى بن مريم عليه السلام قبل ان اموت لاحدثنه عن رسول اللّٰه فيصدقنى فقوله يصدقنى دليل على ان عيسٰى عليه السلام عالم بجميع سنّة النبى ﷺ من غيراحتياج الى ان ياخذهما من احد من الامّة. (طحطاوی ص۴۱)منقول ہے کہ وہ شریعت حنفی محمدی کا ایسا تابع ہوگا کہ رسول اللہ ﷺ کے قدم برقدم چلے گا اور ہرگز خطا نہ کرے گا اور اگر بالفرض محمد ﷺ ان کے وقت میں زندہ ہوں اور کوئی مسئلہ آنحضرت ﷺ کے روبرو پیش ہو تو مہدی موعود کے حکم کے مطابق ہی حکم فرمائیں اور نیز جس طرح کہ صاحب فتوحات نے تصریح کردی ہے کہ مہدی موعود اجتہاد سے احکام شریعت استنباط نہ کرے گا۔

حضرت عیسٰی نبی اللہ سنت محمدیہ ﷺ کا عالم ہے

اسی طرح طحطاوی نے بتصریح امام سبکی رضی اللہ عنہ ثابت کردکھایا ہے کہ عیسٰی علیہ السلام ہمارے نبی کی شریعت کے مطابق حکم قرآن وسنّت کے ساتھ جو کریں گے تو وہ اس معنی سے

Marfat.com

ہوگا کہ انہوں نے کل سنّت نبی ﷺ کا علم آنحضرت ﷺ سے بالمشافہ حاصل کیا ہے۔ بغیر اس کے کہ وہ علماء امّت میں سے کسی کے پاس سے اخذ علم کے محتاج ہوں۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا قول کہ عیسیٰ نبی اللہ ان کی مرویات کی تصدیق کرے گا

چنانچہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب انہوں نے آنحضرت ﷺ کی احادیث سے روایت کیں اور لوگوں نے اس سے ان پر انکار کیا تو حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب میں کہا کہ اگر میرے مرنے کے قبل عیسیٰ نبی اللہ کا نزول ہوا تو میں رسول اللہ ﷺ کی احادیث ان کو پہنچاؤں گا اور وہ میری تصدیق کریں گے۔ پس معلوم ہوا کہ عیسیٰ نبی اللہ سنت نبی ﷺ کے اوّل ہی سے عالم ہوں گے جیسے کہ قبل ازیں مذکور ہوا۔ پس ظاہر ہے کہ امام ربّانی رضی اللہ عنہ کا وہ عقیدہ نہیں جیسے کہ قادیانی صاحب نے ان کا قول تحریف کے ساتھ نقل کر کے ان کے حق میں افتراء کیا ہے اور فحوائے عبارت سے اس امر کی طرف اشارہ کیا ہے کہ امام ربّانی بھی اس عیسیٰ نبی اللہ کے نزول کے قائل نہیں جو بظاہر نصوص عقیدۂ اُمّت ہے۔ اور اگر قادیانی صاحب کو ملحد کا خطاب دیا گیا ہے تو کیا اس سے ان کو مماثلت تامّہ عیسیٰ بن مریم سے ہونی کوئی عقلمند قیاس کر سکتا ہے؟ کیونکہ ایسے بہت سے ملحد گذر گئے ہیں جنہوں نے عیسیٰ موعود اور مہدی معہود ہونے کا دعویٰ کیا اور وہ بھی قادیانی صاحب کی طرح ملحد کے خطاب سے مشرّف ہوئے۔

.....

طریق پنجم

(حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے مراد نزول بروزی ہے)

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول سے مراد نزول بروزی ہے جو سنّت اللہ ہے

عیسیٰ ابن مریم علیہما السلام کا نزول تواتر آثار اور تکاثر اخبار کے نظر کرتے ہوئے حق تو

Marfat.com

ہے لیکن اس نزول سے مراد نزول بروزی ہے جیسے کہ حضرت یحییٰ کے تولّد سے انجیل میں یہ فیصلہ دیا گیا ہے کہ ادریس جو بائیبل میں یوحنّا یا ایلیا کے نام سے پکارے گئے ہیں ان کا نزول ہو گیا اور یہی بروز سنت اللہ کے مطابق ہے اور اسی میں خیر ہے۔ پس سنت اللہ کے مطابق عیسیٰ بن مریم کا نزول بروزی قادیانی صاحب کے تولد سے ہو گیا۔ (توضیح مرام صفحہ ۳ مکتوب عربی صفحہ ۱۵۸)

نزول بروزی کو سنت اللہ قرار دینا اللہ پر افتراء ہے

قادیانی صاحب کا انجیل کے قصہ سے اس طرح استدلال کرنا اور پھر اس کو سنت اللہ قرار دینا کس قدر ابلہ فریبی ہے۔ حالانکہ قرآن نے بآواز بلند شہادت دے دی کہ توریت وانجیل میں تحریف ہو چکی اور سورۂ مریم کی آیت صریح پکار رہی ہے۔ **یازکریا انا نبشرک بغلام اسمه یحییٰ لم نجعل له من قبل سمیّا وقیل سمیاً شبیهاً کقوله تعالٰی هل تعلم له سمیا لان المماثلین یتشارکان فی الاسم مریم.** (بیضاوی) کہ اللہ تعالیٰ نے یحییٰ کے قبل اس کا کوئی شبیہہ ومثیل نہ بنایا۔

یحییٰ کا کوئی مثیل نہیں

جیسا کہ سمیا کے یہی معنی عبارت بیضاوی سے معلوم ہیں۔ اور خود قادیانی صاحب نے بھی ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۵۳۹ میں یہی معنی بیان فرمائے یعنی یحییٰ سے پہلے ہم نے کوئی مثیل اس کا دنیا میں نہیں بھیجا جس کو باعتبار ان صفات کے یحییٰ کہا جائے۔ آہ۔ قطع نظر اس کے قادیانی صاحب کا افتراء[1] خود یوحنا باب ۱، آیت ۲، آیت ۲۵ سے پایا جاتا ہے کہ یحییٰ نے اپنے کو ایلیا ہونے سے انکار کیا اور وہ عبارت بعینہٖ نقل کی جاتی ہے۔ یعنی جبکہ حضرت یحییٰ پیغمبر ہوئے تو یروشلم سے یہودیوں نے کاہنوں اور لیویوں کو ان کے پاس بھیجا تا کہ ان

---

[1] چونکہ قادیانی صاحب کتب محرفہ سے اپنے دعاوی کے اثبات میں اکثر سندیں پیش کرتے ہیں اسی لحاظ سے ہم نے انہیں کی سند ان کے لئے پیش کر دی ہے۔

Marfat.com

سے پوچھیں کہ وہ کون ہیں؟ چنانچہ وہ لوگ گئے اور ان سے یہ گفتگو ہوئی کہ اس نے یعنی حضرت یحییٰ نے اقرار کیا اور انکار نہ کیا اور اقرار کیا کہ میں کرستاس یعنی عیسیٰ مسیح نہیں ہوں اور انہوں نے پوچھا اس سے پھر کون۔ کیا تو الیاس ہے؟ اور اس نے کہا میں نہیں ہوں۔ تو وہ نبی ہے؟ اور اس نے جواب دیا نہیں! اور انہوں نے اس سے پوچھا اور اس سے کہا کہ تو کیوں اصطباغ کرتا ہے جبکہ تو نہ کرستاس یعنی عیسیٰ مسیح ہے اور نہ الیاس اور نہ وہ نبی (یعنی محمد ﷺ) انتہیٰ[1]

کمون و بروز کی تحقیقات اور اس کی شناعات

علاوہ اس کے اصطلاح اہل کمون و بروز میں بروز اس کو کہتے ہیں کہ ایک شخص کامل کی روح دوسرے شخص بروزفیہ میں بصفات خود ظہور کرے جیسے کہ امام ربانی حضرت مجدّد الف ثانی رضی اللہ عنہ مکتوب ۵۸ جلد دوم میں فرماتے ہیں۔ کہ در بروز تعلق نفس بہ بدن دیگر از برائے حصول حیات نیست کہ ایں مستلزم تناسخ است بلکہ مقصود ازیں تعلق حصول کمالات است مر آن بدن را چنانکہ جنّے بفرد انسانی تعلّق پیدا کند و در شخص او بروز نماید و مشائخ مستقیم الاحوال بعبارت کمون و بروز ہم لب نے کشایند و نزد فقیر کمون و بروز ہیچ در کار نیست کاملے اگر تربیت ناقصے خواہد بے آنکہ در روے بروز نماید باید کہ باقتدار خداوندی جل سلطانہ صفات کاملہ خود را در مریدِ ناقص منعکس سازد نزد فقیر قول بنقل روح از قول بتناسخ ہم ساقط تر ست زیرا کہ بعد از حصول کمال نقل بدن ثانی برائے چہ بود اہل کمال تماشائی نیستند ہمتِ ایشاں بعد از حصول کمال تجرّد از ابدان ست نہ تعلق بہ ابدان و ایضاً در نقل روح اماتت بدن اول است و احیاء بدن ثانی پس بدن اوّل را از حصول احکام برزخ چارہ نبود و از عذاب و صوابِ قبر گزیر نہ

---

[1] قادیانی صاحب کے نزدیک ایلیا اور الیاس اور یوحنا اور ادریس چاروں کے اسماء ایک ہی ہے۔ مکتوب عربی صفحہ ۱۴۶ میں ہے۔ وقد سمعتم کیف اول من قبل فی نزول الیاس یااولی الابصار والقیاس ورایتهم قوما حملوا قصة نزول ایلیاء علیٰ ظواهرها و کفروا المسیح بخبث النفس واباهرها۔ مؤلف

Marfat.com

وبدن ثانی راچون ازحیات ثانی اثبات می نمایند حشر درحق او دردنیا ثابت گشت انگارم کہ معتقدان نقل روح معلوم نیست کہ بعذاب وصواب قبر قائل باشند ونحشر ونشر معتقد بوند۔ افسوس ہزار افسوس ایں قسم بطالان خودرا بمسند شیخی گرفتہ اند ومقتدائے اہل اسلام گشتہ ضلّوا فاضلّوا۔ انتہیٰ ملخصاً پس امام ربّانی کے قول سے ظاہر ہے کہ بعدازموت کسی کامل کی روح کسی ناقص کے بدن میں بروز کرنے کے معنی قول تناسخ سے بھی بدتر ہیں۔ اور معنی بروز بجز اس کے اورکوئی نہیں کہ ایک کامل کی روح دوسرے ناقص کے بدن میں بروز اورظہور کرے۔ خواہ مرنے کے قبل یامرنے کے بعد۔ اور ظاہر ہے کہ مبحوث فیہ وہی صورت ہے کہ حضرت ادریس یاایلیا مرنے کے بعد بصورت یحییٰ متولّد ہوئے یا یحییٰ میں ظاہر ہوئے۔ صورت اوّل میں یحییٰ اورادریس کاایک ہونالازم آتا ہے۔ حالانکہ قرآن کریم نے ان کو جداجدانام لے کرفہرست انبیاء میں شمار کیا اورصورت ثانی میں ایک بدن میں دوروح کاہونالازم آتا ہے جو بالکل باطل ہے اور مناقض قواعد حشر ونشر ہے۔ پس معلوم ہوا کہ عیسیٰ بن مریم کانزول بصورت بروز بہت سے مفاسد کاباعث ہے اور درصورت فرض اس نے کوئی نفع نہ دیا اور قادیانی صاحب میں اپنا کوئی کمال نہ بخشا بجز اس کے کہ ان کوامت محمدیہ ﷺ کی زبانی ملحد کا خطاب دلایا اوراس ملحد نے امت محمدیہ کو یہودی ہونے کا خطاب دیا۔ اورانجام آتھم کے صفحہ ۲۱ میں اُمّت کے مولویوں کوان جلی قلم کے الفاظ ذیل سے خطاب کیا جوکسی مہذّب کافر کے منہ سے بھی نہ نکلیں۔ یعنی ''اے بدذات فرقہ مولویاں! تم کب تک حق کو چھپاؤ گے؟ کب وہ وقت آئے گا کہ تم یہودیانہ خصلت کوچھوڑو گے؟ اے ظالم مولویو! تم پرافسوس! کہ تم نے جس بے ایمانی کا پیالہ پیاوہی عوام کالانعام کوبھی پلایا''۔ انتہیٰ

حالانکہ قادیانی صاحب اوران کے حواری اوران کے استاذ وشاگرد بھی مولویت سے خالی نہیں اوراسی بدذات فرقہ میں داخل۔

Marfat.com

طریق ششم

(رمضان میں خسوف وکسوف ہونا)

''خسوف اور کسوف رمضان مبارک میں جمع ہونا احادیث رسول اللہ ﷺ میں نزول مسیح کی علامت بیان فرمائی گئی ہے اور میرے دعوے کے وقت یہ دونوں باتیں جمع ہوگئیں''۔

(مکتوب عربی صفحہ ۱۷۷)

حالانکہ قادیانی صاحب کا یہ قول بھی سراسر کذب وزور ہے کیونکہ ہم قبل اس کے ثابت کر چکے ہیں کہ احادیث رسول اللہ ﷺ میں یہ نزول مسیح کی علامت نہیں بلکہ یہ ظہور مہدی کی علامت لکھی گئی ہے کہ برخلاف عادت زمان اور برخلاف حساب منجمان رمضان کی پہلی تاریخ خسوف ہوگا اور اسی کی پندرہویں کو کسوف ہوگا لیکن کبھی آج تک ایسا نہ ہوا۔

.....

طریق ہفتم

(قرآنی نکات ومعارف میں یکتا ہونا اور دعویٰ ہمہ دانی)

انشائے عربیّت میں بے مثل اور اس کا مکتوب بے نظیر ہونا

قادیانی صاحب نے مکتوب عربی کے صفحہ ۱۸۳ میں اپنے دعوی کے اثبات میں یہ کہا

فلکم ان تعارضونی فی معارف القراٰن والنکات ولن تقدروا علیها ولو متم حاسرین فانه علم لایمسه الا المطهرون فان لم تفعلوا هذا فعارضونی فی انشاء لسان العرب فان العربیة لسان الهامیة لایکمل فیها الانبی او ولی من النخب وان لم تبارزوا فیها ولن تبارزوا فاکتبوا کتابا واکتب کتابا لاصلاح مفاسد هذه الایام ولن تفعلوا ذٰلک ابدا ولن تعطوا عزة هذا المقام فان هذا فعل من فعل امام

Marfat.com

الوقت ومزيل الظلام (مکتوب عربی ص۱۸۳)ووجبت لكل من قام للمباحثة هوان ياتى مناضل بكتاب من مثل هذا الكتاب النظم بعده النظم والنثر بعده النثر مع تسوية التوشية والاحتضاب وان لم تقدروا فعليكم ان تقروا بانه من اٰيات الرحمٰن لامن فعل الانسان (مکتوب عربی ص۲۵۷)وان كمالى فى اللسان العربى مع قلّة جهدى وقصور طلبى اٰية واضحة من ربى وانى مع ذٰلک علمت اربعين الفا من اللغات العربية وقد فقت فى النظم والنثر وماهذا فعل العبد ان هذا الا اٰية رب العالمين (مکتوب عربی ص۲۳۴)وما استطعتم ان تكتبوا شيئا فى العربية كاملائى (مکتوب عربی ص۱۷۸)

کہ تم میرے ساتھ قرآن کے معارف اور نکات کے بیان کرنے میں معارضہ نہیں کر سکتے کیونکہ یہ علم بجز پاک لوگوں کے کسی کو نہیں ملتا اور اگر تم یہ نہیں کر سکتے تو تم زبان عرب کی انشا پردازی میں میرے ساتھ معارضہ کرو کیونکہ عربی زبان درحقیقت الہامی زبان ہے جس میں نبی یا کامل ولی کے سوا کوئی کامل نہیں ہوسکتا اور اگر تم یہ بھی نہ کر سکو تو تم بھی ایک کتاب لکھو اور میں بھی ایک کتاب لکھتا ہوں جو اس زمانے کے مفاسد کی اصلاح کے لئے کافی ہو۔ لیکن تم ایسا کبھی نہ کر سکو گے اور اس مقام کی عزت تم کو کبھی نہ ملے گی۔ کیونکہ یہ کام اور یہ منصب امام الوقت کا ہے جو قادیانی ہے۔

اور پھر صفحہ ۲۵۷ میں کہا کہ جو کوئی میرے ساتھ مباحثہ کے لئے کھڑا ہو اس پر واجب ہے کہ میری اس کتاب کی مثل نظم کے مقابل نظم اور نثر کے مقابل نثر اسی طرح رنگین عبارت میں لائے اور اگر تم قدرت نہیں رکھتے تو تم پر اقرار لازم ہے کہ یہ خدا کی ایک نشانی ہے اور انسان کا فعل نہیں۔ پھر صفحہ ۲۳۴ میں کہا کہ باوجود قلّت جہد کے میرا زبان عربی میں کمال ہونا یہ اللہ کی نشانی ہے۔ اور باوجود اس کے مجھے چالیس ہزار لغت عرب کی تعلیم دی گئی ہے اور میں نظم اور نثر میں سب سے فائق ہوں۔ اور یہ بھی بندہ کا فعل نہیں بلکہ خدا کی نشانی ہے۔ اور ص ۱۷۸ میں کہا تم عربی زبان میں میری طرح نہیں لکھ سکو گے"۔ انتہیٰ

Marfat.com

محمد بن علی ترمذی نے بھی امام الوقت کی علامات میں ایک مشکل لغات کی کتاب لکھی

اقول: قادیانی صاحب کا یہ دعویٰ کوئی جدید نہیں بلکہ سب سے پہلے امام الوقت کی تعریف اور علامت میں یہ طریق محمد بن علی الترمذی صاحب کتاب نوادرالاصول نے ایجاد کیا۔ جبکہ علماء اور مشائخ وقت نے ان کی کتابوں میں خاتم اولیاء امام الوقت کا ذکر دیکھا اور ہر ایک نے اس مقام کا دعویٰ شروع کر دیا۔ پس حکیم ترمذی نے ایک کتاب تصنیف فرمائی جس میں نہایت دقیق سوالات جمع کئے اور کہا کہ اس کی شرح جیسی کہ چاہیے خاتم الاولیاء کے سوا کوئی نہ کرے گا اور اس خاتم کا نام اور اس کے باپ کا نام انہیں کے نام کے مطابق ہوگا۔ جب ان مشائخین نے یہ معاملہ دیکھا تو سب کے سب اس مقام کے دعوے سے تائب ہو گئے۔ شیخ مؤید بن محمود شرح فصوص میں لکھتے ہیں۔ کہ جب شیخ محی الدین محمد بن علی بن محمد بن العربی الطائی الحاتمی الاندلسی ملک مغرب میں مبعوث ہوئے تو انہوں نے حکیم ترمذی کے سوالات کا جواب جیسا کہ چاہیے لکھا اور مطابقت ناموں کی بھی ظاہر ہوئی۔

ابن العربی رحمۃ اللہ علیہ کا دعویٰ کہ وہی امام الوقت اور خاتم الولایت ہے

اور خود شیخ نے بھی اس مقام کا دعویٰ کیا اور کہا۔

انا ختم الولاية دون شک لورث الهاشمی مع المسیح

یعنی میں ہی بلاشک وہ خاتم الولایت ہوں جو پیغمبر ہاشمی کا وارث ہے اور جو مسیح موعود کے ساتھ ہوگا۔ چنانچہ ان سوالات کے جوابات فتوحات مکیہ باب ۷۳ میں بالتفصیل مذکور ہیں۔

قادیانی کے عربی مکتوب کی غلطیاں اور ہمارا معارضہ

لیکن قادیانی صاحب کے اس الہامی رسالہ کی عبارت جس کے معارضہ کے لئے دعوت دے رہے ہیں۔ قطع نظر اس کے کہ یہ بجائے الہامی ہونے کے احلامی ہے قوانین

Marfat.com

عربیت اور قواعد نحویت کے اعتبار سے اور ضوابط بناء صرف کے لحاظ سے جو کہ کلام عرب کا اصل اصول ہے ایسی سراسر غلط اور بے ربط ہے کہ الہام رب ہونا تو کیا بلکہ ایک عرب اور مستعرب بھی ایسے کریہہ الفاظ زبان سے نہیں نکال سکتا۔ مثلاً قادیانی صاحب کا الہام،

۱.....انا انزلناہ قریبا من القادیان جس کو براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۸ میں لکھتے ہیں اس مین لفظ قادیان جوان کے گاؤں کا علَم ہے اور جس میں کوئی معنی وصفی باقی نہیں ہیں وہ خلاف قواعد لغات قرآنی معرف باللام ان کو الہام ہوا۔

۲.....مکتوب عربی کے صفحہ ۲۳۴ میں اپنی الہامی عبارت یعنی ولنلطم علی وجوہ المجترئین میں لطم کا فعل حرف علٰی کے ساتھ استعمال کیا گیا۔ حالانکہ زبان عرب میں یہ فعل کبھی صلہ حرف علٰی کے ساتھ مستعمل نہ ہوا بلکہ اس صلہ کے بغیر احادیث نبویہ میں متعدد جگہ مذکور ہوا۔ مثلاً وہ حدیث متفق علیہ بخاری و مسلم جس میں ہے فلطم موسٰی عین ملک الموت ففقأھا اور اس کے ماقبل حدیث متفق علیہ جس میں یہ الفاظ ہیں فلطم وجہ الیھودی (دیکھو مشکوٰۃ باب بدء الخلق صفحہ ۵۰۷)

۳.....اسی طرح قادیانی صاحب نے مکتوب عربی کے صفحہ ۲۸۳ میں اپنے الہامی اشعار یعنی خف قھر رب قادر مولائی میں لفظ مولٰی یائے متکلم کی طرف مضاف کرنے میں ایک ہمزہ اضافہ کردیا۔ حالانکہ زبان عرب میں ہمیشہ اسماء مقصورہ جب یائے متکلم کی طرف مضاف ہوئے کبھی ان کے آخر ہمزہ کا اضافہ نہ ہوا اور یائے متکلم ہمیشہ مفتوح مستعمل ہوئی نہ مجزوم جیسے عَصَایَ و مولَایَ۔

۴.....اسی طرح اس مکتوب کے صفحہ ۲۶۹ میں الہامی مصرع یعنی وعلیک یسقط حجر کل بلاء میں حجر کی جیم مفتوحہ کو ساکن کردیا۔

۵.....اسی طرح ان کا الہامی نام یعنی غلام احمد قادیانی قواعد عربیت کے بالکل مخالف ہے۔

Marfat.com

کیونکہ اسم منسوب جب کسی اسم علم کے بعد واقع ہوتا ہے تو اس کا معرف باللام ہونا لازمی ہے جیسے کہ ہم قبل ازیں بیان کر چکے ہیں۔

۶.....اسی طرح قادیانی صاحب کا مکتوب عربی کے صفحہ ۲۶۸ میں الہامی مصرع یعنی ۔ لکن تری جهل علی العلماء کلام عرب کے استعمالات عرب کے مخالف اور مناقض ہے۔ کیونکہ تری کے معنی لغت میں برجستن نر برمادہ ہیں اور صراح ''وذلک فی الحافر وانطلف والسباع'' یعنی اس کا استعمال ان حیوانات کے ساتھ مخصوص ہے جو سم دار اور سینگوں والے یا درندہ ہیں۔

۷.....اسی طرح لفظ بطالہ (معرّب بٹالہ) جو مکتوب کے صفحہ ۲۶۹ میں ہاء مختفی کے ساتھ استعمال کر کے لکھا یعنی ۔ یاشیخ ارض الخبث ارض بطالة کہا لیکن مکتوب کے صفحہ ۲۴۱ میں جبکہ اسی لفظ بطالہ کے آخر یاء نسبت لاحق کی تو ہاء مختفی حذف کر کے اس کے عوض حرف واؤ کا اضافہ کیا اور ''شیخ حنال بطالوی'' کہا جو الہامی زبان کے بالکل مناقض ہے۔ کیونکہ کلام عرب میں وہ کلمہ جس کے آخر ہاء مختفی ہو یائے نسبت کے لاحق ہونے سے فقط اس کی وہی ہاء بلا کسی بدل کے حذف ہو جاتی ہے جیسے مکہ سے مکی اور بصرہ سے بصری اور مدینہ سے مدنی۔ پس اسی طرح بطالہ سے بطالی ہونا چاہیے تھا نہ بطالوی!

الغرض ان کے الہامی مکتوب میں اس سے زیادہ تر افحش غلطیاں نہ فقط قواعد زبان الہامی کے اعتبار سے موجود ہیں بلکہ باعتبار ادب وتہذیب اور صناعت بلاغت وفصاحت اور بلحاظ استعمالات حروف ضلات موجود ہیں جن کو ہم نے عوام کے افہام سے بعید الفہم ہونے

! اور خود گورنمنٹ انگریزی نے علاوہ دیگر الزاموں کے قادیانی صاحب پر یہ الزام فوجداری قائم کیا کہ انہوں نے لفظ بٹالہ جو ٹا کے ساتھ ہے اس کو طا بطالہ کے ساتھ کیوں تحریف کیا؟ (دیکھو فیصلہ ۲۵ فروری ۱۸۹۹ء محکمہ مجسٹریٹ گورداسپور)

Marfat.com

کے سبب سے ترک کر دیا اور ان سریع الفہم اغلاط کے بیان پر کفایت سمجھی جن کو معمولی طالب علم بھی سمجھ سکتا ہے اور ہم قبل اس کے ان کے دعویٰ ہمہ دانی اور چالیس ہزار لغات کے جاننے کی تکذیب کر چکے ہیں کہ ان کا یہ دعویٰ کس قدر دروغ بے فروغ ہے۔ مگر پر حیرت ان کا یہ دعویٰ ہے جو شعر گوئی کا کرتے ہیں۔ حالانکہ شعر کا کہنا انبیاء کی شان نہیں۔ اور خود خدا نے قرآن کریم میں اپنے نبی کریم ﷺ کے حق میں فرمایا **وما علّمناہ الشعر وماینبغی لہ** معہذا عرب کے اشعار کا فصاحت وبلاغت میں یکتا ہونا ایسا مسلّمات سے ہے کہ کوئی مستعرب یا عجمی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا۔ لہٰذا ہم کو ضرورت نہیں کہ شعر گوئی میں اپنا وقت گرانمایا ضائع کریں اور اگر ہمارا معارضہ ہے تو اسی قدر ہے کہ شیعہ نے نہج البلاغہ کو بے نظیر کہا اور فیضی نے تفسیر قرآن بے نقط لکھی۔ پس اگر قادیانی صاحب کو الہامی کمال ہے تو وہ سورۂ الحمد یا کسی دوسری سورہ کی ہی کل حروف منقوطہ میں تفسیر لکھیں اور اپنے الہام سے مدد چاہیں لیکن ہم کو قوی امید ہے کہ الہام ربّانی ان کے اس امر سے ناقص فطرت پر افاضہ کرنے سے باز رہے گا اور ان کی فاسد استعداد اس کے نور کے قبول کرنے کی متحمل نہ ہو سکے گی۔ سچ ہے

لایحمل عطایا الملک الامطایاہ والحمد للّٰہ رب العٰلمین۔

پس یہ قادیانی صاحب کے دعاوی اور ان کے جواب ہیں جو اوپر مذکور ہوئے۔

.....

اب ہم ذیل میں ان کے مجموعی عقائد پر ایک نظر کرتے ہیں جو انہوں نے اپنے مختلف رسائل میں خدائے تعالیٰ کی صفات قدیمہ اور اس کے فرشتوں اور انبیاؤں اور رسولوں اور وحی اور امّت محمدیہ کے متعلق لکھیں تا کہ امّتِ اُمیہ پر قادیانی صاحب کا سارا

Marfat.com

مکر و ہنر ظاہر ہو جائے اور حجّت الٰہی تمام ہو۔

خلاصہ عقائد قادیانی

ا.....ذات وصفات باری تعالیٰ

قادیانی مجازاً ابن اللہ ہے اور خدا کی توحید اور تفرید کا مرتبہ رکھتا ہے

ا..... مسیح اور اس عاجز کا مقام ایسا ہے کہ اس کو استعارہ کے طور پر ابنیت کے لفظ سے تعبیر کر سکتے ہیں یعنی ابن اللہ کہہ سکتے ہیں۔ (توضیح المرام صفحہ ۲۷)۔ اور ان کو خطاب الٰہی ہوا کہ انت منی بمنزلة توحیدی وتفریدی یعنی تو مجھ سے میری توحید اور تفرید کے مرتبہ میں ہے۔ (براہین صفحہ ۴۸۹)۔ یعنی ان کا منکر خدا کی توحید کا منکر ہے۔

خدا عذاب کے وعدوں میں جھوٹ بولتا ہے

۲..... وعید یعنی وعدۂ عذاب میں اللہ تعالیٰ کا تخلّف کرنا سنت اللہ ہے۔ (انجام آتھم صفحہ ۲۹)

۳..... خدا تعالیٰ دوزخیوں کو ہمیشہ دوزخ میں نہیں رکھے گا بلکہ چند حقبوں تک رکھے گا اور یہ ہرگز درست نہیں کہ اخلاد عذاب کی صفت حق تعالیٰ کی طرف منسوب کی جائے کیونکہ انسان ہر طرح مختار نہیں تا کہ اس کے افعال پر جو قضائے الٰہی کے تحت تصرّف ہیں اور اسی کے ارادہ اور دست قدرت سے اس میں ہر کام کی قوت پیدا کی گئی ہے۔ خلودِ عذاب کا مواخذہ کرے بلکہ ایک زمانہ کے عذاب کے بعد ان کو معرفت حضرت احدیّت حاصل ہو جائے گی جس سے ان پر مال کار رحمت اور رشد ہوگی۔ (مکتوب عربی صفحہ ۱۱۸ تا ۱۲۰)

خدا قانون قدرت کے باہر کوئی کام نہیں کرتا

۴..... خدا تعالیٰ اپنے قانون قدرت کے باہر کوئی کام نہیں کرتا۔ پس اس دنیا میں مُردوں کو زندہ کرنا یا ایک انسان کو آسمان پر زندہ مع الجسم اٹھا لے جانا یا ایک زمانہ

Marfat.com

درازتک بلا حاجت اکل وشرب زندہ رکھنا اور پھر اس کو حوادث زمانہ سے محفوظ رکھنا یہ سب خدا کے قانون قدرت سے باہر ہیں اور عادۃ اللہ کے برخلاف۔ لیکن وہ قادیانی صاحب کو مسیح کی صورت مثالی پر بنانے پر قادر ہے اور یہ اس کے قانون قدرت سے باہر نہیں جیسے کہ انسان کو بندر یا سور بنانا اس کے قانون قدرت سے باہر نہیں۔ (ازالۃ الاوہام متعدد مقامات وصفحات)

۲.....ملائکہ کرام، حقیقتِ جبریل، وحی، روح القدس

جبریل ایک قسم کی محبت کا نام ہے

اگر یہ استفسار ہو کہ جس خاصیت اور قوت روحانی میں یہ عاجز اور مسیح ابن مریم مشابہت رکھتے ہیں وہ کیا شے ہے؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ وہ ایک مجموعی خاصیت ہے جو ہم دونوں کے روحانی قواء میں ایک خاص طور سے رکھی گئی ہے جس کے سلسلہ کی ایک طرف نیچے کو اور ایک طرف اوپر کو جاتی ہے۔ نیچے کی طرف سے مراد خلق اللہ کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی دل سوزی اور اوپر کی طرف سے اعلیٰ درجہ کی محبت قواء ایمان سے ملی ہوئی ہے جو بمنزلہ نر و مادہ ہیں۔

پاک تثلیث قادیانی

اور ان سے ایک تیسری چیز پیدا ہو جاتی ہے جس کا نام روح القدس ہے اور اس روح کو استعارہ کے طور پر ابنیت کے لفظ سے تعبیر کر سکتے ہیں اور یہی پاک تثلیث ہے جس کو ناپاک طبیعتوں نے مشرکانہ طور پر سمجھ لیا ہے۔ (توضیح المرام صفحہ ۲۱) اور یہ محبت تین قسم کی ہے۔ پہلی قسم کی محبت جو آتش محبت الٰہی ہے اس کو سکنیت واطمینان اور کبھی فرشتہ وملک کے لفظ سے بھی تعبیر کرتے ہیں اور دوسری محبت وہ جو اوپر بیان ہو چکی جس میں دونوں محبتوں کے ملنے سے ایک تیسری چمک پیدا ہو جاتی ہے جس کو روح القدس کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے اور تیسرا درجہ محبت کا وہ ہے جس میں ایک نہایت افروختہ شعلہ محبت الٰہی کا انسانی محبت

Marfat.com

کے مستعد فتیلہ پر پڑ کر اس کو افروختہ کر دیتا ہے اور اس کو اپنے وجود کا مظہر اتم بنا دیتا ہے اور اس کے کئی مراتب اور انہیں کے لحاظ سے مختلف نام ہیں۔ پس یہ کیفیت جو ایک آتش افروختہ کی صورت پر دونوں محبتوں کے جوڑ سے پیدا ہو جاتی ہے اس کو روح امین کے نام سے بولتے ہیں اور اسی کا نام شدید القوی بھی ہے اور اسی کا نام ذوالافق الاعلیٰ بھی ہے۔ کیونکہ یہ وحی الٰہی کی انتہا درجہ کی تجلی ہے اور اس کو رائی مارائی کے نام سے بھی پکارا جاتا ہے۔ کیونکہ اس کیفیت کا اندازہ تمام مخلوقات کے قیاس وہم سے باہر ہے اور یہ کیفیت دنیا میں صرف ایک ہی انسان کو ملی ہے جس پر تمام سلسلہ انسانیہ کا ختم ہو گیا ہے اور وہ بھی درحقیقت پیدائش الٰہی کے خط ممتد کے اعلیٰ طرف آخری نقطہ ہے جس کا نام دوسرے لفظوں میں محمد ہے اور یہ وہ مقام ہے کہ میں اور مسیح دونوں اس مقام تک نہیں پہنچ سکتے اور جیسا کہ مسیح اور اس عاجز کا مقام ایسا ہے کہ اس کو استعارہ کے طور پر ابنیت کے لفظ سے تعبیر کر سکتے ہیں ایسا ہی یہ وہ مقام عالیشان ہے کہ گذشتہ نبیوں نے استعارہ کے طور پر صاحب مقام ہذا کے ظہور کو خدا تعالیٰ کا ظہور قرار دے دیا ہے اور اس کا آنا خدا تعالیٰ کا آنا ٹھہرایا ہے۔

شانِ احمد را کہ داند جُز خداوندِ کریم　　آنچناں از خود جدا شد کز میاں اُفتادمیم
زان نمط شد محو دلبر کز کمال اتّحاد　　پیکرِ او شُد سراسر صورتِ ربّ رحیم

اور یہ سب روحانی مراتب ہیں جو استعارہ کے طور پر مناسب حال الفاظ میں بیان کئے گئے ہیں۔ یہ نہیں کہ حقیقی ابنیت یہاں مراد ہے یا حقیقی الوہیت مراد لی گئی ہے۔ اور اس جگہ اس بات کا بیان کرنا بھی بے موقع نہ ہوگا کہ جو کچھ ہم نے روح القدس اور روح الامین وغیرہ کی تعبیر کی ہے یہ درحقیقت ان عقائد اسلام سے جو اہل اسلام ملائک کی نسبت رکھتے ہیں منافی نہیں ہے۔

بقول قادیانی محققین اسلام ملائکہ کے انسانوں کی طرح شخصی وجود سے منکر ہیں

کیونکہ محققین اہل اسلام ہرگز اس بات کے قائل نہیں کہ ملائکہ اپنے شخصی وجود

Marfat.com

کے ساتھ انسانوں کی طرح پَیروں سے چل کر زمین پر اترتے ہیں۔ اور یہ خیال بداہت باطل بھی ہے کیونکہ اگر مثلاً فرشتہ ملک الموت جو ایک سیکنڈ میں ہزار ہا ایسے لوگوں کی جانیں نکالتا ہے جو مختلف بلاد وامصار میں ہزاروں کوسوں کے فاصلہ پر رہتے ہیں۔ اگر ہر ایک کے لئے اس بات کا محتاج ہو اور پیروں سے چل کر اس کے ملک وشہر وگھر میں آجائے اور پھر اتنی مشقّت کے بعد جان نکالنے کا اس کو موقع ملے تو ایک سیکنڈ کیا اتنی بڑی کارگذاری کے لئے تو کئی مہینے کی مہلت بھی کافی نہیں ہوسکتی۔ کیا یہ ممکن ہے کہ انسانوں کی طرح حرکت کر کے ایک طرفۃ العین کے یا اس کے کم عرصہ میں تمام جہاں گھوم کر چلا آئے؟ ہرگز نہیں!۔ (توضیح مرام صفحہ ۲۴ وغیرہ)

جبریل کے نزول کی کیفیت اور ہر بشر پر اس کا اترنا

جبریل جو ایک عظیم الشان فرشتہ ہے اور آسمان کے ایک نہایت روشن نیّر سے تعلق رکھتا ہے اگرچہ ہر ایک ایسے شخص پر نازل ہوتا ہے جو وحی الٰہی سے مشرف کیا گیا ہو (نزول کی اصل کیفیت جو صرف اثر اندازی کے طور پر ہے نہ واقعی طور پر یاد رکھنی چاہیے) لیکن وہ ہر ایک انسان پر اس کی حسب استعداد کے اپنا اثر ڈالتا ہے۔ (توضیح المرام صفحہ ۶۸)

جبریل اپنے ہیڈ کوارٹر سے جدا نہیں ہوتا

(اور جبریل اپنے ہیڈ کوارٹر سے جدا نہیں ہوتا بلکہ) جبریلی نور آفتاب کی طرح جو اس کا ہیڈ کوارٹر ہے تمام معمورۂ عالم پر حسب استعداد ان کے اثر ڈال رہا ہے اور کوئی نفس بشر دنیا میں ایسا نہیں کہ بالکل تاریک ہو۔ حتّٰی کہ مجانین پر بھی جبریل کا اثر فی الواقعہ ہے۔ اور جبریلی نور کا چھیالیسواں حصّہ تمام جہاں میں اس طرح پھیلا ہوا ہے جس سے کوئی فاسق اور پرلے درجہ کا بدکار بھی باہر نہیں۔

کنجنیوں پر جبریل کا اترنا

یہاں تک کہ کنجریاں بھی جو اسی وجہ سے بعض اوقات سچّی خوابیں دیکھ لیتی ہیں

Marfat.com

پس یہی مثال جبریل کی تاثیرات کی ہے۔ادنیٰ سے ادنیٰ مرتبہ کے ولی پر بھی جبریل ہی تاثیر وحی کی ڈالتا ہے اور حضرت خاتم الانبیاء کے دل پر بھی وہی ڈالتا رہا۔لیکن ان دونوں وحیوں میں فرق فقط آرسی کے شیشہ اور بڑے آئینہ کا ہے۔(توضیح مرام صفحہ ۶۸۔۷۱۔۸۴۔۸۵ وغیرہ)

روح انسان ایک کیڑا ہے جو رحم میں منی کے اندر سے پیدا ہو جاتا ہے

روح انسانی ایک لطیف نور ہے جو اس جسم کے اندر ہی سے پیدا ہو جاتا ہے جو رحم میں پرورش پاتا ہے۔یہ بتلانا خدا کا منشاء نہیں کہ روح الگ طور پر آسمان سے نازل ہوتی ہے یا فضا سے زمین پر آتی ہے۔ بلکہ یہ خیال کسی طرح صحیح نہیں۔اگر ایسا خیال کریں تو قانون قدرت ہمیں باطل ٹھہراتا ہے۔ ہم روز مشاہدہ کرتے ہیں کہ گندے زخموں میں ہزارہا کیڑے پڑ جاتے ہیں سو یہی صحیح بات ہے کہ روح جسم سے ہی نکلتی ہے اور اس دلیل سے اس کا حادث ہونا بھی ثابت ہوتا ہے۔(فتح اسلام، جلسۂ مذاہب لاہور، ۲۷، ۲۹ر دسمبر ۱۸۹۶ء)

قادیانی ایک کیڑا تھا جو مختلف ادوار کے بعد انسان اور مسیح بے پدر سے عجب تر بن گیا

اور ازالہ صفحہ ۳۷۷ میں اپنی اصلیت ایک کرمک بتلائی جو مختلف اطوار اور ادوار کے بعد قادیانی بن گیا۔چنانچہ اسی کی طرف اشارہ کر کے کہا ؎

کرمکے بودم مرا کردی بشر من عجب تر از مسیح بے پدر

اور اس شعر میں اپنی خلقت اصلی حضرت مسیح بے پدر سے عجب تر ہونی بتلائی۔

۳.....انبیاء اور رسل اور ان کے معجزات اور ان کی پیشین گوئیاں اور الہامات قادیانی

قادیانی سب انبیاء کا مثیل ہے

۱.....خدا تعالیٰ نے ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کو مثیل موسیٰ قرار دیا۔(ازالہ ۶۶۷)

Marfat.com

۲.....اوراس عاجز کوخدائے تعالیٰ نے آدم صفی اللہ کا مثیل قرار دیا اور پھر مثیل نوح قرار دیا۔ اور پھر مثیل یوسف قرار دیا اور پھر مثیل حضرت داؤد بیان فرمایا اور پھر مثیل موسیٰ کر کے بھی اس عاجز کو پکارا پھر اللہ تعالیٰ نے اس عاجز کو مثیل ابراہیم بھی کہا اور پھر آخر مثیل ٹھہرانے کی یہاں تک نوبت پہنچی کہ بار بار یا احمد کے خطاب سے مخاطب کر کے ظلی طور پر مثیل سیّد الانبیاء امام الاصفیاء حضرت مقدس محمد مصطفیٰ قرار دیا اور پھر خدائے تعالیٰ نے اس عاجز کو عیسیٰ یا مثیل عیسیٰ کر کے پکارا۔ (ازالہ صفحہ ۵۰۳)

قادیانی نبی بھی ہے اور امتی بھی

۳.....میں نبی بھی ہوں اور امتی بھی۔ (ازالہ ۵۳۳) اور میری نبوت ایک جزئی نبوت ہے جو دوسرے لفظوں میں محدثیت کے اسم سے موسوم ہے۔ وان النبی محدث والمحدث نبی باعتبار حصول نوع من انواع النبوات۔ یعنی ہر نبی محدث ہے اور ہر محدث باعتبار حصول نوع نبوت نبی ہوتا ہے، مطلق نبوت ختم نہیں ہوتی نہ من کل الوجوہ باب نبوّت مسدود ہوا ہے اور نہ ہر ایک طور سے وحی پر مہر لگائی گئی ہے بلکہ جزئی طور پر وحی اور نبوت کا اس امت مرحومہ کے لئے ہمیشہ دروازہ کھلا ہے۔ (توضیح مرام صفحہ ۱۸۔۱۹)

قادیانی محدث ہے اور محدث بھی ایک نوع سے نبی ہی ہے

۴..... یہ عاجز اس امّت کے لئے محدّث ہو کر آیا ہے اور محدث بھی ایک معنی سے نبی ہی ہوتا ہے گو اس کے لئے نبوت تامہ نہیں مگر تاہم جزوی طور پر وہ ایک نبی ہی ہے کیونکہ وہ خدائے تعالیٰ سے ہمکلام ہونے کا ایک شرف رکھتا ہے اور اس پر امور غیبیہ ظاہر کئے جاتے ہیں اور رسولوں اور نبیوں کی وحی کی طرح اس کی وحی کو بھی دخل شیطان سے منزہ کیا جاتا ہے اور بعینہ انبیاء کی طرح مامور ہو کر آتا ہے اور انبیاء کی طرح اس پر فرض ہوتا ہے کہ اپنے تئیں بآواز بلند ظاہر کرے اور اس سے انکار کرنے والا ایک حد تک مستوجب سزا

Marfat.com

ٹھہرتا ہے اور نبوت کے معنی بجز اس کے اور کوئی نہیں۔ (توضیح صفحہ ۱۸)

قادیانی اور مسیح کی فطرت ایسی ہے جیسے ایک جوہر کے دو ٹکڑے

۵.....اور میری اور مسیح کی فطرت ایسی ہے جیسے ایک جوہر کے دو ٹکڑے یا ایک ہی مادہ کے دو جوہر۔ (ازالہ، مکتوب عربی ص ۷۵)

خدا نے قادیانی کو عیسیٰ کا ہمسر بنایا

۶.....نصاریٰ نے جو عیسیٰ کو ابن اللہ کہا تو اس پر غیرت الٰہی کے نازل ہونے سے خدا نے مجھے اس کا ہمسر بنا کر بھیجا اور اپنے ایک قصیدہ میں اس معنی کو یوں ادا کیا۔

چوں کافر از ستم بپرستد مسیح را غیّوری خدا بسرش کرد ہمسرم
اینک منم کہ حسب بشارات آمدم عیسیٰ کجاست تا بنہد پا بمنبرم
واللہ کہ ہمچو کشتی نوحم زکردگار بے دولت آنکہ دور بماند زلنگرم

جو قادیانی کے لنگر سے الگ رہا وہ بے دولت ہے

پس جنہوں نے اس عاجز کو مسیح موعود ہونا مان لیا ہے وہ لوگ ہر ایک خطرہ کی حالت سے محفوظ اور معصوم ہیں اور کئی طرح کے ثواب اور اجر اور قوت ایمانی کے وہ مستحق ٹھہر گئے ہیں۔ (ازالہ صفحہ ۱۵۸۔۱۷۹)

انبیاء اور محدث کی وحی شیطانی دخل سے منزہ ہے

۷.....قانون قدرت خدا تعالیٰ کا یہی ہے کہ فقط انبیاء اور محدثین کی وحی شیطان کے دخل سے منزہ کی جاتی ہے۔ (ازالہ صفحہ ۲۵۵)

کبھی شیطانی دخل انبیاء کی وحی میں ہو جاتا ہے

۸.....شیطانی دخل کبھی انبیاء اور رسولوں کی وحی میں بھی ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی انجیل میں بھی لکھا ہوا ہے کہ شیطان اپنی شکل نوری فرشتوں کے ساتھ بدل کر بعض لوگوں کے پاس آجاتا ہے۔

Marfat.com

چار سو نبی کو شیطانی وحی ہوئی اور وہ جھوٹے نکلے

چنانچہ مجموعہ تورات میں ہے کہ ایک بادشاہ کے وقت چار سو نبی نے اس کی فتح کے بارہ میں پیشین گوئی کی اور وہ جھوٹے نکلے اور بادشاہ کو شکست آئی بلکہ وہ اسی میدان میں مرگیا۔ اس کا سبب یہ تھا کہ دراصل وہ الہام ایک ناپاک روح کی طرف سے تھا نوری فرشتہ کی طرف سے نہیں تھا اور ان نبیوں نے دھوکا کھا کر ربّانی سمجھ لیا تھا۔ اب خیال کرنا چاہیے کہ قرآن کریم کی رو سے الہام اور وحی میں دخل شیطان ممکن ہے۔ اور اسی بنا پر الہام ولایت یا الہام عامۂ مومنین بجز موافقت و مطابقت قرآن کریم کے حجّت بھی نہیں۔ (ازالہ صفحہ ۶۲۶)

انبیاء کے اجتہاد میں سہو و خطا ممکن ہے

۹.....انبیاء سے بھی اجتہاد کے وقت امکان سہو و خطا ہے۔ مثلاً وہ خواب جس کا ذکر قرآن میں ہے اور جس کی بناء پر نبی ﷺ مدینہ منورہ سے مکہ معظّمہ کو کتنے دن تکلیف اٹھا کر گئے مگر کفار نے طواف خانہ کعبہ سے روک دیا۔ حالانکہ بلاشبہہ رسول اللہ ﷺ کی خواب وحی میں داخل ہے۔ لیکن اس وحی کے اصل معنی سمجھنے میں غلطی ہوئی۔

محمد ﷺ کے اجتہاد میں غلطیاں

ایسا ہی جب آنحضرت ﷺ کی بیویوں نے آپ کے روبرو ہاتھ ناپنے شروع کئے تو آپ کو اس غلطی پر متنبہ نہیں کیا گیا۔ یہاں تک کہ آپ فوت ہوگئے۔ اسی طرح ابن صیّاد کی نسبت صاف طور پر وحی نہ کھلی۔ (ازالہ صفحہ ۶۸۷ وغیرہ)

مسیح کی پیشین گوئیاں غلط ظہور میں آئیں

۱۰.....مگر حضرت مسیح کی پیشین گوئیوں کا سب سے عجیب تر حال ہے۔ بارہا انہوں نے کسی پیشین گوئی کے کچھ معنی سمجھے اور آخر کچھ اور ہی ظہور میں آیا۔ (ازالہ صفحہ ۶۸۷ وغیرہ)

۱۱.....مسیح کی پیشین گوئیاں اس لئے مجوب الحقیقت ہیں کہ وہ بظاہر صورت نجومیوں

Marfat.com

اور رمّالوں اور کاہنوں اور مؤرخوں کے طریقہ بیان سے مشابہہ ہیں۔ (براہین احمدیہ۔تمہید ۶)

۴.....معجزات انبیاء علیہم السلام

انبیاء کے معجزات دو قسم کے ہوتے ہیں۔

معجزہ شق القمر کا اقرار

۱.....ایک وہ جو محض سماوی امور ہوتے ہیں جن میں انسان کی تدبیر اور عقل کو کچھ دخل نہیں ہوتا۔ جیسے شق القمر جو ہمارے نبی کا معجزہ تھا اور خدائے تعالیٰ کی غیر محدود قدرت نے ایک راستباز اور کامل نبی کی عظمت ظاہر کرنے کے لئے دکھایا تھا۔

۲.....دوسرے عقلی معجزات ہیں جو اس خارق عادت عقل کے ذریعہ سے ظہو پذیر ہوتے ہیں جو الہام الٰہی سے ملتی ہے۔

مسیح کے احیاء اموات وغیرہ کا انکار

۱.....پس کچھ تعجب کی جگہ نہیں کہ حضرت مسیح کو عقلی طور سے ایسے طریق پر اطلاع دی گئی ہو جو ایک مِٹّی کا کھلونا کسی کل کے دبانے سے یا کسی پھونک کے مارنے سے پرندوں کی طرح پرواز کرتا ہو یا پیروں سے چلتا ہو۔ کیونکہ حضرت مسیح ابن مریم اپنے باپ یوسف کے ساتھ بائیس برس کی مدت تک نجّاری کا کام بھی کرتے رہے۔ (ازالہ صفحہ ۳۰۱)

مسیح کو مسمریزم آتی تھی

۲.....ماسوا اس کے یہ بھی قرین قیاس ہے کہ مسیح کے ایسے اعجاز طریق عمل الترب یعنی مسمریزمی طریق سے بطور لہو ولعب نہ بطور حقیقت ظہور میں آسکیں۔ (ازالہ صفحہ ۳۰۵)

۳.....حضرت مسیح کے عمل الترب سے وہ مردے جو زندہ ہوتے تھے یعنی وہ قریب الموت آدمی جو گویا نئے سرے سے زندہ ہو جاتے تھے وہ بلا توقّف چند منٹ میں مرجاتے تھے اور

Marfat.com

حضرت مسیح اس عمل میں کسی درجہ تک مشق رکھتے تھے۔اور یہ جو میں نے مسمریزمی طریق کا نام عمل الترب رکھا ہے یہ الہامی نام ہے جو خدا تعالیٰ نے مجھ پر ظاہر کیا۔ (ازالہ صفحہ ۳۱۱ وصفحہ ۳۱۲)

مسیح کا لنگڑوں اندھوں کو اچھا کرنا ایک نسخہ سے تھا

۴..... یہ بات نہایت صحیح اور قرین قیاس ہے کہ اگر حضرت عیسیٰ کے ہاتھ سے اندھوں لنگڑوں کو شفا حاصل ہوئی ہے تو بالیقین یہ نسخہ حضرت مسیح نے اسی حوض سے اوڑایا ہوگا جو عبرانی میں بیت حدا کہلاتا تھا اور جس کا پانی ہلنے کے بعد جو کوئی کہ پہلے اس میں اترتا کیسی ہی بیماری میں کیوں نہ ہو اس سے چنگا ہو جاتا تھا اور جس پر کہ حضرت مسیح اکثر جایا بھی کرتے تھے۔ (براہین احمدیہ تمہید پنجم)۔اور جس کی مٹی میں روح القدس کی تاثیر رکھی گئی تھی۔ بہر حال یہ ایک کھیل تھی اور مٹی مٹی ہی رہتی تھی جیسا سامری کا گوسالا۔ (ازالہ صفحہ ۳۲۲)

قادیانی ابن مریم سے کم نہیں ہے

۵..... اگر یہ عاجز اس عمل الترب کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو خدا تعالیٰ کے فضل وتوفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے یہ عاجز کم نہ تھا۔ (ازالہ صفحہ ۳۰۹)

مسیح کا پرندے کے پتلے میں جان ڈالنے کا اعتقاد شرک ہے

۶..... یہ اعتقاد بالکل غلط اور فاسد اور مشرکانہ خیال ہے کہ مسیح مٹّی کے پرندے بنا کر اور ان میں پھونک مار کر انہیں سچ مچ کے جانور بنا دیتا تھا۔ (ازالہ صفحہ ۳۲۳)

مسیح کے معجزات مکروں سے مشابہ ہیں

۷..... پس مسیح کے معجزات سب کے سب مجوب الحقیقت ہیں کیونکہ وہ بظاہر صورت مکروں سے متشابہ ہیں۔ (تمہید پنجم براہین احمدیہ)

محمد کا معراج اس جسم کثیف کے ساتھ نہ تھا بلکہ ایک کشف تھا

۸..... ہمارے نبی ﷺ کا سیر معراج آسمانوں پر اس جسم کثیف کے ساتھ نہ تھا۔

Marfat.com

(کیونکہ کسی بشر کا آسمانوں پر جانا خلاف عادۃ اللہ یعنی خلاف قانون قدرت ہے)۔ (ازالہ صفحہ ۶۲۵) اور پرانا فلسفہ بالاتفاق اس بات کو محال ثابت کرتا ہے کہ کوئی انسان اپنے اس خاکی جسم کے ساتھ کرۂ زمہریر تک بھی پہنچ سکے۔ بلکہ علم طبعی کی نئی تحقیقاتیں اس بات کو ثابت کر چکی ہیں۔ پس اس جسم کا کرۂ ماہتاب یا کرۂ آفتاب تک پہنچنا کس قدر لغو خیال ہے۔ بلکہ وہ نہایت اعلیٰ درجہ کا کشف تھا۔

قادیانی بھی ایسے کشف رکھتا ہے

اور اس قسم کے کشفوں میں مؤلف خود صاحب تجربہ ہے۔ (ازالہ صفحہ ۴۷ وصفحہ ۴۸)

مگر قادیانی صاحب نے معجزۂ شق القمر کے اقرار کے وقت پرانے اور جدید فلسفہ کے مسئلہ کو ملحوظ نہ کیا کہ یہ شق القمر خلافِ قانون کیسے ہو گیا؟

۵.....قرآن قادیانی صاحب

(یعنی وہ مخاطبات ومکالمات ربّانی جن سے قادیانی صاحب بطور وحی مشرّف ہوئے)

قرآن قادیانی یعنی قادیانی کے الہامات کی متلو عبارات

۱.....یاعیسی الذی لایضاع وقته. یعنی اے عیسیٰ جس کا وقت ضائع نہ ہوگا۔

۲.....انت منی بمنزلة لایعلمها الخلق. تو مجھ سے ایسے مرتبہ میں ہے کہ اس کو مخلوقات نہیں جانتی۔

۳.....انت منی بمنزلة توحیدی وتفریدی فحان ان تعان وتعرف بین الناس. یعنی تو مجھ سے میری توحید اور تفرید کے مرتبہ میں ہے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ تو دیکھا جائے اور لوگوں میں مشہور ہو جائے۔

۴.....هوالذی ارسل رسوله بالهدی ودین الحق لیظهره علی الدین کلّه.

Marfat.com

یعنی وہی خدا ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور دین حق کے ساتھ بھیجا تا کہ اس کو سب دینوں پر غلبہ دے۔

۵.....قل انی امرت وانا اوّل المؤمنین. کہہ دے میں مامور ہوں اور سب سے پہلا مومن ہوں۔

۶.....انت معی وانا معک خلقت لک لیلاً ونهاراً. یعنی تو میرے ساتھ ہے اور میں تیرے ساتھ ہوں اور تیرے ہی لئے رات اور دن میں نے پیدا کیا۔

۷.....اعمل ماشئت فانی قدغفرت لک. یعنی جو چاہے تو کر میں نے تجھے بخش دیا۔ (براہین صفحہ ۵۶۰)

۸.....انت بمنزلة لایعلمها الخلق. تو ایسے مرتبہ میں ہے کہ لوگ اس کو نہیں جانتے۔ (ایضاً)

۹.....یا احمد فاضت الرحمة علی شفتیک انا اعطیناک الکوثر فصل لربک وانحر ان شانئک هوالابتر واقم الصلوٰة لذکری (براہین صفحہ ۵۱۷) اے احمد تیرے لبوں پر رحمت بہتی ہے اور تجھے ہم نے کوثر دے دیا ہے پس اللہ کی نماز پڑھ اور قربانی کر تیرا دشمن گھاٹے میں ہے۔

۱۰.....سرک سری. تیرا بھید میرا بھید ہے۔

۱۱.....وضعنا عنک وزرک الذی انقض ظهرک ورفعنا لک ذکرک. تیرا بوجھ جو تیری پیٹھ توڑ دیا تجھ سے اٹھا دیا اور تیرا ذکر اونچا کر دیا۔

۱۲.....انک علی صراط مستقیم وجیها فی الدنیا والاخرة ومن المقربین. تو سیدھی راہ پر ہے دنیا اور آخرت میں تو وجاہت والا مقرب ہے۔

۱۳.....یاعیسٰی انی متوفیک ورافعک الی وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامة. ثلة من الاولین وثلة من الاٰخرین. (براہین احمدیہ صفحہ ۵۵۷)۔ اے

Marfat.com

عیسیٰ میں تجھے کامل اجر بخشوں گا یا وفات دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا اور تیرے تابعین کو منکروں پر قیامت تک غلبہ بخشوں گا پہلوں میں سے بھی ایک گروہ ہے اور پچھلوں میں سے بھی ایک گروہ ہے۔ اس جگہ عیسیٰ کے نام سے بھی یہی عاجز (یعنی قادیانی) مراد ہے۔

۱۴ ..... انی متوفیک ورافعک الیّ. (براہین احمدیہ صفحہ ۵۱۹) میں تجھ کو پوری نعمت دوں گا اور اپنی طرف اٹھاؤں گا۔ انی رافعک الیّ. (براہین احمدیہ صفحہ ۴۸۷) میں تجھے اپنی طرف اٹھانے والا ہوں۔

۱۵ ..... تموت وانا راض منک فادخلوا الجنة ان شاء اللّٰه اٰمنین. تو مرے گا اور میں خوشنود ہوں گا پس اللہ کی بہشت میں داخل ہو جاؤ امن کے ساتھ۔

۱۶ ..... سلام علیک طبتم فادخلوها اٰمنین. تم پر اللہ کا سلام تم خوش ہو اور امن کے ساتھ داخل ہو جاؤ۔

۱۷ ..... سلام علیک جعلت مبارکا انت مبارک فی الدنیا والاخرة. تیرے پر سلام تو مبارک بنایا گیا ہے اور دنیا اور آخرت میں مبارک ہے۔

۱۸ ..... اذکر نعمتی التی انعمت علیک و انی فضّلتک علی العالمین. جو نعمتیں تجھے دی گئی ہیں ان کو یاد کر اور تجھے میں نے تمام عالمین پر فضیلت دی ہے۔

۱۹ ..... لاتخف انک انت الاعلی. (براہین صفحہ ۵۵۱)۔ تو خوف نہ کر کہ تو ہی غالب ہے۔

۲۰ ..... یاداؤد عامل بالناس رفقا واحسانا۔ اے داؤد لوگوں کے ساتھ رفق واحسان سے معاملہ کر۔

۲۱ ..... واما بنعمة ربک فحدّث. تو اپنے رب کی نعمت بیان کر۔

۲۲ ..... انت محدث اللّٰه فیک مادة فاروقیة. تو ہی اللہ کا محدّث ہے اور تجھ میں مادّہ عمر فاروق کا ہے۔

Marfat.com

۲۳.....سلام علیک یا ابراھیم انک الیوم لدینا مکین امین ذوعقل متین. حبیب اللّٰہ. خلیل اللّٰہ. اسداللّٰہ. وصل علی محمد. آج تجھ پر اے ابراہیم سلام کہ تو ہمارے پاس امین اور مکین ہے، ذوعقل ہے، اللہ کا حبیب ہے، اے اللہ کے خلیل اے اسداللہ! اور محمد پر سلام کہہ۔

۲۴.....ماودّعک ربّک وماقلی. تجھے اللہ نے نہیں چھوڑا اور نہ ننگا رکھا۔

۲۵.....الم نشرح لک صدرک. کیا تیرا سینہ ہم نے کھولا نہیں۔

۲۶.....الم نجعل لک سھولۃ فی کل امر. کیا تیرے لئے ہم نے ہر کام میں سہولت نہیں کی۔

۲۷.....بیت الفکر وبیت الذکر ومن دخلہ کان اٰمنا. (براہین صفحہ ۵۵۸) بیت الفکر سے مراد وہ چوبارہ ہے جس میں یہ عاجز کتاب کی تالیف کیلئے مشغول رہا ہے اور رہتا ہے اور بیت الذکر سے مراد وہ مسجد ہے جو اس کے پہلو میں ہے جو اس میں داخل ہوگا وہ سوئے خاتمہ سے امن میں آجائے گا۔

۲۸.....ینصرک اللّٰہ فی مواطن. کتب اللّٰہ لاغلبن انا ورسلی. کئی جگہ تجھے اللہ مدد دے گا اللہ نے لکھ دیا ہے کہ میں اور میرے رسول غالب رہیں گے۔

۲۹.....یااحمد بارک اللّٰہ فیک مارمیت اذرمیت ولکن اللّٰہ رمی. اے احمد تجھے خدا برکت دے اور جب تو نے چلایا وہ اللہ کا چلانا تھا۔

۳۰.....الرحمٰن علم القران. لتنذر قوما ما انذرابائھم. ولتستبین سبیل المجرمین. رحمٰن نے قرآن سکھلایا تا کہ تو اس قوم کو ڈرائے جن کے باپ ڈرائے گئے اور تا کہ بدکاروں کا طریق ظاہر ہو جائے۔

۳۱.....قل ان کنتم تحبّون اللّٰہ فاتبعونی یحببکم اللّٰہ. انا کفیناک

Marfat.com

المستھزئین۔(براہین ۲۳۹) کہہ دے اگر تم اللہ کو چاہتے ہو تو مجھے چاہو۔ تجھے ہم نے مسخروں کے لئے کافی بنادیا ہے۔

۳۲.....**ھل انبئکم علی من تنزل الشیاطین تنزّل علی کل افّاکٍ اثیم.** میں تمہیں خبر دیتا ہوں کہ شیطان اسی پر اترتے ہیں جو گنہگار اور جھوٹ بولتا ہے۔

۳۳.....**قل عندی شھادۃ من اللّٰہ فھل انتم مؤمنون. مسلمون.** کہہ دے میرے پاس اللہ کی گواہی ہے کیا تم یقین کرو گے اسلام لاؤ گے۔

۳۴.....**ولاتقولن لشیٔ انی فاعل ذٰلک غداً. ویخوفونک من دونہ.** تو کسی کام کی نسبت مت کہو کہ میں کل کروں گا۔اور تجھے اس کے سوا خوف دلائیں گے۔

۳۵.....**انک باعیننا سمیتک المتوکّل.** تو ہماری آنکھوں کے سامنے ہے اور تیرا نام ہم نے متوکّل رکھ دیا ہے۔

۳۶.....**یحمدک اللّٰہ من عرشہ نحمدک نصلی.** تجھ کو خدا اپنے عرش سے صفت کرتا ہے تیری صفت اور نماز ہم کرتے ہیں۔

۳۷.....**یریدون ان یطفئوا نور اللّٰہ بافواھھم واللّٰہ متم نورہ ولوکرہ الکافرون. سنلقی فی قلوبھم الرعب**۔وہ خدا کے نور کو بجھانا چاہتے ہیں اپنی زبان سے اور اللہ اپنے نور کو پورا کریگا اگر چہ کافروں کو نہ بھائے۔ ہم عنقریب ان میں رعب ڈالیں گے۔

۳۸.....**اذا جاء نصر اللّٰہ والفتح. وانتھی امر الزمان الینا.** جب اللہ کی مدد اور فتح آجائے گی اور زمانہ کی حکومت ہمارے پر ختم ہوگی۔

۳۹.....**ھذا تاویل رؤیای من قبل قد جعلھا ربی حقا.** یہ ان خوابوں کی تاویل ہے جو اللہ نے دی تھیں اور خدا نے ان کو سچا کیا۔

Marfat.com

۴۰.....وقل ربّ ادخلنی مدخل صدق. واما نرینّک بعض الذی نعدهم او نتوفینک. وماکان اللّٰه لیعذبهم وانت فیهم. کہہ دے اے رب سچائی کی جگہ لے جا۔ یا تو بعض وعدے پورے کریں گے یا تجھے پورا کریں گے جس قوم میں تو ہے خدا اس کو عذاب نہ دے گا۔

۴۱.....یاتون من کل فج عمیق. ہر طرف سے لوگ تیرے پاس آئیں گے۔

۴۲.....ینصرک رجال نوحی الیهم من السماء. وہ لوگ تیری مدد کریں گے جن کو ہم آسمان سے وحی کریں گے۔

۴۳.....انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفرلک اللّٰه ما تقدم من ذنبک وما تاخّر. تجھے ہم نے ظاہری فتح دی تا کہ تیرے اگلے پچھلے گناہ خدا بخشے۔

۴۴.....ولو کان الایمان معلقا بالثریا لناله. اگر ایمان ثریا میں معلق ہوا تو بھی اس کو پالے گا۔

۴۵.....یا ایها المدثر قم فانذر وربک فکبر. اے مدّثر کھڑا ہو اور لوگوں کو ڈرا اور خدا کی بڑائی بیان کر۔

۴۶.....یا احمد یتم اسمک ولایتم اسمی. اے احمد تیرا نام پورا ہوگا اور میرا نام پورا نہ ہوگا۔

۴۷.....واتل علیهم ما اوحی الیک من ربّک ولاتصعر لخلق اللّٰه ولاتسئم من الناس. تو تیرے پر وحی کیا گیا ہے لوگوں پر پڑھ اور مخلوقات کے لئے رسوائی نہ لے اور لوگوں سے نہ ڈر۔

۴۸.....اصحاب الصفة واما ادراک مااصحاب الصفة تری اعینهم تفیض من الدمع. تیرے اصحاب صفہ اور کیسے اصحاب صفہ تو ان کی آنکھیں آنسو بہتی دیکھتا ہے۔

Marfat.com

۴۹..... یاتی زمان مختلف بازواج مختلفة وتری نسلا بعیدا ولنجینک حیٰوة طیبة ثمانین حولا او قریبا من ذٰلک. (ازالہ صفحہ ۶۳۵) نئی نئی عورتیں تیرے پر مختلف زمانے لائیں گے اور تیری نسل کثیر ہوگی اور تجھے حیات طیبہ دیں گے اور تجھے اسّی برس کی عمر یا اس کے قریب قریب دیں گے۔

۵۰..... انت وجیه فی صفرتی اخترتک لنفسی. (براہین صفحہ ۴۸۹) تو میری بارگاہ میں وجیہہ ہے اور تجھے اپنے لئے پسندیدہ کیا ہوں۔

۵۱..... نصرت بالرعب واجبت بالصدق ایها الصدیق. تو رعب کے ساتھ فتح پایا ہے تو نے سچائی کے ساتھ جواب دیا ہے اے سچّے۔

۵۲..... نصرت وقالوا لات حین مناص. تجھے نصرت دی گئی ہے اور کہیں گے وہ لات حین مناص۔

۵۳..... اذا جاء نصر اللّٰه والفتح وتمت کلمة ربّک هذا الذی کنتم به تستعجلون جب کہ اللہ کی مدد آئے گی اور اللہ کے کلمات پورے ہوں گے یہ وہی ہے جس کے لئے تم جلدی کرتے ہو۔

۵۴..... اردت ان استخلف فخلقت اٰدم انی جاعل فی الارض خلیفة. میں نے خلیفہ بنانا چاہا پس آدم کو خلیفہ بنایا اور میں زمین میں خلیفہ بنانے والا ہوں۔

۵۵..... دنی فتدلّٰی فکان قاب قوسین او ادنٰی. دو کمان یا اس سے بھی کم قرب حاصل کر لیا۔

۵۶..... یحیی الدین ویقیم الشریعة. دین زندہ کرے گا اور شریعت کو قائم کرے گا۔

۵۷..... یا اٰدم اسکن انت وزوجک الجنّة. اے آدم تو اپنی عورت سمیت جنت میں جا۔

۵۸..... یا مریم اسکن انت وزوجک الجنّة. اے مریم تو اپنی عورت کے ساتھ

Marfat.com

جنت میں جا۔

۵۹.....یا احمد اسکن انت وزوجک الجنّة. اے احمد تو اپنی عورت سمیت جنت میں جا۔

۶۰.....نفخت فیک من لدنی روح الصدق. اپنے پاس سے میں نے تجھ میں سچائی کی روح پھونک دی۔

۶۱.....انا انزلناہ قریبا من القادیان. وبالحق انزلناہ وبالحق نزل. صدق اللّٰہ رسولہ وکان امر اللّٰہ مفعولا. قادیان کے قریب ہم نے اس کو اتارا اور سچائی کے ساتھ اتارا اور اترا۔ اللہ اور اس کا رسول سچّا ہے اور کام ہونے والا ہے۔

۶۲.....سبحان الذی اسری بعبدہ لیلا. عجز سے پاک ہے وہ خدا جس نے اپنے بندے کو رات میں سیر کرایا۔

۶۳.....جری اللّٰہ فی حلل الانبیاء. اللہ تعالیٰ انبیاء کے حلّوں میں داخل ہو گیا۔

۶۴.....بشری لک یااحمدی انت مرادی وھی غرست کرامتک بیدی. اے احمد تجھے بشارت ہو تو ہی میری مراد ہے اور تیری بزرگی میں نے اپنے ہاتھ سے لگائی ہے۔

۶۵.....ومارسلناک الارحمة للعالمین. اور ہم نے تجھے رحمۃ للعالمین بنا کر بھیجا ہے۔

۶۶.....انی ناصرک. انی حافظک. انی جاعلک للناس اماما. اکان للناس عجبا. قل ھو اللّٰہ عجیب. یجبی من یشاء من عبادہ لا یسئل عما یفعل وھم یسئلون. وتلک الایام نداولھا بین الناس. وقالوا انی لک ھذا وقالوا ان ھذا الا اختلاق. میں تیرا ہی مددگار، محافظ اور تجھے امام بنانے والا ہوں۔ کیا لوگوں کو تعجب ہے۔ کہہ دے اللہ عجیب ہے جس کو چاہے اپنے بندوں میں سے پسند کر لیتا ہے۔ وہ اپنے کئے پر پوچھا نہیں جاتا اور لوگ پوچھے جائیں گے۔ اور یہ دن لوگوں میں

Marfat.com

پھرتے رہتے ہیں اور کہیں گے یہ دن تیرے لئے کہاں؟ اور کہیں گے یہ بناوٹی بات ہے۔

٦٧ .....اذا نصر اللّٰہ المومن جعل له الحاسدین فی الارض فالنار موعدهم. قل اللّٰہ ثم ذرهم فی خوضهم یلعبون. جب اللہ مومن کو مدد دیتا ہے تو اس کے لئے زمین میں حاسد بنا دیتا ہے جن کی جگہ دوزخ ہے۔ کہہ دے اللہ بس ہے پھر ان کو اپنے خیالات میں کھیلنے دے۔

٦٨ .....تلطف بالناس وترحم علیهم انت فیهم بمنزلة موسیٰ واصبر علی مایقولون. لوگوں سے نرمی کر اور ان پر رحم کر تو ان میں موسیٰ کی جا بجا ہے اور ان کے کہے پر صبر کر۔

٦٩ .....قال اللّٰہ فی حقی انت منی وانا منک. (ضمیمۂ اخبار ریاض مطبوعہ ہوشیار پور مجریہ امرت سر یکم مارچ ١٨٨٦ء۔ صفحہ ١٤٨، سطر ٤ کالم ثانی) میرے حق میں خدا نے کہا ہے تو مجھ سے اور میں تجھ سے ہوں۔

٧٠.....انانبشرک بغلام علیم مظهر الحق والعلاء کان اللّٰہ نزل من السماء اسمه عمانوائیل یولدلک الولد ویدنی منک الفضل ان نوری قریب قل اعوذ برب الفلق من شرماخلق. (انجام آتھم صفحہ ٦٢) ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جو مظہر الحق ہوگا گویا خدا آسمان سے اترا ہے ان کا نام عمانوائیل ہے۔ تیرا لڑکا ہوگا اور تیری بزرگی حاصل کرے گا میرا نور قریب ہے۔ کہہ دے اللہ کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں ہر شے کے شر سے۔

٧١ ..... عجل جسد له خوار. فله نصب وعذاب. ایک بچھڑے کا جسم ہے اور اس کے لئے عذاب ہے۔

٧٢ ..... یاتی قمر الانبیاء وامرک یلتاتی یوم. یجئ الحق ویکشف الصدق ویخسر الخاسرون. پیغمبروں کا چاند آئے گا اور تیرا حکم اس دن آئے گا جب کہ حق

Marfat.com

آئے گا اور سچائی کھلے گی اور خسارہ والے خسارہ میں ہوں گے۔

۷۳.....اللّٰہ الذی جعلک المسیح ابن مریم. خداوہ ہے جس نے مسیح ابن مریم بنادیا۔

۷۴.....قل انما انا بشر مثلکم یوحی الیّ انما الٰھکم الہ واحد. والخیر کلہ فی القراٰن. کہہ دے میں تمہاری مثل آدمی ہوں۔ میری طرف وحی آتی ہے کہ خدا تمہارا ایک ہے اور تمامی خیر قرآن میں ہے۔

۷۵.....ولقد لبثت فیکم عمرا من قبلہ افلا تعقلون. وقالوا ان ھذا الافتراء قل ان ھدی اللّٰہ ھوالھدی الا ان حزب اللّٰہ ھم الغالبون. الیس اللّٰہ بکاف عبدہ فبرأہ اللّٰہ مما قالوا وکان عنداللّٰہ وجیھا. واللّٰہ موھن کید الکافرین ولنجعلہ اٰیۃ للناس ورحمۃ منا وکان امرا مقضیا. قول الحق الذی فیہ تمترون. میں کتنے دن اس سے پہلے تم میں رہا لیکن وہ نہیں سمجھتے اور کہتے ہیں کہ یہ افتراء ہے۔ کہہ دے اللہ کی ہدایت ہی ہدایت ہے۔ اللہ کے لشکر کو ہی غلبہ ہے۔ کیا خدا اپنے بندے کے لئے بس نہیں۔ اللہ نے اس کو ان کے کہنے سے بری کر دیا اور اللہ کے نزدیک وہ وجیہہ تھا۔ اور اللہ ان کے مکر کو سست کر دے گا اور اس کو آدمیوں کیلئے ایک نشانی بنا دینے کی اور اللہ کا کام ہونے والا ہے یہ ایسا سچا قول ہے جس میں کوئی شک نہیں۔

۷۶.....انت من مائنا وھم من فشلّ. تو ہمارے پانی سے ہے اور دوسرے گندے پانی سے۔

۷۷.....واذا قیل لھم اٰمنوا کما اٰمن الناس قالوا انؤمن کما اٰمن السفھاء الا انھم ھم السفھاء ولکن لایعلمون. جب ان کو کہا جاتا ہے کہ ایمان لاؤ تو کہتے ہیں کہ آیا ہم جاہلوں کی طرح ایمان لائیں۔ مگر دراصل وہی جاہل ہیں اور جانتے نہیں۔

۷۸.....کنت کنزا مخفیا فاحببت ان اعرف. میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا اور ظاہر ہونے کو چاہا۔

۷۹.....ان الذین کفروا وصدّوا عن سبیل اللّٰہ رد علیھم رجل من فارس.

Marfat.com

جو کافر ہوئے اور اللہ کی راہ سے رکے ان پر ایک فارسی آدمی نے رد کیا۔

۸۰.....یا احمد اجیب کل دعائک الا فی شرکائک. اے احمد تیری ہر دعا قبول، مگر تیرے شریکوں کے حق میں قبول نہیں۔

۸۱.....وقالوا اتجعل فیھا من یفسد فیھا قال انی اعلم مالا تعلمون. اور کہے کیا تو ہم میں مفسد کو بھیجتا ہے کہا میں وہ جانتا ہوں تو تم نہیں جانتے۔

۸۲.....وقالوا کتاب ممتلئ من الکفر والکذب قل تعالوا ندع ابنائنا وابنائکم ونساءنا ونسائکم وانفسنا وانفسکم ثم نبتھل فنجعل لعنة اللّٰہ علی الکاذبین. اور کہے یہ کتاب کفر سے اور جھوٹ سے بھری ہے۔ کہہ دے آؤ ہم اپنے لڑکوں، بالوں اور عورتوں اور اپنے کو لا کر مباہلہ کریں اور جھوٹوں پر لعنت بھیجیں۔

۸۳.....ولعزّتی وجلالی انک انت الاعلٰی. میری عزّت اور جلال کی قسم کہ تو ہی غالب ہے۔

۸۴.....اصنع الفلک باعیننا ووحینا. ان الذین یبایعونک انما یبایعون اللّٰہ ید اللّٰہ فوق ایدیھم ہمارے سامنے کشتی بنا جو لوگ تجھ سے بیعت کریں گے وہ خدا سے بیعت کرتے ہیں۔ اللہ کا ہاتھ غالب ہے۔

۸۵.....نادانی وکلمنی انی مرسلک الی قوم مفسدین وانی جاعلک للناس اماما وانی مستخلفک اکراما کما خبرت سنتی فی الاولین. مجھے خدا نے پکارا اور کلام کی کہ میں تجھے مفسدوں کی طرف بھیجوں گا اور تجھے لوگوں کا امام بناؤں گا اور تجھے خلیفہ بناؤں گا جیسے کہ میری عادت پہلوں میں رہی۔

۸۶.....انک انت منی المسیح ابن مریم وارسلت لیتم ما وعد من قبل ربک الاکرام. تو مجھ سے مسیح ابن مریم ہی ہے اور تجھے اتمام وعدہ کے لئے بھیجا ہوں۔

۸۷.....واخبرنی ان عیسٰی نبی اللّٰہ قد مات ورفع من ھذہ الدنیا فما کان لہ

Marfat.com

ان ینزل الا بروزا کالسابقین وقال سبحانه انک انت هو فی حلل البروز وهذا هو الوعد الحق الذی کالسر المرموز فاصدع بما تؤمر ولا تخف السنة الجاهلین. (مکتوب عربی) اور مجھے اس نے خبر دی ہے کہ عیسیٰ نبی اللہ مر گیا ہے اور اس دنیا سے اٹھایا گیا ہے۔ پس اس کا اترنا بجز بروز کے نہیں جیسے پہلے بروز کئے اور خدا نے کہا تو وہی ہے جو بروز کے حلّہ میں ہے اور یہی خدا کا سچا وعدہ ہے جو بجائے سر مرموز ہے۔ پس امر کو بجالا اور جاہلوں کی زبان سے نہ ڈر۔

۸۸.....انت اشد مناسبة بعیسٰی بن مریم واشبه الناس به خلقا وخلقا وزمانا. (ازالہ صفحہ ۱۲۳) تجھے عیسیٰ سے شدید مناسبت ہے اور باعتبار فطرت اور عادت اور زمانہ کے سب سے زیادہ تر عیسیٰ سے مشابہ ہے۔

۶.....علماء امّت محمد یہ ﷺ

جو علماء کہ عیسیٰ کی موت کے قائل نہیں بلکہ ان کی حیات اور رفع مع الجسم کے قائل ہیں وہ سب کے سب ضلالت پر متفق ہیں۔ ان کے قول بالکل خرافات ہیں اور جو قادیانی کے منکر ہیں وہ طرح طرح کے عذاب کے مستحق اور ختم اللّٰه علی قلوبهم میں داخل۔

اور اکثر امت محمد یہ یہودی ہو جانے کے سبب سے جس طرح کہ موسیٰ کے بعد چودہ سو (۱۴۰۰) برس گذرنے کے عیسیٰ بن مریم یہودیوں کی اصلاح کے لئے آئے اسی طرح حق تعالیٰ نے مجھے محمد ﷺ کے بعد عیسیٰ بن مریم ٹھہرا کر اور اُمّتِ محمد یہ ﷺ کو یہودی ٹھہرا کر ان کی اصلاح کیلئے بھیجا ہے۔

قادیانی صاحب کا علماء کو یہودی اور بدذات اور ملعون اور ظالم وغیرہ کہنا

اور اُمّت کے علماء کو ان الفاظ کے ساتھ خطاب کیا ہے کہ ''اے بدذات فرقہ

Marfat.com

مولویاں! تم کب تک حق کو چھپاؤ گے؟ کب وہ وقت آئے گا کہ تم یہودیانہ خصلت کو چھوڑو گے؟ اے ظالم مولویو! تم پر افسوس! کہ تم نے جس بے ایمانی کا پیالہ پیا وہی عوام کالانعام کو بھی پلایا''۔ (انجام آتھم صفحہ ۲۱)

اور اپنے وقت کے علماء کو جن میں اکثر تو نبی ﷺ کی متابعت کی برکت سے مدارج فنافی اللہ اور بقاء باللہ تک پہنچے ہوئے ہیں۔ جیسے حضرت شیخ الہ بخش سجادہ نشین حضرت شاہ سلیمان تونسوی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت شیخ غلام نظام الدین بریلوی۔ تذکر معهم الشيخين المشهورين يعنى الشيخ اله بخش التونسوى والشيخ غلام نظام الدين البريلوى فايها الشيخ انى اعلم انک رئيس هذه الثمانية وكمثل امام لتلک الفئة الباغية وهم لک كالتلاميذ فى اخواته او كالمسحورين فاتنى بخيلک ورجلک واجمع كل دجلک وانحت انواع الافتنان واتنى مع جموعک من اهل العدوان وصل علىّ كحبشىّ صال على كعبة الرحمان واما الاخرون الدين سموا انفسهم مولويين مع كونهم من الغاوين الجاهلين فنزه الكتاب عن ذكرهم ولاتنجس الصحيفة من كثرة ذكر الخبيثين الذين يقلدون اكابرهم وليسوا من المتدبرين. (مکتوب عربی ص ۲۵۴۔ ۲۵۵) دو مشہور مشائخ کا ذکر کرتے ہیں یعنی شیخ الہ بخش تونسوی اور شیخ غلام نظام الدین بریلوی۔ پس اے شیخ تونسوی میں تجھے جانتا ہوں کہ تو ان آٹھوں کا سردار ہے اور ان باغیوں کا گویا تو امام ہے اور غوائیت اور ضلالت میں گویا تیرے شاگرد ہیں یا تیرے جادو کئے ہوئے ہیں پس تو اپنے پیادوں اور سواروں کے ساتھ آ اور اپنے کل مکروں کو جمع کر اور اقسام کے فتنے تراش کر اور اپنے اہل عدوان جماعتوں کو لا اور مجھ پر اس حبشی کی طرح حملہ کر جس نے کعبۃ اللہ پر حملہ کیا۔ اور دوسرے علماء جو اپنے کو مولوی کہتے ہیں باوجودیکہ وہ گمراہ اور

Marfat.com

جاہل ہیں ہم ان کے ذکر سے اپنی کتاب کو پاک کرتے ہیں اور زیادہ خبیثوں کے ذکر سے اپنی کتاب کو پلید نہیں کرتے جو کہ اپنے اکابر کی تقلید کرتے ہیں اور عقل وفکر نہیں رکھتے۔

۷.....تفسیر قادیانی جوان کو الہام ہوئی

قادیانی کی تفسیر قرآن

ازالہ کے صفحہ ۷۲۶ میں قادیانی صاحب لکھتے ہیں۔ کہ مولوی لوگ اس بات کی شیخی مارتے ہیں کہ ہم بڑے متقی ہیں۔ میں نہیں جانتا کہ نفاق سے زندگی بسر کرنا انہوں نے کہاں سے سیکھ لیا ہے۔ کتاب الٰہی کی غلط تفسیروں نے انہیں بہت خراب کیا ہے اور ان کے دلی اور دماغی قویٰ پر بہت برا اثر ان سے پڑا ہے۔ اس زمانہ میں بلاشبہ کتاب الٰہی کے لئے ضروری ہے کہ اس کی ایک نئی اور صحیح تفسیر کی جائے۔

موجودہ تفسیریں قرآن کی فطرتی سعادت کے مخالف ہیں اور غلط ہیں

کیونکہ حال میں جن تفسیرں کی تعلیم دیجاتی ہے وہ نہ اخلاقی حالت کو درست کرسکتی ہیں اور نہ ایمانی حالت پر نیک اثر ڈالتی ہیں بلکہ فطرتی سعادت اور نیک روشنی کی مزاحم ہورہی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ دراصل اپنے اکثر زوائد کی وجہ سے قرآن کریم کی تعلیم نہیں ہے۔ قرآنی تعلیم ایسے لوگوں کے دلوں سے مٹ گئی ہے کہ گویا قرآن آسمان پر اٹھایا گیا ہے۔ وہ ایمان جو قرآن نے سکھلایا تھا اس سے لوگ بے خبر ہیں۔ وہ عرفان جو قرآن نے بخشا تھا اس سے لوگ غافل ہوگئے ہیں۔ ہاں سچ ہے کہ قرآن پڑھتے ہیں مگر قرآن ان کے حلق سے نیچے نہیں اترتا۔ انہیں معنوں سے کہا گیا ہے کہ آخری زمانہ میں قرآن آسمان پر اٹھایا جائے گا۔ پھر انہیں حدیثوں میں لکھا ہے کہ پھر دوبارہ قرآن کو زمین پر لانے والا ایک مرد فارسی الاصل ہوگا۔ جیسا کہ فرمایا ہے لو کان الایمان معلقا بالثریا لناله رجل من فارس. یہ حدیث

Marfat.com

درحقیقت اسی زمانہ کی طرف اشارہ کرتی ہے جوآیت **انا علیٰ ذھاب بہٖ لقادرون** میں اشارۃً بیان کیا گیا ہے۔(یعنی ۱۲۷۴ھ، ۱۸۵۷ء زمانۂ غدر) انتہیٰ

پھر صفحہ ۳۱۸ میں لکھا ہے کہ عادت اللہ ہر ایک کامل ملہم کے ساتھ بھی رہی ہے کہ عجائبات مخفیہ فرقان اس پر ظاہر ہوتے رہے ہیں بلکہ بسا اوقات ایک ملہم کے دل پر قرآن شریف کی آیت الہام کے طور پر اِلقا ہوتی ہے اور اصل معنی سے پھر کر کوئی اور مقصود اس سے ہوتا ہے۔

عبداللہ غزنوی کے الہامات

جیسا کہ مولوی عبداللہ صاحب غزنوی (جو غزنی سے اپنی لامذہبی اور وہابیت کی پاداش میں نکالے گئے اور جن کی بدولت پنجاب میں وہابیت کا بیج بویا گیا) اپنے ایک مکتوب میں لکھتے ہیں کہ مجھے ایک مرتبہ الہام ہوا **قلنا یانار کونی بردا وسلاما** مگر میں اس کے معنی نہ سمجھا۔ پھر الہام ہوا **قلنایاصبر کونی بردا وسلاما** تب میں سمجھا گیا کہ نار سے مراد اس جگہ صبر ہے۔ اور پھر فرماتے ہیں کہ ایک دفعہ مجھے الہام ہوا کہ **ربّ ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق** اور اس سے مراد اصلی معنی نہیں تھے بلکہ یہ مراد تھی کہ مولوی صاحب کوہستانی ریاست کابل سے پنجاب کے ملک میں بزیر سلطنت برطانیہ آجائیں گے اور اسی طرح انہوں نے اپنے الہامات میں کئی آیات فرقانی لکھی ہیں اور ان کے اصلی معنی چھوڑ کر کوئی اور معنی مراد لئے ہیں۔ انتہیٰ

سورۂ والعصر کی تفسیر قادیانی

پس قادیانی صاحب اسی مولوی عبداللہ غزنوی کی اقتداء کر کے جو فرقہ وہابیہ کے مقتدا ہیں۔ ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۳۱۱ میں لکھتے ہیں، کہ قرآن شریف کے عجائبات اکثر بذریعۂ الہام میرے پر کھلتے رہے ہیں اور اکثر ایسے ہوتے ہیں کہ تفسیروں میں ان کا نام ونشان نہیں پایا جاتا مثلاً یہ جو اس عاجز پر کھلا ہے کہ ابتدائے خلقت آدم سے جس قدر

Marfat.com

آنحضرت ﷺ کے زمانۂ بعثت تک مدت گذری تھی وہ تمام مدت سورہ والعصر کے اعداد حروف میں بحساب قمری مندرج ہے یعنی چار ہزار سات سو چالیس (۴۷۴۰)۔ اب بتلاؤ کہ یہ دقائق قرآنیہ جس میں قرآن کریم کا اعجاز نمایاں ہے کس تفسیر میں لکھا ہے؟

سورۂ لیلۃ القدر کے اسرار

ایسا ہی خدا تعالیٰ نے میرے پر یہ نکتہ معارف قرآنیہ کا ظاہر کیا کہ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر کے صرف یہ معنی نہیں کہ ایک بابرکت رات ہے جس میں قرآن شریف اترا۔ بلکہ باوجود ان معنوں کے جو بجائے خود صحیح ہیں اس آیت کے بطن میں دوسرے معنی بھی ہیں جو رسالہ فتح الاسلام میں درج کئے گئے ہیں (یعنی لیلۃ القدر رات سے رات مراد نہیں بلکہ وہ زمانہ مراد ہے جو بوجہ ظلمت رات کے ہمرنگ ہے اور وہ نبی یا اس کے قائم مقام مجدد کے گذر جانے سے ایک ہزار مہینے کے بعد آتا ہے۔ (فتح الاسلام صفحہ ۵۴) اب فرمایئے کہ یہ تمام معارف حقہ کس تفسیر میں موجود ہیں؟ (انتہیٰ، ازالہ صفحہ ۳۱۱)

قادیانی اور غزنوی کی تفسیر غلط اور مخالف اور تلبیس ابلیس ہے

ہم اسی کتاب کے مقدمہ دوئم میں ثابت کر چکے ہیں کہ جو الہام کہ اس ظاہری شریعت کے مخالف ہو جو نقلاً بعد نقل مدون ہے وہ تلبیس ابلیس سے ہرگز محفوظ نہیں ہو سکتا اور نہ وہ کسی طرح اپنی صحت پر فتویٰ حاصل کرتا ہے۔ پس ہم بالتفصیل بتاتے ہیں کہ قادیانی صاحب اور ان کے مقتدا عبداللہ غزنوی کی یہ چاروں الہامی تفسیریں شریعت منقولہ کی کس قدر مخالف ہیں۔ کیونکہ آیت قلنا یانار کونی بردا وسلاماً میں نار سے مراد نار نمرودی ہے جو ابراہیم علیہ السلام پر برد اور سلام ہو گئی اور آیت رب ادخلنی مدخل صدق میں داعی سے خود ذات رسول اللہ ﷺ منصوص ہے۔ اور مدخل صدق اور مخرج صدق سے مدینہ اور مکہ مقصود ہے جیسے کہ قتادہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ عن قتادہ فی قولہ رب ادخلنی مدخل

Marfat.com

صدق الاٰیة اخرجه اللّٰه من مكة مخرج صدق وادخله المدينة مدخل صدق. (ازالۃ الخفا صفحہ۲۰۶)۔مگر جائے افسوس ہے کہ اس مولوی نے حکومت کفر کو مدخل صدق کیونکر سمجھ لیا۔اور چار ہزار سات سو چالیس برس کی مدّت حضرت آدم اور حضرت محمد مصطفیٰ علیہما السلام کے درمیان ہوئی قادیانی صاحب نے کہاں سے ادراک کی؟ حالانکہ شیخ سیوطی رضی اللہ عنہ نے اپنے رسالہ برزخیہ میں بعد تحقیق تمام بقول وہب فیصلہ کر دیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت حضرت آدم علیہ السلام کے بعد چھ ہزار چھ سو برس پر ہوئی۔اور خود قادیانی صاحب ازالۃ الاوہام کی جلد دوم میں اس حدیث سے استدلال فرما چکے ہیں جو ابن عبّاس پر موقوف ہے کہ الدنيا سبعة ايام كل يوم الف سنة ومبعث رسول اللّٰه فی اٰخرها یعنی دنیا کا برزخ سات ہزار برس ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آخری ہزار میں مبعوث ہوئے ہیں۔اور سورۂ لیلۃ القدر کے نزول کے متعلق ترمذی اور حاکم اور بیہقی بروایت حسن بن علی تصریح فرما چکے ہیں کہ واخرج الترمذی والحاكم والبيهقی عن الحسن بن على قال ان رسول اللّٰه صلی اللہ علیہ وسلم قدرأى بنى امية يخطبون على منبره رجلا رجلا فساءه ذٰلک فنزلت انااعطيناک الكوثر ونزلت اناانزلناه فی ليلة القدر ومااداراک ماليلة القدر ليلة القدر خيرمن الف شهر يملكها بنواميّة قال القاسم بن الفضل فحسبنا ملک بنى امية فاذا هی الف شهر لاتزيد ولاتنقص. (ازالۃ الخفا صفحہ۱۵۴) کہ فرمایا انہوں نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ بنی امیّہ آپ کے منبر پر باری باری سے چڑھ کر خطبہ پڑھ رہے ہیں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ امر نہ بھایا کہ اتنے میں سورۂ کوثر اور سورۂ لیلۃ القدر نازل ہوگئی یعنی اس امر کی طرف اشارہ فرمایا کہ وہ رات جس میں قرآن کا نزول ہوا وہ ان ہزار مہینوں سے بہتر ہے جن کے گذرنے تک بنی اُمیّہ مالک ملک رہیں گے۔قاسم بن الفضل فرماتے ہیں کہ ہم نے اس روایت کے سننے پر بنی اُمیّہ کی سلطنت کی مدّت حساب کی تو وہ پورے ہزار مہینہ ہی نکلے۔

Marfat.com

مگر ہمارے اس بیان کے دیکھنے سے قادیانی صاحب گوش بآغوش ہوں گے کہ ان کی الہامی تفسیر کس قدر شریعت منقولہ سے باہر ہے اوران کے احلامی معارف غیر مطابق شریعت ہونے کے علاوہ حقّانیت سے کس قدر دور ہیں۔

پس بطور مشتے نمونہ خردوار ہم چند آیات قرآنی کی تفسیر الہامی جو قادیانی صاحب نے لکھی ہے حسب ذیل اپنے جوابات کے ساتھ لکھتے ہیں جس سے انصاف پسند دوستوں پر ظاہر ہوگا کہ ان کے الہامات کو شریعتِ منقولہ کس قدر اور کس درجہ تک رد کرتی ہے۔

ا.....سورۂ الحمد

سورۂ الحمد کی تفسیر

قادیانی صاحب ازالۃ الاوہام کے صفحہ ۲۵۷ میں آیت اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیھم کی تفسیر الہامی طور سے اس طرح لکھتے ہیں۔یعنی اے میرے خداوند رحمٰن ورحیم ہمیں ایسی ہدایت بخش کہ ہم آدم صفی اللہ کے مثیل ہوجائیں، شیث نبی اللہ کے مثیل بن جائیں، حضرت نوح آدم ثانی کے مثیل ہوجائیں، ابراہیم خلیل اللہ کے مثیل ہوجائیں، موسیٰ کلیم اللہ کے مثیل ہوجائیں، عیسیٰ روح اللہ کے مثیل ہوجائیں اور جناب احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ حبیب اللہ کے مثیل ہوجائیں اور دنیا کے ہرایک صدیق وشہید کے مثیل ہوجائیں۔اب ہمارے علماء جو مثیل ہونے کے دعوے کو کفر والحاد خیال کرتے ہیں اور جس شخص کو الہام الٰہی کے ذریعہ سے اس ممکن الحصول مرتبہ کی بشارت دی جائے اس کو ملحد اور کافر اور جہنمی ٹھہراتے ہیں۔ذرا سوچ کر بتائیں کہ اگر اس آیت کریمہ کے یہ معنی نہیں ہیں جو میں نے بیان کئے ہیں تو اور کیا معنی ہیں؟ اور اگر یہ معنی صحیح نہیں ہیں تو پھر اللہ عزوجل کیوں فرماتا ہے کہ قل ان کنتم تحبّون اللّٰہ فاتّبعونی یحببکم اللّٰہ اب سوچنا چاہیے کہ جس وقت انسان ایک محبوب کی پیروی سے خود بھی محبوب

Marfat.com

بن گیا تو کیا اس محبوب کا مثیل ہی ہو گیا یا ابھی غیر مثیل رہا؟

افسوس! آج تک جس قدر اکابر متصوفین گذرے ہیں ان میں سے ایک کو بھی اس میں اختلاف نہیں ہے کہ اس دنیا میں مثیل الانبیاء بننے کی راہ کھلی ہوئی ہے جیسا کہ آنحضرت خوشخبری فرما گئے ہیں کہ علماء اُمّتی کانبیاء بنی اسرائیل اور حضرت بایزید بُسطامی قدس سرّہ کے کلمات طیّبہ تذکرۃ الاولیاء میں حضرت فرید الدین عطّار نقل کرتے ہیں۔ کہ وہ فرماتے ہیں، میں ہی آدم ہوں، میں ہی شیث ہوں، میں ہی نوح ہوں، میں ہی ابراہیم ہوں، میں ہی موسیٰ ہوں، میں ہی عیسیٰ ہوں، میں ہی محمد ہوں، اور ستّر مرتبہ کافر اور ملحد ٹھہرا کر بُسطام سے نکالے گئے ہیں لیکن اس زمانہ کے لوگ گذرنے کے بعد پھر علماء ان کے ایسے معتقد ہو گئے کہ ان کے شطحیات کی بھی تاویلیں کرنے لگے۔ اور بٹالوی صاحب نے قادیانی صاحب کی تائید میں فتوحات مکیّہ باب ۲۲۳ کی عبارت نقل کر دی کہ غاية الوصلة ان يكون الشئ عين ماظهر ولايعرف كمارأيت رسول اللّٰه وقد عانق ابن حزم المحدث فغاب احدهما فى الأخر فلم نرالاواحدا وهو رسول اللّٰه فهذه غاية الوصلة وهو المعبر عنه. بالاتحاد۔

جذبۂ شوق بحدّ یست میان من وتو کہ رقیب آمد ونشناخت نشانِ من وتو

الیٰ آخرہ. انتھیٰ

صحیح تفسیر

مگر ہدایت پسند دوستوں پر ظاہر ہوگا کہ خدا تعالیٰ اس آیت کریمہ میں اپنے بندوں کو یہی تعلیم فرما رہا ہے کہ وقت مُناجات انہیں لوگوں کا طریقہ اور اقتداء مجھ سے طلب کرو جن کو نعمائے الٰہی عطا ہوئے ہیں یعنی انبیاء اور صدّیق اور شہداء اور صالحین۔ جیسے کہ ایک دوسری آیت سے ظاہر ہے اور جیسے کہ خود نبی کریم ﷺ نے تعلیم فرمائی کہ اصحابی

Marfat.com

کالنجوم بایّھم اقتدیتم اھتدیتم یعنی میرے اصحاب ستاروں سے صفت ہدایت میں مشابہت رکھتے ہیں پس ان میں سے جن کا اقتداء کرو گے صراطِ مستقیم پر رہو گے اور نیز فرمایا اقتدوا بالذین من بعدی ابی بکر وعمر یعنی میرے بعد ابی بکر اور عمر کا اقتداء کرو۔ پس صراط مستقیم جو صراط انبیاء اور شہداء اور صالحین اور صدیقین ہے اس کی ابتداء ان کی اقتداء کے بغیر حاصل ہونی ممکن نہیں۔ اور یہ کس قدر سوء ادب ہے کہ جن کی اقتداء کرنے سے صراط مستقیم کی ہدایت ہوتی ہے انہیں کا مقتدا ہونے کی دعا مانگی جائے یا انہیں کا مثیل ہونے کا اِدّعا کیا جائے جیسے کہ قادیانی صاحب نے کیا حالانکہ حرف کاف فقط کسی ایک صفت میں تشبیہ کا افادہ دیتا ہے نہ کہ تمامی صفات میں۔ پس کوئی بھی کسی نبی کا ہمسر اور مثیل نہیں ہوسکتا اور ظاہر ہے کہ فقط صراط مستقیم پر چلنے سے نہ شہید ہوسکتا ہے جب تک کہ اس کو شہادت کا ذائقہ نہ چکھایا جائے اور نہ صدیق ہوسکتا ہے جب تک کہ حضرت صدّیق اکبر رضی اللہ عنہ کی طرح سالہا سال آغوش نبی میں پرورش یافتہ نہ ہو۔ پھر کوئی صراط مستقیم سے بھٹکا ہوا ان کا ہمرتبہ یا مثیل ہونے کا دعویٰ کس طرح کرسکتا ہے؟ علی الخصوص سیّد الانبیاء محمد مصطفیٰ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کا مثیل ہونا یعنی ان کا ہم صفت ہونا۔ حالانکہ علماء نے تصریح کردی ہے کہ ؎

مثل النبی محمد قدامتنع　　من قال بالامکان صارمکفرا

یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی مثال یا مثیل ممتنع یعنی محال ہے اور جو ممکن کہے وہ کافر ہے۔

اور شیخ شرف الدین بوصیری قصیدۂ بردہ شریف میں لکھتے ہیں ؎

منزہ عن شریک فی محاسنہ　　فجوھر الحسن فیہ غیر منقسم

او منزہ از شریک اندر محاسن آمدہ　　جوہر حسن محمد صلی اللہ علیہ وسلم پارہ نامد در رقم

Marfat.com

بایزید کا قول کہ میں ہی شیث ہوں آہ۔اس کا سد

ہاں یہ سچ ہے کہ بایزید بسطامی علیہ الرحمۃ نے کہا کہ میں ہی آدم ہوں میں ہی شیث ہوں میں ہی نوح ہوں اور میں ہی ابراہیم ہوں اور میں ہی موسیٰ ہوں اور میں ہی عیسیٰ ہوں اور میں ہی محمد ہوں۔لیکن قادیانی صاحب بایزید کا یہ قول نقل کرنا بھول گئے جو کہا کہ میں ہی خدا ہوں اور میرے جبّہ میں اللہ کے سوا کچھ نہیں۔جس کی نسبت حضرت روم رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ ؎

بامریدان آں فقیرِ محتشم　　بایزید آمد کہ یزدان نک منم
گفت مستانہ عیان آں ذوفنون　　لا الٰہ الا انا فاعبدون
چوں گذشت آن حال گفتندش صباح　　تو چنیں گفتی ونبود آن صلاح
گفت این بارارکنم این مشغلہ　　تیغہا برمن زنید آن دم ہلہ
حق منزّہ ازتن ومن باتنم　　چون چنین گویم بباید کشتنم
چوں وصیّت کرد آں آزادہ مرد　　ہرمریدے کاردے آمادہ کرد
مست گشت وباز استغراق رفت　　آں وصیت ہاش ازخاطر برفت
عشق آمد عقل اوآوارہ شد　　صبح آمد شمع اوبیچارہ شد
عقل خود شحنہ است چوں سلطان رسید　　شحنہ بیچارہ درکنجے خزید
عقل سایہ حق بود حق آفتاب　　سایہ را باآفتابِ اوچہ تاب
چوں پری غالب بود برآدمی　　گم شود ازمرد وصفِ مردمی
ہرچہ گوید آں پری گفتہ بود　　زیں سرے نہ زان سرے گفتہ بود
چوں پری را ایں دم وقانون بود　　کردگاں آں پری خود چوں بود
چوں ہمائے بیخودی پرواز کرد　　آں سخن را بایزید آغاز کرد

Marfat.com

عقل او سیلِ تحیّر دربود زاں قوی ترگفت کاوّل گفتہ بود
نیست اندر جُبّہ ام الاخدا چند جویَ درزمین ودرسما
آں مریدان جملہ درہم آمدند تیغہا برجسم پاکش مے زدند
ہریکے چوں ملحداں در گرد کوہ کارد میزد پیر خودراباستوہ
ہرکہ اندر شیخ تیغے مے خلید بازگونہ اوتنِ خودمے درید
وانکہ اور ازخم اندرسینہ زد سینہ اش بشگافت شد مردہ ابد
یک اثرنے برتنِ آں ذوفنون واں مریدان خستہ غرقاب خون
روزگشت وآن مریدان کاستہ نوحہ ہازجان شان برخاستہ
پیش اوآمد ہزاراں مردوزن کائے دوعالم درج دریک پیرہن
این تنِ توگرتنِ مردم بُدے چون تنِ مردم زخنجر گُم شدے
باخودے یابیخودے دوچارزد باخود اندر دیدۂ خودخارزد
اے زدہ بر بیخوداں توذوالفقار برتنِ خودمیزنی آں ہوشدار
زانکہ بےخودفانی است وایمن است تاابد درایمنی اوساکن است
نقش اوفانی دادشد آئینہ غیرنقش روئے غیراں جائے نہ
گرکُنی تف سوئے روی خودکنی درزنی برآئینہ برخودزنی
دربہ بینی روئے زشت آنہم توئی دربہ بینی عیسیٰ مریم توئی
اونہ این است ونہ آں اوساداہ است نقش تودرپیش توبنہادہ است

مگر جائے غور ہے کہ قادیانی صاحب کی طرح بایزید کی مثل بزرگواروں نے کبھی مثیل ہونے کادعویٰ نہ کیااورسرّ اس میں یہ ہے کہ ان کو ہرایک مرتبہ کی فناوبقا کے وقت اپنی ہستی نظرانداز ہوتی رہی اور بآواز بلند پکاراٹھے کہ ؎

Marfat.com

خواجہ مگو کہ من منم من نہ منم نہ من منم　　جان من اوست در تنم من نہ منم نہ من منم
فاش ونہانِ اومنم گنج رواں اومنم　　گوہرکانِ اومنم من نہ منم نہ من منم

حضرت جنید بایزید کی نسبت لکھتے ہیں کہ جرت علیه اوقات الغفلة ثم صح یعنی یہ کلمات ان سے حالت سکر اور غلبۂ فنا وبقا میں نکل گئے اور اس کے بعد ہوشیار ہوتے ہی توبہ کرتے رہے۔ یہی بایزید ہیں جنہوں نے عیسوی المشرب ہونے سے ایک چیونٹی مار کر اس میں جان ڈال دی اور دم عیسوی ان میں آ گیا۔ مگر قادیانی صاحب نے تو اس دمِ عیسوی کا ہی انکار کر دیا۔ اور بہت بڑا فرق ہے غیریت کے اثبات اور غیریت کی نفی میں۔ اور محبوب کا محبوب اگر چہ محبوب ہی ہے لیکن دونوں محبوب باہم مثیل نہیں ہو سکتے۔

۲.....سورۂ بقرہ

۱.....فاخذتکم الصّٰعِقة وانتم تنظرونo ثم بعثنکم من بعد موتکم لعلکم تشکرونo

۲.....واذ قتلتم نفسا فادّٰرءتم فیها واللّٰه مخرج ما کنتم تکتمونo فقلنا اضربوه ببعضها کذٰلک یحی اللّٰه الموتٰی ویریکم اٰیاته لعلکم تعقلونo

۳.....الم تر الی الذین خرجوا من دیارهم وهم الوف حذرالموت فقال لهم اللّٰه موتوا ثم احیاهم ان اللّٰه لذو فضل علی الناس ولکن اکثر الناس لایشکرونo

۴.....او کالذی مرّ علی قریة وهی خاویة علی عروشها قال انّٰی یحی هذه اللّٰه بعد موتها فاماته اللّٰه مائة عام ثم بعثه.

قادیانی صاحب ان چاروں آیتوں کی تفسیر الہامی میں جواز الۃ الاوہام کے متعدد صفحات میں مذکور ہے۔ فرماتے ہیں کہ یہاں موت سے حقیقی موت مقصود نہیں ہے بلکہ نیند

Marfat.com

مراد ہے جو موت کی بہن ہے اور اسی طرح حیات سے مراد حقیقی حیات نہیں کیونکہ وعدہ خدا اسی طرح ہے کہ اس دنیا میں دو موتیں ایک شخص پر وارد ہونا ممنوع ہیں۔ حالانکہ قادیانی صاحب کا یہ دعویٰ بالکل غلط ہے کہ اس دنیا میں دو موتیں ہونا ممنوع ہیں۔ بھلا خدا کی قدرت کاملہ کے لئے کون چیز مانع ہے جبکہ وہ اپنی عجائب قدرت کی ایک نشانی کا اظہار فرمائے جو بعث بعد الموت پر ایمان لانے کے لئے موجب اطمینان ہو۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ پہلی آیت میں ارشاد فرماتا ہے۔ کہ تم کو تمہارے مرنے کے بعد اس لئے اٹھایا تا کہ تم شکر گذاری کرو۔ اور دوسری آیت میں وجہ احیاء یہ فرماتا ہے۔ تا کہ تم اللہ کی نشانیوں کو دیکھ کر اس کو جانو۔ اور تیسری آیت میں اپنے ایک فضل کا اظہار فرمایا جو ہزاروں کو بعد موت بدعائے حزقیل نبی زندہ فرمایا۔ تا کہ وہ شکر گذاری کریں اور چوتھی آیت میں حضرت عزیر علیہ السلام کے استعجاب اور بعید از عادت اللہ ہونے کا دفعیہ فرمایا کہ وہ خدا قادر ہے کہ مار کر جلائے اور کوئی شے اس کی اس عادت اور قدرت کے لئے مانع نہیں۔ پس ان آیات میں بنظر سیاق وسباق کوئی قرینہ نہیں ہے کہ جو موت اور حیات کے لفظ کو اپنے حقیقی معنی سے پھیرے بلکہ جملہ قرائن حقیقی معنی کیلئے مؤکد ہیں۔

۳.....سورۂ آلِ عمران

۱.....یکلم الناس فی المهد و کهلا و من الصالحین○

یہاں قادیانی صاحب کی بحث لفظ کہل میں ہے۔ چنانچہ کہل کے معنی علیم کر کے لکھتے ہیں کہ اس آیت مبارک میں عیسیٰ علیہ السلام زمانہ کہولت تک عمر پانے کے لئے مبشّر نہیں ہیں بلکہ وہ زمانہ کہولت سے قبل مر گئے۔ اور ہم اس کی تردید قبل ازیں دعویٰ اوّل کے طریق دوم میں لکھ چکے ہیں۔

۲.....قالت رب انّٰی یکون لی ولد ولم یمسسنی بشر قال کذٰلک اللّٰه

Marfat.com

یخلق مایشاء اذا قضٰی امرا فانما یقول له کن فیکونo

اس میں کوئی دلیل نہیں کہ عیسیٰ بن باپ پیدا ہوئے بلکہ وہ یوسف نجّار کے فرزند ہیں اور بغیر مس بشر کسی لڑکے کا پیدا ہونا قانون قدرت سے باہر ہے۔

۳.....انی اخلق لکم من الطین کھیئة الطیر فانفخ فی فیکون طیرا باذن اللّٰه وابرئ الاکمه والابرص واحی الموتٰی باذن اللّٰه.

یہ اعتقاد بالکل غلط اور فاسد اور مشرکانہ خیال ہے کہ مسیح مٹی کے پرندے بنا کر ان میں پھونک مار کر سچ مچ کے جانور بنا دیتا تھا بلکہ یہ ایک قسم کا عمل الترب تھا۔ اگر یہ عاجز اس عمل الترب کو مکروہ اور قابل نفرت نہ سمجھتا تو امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیوں میں ابن مریم سے یہ عاجز کم نہ تھا۔

۴.....انی متوفّیک ورافعک الیَّ.

یہاں توفّی کا معنی حقیقی موت ہے اور رفع سے مراد رفع روح بعد الموت ہے۔ جو کوئی کہ توفّی کا معنی یہاں خلاف موت کرتا ہے وہ کافروں میں سے اور منکروں میں سے ہے۔

۴.....سورۂ نساء

۱.....وما قتلوه وما صلبوه ولکن شبه لهم.

عیسیٰ اگرچہ صلیب پر چڑھائے گئے لیکن صلیبی موت ان پر وارد نہ ہوئی اور وہ زخم صلیب سے کئی دن تک بیمار رہے۔ لیکن مرہم عیسیٰ جو الہامی مرہم ہے لگانے سے اچھے ہو گئے اور سیاحت کرتے ہوئے سری نگر میں آ کر فوت ہو گئے۔

۲.....وان من اهل الکتاب الا لیومنن به قبل موته.

یعنی ہر اہل کتاب اپنے مرنے کے قبل مسیح علیہ السلام کی طبعی موت کے ساتھ مرنے پر ایمان لے آتا ہے اور ان کو یقینی طور پر اس بات کا علم نہیں ہے کہ مسیح پھانسی دیا گیا بلکہ یقینی امر یہ ہے کہ وہ فوت ہو گیا اور اپنی طبعی موت سے مرا اور خدا نے اس کو اپنی طرف اٹھا لیا۔

Marfat.com

۵.....سورۂ مائدہ

ا .....واذقال اللّٰہ یاعیسٰی ابن مریم.....اور فلما توفیتنی کنت انت الرقیب علیھم.

یہ عیسیٰ علیہ السلام کا اپنا اقرار ہے کہ اے خدا جب تو نے مجھے مار دیا تو تو ہی ان پر نگہبان تھا اور یہاں صریحا توفّٰی کا معنی موت ہے۔ اور دلیل اس پر کلمہ اذ ہے جو خاص زمانہ گذشتہ پر دلالت کرتا ہے۔ اور وہ کاذبین میں سے ہے جو ماضی کو یہاں بمعنی استقبال کہے اور یہ صریح ظلم ہے۔ (حالانکہ خود خدا اس کے بعد فرماتا ہے کہ یہ واقعہ قیامت کے دن کا ہے اور امام بخاری اس کی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ اذ حرف صلہ ہے اور قال بمعنی یقول ہے۔ یعنی زمانہ گذشتہ کی گفتگو نہیں بلکہ آئندہ زمانہ استقبال میں اس کا وقوع ہوگا۔ پس بقول قادیانی صاحب امام بخاری بھی کاذب ٹھہرے۔

۶.....سورۂ انعام

ا .....یتوفّٰکم باللیل ویعلم ماجرحتم بالنھار.

باوجودیکہ یہ آیت مبارک توفّٰی کے معنی حقیقۃً نیند کے ہونا فرمارہی ہے۔ (لیکن قادیانی صاحب نے یہاں بھی توفّٰی کے معنی موت ہی قرار دیئے ہیں)

۷.....سورۂ توبہ

ا .....ھوالذی ارسل رسولہ بالھدی ودین الحق لیظھرہ علی الدین کلہ.

یہ آیت مبارکہ درحقیقت حضرت مسیح کے زمانہ سے متعلق ہے اور وہ غلبۂ کاملہ جو موعود ہے وہ درحقیقت حضرت مسیح کے ہاتھوں سے ہونا ہی مقدر ہے۔ لیکن اس تفسیر الہامی کے بعد کئی برس کے اب مجھ پر منکشف ہوا ہے کہ حضرت مسیح تو مر چکے ہیں سو آنے والا مسیح جس کے ہاتھوں سے یہ غلبہ ہونے والا ہے وہ خود قادیانی مسیح ہے جس میں حضرت مسیح بروز کر آئے ہیں۔

Marfat.com

۸.....سورۂ مریم

۱.....یا زکریا انا نبشرک بغلام اسمه یحیٰی لم نجعل له من قبل سمیا.

یعنی یحییٰ سے پہلے ہم نے کوئی مثیل اس کا دنیا میں نہیں بھیجا جس کو باعتبار ان صفات کے یحییٰ کہا جائے اور یحییٰ کے تولّد سے انجیل میں یہ فیصلہ دیا گیا ہے کہ ادریس جو بائبل میں یوحنّا یا ایلیا کے نام سے پکارے گئے ہیں ان کا نزول ہو گیا۔

۲.....واذکر فی الکتاب ادریس انه کان صدیقا نبیّا ورفعناه مکانا علیّا.

یہاں رفعت درجہ مراد ہے نہ حضرت ادریس آسمان پر اٹھائے گئے۔ اور یہی یوحنّا یا ایلیا ہے جس کا نزول یحییٰ کے تولّد سے ہو گیا اور یہی بروز سنت اللہ کے مطابق ہے اور اسی طرح عیسیٰ کا نزول قادیانی کے تولد سے ہو گیا۔

۹.....سورۂ طٰہٰ

۱.....منها خلقناکم وفیها نعیدکم ومنها نخرجکم تارة اُخری.

پس اسے ظاہر ہے کہ زمین زادہ زمین میں ہی دفن ہوتا ہے۔ پس محال ہے کہ ادریس نبی آسمانوں میں مرے۔

۱۰.....سورۂ انبیاء

۱.....وذا النون اذ ذهب مغاضباً.

یعنی خدا نے یونس نبی پر یہ وحی نازل کی کہ فلاں تاریخ میں عذاب نازل کروں گا سو ان لوگوں نے خدا کی طرف تضرّع کی اور رجوع کیا سو خدا نے ان کو معاف کر دیا اور کسی دوسرے وقت عذاب ڈال دیا۔ تب یونس کہنے لگا کہ اب میں کذّاب کہلا کر اپنی قوم کی طرف واپس نہیں جاؤں گا اور دوسری راہ لی اور اسی سنت اللہ کے موافق جو قوم یونس نبی کے لئے وعید کی میعاد میں تخلف ہو گیا خود قادیانی صاحب کی پیشین گوئی بھی داماد احمد بیگ کی نسبت خلاف ہو گئی اور اس کی میعاد گذر چکی۔

Marfat.com

۲.....وماجعلنا لبشر من قبلک الخلد.

یعنی نبی ﷺ سے پہلے کوئی آدمی ہمیشہ کے لئے زندہ نہیں رہا۔ گویا یہ آیت حضرت ادریس اور حضرت عیسیٰ اور حضرت خضر وغیرہ کی موت پر قطعی الدلالت ہے۔

۳.....وحرام علی قریة اهلکنٰها انهم لایرجعون.

یعنی خدا قسم کر کے کہتا ہے کہ جو مر جائے پھر وہ دوبارہ قبل از روز قیامت زندہ نہیں کیا جا سکتا۔

۱۱.....سورۂ حج

۱.....ومارسلنامن قبلک من رسول ولانبی الا اذا تمنی القی الشیطان فی امنیته فینسخ اللّٰه ما یلقی الشیطان ثم یحکم اللّٰه اٰیاته.

یعنی شیطانی دخل کبھی انبیاء اور رسولوں کی وحی میں بھی ہو جاتا ہے اور اس کی سند میں تورات کا ایک قصہ لکھا ہے کہ ایک بادشاہ کے وقت چار سو نبی نے اس کی فتح کی پیشین گوئی کی اور وہ جھوٹے نکلے بوجہ اس کے کہ دراصل وہ الہام ایک ناپاک روح کی طرف سے تھا، نوری فرشتہ کی طرف سے نہیں تھا اور ان نبیوں نے دھوکا کھا کر ربّانی سمجھ لیا تھا۔

۱۲.....سورۂ مؤمنون

۱.....وانزلنامن السماء ماء بقدر فاسکناه فی الارض وانا علی ذهاب به لقادرون.

ماء سے مراد قرآن ہے جو زمانہ غدر میں آسمانوں پر اٹھایا گیا اور جو بحساب جمل اناعلی ذهاب به لقادرون کے حروف سے (۱۲۷۴ھ، ۱۸۵۷ء) مستنبط ہے لیکن دوبارہ قرآن کو زمین پر لانے والا ایک مرد فارسی الاصل ہوگا جو قادیانی ہے۔

۱۳.....سورۂ نور

۱.....وعد اللّٰه الذین اٰمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنهم فی الارض کما استخلف الذین من قبلهم.

Marfat.com

وہ موعود جس کے زمانہ مین دین کی تمکنت ہوگی اور زمین میں خلیفۃ اللہ ہوگا وہ سنت اللہ کے مطابق قادیانی ہے جن کو خلیفۃ اللہ ہونے کا الہام بھی ہو چکا ہے۔

۱۴.....سورۂ فرقان

۱.....وما ارسلنا قبلک من المرسلین الا انھم لیاکلون الطعام ویمشون فی الاسواق.

اگر عیسیٰ زندہ آسمانوں پر ہے تو ضرور وہ طعام کھاتا پیتا ہوگا اور نیز اس کے جمیع لوازمات اور ضروریات کا محتاج ہوگا۔

۱۵.....سورۂ نمل

۱.....انک لا تسمع الموتٰی ولا تسمع الصم الدعاء اذا ولوا مدبرین.

نبی کریم ﷺ مُردوں کو سنا نہیں سکتا اور پھر انکی حیات تو کجا۔ (حالانکہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے۔ والذی نفسی بیدہ ما انتم باسمع منھم ولکنھم لایطیقون ان یجیبوا. یعنی خدا کی قسم وہ سب سے زیادہ سنتے ہیں لیکن جواب دینے کی ان میں طاقت نہیں)

۲.....واذا وقع القول علیھم اخرجنا لھم دابۃ من الارض تکلمھم ان الناس کانوا بایاتنا لا یوقنون.

یہاں دابۃ الارض سے مراد ایک مرد کامل ہے۔ چنانچہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں ہی دابۃ الارض ہوں۔

۱۶.....سورۂ زُمر

۱.....اللّٰہ یتوفی الانفس حین موتھا والّتی لم تمت فی منامھا.

یہاں بھی توفّی کا حقیقی معنی موت ہی ہے۔

Marfat.com

۱۷.....سورۂ زُخرف

۱.....وانه لعلم للساعة فلا تمترن بها.

یہاں عیسیٰ کا نزول علامت قیامت نہیں بلکہ قرآن کریم مراد ہے۔

۱۸.....سورۂ دُخان

۱.....فارتقب یوم تاتی السماء بدخان مبین یغشی الناس.

یہاں دخان حقیقی مراد نہیں بلکہ دخان ظلمت وتاریکی بدعت وکفر ہے جولوگوں کے دلوں کو چھپالیا ہےاورقادیانی اس کے منوّر کرنے کے لئے آیا ہے۔

۲.....لایذوقون فیها الموت الا الموتة الاولٰی.

موت اولیٰ کے سوائے کوئی دوسری موت نہیں آسکتی۔لہٰذا کسی کی کرامت یا معجزہ سے کوئی مردہ جوبعدموت جنت میں داخل ہوگیا ہے بھلاجنّت کوچھوڑکر پھر قید عنصری میں کیوں آنے لگا؟

۱۹.....سورۂ صف

۱.....مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمهٗ احمد.

آنے والا احمد جواپنے اندر حقیقت عیسوی رکھتا ہے وہ یہی قادیانی ہے۔

۲۰.....سورۂ مُزّمِّل

۱.....انا ارسلنا الیکم رسولاً شاهدا علیکم کما ارسلنا الٰی فرعون رسولا.

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ ہمارے محمد ﷺ حضرت موسیٰ کے مثیل ہیں لیکن قادیانی جوعیسیٰ کا بلکہ جمیع انبیاء کا مثیل ہے وہ اتنے ہی فاصلہ سے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کے بعد آیا جتنے فاصلے سے موسیٰ کے بعد عیسیٰ نبی اللہ آیا۔

۲۱.....سورۂ زلزال

۱.....اذا زلزلت الارض زلزالها واخرجت الارض اثقالها و قال الانسان

Marfat.com

مالها یومئذ تحدث اخبارها بان ربک اوحی لها یومئذ یصدر الناس اشتاتا لیروا اعمالهم فمن یعمل مثقال ذرة خیرا یره ومن یعمل مثقال ذرة شرا یره.

اس سورہ کی تفسیر قادیانی صاحب اس طرح لکھتے ہیں۔ کہ یہ بات یاد رکھنے کے قابل ہے کہ ہر نبی کے نزول کے وقت ایک لیلۃ القدر ہوتی ہے جس میں وہ نبی اور وہ کتاب جو اس کو دی گئی ہے آسمان سے نازل ہوتی ہے اور فرشتے آسمان سے اترتے ہیں لیکن سب سے بڑی لیلۃ القدر وہ ہے جو ہمارے نبی ﷺ کو عطا کی گئی ہے درحقیقت اسی لیلۃ القدر کا دامن آنحضرت ﷺ کے زمانے سے قیامت تک پھیلا ہوا ہے۔ اور جو کچھ کہ انسانوں میں دلی اور دماغی قویٰ کی جنبش آنحضرت کے زمانہ سے آج تک ہو رہی ہے وہ لیلۃ القدر کی تاثیر ہے۔ اور جس زمانہ میں کہ آنحضرت کا کوئی نائب دنیا میں پیدا ہوتا ہے تو یہ تحریکیں ایک بڑی تیزی سے اپنا کام کرتی ہیں۔ سو درحقیقت اسی معنی کو سورۂ زلزال میں مفصل طور پر بیان کیا گیا ہے۔ یعنی جب آخری زمانہ میں خدا تعالیٰ کی طرف سے کوئی عظیم الشان مصلح آئے گا اور فرشتے نازل ہوں گے تو اس کا یہ نشان ہے کہ زمین جہاں تک اس کا ہلانا ممکن ہے ہلائی جائے گی یعنی طبیعتوں اور دلوں اور دماغوں کی غایت درجہ پر جنبش دی جائے گی اور خیالات عقلی اور فکری اور سبعی اور بہیمی پورے پورے جوش کے ساتھ حرکت میں آجائیں گے اور زمین اپنے تمام بوجھوں کو باہر نکال دے گی یعنی انسانوں کے دل اپنی تمام استعدادات مخفیہ کو منصۂ ظہور میں لائے گی اور جو کچھ ان کے اندر علوم وفنون کا ذخیرہ ہے یا جو کچھ عمدہ عمدہ دلی و دماغی طاقتیں ولیاقتیں ان میں مخفی ہیں سب کی سب ظاہر ہو جائیں گی اور انسانی قوتوں کا آخری نچوڑ نکل آئے گا۔ اور جو جو ملکات انسان کے اندر ہیں یا جو جذبات ان کی فطرت میں مودّع ہیں وہ تمام ممکن قوّت سے حیّز فعل میں آجائیں گے اور تمام دفائن وخزائن علوم مخفیہ پر انسان فتحیاب ہو جائے گا اور فرشتے جو اس لیلۃ القدر میں مرد مصلح کے ساتھ آسمان سے

Marfat.com

اتریں گے ہرایک شخص پراس کی استعداد کے موافق خارق عادت اثر ڈالیں گے یعنی نیک لوگ نیک خیال میں ترقی کریں گے اور جن کی نگاہیں دنیا تک محدود ہیں وہ ان فرشتوں کی تحریک سے دنیوی عقلوں اور معاشرت کی تدبیروں میں وہ ید بیضا دکھائیں گے کہ ایک مرد عارف متحیّر ہوکر اپنے دل میں کہے گا کہ یہ عقلی اور فکری طاقتیں ان لوگوں کو کہاں سے ملیں؟ تب اس روز ہرایک استعداد انسانی بزبان حال باتیں کرے گی۔ کہ یہ اعلیٰ درجہ کی طاقتیں میری طرف سے نہیں بلکہ خداتعالیٰ کی طرف سے یہ ایک وحی ہے جو ہرایک استعداد پر بحسب اس کی حالت کے اتر رہی ہے۔ یعنی صاف نظر آئے گا کہ جو کچھ انسانوں کے دل ودماغ کام کررہے ہیں یہ ان کی طرف سے نہیں بلکہ ایک غیبی تحریک ہے کہ ان سے یہ کام کرارہی ہے۔ سواس دن ہرایک قسم کی قوتیں جوش میں دکھائی دیں گی۔ دنیا پرستوں کی قوتیں جوش میں آکر اگرچہ بباعث نقصان استعداد سچائی کی طرف رخ نہیں کریں گے۔ لیکن ایک قسم کا اوبال ان میں پیدا ہوکر اپنی معاشرت کے طریقوں میں عجیب قسم کی تدبیریں اور صنعتیں اور کلیں ایجاد کرلیں گے۔ اور نیکوں کی قوتوں میں خارق عادت طور پر الہامات اور مکاشفات کا چشمہ صاف صاف طور پر بہتا نظر آئے گا اور یہ بات شاذ ونادر ہوگی کہ مومن کی خواب جھوٹی نکلے۔ تب انسانی قویٰ کے ظہور وبروز کا دائرہ پورا ہوجائے گا۔ تب خداتعالیٰ کے فرشتے ان تمام راستبازوں کو جو زمین کے چاروں طرفوں میں پوشیدہ طور پر زندگی بسر کرتے تھے ایک گروہ کی طرح اکٹھا کریں گے اور دنیا پرستوں کا بھی کھلا کھلا ایک گروہ نظر آئے گا۔ تاہرایک گروہ اپنی کوششوں کے ثمرات دیکھ لیں تب آخر ہوجائے گی۔ یہ آخری لیلۃ القدر کا نشان ہے جس کی بِنا ابھی سے ڈالی گئی ہے جس کی تکمیل کے لئے سب سے پہلے خداتعالیٰ نے اس عاجز کو بھیجا ہے اور مجھے مخاطب کرکے فرمایا کہ انت اشد مناسبة بعیسٰی ابن مریم واشبه الناس به خلقا وخلقا وزمانا. اور حضرت عیسیٰ نے اپنے

Marfat.com

اترنے کے لئے جو زمانہ انجیل میں بیان فرمایا ہے یعنی یہ کہ وہ حضرت نوح کے زمانہ کی طرح امن اور آرام کا زمانہ ہوگا۔ درحقیقت وہ یہی زمانہ ہے جس میں علوم وفنون کی ترقیات ہورہی ہیں اور جس میں غایت درجہ کا امن ہے کہ لڑائیاں اور فساد اور خوف جان نہیں۔ ہمارے علماء نے جوظاہری طور پر اس سورہ کی تفسیر کی ہے کہ درحقیقت زمین کو آخری دنوں میں سخت زلزلہ آئے گا اور جو زمین کے اندر چیزیں ہیں وہ سب باہر آجائیں گی اور کافر لوگ زمین کو پوچھیں گے کہ تجھے کیا ہوا اور زمین باتیں کرے گی اور اپنا حال بتائے گی۔ یہ سراسر غلط تفسیر ہے۔ ہر عقل سلیم سوچ سکتی ہے کہ ایسے بڑے زلزلہ کے وقت کافر لوگ کہاں زندہ رہیں گے، جو زمین سے استفسار کریں گے بلکہ اس جگہ زمین سے مراد زمین کے رہنے والے ہیں۔ (انتہیٰ، ازالۃ الاوہام صفحہ ۱۳۴)

یہ قادیانی صاحب کی الہامی تفسیر ہے جو ہم نے بطور نمونہ مختصر الفاظ میں بیان کی ہے اور معنی میں سرمو تفاوت نہیں۔ اور چونکہ فی الجملہ ان کے ہر ایک استدلال کی تردید ہمارے رسالہ میں ہوچکی ہے اس لئے ضرور نہیں کہ یہاں بھی ان کے جوابات لکھے جائیں۔ اور جو جو تاویلات کہ انہوں نے اپنے الہام سے کی ہیں ان کا جواب ان کے طور کے مطابق ہم انگریزی مقولہ سے دیتے ہیں۔ جو کہا گیا ہے کہ ''شیطان بھی بائبل ہی سے اپنے دعویٰ کا ثبوت پیش کیا کرتا ہے''۔ والسلام۔

محمد حیدر اللہ خان دُرّانی نقشبندی مُجدّدی

Marfat.com

''تقریظ جلیل''

حضرت علامہ مولانا الحاج محمد انوار اللہ فاروقی

(بانی جامعہ نظامیہ حیدرآباد دکن)

میں نے متفرّق مقامات اس کتاب لاجواب کے دیکھے۔ جس سے یقین کرتا ہوں کہ اہل انصاف جب اس کو دیکھیں گے مذہب قادیانی ان کی نظروں میں بالکل بے وقعت ہوجائے گا۔ حق تعالیٰ اس کے مصنّف ادام اللہ فیوضہ کو جزائے خیر دارین میں عطا فرمائے۔ آمین۔

محمد انوار اللہ

استاد حضور پرنور ہز ہائینس

نظام الملک آصف جاہ بہادر

والی ریاست حیدرآباد دکن

Marfat.com

Marfat.com

مُبلغِ اِسلام حضرت علامہ مولانا

شاہ عبدالعلیم صدیقی قادری حنفی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ

○ حالاتِ زندگی

○ ردِّ قادیانیت

Marfat.com

Marfat.com

حالاتِ زندگی

خاندانی پس منظر: خلافتِ راشدہ اوراس کے بعد کے ادوار میں اسلام کے آفاقی پیغام کو کائنات ارضی کی وسعتوں میں پھیلانے کیلئے دیگر بزرگوں کی طرح حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی آل مبارک بھی دنیا کے مختلف ممالک میں پہنچی۔ آپ کی نسل پاک میں سے کچھ لوگ روس کے شہروں سمرقند، بخارا اور خجند میں بھی آکر آباد ہوئے۔ آپ کی اولاد میں سولہویں صدی عیسوی میں خجند میں حضرت صوفی حمید الدین صدیقی خجندی ایک ممتاز مبلغ اسلام گزرے ہیں۔ آپ کی شہرت دور تک پھیلی ہوئی تھی یہاں تک کہ مغل فاتح ظہیر الدین بابر بھی آپ کے شاگردوں میں شمار ہوتا تھا۔ جس وقت ظہیر الدین بابر نے ہندوستان پر حملہ کا ارادہ کیا تو اس نے دیگر علماء و مشائخ کے ساتھ آپ کو بھی ہندوستان چلنے کی دعوت دی جو آپ نے قبول کر لی۔ اس طرح ہندوستان میں اس صدیقی خاندان کی آبادکاری کا سلسلہ شروع ہوا۔

انیسویں صدی ہجری میں صوفی حمید الدین صدیقی خجندی کی نسل میں سے میرٹھ میں دو بھائیوں ''علامہ عبدالحکیم جوش میرٹھی'' اور ''مولوی اسمٰعیل میرٹھی'' نے بڑی شہرت پائی۔ علامہ عبدالحکیم (پ: ۱۸۰۸ء، م: ۱۸۹۸ء) اپنے زمانے کے درویش صفت ممتاز عالمِ دین اور شہرت یافتہ نعت گو شاعر تھے۔ کلام میں 'جوش' تخلص استعمال فرماتے تھے۔ آپ نے طویل عرصہ تک میرٹھ کی شاہی مسجد میں خطابت کا فریضہ انجام دیا اور رشد و ہدایت کا پیغام عام کیا۔ آپ کی نعت کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

Marfat.com

خوش نصیب ایسی عطا ہوں میری مولیٰ آنکھیں
دیکھیں جی بھر کے جمالِ شہہِ بطحہ آنکھیں

ہوں مشرف جو زیارت سے رُخِ انور کی
ایسی دے اپنی عنایت سے خدایا آنکھیں

آرزوئے درِ احمد میں جو بیتاب ہے جوش
شوق سے دیکھتی ہیں سوئے مدینہ آنکھیں

اور مولوی اسمٰعیل میرٹھی (م: ۱۹۱۷ء) نے فقط اردو شعروادب کی خدمت کو اپنا اوڑھنا بچھونا بنا لیا۔ مولوی اسمٰعیل میرٹھی کی کئی تحریریں اور نظمیں آج بھی خصوصاً پاکستان میں داخلِ نصاب ہیں اور میرٹھ میں ان کے نام سے آج بھی سرکاری سطح پر ''اسمٰعیل گرلز کالج'' قائم ہے۔

۱۸۵۷ء میں جب انگریزوں نے ہندوستان پر قبضہ کیا تو علامہ عبدالحکیم جوش میرٹھی جنگِ آزادی کے مجاہدین میں شامل تھے اور اسمٰعیل میرٹھی سرسید کی تحریک کے ہمنوا اور اس کے قریبی ساتھی شمار ہوتے تھے۔

پیدائش: علامہ عبدالحکیم کو اللہ تعالیٰ نے کئی فرزند عطا فرمائے اور وہ سب اسلام کے عظیم سپوت ثابت ہوئے۔ ان میں سب سے آخری فرزند مبلغِ اسلام اور عظیم مفکر حضرت علامہ مولانا شاہ محمد عبدالعلیم صدیقی میرٹھی تھے۔ آپ کی پیدائش ۱۵ر رمضان المبارک ۱۳۱۰ھ مطابق ۳ر اپریل ۱۸۹۲ء کو میرٹھ (یوپی، ہند) میں ہوئی۔ آپ کا سلسلۂ نسب اپنے والد کی طرف سے ۳۸ویں پشت میں خلیفۂ اول، یارِ غارِ مصطفیٰ سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مل جاتا ہے۔

تعلیم و تربیت: آپ بچپن ہی سے نہایت ذہین و محنتی تھے۔ عربی، فارسی، اردو اور دینی ابتدائی تعلیم گھر پر ہی اپنے والد ماجد سے حاصل کی۔ چار سال دس ماہ کی عمر میں قرآن

Marfat.com

پاک ناظرہ پڑھ لیا۔ نوسال کی عمر میں جامع مسجد میرٹھ میں پہلی تقریر کی۔ بعد ازاں ''دارالعلوم عربیہ قومیہ میرٹھ'' میں داخل ہوئے اور ۱۹۰۸ء میں سولہ سال کی عمر میں امتیازی حیثیت سے درسِ نظامی کی سند حاصل کی۔ ۱۹۱۳ء میں ''اٹاوہ ہائی اسکول'' سے میٹرک پاس کیا۔ پھر ''ڈویژنل کالج میرٹھ'' سے وابستہ ہو گئے اور ۱۹۱۷ء میں پچیس سال کی عمر میں امتیازی حیثیت سے بی۔اے کی ڈگری حاصل کی۔ آپ نے قانون کی کتابوں کا بھی مطالعہ کیا۔ میرٹھ کے مشہور حکیم احتشام الدین کی صحبت میں بھی رہے اور ان سے فنِ طب میں کمال حاصل کیا۔ آپ نعت گو شاعر بھی تھے۔ اردو، عربی، فارسی کے علاوہ انگریزی، جاپانی، چینی اور دیگر آٹھ زبانوں پر مکمل عبور حاصل تھا۔

بیعت و خلافت: اپنے برادر بزرگ، خلیفۂ اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد مختار صدیقی (م: ۱۹۳۸ء) رحمۃ اللہ علیہ کے دستِ حق پرست پر بیعت ہوئے۔ اعلیٰ حضرت، امامِ اہلسنت مولانا شاہ احمد رضا خان (م: ۱۹۲۱ء) رحمۃ اللہ علیہ سے خلافت و اجازت حاصل ہوئی اور انہی کے ایماء و ارشاد پر اپنی زندگی تبلیغِ دین اور خدمتِ اسلام کیلئے وقف کر دی اور اپنے نجی خرچ پر پیغامِ اسلام دنیا کے کونے کونے میں پہنچایا۔ ان کے علاوہ حضرت پیر سید علی حسین محدث کچھوچھوی، حضرت مولانا عبدالباری فرنگی محلی (م: ۱۹۲۵ء)، شیخ احمد الشمس مراکشی مغربی (مقیم مدینہ منورہ) اور لیبیا کے صوفی بزرگ شیخ السنوسی علیہم الرحمۃ سے بھی روحانی فیوض و برکات حاصل کئے۔

امامِ اہلسنت و محبت اعلیٰ حضرت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن آپ کو بڑی قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھتے تھے، اپنے تلامذہ و خلفاء کا ذکر کرتے ہوئے اپنے اشعار میں فرماتے ہیں۔

عبدِ علیم کے علم کو سن کر جہل کی بہل بھگاتے یہ ہیں

Marfat.com

حضرت شاہ عبدالعلیم صدیقی علیہ الرحمۃ کو سیدی اعلیٰ حضرت علیہ الرحمۃ سے کمال عقیدت تھی۔ ۱۹۱۹ء میں جب پہلی مرتبہ حجِ بیت اللہ شریف کی سعادت حاصل ہوئی تو حرمین طیبین کی زیارت سے واپسی پر آپ نے ایک طویل قصیدہ مدحیہ اعلیٰ حضرت کی خدمت میں پیش کیا، جس میں سے چند اشعار درجِ ذیل ہیں۔

تمہاری شان میں جو کچھ کہوں اس سے سوا تم ہو
قسیمِ جامِ عرفاں اے شہِ احمد رضا تم ہو

غریقِ بحرِ الفت، مست جامِ بادۂ وحدت
محبِ خاص، منظورِ حبیبِ کبریاء تم ہو

جو مرکز ہے شریعت کا مدار اہلِ طریقت کا
جو محور ہے حقیقت کا وہ قطب الاولیاء تم ہو

عرب میں جا کے ان آنکھوں نے دیکھا جس کی صورت کو
عجم کے واسطے لاریب وہ قبلہ نما تم ہو

تمہیں پھیلا رہے ہو علمِ حق اکناف عالَم کو
امامِ اہلسنت نائبِ غوث الوریٰ تم ہو

علیم خستہ اک ادنیٰ گدا ہے آستانہ کا
کرم فرمانے والے حال پر اس کے شہا تم ہو

جب یہ اشعار سنا چکے تو امامِ اہلسنت نے اپنی قیمتی عمامہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا۔ ''مولانا! آپ کی خدمت میں کیا پیش کروں؟ آپ اس دیارِ پاک سے تشریف لا رہے ہیں، یہ عمامہ تو آپ کے قدموں کے بھی لائق نہیں، البتہ میرے کپڑوں

Marfat.com

میں سب سے بیش قیمت ایک جبہ ہے، وہ حاضر کئے دیتا ہوں۔''

تبلیغی خدمات: حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی شعلہ بیان خطیب، بلند پایہ ادیب اور عظیم مفکرِ اسلام تھے۔ جب آپ اپنی نغمہ ریز آواز میں دلائل و براہین سے اسلام کی حقانیت بیان کرتے تو حاضرین پر سکوت چھا جاتا اور بڑے بڑے سائنسدان، فلاسفر اور دہریہ قسم کے لوگ آپ کے دستِ اقدس پر حلقہ بگوشِ اسلام ہو جاتے۔ آپ تقریباً دنیا کی ہر زبان میں اس روانی سے تقریر کرتے تھے کہ خود اہلِ لسان ورطۂ حیرت میں رہ جاتے۔ آپ نے پوری قوت اور بیباکی سے دینِ فطرت اسلام کا پیغام دنیا کے گوشے گوشے میں پہنچایا جس کے نتیجے میں پچاس ہزار سے زائد غیر مسلم آپ کے ہاتھوں مشرف بہ اسلام ہوئے۔

۷/اپریل ۱۹۳۵ء کو جنوبی افریقہ میں مشہور انگریز مفکر جارج برناڈ شا سے ''اسلام اور عیسائیت'' کے موضوع پر گفتگو ہوئی۔ دورانِ گفتگو برناڈ شا پر آپ کی شخصیت کا رعب چھایا رہا اور اس نے قرآن پاک کی حقانیت کا اعتراف کیا۔ اس نے اقرار کیا کہ آئندہ سو سال بعد دنیا کا مذہب صرف اسلام ہی ہوگا۔ برناڈ شا نے آخر میں کہا کہ ''مجھے افسوس ہے کہ مجھے زیادہ دیر تک آپ سے گفتگو کا موقع نہ ملا۔''

آپ کی تبلیغی کوششوں سے جن مشہور شخصیات نے اسلام قبول کیا، ان میں بورنیو کی شہزادی گلیڈی، پائمر ٹرینی ڈاڈ کی خاتون وزیر میورخل ڈوناوا، ماریشس کے فرانسیسی گورنر مرویٹ ٹفرنچ، روسی سائنسدان جارج اینٹونوف، سنگاپور کے ایس این ڈٹ وغیرہ ہیں۔ یہ وہ ناقابلِ فراموش کارنامہ ہے، جو آبِ زر سے لکھے جانے کے قابل ہے۔

۱۹۵۱ء میں آپ نے پوری دنیا کا تبلیغی دورہ کیا، جس میں قابلِ ذکر ممالک امریکہ، برطانیہ، کینیڈا، فرانس، اٹلی، سعودی عرب، انڈونیشیا، فلپائن، سنگاپور، ملائشیا، تھائی لینڈ اور سیلون تھے۔ اس کے علاوہ ماریشس، ری یونین، جنوبی افریقہ، نیروبی، یوگنڈا، زنجبار،

Marfat.com

مڈغاسکر، جنوبی ومشرقی افریقہ کی نوآبادیات، برٹش گیانا، چین، جاپان، عراق، اردن، فلسطین، شام اور مصر کے متعدد تبلیغی دورے کئے۔ تمام مذاہب کے لوگوں کو دعوتِ اسلام دی اور تقریباً ہر زبان میں اسلام کا لٹریچر شائع کیا۔

کارھائے نمایاں: تبلیغی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ دنیا کے گوشے گوشے میں آپ نے مساجد، مکتب، کتب خانے، ہسپتال، یتیم خانے اور تبلیغی مراکز قائم کئے۔ آپ کی نگرانی میں تقریباً تمام مذکورہ ممالک میں مساجد تعمیر کروائی گئیں۔ ایک اندازے کے مطابق ان کی تعداد ایک سوبیس (۱۲۰) ہے۔ ان میں مندرجہ ذیل قابل ذکر ہیں۔

- کولمبو: حنفی جامع مسجد کولمبو۔
- سنگاپور: سلطان مسجد سنگاپور۔
- جاپان: ناگریا جامع مسجد جاپان۔
- چین: سنگھائی جامع مسجد چین۔
- کینیڈا: آپ نے یہاں پہلی مسجد کی تعمیر ۱۹۲۹ء میں شہر کیلگرامی میں فرمائی۔
- ڈربن (افریقہ): بین الاقوامی اسلامی تعلیمی مرکز قائم کیا۔
- ملایا: عربی یونیورسٹی کی بنیاد ڈالی۔
- مکی پبلی کیشنز: اسلامی کتب چھاپنے کا سلسلہ قائم فرمایا۔
- ہانگ کانگ: اقامت گاہیں اور یتیم خانے قائم کئے۔

انگریزی زبان میں ''دی مسلم ڈائجسٹ''، ''دی رمضان اینول'' اور ''دی جینوین اسلام'' ماہنامے آپ کی یادگار ہیں۔

شدھی تحریک کا خاتمہ: برصغیر میں جب ہندوؤں نے شدھی تحریک کا جال بچھانا شروع کیا تو مولانا عبدالعلیم صدیقی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے خلاف جہاد کرنے کے لئے متھرا، آگرہ، ممبئی، کرناٹک، احمد آباد، گجرات اور ہندوستان کے دوسرے شہروں میں تبلیغی مراکز قائم کر کے شدھی تحریک کے زور کو توڑا۔

Marfat.com

قرارادادپاکستان: ۲۳/مارچ ۱۹۴۰ء کوقرارداد پاکستان کے سلسلے میں آپ نے پورے ہندوستان کا دورہ کیا۔علمائے کرام اور مسلمانوں کومشورہ دیا کہ وہ مسلم لیگ اور جناح سے سیاست کا کام لیں کیوں کہ فی زمانہ علمائے کرام یورپین سیاست اور ہندوستان کے غیر مسلموں خصوصاً ہندوؤں کی ڈپلومیٹک سیہ کاروں کو سمجھنے سے قاصر ہیں۔موجودہ زمانہ میں آئینی جنگ ہورہی ہے اس جنگ میں وہی کامیاب ہوسکتا ہے جوانگریزی اور کانگریسیوں دونوں کے ہتھکنڈوں سے بخوبی واقف ہو۔

۱۹۴۵ء بنارس سنی کانفرنس: جب تحریک پاکستان کے مخالفین نے فتویٰ صادر کیا کہ چونکہ محمد علی جناح باشرع نہیں ہیں اس لئے ان کو اور مسلم لیگ کو ووٹ دینا جائز نہیں۔اس فتنے کی سرکوبی کے لئے آپ نے جوکارہائے انجام دیئے وہ تاریخ میں سنہری حروف سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔

تحریک پاکستان اور شاہ عبدالعلیم صدیقی: محمد علی جناح انگلستان سے واپس آئے تو انہوں نے علمائے کرام سے خصوصی ملاقاتیں کیں۔اس ملاقات میں مولانا عبدالعلیم صدیقی بھی شامل تھے۔تحریک پاکستان میں آپ نے جوخدمات انجام دیں وہ آبِ زر سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔تحریکِ پاکستان کے خلاف جب کانگریسی لیڈر حشرات الارض کی طرح بیرونی ممالک میں پھیل گئے تو آپ نے انگلینڈ اور مصر میں ان کانگریسی گماشتوں کواپنی مدلل تقاریر سے ناکوں چنے چبوائے۔تحریک پاکستان کے مقاصد سے اہل عرب کوآگاہ کرنے کے لئے محمد علی جناح نے آپ سے عرب ممالک کے دورے کی درخواست کی۔لہٰذا ۱۹۴۶ء میں آپ نے مشرقی وسطیٰ کا دورہ کیا اور اہل عرب کوتحریک پاکستان کے مقاصد سے روشناس کرایا اورانکی متعدد غلط فہمیاں دور فرمائیں،ان خدمات کی بناء پر بانی پاکستان محمد علی جناح نے آپ کو''سفیر پاکستان'' کا لقب دیا۔اللہ کے فضل وکرم

Marfat.com

سے ۲۷ رمضان المبارک، ۱۴/اگست ۱۹۴۷ء کو پاکستان معرض وجود میں آیا۔ تین دن کے بعد عید کی پہلی نماز عیدگاہ جامع کلاتھ کراچی میں محمد علی جناح نے آپ ہی کی امامت میں ادا کی۔ اور پاکستان بننے کے بعد پہلی نمازِ عیدالاضحیٰ بھی محمد علی جناح اور دیگر اہم شخصیات نے آپ کی اقتداء میں ہی ادا کی۔

اس کے علاوہ جمعیت سنیہ جامعہ قادریہ کے زیر اہتمام سندھ کے علماء اور مشائخ پر مشتمل سندھ کانفرنس کا انعقاد کیا۔ آپ کے ذمہ یہ کام لگایا گیا کہ سندھ کے اسمبلی ممبران پر دباؤ ڈالیں اور آمادہ کریں کہ سندھ اسمبلی میں قرارداد پاکستان کے حق میں قرارداد پیش کریں۔ بالآخر سندھ اسمبلی کے ممبران نے پاکستان کے حق میں قرارداد پیش کر کے تاریخی کارنامہ انجام دیا۔ ۱۹۴۷ء میں کراچی میں سندھ اور پنجاب کے علماء اور صوفیاء کا خصوصی اجتماع منعقد کیا۔ اجتماع میں تمام علمائے کرام کے اتفاق سے اسلامی دستور کا مسودہ تیار کر کے بانی پاکستان کی خدمت میں پیش کیا۔ اسلامی دستور پر محمد علی جناح اور شاہ عبدالعلیم صدیقی کے درمیان مذاکرہ رہا۔ محمد علی جناح نے تسلیم کیا کہ مملکت پاکستان کا دستور قرآن اور سنت کے مطابق ہوگا۔ ۱۹۴۹ء میں مذہبی منافرت کو ختم کرنے اور کدورتوں کو دور کرنے کے لئے بین المذاہب کانفرنس سنگاپور میں منعقد کی۔ کانفرنس میں تمام مذاہب مہمان، عیسائی، بدھ مت، سکھ، ہندو وغیرہ نے شرکت کی۔ اس کانفرنس میں ویٹاکن کے پوپ جان نے اپنا نمائندہ بھیجا۔ اس کانفرنس میں (INTER RELIGIOUS ORGANIZATION) تنظیم بین المذاہب کی طرف سے آپ کو ''ہز اکزلٹیڈ ایمی نینس'' (HIS EXALTED EMINENCE) کا خطاب بھی دیا گیا۔ ۱۹۵۲ء میں جمعیت نے آخری کانفرنس کشمیر، فلسطین اور دیگر اہم مسائل پر منعقد کی۔

انسداد حج ٹیکس اور مسلم لیگ کا وفد: مولانا عبدالعلیم صدیقی اور

Marfat.com

مولانا عبدالحامد بدایونی نے بابائے قوم محمد علی جناح، نوابزادہ لیاقت علی خان اور نواب محمد اسماعیل کے سامنے تجویز پیش کی کہ حاجیوں پر سے ٹیکس معاف کروانے کے لئے پاکستان سے سرکاری طور پر ایک وفد بھیجا جائے۔ بانی پاکستان محمد علی جناح کو یہ بات پسند آئی اور طے پایا کہ حج کے زمانے میں ایک وفد بھیجا جائے گا جس کے امیر مولانا عبدالعلیم صدیقی اور سیکریٹری مولانا عبدالحامد بدایونی ہوں گے۔ مولانا عبدالعلیم صدیقی نے جلالۃ الملک ابن سعود پر حج ٹیکس نہ لگانے کی تجویز کو اس عمدگی سے پیش کیا کہ ابن سعود نے فرمایا کہ حج ٹیکس لگانا حرام ہے۔ میں جلد ہی حج پر ٹیکس اٹھانے کی اس اسکیم پر عملی قدم اٹھاؤں گا۔

معاصرین: محمد علی جناح، نوابزادہ لیاقت علی خان، خواجہ ناظم الدین، مولانا حسرت موہانی، مولانا عبدالحامد بدایونی، سید امین الحسینی مفتی اعظم فلسطین، الاخوان المسلمون کے بانی حسن البنا، سپریم کورٹ سیلون کے چیف جسٹس اکبر، سیلون کے جسٹس ایم مروانی، مولانا محمد علی جوہر، شاہ سعود، عبدالعزیز بن شاہ سعود، اردن کے شاہ سید عبداللہ، جارج برنارڈ شا، صدرالشریعہ مفتی امجد علی اعظمی، صدرالافاضل حضرت مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی، مفتی اعظم ہند مولانا مصطفیٰ رضا خان، سید ناطاہر سیف الدین، قاضی اکبر، حضرت مولانا سید برہان الحق صاحب، ملِک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری وغیرہم۔

تصانیف

آپ نے اردو، انگریزی اور عربی زبانوں میں کئی کتب تحریر فرمائیں۔ اس کے علاوہ دنیا کے بیشتر ممالک میں آپ کے ہزاروں کے تعداد میں لیکچرز ان ممالک کے میڈیا پر محفوظ ہیں۔ آپ کی چند تصانیف کے نام یہ ہیں۔

۱..... **ذکرِ حبیب (دو حصے)**: ذکرِ محبوب، ایمان والوں کی جان ہے۔ اس کتاب میں آپ نے محبوب پاک ﷺ کی محبوب باتوں کا ذکر کیا ہے۔ اور اس کی وجہ بیان

Marfat.com

کرتے ہوئے فرمایا ''ایک طرف اہلِ محبت اس ذکر سے تسکین پائیں، دوسری طرف بیان سیرت طیبہ واخلاقِ حمیدہ سے اتباع سنت نبویہ علٰی صاحبها التحية کی تحریص ہو، تاکہ اس اسوۂ محمودہ مرضیہ پر چل کر محبوبِ الٰہی بن جائیں۔''

۲ ..... **کتاب تصوف**: سلسلۂ عالیہ علیمیہ یوں تو پانچ نسبتوں یعنی قادری، چشتی، نقشبندی، سہروردی اور شاذلی کا حامل ہے، لیکن ان سب میں خصوصی مقام قادری نسبت کو حاصل ہے۔ اس کتاب میں قادری سلوک کو بیان کیا گیا ہے اور لطیفۂ خاک، لطیفۂ آب، ہوا، نار، نفس اور قلب وروح کے لطائف اور ان کی تطہیر کو بیان کیا گیا ہے۔

۳ ..... **بہارِ شباب**: (**نوجوانوں کی اصلاح کیلئے بہترین کتاب**)

انسانی زندگی کے تین ادوار میں سے درمیانی دور جوانی ہے اور اس دور سے متعلق ایک مقولہ بہت زیادہ مشہور ہے کہ ''اَلشَّبَابُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْجُنُوْنِ''۔ اس کتاب میں مصنف علیہ الرحمۃ نے انسان کی دکھتی ہوئی رگ کو پکڑا ہے اور اس کو اس کی قوتوں کے صحیح استعمال کی طرف توجہ دلائی ہے۔

٤ ..... **احکامِ رمضان**: اس کتاب کے عرضِ اول میں مصنف خود فرماتے ہیں کہ یہ کتاب تین دن سے بھی کم وقت میں لکھی گئی۔ اس کتاب میں باسٹھ صفحات ہیں۔ ۴؍رمضان ۱۳۴۱ھ کو کتاب مکمل ہوئی۔ اس کتاب میں روحانی موسمِ بہار رمضان کے آداب واحکام بیان کئے گئے ہیں اور ساتھ ہی تراویح، اعتکاف اور عید کے مسائل بھی ذکر کئے گئے ہیں۔

۵ ..... **اسلام کے اصول**: یہ کتاب انگریزی میں لکھی گئی ہے جس کا انگریزی نام ''THE PRINCIPLES OF ISLAM'' ہے۔ اس کتاب میں اسلامی اصولوں پر روشنی ڈالی گئی ہے اور ثابت کیا گیا ہے کہ اسلامی اصول، اصولِ فطرت کے عین مطابق ہیں۔

٦ ..... **مسائلِ انسانی کا حل**: یہ آپ کی ایک انگریزی تقریر ہے جسے اردو کے

Marfat.com

قالب میں ڈھالا گیا ہے۔اس کتاب میں انسان کی بدحالی پر روشنی ڈالی گئی ہے اوراس سے نجات کا طریقہ بھی بیان کیا گیا ہے۔اور بتایا گیا ہے کہ حقیقی مسرت مذہب ہی دے سکتا ہے۔

۷..... **کمیونزم کا توڑ**: یہ آپ کی ایک انگریزی تقریر ہے جسے اردو کے قالب میں ڈھالا گیا ہے۔کمیونزم کا مقابلہ کیسے کیا جائے اوراس کا توڑ کیا ہے؟ اس موضوع پر اس کتاب کا مطالعہ ازحد ضروری ہے۔اس میں آپ نے کمیونزم کے مقابلے کیلئے تین تجاویز بھی بیان کی ہیں۔

۸..... **مکالمہ جارج برناڈشا**: اس کتاب میں حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم کے مشہور زمانہ نقاد، فلاسفر اور ڈرامہ نگار ڈاکٹر جارج برناڈ شا کے ساتھ ''اسلام اور عیسائیت'' کے موضوع پر کینیا (افریقہ) کے شہر ممباسہ میں ہونے والے مکالمے کی تحریری روداد ہے۔

۹.....Elementary Teachings of Islam

۱۰.....Women and Their Status in Islam

۱۱.....A Shavian and a Theologian

۱۲.....The Forgotten Path of Knowledge

۱۳.....Codification of Islamic Law

ردِّ قادیانیت

۱..... **مرزائی حقیقت کا اظہار**: مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی کے ماریشس میں قیام کے دوران آپ کی تقریروں اور کوششوں سے کئی قادیانی آپ کے دست حق پر تائب ہوئے اور دین اسلام میں داخل ہوئے۔یہ دیکھ کر وہاں کے مرزائیوں میں کھلبلی مچ گئی اورانہوں نے اس وقت جب شاہ عبدالعلیم صدیقی واپسی کے لئے رختِ سفر باندھ

Marfat.com

رہے تھے ایک اشتہار بنام ''حقیقت کا اظہار'' شائع کیا جس میں اپنے باطل عقائد کو بیان کیا۔ شاہ صاحب نے باوجود عدیم الفرصت اور سفر کے اس کا ردِ بلیغ فرمایا اور انہیں کے لٹریچر سے مرزا غلام احمد کی خباثت کو ثابت کیا۔ آپ کے اس رسالے کا عربی اور انگلش میں ترجمہ بالترتیب ''اَلْمِرْاٰۃ'' اور ''THE MIRROR'' کے نام سے شائع ہو چکا ہے۔

حضور خاتم النبیین والمرسلین ﷺ کے مقام کے تحفظ کی خاطر پوری دنیا میں قادیانیوں کے خلاف جو تحریک شاہ عبدالعلیم صدیقی نے چلائی تھی، ان کے فرزند ارجمند مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی نے ۱۹۷۴ء میں پاکستان کی قومی اسمبلی سے قادیانیوں کو غیر مسلم اقلیت قرار دلوا کر اس کے منطقی انجام تک پہنچا دیا۔

وصال: حضرت مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ ۲۲ر ذوالحجہ ۱۳۷۳ھ مطابق ۲۴ر اگست ۱۹۵۴ء کو مدینہ طیبہ میں اپنے خالقِ حقیقی سے جا ملے۔ اور تعلیماتِ اسلامیہ کی تبلیغ و اشاعت کے انعام کے طور پر تدفین جنت البقیع میں ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے قدموں میں ہوئی۔

رَحْمَةُ اللّٰهِ تَعَالٰى عَلَيْهِ رَحْمَةً وَّاسِعَةً

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرزائی حقیقت کا اظہار

(سنِ تصنیف: 1929ء / ۱۳۴۷ھ)

تصنیفِ لطیف

مبلغِ اسلام شاہ عبدالعلیم صدیقی

قادری حنفی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ

Marfat.com

Marfat.com

فہرست مرزائی حقیقت کا اظہار

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
1	وجہ تحریر	3
2	مرزائی حقیقت کا اظہار (نمبر۱)	7
3	مرزا صاحب کا خود اپنے آپ کو کاذب، بد سے بدتر اور لعنتی کہنا	8
4	جماعتِ حقہ اور اسلامی فرقے	10
5	مجدّدین اور الہام	11
6	مرزائی حقیقت کا اظہار (نمبر۲)	16
7	مرزا غلام احمد قادیانی کا اپنے اوپر کفر کا فتویٰ	16
8	خاتم النّبیین	17
9	آنے والے عیسیٰ مسیح ابن مریم علیہ السلام	19
10	مرزا صاحب کا دعویٰ ابنیتِ خدا	25
11	فہمِ قرآن	27
12	اختلافِ واقعات	29
13	بیٹے کی پیشین گوئی	31
14	خدائی سرخی کی چھینٹیں	34
15	مرزائی حقیقت کا اظہار (نمبر۳)	36
16	مرزا قادیانی کا ایمان باللہ اور اس کی حقیقت	36
17	احمد نبی اللہ ﷺ	38

Marfat.com

فہرست مرزائی حقیقت کا اظہار

نمبر شمار	مضامین	صفحہ نمبر
18	مرزا صاحب کا عورت ہونے کا دعویٰ	40
19	مرزا صاحب کا دعویٰ مریمیت	41
20	سری کرشن جی اور ان کے روپ	43
21	مرزا کی طرف سے توہینِ انبیاء	48
22	نکاحِ آسمانی	50
23	طاعون اور قادیان	56
24	ڈاکٹر عبدالحکیم اور مرزا جی	61
25	التحقیق الصحیح فی حیات المسیح	64
26	مرزائیوں کو ایک ہزار روپیہ انعام کا چیلنج	72
27	مرزائی ڈکشنری	78
28	عمرِ مسیح علیہ السلام	79
29	تقریظِ جلیل صدرالافاضل حضرت علامہ مولانا سید محمد نعیم الدین مرادآبادی	89

Marfat.com

مُبَسْمِلاً وَّحَامِدًا وَّمُحَمِّدًا جَلَّ وَعَلا

وَمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا مُحَمَّدًا سَلَّمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَصَلّٰی

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَحْدَہٗ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی مَنْ لَّا نَبِیَّ بَعْدَہٗ

وجۂ تحریر

اَمَّا بَعْد۔ ایک اشتہار بعنوان ''حقیقت کا اظہار'' نظر سے گذرا اگر چہ ایسی بے سروپا عامیانہ تحریر کے جواب کی نہ مجھے فرصت نہ حقیقتاً اس کی کوئی اشد ضرورت۔ مگر محض بدیں نیت کہ مبادا کوئی سادالوح اس تحریر کے سبب غلط فہمی کا شکار ہو جائے، امر واقعہ کے اظہار کی ضرورت ہوئی۔ مشتہر صاحب وہی بزرگ ہیں جنہوں نے ''روز ہل سینما'' کے مرزائی جلسے میں یہ بیان فرمایا تھا کہ انہوں نے میرے نام کوئی خط لکھا ہے جس میں مجھ کو مناظرہ کا چیلنج دیا ہے۔ میں بعض ثقہ حضرات کی اس روایت کی بناء پر منتظر تھا کہ وہ خط میرے پاس آئے تو چیلنج دینے والے صاحب پر ان کی خواہش کے مطابق بذریعہ مناظرہ بھی اتمام حجت کر دوں، مگر آج تک ان کے اس خط کے انتظار ہی انتظار میں رہا۔ اب اس نتیجہ پر پہنچا کہ یہ بھی لوگوں کو دھوکہ دینے اور اپنی بڑائی جتانے کیلئے ایک لغو حرکت تھی۔ جب ان کے مقتدیٰ جناب مرزا صاحب حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب کو دعوت مناظرہ دینے اور ان کو مباہلہ پر مجبور کرنے کے باوجود لاہور نہ پہنچے اور بہانہ بازیاں کیں۔ مولوی ثناء اللہ کو پیش گوئیوں کی پڑتال کیلئے قادیان بلایا اور منہ نہ دکھایا تو چیلے کے لئے اتنا جھوٹ بولنا کیا دشوار تھا۔ میں نے ''مارشس'' میں آتے ہی اعلان کر دیا تھا کہ جو شخص جس دینی مسئلہ کو سمجھنا چاہے میرے پاس ''جامع مسجد پورٹ لوئس'' میں دس (۱۰) بجے صبح سے چار (۴) بجے سہ پہر تک کسی وقت آئے اور سمجھ جائے چنانچہ بمنہ تعالیٰ اس عرصے میں روزانہ آنے والوں اور مسائل سمجھنے والوں کا اس قدر ہجوم رہا کہ مجھ کو خواب وخور کی بھی فرصت بدقّت ملتی تھی۔

Marfat.com

اسی سلسلے میں بہت سے مرزائی بھی آئے اور الحمدللہ کہ جو آئے میرے پاس سے نہ صرف لاجواب ہوکر بلکہ اطمینان پاکر ہی گئے ان میں جن کو اللہ تعالیٰ نے ہدایت دی وہ الحمد للہ تائب ہوکر جماعت مسلمین میں شامل ہوئے۔

روشن بھنو نامی ایک شخص نے یہ پیام بھیجا کہ وہ مع اپنے قریبی رشتہ دار اور چھ سات آدمیوں کے مجھ سے مل کر بعض مسائل کو سمجھنا چاہتا ہے اور اگر اس کا اطمینان خاطر ہوجائے تو مرزائیت سے تائب ہونے کے لئے تیار ہے اپنی بعض مصالح کے سبب جامع مسجد میں آنا نہیں چاہتا بلکہ ترودودوس میں جناب حاجی وزیر علی صاحب کے مکان پر آسکتا ہے میں نے باوجود مشاغل کثیرہ یہ زحمت بھی گوارہ کی اور تقریباً تیس (۳۰) میل کا سفر کرکے وہاں بھی پہنچا روشن بھنو وہاں بجائے چھ سات کے پچاس ساٹھ آدمیوں کے ساتھ موجود تھا۔ میں نے اس سے کہا بسم اللہ تمہیں جو دریافت کرنا ہے پوچھو۔ اس نے کہا میں خود کچھ نہیں دریافت کرتا بلکہ یہ چاہتا ہوں کہ آپ ہمارے حافظ صاحب (انہی مشتہر صاحب) سے مناظرہ کریں اور ہم سنیں اور فیصلہ کریں۔ میں نے جواب دیا کہ یہ آپ کی خواہش ہے مگر وہ آپ کے حافظ صاحب بھی مناظرہ کیلئے تیار ہیں یا نہیں؟ اس لئے کہ میں تو عرصہ سے ان کے خط کے انتظار میں ہوں جس کا انہوں نے جلسہ ''روز ہل سینما'' میں اعلان فرمایا تھا۔ میں آپ کی خواہش کے مطابق ان سے مناظرہ کیلئے بھی تیار ہوں بشرطیکہ وہ اپنا دستخطی اقراری خط میرے پاس بھیجیں جس میں یہ لکھیں کہ کن مسائل پر کن شرائط کے ساتھ کس وقت اور کہاں مناظرہ فرمانا چاہتے ہیں؟ ان کا خط آنے کے بعد میں ان شرائط پر غور کروں گا اور جب میری اور ان کی باہم رضامندی سے شرائط مناظرہ تحریری طور سے طے ہوجائیں گے تو ان شرطوں کے مطابق مناظرہ کرلوں گا تاکہ ایک فیصل کن صورت آپ کے سامنے آجائے۔ اس کے جواب میں بھنو نے کہا کہ بہت اچھا آپ اپنی اس بات پر پکے

Marfat.com

رہیں کہ میں انہی کی دستخطی اقراری چٹھی جس میں سب شرطیں وغیرہ لکھی ہوں گی آپ کو خود پہنچاؤں گا۔ غالباً بھنو نے اس بات پر قسم بھی کھائی اور اس وقت رخصت ہوا۔ لیکن کئی ماہ گذر گئے آج تک وہ تحریر نہ آنی تھی نہ آئی۔ اس دوران میں کسی شخص عبدالرحیم اور بھنو نے مجھے لکھا کہ آپ فلاں جگہ فلاں وقت ہمارے حافظ صاحب سے مناظرہ کیلئے آیئے۔ میں نے اس کے اس وعدے کے بعد ایسے لغو خط کو ردّی سمجھ کر پھینک دیا تھا مگر میرے بعض احباب نے مناسب سمجھا کہ اس کو اس کا وعدہ یاد دلائیں، شاید کے وہ بھول گیا ہو۔ چنانچہ انہوں نے دوبارہ بذریعہ رجسٹرڈ خطوط اس کو اس کے وعدے کے الفاظ یاد دلائے اور یہ بھی جتادیا کہ اگر تم اپنے حافظ صاحب کی تحریر نہ بھیجو گے تو یہ سمجھا جائے گا کہ (مدعی سست گواہ چست) تمہارے حافظ صاحب مناظرہ سے گریز کرتے ہیں، مگر ان احباب کی ان تحریروں کا بھی اس پر کوئی اثر نہ ہوا۔

بالآخر برادر دینی اور یقینی شیخ عبدالرحیم صاحب کے مکان پر (جو اس سلسلے میں مع اپنے بڑے قبیلے کے مرزائیت سے تائب ہوئے ہیں) میں نے اپنے دوران وعظ میں اس کل مضمون اور رقعہ کا اظہار کرتے ہوئے یہ اعلان کیا کہ اب میں عنقریب اس جزیرے سے روانہ ہونے والا ہوں مزید اتمام حجّت کے لئے تمام مرزائیوں کو یہ سنا دینا چاہتا ہوں کہ اگر ان کے حافظ صاحب اپنے اعلان کے مطابق مجھ سے مناظرہ کرنا چاہتے ہیں تو چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر وہ موعودہ خط میرے پاس بھیجیں اور مناظرہ کرلیں ورنہ ان کے اس جھوٹ کا سب پر اظہار اور ان کا مناظرہ سے فرار عالَم آشکار ہو جائے گا۔ میں یہ کہہ ہی رہا تھا کہ مرزائی احاطے کی دیوار کے پیچھے سے کسی پردہ نشین نے یہ بانگ بے ہنگام بلند کی کہ آپ جو کہہ رہے ہیں لکھ کر ہمارے پاس بھیج دیجئے تب ہم شرائط مناظرہ وغیرہ سب لکھ بھیجیں گے۔ میں نے اس کے جواب میں فوراً للکار کر کہا کہ یہ پردے کے پیچھے کون بولتا ہے؟ جس

Marfat.com

کو بولنا ہو سامنے آئے اور تمیز کے ساتھ جو بات کہنی ہو کہے۔ میری اس للکار کے بعد وہ آواز بند ہوگئی۔ بعض تجربہ کار احباب نے بعد جلسے بتایا کہ وہ آواز حافظ صاحب موصوف کی ہی تھی۔ پھر میں نے صاف صاف لفظوں میں کہہ دیا کہ میں محبت کے ساتھ دین حق کی تبلیغ کر رہا ہوں مجھے ضرورت نہیں کہ کسی کو مناظرہ کا چیلنج دوں۔ ہاں اگر کوئی مجھ سے مناظرہ کرنا چاہے تو میں بسر و چشم اس کے لئے تیار ہوں۔ اگر مرزائیوں کو تحریری چیلنج دو تو مجھے چاہیے کہ عیسائی، بڈھسٹ، سناتنی، آریہ سب کو ایسی ہی تحریر بھیجوں ورنہ ان کو باتیں بنانے کا موقع ملے گا۔ اس کے بعد میں چوبیس گھنٹے تک مرزائی حافظ صاحب کی تحریر کا منتظر رہا لیکن چوبیس گھنٹے کجا آج تک نہ وہ خط ہے نہ اس کی کوئی خبر۔

مناظرے سے مرزائی حافظ صاحب کا فرار اظہر من الشمس ہو گیا اور شاید خود ان کے فرقے کے لوگوں نے ان کو ان کے جھوٹے وعدے اور جھوٹے اعلان پر پھر میری تقریر کے دوران میں بولنے اور میرے بلانے کے باوجود سامنے نہ آنے پر شرمندہ کیا ہوگا اور ان کو یہ فکر دامن گیر ہوئی ہوگی کہ کہیں لگی لگائی روزی ہاتھ سے نہ جاتی رہے اس لئے اب قادیانی فنڈ کی آمدنی بھی برادرم شیخ عبدالرحیم کے تائب ہونے کے بعد کم ہوگئی تو مجبور ہو کر جناب حافظ صاحب نے اشک شوئی کے لئے وہی اشتہار بازی کا طریقہ اختیار کیا جو ہمیشہ مرزا صاحب اور ان کے پیروؤں کا شعار رہا ہے تا کہ ادھر اشتہار کی سرخی میں میرا نام ہونے کے سبب ان کا اشتہار فروخت ہو آمدنی کی صورت نکلے اور ادھر مرزائیوں کو تسلی دینے کا بھی موقع ملے کہ ہم نے اور کچھ نہیں تو بے سروپا اشتہار ہی دے دیا۔ ان کو یہ تو یقین ہے کہ مسلمانان ''مارشس'' کے پاس کوئی اردو کا پریس نہیں، کاتب نہیں، پتھر نہیں، پھر جواب چھاپیں گے تو کیونکر؟ پھر میرے متعلق بھی یہ یقین ہو گیا کہ پابرکاب ہوں اور عدیم الفرصت۔ لہٰذا اس موقع کو غنیمت جان کر اشتہار چھاپا کہ اسی بہانے سے مرزائیوں پر رعب

Marfat.com

جم جائے اور یہ کہنے کا موقع ملے کہ دیکھو ہمارے اشتہار کا کسی نے جواب نہ دیا۔ مگر انہیں معلوم ہو جانا چاہیے کہ الحمد للہ خدام دین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی الہ وصحبہ اجمعین وسلم ہر خدمت دین کے لئے ہمیشہ مستعد رہتے ہیں چنانچہ ان کی تحریر کا جواب بھی حاضر ہے۔

وھوھذا۔

مرزائی حقیقت کا اظہار

(۱)

میں یقیناً اسی اصول حکمت سے کام لے کر جس کی ہدایت قرآن حکیم نے فرمائی بہت محبت کے ساتھ بے دینوں کو اسلام کی طرف بلاتا ہوں اور بمنہ تعالیٰ کامیاب ہوتا ہوں نہ کسی پر حملہ کرتا ہوں نہ کسی کا دل دکھاتا ہوں جس کا عملی ثبوت اسی سے مل سکتا ہے کہ جزیرہ بھر کے ہر اس پبلک جلسے میں جہاں میں نے تقریر کی ہمیشہ کثرت کے ساتھ غیر مسلم حضرات شرکت فرماتے رہے اور ہر فرقے کے افراد میرے طرز کلام کی داد دیتے ہوئے رخصت ہوئے حتیٰ کہ واکوئے کے ایک جلسے میں تو ایک پادری صاحب نے بے ساختہ ایسی بینظیر مختصر تقریر فرمائی جو ان کے اسلام سے قریب تر ہونے پر دلالت کر رہی تھی۔ دوسرے ایک انگریز رئیس نے بہت مناسب الفاظ میں طرز تقریر کی داد دیتے ہوئے اس کی تائید کی۔ نیز یہ بھی ظاہر ہے کہ انہی تقریروں سے متاثر ہو کر اس وقت تک تقریباً پچاس آدمی مشرف بہ اسلام ہو چکے ہیں۔ ہاں چونکہ کفر مرزائیت سے تائب ہونے والوں کی تعداد زیادہ ہے یہی حافظ صاحب پر شاق۔ تو اس کا میرے پاس کوئی علاج نہیں۔ میں نے ہرگز ہرگز کبھی کسی پر حملہ نہیں کیا، ہاں جب مرزائیوں کی طرف سے مناظرہ کی چٹھی کی جھوٹی خبر گرما گرمی کے ساتھ مشہور کی گئی تو مجبور ہوا کہ کھلے طور پر لوگوں کو مرزائیت کی حقیقت سے آگاہ کر دوں۔ اس سلسلے میں بھی جو الفاظ حافظ صاحب کو گراں گذر سکتے ہیں وہ میرے نہیں

Marfat.com

بلکہ خود مرزا صاحب کے ہی کلمات ہیں، میں صرف ان کا دہرانے والا ہوں۔ چنانچہ ملاحظہ فرمایئے۔

ا..... محمدی بیگم سے نکاح اور اس کے شوہر کے انتقال کی پیش گوئی کے متعلق جناب مرزا صاحب ارشاد فرماتے ہیں کہ

الف..... اس پیش گوئی کی دوسری جز پوری نہ ہوئی تو میں ہر ایک بد سے بدتر ٹھہروں گا۔ (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ نمبر ۵۴)

ب..... یہ تمام امور جو انسانی طاقت سے بالاتر ہیں ایک صادق یا کاذب کی شناخت کے لئے کافی ہیں۔ (شہادۃ القرآن صفحہ ۷۵)

ج..... اگر میں جھوٹا ہوں تو یہ پیش گوئی پوری نہیں ہوگی اور میری موت آجائے گی۔ (حاشیہ انجام آتھم صفحہ ۳۱)

د..... برائے صدق خود یا کذب خود معیاری گردانم۔ (انجام آتھم صفحہ ۲۲۳)

یہ ظاہر ہے، دنیا کو معلوم ہے کہ یہ پیش گوئی پوری نہ ہوئی اس نکاح کی حسرت اور اپنی مطلوبہ کا داغ مفارقت مرزا صاحب دل ہی میں لے کر مر گئے۔ پس اب مرزائی صاحبان ہی فیصلہ فرمائیں کہ مرزا صاحب اپنے قول کے مطابق بد سے بدتر کاذب اور جھوٹے بنے یا نہیں؟

۲..... پھر ڈاکٹر عبدالحکیم خاں صاحب نے جب مرزائیت سے توبہ کرنے کے بعد یہ پیش گوئی فرمائی کہ صادق کے سامنے شریر فنا ہو جائے گا یعنی تین سال کے اندر میرے سامنے مرزا صاحب مر جائیں گے۔ (اعلان الحق ۱۲/ جولائی ۱۹۰۶ء)

اس کے جواب میں جناب مرزا صاحب نے اپنے اشتہار مجریہ ۱۶/ اگست ۱۹۰۶ء میں تحریر فرمایا۔ کہ خدا صادق اور کاذب میں فرق کر کے دکھائے گا، یہ کبھی نہیں ہو سکتا

Marfat.com

کہ شریر اور مفتری کے سامنے صادق اور مصلح فنا ہو جائے۔ یہ کبھی نہیں ہوگا کہ میں ایسی ذلت اور لعنت کی موت سے مروں کہ عبدالحکیم خان کی پیش گوئی کی میعاد میں ہلاک ہو جاؤں۔

دنیا کو معلوم ہے کہ مرزا صاحب اسی پیش گوئی کی میعاد یعنی ۲۶ رمئی ۱۹۰۸ء کو ہیضہ کی اسی وبائی بیماری میں جو بقول مرزا صاحب ان کے مخالفوں کے لئے بصورت عذاب آئی تھی خود مبتلا ہوئے۔ (لاہور میں مرے اور قادیان میں دفن کئے گئے)

اب فیصلہ حافظ صاحب اور ان کے رفقاء ہی فرمائیں کہ مرزا صاحب بقول خود میعاد پیش گوئی کے اندر ذلّت اور لعنت کی موت سے مرے اور ان کے مرنے سے صادق اور کاذب کا فرق ظاہر ہوا یا نہیں؟ میں نے اپنی طرف سے کبھی ان کی شان میں کبھی کوئی سخت کلمہ نہ استعمال کیا او رنہ یہ میری عادت۔ اگر مرزا صاحب کے ان جملوں میں اُن پر سخت سے سخت حملے ہیں تو ان کے ذمے دار خود مرزا صاحب ہیں نہ کہ میں۔ اگر کوئی مرزائی ان سے کسی طرح جواب طلب کر سکتا ہے تو ضرور کر لے، میرے حقیقی اعتراض یا بقول حافظ صاحب سخت سے سخت حملے اگر تھے تو یہی۔ مگر میں نے حافظ صاحب کی (نمبر اول) یک رخی دو ورقی اور (نمبر دو) دو رخی دو ورقی کو اول سے آخر تک پڑھا۔ ان اعتراضوں کا جواب کہیں بھی نظر نہیں آیا ہاں میری تقریر کے بعض حصص پر اپنی کج فہمی کے سبب قطع و برید کرتے ہوئے اپنی خیال ناقص کا اظہار فرمایا ہے۔ اور جو سوالات اس میں کئے اور جو توجیہیں بیان کیں اُن میں صرف اپنے مرزائی سرغناؤں کی نقالی کی ہے جس کے جواب علمائے اسلام کی طرف سے بارہا دیئے جا چکے اور ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں کی تعداد میں شائع ہو چکے۔ تاہم شاید مارشس کے لوگوں کی نظر سے کمتر گزرے ہوں، لہٰذا یہ دیکھتے ہوئے کہ حافظ صاحب کی تحریر طویل میں بار بار ایک ہی بات کا تکرار ہے مختلف عنوانوں کے ماتحت مختصراً عرض کیے دیتا ہوں شاید کہ اس سے بھی کوئی ہدایت پا جاوے۔

وما توفیقی الا باللّٰہ علیہ توکلت والیہ انیب

Marfat.com

جماعت

میں نے ابتدائے کلام ہی میں یہ کہہ دیا تھا کہ جماعت حقہ اسلام میں کوئی تفرقہ نہیں ما انا علیه و اصحابی ایک ہی راہ ہے۔ حنفی، شافعی، مالکی، حنبلی فرقے نہیں، سب اسی ایک راہ پر چلنے والے ہیں۔ اور یہی وہ سواد اعظم ہے جس کے لئے ارشاد کہ اتبعوا السواد الاعظم فانه من شذ شذ فی النار۔ (رواہ ابوداؤد) تم سواد اعظم کی پیروی کرو کیونکہ جو اس سے علیٰحدہ ہوا، جہنم میں گیا۔ اسی سواد اعظم کو حضور علیہ السلام نے جماعت فرمایا اور ان اللّٰه لایجمع امتی (اوقال) امة محمد ﷺ علیٰ ضلالة ویدالله علی الجماعة ومن شذ شذ فی النار۔ فرمایا یقیناً اللہ میری امت کو (یا یوں فرمایا) کہ امت محمد ﷺ کو گمراہی پر جمع نہ کرے گا اور اللہ کا ہاتھ جماعت پر ہے۔ اور جو علیحدہ ہوا جہنم میں گیا۔

اب اگر مرزائی اجماع امت کے خلاف نئے نئے عقیدے تراش کر اس سواد اعظم و جماعت مسلمین سے الگ ہوں تو وہ اپنا مقام دیکھ لیں، حدیث میں بتا دیا گیا ہے۔ معمولی عقل والا انسان بھی اتنی سی بات کو سمجھ سکتا ہے کہ جماعت کا لفظ تیس کروڑ انسانوں کے گروہ پر صادق آسکتا ہے یا گنے چنے چند مرزائی افراد پر؟

حدیث العلماء ورثة الانبیاء میں بھی اسی سواد اعظم کے علماء کی شان کا اظہار۔ ہاں وہ بے علم مدعیان علم جو اس سواد اعظم سے الگ ہوئے اور ذاتی اغراض کے لئے شرارتیں پھیلاتے ہوئے اپنی اپنی ٹکڑیاں بناتے ہیں شر من تحت ادیم السماء کہلائے۔ اس حدیث کے مصداق صحیح حافظ صاحب کو تلاش کرنے کی ضرورت نہیں، مرزائی فرقہ میں بآسانی وہ ان سے ملاقات فرما سکتے ہیں۔ میں نہ کوئی نئی راہ بتاتا ہوں نہ نیا دین سکھاتا ہوں نہ اپنا کوئی نیا فرقہ بناتا ہوں، صرف اسی ما انا علیه واصحابی والی راہ کی

Marfat.com

طرف بلاتا ہوں اور یہی سکھاتا ہوں کہ قرآن کریم وحدیث شریف کے معانی میں مدعیان الہام کے خودتراشیدہ الہام کو دخل نہ دیا جائے بلکہ ان کے وہی معنی سمجھے جائیں جو حضور خاتم النبیین ﷺ نے سمجھے اور اپنے صحابہ کو سمجھائے اور انہوں نے بتسلسل ہم تک پہنچائے۔

حافظ صاحب لکھتے ہیں۔ کہ ''انبیاء کے وارث علماء کوئی خاص لوگ ہیں۔'' اور پھر اس کی تشریح فرماتے ہیں کہ ملہم آدمی خدا سے علم پاکر بولتا ہے اور اس کی مزید توضیح کہ العلماء سے مراد مجددین ملہمین ہیں نہ کہ عام مولوی۔ یہ حافظ صاحب کی خودرائی ہے، نہ کہیں قرآن کریم میں اس کا ذکر نہ حدیث شریف میں اس کا بیان۔ الف لام کے متعلق یہ تو تحریر فرمایا کہ اسی بات کو ظاہر کرتا ہے مگر یہ نہ لکھا کہ کیوں؟ اگر صرف ونحو پڑھی ہوتی۔ اقسام الف لام کا علم ہوتا تو لکھتے کہ الف لام کیسا ہے؟ اگر عربی نہیں پڑھی تو اب تو اردو زبان میں بھی عربی صرف ونحو کی کتابیں چھپ گئی ہیں انہی میں دیکھ لیا[1] ہوتا۔ پھر کہیں کتاب وسنت کا یہ حوالہ بھی دیا ہوتا کہ بعد خاتم النبیین ﷺ کسی مدعی الہام کا الہام حجت شرعی بھی ہے۔

مجددین اور الہام

مجدد کی حدیث حافظ صاحب نے تحریر تو فرمائی۔ اس کے الفاظ کی ترتیب میں ایسا

---

[1] آپ الف لام عہد ذہنی ہی کا مراد لے سکتے ہیں تو ظاہر ہے اس کا معہود علماء دین مصطفیٰ ﷺ ہیں کیونکہ وہ بین المتکلم والسامع متعین ومعروف ہیں اور وہی وارث ہو بھی سکتے ہیں کیونکہ وارث اس کو کہتے ہیں جو اپنے مورث کا ترکہ پائے اور حضور ﷺ کا ترکہ علم دین ہے جیسا کہ حدیث صحیح میں وارد ہے تو یقیناً وارث کے مصداق علماء دین ہوئے اس کا انکار حدیث زیر بحث کی تحریف اور حدیث **لانورث دینارا ولا درھما** کا انکار ہے اور ملہمین تو کسی طرح مراد ہو ہی نہیں سکتے کیونکہ وہ مسبوق الذکر نہیں جو معہود خارجی قرار دیئے جاسکیں نہ سامع ومتکلم کے درمیان معروف ومعہود کہ بطریق عہد ذہنی مراد ہو سکتے۔ یہ کہاں کی صدائے بے ہنگام اور تحریف باطل ہے اور ملہمین وارث کا مصداق بھی نہیں ہو سکتے کہ نئے الہامات نبوت کا ترکہ کب ہیں؟ حضور ﷺ کا ترکہ تو کتاب وسنت ہے جیسا کہ خود حدیث شریف میں وارد ہوا۔ ۱۲ منہ

Marfat.com

بیہودہ تصرف بھی کیا اور لکھا کہ رأس مائة کل سنة جس کی غلطی ایک ادنیٰ متعلم عربی بھی بتادے، مگر معنی میں کچھ تصرف کر کے بھی یہ نہ دکھایا کہ وہ مجدد ملہم ہوں گے اور ان کا علم شرعی حجت بھی ہوگا۔

پھر تعجب کہ اس دو ورقی کی چند سطروں ہی میں اتنا تناقض

اوّل ..... لکھتے ہیں کہ العلماء سے وہ لوگ مراد ہیں جو معرفت الٰہی کا کامل علم رکھتے ہیں۔

دوم ..... کامل معرفت صرف الہام سے ہوتی ہے۔ ان کا نتیجہ یہ نکلا کہ العلماء سے وہ لوگ مراد ہیں جن کو الہام ہوتا ہے یعنی جنہیں الہام نہیں ہوتا وہ العلماء میں داخل نہیں اور انبیاء کے صحیح وارث نہیں۔

سوم ..... پھر آگے چل کر فرماتے ہیں کہ جو مولوی ان الہام پانے والے مجددین کے ساتھ شامل ہوں گے وہ بھی ان مجددین کے طفیل صحیح علم کے وارث ہوں گے۔ یعنی بغیر الہام کے صرف مجددوں کے طفیل میں بھی صحیح علم کے وارث ہو جائیں گے۔

ذرا اپنے جملوں پر نظر ڈالیے کہ ایک دوسرے کا الٹا ہے یا نہیں؟

پھر تعجب اور سخت تعجب ہے کہ مجددین کے ساتھ شامل ہونے اور مجددین کے طفیل سے تو صحیح علم کے وارث ہو جائیں اور سید المرسلین خاتم النبیین ﷺ کی صراط مستقیم پر چلنے میں ان کے ساتھ شامل ہونے اور ان صاحب وحی و کتاب کے طفیل ان سے صحیح علم بہ تسلسل روایت لینے کے بعد بھی صحیح علم کے وارث نہ بنیں اور العلماء میں داخل نہ ہو سکیں اور خطرے میں رہیں۔

ع بریں عقل و دانش بباید گریست

آیت قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْ اَدْعُوْا اِلَى اللّٰهِ عَلٰى بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ کو پیش کرتے ہوئے اس کا من گھڑت ترجمہ کرنا اور مَنِ اتَّبَعَنِيْ کو صرف صحابہ تک محدود کرتے ہوئے بارہ سو برس کے لئے تبلیغ کے دروازہ کو بند سمجھنا۔ اس لئے کہ اس عرصہ دراز میں کسی مجدّد نے یہ

Marfat.com

دعویٰ نہ کیا کہ میرا الہام حجّت شرعی ہے اس کو مانو اور جو اس کو نہ مانے گا وہ کافر ہوگا۔ بقول حافظ صاحب اس لئے کوئی عالم بھی صحیح علم کا وارث نہ بنا اور حق پر نہ رہا تو ان کے تبلیغ دین کرنے سے جو مسلمان ہوئے بقول حافظ صاحب وہ بھی حق پر نہ ہوئے۔ غرض اس طرح صرف مرزائی جماعت کے حق پر ثابت کرنے کے لئے حافظ صاحب کا بارہ سو برس کے تمام مسلمانوں کو (معاذاللہ) حق پر نہ ہونے کا حکم لگا دینا اور صرف مرزائی مبلغین کو اس کا مصداق بنانا ویسی ہی خودرائی ہے جس کے لئے سرکار دو عالم ﷺ کا ارشاد ہو رہا ہے، کہ جس نے قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے کی اس کو چاہیے کہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنائے۔ مرزائی صاحبان آریوں اور عیسائیوں کو تو کیا مسلمان بنائیں گے مرزا صاحب کے زمانے اور اس کے بعد کے مسلمانوں پر خود مرزا صاحب اور ان کے بلند اقبال صاحبزادہ نے کفر کا حکم لگایا تھا۔ صاحبزادے کے شاگرد حافظ صاحب استاد سے بھی آگے بڑھے اور انہوں نے پہلوں پر بھی ہاتھ صاف کیا۔ حافظ صاحب نے اشتہار بازی کی جرأت تو کی مگر جہالت کا یہ عالم ہے کہ مذکر و مؤنث کی تمیز نہیں، طائفة کے لئے لایزال لکھ رہے ہیں۔ پھر حدیث شریف میں خیانت اور بددیانتی اس درجہ دجل وفریب کا یہ عالم کہ صرف ایک جملہ اپنے مزعومہ مطلب کو خواہ مخواہ ثابت کرنے کے لئے نقل کر دیا۔ بعض کو ماننے اور بعض کے ساتھ کفر کرنے کا یہی طریقہ ہے کہ اول وآخر کو لکھا ہی نہیں۔ اس لئے کہ ان جملوں کو لکھتے تو مرزائیت کا سارا پول کھل جاتا اور مدعیت نبوت کا کذّاب ہونا حدیث نبوی ﷺ سے ظاہر ہو جاتا کیونکہ حضرت ﷺ فرماتے ہیں۔ سیکون فی امتی کذابون ثلاثون کلهم یزعم انه نبی وانا خاتم النبیین لانبی بعدی ولاتزال طائفة من امتی علی الحق ظاهرین لایضرهم من خالفهم حتّٰی یأتی امر اللّٰه۔ (مسلم، ترمذی، ابوداؤد) میری امت میں تیس جھوٹے پیدا ہونے والے ہیں ان میں سے ہر ایک یہ دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ میری امت میں ہمیشہ ایک گروہ حق پر رہے گا اور غالب رہے گا اس کے مخالف اسے ضرر نہ پہنچا سکیں گے یہاں تک کہ خدا کا حکم یعنی قیامت آجائے۔ وسیعلم الّذین ظلموا ای منقلب ینقلبون۔

Marfat.com

اس حدیث نے صاف بتادیا اور پہلے جملے کے معنی نے بالکل کھول دیا کہ یہی گروہ علماء ومجددین، وحی والہام خاتم النبیین پر قائم رہیں گے اپنے الہام کو شرعی حجت نہ بنائیں گے۔ مرزا صاحب کی طرح نبوت کا دعویٰ کرنا اور اپنے مفروضہ الہام کو وہی درجہ دینا جو قرآن کریم کا ہے، جھوٹوں کا شیوہ ہے۔

اب مرزا صاحب کو آپ اسی کسوٹی پر پرکھ لیجئے کہ

الف..... انہوں نے نبوت ورسالت کا کھلا ہوا دعویٰ کیا کہ ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم رسول اور نبی ہیں۔

ب..... سچا خدا وہی ہے جس نے قادیان میں نبی بھیجا۔ آپ انہیں غیر تشریعی اور ناقص نبی سمجھتے ہیں تو ان کے نزدیک بھی بے ایمان ہیں۔ اس لئے کہ وہ تو صاف لکھتے ہیں۔

۱..... جس نے اپنی وحی کے ذریعے چند امر اور نہی بیان کئے اور اپنی امت کے لئے ایک قانون مقرر کیا وہی صاحب الشریعۃ ہوگیا۔

پھر اپنی وحی میں امر ونہی کی مثال دے کر آگے لکھا کہ

۲..... اب تک میری وحی میں امر بھی ہوتے ہیں اور نہی بھی۔ (اربعین صفحہ ۴، ۶)

کہیے اب بھی تشریعی نبوت کے دعویٰ میں کیا کچھ کسر رہ گئی؟ پھر ابھی اور آگے بڑھئے۔ اپنی وحی کو قرآن کریم کے جیسا بتایا ؎

انچہ من بشنوم ز وحی خدا بخدا پاک دانمش ز خطا
ہمچو قرآن منزہ اش دانم از خطابا ہمیں است ایمانم

(نزول المسیح صفحہ ۹۹)

پھر اپنے آپ کو سب تشریعی وغیر تشریعی نبیوں کے برابر ٹھہرایا ؎

انبیاء گرچہ بودہ اند بسے من بعرفاں نہ کمترم ز کسے
کم نیم زاں ہمہ بروئے یقیں ہر کہ گوید دروغ است ولعیں

بلکہ اپنے آپ کو صاحب شریعت اولوالعزم رسول حضرت عیسیٰ بن مریم سے تو صاف طور پر

Marfat.com

بہتر بتایا۔ان کا مشہور شعر ہے ۔

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو　　اس سے بہتر غلام احمد ہے

کیا اس تیرہ سو برس کے کسی مجدد نے، کسی سچے عالم نے ایسا دعویٰ کیا؟ اپنے الہام کو ایسی حجت بتایا؟ نہیں اور ہرگز نہیں۔پس مرزا صاحب کے تو دعوے ہی اُن کی تکذیب کی بڑی دلیل ہیں۔ آپ کہیں ان کی مجددیت کا راگ الاپتے ہیں، کہیں امامت کا ذکر کرتے ہیں، آگے چل کر نبوت ورسالت غیر تشریعی کا حکم لگاتے، پھر ان کو فی الجملہ تشریعی بھی مانتے ہیں اس لئے کہ ان کے نہ ماننے والوں کو کافر اور باطل پر ٹھہراتے ہیں۔

ایک عالَم فیصلہ کر چکا اور مارشس کے مرزائی بھی عنقریب کر لیں گے۔مرزا صاحب تو اپنے قول سے خود کفر کے دام میں پھنس چکے اب وہ کہاں نکل کر جاتے ہیں۔مجددیت وامامت ونبوت کا ذکر تو بعد میں کیا جائے پہلے ان کے ہواخواہ ان کو کفر کے گڑھے سے تو نکالیں، اگر نکال سکتے ہیں۔باقی آئندہ۔　　(عبدالعلیم الصدیقی القادری)

نوٹ: قادیانی مبلغ حافظ صاحب نے اپنے فرقے کو حق پر ثابت کرنے کے لئے یہ آیت لکھی ہے۔قل هذه سبيلي ادعوا الى الله علىٰ بصيرة انا ومن اتبعني۔اور اس آیت کا یہ ترجمہ کیا ہے۔اے محمد ﷺ! تو اعلان کردے کہ میرا اور میرے صحابہ کا طریقہ یہ ہے کہ ہم سب علیٰ بصیرت تبلیغ کا کام کرتے ہیں۔قادیانی نے اپنے مدعا کو ثابت کرنے کے لئے آیت کے معنی میں تحریف کی۔اور من اتبعني کا ترجمہ (میرے صحابہ) کیا باوجودیکہ اس کے صاف معنی یہ تھے کہ جس نے میرا اتباع کیا اس میں صحابہ کرام بھی داخل تھے، تابعین بھی، تبع تابعین بھی، قیامت تک آنے والے تمام مسلمان فرمانبرداران رسول ﷺ بھی۔مگر قادیانی مبلغ نے دیکھا کہ صحیح ترجمہ کیا جائے تو آیت سے صاف طور پر ثابت ہوگا کہ حق پر صرف اہلسنت وجماعت ہیں جن کا دین اتباع رسول ﷺ ہے اور وہ قرآن حدیث چھوڑ کر کسی مدعی الہام کے امتی بننا گوارا نہیں کرتے۔لیکن تماشا یہ ہے کہ اس تحریف سے بھی انہیں کوئی فائدہ نہیں ہوا بلکہ یہ نتیجہ نکلا کہ مرزا جی بھی گروہ حق سے خارج ہیں کیونکہ وہ صحابی نہیں۔اور قادیانی صاحب کے نزدیک آیت میں من اتبعني سے صرف صحابہ مراد ہیں تو جب مرزا اہل حق سے خارج ہے تو اس کے متبعین کس طرح اہل حق بن گئے؟ آیت کے معنی میں تحریف کر کے بھی مرزائی گروہ باطل ہی میں ہے۔علاوہ بریں مرزائی مبلغ نے اہل حق صرف ملہمین کو مانا ہے قطع نظر اس کے کہ یہ خیال تراشیدہ طبع اور زائیدہ فکر مرزائیت ہے اور قرآن وحدیث میں اس کا کہیں ثبوت

Marfat.com

مُبَسْمِلاً وَّحَامِدًا وَّمُحَمِّدًا جَلَّ وَعَلا

وَمُصَلِّیًا وَّمُسَلِّمًا مُحَمَّدًا سَلَّمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَصَلّٰی

مرزائی حقیقت کا اظہار

(۲)

مرزا غلام احمد قادیانی اپنے کفر کا فتویٰ خود دے چکے

علمائے اسلام جناب مرزا صاحب سے ان کے اسلام کا ثبوت کیوں نہ طلب کریں جبکہ مرزا صاحب اپنے کافر و کاذب و لعنتی ہونے کا فتویٰ خود اپنے قلم سے دے رہے ہیں۔ اس سے قبل ناظرین نے مرزا صاحب کے نبوت تشریعی بلکہ دوسرے انبیاء سے برابر ی بلکہ ان سے بہتری کے دعوے تو ملاحظہ کیے۔ اب ایسے دعوے کرنے والے کے متعلق علمائے اسلام کے سامنے لاجواب ہوکر جناب مرزا صاحب نے جو فتوے دیئے وہ بھی دیکھئے اور فیصلہ کیجیے کہ ان دعووں کے بعد اپنے ان فتووں کے مطابق وہ کیا بنے؟

ا..... بجواب حضرت مولانا غلام دستگیر صاحب قصوری رحمۃ اللہ علیہ جناب مرزا صاحب علیہ ماعلیہ اپنے اشتہار مورخہ ۲۰ رشعبان ۱۳۱۴ھ میں شائع فرماتے ہیں۔

''ان پر واضح رہے کہ ہم بھی مدعی نبوت پر لعنت بھیجتے ہیں۔''

نہیں، بلکہ کثیر آیات واحادیث کے خلاف ہے۔ یہ تعجب خیز ہے کہ مرزائیوں کے حق پر ہونے کی دلیل مرزا ہی کا دعویٰ الہام قرار دیا جائے اور یہ دلیل ان کے سامنے پیش کی جائے جو مرزا کو مومن اور مسلم بھی نہیں مانتے تو وہ ملہم من اللہ کیسے تسلیم کریں گے؟ یہ کہاں کی منطق ہے کہ مخالف کے سامنے اپنے اعتقادات کو دلیل بنا کر پیش کر دیا جائے۔ زیادہ تعجب یہ ہے کہ مرزا صاحب کے الہام نسبت محمدی بیگم وغیرہ کے دیکھنے کے بعد بھی مرزائیوں کی غیرت مرزا کے الہام کا نام لینا گوارہ کرتی ہے۔ شرم۔ شرم۔ شرم..... اگر محض دعویٰ الہام کسی کو حق پر ثابت کر سکتا ہو تو بہائی بابی وغیرہ صدہا گمراہ فرقے الہام کے مدعی ہیں، مرزائی ان سب کو حق پر مانیں۔ ۱۲

Marfat.com

۲.....اشتہار مجریہ ۲/اکتوبر ۱۸۹۱ء میں علمائے دھلی کو مخاطب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''(میں) سیدنا ومولانا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ ختم المرسلین کے بعد کسی دوسرے مدعی نبوت ورسالت کو کاذب اور کافر جانتا ہوں۔''

ایک طرف مرزا صاحب خود اپنے ہی ان فتوؤں کی رو سے کافر، کاذب اور ملعون بنے اس لئے کہ نبوت کا دعویٰ اظہر من الشّمس۔ دوسری طرف انہوں نے تمام ان مسلمانوں پر جو مرزا صاحب کو نبی ومسیح ومہدی ومجدد وغیرہ نہ مانیں، کفر کا فتویٰ دیا اور انہیں کافر کہا۔ چونکہ قرآن وحدیث میں کہیں بھی مرزا صاحب پر ایمان لانے کا حکم نہیں دیا گیا، اس لئے اس فتوے کی رو سے کوئی مسلمان تو کافر نہ ہوا، ہاں بحکم حدیث وہ کفر بھی کروڑوں نہیں، بلکہ ان گنت مسلمانوں کی طرف سے خود مرزا صاحب ہی پر لوٹا۔ تو اب مرزا صاحب جس جماعت کے بھی[1] امام بنیں اس کا شمار کفار میں ہی ہوسکتا ہے۔ مسلمانوں کی جماعت سواد اعظم سے تو وہ پہلے ہی اپنے آپ کو الگ کر چکے۔ چنانچہ اسی کفر کا اظہار مختلف صورتوں میں مرزا صاحب کے چیلوں کی طرف سے ہوتا رہتا ہے۔

خاتم النّبیین ﷺ

پرستاران مرزا صاحب نے حدیث **لانبی بعدی** (میرے بعد کوئی نبی نہیں) کے معنی میں تحریف کرنے کے لئے طرح طرح کے حیلے نکالے مگر یہ جرأت آج تک کسی کو نہیں ہوئی تھی کہ **لاالٰہ الا اللّٰہ** کے معنی کو بھی بدلے اور مندروں اور گرجاؤں کے بتوں کو

---

[1] مرزائی مبلغ نے اپنے فرقہ کے حق پر ہونے کی دلیل بیان کی کہ وہ ایک شخص کو امام اور ملہم مانتے ہیں۔ یہ کس قدر قابل مضحکہ بات ہے کسی قوم کے وہمیات یا اعتقادات اس کے حق پر ہونے کی دلیل ہوسکتے ہوں تو دنیا میں کوئی فرقہ باطل پر نہ ہو۔ رافضی، خارجی، بہائی، بابی بلکہ ہنود، مجوس کون اپنا پیشوا ملہم نہیں مانتا تو مرزائیوں کے نزدیک یہ سب حق پر ہوئے۔ پس مرزائی بھی انہیں کے زمرے میں ہوں گے۔ ۱۲

Marfat.com

بھی معبود قرار دے مگر چونکہ مارشس کے مرزائی حافظ جی کو علم سے کوئی علاقہ ہی نہیں اس لئے لے دے کر پورے اشتہار میں اپنی طرف سے اگر کوئی بات نکالی تو وہ بھی ایسی نرالی جو مرزا صاحب کے حمایتی تو کجا خود مرزا صاحب کو بھی کبھی نہ سوجھی تھی۔ جناب حافظ صاحب مرزا جی کی نبوت ثابت کرنے میں اس درجہ حد سے گذرے کہ لاالٰہ الااللّٰہ میں بھی لا کو صرف کمال کی نفی کرنے والا قرار دے کر یہ مان بیٹھے کہ اللہ کے سوا بت خانوں اور گرجاؤں میں دوسرے (معبود بھی) موجود ہیں، اگرچہ وہ ایسے کامل نہ سہی جیسا کہ اللہ، مگر بقول حافظ صاحب معبود تو ضرور ہیں۔ (معاذاللّٰہ من ذٰلک)

مشرکین مکہ بھی تو اپنے بتوں کو اللہ کے برابر یا اللہ کے جیسا کامل معبود نہ مانتے تھے بلکہ اللہ سے کم درجے کا ہی معبود گردانتے تھے اور اسی جرم کے سبب اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں ان کو مشرک کہا۔ موجودہ زمانہ کے بت پرست بھی تو یہی کہتے ہیں کہ معبود حقیقی تو وہی خدا ہے اس سے کم درجے کے معبود یہ بت بھی ہیں۔

پس اب سوچئے کہ جناب مرزائی حافظ صاحب اور دوسرے بت پرست مشرکین میں کیا فرق رہا؟ حد سے گزرنے کی یہی سزا ہے کہ اوّل کافر بنے پھر مشرکین کے گروہ میں شامل ہوئے۔ جب کسی کی عقل پر پردہ پڑ جاتا ہے تو اس کا یہی حال ہوتا ہے۔ اسلام نے جو کلمہ سکھایا اس میں سب سے پہلے ہر مسلم کو یہی بتایا کہ حقیقی، مجازی، کامل، ناقص کسی صورت کسی قسم کا کوئی وجود ''الٰہ (معبود)'' کہے جانے کا مستحق سوائے اللہ کے ہے ہی نہیں۔ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں لا جنس الٰہ غیر اللہ کی نفی کرتا ہے اور اس کلمے کا ترجمہ یوں ہوتا ہے۔ ''اللہ کے سوا کوئی معبود ہے ہی نہیں''۔

سچے مسلمانوں کا تو یہی عقیدہ ہے کہ جس طرح خدا کے سوا وہ تمام بت یا دوسری چیزیں جن کی پوجا کی جاتی ہے جھوٹے اور کسی طرح معبود کہے جانے کے مستحق نہیں، اسی

Marfat.com

طرح بفحوائے حدیث لانبی بعدی حضور نبی اکرم ﷺ کے بعد جو شخص بھی نبوت ورسالت پانے اور نبی بننے کا دعویٰ کرے وہ ایسا ہی جھوٹا نبی اور جھوٹا رسول ہے جیسے وہ بت جھوٹے۔

آنے والے عیسیٰ مسیح بن مریم علیہما السلام، جن کی خبر

قرآن عظیم واحادیث میں دی گئی

وہ مسیح بن مریم علیہما السلام جن کے تشریف لانے کی خبر قرآن عظیم واحادیث شریفہ میں دی گئی ہے، نہ حضور خاتم النبیین ﷺ کے بعد نبی بنیں گے، نہ یہ دعویٰ فرمائیں گے کہ مجھے اب نبوت ورسالت ملی۔ بلکہ یہ وہی مسیح بن مریم علیہ السلام ہوں گے جو حضور اکرم ﷺ سے پہلے نبی بن چکے اور نبوت ورسالت پا چکے وہی بذات خود دوبارہ دنیا میں آئیں گے اور حضور خاتم النبیین ﷺ کی خدمت خلافت بجالائیں گے، چنانچہ ملاحظہ ہو حدیث نبی ﷺ۔ عن ابی هريرة ان النبی ﷺ قال الانبياء اخوان العلات امهاتهم شتّٰی ودينهم واحد وانی اولی الناس بعيسٰی بن مريم لانه لم يكن بينی وبينه نبی وانه خليفتی علٰی امتی وانه نازل فاذا رأيتموه فاعرفوه رجل مربوع الی الحمرة والبياض عليه ثوبان ممصران كان رأسه يقطر وان لم يصبه بلل فيدق الصليب ويقتل الخنزير ويضع الجزية ويدعوا الناس الی الاسلام ويهلک اللّٰه فی زمانه الملل كلها الا الاسلام (الٰی ان قال) فيمكث اربعين سنة ثم يتوفی ويصلی عليه المسلمون ويدفنونه (اخرجہ ابن ابی شیبۃ واحمد وابوداؤد وابن جریر وابن حبان عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ) مرزائی دلائل کے خرمن پر یہ حدیث بجلی کا کام کر رہی ہے اس لئے کہ اس میں حضور اکرم ﷺ نے صاف لفظوں میں بتادیا کہ تشریف لانے والے، نازل ہونے والے عیسیٰ بن مریم علیہ السلام وہی نبی ہیں جو مجھ سے پہلے نبی بن کر آچکے اور میرے اور ان کے

Marfat.com

درمیان کوئی اور نبی نہیں ہوا، وہی میری امت پر میرے خلیفہ بن کر تشریف لائیں گے ان کا حلیہ بھی بتا دیا اور کام بھی سنا دیا۔

صحیح مسلم کی وہ حدیث جس کا حوالہ حافظ جی نے دیا وہ انہی عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے متعلق ہے نہ غلام احمد بن گھسیٹی کی بابت۔ ان پرانے نبی اللہ عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے آنے سے نہ لانبی بعدی کی حدیث میں تاویل کی ضرورت، نہ کسی دوسری حدیث سے تطبیق کی حاجت۔ اس لئے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ظہور بہ شان خلافت خاتم نبوت ہوگا، نہ برائے اعلائے اظہار نبوت ورسالت۔ کتمان حق مرزائیوں کی عادت، اہل سنت کو اس حرکت سے سخت نفرت، قرآن کریم کی کسی آیت میں رب نے ہرگز ہرگز یہ خبر دی ہی نہیں کہ کسی نبی کی غلامی سے نعمت نبوت ودیعت کی جاتی ہے۔ حافظ جی کا قرآن عظیم پر کھلا افتراء ہے جس کی سزا ان شآء ربی روز جزا مل جائے گی۔

حافظ جی کا لا فتیٰ الا علی کے قول اور اذا ھلک کسریٰ فلا کسریٰ بعدہ الخ کی حدیث میں جو 'لا' ہے اس کو لاالٰہ الا اللّٰہ اور لانبی بعدی کے 'لا' پر قیاس کرنا ایسی کھلی ہوئی جہالت ہے جس کو کوئی اہل علم تو کجا ایک معمولی صرف ونحو جاننے والا بچہ سننے کا بھی روادار نہیں ہوسکتا۔ اس لئے کہ اس کو خبر ہوگی کہ 'لا' کتنی قسم کا ہوتا ہے؟ اور ہر قسم کی پہچان کے لئے کیا کیا قواعد ہیں؟ پھر یہ تو ایک معمولی اردو زبان میں تاریخ پڑھنے والا بھی جانتا ہوگا کہ اگر لا کسریٰ اور لاقیصر کے کلمات میں بھی 'لا' کے معنی وہی لئے جائیں تو بھی واقعات کے خلاف نہیں ہوسکتا۔ اس لئے کہ یقیناً مخبر صادق کے ارشاد کے مطابق کسریٰ کے کسرویت کا خاتمہ ہو ہی گیا، قیصر بھی ملک شام سے بھاگا اور اقلیم شام اس کے نام سے پاک ہوئی، اب نہ وہ کسرویت رہی نہ قیصریت۔ بادشاہ ہونا دوسری چیز ہے اور کسریٰ وقیصر کے القاب مخصوص دوسری چیز۔ حافظ جی کو عربی زبان سمجھنے کا سلیقہ تو کہاں سے

Marfat.com

ہوگا، کسی جاننے والے سے فتح الباری شرح بخاری میں اس کی تفصیل کا ترجمہ سن لیں تو ان کو کسریٰ وقیصر کے خاتمہ کا حال معلوم ہو جائے گا۔

حضور خاتم النبیین ﷺ کے اخبار بالغیب کے مطابق اس امت میں جھوٹے مدعین نبوت ہمیشہ آتے رہے ہیں اور آتے رہیں گے۔ چونکہ حدیث لانبی بعدی ان سب مدعیوں کے دعووں کا رد کرنے کے لئے سَدِّ سکندری کا کام دیتی ہے۔ اس لئے اس حدیث کے معنی میں تحریف پر ہر مدعی نبوت نے توجہ کی۔

ایک شخص نے اپنا نام ہی 'لا' رکھ لیا جس کسی نے اسی حدیث سے اس کا رد کیا تو کہنے لگا کہ یہ حدیث سچی ہے مگر تمہیں پڑھنی نہیں آتی۔ اس کو اس طرح پڑھو لَانَبِیٌّ بَعْدِیْ جس کا ترجمہ یہ ہے کہ 'لا' نام کا ایک شخص میرے بعد نبی ہوگا۔

اسی طرح ایک عورت کو بھی جنون ہوا۔ اس نے بھی نبوت کا دعویٰ کیا جب اس حدیث کو اس کے سامنے پیش کیا گیا۔ تو کہنے لگی کہ ہاں! یہ صحیح ہے مگر اس میں تو مرد نبی کی نفی کی گئی ہے، عورت کے نبی ہونے کی نفی کہاں ہے؟ لانبیة بعدی ہوتا تو تمہارا دعویٰ صحیح تھا۔

اگر غور کیا جائے تو ان کی یہ تحریف مرزائی تحریف سے بڑھیا معلوم ہوتی ہے۔

مگر اس زمانے میں سمجھدار لوگ بکثرت موجود تھے ان کے جھوٹے دعوے نہ چل سکے۔ آج بدقسمتی سے ہمارے زمانے کا جھوٹا مدعی نبوت بھی ہوا تو ایسا کہ جس کو تحریف کرنی بھی نہ آئی۔ اس کے ہوا خواہ بھی ہوئے تو ایسے جن کو اتنا سلیقہ بھی نہیں کہ نبوت منوانے چلے اور شرک تسلیم کر بیٹھے۔ اور اسی طرح ان کے جال میں پھنس جانے والے بھی ایسے سیدھے سادے کہ دین اسلام کے احکام کو تو کیا پہچانتے اتنی تمیز بھی نہیں رکھتے کہ خود غرض، مکار، فریبی، جھوٹے دجال اور بے غرض راست باز، سچے خدا پرست کے درمیان ہی فرق کر سکیں۔

وہ حافظ جی جن کو اتنی لیاقت بھی نہیں کہ مبتدا وخبر، فاعل ومفعول، مضارع واسم

Marfat.com

ظرف بلکہ مذکرومؤنث کو بھی پہچان سکیں، قرآن کریم پر ہاتھ صاف کرنے کی جرأت فرماتے ہیں اور مارشس کے بھولے بھالے لوگوں کو جس طرح چاہتے ہیں بہکاتے ہیں، حالانکہ حضور ﷺ نے فرمایا **من تکلم فی القراٰن برایه فاصاب فاخطا** (ترمذی) جس نے قرآن کریم کی تفسیر اپنی رائے سے کی اور اتفاقاً صحیح تفسیر بھی کردی تب بھی اس نے غلطی کی۔ پھر فرماتے ہیں **من قال فی القراٰن بغیر علم فلیتبوأ مقعده من النار** (ابوداؤد) جس شخص نے بغیر علم کے (اپنی رائے سے) قرآن کی تفسیر کی اسے چاہیے کہ اپنا ٹھکانا جہنّم میں سمجھ لے۔ آیت کریمہ **الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی** (الاٰیة) کی تلاوت کرتے ہوئے میں نے بتایا تھا کہ اس آیت کریمہ میں خاتم النبیین کی تفسیر بھی موجود ہے اور یہ بتایا جارہا ہے کہ انبیاء دین الٰہی کی تبلیغ کیلئے آتے ہیں اب چونکہ دین الٰہی کامل ہو چکا۔ پھر آیت **انا له لحافظون** میں رب العالمین نے اس مکمل قانون دین الٰہی کی حفاظت کا ذمہ بھی لے لیا لہٰذا اب کسی نبی کی ضرورت بھی نہیں رہی۔ مگر اس شخص کی عقل میں یہ معنی کیونکر آئیں جس کی آنکھوں کو پہلے ہی سے مرزا جی کی محبت میں نابینا اور کانوں کو بہرہ بنادیا گیا ہو **حبک الشئ یعمی ویصم**۔ نعمت کا حصر نبوت کے لئے کرنا اور پھر اس کو جاری ماننا حافظ جی کی خودرائی ہے، نہ قرآن کریم میں کوئی اس کی دلیل، نہ حدیث میں کہیں اشارہ۔

ویتم نعمته علیک وعلٰی اٰل یعقوب (الاٰیة) **اتممت علیکم نعمتی** (الاٰیة) اور **ولاتم نعمتی** (الاٰیة) وغیرہ آیات کے معانی میں جس قدر تحریف بھی کی گئی وہ مرزائیوں کی ایجاد ہے۔ نہ ان کے یہ معانی حضور ﷺ نے سمجھے، نہ کسی صحابی نے جانے، نہ تیرہ سو برس کے کسی مسلمان کی سمجھ میں آئے۔ کلمہ صریح خاتم النبیین کے ہوتے ہوئے جو ایسی خودرائی کو کام میں لائے اپنا ٹھکانہ جہنّم میں بنائے۔ رب العالمین نے تو قرآن کریم

Marfat.com

میں کھلے کھلے لفظوں میں فرمادیا کہ **ماکان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللّٰہ وخاتم النبیین**۔ سرکاردوعالم ﷺ نے بار بار بتکرار مختلف طریقوں پر مختلف کلمات میں یہی فرمایا کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں، میں آخری نبی ہوں۔ خاتم النبیین کے معنی خود حضور ﷺ نے صاف صاف بتادیئے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ کہیں فرمایا کہ **انا خاتم النبیین لانبی بعدی**، کبھی ارشاد ہوا **انا العاقب والعاقب الذی لیس بعدہ نبی**۔ میں عاقب (سب سے پیچھے آنے والا) ہوں اور عاقب اسے کہتے ہیں جس کے بعد کوئی نبی نہیں۔ بلکہ اس سے بھی زائد وضاحت سے فرمایا تاکہ تشریعی، غیرتشریعی، بروزی، ظلی وغیرہ وغیرہ سب قسم کے دعووں کی تکذیب ہوسکے کہ **ان الرسالۃ والنبوۃ قدانقطع فلارسول بعدی ولانبی**۔ یقیناً رسالت ونبوت بالکل منقطع ہوگئی، پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا نہ نبی۔ پس کوئی شخص بھی کسی قسم کی بھی نبوت کیوں نہ تراش لے، اس تیغ برّآں سے وہ پاش پاش ہی ہوجائے گی، ایک حدیث میں تو گویا اس امر پر اس قدر تاکید کی وجہ بھی خود ہی زبان مبارک سے بیان فرمادی کہ جھوٹے نبی آنے والے ہیں۔ فرمایا **سیکون فی امتی کذّابون ثلٰثون کلھم یزعم انہ نبی وانا خاتم النبیین لانبی بعدی** (مسلم) میری امت میں تیس بڑے جھوٹے پیدا ہوں گے جن میں سے ہر ایک یہی دعویٰ کرے گا کہ وہ نبی ہے حالانکہ میں خاتم النبیین ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں۔ کذّابون کے صیغۂ مبالغہ نے یہ بھی بتادیا کہ چھوٹے چھوٹے جھوٹوں کا ذکر نہیں، بڑے بڑے جھوٹے تیس ہوں گے۔

۳..... دوورقی میں حافظ جی نے علامہ قاضی عیاض کا قول نقل کرکے اپنی ایک تازہ جہالت کا ثبوت بہم پہنچادیا اس لئے کہ تیس کی تعداد کے متعلق ان کی عبارت بتارہی ہے کہ اگرچہ ایسے جھوٹے مدعی نبوت تو بہت گزرے مگر ان تیس میں خاص طور سے وہی داخل جن کا دعویٰ

Marfat.com

نبوت خوب مشہور ہوا پس جس کے دعوے نے زیادہ شہرت پائی وہی تیس نمبری متنبیوں میں داخل ہوا۔ اگر مرزا صاحب کی تشہیر دنیا میں بنسبت ان سے پہلے جھوٹے مدعیان نبوت کے زیادہ ہوئی اور ہو رہی ہے (جیسا کہ مرزائیوں کا دعویٰ ہے) تو یقیناً نہ صرف یہ کہ وہ ان تیس میں داخل ہوں گے بلکہ ان سے اس مقابلے میں نمبر لیتے جائیں گے، یہاں تک کہ ممکن ہے کہ جہنم کی طرف کی اس دوڑ میں چودھویں صدی میں ہونے کے باوجود پہلی صدی کے مسیلمہ سے بھی آگے بڑھ جائیں اور سب جھوٹے مدعیان نبوت میں نمبر اول مرزا جی ہی کا رہے۔

بہر صورت حضور ﷺ کے بعد جو کوئی بھی نبوت کا دعویٰ کرے وہ جھوٹا ہے۔ قرآن میں حضور ﷺ کے بعد نہ کسی احمد کے آنے کا اشارہ نہ کسی حدیث میں کسی نئے نبی کا استثناء۔ صحابہ نے یہی سمجھا، تیرہ سو برس کے مسلمانوں نے یہی مانا۔ آج اگر حافظ جی اور ان کے مقتدیٰ خدا اور رسول وصحابہ وامت مسلمہ سب سے جدا ہو کر آیات قرآنی کے معنی بگاڑتے اور اپنی مطلب برآری کے لئے خدا اور رسول سے مقابلے کی ٹھانتے ہیں تو اس کے عذاب کیلئے تیار رہیں۔ دنیا میں تو اکثر کافروں کی رسی ڈھیلی چھوڑی جاتی ہے، **فمهل الكافرين امهلهم رويدا**۔ لیکن رب قہّار کی پکڑ بہت سخت ہے، **ان بطش ربک لشديد**۔ حق کا جویا آنکھوں والا دیکھے کے کہاں قرآن کریم کا کھلا ارشاد، جس کا لفظی ترجمہ مسلمانوں کے ہر مترجم قرآن میں لکھا ہوا، اور کہاں مرزائی لچھے دار فقرہ اور پیچ دار دعوے۔ عقل والا تو فوراً فیصلہ کر لیتا ہے کہ ان آیات واحادیث کے ہوتے ہوئے حضور ﷺ کے بعد نبوت کا ثبوت قرآن کریم سے نکالنا ایسا ہی ہے جیسے کسی عقل کے اندھے بے دین نے **امنت بالله** کے جملے میں کسی بڑھیا کے بِلّے کا ذکر دکھایا اور دین کی توہین کر کے اپنا پیٹ انگاروں سے بھرا۔

وسيعلم الذين ظلموا اى منقلب ينقلبون۔

Marfat.com

مرزا صاحب کا دعویٰ ابنیت خدا، بلکہ اس سے بھی سوا

مرزا صاحب نے دعویٰ کیا کہ (معاذاللہ) انہیں خدا کی طرف سے الہام ہوا۔

۱..... انت منّی بمنزلة اولادی (تو مجھ سے ہے بطور میری اولاد کے)۔ (دافع البلاء مصنفہ مرزا صفحہ ۶، ۷)

۲..... انت منّی وانا منک (تو مجھ سے ہے اور میں تجھ سے)۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۸۴)

۳..... انت منّی بمنزلة ولدی (تو مجھ سے ہے بطور میرے بیٹے کے)۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۸۴)

۴..... اسمع ولدی! (اے میرے بیٹے سُن)۔ (البشریٰ جلد اوّل صفحہ ۴۹)

۵..... انت من مائنا وھم من فشل (تو ہمارے پانی (نطفہ) سے ہے اور وہ لوگ خشکی سے)۔ (اربعین ۳، صفحہ ۳۴)

میں نے اپنی تقریر میں مرزا صاحب کے انہی کلمات کا حوالہ دیا اور یہ بتایا کہ خدائے قدوس کی شان کا آیت لم یلد ولم یولد میں بیان، اس کا فرمان کہ لم یتخذ ولدا۔ مگر جناب مرزا صاحب نے کھلے لفظوں میں ابنیت خدا کا دعویٰ کیا، مرزا جی کے حمایتی جناب حافظ جی اپنی دو ورقی میں اس کے متعلق جو مزخرفات تحریر فرماتے ہیں، وہ بالکل ایسے ہی ہیں جیسے مسیحیوں اور یہودیوں کی طرف سے حضرت مسیح و حضرت عزیر کی ابنیت خدا (معاذاللہ) ثابت کرنے کے لئے پیش کئے جاتے ہیں۔ اس لئے کہ وہ بھی کہہ دیں گے کہ ہم ان کو ایسا حقیقی بیٹا تو نہیں کہتے جیسے کسی انسان کا بیٹا دوسرا انسان ہوتا ہے بلکہ ایسا ہی بیٹا کہتے ہیں جیسا مرزا صاحب نے اپنے آپ کو بنایا اور اسی جرم میں قرآن کریم نے ان کے حق میں یہ حکم نافذ فرمایا کہ لقد کفر الذین (الآیۃ) یقیناً ان لوگوں نے کفر کیا۔ پس

Marfat.com

جو جواب اس موقعہ پر نصاریٰ اور یہود کیلئے ہے وہی جواب مرزائیوں کے لئے ہے۔ اسلامی علم مناظرہ کی کتابیں ایسے جوابوں سے بھری ہیں، جس کا دل چاہے دیکھ لے[1] آیت فاذکروا اللّٰہ کذکرکم اٰبائکم (الاٰیۃ) سے حافظ جی کا استدلال کرنا اور اپنے مقتدا کی اس دریدہ ذہنی پر پردہ ڈالنا ظلمات بعضھا فوق بعض کا مصداق۔ آیت کا مطلب نہایت سیدھا سادہ صاف کہ خدا کو اسی طرح ہر وقت یاد کرتے رہو جس طرح تم اپنے محسن باپ کو ہر وقت دل وزبان سے یاد کرتے رہتے ہو اور اشد ذکرا سے اس پر مزید تاکید۔ اگر (معاذاللّٰہ معاذاللّٰہ) اس آیت سے حافظ جی خدا کا باپ [illegible] کر رہے ہیں تو کچھ تعجب نہیں کہ یعرفونہٗ کما یعرفون ابنائھم (وہ لوگ حضور نبی اکرم ﷺ کو اسی طرح پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو) کی آیت سے (توبہ توبہ عیاذاً باللّٰہ) سرکار دو عالم ﷺ کو ..... کا ابناء کہہ بیٹھیں گے۔ حدیث کا پڑھنا اور سمجھنا اہل علم کا کام۔ کہاں حافظ جی اور کہاں اس اہم کام کا سرانجام! انہیں جب عیال اور اولاد کے الفاظ کا لغوی فرق بھی

---

[1] اور حقیقت میں مرزائیوں کا یہ عذر یہود ونصاریٰ سے بہت کمزور ہے کیونکہ مرزا کے لفظ اس معنی کا تحمل نہیں رکھتے، کیونکہ اگر ابن اور ولد کے معنی مطیع، مخلص، مستحق، رحمت وشفقت فرض کئے جائیں تو پھر بمنزلہ کا کیا کام انت ولدی کیوں ناکافی یا مطلب ہے کہ تو مطیع اور مخلص تو نہیں عفو وکرم سے بمنزلہ مطیع کے قرار دیا جاتا ہے جیسے کسی سے کہئے کہ تو بمنزلہ شریف کے ہے، تو یہ اس کی توہین ہوگی، اگر یہ معنی ہوں اور مرزا مطیعین ومخلصین میں حقیقتاً داخل نہ ہوں تو پھر امام ومجدد اور صاحب الہام کیسے ہوسکتا ہے، تو لامحالہ بہت ہیر پھیر کرنے کے بعد بھی یہ کہنا پڑے گا کہ مطلب یہ ہے کہ مرزا حقیقی وصلبی بیٹا تو نہیں مگر (معاذاللّٰہ) خدا کے صلبی بیٹے کے برابر اس کو پیار ایا اس کا مطیع ہے، تو اگرچہ مرزا نہ سہی خدا کے لئے صلبی بیٹا تو مانا، کوئی ہو اب مرزائی یہ بتائیں وہ صلبی بیٹا کونسا ہے جس کے بمنزلہ ہونے مرزا کو دعویٰ ہے، مرزائیوں نے جو معانی تراشے وہ نصرانیوں کے مقولے المسیح ابن اللہ، یا یہودیوں کے قول عزیر ابن اللہ میں چلتے تو چلتے، مگر مرزا کی عبارت میں کسی طرح چل ہی نہیں سکتے۔ ۱۲

Marfat.com

نہیں معلوم۔ مثنوی مولانا روم کے شعر سے استدلال تو کیا کرتے اسے موزوں لکھ بھی نہ سکے۔ اس جہالت کے باوجود خدا ہی جانے کہ جواب کی جرأت کس صورت سے ہوئی۔ سچ ہے **اذا فاتک الحیاء فافعل ماشئت** بیحیا باش وہر چہ خواہی کن۔ اس دھوکے میں جاہل نہیں شاید کوئی اجہل آجائے تو آجائے، معمولی عقل والا بھی جان لے گا کہ اگر مرزا صاحب کی مراد وہی معمولی رشتہ تھا جو خالق ومخلوق میں ہوتا ہے تو ان کی ذات کی تخصیص کیا معنی رکھتی ہے۔

پھر مرزا جی نے تو پردہ ہی اٹھادیا۔ (اس کتاب میں موجود ہیڈنگ ''مرزا صاحب کا دعویٰ ابنیت خدا، بلکہ اس سے بھی سوا'' کے ضمن میں لکھی گئی مرزا کی عبارت کے) ۵..... میں تو **من مائنا** (ہمارے پانی یعنی نطفہ سے) تک کہہ ڈالا بلکہ اس سے بھی اور آگے بڑھے اور **انا منک** (میں تجھ سے ہوں) کہہ کر (**معاذاللہ**) اس مطلب کو بھی بڑھادیا جس کے مضمون سے بھی ایک ایماندار لرزہ میں آجائے۔

فہم قرآن

بفحوائے آیت **لَقَدْ یَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ** یہ بالکل صحیح ہے کہ قرآن کریم کے مضامین اس درجہ آسان ہیں کہ حضور ﷺ کے بتانے اور اس ارشاد کے مطابق ان کے صحابہ، تابعین وعلمائے امت کے سمجھانے سے بہت جلد سمجھ میں آجاتے ہیں لیکن اس کے معنی یہ لینا کہ ہر بے علم جس کو عربی پڑھنی بھی نہ آتی ہو، اپنی رائے اور اپنی سمجھ کے مطابق جو معنی چاہے کرلے، جو مطلب چاہے نکال لے، وہی جہل مرکب ہے جس کی خبر مخبر صادق حضور اکرم ﷺ نے پہلے ہی دی ہے کہ **یَفْتُوْنَ بِغَیْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوْا وَاَضَلُّوْا** بغیر علم کے فتوے دیں گے خود بھی گمراہ ہوں گے

Marfat.com

دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔ حافظ جی نے اس بیان میں کوئی نیا کمال نہیں دکھایا وہی کہا جو ہمیشہ جہلاء کا شیوہ رہا۔ اس بات کو ایک عامی بھی سمجھ سکتا ہے کہ جب تک کوئی شخص ایک زبان ہی کو نہ جانے تو اس زبان کی آسان سے آسان کتاب کو بھی کیسے سمجھ سکتا ہے؟ کسی زبان کے جاننے کے لئے اس زبان کے قواعد کا جاننا ضروری۔ ورنہ فاعل ومفعول ومبتداوخبر، ماضی ومستقبل وحال وامر میں کیسے تمیز کرے گا؟ اسی کو صرف ونحو کہتے ہیں۔

اردو یا فرنچ کے جاؤ بے جا ترجموں کو پڑھ لینے کے یہ معنی نہیں ہو سکتے کہ اس نے معانی قرآن کریم کو پالیا۔ شانِ نزولِ آیات وتفسیر نبوی کے مطالعہ کے بغیر یہ نتیجہ نکال لینا کہ صحیح طور سے مطالب قرآن پر عبور ہو گیا، ایک جاہلانہ وہم نہیں تو کیا ہے؟

شانِ نزولِ آیات ہی سے یہ پتہ چلے گا کہ کونسا حکم مقدم ہے اور کونسا مؤخر؟ حافظ جی کو ابھی نسخ اور اختلاف کے لغوی فرق کی بھی خبر نہیں تو وہ میرے جملوں کا مطلب کیا سمجھتے۔ اگر سمجھنا چاہتے ہیں تو میں تیار ہوں۔ شاگردوں کی صورت میں آئیں میرے تلامذہ کے زمرہ میں شریک ہو جائیں، طالب علموں کی طرح پہلے صرف ونحو پڑھیں، ادب سیکھیں، جب تفسیر پڑھانے کا وقت آئے گا تو میں ان کو بتادوں گا کہ ناسخ کسے کہتے ہیں اور منسوخ کسے؟ کتنے احکام ناسخ ہیں اور کتنے منسوخ؟ نیز یہ بھی سمجھادوں گا کہ نسخ حکم دوسری چیز ہے اور اختلاف واقعات دوسری چیز۔ وحی الٰہی قرآن کریم یقیناً اختلاف سے قطعاً پاک، نہ اس کے الفاظ میں اختلاف، نہ معانی میں تخالف، نسخ احکام حکمت ربانی پر دلیل، نسخ کو اختلاف کہنا کسی جاہل نہیں اجہل ہی کا کام ہو سکتا ہے۔

خدا کے کلام میں تو نہ اختلاف ہے نہ ہو سکتا ہے۔ ہاں! جھوٹے الہام کی یہی

Marfat.com

پہچان ہے کہ اس میں اختلاف ہوگا۔ چنانچہ اگر حافظ صاحب کو عجلت ہے تو ذیل کی مثال سے دیکھ لیں۔

اختلاف واقعات گزشتہ

مرزاجی اپنی کتاب براہین احمدیہ کے صفحہ ۴۹۸ میں (جس کے متعلق یہ دعویٰ ہے کہ بالہام الٰہی لکھی گئی ہے) فرماتے ہیں۔

''جب حضرت مسیح علیہ السلام دوبارہ اس دنیا میں تشریف لائیں گے تو ان کے ہاتھ سے دین اسلام جمیع آفاق واقطار میں پھیل جائے گا۔''

نوٹ: ادھر انہی مسیح علیہ السلام کا دوبارہ آنا معتبر اور ان کی حیات کی خبر۔

مرزاجی اپنی کتاب ازالہ اوہام صفحہ ۶۱ میں فرماتے ہیں۔

''اور میرے پر اپنے خاص الہام سے ظاہر کیا کہ مسیح بن مریم فوت ہو چکا ہے اور اس کے رنگ میں ہوکر وعدہ کے مطابق تو آیا ہے۔''

نوٹ: ادھر اپنے مسیح ہونے پر اصرار اور ان کی حیات سے انکار۔

فاعتبروا یااولی الابصار

اختلاف واقعات آئندہ

مرزاجی کا دعویٰ ہے کہ انہیں الہام ہوا۔ کہ محمدی بیگم انجام کار تمہارے نکاح میں آئے گی..... آخر کار ایسا ہی ہوگا۔ خواہ پہلے ہی باکرہ ہونے کی

مرزاجی کو فی الجملہ تسلیم ہے کہ پیشین گوئی پوری نہیں ہوئی، ملاحظہ ہو۔ پیشین گوئیاں کچھ ایک دو نہیں بلکہ اس قسم کی سو سے زائد پیشین گوئیاں

Marfat.com

حالت میں یا ..... بیوہ کر کے ..... یہ بات میرے رب کی طرف سے سچ ہے، تو کیوں شک کرتا ہے .....تزوج سے مراد خاص تزوج ہے جو بطور نشان ہوگا ..... اگر میں جھوٹا ہوں تو یہ پیشین گوئی پوری نہ ہوگی۔ (کتب مختلفہ مرزا)

ہیں ..... پھر ان سب کا ذکر نہ کرنا اور بار بار احمد بیگ کے داماد اور آتھم کا ذکر کرنا کس قدر مخلوق کو دھوکا دینا ہے۔ (تحفہ گولڑویہ صفحہ ۳۹)

نوٹ: ادھر اصرار پر اصرار ہے بلکہ قسم کے ساتھ اقرار بلکہ اس پورا ہونا ان کے صدق کا معیار۔

نوٹ: ادھر فی الجملہ تسلیم ہے کہ ہاں خیر محمدی بیگم سے نکاح اور آتھم کی موت کی پیشین گوئیاں پوری نہیں ہوئیں پھر ان پر مجھے کھسیانہ کیوں بناتے ہو جو پوری ہوگئیں انہیں کیوں نہیں ذکر کرتے۔ (اس کا جواب یہ ہے کہ آپ ہی نے لکھا تھا کہ یہ میرے سچے یا جھوٹے ہونے کی کسوٹی ہیں)

واقعات حال باعتبار مرزا صاحب

مرزا صاحب آسمانی فیصلہ صفحہ ۷ میں فرماتے ہیں۔ ''میں نبوت کا مدعی نہیں بلکہ ایسے مدعی کو دائرہ اسلام سے خارج سمجھتا ہوں''۔

مرزا صاحب اخبارِ بدر ۱۹۰۰ء میں فرماتے ہیں۔ ''ہمارا دعویٰ ہے کہ ہم نبی اور رسول ہیں''۔

Marfat.com

یہاں نبوت سے انکار	یہاں نبوت سے انکار
''اے لوگو! دشمن قرآن مت بنو اور خاتم النبیین کے بعد وحی نبوت کا نیا سلسلہ جاری نہ کرو۔''	''میں اس کی قسم کھا کر کہتا ہوں.....اس نے مجھے بھی اپنا مکالمہ ومخاطبہ کا شرف بخشا اور میں اس پر ایسا ہی ایمان لاتا ہوں جیسا کہ خدا کی کتاب پر۔''
یہاں بعد خاتم النبیین دروازۂ وحی نبوت کو بند مانا۔	یہاں اپنے الہام کو قرآن کے جیسا الہام جانا۔

ہمیں امید ہے کہ ان مثالوں کو دیکھ کر شاید حافظ جی کی سمجھ میں یہ تو آجائے کہ اختلاف اسے کہتے ہیں۔

خدا کے کلام، خدا کے الہام میں اس اختلاف کی مثال مل ہی نہیں سکتی، ہاں نسخ کی مثال اگر سمجھنا چاہیں تو اس عجالہ میں ہم اشارۃً انہیں انہی کی تحریر یاد دلا دیں گے کہ تحویل قبلہ کا حکم ناسخ ہے اپنے ماقبل کے لئے۔ باقی جس میں عقل ہو وہ سمجھ لے۔

بیٹے کی پیش گوئی

حافظ جی ہمیں الزام دیتے ہیں کہ ہم نے مرزا صاحب کے مزعومہ الہام میں تحریف سے کام لیا اور عبارت کے پہلے فقرے کو چھوڑ دیا۔ یعنی **انا نبشرک بغلام مظهر الحق والعلا كان الله نزل من السماء** کہ ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جس کے ذریعے خدا کی ذات اور اس کی عظمت کا ایسے رنگ میں اظہار ہوگا کہ گویا خدا آسمان سے اتر آیا۔

ہم اس عبارت پر تنقید نہیں کرتے اس لئے کہ اگر کوئی اہل علم مخاطب ہوتا تو علمی غلطیاں بتاتے۔ ہم یہ بھی نہیں کہتے کہ حافظ جی کو اتنی بھی خبر نہیں کہ مظہر اسم ہے یا فعل۔ ہم یہ

Marfat.com

بھی نہیں جتاتے کہ عربی عبارت کے ترجمے میں حافظ جی نے کس قدر تحریف کی ''جس کے ذریعے'' اور ''ایسے رنگ میں'' ان دونوں کلموں کے لئے عربی عبارت میں کوئی لفظ نہیں۔ ہم اصطلاحات نحو کی رو سے عربی عبارت کی ترکیب کرتے ہوئے یہ بھی نہیں ظاہر کرتے کہ مشبہ کون ہے اور مشبہ بہ کون اور وجہ شبہ کیا؟ ہم یہ بھی نہیں کہتے کہ صفت کیا ہے اور موصوف کون؟ ہم اس مضمون کو بھی اس وقت سامنے نہیں لاتے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے آسمان پر خدا کے پاس جانے کا عقیدہ رکھنے کے سبب تو مرزائی لوگ مسلمانوں پر شرک کا الزام لگاتے اور یہ کہتے ہیں کہ خدا کو آسمان پر مان لیا مگر یہاں اللہ کے آسمان سے اترنے کا خود اظہار کیا (معاذاللہ)۔ ہمیں تو اس وقت صرف اس قدر بتانا ہے کہ ہم نے جو اعتراض کیا وہ صحیح تھا یعنی مرزا صاحب نے پیش گوئی کی کہ ان کے ایک بیٹا ہوگا اور اس بیٹے کی صفت بیان فرمائی کہ گویا خدا آسمان سے اتر آیا۔ ادنیٰ عقل والا بھی سمجھ جائے گا کہ ''مظهر الحق والعلا'' اور كان الله نزل من السماء دونوں فقرے اس غلام (لڑکے) کی صفت کا اظہار کر رہے ہیں، پس اس غلام کو اللہ سے تشبیہ دی جانی ظاہر اور اعتراض ثابت۔

دوسرے یہ امر کہ اس پیش گوئی کے مصداق مرزا بشیر محمود صاحب ہیں یا کون؟ اس کا فیصلہ خود مرزائی صاحب کی تحریروں سے با آسانی ہوسکتا ہے۔ اس پیش گوئی کی خبر ۲۰ر فروری ۱۸۸۶ء کو دی گئی، مگر قدرت خدا! اس جھوٹ کا اظہار اللہ تعالیٰ کو منظور تھا کہ اس وقت کے حمل سے لڑکی پیدا ہوئی نہ کہ لڑکا۔ جب اہل حق نے مرزا جی کو شرمایا اور پیش گوئی کا غلط ہونا بتایا تو جھٹ سے اشتہار دے ڈالا کہ اس حمل کی شرط نہ تھی، وہ موعود بیٹا اس کے قریب دوسرے حمل سے ہوگا، آخر ۱۷ر اگست ۱۸۸۷ء کو ایک اشتہار دیا جس میں اعلان کر دیا کہ ۱۶ ذیقعدہ ۱۳۰۴ھ، ۷ر اگست ۱۸۸۷ء میں ۱۲ بجے رات کے بعد وہ موعود لڑکا پیدا ہو گیا۔ تب قدرت خدا نے یہ تماشا دکھایا کہ چند ہی روز بعد وہ لڑکا مر گیا۔

Marfat.com

اب ناظرین فیصلہ کریں کہ مرزا جی نے تو وہ ساری خوبیاں ۷/اگست ۱۸۸۷ء کو پیدا ہونے والے لڑکے میں بتائی تھیں۔ حافظ جی کہتے ہیں کہ نہیں ان کے مصداق جناب بشیر محمود صاحب ہیں۔ مرزا جی کے الہام کا اختلاف تو ظاہر ہی تھا یہاں گرُو اور چیلے میں بھی اختلاف ہوگیا۔ وہ مرنے والے کو سب کچھ ٹھہرائیں، یہ جینے والے کو چنین و چناں بتائیں۔ پھر اور آگے بڑھیے، حافظ جی کے ممدوح جناب بشیر محمود صاحب کے اوصاف خود مرزا جی کے ان زبردست ممتاز حواری کی تحریر میں دیکھئے جن کو مرزا صاحب نے (معاذاللّٰہ) ان فرشتوں میں سے ایک فرشتہ کی جگہ دی، جن کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے حضرت مسیح علیہ السلام اترنے والے ہیں، یعنی جناب مولوی محمد احسن صاحب امروہوی، وہ تحریر فرماتے ہیں۔ ''صاحبزادہ میاں بشیر الدین محمود احمد صاحب بوجہ اپنے عقائد فاسدہ پر مصر ہونے کے میرے نزدیک اس بات کے اہل نہیں کہ وہ مرزا صاحب کی جماعت کے خلیفہ یا امیر ہوں، اس لئے میں اس خلافت سے جو ارادی ہے سیاسی نہیں، ان کا عزل کر کر عنداللہ وعندالناس اس ذمہ داری سے بری ہوتا ہوں..... میں یہ بھی اطلاع دیتا ہوں کہ ان عقائد کے باطل ہونے پر حضرت مسیح موعود (مرزا جی) کے مقرر کردہ معتمدین کی بھی کثرت رائے ہے، اب جو ۱۲ ممبر حضرت کے مقرر کردہ زندہ ہیں، ان میں سے ۷ ممبر علی الاعلان ان عقائد سے بے زاری کا اظہار کر چکے اور باقی ۵ میں بھی اغلب ہے کہ ایک صاحب بھی ان عقائد میں صاحبزادہ صاحب کے شامل نہیں۔''

مرزا جی خود حافظ جی کے محبوب جناب صاحبزادہ بشیر محمود صاحب کو موعود نہ بتائیں، ان کے معتمد دست راست ان کے بعد ان کو عاصی و بدعقیدہ ٹھہرائیں اور امامت سے معزول بنائیں، مگر حافظ جی ہیں کہ اپنے پیٹ کی خاطر ان کی تعریف کے ترانے گائیں اور مارشس کے سادہ لوحوں کو بہکائیں۔ ان هٰذا لشیٔ عجاب۔

Marfat.com

خدائی سرخی کی چھینٹیں

حافظ جی میں جب اتنا بھی علم نہیں کہ معمولی لفظوں کے معنی ہی سمجھ لیں تو الٰہیات کے اس مسئلہ کو کیا سمجھ سکتے ہیں کہ جسم سے پاک رب العالمین کے لئے دستخط کے واسطے ایسی سرخی کی احتیاج تجویز کرنے سے جس کی چھینٹیں کپڑوں پر نمودار ہوں، کیسا شرک لازم آتا ہے۔ اس کے جواب میں ہم سردست یہی کہیں گے کہ

ع سخن شناس نئے دلبرا خطا ایں جاست[1]

---

[1] افسوس! حافظ صاحب کو مرزا صاحب کے اس قابل مضحکہ لغویت پر شرم نہ آئی اور باطل کی محبت میں انہوں نے یہ تسلیم کرلیا کہ خدا نے دستخط کے لئے قلم ہاتھ میں لیا اور سرخی کا ڈوبا لیا سرخی زیادہ آگئی تو اس کو جھڑکا اس سے چھینٹیں مرزا صاحب کے کپڑوں پر آگئیں۔ حافظ صاحب کی عقل کیا ہوئی اور مرزا کی محبت نے اس درجہ ان کے دماغ کو خراب کیا کہ انہیں شان الٰہی میں ایسی باطل بات بھی گوارہ ہوگئی جس کو زبان پر لانے کی کوئی کافر بھی جرأت نہ کرے گا۔ یہ خدا کی شان تو کیا ہوسکتی ہے تمیز دار انسان بھی ایسا نہیں کرتا کہ قلم کو اس بے تمیزی سے جھڑکے کہ دوسرے کے کپڑوں پر چھینٹ آئیں، یہ خدا کے ساتھ تمسخر ہے جس خدا کی یہ شان ہے **اذا اراد شیئا ان یقول له کن فیکون** جو سارے جہاں کو کن کے امر سے موجود فرمادے وہ ایک دستخط کے لئے قلم سیاہی کاغذ کا محتاج ہو۔ احتیاج تو الوہیت اور شان واجب کے منافی ہے **واللہ غنی عن العلمین** اس کے لئے ایسا امر ثابت کرنا جس سے احتیاج لازم آئے اس کی خدائی کا انکار اور کفر ہے۔ پھر قلم کے ہاتھ میں لینے کے لئے ایک ہاتھ اور جسمانیت بھی ماننا پڑے گی کہ مادیات کے ساتھ اقتران و تلبس تجرد بحث کے منافی ہے یہ دوسرا کفر ہوا۔ تیسرا کفر علم قدرت کا انکار ہے کہ اس کو خبر نہیں ایک دستخط کے لئے کتنی سیاہی درکار ہے اور یہ اختیار نہیں کہ جتنی درکار ہے قلم میں اتنی ہی آئے بے اختیاری و بے علمی سے قلم دوات میں ڈالا اور اندھا دھند سیاہی بھر لی، بعد کو معلوم ہوا کہ یہ تو زیادہ ہے تو یہ قدرت نہ تھی، یہ قلم میں رکی رہتی اور حسب ضرورت کاغذ پر لگتی، اپنی اس مجبوری و بے اختیاری کی وجہ سے زیادہ سیاہی قلم سے نکالنا پڑی، مگر نکالنے کے لئے اتنی تمیز نہ تھی کہ دوات میں واپس کردی جاتی، نہ یہ سلیقہ تھا کہ دوات میں جھٹکا دیا جاتا یا کسی اور طرف جھٹکا بھی دیا تو ایسا کہ چھینٹیں مرزا جی کے کپڑوں پر گریں، یہ شان الٰہی کے ساتھ تمسخر ہے اور کفریات سے لبریز۔ افسوس! مرزائیوں کی لوح قلب اس قدر مکدر ہوگئی کہ وہ ایسے بے ہودہ کفریات کو تسلیم کرتے ہیں اور حافظ صاحب کا یہ قول کہ مادی سیاہی پر کیا اعتراض ہے خدا نے اتنا بڑا جہان مادی پیدا کردیا اور زیادہ افسوس ناک جہالت ہے۔ کیا خدا نے جو کچھ پیدا کیا اس سب کا استعمال بھی اسکے لئے ثابت کرنا جائز، جو یہ اعتقاد ہے تو غذا کھانا، پینا، بیاہ کرنا، شادی بی بی بچے والا ہونا سب اس کے لئے ثابت کردو گے، **تعالی اللہ عما یتصور الظالمون علوا کبیرا** مادیات کا پیدا کرنا کہاں اور کہاں انکا استعمال کرنے لگنا۔ اس عقل پر ہزار تف۔ ۱۲

Marfat.com

مقابلہ ومناظرہ ومباہلہ اور آخری فیصلہ

مرزا صاحب مناظرے میں کسی عالم ربانی کے مقابلے کی کبھی تاب ہی نہ لائے، مباہلے کے لئے ہماری تقریر میں مرزا جی کے دعاوی کے ذیل میں جب ان کے مذکر سے مؤنث بننے کا دعویٰ سامنے آیا تو حافظ جی کو بہت ناگوار ہوا، ان کی جھنجھلاہٹ اشتہار کی اس عبارت سے ظاہر۔ کاش اس وقت جب ہم نے بلایا تھا، سامنے آتے تو ہم مرزا جی کا سارا کچا چٹھا انہی کی کتابوں میں دکھاتے۔

شرم کے مارے اس وقت تو پردہ ہی میں رہے اب ..... کی طرح ہمیں بددعائیں دیتے ہیں تو دیا کریں، ہم الحمدللہ اعلائے کلمہ حق کر چکے اور کرتے رہیں گے۔

وَمَاعَلَيْنَا اِلَّاالْبَلَاغ

نوٹ: اس عجالہ میں اسی قدر کافی۔ (مرزائی حقیقت کا اظہار) نمبر۳، دوورقی کا جواب ان شاء اللہ جہاز میں بیٹھ کر لکھیں گے اب وقت بالکل نہیں۔ امید کہ اس عجلت کے سبب اگر کچھ سہو ہو ناظرین اسے معاف فرمائیں۔

محمد عبدالعلیم الصدیقی القادری

Marfat.com

Marfat.com

ایمان بالرسل: اللہ کے رسولوں پر ایمان کیسے ظاہر ہو جبکہ انبیاء کی شان میں کھل کھل کر گستاخیاں کرتے اور خود اپنے آپ کو اولوالعزم صاحب شریعت پیغمبروں سے بھی افضل بتاتے ہیں۔ان کا مشہور شعر ہے ؎

عیسیٰ کجاست تا بہ نہد پا مبرم　　اینک منم کہ حسب بشارات آمدم

اور بعض نمونہ پہلے بیان ہوئے بعض آئندہ آتے ہیں پھر غیر انبیاء کو نبی مانتے اور پیغمبر بتاتے ہیں حالانکہ ان کے پاس کوئی سند نہیں۔

ایمان بالملٰئکة: ملائکہ پر ایمان کا حال ان اقوال سے ظاہر۔''ملائکہ ستاروں کی ارواح ہیں وہ ستاروں کے لئے جان کا حکم رکھتے ہیں لہٰذا وہ کبھی ستاروں سے جدا نہیں ہو سکتے، جبرئیل جس کا سورج سے تعلق ہے''۔الخ (توضیح المرام صفحہ ۳۰)

ایمان بالکتب: کتاب الٰہی قرآن کریم کے متعلق ان کا یہ خیال۔

''قرآن دنیا سے اٹھ گیا تھا میں اس کو دوبارہ آسمان سے لایا ہوں''۔(ازالۃ الاوہام صفحہ ۷۲۱ تا ۷۲۵)

پھر جو قرآن لائے اور جس طرح اس کو پیش کیا اس کی کیفیت کچھ ذکر ہوئی کچھ آئندہ آئے گی کہ الفاظ کا بدلنا تو محال تھا معنی پر ہاتھ صاف کرنے میں کوئی دقیقہ نہ چھوڑا، جو معنی ان کے نفس نے بتائے وہ کئے، نہ ان معنی سے غرض رکھی جو صاحب وحی و کتاب ﷺ نے بتائے نہ اس تفسیر سے مطلب جو صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے فرمائی۔

ایمان بالیوم الآخر: یوم الآخر کا ڈر اور خوف، قیامت پر ایمان کی دلیل بنتا مگر ان کی پرائیویٹ زندگی ان کی دلیری پر دلالت کرنے والی جس کی طرف سر دست اشارہ ہی کافی۔

جب اٰمنت باللّٰہ الخ کے ایک ایک شعبہ میں ان کا یہ حال ہے تو اب نماز، روزہ، زکوٰۃ و حج کو دیکھنا فضول خیال۔

اگر بالفرض والتقدیر جناب مرزا صاحب خود ہی حج فرما لیتے تو بھی ان کلمات کفریہ

Marfat.com

کے ہوتے ہوئے وہ مسلمان ہی کیسے کہلاتے، مسیح یا مہدی ہونا تو دوسری چیز مسیح بن مریم علیٰ نبینا وعلیہما السلام جو ہیں وہ ہیں، ان کے حج کی شان کا حدیث شریف میں اس طرح بیان، نہ اس میں خواب کا تذکرہ، نہ تعبیر کی ضرورت۔ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰه ﷺ لیهلن عیسٰی بن مریم بفج الروحاء بالحج والعمرة اوبینهما جمیعا۔ (مسند امام احمد)

مرزا جی نے تو اپنے مزعومہ الہام سے پیشین گوئی بھی فرمائی کہ ''ہم مکہ میں مریں گے یا مدینہ میں''۔ (میگزین ۱۴ر جنوری ۱۹۰۶ء) مگر مرنا تو کجا جانا بھی نصیب نہ ہوا۔

احمد نبی اللہ ﷺ

حضرت سرکار محمد رسول اللہ ﷺ ہی کا نام نامی واسم گرامی احمد ہے اس لئے کہ قرآن کریم نے صاف لفظوں میں فرمایا کہ وَاِذْقَالَ عِیْسٰی بن مَرْیَمَ یَابَنِیْ اِسْرَائِیْلَ اِنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَیْکُمْ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰةِ وَمُبَشِّراً برسُوْلٍ یَأتِیْ مِنْ بَعْدِیْ اسْمُهٗ اَحْمَدُ فَلَمَّا جَاءَ هُمْ بِالبَیِّنَاتِ قَالُوْا هٰذَا سِحْرٌ مُبِیْن۔ جب عیسیٰ بن مریم (علیہما السلام) نے فرمایا کہ اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف خدا کا رسول ہوں، تورات جو میرے آگے ہے اس کی تصدیق کرنے والا ہوں اور ایک (بڑے عظیم الشان) رسول کی بشارت دینے والا ہوں جو میرے بعد ہی تشریف لائیں گے جن کا نام نامی احمد (ﷺ) ہے پس جب وہ احمد نامی (رسول) دلیلوں کے ساتھ ان کے پاس تشریف لائے تو انہوں نے کہا کہ یہ تو کھلا جادو ہے۔

۱..... قرآن کریم نے فَلَمَّا جَاءَهُمْ (پس جب وہ ان کے پاس تشریف لائے) کہہ کر یہ جتادیا کہ قرآن کریم اترنے کے وقت وہ احمد ﷺ آچکے تھے۔

۲..... مُبَشِّراًبِرَسُوْلٍ (ایک بڑے عظیم الشان رسول کی بشارت دینے والا ہوں) کی

Marfat.com

تفسیر خود نبی اکرم ﷺ نے اپنی زبان مبارک سے فرمائی (الشرح السنہ) عن عِرْبَاض بِنْ سَارِیَة عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ انَّهٗ قَالَ اِنِّی عِنْدَاللّٰهِ مَکْتُوبٌ خَاتَمُ النَّبِیِّیْنَ وَاِنَّ اٰدَمَ لمنجدل فِیْ طِیْنِهٖ وَ سَاُخْبِرُکُمْ بِاَوَّلِ اَمْرِی دَعْوَةُ اِبْرَاهِیْمَ وَبِشَارَةُ عِیْسٰی الحدیث (مشکوٰۃ) عرباض بن ساریہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ میں اسی وقت سے اللہ کے نزدیک نبیوں کا ختم کرنیوالا لکھا ہوا ہوں، جبکہ یقیناً آدم علیہ السلام اپنی گندھی ہوئی مٹی ہی کی حالت میں تھے میں تمہیں اپنا پہلا امر بتاؤں کہ میں ابراھیم علیہ السلام کی دعا ہوں اور عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت۔

بشارت عیسیٰ بن مریم نے دی تھی جن کے ۔ ے لی
وہی ختم الرسل بعد اُن کے احمد مجتبیٰ آئے

۳.....مِنْ بَعْدِیْ (میرے بعد ہی) کی تفسیر بھی حضور انور ﷺ کی زبانی معلوم کیجئے وہی حدیث شریف جو آپ اس سے پہلے بھی پڑھ چکے اب پھر ملاحظہ فرمالیجئے۔ اِنِّیْ اَوْلَی النَّاسِ بِعِیْسٰی بِنْ مَرْیَمْ الخ میں عیسیٰ بن مریم کے لئے سب سے اولیٰ ہوں اس لئے کہ میرے اور ان کے درمیان کوئی نبی نہیں، اور یقیناً وہی قیامت سے پہلے تمہاری طرف اترنے والے ہیں۔ پس دعائے ابراہیم علیہ السلام بشارت عیسیٰ علیہ السلام احمد مجتبیٰ وہی محمد مصطفیٰ ﷺ جو اَنَا اَحْمَدُ کہہ کر اپنا نام نامی بتا رہے ہیں ان کے سوا نہ قرآن کریم نے کسی اور احمد کے آنے کی خبر دی، نہ یہ بتایا کہ انہیں لوگ اسلام کی طرف بلائیں گے۔ یہ قرآن کریم پر افترا اور کھلا جھوٹ ہے۔ فَنَجْعَل لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَی الْکَاذِبِیْنَ .

حضرت عیسیٰ بن مریم اور حضرت مہدی آخر الزمان سلام اللہ علیہما دونوں حضرات کی تشریف آوری کی کھلی کھلی علامتیں احادیث طیبہ میں بیان فرمادی گئیں نہ وہ سچے اسلام سے دور ہونگے، نہ کوئی سچا عالم ان سے اسلام کا ثبوت مانگے گا، نہ ان پر کوئی سچا عالم کفر کا فتویٰ دے گا۔ اِنْ هٰذَا اِلَّا بُهْتَان عَظِیْم.

ہمارے ناظرین جن کو مرزائی حقیقت کی بھی پوری طرح خبر نہیں شاید حیران ہوں

Marfat.com

گے کہ یہ کیا قصہ ہے پہلے پرچے میں تو حافظ صاحب جناب مرزا جی کی مجددیت وامامت کی تبلیغ فرمارہے تھے پھر مسیحیت کی طرف متوجہ ہوئے۔ اب نمبر۳ میں اول انہیں احمد نبی کہا جارہا ہے اور پھر مہدی بھی بتایا جارہا ہے آگے چل کر انہیں کرشن بھی تسلیم کیا گیا آخر یہ معمہ کیا ہے مرزا جی ہیں یا ایک معجون مرکب؟ حافظ جی کوئی خواب دیکھ رہے ہیں یا ان کے قوائے دماغی کسی علت کے سبب خیالات پریشان پیش کررہے ہیں؟

ہم انہیں بتائے دیتے ہیں کہ اس میں بے چارہ حافظ جی کا قصور نہیں ؎

درپس آئینہ طوطی صفتش داشتہ اند　　انچہ اُستاد بگفت است ہماں می گوید

(طوطی کو جیسا سبق پڑھادیا جاتا ہے وہ اسی کو دہرایا کرتا ہے۔)

حافظ جی تو ہمارے سامنے آتے، تب ہی انہیں دکھاتے مگر اب ناظرین دیکھیں ہم انہیں بتائے دیتے ہیں کہ مرزا جی کا حال ہی یہ ہے وہ اپنے مزعومہ الہاموں میں کبھی خدا بنتے ہیں[1] کبھی خدا کے بیٹے[2] کبھی تثلیث کے ایک رکن[3]، کبھی رسول صاحب شریعت[4]، کبھی نبی غیر صاحب شریعت[5]، کبھی مسیح[6] کبھی مہدی، کبھی مجدد اور پھر کبھی کرشن بلکہ اسی پر بس نہیں، کبھی مرد کبھی عورت. اگرچہ ہماری تہذیب ہمیں یہ طرفہ تماشہ پیش کرنے کی اجازت نہیں دیتی مگر حافظ جی ہمیں جھوٹ کا الزام دے رہے ہیں لہٰذا ہم حوالہ نقل کرنے کے لئے مجبور۔

مرزا صاحب فرماتے ہیں کہ انہیں الہام ہوا۔

۱..... ''بابو الٰہی بخش چاہتا ہے کہ تیرا حیض دیکھے مگر وہ حیض بچہ بن گیا ہے اور ایسا بچہ جو بمنزلہ اطفال اللہ ہے''۔ (ناظرین سوچ لیں کہ حیض کس کو آیا کرتا ہے)

نیز فرماتے ہیں

---

۱ کتاب البریہ صفحہ ۷۸ وآیۃ کمالات اسلام صفحہ ۵۶۴

۲ دافع البلاء صفحہ ۶، ۷

۳ ملاحظہ ہو توضیح المرام صفحہ ۲۰۱

۴ اربعین نمبر ۲ صفحہ ۶

۵ حقیقت النبوۃ صفحات مختلفہ

۶ حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۴۸

Marfat.com

۲.....خدانے براہین احمدیہ کے تیسرے حصے میں میرا نام مریم رکھا پھر جیسا کہ براہین احمدیہ سے ظاہر ہے دو برس صفت مریمیت میں میں نے پرورش پائی اور پردے میں پرورش پاتا رہا، پھر جب اس پر دو برس گزر گئے تو جیسا کچھ براہین احمدیہ کے حصہ چہارم میں درج ہے مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا اور آخر کئی مہینے کے بعد جو دس مہینے سے زیادہ نہیں، بذریعہ الہام مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا۔ (پھر اسی صفحے کے آخر میں فرماتے ہیں) پھر مریم کو جو مراد اس عاجز سے ہے دردزہ تنا کھجور کی طرف لے آئی۔ الخ (صفحہ نمبر ۴۶ و ۴۷، کاغذی کشتی نوح مصنف مرزا)

عبارات بالا میں ناظرین کو ایک الجھن رہ گئی ہوگی کہ (مرزا صاحب کو) حاملہ ٹھہرایا گیا، حمل ٹھہرانے کی تفصیلی صورت ذکر نہیں فرمائی گئی اس لئے بقول کسے

ع اگر پدر نتواند پسر تمام کند

اس کی تفصیل مرزا صاحب کے ایک فرزند روحانی نے فرمادی، ملاحظہ کیجئے۔

ٹریکٹ اسلامی قربانی ۳۴ مؤلفہ یار محمد مرزائی مطبوعہ ریاض ہند پریس،

''کشف کی حالت آپ (مرزا صاحب) پر اس طرح طاری ہوئی کہ گویا آپ عورت ہیں اور اللہ تعالیٰ نے رجولیت (مردانگی) کی طاقت کا اظہار فرمایا تھا سمجھنے والے کے لئے اشارہ کافی ہے''۔ (معاذاللہ اب بھی اشارہ ہی رہا۔ لاحول ولاقوۃ الا باللہ) یہ عبارتیں اگر کسی ایسے شخص کے مقابلے میں پیش کی جاتیں جس میں غیرت اور شرم کا خفیف سا نقطہ بھی باقی ہوتا تو غالباً وہ اس کے بعد پبلک کو عمر بھر منہ نہ دکھاتا۔

جناب حافظ جی صاحب شاید ہی غور فرمائیں کہ نمبر ۲ دو ورقی کے صفحہ ۴ کالم ۲ سطر ۱۹ کی لعنت کس پر پڑی، اور ابدالاباد تک کس پر پڑتی رہے گی۔

ناظرین نے مرزا جی کے مریم و عیسیٰ بننے کا حال تو معائنہ فرمایا اسی پر ان کے آدم

Marfat.com

ونوح وغیرہ بننے کو قیاس کیا جا سکتا ہے، ہمیں حیرت ہوتی ہے کہ حافظ ؒ یہ کہتے ہوئے اس امر کا ذرا بھی خیال نہ آیا کہ ان کی تحریر کسی اہل علم کے سامنے بھی جائے گی۔

آئینہ کی مثال دے کر بروز وظہور کے مسئلہ کی تشریح کرتے ہوئے بڑے خوش ہوں گے کہ ہم نے سادہ لوح افراد کی دھوکہ دہی کے لئے کافی سامان بہم پہنچا دیا لیکن آنکھوں والے دیکھتے ہیں کہ وہ جو حسب فرمان مخبر صادق ﷺ شان انبیاء کے آئینہ صفت مظہر بنے جن کے لئے حدیث میں فرمایا گیا کہ مَنْ اَرَادَ اَنْ یَنْظُر اِلٰی اٰدَمَ علیہ السلام وَصَفْوَتِہٖ وَاِلٰی یُوْسُفَ علیہ السلام وَحُسْنِہٖ وَاِلٰی مُوْسٰی علیہ السلام وَصَلَابَتِہٖ وَاِلٰی عِیْسٰی علیہ السلام وَزُھْدِہٖ وَاِلٰی مُحَمَّدٍ ﷺ وَخُلُقِہٖ فَلْیَنْظُر اِلٰی عَلِی بْنِ اَبِیْ طَالِب رضی اللہ عنہ۔ (سیر الاقطاب صفحہ ۵) جو کوئی یہ چاہے کہ حضرت آدم علیہ السلام اور ان کی صفوت حضرت یوسف علیہ السلام اور ان کا حسن حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی صلابت حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور آپ کا زہد حضرت محمد ﷺ اور ان کا خلق معائنہ کرے پس اسے چاہئے کہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کی طرف دیکھے باوجود اس شان مظہر کے منئے کہ کس صفائی کے ساتھ وہی شیر خدا علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ فرما رہے ہیں۔ اَلاَ وَاِنِّیْ لَسْتُ نَبِیّاً وَلَا یُوْحٰی اِلَیَّ خبردار رہنا میں نبی نہیں ہوں نہ میری طرف وحی کی جاتی ہے۔

تعجب اس پر ہے جس کا مظہر ہونا تو کجا مسلمان ہونے پر بھی کوئی دلیل شرعی نہ قائم ہوتی ہو اور یہ دعویٰ کرے کہ ''میں نبی ہوں، میں رسول ہوں، میں سب نبیوں سے افضل ہوں'' (العیاذباللہ)۔ پھر اجتماع ضدین سونے پر سہاگہ کہ ایک طرف نبی و رسول ہونے کا دعویٰ دوسری طرف کرشن جی کا اوتار لینے کا ادعا،

ع بہ بین تفاوت راہ از کجاست تا بکجا

Marfat.com

سری کرشن جی اوران کے روپ

اہل نظر پر مخفی نہیں کہ سری کرشن جی صاحب ہندو جاتی کے ایک بہت بڑے رہبر مانے جاتے ہیں کسی قدیم تاریخی آدمی کے حالات معلوم کرنے کے لئے سمجھدار مفتشین علوم ہمیشہ پرانے اصلی نسخوں کی تلاش کیا کرتے ہیں چنانچہ سری کرشن جی کے حالات معلوم کرنے کے لئے بھی بجائے زمان حال کے مصنفین کی کتابوں کے ہم اسی کتاب کے مقالات کی طرف توجہ کرتے ہیں جوخود کرشن جی کی ذاتی کتاب کہی جاتی ہے یعنی بھگوت گیتا۔اس میں کرشن جی نے اپنے آپ کو جس روپ مین پیش کیا ہے اس کا خلاصہ ان چند حوالوں کے ملاحظہ سے سامنے آجائے گا۔

سری کرشن جی کا ایک روپ
یا تصویر کا ایک رخ

بھگوت گیتا میں کرشن جی فرماتے ہیں

۱.....اس دنیا کا ماں باپ سہارا اور بابا میں ہوں.....سب کا پالنے والا، مالک، گواہ، جائے قرار، جائے پناہ، دوست، باعث پیدائش، باعث خاتمہ، باعث قیام، خزانہ اور پیدائش کالازوال بیج میں ہی ہوں۔اے ارجن ! میں گرمی دیتا ہوں، میں پانی کوروکتا ہوں، میں برساتا ہوں، میں امرت ہوں۔(گیتا۹:۱۷تا۱۹)

۲.....سب دیوتاؤں اور مہارشیوں کی ابتدا بہر حال مجھ ہی سے ہے جو شخص یہ جانتا ہے کہ میں پرتھوی وغیرہ سب لوگوں کا بڑا ایشور ہوں اور میرا جنم یعنی آغاز نہیں ہے وہی انسانوں میں موہ سے آزاد ہوکر سب پاپوں سے چھوٹ جاتا ہے۔(گیتا۱۰:۲،۳)

۳.....میں سب جانداروں کا مالک ہوں اور پیدائش سے بالاتر ہوں اگرچہ میرے آتم

Marfat.com

سروپ میں کبھی تغیّر نہیں ہوتا مگر میں اپنی پرکرتی (خاصیت) میں قائم رہ کر اپنے مایا سے جنم لیا کرتا ہوں۔ (گیتا ۴:۶ تا ۸)

ناظرین نے اس پہلے روپ یا تصویر کے ایک رخ میں دیکھ لیا کہ سری کرشن جی خدائی کا دعویٰ کر رہے ہیں۔ روپ لینے کی حقیقت پر بھی آپ نے غور کر لیا کہ خدا کے اس جسم محدود میں آجانے کا نام روپ لینا یا اوتار بننا بتا رہے ہیں۔

ہم تہ دل سے جناب مرزا صاحب کی اس بات کی تصدیق کے لئے تیار ہیں کہ یقیناً ان کے اور کرشن جی کے دعوے یکساں ہیں اور ان دعوں کے اعتبار سے وہ یقیناً کرشن جی کہے جاسکتے ہیں۔ بطور تمثیل مرزا جی کا دعویٰ ملاحظہ ہو اور پھر دونوں کے دعووں کا مقابلہ کر لیا جائے۔ مرزا جی کتاب البریہ صفحہ ۷۹ پر فرماتے ہیں۔ ''کشف میں دیکھا کہ میں خود خدا ہوں اور یقین کیا کہ وہی ہوں اسی حالت میں یہ کہہ رہا تھا کہ ہم ایک نیا نظام اور نیا آسمان اور نئی زمین چاہتے ہیں سو میں نے آسمان و زمین کو اجمالی صورت میں پیدا کیا..... پھر میں نے آسمان دنیا کو پیدا کیا اور کہا انا زینا السمآء الدنیا بمصابیح پھر میں نے کہا کہ اب ہم انسان کو مٹی کے خلاصہ سے پیدا کریں''۔ (الخ وغیر ذالک من الخرافات)

سری کرشن جی کا دوسرا روپ

یا تصویر کا دوسرا رخ

بھاگوت پران میں بھی کرشن جی کی دوسری تصویر اس طرح نظر آتی ہے کہ

دریا میں کرشن جی اشنان فرما رہے ہیں اور گوپھیاں (خوبصورت عورتیں) بھی نہا رہی ہیں۔ کرشن جی گوپھیوں کے کپڑے چھپا دیتے ہیں سب کی سب دریا سے بر نہ نکلتی ہیں اپنے کپڑوں کی تلاش کرتی ہیں۔ سری کرشن جی گوپھیوں سے لذت اندوز ہونے کے لئے اپنے بہت سے جسم پیدا کر لیتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ (ملخصاً)

Marfat.com

سوک رشی سے راجہ پرکشت پوچھتا ہے کہ خدا تو اوتار کے روپ میں اس لئے ظاہر ہوا کرتا ہے کہ سچا دھرم پھیلائے۔ یہ کیسا خدا ہے کہ دھرم کے تمام اصولوں کے خلاف دوسروں کی عورتوں سے.....؟

رشی جی کرشن جی کے عمل کی تاویل اس طرح فرماتے ہیں کہ ''خود دیوتا بھی بعض اوقات نیکی کی راہ سے ہٹ جاتے ہیں مگر ان کے گناہ ان کی ذات پر اسی طرح اثر نہیں کرتے جس طرح آگ تمام چیزوں کو جلانے کے باوجود مورد الزام نہیں ہوسکتی''۔

ان دونوں تصویروں کو دیکھتے ہوئے زیادہ بریں نیست کہ حسن خیال کی بناء پر ہم یہ کہہ دیں کہ یہ دونوں غلط ہیں اور وہ محض ایک انسان تھے اور ایسی شرمناک باتیں ہرگز نہ کرتے ہوں گے مگر یہاں تو غور طلب یہ امر ہے کہ تاریخی نقطہ نظر سے بھی دو تصویریں ہمارے سامنے ہیں پس جو حکم بھی دیا جائے گا وہ اسی معلومات کی بنا پر اور اس کے بلکہ صرف اس کے ہوتے ہوئے کون صاحب عقل ان کو نبی بتا سکتا ہے؟ اور اس خدائی خطاب کو ان پر چسپاں کرسکتا ہے؟ درآنحالیکہ خدائی کتاب میں اس کا اعلان ان کی شخصیت پر نہ کیا گیا ہو۔ تصویر کے دوسرے رخ یا کرشن کے دوسرے روپ کے پہلے حصہ کا تعلق مرزا صاحب سے کیا ہے اس کے متعلق لب کشائی سر دست مناسب نہیں معلوم ہوتی لیکن دوسرے روپ کے باب میں سوک رشی جی نے جو کچھ فرمایا اسے دیکھتے ہوئے ہم اس کی تصدیق کرنے میں ذرا تامل نہ کریں گے کہ بیشک کرشن قادیانی جی کے چیلے بھی ان کی بات کو بنانے اور تاویل فرمانے میں ایسے ہی مشاق ہیں جیسے رشی جی تھے۔ گویا مرزا جی اگر کرشن جی کے اوتار ہیں تو وہ سوک رشی جی کے۔ اس لئے کہ کوئی ضرورت تو ہوگی جس کے لئے مرزا صاحب نے اپنا یہ مزعومہ الہام بیان فرمایا۔ کہ

ا.....''اعمل ماشئت قدغفرت لک جو چاہے تو کئے جا ہم نے تجھے بخش دیا''۔

Marfat.com

۲.....اور حافظ جی جیسے چیلے آسمانی نکاح والی کے متعلق واقعات میں ایسی ہی عجیب وغریب تاویل فرماتے اور پھر حوالہ لکھتے ہیں۔کہ ''لڑکی ۸،۹ برس کی تھی اس پر نفسانی افتراء..... حماقت ہے''۔

شاید انہوں نے یہ سمجھ رکھا ہے کہ دنیا میں کوئی سمجھدار باقی ہی نہیں رہا جو یہ جانتا ہو کہ اگر بالفرض ۸،۹ برس ہی کی عمر مان لی جائے تو ہندوستان اور بالخصوص پنجاب میں اتنی عمر کی اچھے کھاتے پیتے گھرانوں کی بچیاں کیسی ہوتی ہیں۔

بہرنوع ہم یہ تو تسلیم کرتے ہیں کہ اوتار کہئے، بروز کہئے یا ظہور سے تعبیر کیجئے یا آئینہ کی تصویر کو تمثیل بنایئے مرزا جی اپنے دعاوی کے اعتبار سے جو کچھ بھی ہیں کرشن جی کے ہیں۔اس لئے کہ

۱.....کرشن جی نے اوتار یا حلول کا مسئلہ سکھایا۔مرزا جی نے بھی ''انت منی وانامنک (تو مجھ سے ہے میں تجھ سے ہوں)''۔ کا مفروضہ الہام سنایا، پھر خدا کو(معاذاللہ) تیندوے سے تشبیہہ دی اور ہاتھ پیر والا بھی بتایا۔

۲.....کرشن جی نے تناسخ آواگون کا مسئلہ سکھایا مرزا جی نے بھی سب کا بروز مثیل ظہور ہونے کا دعوی ایسی ہی شکل میں پیش فرمایا جس کا ترجمہ آسانی کے ساتھ آواگون ہی سے کیا جاسکتا ہے۔لہٰذا ان کا کرشن ہونا تو درست مگر کرشن ہوتے ہوئے مجدد ومہدی وعیسیٰ بن مریم بلکہ بقول حافظ جی احمد نبی بننا دشوار اور ان موحدین کی نورانی قبا کا اس صورت پر جو کرشن نما (یعنی بقول حافظ جی کالی) ہو پھبنا خود اس قبا کے لئے عار۔

ہمیں افسوس ہے کہ کرشن جی کی کوئی تیسری تصویر ہمیں کہیں سے دستیاب نہیں ہوتی، نہ کہیں قرآن کریم میں ان کا ذکر، نہ کسی اور آسمانی کتاب میں ان کا بیان، نہ کسی حدیث میں خبر، نہ کسی مستند تاریخ میں کوئی اثر، یہ مانا کہ ہندوستان میں بھی ہادی اور رہبر بلکہ

Marfat.com

انبیاء ورسل آئے ہوں مگر اس کی کیا دلیل کہ فلاں شخص نبی تھا؟

حافظ جی کو جب قرآن، حدیث، تفسیر، تاریخ کہیں بھی پتہ نہ ملا تو عجب بے تکی اُڑائی کہ فلاں فلاں نے لکھا۔ کہ ''ہندوستان میں ایک کالے رنگ والا نبی تھا جس کا نام کاہن تھا، چونکہ اس کا رنگ کالا بتایا گیا اور کرشن کے معنی بھی کالا، لہٰذا کرشن نبی تھا''۔

اس بیان پر غالباً ایک معمولی سمجھ رکھنے والا بچہ بھی ہنس پڑے گا اور حافظ جی کی نہیں نہیں مرزا صاحب کی قابلیت کی داد دے گا، ہمیں افسوس ہے کہ محض بدیں خیال کہ کہیں مارشس کے سادہ لوح اس افسوں میں نہ آجائیں ایسی تحریر پر تنقید کی ضرورت لاحق ہو رہی ہے ورنہ حقیقت تو یہ ہے کہ ایسی لغو تحریر پر تبصرہ کرنا بھی شان علمی کے خلاف۔ اس لئے کہ سب سے پہلے تو یہی بات قابل لحاظ کہ اس خبر ہی کا کیا اعتبار پھر اگر بالفرض کسی تاریخ سے اس کا پتہ بھی مل جائے تو اس کا کیا ثبوت کہ یہ کرشن جی ہی کے متعلق ہے اس لئے کہ نام تو کاہن بتایا گیا نہ کرشن، پھر اگر اس کو علم نہ مانا جائے بلکہ اسم صفت ہی مانیں تو حافظ جی کرشن جی کو کالا بتائیں ساری ہندو جاتی تو آج تک ان کو ایسا ملیح وخوبصورت مانتی چلی آرہی ہے کہ گوپھیاں ان پر فدا تھیں بلکہ آج بھی متھرا میں گنگا کے کنارے، بہت سی خدا کی بندیاں اسی امید پر کہ کسی موہنی روپ میں ان کے درشن ہو جائیں سب کچھ تجنے کے لئے تیار رہتی ہیں۔

ممکن ہے کہ یہ کاہن وہی یوز آسف ہو جو ہندوستان کے صوبہ سولابت میں راجہ جنسر کے گھر پیدا ہوا شاہزادہ نبی کہلایا، کشمیر گیا وہیں مرا وہیں دفن کیا گیا۔ آج تک اس کی قبر شہزادہ نبی کی قبر کہلاتی اور اسی نام سے پہچانی جاتی ہے۔ بعض روایتیں اس کے متعلق ایسی بیان بھی کی جاتی ہیں جو اس کی کہانت پر دلالت کر سکتی ہیں[1]۔ مرزا جی نے اسی قبر کو حضرت مسیح علیہ السلام کی قبر تصنیف کر ڈالا۔

---

[1] تفصیل حال کے لئے کتاب یوز آسف اور بلوہر مترجمہ مولوی سید عبدالغنی مطبوعہ مطبع ہاشمی دہلی صفحہ ۳۵۸ کو دیکھا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

پھر اور آگے بڑھیے مرزا جی تو نہ کرشن کی نبوت بتاتے ہیں، نہ اس کی نبوت کا ظہور۔ وہ تو صاف فرماتے ہیں کہ

''میں راجہ کرشن کے رنگ میں بھی ہوں جو ہندو مذہب کے تمام اوتاروں میں بڑا اوتار تھا''۔ پھر آگے چل کر گیتا کو فی الجملہ الہامی کتاب مانتے ہوئے فرماتے ہیں۔ کہ اُن (مرزا جی) پر الہام ہوا ہے۔[1]

''کرشن رودھر گوپال تیری مہما گیتا میں لکھی گئی ہے''۔ (لیکچر مرزا صاحب ۱۲ر دسمبر ۱۹۰۲ء سیالکوٹ)

مرزا صاحب نے گیتا کا حوالہ دے کر خود واضح کر دیا کہ ان کی مراد کیا ہے؟ گیتا میں اوتار یا روپ کے معنی آپ نے ابھی ابھی کرشن جی کے بتائے ہوئے دیکھے کہ خدا کے انسانی جسم میں حلول کرنے کو اوتار لینا یا روپ لینا کہا گیا۔ پس مجردان کلمات کے استعمال ہی نے انہیں دائرۂ توحید سے جدا شرک کے مرض میں مبتلا کر دیا اب ان سے اور اسلام سے کیا علاقہ رہا۔

توہین انبیاء

جناب حافظ جی صاحب کو اس تحریر کے وقت شاید یہ خیال نہ رہا ہوگا کہ جس کے جواب میں وہ اپنی دو ورقی پیش کر رہے ہیں وہ اگرچہ مارشس سے جا رہا ہے مگر اس کا قلم الحمدللہ ہزاروں کوس کی مسافت سے بھی ان کی پردہ دری کرنے کے لئے تیار رہے گا اسی لئے بے خوف وخطر فرماتے ہیں۔ کہ

''مرزا صاحب نے نبیوں کو گالیاں دی ہیں یہ بھی صریح جھوٹ ہے''۔

---

[1] یا للعجب ہم وید میں توحید کا جلوہ دکھائیں تو ہم پر اعتراض، یہ گیتا کو الہامی مانیں تو بھی کچھ نہیں،

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام — وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں کرتے

Marfat.com

ناظرین ذرا سطور ذیل کو بغور پڑھیں اور خود ہی فیصلہ کرلیں کہ مرزا جی نے اگر اپنے ان کلمات میں گالیاں نہیں دیں تو کیا کیا؟

۱.....''مسیح کا بے باپ پیدا ہونا میری نگاہ میں کوئی عجوبہ بات نہیں اب برسات قریب آئی ہے باہر جاکر دیکھئے کتنے کیڑے مکوڑے بغیر ماں باپ کے پیدا ہوجاتے ہیں''۔ (معاذاللہ) (جنگ مقدس صفحہ ۷)

۲.....اخبار بدر مورخہ ۹ رمئی ۱۹۰۷ء میں مسلمانوں کو مخاطب کرکے فرماتے ہیں (نہ کہ عیسائیوں کو) ''ایک دفعہ حضرت مسیح زمین پر آئے تو اس کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ کئی کروڑ مشرک دنیا میں ہوگئے دوبارہ آکر وہ کیا بنائیں گے کہ لوگ (مسلمان) ان کے آنے کے خواہشمند ہیں''۔ (معاذ اللہ)

۳.....''حق بات یہ ہے کہ آپ (حضرت مسیح علیہ السلام) سے کوئی معجزہ نہیں ہوا''۔ (معاذاللہ یہاں حق بات کہہ کر قرآن میں ذکر کئے ہوئے معجزات کا بھی انکار ہے)۔ (حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۶)

۴.....''آپ (حضرت مسیح علیہ السلام) کے ہاتھ میں مکروفریب کے سوا اور کچھ نہیں تھا''۔ (معاذاللہ)

۵.....''آپ (حضرت مسیح) کا خاندان بھی نہایت پاک اور مطہر ہے، تین دادیاں اور نانیاں آپ کی زنا کار اور کسبی عورتیں تھیں''۔ (معاذاللہ) (حاشیہ ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۷)

علماء اسلام نے جب مرزا جی کے ان کلمات پر گرفت کی تو خود مرزا جی ہی کی زبان سے سنئے کہ اُن علماء کو (حافظ جی نے تو ہمیں جھوٹا کہا مرزا جی) مفسد و مفتری بتا کر کس انداز سے اپنی بریت کا اظہار فرماتے ہوئے حضرت مسیح کے بھائی بہن بتا کر مکرر گستاخی کررہے ہیں۔

''مفسد و مفتری وہ شخص ہے جو مجھے کہتا ہے کہ میں مسیح ابن مریم کی عزت نہیں کرتا..... مسیح تو

Marfat.com

مسیح میں تو اس کے چاروں بھائیوں کی بھی عزت کرتا ہوں کیونکہ پانچوں ایک ہی ماں کے بیٹے ہیں، یسوع کے چار بھائی اور بہنیں تھیں یہ سب یسوع کے حقیقی بھائی اور حقیقی بہنیں تھیں یعنی سب یوسف اور مریم کی اولاد تھے''۔ (کاغذی کشتی نوح صفحہ ۱۶)

ہم نہیں جانتے کہ مرزا جی کا اعتقاد وہ ہے جو حافظ جی لکھتے ہیں کہ وہ عیسیٰ علیہ السلام بغیر باپ پیدا ہوئے یا یہ جس میں ان کی دادیاں، نانیاں اور حقیقی بھائی بہن بتائے گئے۔ اگر پہلا ہے تو اس کا مرقعہ حوالہ نمبر ا سے ظاہر کہ حضرت مسیح کو برساتی کیڑوں سے تشبیہ دی گئی۔ اور اگر دوسرا ہے تو اس کی شان ناظرین نے دیکھ ہی لی کہ دادیاں اور نانیاں بھی بنیں اور انہیں شنیع گالیاں بھی دی گئیں۔

حافظ جی کہتے ہیں کہ ان کا عقیدہ بدلتا رہتا تھا پہلے حیات مسیح کے قائل تھے پھر وفات مسیح کا عقیدہ تصنیف کیا۔ ممکن ہے کہ اس عقیدہ میں بھی ایسا ہی پیچ ہو۔ بہرصورت دونوں طرح گالیاں دیں گستاخیاں کیں پھر ان سے توبہ بھی نہ کی لہٰذا جرم ثابت۔

یہ داؤ پیچ عقلاء کے سامنے نہ چل سکا ہے نہ چل سکے گا کہ مسیحیوں کو ملزم بنانے کے لئے جواب میں تھیں، اس لئے کہ اخبار بدر اور کشتی نوح صفحہ ۱۶ کے حوالہ نے تو صاف ظاہر کر دیا کہ مسلمانوں کے مقابلہ میں بھی یہی کہا گیا۔ فاعتبروا یااولی الابصار

نکاح آسمانی

محمدی بیگم سے مرزا جی کے مفروضہ نکاح کے باب میں حافظ جی نے ہمارا اعتراض اس طرح نقل کیا ہے کہ ''نکاح والی پیش گوئی پوری نہ ہوئی''۔ اب سیدھا سا تو یہ تھا کہ ''پوری ہوگئی''۔ مگر چونکہ یہ جواب امر واقعہ کے خلاف ہے لہٰذا حافظ جی صاحب نے سوک رشی جی کے بروز کی حیثیت سے عجیب وغریب تاویل سرمائی جس کا خلاصہ یہ ہے۔

Marfat.com

۱..... نکاح کی پیش گوئی صرف اس غرض سے تھی کہ محمدی بیگم کے خاندان کے لوگ جو بے دین تھے ان کو نکاح کا نشان دکھا کر دیندار بنائیں۔

۲..... احمد بیگ (پدر محمدی بیگم) نے توبہ نہ کی وہ ہلاک ہو گیا۔

۳..... پیش گوئی میں توبہ کی شرط تھی تو بی توبی الخ توبہ سے یہ سب باتیں ٹل گئیں تقریباً سارا خاندان مرزائی بن گیا۔ لہٰذا توبہ سے نکاح ٹل گیا۔

تحریر اگرچہ طویل ہو جائے مگر ہم مجبور ہیں چونکہ مرزائی پورا حوالہ دیکھ لینے کے بعد بھی باتیں بنانے کی عادت رکھتے ہیں اور کسی وجہ سے اگر مختصراً حوالہ کا ذکر کر دو تو فوراً جھوٹ کا الزام دیتے ہیں۔ لہٰذا اس باب میں بھی ہم تفصیل کے ساتھ حوالہ پیش کر کے فیصلہ اہل نظر پر چھوڑتے ہیں۔

جواب اور اس کا ثبوت

محمدی بیگم کے خاندان کے لوگ بے دین نہ تھے اس کا ولی یعنی باپ ایسا دیندار کہ اس کے ساتھ مرزا جی محبت کا اظہار کرتے اور اس کے اسلام کو تسلیم کرتے ہیں یہ وہی ہیں جن کو حافظ جی کہتے ہیں کہ ''توبہ نہ کی ہلاک ہو گیا''۔

نامۂ مرزا صاحب بہ نام مرزا احمد بیگ صاحب پدر محمدی بیگم مورخہ ۱۷ر جولائی ۱۸۹۲ء

مشفقی مکرمی اخویم مرزا احمد بیگ صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کے دل میں اس عاجز کی نسبت کچھ غبار ہو لیکن خداوند علیم جانتا ہے کہ اس عاجز کا دل آپ کی طرف سے بالکل صاف ہے۔ قادر مطلق سے آپ کے لئے دعائے خیر و برکت چاہتا ہوں۔ کس طریق اور کن لفظوں میں بیان کروں کہ تا میرے دل کی محبت

Marfat.com

اور خلوص اور ہمدردی جو آپ کی نسبت مجھ کو ہے آپ پر ظاہر ہو جائے۔ ہمیں خدائے قادر مطلق کی قسم ہے کہ میں اس بات میں بالکل سچا ہوں کہ خدائے تعالیٰ کی طرف سے الہام ہوا کہ آپ کی خدا کی تنبیہں وارد ہوں گی اور آخر اسی جگہ ہوگا۔ ہزاروں پادری شرارت نہیں حماقت سے منتظر ہیں کہ یہ پیشین گوئی جھوٹی نکلے لیکن خدائے تعالیٰ ان کو رسوا کرے گا۔ جو امر آسمان پر ٹھہر چکا ہے زمین پر ہرگز بدل نہیں سکتا خدائے تعالیٰ آپ کے دل میں وہ بات ڈالے جس کا اس نے آسمان پر سے مجھے الہام کیا ہے۔

غلام احمد

اور ملاحظہ کیجئے نامہ مرزا بنام مرزا علی شیر بیگ (محمدی بیگم کے پھوپا۔ مرزا کے لڑکے فضل احمد کے خسر) مورخہ ۴ رمئی ۱۸۹۱ء۔

مشفقی مرزا علی شیر بیگ صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

میں آپ کو غریب طبع نیک خیال آدمی اور اسلام پر قائم سمجھتا ہوں، آپ کو ایک خبر سناتا ہوں آپ کو اس سے بہت رنج گزرے گا، میں نے سنا ہے کہ عید کی دوسری تاریخ اس لڑکی کا نکاح ہونے والا ہے، میری نسبت ان لوگوں نے پختہ ارادہ کرلیا ہے کہ اس کو خوار کیا جائے ذلیل کیا جائے، روسیاہ کیا جائے، اب مجھ کو بچالینا اللہ تعالیٰ کا کام ہے (اللہ نے نہ بچایا لہٰذا آپ کیا بنے؟) اگر میں اس کا ہوں گا تو ضرور بچالے گا (اس نے نہ بچایا ثابت ہوا کہ اس کے نہ تھے) (آگے چل کر ایک طویل عبارت لکھتے ہیں جس کا خلاصہ یہ ہے کہ) آپ اپنی بیوی سے کہئے کہ وہ اپنے بھائی کو مجبور کریں، ان کو چھوڑ دینے کی تنبیہہ کریں تا کہ وہ بہن کے دباؤ سے مجبور ہو کر محمدی بیگم کا نکاح مرزا صاحب سے کر دیں اوا گر آپ کی بیوی ایسا نہ کریں گی تو میں اپنے بیٹے فضل احمد سے کہوں گا کہ اپنی بیوی (یعنی) آپ کی لڑکی

Marfat.com

کوطلاق دے اگراس نے میرا کہنا نہ مانا تو میں اسے عاق کردوں گا وراثت سے محروم کردوں گا (ناظرین انصاف کریں کیا مجدد مسیح و نبی کی یہی شان ہوتی ہے؟)

ان ہر دو خطوط کے اقتباس نے اگر چہ بہت سی باتوں کو واضح کر دیا مگر ہم سر دست ان امور ہی کی طرف اشارہ کرتے ہیں۔

۱.....مرزا احمد بیگ مسلمان تھے اچھے آدمی تھے، مرزا جی کا دل ان کی طرف سے صاف تھا بلکہ ان س بے حد محبت تھی لہٰذا ان کی موت کسی جرم کے سبب سے نہیں ہوئی، وہ مسلمان تھے اسلام پر مرے ہاں جرم صرف اسقدر تھا کہ جوان بیٹی بوڑھے بے دین مرزا جی کو کیوں نہ دی۔

۲.....نکاح کی تحریک صرف الہام کے سبب کی گئی ہے نکاح ضرور ہوگا، اس لئے کہ پادریوں اور ہندوؤں کے لئے نشان ہے اگر دوسری جگہ ہوگا تو تنبیہیں ہوں گی اور آخر مرزا جی ہی سے ہوگا۔

۳.....اگر نکاح نہ ہوگا تو مرزا جی خوار ذلیل روسیاہ ہو جائیں گے۔

بقول مرزا جی نکاح نشان مسیح آخر الزمان ہے اور وہ ظاہر نہ ہوا

اور آگے چلئے اور دیکھئے کہ مرزا جی اس نکاح کو مسیح موعود کا نشان بتاتے ہیں۔ محمدی بیگم کے خاندان والوں کی اصلاح سے اس کو کوئی تعلق نہیں۔

حضور نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کا ذکر کرتے ہوئے کہ مسیح بن مریم دنیا میں اتریں گے شادی کریں گے الخ۔ جناب مرزا صاحب فرماتے ہیں۔

''تزوج سے مراد خاص تزوج ہے جو بطور نشان ہوگا، جس کی نسبت اس عاجز کی پیش کوئی موجود ہے گویا اس جگہ رسول اللہ ﷺ ان سیاہ دل منکروں کو ان کے شبہات کا جواب دے رہے اور فرما رہے ہیں کہ یہ باتیں ضرور پوری ہوں گی''۔ (ضمیمہ انجام آتھم صفحہ ۵۳)

پھر صفحہ ۵۴ پر فرماتے ہیں کہ ''براہین احمدیہ میں بھی اس پیشین گوئی کی طرف اشارہ فرمایا گیا ہے،

Marfat.com

تیسری زوجہ جس کا انتظار ہے، یہ ایک چھپی ہوئی پیش گوئی ہے جس کا سر اس وقت کھولا گیا''۔

اب بھی کیا اس کے ثبوت میں کوئی کسر رہ گئی کہ اس نکاح کو مرزا جی مسیح موعود کا نشان بتا رہے ہیں۔ پس بقول مرزا صاحب اگر یہ نشان ظاہر نہ ہو نکاح نہ ہو تو وہ مسیح موعود نہیں۔ بقول مرزا جی نکاح تقدیر الٰہی ہے جو ٹل نہیں سکتی وہ ٹل گئی لہٰذا تقدیر نہ تھی۔ جناب مرزا صاحب نے متعدد مقامات پر اس مضمون کو ظاہر فرمایا کہ یہ نکاح ہونا خدا کا ایسا وعدہ ہے جو ٹل نہیں سکتا۔ ان خطوط میں بھی اس کا ذکر۔ یہاں مزید ایک اور حوالہ دیکھ لیجئے۔ اشتہار نصرت دین مورخہ ۲۰ رمئی ۱۸۹۱ء میں فرماتے ہیں۔ ''خدائے تعالیٰ کی طرف سے یہی مقدر اور قرار پا چکا ہے کہ وہ لڑکی اس عاجز کے نکاح میں آئے گی خواہ پہلے باکرہ ہونے کی حالت میں آجائے یا خدائے تعالیٰ اس کو بیوہ کر کے میری طرف لائے''۔

توبی توبی کی شرط اور اس کا پورا نہ ہونا

اب جناب حافظ جی صاحب کی ان دونوں رکیک تاویلوں پر نظر ڈالئے کہ توبہ سے نکاح ٹل گیا احمد بیگ نے توبہ نہ کی وہ ہلاک ہو گیا۔

حافظ جی کو یا تو خبر ہی نہیں یا دیدہ و دلیری ہے یا طوطی کی صدا۔ جہاں کہیں بھی اس نکاح کو قسم کے ساتھ موکد کرتے ہوئے وعدۂ ربانی بتایا گیا اس کا آسمان پر منعقد ہونا ظاہر کیا گیا وہاں کہیں توبہ کا ذکر تک نہیں آیا اور اگر بالفرض توبہ کو شرط بھی قرار دیا جائے تو عذاب اور بلا کے لئے نہ کہ نکاح کے لئے۔ پھر توبی توبی کے صیغوں پر نظر ڈالئے کہ یہ مؤنث کے صیغے ہیں۔ چنانچہ خود مرزا جی ان کا ترجمہ اور مطلب بیان فرماتے ہیں۔ (حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۸۷)

''اے عورت! توبہ کر توبہ کر کیونکہ تیری لڑکی اور تیری لڑکی کی نانی پر ایک بلا آنے والی ہے''۔

۱..... مرزا جی نے خود واضح کر دیا کہ اس کی مخاطبہ محمدی بیگم کی والدہ ہیں ان کے توبہ کرنے

Marfat.com

سے ان کی والدہ اور محمدی بیگم کی بلائیں ٹلیں گی۔ محمدی بیگم کی نانی پر کیا بلا آنے والی تھی جو ٹلی؟ خبر نہیں محمدی بیگم پر جو بلا آنے والی تھی وہ بقول حافظ جی ٹل گئی۔ اس سے ثابت ہوا کہ محمدی بیگم کی والدہ نے توبہ کی۔

اب سوال فقط اسی قدر باقی رہ گیا کہ جب مرزائی توبہ سے مراد مرزائی بننا لے رہے ہیں تو کیا محمدی بیگم کی والدہ نے مرزائیت کو قبول کیا؟ ہرگز نہیں ہرگز نہیں۔ جب نہیں تو وہ بلا بھی کیوں ٹلی؟ پھر یہ کہنا کہ ''قریباً سارا خاندان مرزائی بن گیا''۔ کھلا جھوٹ۔

مرزا احمد بیگ کا اسلام پر مرنا ظاہر۔ حافظ جی کو تسلیم کہ مرزائی نہیں ہوا ان کا داماد محمدی بیگم کا شوہر مرزائی نہیں ہوا۔ محمدی بیگم الحمدللہ مسلمہ ہے بلکہ اس کی اولاد بھی ماشاء اللہ مسلمان وہ اور اس کے قریبی اعزاء واقرباء سب کے سب بمنہ تعالیٰ اسلام پر قائم اور مرزائیت سے بیزار بلکہ ان علمائے حقانی کے اعوان وانصار جو مرزائیوں سے برسر پیکار۔ پھر بلا ٹلی تو کیوں ٹلی؟

۲.....نکاح بلا ہے؟ عذاب ہے؟ یا کیا؟

مرزا جی کہتے ہیں۔ ''یہ نکاح تمہارے لئے موجب برکت اور رحمت کا نشان ہوگا۔ ان تمام برکتوں اور رحمتوں سے حصہ پاؤ گے جو اشتہار ۲۰ر فروری ۱۸۸۸ء میں مندرج ہیں''۔ (آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۲۸۱، ۲۸۸)

توبی توبی کے کلمات کو اگر شرط مان بھی لیا جائے تو اس سے بلا ٹلنی چاہئے، نہ کہ رحمت وبرکت۔ پس یا تو یوں کہا جائے کہ نکاح نہ تھا بلا تھا (محمدی بیگم کے لئے نہ سہی مرزا جی کے لئے سہی) یا یہ کہئے کہ توبہ کا علاقہ نکاح سے نہ تھا۔ دونوں شکلوں میں ہمارا دعویٰ ثابت۔ ہمارا بیان صرف نفس نکاح کے متعلق تھا کہ

ا.....اس کو مقدر بتایا گیا۔

Marfat.com

۲.....خدا کا نہ ٹلنے والا وعدہ کہا گیا، وہ ٹل گیا۔ لہٰذا خدا کا وعدہ نہ تھا مقدر نہ تھا اور مرزا جی کا یہ دعویٰ جھوٹا، الہام جھوٹا۔

۳.....مرزا جی نے کہا کہ اگر یہ نکاح نہ ہوا تو

الف.....مرزا جی ہر بد سے بدتر ٹھہریں گے، مفتری ہوں گے، کذّاب ہوں گے۔

ب.....ان کے تمام دعوے جھوٹے ہوں گے۔

ج.....مرزا جی ذلیل ہوں گے، روسیاہ ہوں گے، ناک کٹ جائے گی۔

کسی نے توبہ کی یا نہ کی، عذاب ٹلا یا نہ ٹلا۔ ہمیں سردست اس سے کچھ غرض نہیں۔ مرزا جی کے دعوے اور یہ امر واقعہ سامنے ہے کہ نکاح نہ ہوا۔ فیصلہ ہم نہیں کرتے خدا نے کیا اور جو ہونا تھا ہو گیا۔ مرزا جی کو جو بننا تھا بن گئے۔ اگر سادہ لوح افراد کی آنکھیں اب بھی نہ کھلیں تو وہ جانیں۔

طاعون اور قادیان

جناب حافظ صاحب کی دیدہ دلیری ملاحظہ کیجئے کہ کس جرأت کے ساتھ ہم پر غلط بیانی کا الزام لگاتے اور دنیا کی آنکھوں میں کس طرح خاک ڈالنا چاہتے ہیں۔

حافظ جی لکھتے ہیں کہ ''مرزا جی نے لکھا ہے کہ قادیان میں طاعون نہ آئے گی یہ مولوی صاحب کی بالکل غلط بیانی ہے''۔

ناظرین فیصلہ کریں کہ ہم نے جو کچھ کہا تھا اس کی تفصیل یہ ہے یا نہیں؟

ا.....مرزا صاحب نے مواہب الرحمٰن میں فرمایا۔ ''**لنا من الطاعون امان** ہم لوگوں کے لئے طاعون سے امان ہے''۔ ''لنا'' کے مصداق چونکہ دنیا بھر کے مرزائی تھے جب مختلف مقامات سے مرزائیوں کے مرنے کی خبریں آنے لگیں اور معترضین نے اعتراض کیا ہوگا

Marfat.com

تو فرمایا۔ ''خدا نے سبقت کر کے قادیان کا نام لے دیا ہے کہ قادیان کو اس (طاعون) کی خوفناک تباہی سے محفوظ رکھے گا کیونکہ اس کے رسول کا تخت گاہ ہے اور یہ تمام امتوں کے لئے نشان ہے''۔ (دافع البلا صفحہ ۸)

قادیان چھوٹا سا قصبہ اس کی مختصر سی آبادی مگر جب اس میں بھی یہ حالت ہوئی کہ پیسہ اخبار لاہور مورخہ ۲۰/اپریل ۱۹۰۴ء رقمطراز ہے۔ ''قادیان آج کل پنجاب میں اول نمبر پر طاعون میں مبتلا ہے بیس (۲۰) موتوں کا اوسط ہے قصبہ میں ہلچل مچی ہوئی ہے''۔ (ناظرین مرزا صاحب کے مزعومہ الہامی الفاظ خوفناک تباہی کا اس عبارت پیسہ اخبار میں خاص لحاظ رکھیں نیز حافظ جی کے الفاظ بھی یاد رہیں کہ ''جو لوگوں کو بدحواس کر دے''۔ اس لئے کہ اس کی تفصیل ہلچل کے لفظ میں موجود ہے) پھر جب قادیان میں اس قدر طاعون پھیلا کہ ۱۳۱۳ اموات کی رپورٹ عام اخباروں میں شائع ہوئی تو مرزا جی کو خود تسلیم کرنا پڑا۔ چنانچہ لکھتے ہیں۔ الحکم قادیان ۱۰/اپریل ۱۹۰۷ء۔ ''آج کل طاعون بہت بڑھتا جاتا ہے چاروں طرف آگ لگی ہوئی ہے۔ (اس آگ لگنے پر خاص توجہ رہے بدحواسی شاید کسی اور چیز کا نام ہوگا) میں اپنی جماعت کے لئے خدا سے بہت دعا کرتا ہوں کہ وہ اس کو بچائے رکھے''۔ مگر دعا قبول نہیں ہوتی۔ ؎

مانگا کریں گے اب سے دعا ہجر یار کی　　آخر تو دشمنی ہے اثر کو دعا کے ساتھ

مگر قرآن شریف سے ثابت ہے کہ جب قہر الٰہی نازل ہوتا ہے تو بدوں کے ساتھ نیک بھی لپیٹے جاتے ہیں۔

سامعین کو یاد ہوگا کہ اس کے بعد ہم نے تذکرۃً یہ بھی بتایا تھا کہ مرزا جی نے اپنے گھر کو وسیع کرنے اور بڑا بنانے کے لئے چندہ مانگنے کا حیلہ بناتے ہوئے بھی لکھا تھا کہ ہمارا گھر طاعون سے محفوظ رہے گا لہٰذا اس میں بہت سے آدمیوں کے رہنے کی جگہ کرنے کے

Marfat.com

لئے بڑا بنانے کی ضرورت اوراس لئے روپیہ کی حاجت۔پس لاؤچندہ!!!

گھر تو اس بہانہ سے بن گیا چندہ بھی خاطر خواہ مل گیا اب حافظ جی تو لکھتے ہیں۔کہ آج تک اس گھر کا چوہا بھی طاعون سے نہ مرا۔مگر مرزا جی حقیقۃ الوحی کے صفحہ ۳۲۹ پر اعتراف فرماتے ہیں کہ ''جب دوسرے دن کی صبح ہوئی تو میر صاحب کے بیٹے اسحاق کو تیز تپ ہوا اور سخت گھبراہٹ شروع ہوگئی اور دونوں طرف ران میں گلٹیاں نکل آئیں''۔

حافظ جی شاید اس کی بھی تاویل فرمادیں کہ گھر سے مراد ہے وہ خاص کمرہ جس میں مرزا جی سوتے تھے بلکہ کمرہ سے مراد بھی وہ چار پائی جس پر وہ آرام فرماتے تھے بلکہ چار پائی سے بھی ان کا جسم یعنی جو مرزا جی کے جسم میں حلول کر گیا وہ طاعون سے نہ مرا۔

یہ سوک رشی کی تاویلات کا نمونہ ہے وہ فرمائے جائیں۔پیراندتہ وعبدالکریم کی روحیں اب دنیا میں آکر نہ بتائیں گی کہ وہ خود مرزا جی کے گھر ہی میں طاعون سے مرے تھے۔محمد افضل وبرہان الدین ومحمد شریف ونور احمد وغیرہ خاص خاص مرزائی اب بول ہی نہیں سکتے کہ وہ کس درجہ کے فدائی تھے اور قادیان ہی میں مرزا جی کی دیکھتی آنکھوں طاعون ہی سے ہلاک ہوئے۔(دیکھو ذکر الحکیم صفحہ ۹۱)

مولوی ثناءاللہ صاحب امرتسری سے مرزا جی کا آخری فیصلہ

ہم حیران ہیں کہ حافظ جی کے جھوٹ کہاں تک جتائے جائیں ہم نے ہرگز اپنی تقریر میں مباہلہ کا ذکر ہی نہیں کیا بلکہ اسی آخری فیصلہ اور دعا کو یاد دلایا جس کی تصدیق میں مرزا جی نے اس عالم کو چھوڑا۔

مرزا صاحب نے مولوی ثناءاللہ صاحب کے باب میں اشتہار دیا جس کا عنوان ہی یہ بتادیگا کہ یہ فیصلہ تھا نہ کہ مباہلہ۔عنوان یہ ہے۔''مولوی ثناءاللہ کے ساتھ آخری فیصلہ''

Marfat.com

سارا اشتہار پڑھ جایئے لیکن ایک جگہ بھی اگر مباہلہ کا لفظ مل جائے یا کہیں یہ بھی لکھا ہوا نظر آئے کہ اس دعا کے مقابلے میں مولوی صاحب موصوف بھی یہی دعا فرمائیں جیسا کہ ڈوئی اور دوسرے لوگوں کے مقابلہ میں مرزا صاحب نے لکھا تو ہم ذمہ دار۔ پھر مزید ثبوت کے لئے جناب مرزا جی کے حکم سے ان کے سرشتہ دار نے جو حکم نامہ جناب مولوی صاحب موصوف کے نام جاری کیا اس کی عبارت ملاحظہ فرمایئے جو اس مضمون کو بالکل ہی واضح کر دیتی ہے۔

مولوی ثناء اللہ صاحب نے ''حقیقۃ الوحی'' کی اس دعوت عام کو دیکھ کر جو تمام علمائے اسلام کو مرزا صاحب کی طرف سے دی گئی تھی مرزا جی کو لکھا کہ ''کتاب حقیقۃ الوحی بھیجئے تا کہ میں مباہلہ کی تیاری کروں''۔ اس کے جواب میں انہیں بحکم مرزا صاحب لکھا جاتا ہے کہ ''آپ کا خط حضرت مسیح موعود کی خدمت میں پہنچا جس کے جواب میں آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کی طرف حقیقۃ الوحی بھیجنے کا ارادہ اس وقت ظاہر کیا گیا تھا جس وقت مباہلہ کے واسطے لکھا گیا تھا تا کہ مباہلہ سے پہلے پڑھ لیتے مگر چونکہ آپ نے اپنے واسطے تعیّن عذاب کی خواہش ظاہر کی اور بغیر اس کے مباہلہ سے انکار کر کے اپنے لئے فرار کی راہ نکالی اس واسطے مشیت ایزدی نے آپ کو اور راہ سے پکڑا اور حضرت حجۃ اللہ مرزا صاحب کے قلب میں آپ کے واسطے ایک دعا کی تحریک کی اور دوسرا طریق اختیار کیا''۔ اس عبارت سے ناظرین نے بخوبی اندازہ لگا لیا ہوگا کہ یہ دوسرا طریق مباہلہ نہیں بلکہ تعیین عذاب بصورت دعا ہے اور مشیت ایزدی کے مطابق یہی آخری فیصلہ ہے۔ اس دعا کا اثر فیصلہ کر دے گا کہ اس باب میں کون سچا ہے اور کون جھوٹا۔

Marfat.com

مرزاجی کی دعا

''اے میرے آقا! اے میرے بھیجنے والے!..... میں تیرے ہی تقدس اور رحمت کا دامن پکڑ کر تیری جناب میں ملتجی ہوں کہ مجھ میں اور ثناء اللہ میں سچا فیصلہ فرما اور وہ جو تیری نگاہ میں حقیقت میں مفسد اور کذاب ہے اس کو صادق کی زندگی میں دنیا سے اٹھالے''۔

ہم نے اسی دعا کے اثر کا ذکر کیا جو دنیا نے دیکھ لیا مگر اس سے زیادہ شرمناک جھوٹ اور کیا ہوگا کہ حافظ جی اب تک اس کو مباہلہ کہے جاتے ہیں حالانکہ مرزا صاحب کے انتقال کے بعد جب تمام ہندوستان میں اس دعا کی صداقت کا تذکرہ ہوا اور تمام اہل بصیرت نے حقیقت کو جان لیا تو تمام مرزائی ٹولی نے پورا زور لگایا۔ آخر تین سو روپیہ کا انعام مقرر کیا اور یہی چیلنج دیا کہ ''یہ فیصلہ نہ تھا مباہلہ تھا''۔ مرزائی خلیفہ نمبر ا کے وکیل منشی قاسم علی صاحب میدان مقابلہ میں آئے۔ سردار بچن سنگھ بی۔اے پلیڈر فریقین کی طرف سے مسلمہ حکم مقرر کئے گئے۔ منشی قاسم علی صاحب اور مولوی ثناء اللہ صاحب میں مباحثہ ومناظرہ ہوا، آخر انجام مبلغ تین سو روپیہ مولوی ثناء اللہ صاحب نے بحکم حکم مرزائیوں سے وصول کیا اور غیر جانب دار حکم نے یہ فیصلہ دیا۔ (تحریر میں گو قدرے طوالت ہوجائے مگر ہم اس کے بعض کلمات بجنسہ لکھ دیتے ہیں)

''میں صاف اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ مرزا صاحب کے اس جہان فانی سے بحیات مولوی ثناء اللہ صاحب رحلت فرمانے سے مرزا صاحب کی دعا مندرجہ اشتہار خدائے تعالیٰ نے قبول فرمائی اور اس قبولیت کا اظہار خود مرزا صاحب نے اپنی زبان مبارک سے کیا۔

۱۵/اپریل ۱۹۰۷ء والا اشتہار بحکم خداوندی مرزا صاحب نے دیا تھا۔ خدا نے الہامی طور پر جواب دیا تھا کہ میں نے تمہاری یہ دعا قبول کرلی''۔

بلفظہ دستخط سردار بچن سنگھ بی۔اے پلیڈر ۲۱/اپریل ۱۹۱۲ء

Marfat.com

سردار بچن سنگھ کے فیصلہ کے مطابق ہی نہیں ایسے خدائی فیصلہ کی رو سے جس کو سارے عالم نے دیکھ لیا ہم بھی اس کی بڑے زور سے تائید کرتے ہیں مرزا جی کی اور دعائیں قبول ہوئیں یا نہ ہوئیں مگر یقیناً خدا نے مرزا جی کی یہ دعا ضرور قبول کی اور دنیا کو دکھا دیا کہ اس مقابلے میں حق پر کون تھا اور باطل پر کون۔ دنیا نے دیکھ لی کہ مرزا جی ہیضہ میں مبتلا ہوئے، لاہور میں مر گئے، قادیان میں دفن ہوئے اور مولوی ثناء اللہ قلعہ مرزائیت پر گولہ باری کے لئے اب تک موجود۔

ڈاکٹر عبدالحکیم اور مرزا جی

حافظ جی ہماری شکایت کرتے ہیں کہ ''ڈاکٹر عبدالحکیم کی پیش گوئی کی طرف اشارہ کیا اور حقیقت کو بے نقاب نہیں کیا''۔ ہمیں افسوس ہے کہ وہ ہمارے بلانے کے باوجود بھی دیوار کے پیچھے ہی رہے اگر سامنے آجاتے تو ہم ''بے نقاب'' بھی کر دیتے۔

ناظرین نے حافظ جی کی نمبر ۳ دو ورقی میں دیکھا کہ جتنے دعوے بھی انہوں نے کئے ثبوت کسی ایک کا بھی نہیں دیا۔

۱..... کیا مرزا جی کے وہ الفاظ وصیت نامہ لکھے جن میں انہوں نے یہ تحریر فرمایا کہ وہ فلاں تاریخ سے تین برس کے اندر مر جائیں گے۔

۲..... یہ حوالہ دیا کہ ڈاکٹر صاحب نے کب اور کن الفاظ میں اپنی سابقہ پیش گوئی میں ترمیم کی؟

اب حافظ جی کی یہ تمنا ہے کہ ہم ہی ان کا نقاب اٹھائیں تو یہ لیجئے ناظرین ملاحظہ کریں کہ نقاب کے اندر کیا ہے۔

پہلے یہ معلوم کیجئے کہ مرزا جی اپنی عمر کے متعلق خود ہی کیا ارشاد فرماتے ہیں۔ ''میری عمر کے چالیس برس پورے ہونے پر صدی کا سر بھی آپہنچا''۔ (تریاق القلوب صفحہ ۶۸) (یعنی ۱۳۰۰ھ میں مرزا جی کی عمر چالیس برس کی ہوئی)

Marfat.com

حاشیہ تریاق القلوب صفحہ ۵۳ پرفرماتے ہیں۔ کہ خدانے ان پر الہام کیا،
''میں (خدا) تجھے (مرزاکو) اسی برس یاچند سال زیادہ اس سے کچھ کم عمر دوں گا''۔(اب یہ مزعومہ الہام بھی ایک لطیفہ ہے مرزاجی کاالہام کرنے والا ایسی ہی تخمینی اٹکل کی باتیں کہاکرتاہے) اس جگہ تخمینہ تھا تصریح کے ساتھ اور ملاحظہ کیجئے۔حقیقۃ الوحی صفحہ ۲۰۰۔
''آخری زمانہ اس مسیح موعود (مرزاصاحب) کادانیال نبی نے ۱۳۳۵ برس لکھا ہے جو خدائے تعالیٰ کے اس الہام سے مشابہ ہے جومیری عمرکی نسبت بیان فرمایاہے''۔
پس ان دونوں مزعومہ الہاموں کی رو سے مرزاجی کو۱۳۳۵ھ میں بعمر (۳۵+۴۰)=۷۵سال مرناچاہئے تھا۔ یہی ان کااعلان یہی بقول ان کے خداکاالہام اور دانیال نبی کی دی ہوئی خبر۔ان اقوال کے دیکھنے کے بعداب فیصلہ بہت آسان ہوگیااس لئے کہ اس میں تو غالباً کسی کو مجال انکار ہی نہیں کہ مرزاجی ۱۳۲۶ھ میں مرے یعنی اپنی میعاد مقررہ سے (۱۳۳۵-۱۳۲۶=۹) پورے۹ برس پہلے،اس کاسبب مرزاجی بتائیں یانہ بتائیں ہم بتائے دیتے ہیں کہ ڈاکٹرعبدالحکیم نے اعلان الحق صفحہ ۴۔۵ پر جولائی ۱۹۰۶ء کو یہ اعلان کیاکہ''صادق کے سامنے شریرفناہوجائے گا یعنی تین (۳) سال کے اندرمیرے سامنے مرزاصاحب مرجائیں گے''۔
اس کے جواب میں مرزاجی اپنے اشتہار مجریہ ۱۶/اگست ۱۹۰۶ء میں فرماتے ہیں۔''میں سلامتی کاشہزادہ ہوں کوئی مجھ پرغالب نہیں آسکتا، بلکہ خودعبدالحکیم خاں میرے سامنے آسمانی عذاب سے ہلاک ہوگا''۔(بقیہ عبارت مرزائی حقیقت کااظہارنمبرامیں ملاحظہ کیجئے)
اس میں مرزاجی نے ڈاکٹرعبدالحکیم صاحب کے مرنے کی پیش گوئی کس صفائی کے ساتھ کی اس لئے ڈاکٹرعبدالحکیم صاحب نے غضب میں آکراس وقت سے۱۴ مہینے کی میعاد بتائی،جس کے جواب میں مرزاصاحب فیصلہ فرماتے ہیں اوراپنی طرف سے نہیں کہتے

Marfat.com

بلکہ دعویٰ یہ ہے کہ الہام ہوا کہ اشتہار تبصرہ ۵/نومبر ۱۹۰۷ء ''اپنے دشمن ڈاکٹر عبدالحکیم سے کہہ دے کہ خدا تجھ سے مواخذہ کرے گا میں تیری عمر بڑھادوں گا یعنی دشمن جو کہتا ہے کہ جولائی ۱۹۰۷ء سے ۱۴ مہینے تک تیری عمر کے دن رہ گئے ہیں یا ایسا ہی جو دوسرے دشمن پیشین گوئی کرتے ہیں ان سب کو جھوٹا کردوں گا اور تیری عمر بڑھادوں گا دشمن جو تیری موت چاہتا ہے وہ خود تیری آنکھوں کے روبرو اصحاب فیل کی طرح نابود اور تباہ ہوگا تجھ سے لڑنے والے اور تیرے پر حملہ کرنے والے سلامت نہیں رہیں گے، تیرے مخالفوں کا اخزا افنا تیرے ہی ہاتھ سے مقدر تھا''۔اور آگے بڑھئے اور ۲۴/مئی ۱۹۰۸ء کا بدر دیکھئے کہ انتقال سے دو دن پہلے بھی جناب مرزا صاحب اسی مزعومہ الہام کو اپنی صداقت کا معیار بتارہے ہیں۔اب سوال یہ کہ اس الہام میں دو خاص وعدہ ہیں اور ان کا خدا کی طرف سے ہونا بتاکید بیان کیا جارہا ہے۔

۱.....(مرزا جی) کی عمر بڑھادوں گا۔

۲.....(مرزا جی کا دشمن ڈاکٹر عبدالحکیم) اصحاب فیل کی طرح نابود ہوگا، ان کا اخزا وافنا (مرزا جی کے) ہاتھ میں مقدر تھا۔

پس کیا مرزا جی کی عمر بڑھی؟ نہیں بلکہ ۹ برس پہلے مرے۔

کیا ڈاکٹر عبدالحکیم خان مرزا جی کے سامنے مرے؟ اس لئے کہ ان کا مرنا اور فنا ہونا مرزا کے ہاتھ سے مقدر تھا۔نہیں بلکہ وہ اب تک زندہ ہیں اور مرزائیت کے انہدام میں مصروف۔لہٰذا یہ الہام جھوٹا ہوا اور سچے جھوٹے کا فرق ظاہر۔

تھوڑی دیر کے لئے اگر فرض بھی کرلیا جائے کہ ڈاکٹر صاحب نے اپنی پیش گوئی میں کوئی مزید ترمیم کی ہو نیز اگر برائے چندے یہ مان بھی لیا جائے کہ مرزا جی نے اپنے تمام سابقہ مزعومہ الہاموں کے خلاف اپنے مرنے کی میعاد بھی تین سال بیان کردی ہو تب بھی یہ

Marfat.com

الہام جھوٹے، ان کی عمر نہ بڑھی۔ ڈاکٹر عبدالحکیم ان کے سامنے نہ مرے بلکہ مرزا جی ان کو اچھا بھلا چھوڑ کر چل دیئے۔

پس وہ مفتری، کاذب اور شریر ثابت ہوئے، حافظ جی کی اور دلیری دیکھئے۔

ع چہ دلاورست زوے کہ بکف چراغ دارد

ہم سے پوچھتے ہیں (آخری صفحہ کے حاشیہ کی سطر کو ذرا غور سے پڑھئے) ''اس میں یہ کہاں لکھا ہے کہ مرزا صاحب کی زندگی میں ڈاکٹر مرے گا؟'' ہم جواب دیں یا ناظرین خود جواب دے لیں گے ہمیں ضرورت نہیں کہ ہاں ہاں اسی میں لکھا ہے کہ ''عبدالحکیم میرے سامنے آسمانی عذاب سے ہلاک ہوگا''۔ اسی میں لکھا ہے کہ ''وہ خود تیری آنکھوں کے سامنے اصحاب فیل کی طرح نابود اور تباہ ہوگا''۔ ہمیں یقین ہے کہ اب ہمارے ناظرین ہی ان سے کہہ دیں گے کہ آنکھیں ہوں تو دیکھو دندان شکن جواب اس کو کہتے ہیں۔

حافظ جی کے متعلق تو ہمیں امید نہیں ہاں ہمارے وہ بھولے بھالے افراد جوان کے بہکاوے میں آکر مرزائیت کا شکار ہو گئے ہیں۔ ان شآء اللّٰہ تعالیٰ اس ہدایت تامہ ہی کے ذریعے بحول اللّٰہ وقوتہ ہدایت پا جائیں تو اچھا ہو۔ وَمَا عَلَیْنَا اِلَّا الْبَلَاغ

التحقیق الصحیح فی حیات المسیح

امام بخاری پر اعتراض کی تہمت

حافظ جی کو ان کے مزعومہ مجدد کی وارثت میں اور کچھ ملا یا نہ ملا مگر اس کا ہم نے ضرور اندازہ لگا لیا کہ جھوٹ کا ورثہ ان کو کافی مقدار میں نصیب ہوا اسی لئے وہ ایسے بیان کے متعلق بھی جھوٹ بولتے ہوئے ذرا نہیں شرماتے جس کے سننے والے ان کے پڑوس ہی میں بہت سے موجود ہیں۔

Marfat.com

ہم نے ''متوفیک'' کے معنوں (حافظ جی نے اسی طرح لکھا ہے) کے متعلق بخاری پر اعتراض ہرگز نہیں کیا بلکہ حضرت امام بخاری علیہ رحمۃ اللہ الباری کی ذمہ داری کے متعلق یہ بیان کیا کہ وہ اپنی صحیح میں جہاں سند صحیح کے ساتھ احادیث کو ذکر فرماتے ہیں وہاں تعلیقات کو بھی ذکر کرتے ہیں۔ (حافظ جی تو شاید تعلیق کی اصطلاح کو بھی نہ جانتے ہوں گے) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا وہ قول جو امام بخاری نے نقل کیا اور مرزائی اس کو بڑی شدومد سے دلیل میں لاتے ہیں اس کو امام صاحب نے مستند احادیث میں داخل نہیں فرمایا بلکہ تعلیقات ہی کے ضمن میں ذکر کیا اور امام بخاری کی تعلیقات وآثار موقوفہ علی الصحابہ کے متعلق علامہ سخاوی ''فتح المغیث'' میں تحریر فرماتے ہیں کہ ''صحیح بخاری کی روایات میں صحت کی ذمہ داری لے کر امام بخاری جس چیز کو نقل فرماتے ہیں وہ صرف وہی احادیث ہیں جن کی سند انہوں نے بیان فرمائی۔ دُوْنَ الْتَعْلِیْق وَالْاثارِ الْمَوْقُوْفَةِ عَلَی الصَّحَابَةِ نہ کہ تعلیقات اور وہ آثار جو کہ صحابہ پر موقوف ہیں''۔ بقول سخاوی، امام بخاری ان کی ذمہ داری ہی نہیں لیتے۔

ہمارے اس کہنے کو ''امام بخاری پر اعتراض'' سے تعبیر کرنا ایک کھلا افترا ہے۔ امام بخاری روایت میں بے حد محتاط۔ جانتے تھے کہ اس اثر ابن عباس کے راوی ایسے مستند نہیں ہیں جیسے اور ان احادیث کے جو انہوں نے ذکر فرمائی اسی لئے انہوں نے اس کو بسند ذکر ہی نہیں فرمایا کہ ان پر ذمہ داری رہے۔

اب وہ جرح ملاحظہ کیجئے جو اس اثر کے راوی پر علماء رجال نے فرمائی ہم نے اپنی طرف سے بے ثبوت نہ کچھ کہا، نہ کہیں احادیث وآثار کی جانچ پڑتال کتب اسمائے رجال سے ہوتی ہے اور اس کا یہ طریق۔

قسطلانی نے اس اثر کے اسناد کو اس طرح ذکر فرمایا۔ ''وَقَالَ ابن عَبَّاسٍ رَضِیَ

Marfat.com

اللہ عنہما فَبِمَا رَوَاهُ ابْنُ اَبِیْ حَاتِمٍ مِنْ طَرِیْقِ عَلِیُ بِنْ طَلْحَةَ عَنْه فِیْ قَوْلِهٖ تَعَالٰی یَاعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ مَعْنَاهُ مُمِیْتُکَ'' یعنی اس اثر کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے علی ابن طلحہ روایت کرتے ہیں لہٰذا قواعد فن رجال کے مطابق علی بن طلحہ کو دیکھا جائے گا کہ ان کی کیفیت کیا ہے؟

۱..... میزان میں موجود کہ امام احمد بن حنبل فرماتے ہیں ''له اشیاء منکرات'' دحیم کہتے ہیں کہ علی ابن طلحہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے تفسیر سنی ہی نہیں۔

۲..... خلاصہ میں کہا گیا۔ قسوی فرماتے ہیں کہ علی بن طلحہ ضعیف ہے۔

۳..... تقریب میں ہے علی بن طلحه سالم مولی بنی عباس سکن حمص ارسل عن ابن عباس ولم یره من السادسة پس جو چھوٹی عمر میں ابن عباس سے جدا ہوئے ان سے تفسیر کو سنا ہی نہیں، منکرات کے راوی اور پھر ضعیف، ایسے راوی کی روایت سے استناد اور صاف صاف صریح آیات قرآن کریم اور امام بخاری ہی کی روایت کردہ اصح احادیث کے معنی کو بدلنا مرزائی فریب اور دھوکہ نہیں تو کیا ہے۔ پھر اگر ابن عباس ہی کے قول سے استناد ہے تو ان کے بتائے ہوئے پورے معنی کو نہ ماننا صرف ایک لفظ کو لینا لَاتَقْرَبُوْا الصَّلٰوةَ (نماز کے قریب ہی نہ جاؤ) کو ماننا اور وَاَنْتُمْ سُکَارٰی (درآنحالیکہ تم نشے میں ہو) کو چھوڑنا تُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضٍ وَتَکْفُرُوْنَ بِبَعْض نہیں تو کیا ہے؟ ابن عباس ہی کی بات مانتے ہیں تو دل ماشاد۔ آنکھیں کھولیں اور دیکھیں کہ انہوں نے متوفیک کے معنی ممیتک کس مطلب سے کہے اور وہ اس وعدہ ممیتک کے پورا ہونے کا وقت کب بتا رہے ہیں۔ (درمنثور صفحہ نمبر ۳۶، ج ۲) عَنِ ابْنِ عَبَّاس قَالَ قَوْلُهٗ عزوجَلَّ یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ قَالَ اِنِّیْ رَافِعُکَ ثُمَّ مُتَوَفِّیْکَ فِیْ اٰخِرِ الزَّمَانِ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے فرمان اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ

Marfat.com

وَرَافِعُکَ اِلَیَّ کے متعلق فرمایا ''میں تمہیں اٹھانے والا ہوں اور پھر آخر زمانہ میں تمہاری توفی کرنے والا ہوں''۔یعنی چونکہ واؤ ترتیب کے لئے نہیں ہوتا لہٰذا ابن عباس اس امر کے قائل ہیں کہ پہلے رفع ہوگیا اور توفی آخر زمانہ میں ہوگی۔اور زیادہ تفصیل دیکھئے طبقات کبریٰ مطبوعہ یورپ جلد اول صفحہ ۲۶ پر موجود ہے۔ اَخْبَرَنَا هِشَامُ ابْن السَّائِب عَنْ اَبِیْه عَنْ اِبی الصَّالِح عَنْ اِبْنِ عَبَّاس (اس سند کے بعد ایک طویل اثر کو ذکر فرمایا جس میں حضرت عیسیٰ کے اٹھائے جانے کا مفصل حال ہے اس کا آخری جملہ یہ ہے) اِنَّ اللّٰه رفعه (ای عیسیٰ بن مریم علیهما السلام) بِجَسدهٖ وانه حی الاٰن وسیرجع الی الدنیا فیکون فیها ملکا ثم یموت کما یموت الناس ''حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما فرماتے ہیں کہ یقیناً اللہ تعالیٰ نے عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کو ان کے جسم کے ساتھ اٹھالیا یقیناً وہ اب زندہ ہیں اور عنقریب دنیا کی طرف لوٹیں گے اس میں بادشاہ بنیں گے پھر جس طرح اور آدمی مرتے ہیں اسی طرح مریں گے''۔ناظرین نے دیکھ لیا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما کس صراحت کے ساتھ بیان فرمارہے ہیں۔

ع جو اس پر بھی نہ سمجھے وہ تو اس بت کو خدا سمجھے

حافظ جی کا پانچ سو روپیہ انعام

تین مہینے خواب غفلت میں پڑے رہنے کے بعد لوگوں کے جھڑجھڑانے سے ذرا آنکھ کھلی تو نیند کی اونگھ میں حافظ جی کو وہی گُرو جی کی پرانی چال یاد آئی جس میں سادہ لوح بہت جلد پھنس جاتے ہیں، حافظ جی میں اگر ہمت اور جرأت تھی تو ہمارے بلانے ہی پر سہی سامنے آتے۔ہم کیا ہیں کہ ہماری علمیت وہ دیکھتے۔ہاں اللہ جل وعلا ورسول اللہ ﷺ وصحابہ رضی اللہ عنہم دائماً نے جو کہا ہے وہ انہیں سناتے اور دکھاتے،اس وقت ان کی انعام بازی کی ساری

Marfat.com

قلعی کھل جاتی، روپیہ کے لالچی تو حافظ جی ہی ہوں گے کہ ماہانہ سوروپلّی کے لئے باوصف بے علمی اشتہار بازی پر مجبور ہوئے۔ ہم یقیناً پہلے روز ہل کے مسلمان بچوں کی تعلیم کے لئے (جو مرزائیوں کے ہاتھوں برباد ہورہی ہے) ان سے کہتے کہ پانچ سوروپیہ کسی معتمد کے پاس جمع کیجئے اور نفس جواب لیجئے، اب کہ ہم اپنے بھولے بھائیوں کو سمجھانے کے لئے یہ سطور لکھ رہے ہیں کہ جب حسبۃ لِلّٰہِ انہیں مرزائی چال کا پول کھول کر دکھائے دیتے ہیں۔

حافظ جی لکھتے ہیں اور اپنی طرف سے نہیں اپنے گُرو جی کی عمر بھر کی علمی پونجی کا خلاصہ سامنے لاتے ہوئے فرماتے ہیں۔

''ایک بھی ایسی مثال قرآن سے، حدیث سے، لغت عرب سے پیش کردیں کہ فعل توفی باب تفعل سے ہو اور اس کا فاعل اللہ ہو اور مفعول کوئی انسان ہو اور پھر اس کے معنی قبض روح کے سوا قبض جسم وغیرہ کے ہوں''۔ یہ تو ایک علیحدہ بات ہے کہ چونکہ شاید اونگھ کی حالت میں حافظ جی لکھ رہے ہیں لہٰذا مرزا جی کی پوری تحریر یا تو سمجھ ہی میں نہ آئی یا لکھتے وقت پھر جھونکا آ گیا، لہٰذا ان کے دعوے کو پوری طرح نہ لکھ سکے بہرنوع ہمیں تنقیح دعویٰ کیلئے اول یہ دکھانا ہے کہ قبض روح سے مرزا جی کی کیا مراد ہے؟ اور ان کے نزدیک اس کے کیا معنی؟

الف..... ''تمام مقامات میں توفی کے معنی موت اور قبض روح کئے گئے ہیں''۔ (ازالہ الاوہام صفحہ ۸۶۶)

ب..... صرف ایک ہی معنی قبض روح اور موت کے لئے مستعمل تھا۔ (ازالہ الاوہام صفحہ ۸۸)

ج..... اول سے آخر تک قرآنی محاورہ یہی ثابت کرتا ہے کہ ہر جگہ درحقیقت توفی کے لفظ سے موت ہی مراد ہے۔ (ازالہ الاوہام صفحہ ۳۳۵)

ان تینوں حوالوں نے بتادیا کہ مرزا جی کے نزدیک قبض روح اور موت دونوں ایک ہی چیز ہیں۔ قبض روح کے معنی موت اور موت کے معنی قبض روح۔

اب اسی آیت کو لیجئے جو حافظ جی نے خود لکھی فقط ہم ہی نہیں کہتے بلکہ خود مرزا جی

Marfat.com

اوران کی ذریّت بھی یہی کہنے پر مجبور ہوگی ہرترجمہ قرآن کریم یہی بتائے گا اور معمولی علم والا بھی جان جائے گا کہ اس آیت میں توفی کے معنی موت کے نہیں، **ھو الذی یتوفکم باللیل ویعلم ماجرحتم بالنھار** (وہی ہے جوتم کو رات کے وقت لے لیتا ہے اور جانتا ہے کہ تم نے دن میں کیا کیا)

کیا بقول مرزاجی کوئی عقل والا یہاں یہ معنی کرسکتا ہے کہ وہی ہے جوتم کو رات کے وقت مار ڈالتا ہے اور کیا ہر آدمی رات کے وقت مرجاتا ہے۔

غور سے دیکھ لیجئے کہ توفی باب تفعل سے ہے فاعل اللہ ہے مفعول انسان اور معنی موت کے نہیں بلکہ نیند کے ہیں۔

اگر مرزائی یہ کہیں کہ نیند بھی تو مجازی موت ہے جیسا کہ مرزاجی نے فرمایا ''اس جگہ توفی سے مراد حقیقی موت نہیں بلکہ مجازی موت مراد ہے جو نیند ہے''۔(ازالۃ الاوہام صفحہ ۳۳۲) تو اس مجازی کا جواب مرزاجی کے خود کلمات میں کلمہ درحقیقت سے لیجئے یا تو یہ کہئے کہ نیند درحقیقت موت ہے اور یا یوں کہئے کہ توفی کے معنی درحقیقت موت نہیں، نیند کو حقیقی موت تو کوئی احمق ہی بتائے گا لہٰذا یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ توفی کے معنی درحقیقت موت نہیں۔(ازالۃ الاوہام صفحہ ۳۳۵)

پس جب توفی کے معنی موت کے کرتے ہوئے بھی مرزاجی کے نزدیک اس سے مجازی موت یعنی نیند مراد لی جاسکتی ہے تو انہیں سوائے اپنے دعوی مسیحیت کے بطلان کے خوف کے اور کونسی دشواری حائل ہے کہ وہ **انی متوفیک** میں بھی ایسی ہی مجازی موت یعنی نیند مراد لے لیں جبکہ اثر امام حسن بصری رضی اللہ عنہ بھی اس کی تائید میں موجود اور بعض مفسرین اہل حق نے اس مراد کو ذکر بھی فرمایا پس یہ تو اچھی طرح واضح ہوگیا کہ توفی کے معنی درحقیقت موت نہیں تو دیکھنا یہ ہے کہ درحقیقت اس کے کیا معنی ہیں؟

Marfat.com

کتب لغت میں تصریح کے ساتھ موجود کہ التَّوفّی اَخذُ الشَیئ وَافِیًا۔ توفی کے (حقیقی) معنی ہیں کسی چیز کا پورا پورا لے لینا، موت کے معنی کیونکر ہو سکتے ہیں۔ اس کو علامہ زمخشری جن کی امامت لغت عرب کو مرزا جی بھی تسلیم کرتے ہیں، صاف بتا رہے ہیں کہ مِنَ الْمَجَازِ تَوَفّیٰ وَتَوفاهُ اللّٰهُ اَدرَکته الْوَفَاةُ یعنی توفی کے معنی موت کے مجازی ہیں حقیقی نہیں، مجازی معنی موت یا نیند وغیرہ میں اسی وقت لیا جائے گا جبکہ کوئی قرینہ موجود ہو ورنہ اپنے اصلی وحقیقی ظاہری معنی میں رہے گا۔ قرآن وحدیث سمجھنے کے لئے اصول کا متفق علیہ مسئلہ کہ

۱..... النّصُوْصُ تحْملُ عَلٰی ظَوَاهِرِهَا وَاصرف النَّصُوْص عَنْ ظَوَاهِرِهَا اِلْحَاد نصوص کو ان کے ظاہری معنی پر حمل کیا جائے گا، نصوص کو ظاہری معنی سے پھیرنا الحاد ہے۔

۲..... اَللفْظُ تحْملُ عَلی الْحَقِیْقَةِ مَالَمْ یصْرِفْ عَنْهَا صَارِفٌ لفظ اپنے حقیقی معنی پر حمل کیا جائے گا جب تک کہ اس کو پھیرنے والا (قرینہ) ظاہری معنی سے نہ پھیر لے۔ ان لغت واصول کی باتوں کو سیدھے سادھے لفظوں میں یوں سمجھ لیجئے کہ توفی کے اصلی معنی ہیں پورا پورا لینا۔ پس جہاں کہیں بھی یہ لفظ استعمال کیا جائے گا اس کے اول یا بعد کے الفاظ قرینہ بن کر بتا دیں گے کہ کس چیز کا پورا پورا لینا مراد ہے اگر آگے پیچھے کا کوئی لفظ یا جملہ یہ ظاہر کرے گا کہ موت مراد ہے تو مجازی معنی موت کے ہو جائیں گے۔ نیند کا قرینہ ہوگا تو نیند کے۔ جزا وسزا کا ذکر ہوگا تو اس کے۔ حق لینے کا بیان ہوگا تو اس کے۔ غرض جیسا قرینہ ہوگا ویسے معنی۔ مثلاً دوسری آیت لیجئے۔ وَاللّٰهُ خَلَقَکُمْ ثُمَّ یتَوَفّٰکُمْ وَمِنْکُمْ مَنْ یردُّ اِلٰی اَرْذَلِ الْعُمُرُ اس میں یرد الی الارذل العمر کا قرینہ معنی موت پر دلالت کرنے والا۔ اسی طرح مرزا جی نے موت کے معنی ظاہر کرنے کے لئے ازالۃ الاوہام میں ۳۳۰، ۳۳۲ پر بہت سی آیتیں لکھیں مگر ان سب میں آگے پیچھے کے الفاظ موت کا قرینہ ہیں، اس لئے موت

Marfat.com

کے معنی۔ اور دیکھئے۔ اَللّٰہُ یَتَوَفَّی الاَنْفُسَ حِیْنَ مَوْتِھَا وَالَّتِیْ لَمْ تَمُتْ فِیْ مَنَامِھَا فَیُمْسِکَ الَّتِیْ قَضٰی عَلَیْھَا الْمَوْتَ وَیُرْسِلُ الْاُخْرٰی اِلٰی اَجَلٍ مُسَمّٰی یہاں ایک ہی آیت میں توفی کی دوشانیں موجود ایک موت کی کیفیت، دوسری نیند کی حالت۔ دیکھنا یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کے معاملے میں کونسی صورت ذکر کی گئی، جیسا کہ ہم نے ابھی بتایا کہ قرینہ توفی کی مراد کو واضح کرے گا وہاں بھی ہمیں قرینہ ہی دیکھنا ہوگا۔

حافظ جی نے تو غالباً اونگھ کے سبب عجب بے تکا سوال کیا ہے کہ ''توفی کے معنی قبض روح کے سوا قبض جسم وغیرہ کے ہوں''۔ پہلے تو انہیں یہ غور کرنا چاہئے کہ یہ دعویٰ کس نے کیا، کب کیا، کہاں کیا؟ ''کلمہ توفی ہی کے حقیقی معنی صرف قبض جسم ہیں''۔

مسلمانوں کا دعویٰ تو لغت کی رو سے صرف اس قدر ہے کہ توفی کے حقیقی معنی پورا پورا لینے کے ہیں۔ اگر کسی میں حوصلہ ہو تو یہ دکھائے کہ توفی کے معنی پورا لینے کے نہیں بلکہ صرف موت ہی کے ہیں، ہمارا دعویٰ ہے کہ ''لینے'' کے ساتھ جو قرینہ ہوگا اسی قرینے کے مطابق ''لینے'' کا مطلب ہوگا۔

اب دیکھئے کہ حضرت مسیح علیہ السلام کے متعلق جہاں وعدہ متوفیک فرمایا گیا ہے وہاں کیا قرینہ ذکر میں آیا۔ آیت کریمہ ہے یاعیسٰی انی متوفیک ورافعک الی (الآیۃ) (اس آیت کا ترجمہ ہم مزید اتمام حجت کے لئے وہی کئے دیتے ہیں جو مرزا جی کے خلیفہ اول صاحب نے کیا ہے) اے عیسیٰ (علیہ السلام) میں لینے والا تجھ کو اور بلند کرنے والا ہوں تجھ کو اپنی طرف۔

قرائن: ۱..... حق تعالیٰ خطاب کرتا ہے عیسیٰ علیہ السلام سے یہ ایک نام ہے کس کا؟ روح اور جسم دونوں کے مجموعہ کا۔

۲..... توفی (پورا لینے) کا اطلاق کس پر ہوگا؟ عیسیٰ علیہ السلام کے وجود یعنی روح و جسم دونوں پر۔

Marfat.com

۳..... رفع (اُٹھانا) کس چیز کا ہوگا؟ روح اور جسم دونوں کا۔

۴..... توفی (پورا پورا لینا) رفع (روح وجسم کا اٹھانا) کس کی طرف ہوگا؟ اللہ کی طرف۔

پس ان قرائن نے صاف کر دیا کہ یہ توفی ایک علیحدہ قسم کی توفی ہے جس میں نہ نیند کی کیفیت، نہ موت کی صورت بلکہ شکل ہی سب سے جدا، یعنی توفی مع الرفع اور یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اسی طرح خاص جیسے بغیر باپ کے پیدا ہونا، انہی کے لئے مخصوص۔ اس توفی کا نمونہ کسی آیت یا حدیث میں کسی دوسرے شخص کے لئے طلب کرنا سراسر بیہودگی بلکہ فریب اور دھوکہ دہی، اس شان کی توفی کا وعدہ کسی کے ساتھ کیا ہی نہیں گیا اور نہ کسی کی توفی اس طرح ہوئی بلکہ جس طرح ان کے پیدا ہونے کے انداز میں اعجاز اسی طرح ان کی توفی بھی اعجازی۔ نظر بریں ہمیں خیال آتا ہے کہ ہندوستان میں ایک صاحب نے حیات مسیح علیہ السلام کو بدلائل ساطعہ ثابت کرتے ہوئے مرزائی چیلنج کا جواب دیتے ہوئے تمام مرزائی پارٹی کو ''ایک ہزار روپیہ انعام کا چیلنج'' دیا کہ ''اگر فعل توفی، رفع کے ساتھ مستعمل ہے اور فاعل دونوں کا اللہ ہو اور مفعول ذی روح ذات واحد ہو تو وہاں توفی کے معنی اخذ مع الرفع ہی کے ہوں گے، نہ کوئی اور معنی۔ اگر کوئی مرزائی سارے قرآن کریم میں ایک مقام پر بھی اس کے خلاف دکھا دے تو اسے مبلغ ایک ہزار روپیہ انعام ملے گا''۔

اس چیلنج کو دیئے ہوئے بھی برسوں گزر گئے مگر آج تک کسی مرزائی کو جواب کی جرأت نہ ہوئی، اس امر پر تمام مسلمانوں کا یقین وایمان کہ یقیناً حضرت عیسیٰ علیہ السلام بھی انسان، اللہ کے بندے اور رسول عظیم الشان، بے شک حسب فرمان واخبار عالم ما یکون وکان سید انس وجان علیہ السلام اس دنیا میں مکرر تشریف لائیں گے، نکاح کریں گے، دجال کو قتل فرمائیں گے، پھر مدینہ منورہ ہی میں انتقال فرمائیں گے اور وہیں مقبرہ مبارکہ میں دفن کئے جائیں گے۔ حافظ جی نے آیت کل نفس ذائقة الموت لکھی مرزا جی نے ساری اس

Marfat.com

قسم کی آیتوں کو جمع کر کے اپنی انتہائی قوت صرف کردی، مگر سب بے کار گئی، اس لئے کہ ان کو تو اس وقت پیش کیا جائے جبکہ مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہو کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر کبھی موت ہی نہ آئیگی۔ بے شک بے شک وہ رجوع الی اللہ جس کے بعد پھر دنیا کی طرف نہ لوٹیں۔ ہوگا اور ضرور ہوگا، ابھی رفع الی اللہ ہوا ہے۔

یہ کہنا کہ ''اگر کسی نبی کو آئندہ کے لئے زندہ رکھنا خدا کی سنت ہوتی تو حضرت رحمت للعالمین (فداہ ابی وامی) کو رکھتا''۔ کتاب وسنت سے جہالت پر مبنی۔ ممکن ہے کل کو کوئی یہ بھی کہے کہ اگر کسی نبی کو بغیر باپ کے پیدا کرنا خدا کی سنت ہوتی تو حضور رحمت للعالمین ﷺ کو اس طرح بے باپ کے پیدا کرتا۔ اسی طرح دیگر معجزات انبیاء علیہم السلام کا ذکر بھی کیا جا سکتا ہے، لیکن دنیا جانتی ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی یہ نرالی توفی اور دوبارہ تشریف آوری کمالات محمدی ﷺ ہی کے اظہار کے لئے ہوئی کہ بنی اسرائیل کے نبی اولوالعزم بھی دنیا میں تشریف لائیں اور حضور انور ﷺ کے نائب وخلیفہ بن کر خدمات اسلام بجالائیں تا کہ بنی اسرائیل کے وہ لوگ جو مرض امتیاز نسلی میں مبتلا ہو کر یہ کہتے ہیں کہ ہم بنی اسمٰعیل میں پیدا ہونے والے نبی کو نہیں مانتے، ان کی گردنیں ٹوٹ جائیں اور وہ اسرائیلی نبی حضرت مسیح ناصری کو رحمۃ اللعالمین سید المرسلین ﷺ کی اطاعت وخلافت کرتے ہوئے دیکھ کر سب کے سب اسلام لائیں اور سمجھ جائیں کہ یہ نبی سارے عالم کے نبی۔ ان کی امت میں نہ گورے کالے کا فرق، نہ حسب ونسب کا امتیاز۔ سب مساوات کے ساتھ ان کے دین میں داخل اور ساری دنیا ان کی امت میں شامل۔

حضور ﷺ نے فرمایا کہ **بعثت الی الاسود والاحمر** میں تو کالے اور سرخ سب کے لئے مبعوث کیا گیا۔ رنگ ونسل کے امتیاز کو حضور ﷺ نے مٹایا آج اگر مرزائی متنبّی کو اصلی وحقیقی مسیح ناصری کے مقابلے میں نقلی اور جعلی مسیح بننے کی غرض سے ان کے ساتھ عناد ودشمنی ہے تو ہوا کرے اور ان کے چیلے اگر اسی عداوت کا اظہار بدیں الفاظ کرتے ہیں کہ ''ہمیں

Marfat.com

بنی اسرائیل کے نبی کی حاجت نہیں''۔تو کیا کریں سارے عالم کے نبی (فداہ ابی وامی) اس ہرزہ سرائی کا جواب پہلے ہی فرما گئے کہ **انااولی الناس بعیسٰی بن مریم** الخ حضرت سید المرسلین ﷺ کے اظہار شان ہی کے لئے رب العزت نے یہ حکمت رکھی کہ ظہور حضرت امام مہدی علیہ السلام کے وقت حضرت مسیح ناصری علیہ السلام نزول فرمائیں تا کہ دنیا پر ظاہر ہو جائے کہ فاطمی النسل محمد بن عبداللہ مہدی علیہ السلام امامت کر رہے ہیں اور بنی اسرائیل کے نبی ان کے مقتدی۔اگر کوئی جدید صاحب شریعت نبی آپ کے بعد آتے تو

۱.....وعدہ ختم نبوت کے خلاف ہوتا۔

۲.....ان کی شریعت کی ضرورت وعدۂ تکمیل دین کے خلاف ہوتی۔

اگر غیر صاحب شریعت جدید نبی آتے تو

۱.....وعدۂ خاتم النّبیین کے خلاف ہوتا۔

۲.....ایسے نبی تو اور انبیاء کے بعد بھی آئے اس میں شان تخصیص نہ رہتی۔

سید المرسلین نبی الانبیاء ﷺ جن کی نبوت کا میثاق سب رُسل وانبیاء علیہم السلام سے لیا گیا۔ان کی خاص شان کا اسی طرح اظہار کہ نبی اولوالعزم صاحب شریعت (جن کی شریعت نافذ ہوئی مگر شرع مصطفوی سے منسوخ ہو چکی) تشریف لائیں مگر تابع شرع مصطفوی بن کر اور مصداق **یکون خلیفتی علی امتی** ہو کر۔اسی لئے اس دلفریب منظر کو اس شادمانی وخوشی کے وقت کو حضور انور ﷺ اس طرح پیش فرماتے ہیں۔بیہقی صفحہ ۳۰۱ **عن ابی هریرة** رضی اللہ عنہ **قال قال رسول اللّٰه** ﷺ **کیف انتم اذا نزل عیسٰی بن مریم من السماء فیکم وامامکم منکم** تم اس وقت کیسے (خوش) ہو گے جب عیسیٰ بن مریم آسمان سے تم میں نزول فرما ہوں گے اور تمہارا امام تم ہی میں سے ہوگا۔

اللهم امنا وصدقنا بما اخبرنا نبینا ﷺ

Marfat.com

ان عیسٰی علیہ السلام لم یمت وانہٗ راجع الیکم قبل یوم القیٰمۃ

ان عیسٰی علیہ السلام یاتی علیہ الفنا

مذکورہ بالا احادیث کے متعلق حافظ جی نے ناحق یہ کہنے کی بھی تکلیف گوارا فرمائی کہ ''یہ کوئی معتبر روایتیں نہیں نہ صحاح ستہ میں ان کا وجود پھر قرآن ان کو رد کر رہا ہے۔ صحیح حدیثیں ان کو رد کر رہی ہیں''۔

یہاں انہوں نے یقیناً حق شاگردی مرزا ادا نہیں کیا۔ انہیں وہی کہنا چاہئے تھا جو ایسے مواقع پر مرزا جی نے کہا جب کبھی علماء نے کلام الٰہی کی تفسیر میں احادیث کو پیش کیا اور مرزا جی کا دم بند ہوا تو مرزا جی نے جھٹ کہہ دیا کہ

۱..... جو شخص حَکَم ہو کر آیا ہے اسے اختیار ہے کہ حدیثوں کے ذخیرہ میں سے جس انبار کو چاہے خدا سے علم پا کر قبول کرے اور جس ڈھیر کو چاہے خدا سے علم پا کر رد کرے''۔ (حاشیہ تحفہ گولڑویہ صفحہ ۱۰)

۲..... ''اور دوسری حدیثوں کو ہم ردی کی طرح پھینک دیتے ہیں''۔ (اعجاز احمدی صفحہ ۳۰)

مسلمان تو یقیناً قرآن کریم کو اسی طرح سمجھتے ہیں جس طرح حضور صاحب وحی وکتاب ﷺ نے اپنی احادیث میں سمجھایا۔ مرزا جی نے جب قرآن ہی کے متعلق یہ فرمادیا کہ ''زمین سے اُٹھ گیا تھا میں آسمان سے لایا ہوں''۔ تو حدیثوں کا انکار کر دینا ان کے لئے کیا بڑی بات تھی۔

حافظ جی کو تو خبر نہیں مگر ہاں علم دین سے معمولی حصہ پانے والا بھی جانتا ہے کہ یہ کہنے سے کہ ''کوئی معتبر روایتیں نہیں نہ صحاح ستہ میں انکا وجود الخ۔'' کوئی حدیث غیر معتبر نہیں ہوسکتی، کیا صحاح ستہ کی حدیثوں کے سوا تمام احادیث غیر معتبر ہیں؟ اور کیا صحاح ستہ کی کسی حدیث میں کسی قسم کا ضعف ہے ہی نہیں؟ (اللہ اس جہالت سے پناہ میں رکھے)

Marfat.com

۱..... پہلی حدیث علامہ ابن کثیر وابن جریر نے اپنی اپنی تفاسیر میں باسناد صحیحہ نقل فرمائی۔ ایک سند ہم نقل کئے دیتے ہیں۔ **قال ابن ابی حاتم حدثنا احمد بن عبدالرحمٰن حدثنا عبداللّٰہ بن ابی جعفر عن ابیہ حدثنا الربیع بن انس عن الحسن قال قال رسول اللّٰہ ﷺ لِلْیَھُوْدِ اِنَّ عِیْسٰی لَمْ یَمُتْ وَاِنَّہٗ رَاجِعٌ اِلَیْکُمْ قَبْلَ یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ** رسول ﷺ نے یہود سے فرمایا کہ یقیناً عیسیٰ (علیٰ نبینا وعلیہ السلام) نہیں مرے اور وہ یقیناً تمہاری طرف قیامت کے دن سے پہلے لوٹ کر آنے والے ہیں۔

۲..... وفد نصاریٰ نبی نجران کے دربار رسالت میں حاضری کا واقعہ سیرت کی کتابوں میں اس قدر شہرت کے ساتھ ذکر کیا گیا کہ تاریخ اسلام سے ادنیٰ مناسبت رکھنے والے کو بھی اس کی خبر ہوگی۔ ابن ہشام نے تفصیل لکھی جس کا دل چاہے دیکھ لے۔ ہم نے اس واقعہ کے صرف اس قدر حصہ کو نقل کیا جس کا ہمارے مضمون سے تعلق تھا اب اس کی سند بیان کئے دیتے ہیں۔ **اَخْرَجَ ابْنُ جَرِیْرابنَ اَبِیْ حَاتِمٍ عَنْ الرَّبِیْعِ قَالَ انَّ النَّصَارٰی اَتَوا رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ فَخَاصَمُوْا فِیْ عِیْسٰی بنِ مَرْیَمَ** (علیھما السَّلامُ) **وقَالُوْا لَہٗ مَنْ اَبُوْہُ وَقَالُوْا عَلَی اللّٰہِ الْکَذِبُ الْبُھْتَان فَقَالَ اَیھُمْ النَّبِیُّ ﷺ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّہٗ لَایَکُوْنُ ولداً اِلَّا وَھُوَ لیشبہ اَبَاہُ قَالُوْا بَلٰی قَالَ اَلَسْتُمْ تَعْلَمُوْنَ اَنَّ رَبَّنَا حَیّ لَایَمُوْتُ وَاَنَّ عِیْسٰی یَاتِیْ عَلَیْہِ الْفَنَا قالُوْا بَلٰی۔** نصاریٰ حضور ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے باب میں مخاصمہ کرنے لگے اور کہا کہ (اچھا بتاؤ) ان کا باپ کون ہے؟ پھر خدا پر جھوٹ بہتان باندھنے لگے (یعنی ان کو خدا کا بیٹا بتایا) حضور ﷺ نے فرمایا تم نہیں جانتے بیٹا ہمیشہ باپ سے مشابہ ہوا کرتا ہے۔ انہوں نے کہا۔ ہاں! حضور نے فرمایا۔ کیا تم نہیں جانتے کہ ہمارا رب تو ایسا زندہ ہے کہ کبھی مرے گا ہی نہیں اور یقیناً عیسیٰ علیہ السلام پر فنا آئے گی، وہ بولے بیشک، یا للعجب کہ اصلی مسیحی

Marfat.com

تو حضور کے سامنے ''بلٰی'' کہیں مگر جعلی ونقلی مسیح کے پیرو ''لا'' ہی کہے جائیں۔

حضور اکرم ﷺ فرمائیں کہ وہ ابھی نہیں مرے بلکہ مریں گے۔ یہ کہے جائیں کہ نہیں وہ مر گئے۔ حافظ جی کا یہ کہنا کہ ''قرآن ان کو رد کر رہا ہے صحیح حدیثیں ان کو رد کر رہی ہیں''۔ یہ صرف کہنا ہی کہنا ہے اگر حوصلہ تھا تو کسی ایک آیت ہی میں دکھایا ہوتا کہ ''ان عیسٰی مات'' ''عیسی مر گئے''۔ قرآن کریم میں تو کسی جگہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کے لئے ''موت'' کا لفظ استعمال ہی نہ کیا گیا مگر وہیں جہاں ان کے دوبارہ آنے کے بعد تمام اہل کتب کے ایمان لانے کا واقعہ بیان ہوا۔ یعنی ان من اهل الكتٰب الا ليومنن به قبل موته (اس کا ترجمہ بھی ہم وہی لکھ دیں جو مرزا جی کے خلیفہ نمبرا نے لکھا شاید مرزائی اس کو دیکھ کر ہی ہدایت پا جائیں) ترجمہ ''نہیں کوئی اہل کتب سے مگر البتہ ایمان لائے گا ساتھ اس کے (عیسٰی علیہ السلام کے) پہلے موت اس کی (عیسٰی علیہ السلام کی) کے''۔ (فصل الخطاب جلد۲ صفحہ ۸۰)

رہی توفی اس کی کیفیت ہم ظاہر کر ہی چکے۔

حافظ جی نے صحیح احادیث کا نام تو لیا مگر کوئی ایک حدیث ہی نقل کی ہوتی جس میں یہ موجود ہوتا کہ ''عیسٰی بن مریم مر گئے''۔ علمائے اسلام برسوں سے مرزائیوں کو للکار رہے ہیں کہ کوئی ایک حدیث ایسی ہی سہی جیسی ہم پیش کر رہے ہیں دکھاؤ جس میں موجود ہو کہ ''عیسٰی بن مریم مر گئے''۔ مگر آج تک نہ کوئی دکھا سکا نہ دکھا سکے۔ ہاں اپنی خودرائی سے قرآن کریم کے معنی بدلے، احادیث کے معنی بدلے، اصح احادیث میں بیان کیا گیا کہ ''عیسٰی بن مریم آسمان سے منارہ شرقی دمشق پر دو فرشتوں کے کاندھوں پر ہاتھ رکھے ہوئے اتریں گے باب لُد پر دجال کو قتل کریں گے۔ ۴۰، ۴۵ برس زندہ رہیں گے۔ سرکار دو عالم کی قبر انور پر حاضر ہو کر سلام عرض کریں گے پھر مدینہ منورہ ہی میں انتقال فرمائیں گے وہیں حضور انور ﷺ کے مقبرہ میں اس طرح دفن ہوں گے کہ ان کی قبر چوتھی ہو''۔ (ملخصا)

Marfat.com

اس سے زیادہ دجل وفریب اور کیا ہوگا کہ مرزاجی لُغت کو بدلیں، صرف ونحو کو بدلیں، ناموں کو بدلیں، اپنی ڈکشنری نئی بنائیں، تعجب ان پر ہے جو ایسے کھلے کھلے امور کو دیکھتے ہوئے بھی ان کے فریب میں آئیں اور سمجھانے پر بھی راہ راست نہ پائیں۔

مرزائی ڈکشنری کا نمونہ ملاحظہ ہو۔

الفاظ	مرزائی ڈکشنری		الفاظ	مرزائی ڈکشنری
عیسیٰ بن مریم	غلام احمد بن گھسیٹی		دوفرشتے	نورالدین ومحمد احسن
کدعہ	قادیان		باب لُد	شہر لُدھیانہ
منارہ	نور کی جگہ (اور وہ مینار جو مرزاجی نے چندے سے بنایا)		دمشق	ظہور مسیح
شریف	خاندان مغل		قبر	جنت یا دوزخ کا ٹکڑا
قرآن	وہ جو مرزاجی آسمان سے لائے۔ (معاذ اللہ)		حدیث	وہ جس کو مرزاجی ردّی کر کے نہ پھینکیں۔

وغیر ذٰلک من الخرافات

لَاحَولَ وَلَاقُوۃ اِلَّا باللّٰہ العلِی العَظِیم

Marfat.com

خطبہ امام حسن رضی اللہ عنہ

حافظ جی نے کسی جگہ حضرت امام حسن علیہ السلام وعلی آبائہ السلام کے خطبہ کے کلمات دیکھ لئے لہٰذا بے سوچے سمجھے لکھ ڈالا تا کہ لوگ یہ سمجھ لیں کہ حیات مسیح کے ثبوت میں ایک حوالہ دے تو دیا۔ اگر ذرا عقل ہوتی، عربی زبان کا کچھ بھی علم ہوتا تو سوچتے کہ امام حسن نے حضرت علی کی رحلت کا ذکر فرماتے ہوئے صرف تاریخ کی اہمیت دکھاتے ہوئے حضرت مسیح علیہ السلام کا ذکر فرمایا اور وہاں بھی اسی مسلمانوں کے عام اعتقاد کے مطابق حضرت علی رضی اللہ عنہ کے انتقال کی کیفیت کو قبض کے لفظ سے ظاہر کیا مگر حضرت مسیح علیہ السلام کے لئے وہ لفظ نہ استعمال کیا بلکہ عرج کہا، اگر دونوں کی کیفیت یکساں ہوتی تو ایک لفظ استعمال ہوتا۔ عیسیٰ علیہ السلام کے رفع وعروج کا مسئلہ صحابہ وتابعین سے لے کر آج تک ایسا مشہور چلا آرہا ہے کہ جہاں کہیں کوئی بھی اس واقعہ کا کسی عنوان سے ذکر کرتا ہے اس مخصوص کیفیت عروج کی طرف کسی نہ کسی انداز سے اشارہ کر ہی دیتا ہے وہی شان اس خطبہ کے کلمات میں بھی موجود۔ حافظ جی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کا نام لیا ہم نے ان کا عقیدہ پیش کیا اب امام حسن کا ذکر کیا۔ لیجئے اب حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کا عقیدہ بھی ملاحظہ کیجئے۔ امام حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

كَيْفَ تهْلِكُ امة اَنا اَوَّلُهَا وَالْمهْدِى وَسْطُهَا وَالْمَسِيْحُ اٰخِرُهَا وہ اُمت کیونکر ہلاک ہوسکتی ہے جس کا اوّل میں ہوں وسط امام مہدی ہیں اور آخر مسیح (علیہ السلام)۔ (مشکوٰۃ)

(یہاں یہ بھی ظاہر ہوگیا کہ مہدی اور ہیں اور مسیح دوسرے یعنی وہی مسیح بن مریم، یہ مرزائیوں کا فریب ہے کہ مسیح ومہدی دونوں ایک ہی ہیں)

عمر مسیح علیہ السلام

ثبوت موت مسیح میں جناب حافظ صاحب حجج الکرامہ کی ایک روایت پیش کرتے ہیں۔

Marfat.com

(غالبًا ان کے نزدیک یہ کتاب صحاح ستہ میں داخل ہوگی اس لئے کہ بقول ان کے صحیح حدیثیں تو فقط صحاح ستہ ہی میں ہیں) علمائے محققین نے اس قسم کی تمام حدیثوں کو جمع فرمایا جس میں حضرت مسیح کی عمر کا ذکر آیا اور جو فیصلہ مختلف احادیث میں تطبیق دینے سے کیا جاسکا اس کا خلاصہ یہ ہے۔ کہ ۱۲۰ سال ان کی عمر شریف کی وہ پوری مدت ہے جو اس زمین پر انہوں نے گزاری اور گزاریں گے۔ مرزائیوں کی عام عادت ہے وہی مرض حافظ جی میں بھی کہ کہیں سے آدھا پاؤ جملہ لے لیا، حدیث کا کوئی جزو ذکر کر دیا تحقیق کرنا پورے جملوں پر نظر ڈالنا یہ علماء کا کام۔ حافظ جی کو اس سے کیا نسبت۔ تحریر طویل ہوتی جاتی ہے ورنہ ہم اس کی تفصیل بھی لکھ دیتے۔

قبر مسیح علیہ السلام

سامعین جلسہ وعظ کو یاد ہوگا ہم نے ترجمہ حدیث کرتے ہوئے یہ کہا تھا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام حضور رسول اکرم ﷺ کے مقبرہ میں دفن ہوں گے، قبر اور مقبرہ کا فرق معمولی اردو پڑھے ہوئے بھی جانتے ہیں۔ حافظ جی کی دھوکہ دہی دیکھئے کہ اوّل ہمارے لفظ کو بدلا پھر یہ بیہودہ بات تراشی کہ ''آنحضرت ﷺ کی قبر کو شہید کرنے کی کون مسلمان جرأت کرے گا''۔ پھر قبر کی وہ نئی اصطلاح بتائی جو مرزائی ڈکشنری میں انہیں آنکھ بند کر کے نظر آئی، اور اس تحریف نے بھی ان کی کچھ حاجت روائی نہ کی بلکہ موجب رسوائی ہوئی جیسا کہ عنقریب ظاہر ہوگا۔

ان تمام لغو باتوں کے جواب میں ہم اپنے ناظرین کو مختصراً وہ فیصلہ سنا دیں جو احادیث و آثار صحابہ میں موجود۔ ظاہری معنی کو بدلنا اور من گھڑت معنی لینا آپ نے دیکھ ہی لیا، اصول کا مسئلہ ہے کہ الحاد ہے۔ حدیث میں جو لفظ آئے ان کا کھلا مطلب آثار صحابہ میں دیکھئے۔ وہ امام بخاری جن کی تعلیق و روایت کردہ اثر پر بھی حافظ جی اور تمام مرزائی پورا اعتماد رکھتے ہیں اپنی تاریخ میں فرماتے ہیں، صاحب درمنثور اس کو جلد ۲، صفحہ ۲۴۵

Marfat.com

پر بدیں الفاظ درج کرتے ہیں۔ اخرج البخاری فی تاریخه عن عبداللّٰه بن سلام قال یدفن عیسٰی علیہ السلام مع رسول اللّٰه ﷺ وابی بکر وعمر فیکون قبراً رابعاً۔ عبداللہ بن سلام جو یہود کے سب سے بڑے عالم تورات وانجیل کے زبردست فاضل مانے جاتے تھے اور اجل اصحاب رسول اللہ ﷺ میں سے ہیں، فرماتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام رسول اللہ ﷺ وابوبکر وعمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے ساتھ دفن کئے جائیں گے پس ان کی قبر اس مقبرہ میں چوتھی قبر ہوگی۔

اس مضمون کی ایک مرفوع حدیث علامہ ابن جوزی محدّث نے ''کتاب الوفا'' میں نقل کی ہے جس میں حضور سید عالم ﷺ فرماتے ہیں۔ یَنْزِلُ عیسٰی بن مَرْیَمَ اِلَی الاَرضِ فَیَتَزَوَّجُ وَیُوْلَدُ لَهٗ وَیمکثُ خَمْسًا وَاَرْبَعِیْنَ سنَةً ثُمَّ یَمُوْتُ فَیُدْفَنُ مَعِیَ فِیْ قَبْرِیْ فَاَقُوْم اَنَا وَعِیْسٰی بِنْ مَرْیَمَ فِیْ قبرٍ وَاحِدٍ بَیْنَ ابیْ بَکْرٍ وَعُمَر یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام زمین کی طرف اتریں گے پھر شادی کریں گے پھر ان کے اولاد ہوگی اور ۴۵ برس کے بعد رحلت فرمائیں گے پھر میرے ساتھ میرے مقبرہ میں دفن کئے جائیں گے پھر حشر کو میں اور عیسیٰ بن مریم ایک مقبرہ سے اُٹھیں گے ابوبکر وعمر کے درمیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ حافظ جی کہاں تک حدیثوں کا انکار کریں گے اور ان کی تحریف کو حدیثیں چلنے کب دیتی ہیں۔ قبر سے آپ نے باغ جنت مراد لیا تو قطع نظر اس کے کہ قبر کا لفظ اس معنی کے لئے نہ بنایا گیا نہ اس معنی میں مستعمل نہ کسی لغت میں قبر کے یہ معنی آئے نہ زبان عرب کا کوئی محاورہ اس کا شاہد۔ لفظ دفن کو کیا کیجئے گا، باغ میں آرام کرنے کو دفن ہونا کس ملک میں بولتے ہیں قادیان کا مخصوص محاورہ ہو تو عجب نہیں کہ وہاں کی ہر بات بیڈھنگی۔ دنیا میں تو سیر تفریح آرام کو دفن نہیں بولتے، پھر قبر کے معنی باغ جنت لینے پر رابعاً کی صفت کیسے چسپاں ہوگی، اور باغ جنت میں قبروں کی شمار کا کیا طریقہ ہوگا۔ تحریف کرتے شرم تو نہ آئی ہوگی اور تحریف بھی

Marfat.com

ایسی کھلی اور باطل تحریف کہ کوئی اجہل بھی نہ کرے۔ حدیث شریف میں سلسلہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اُتریں گے پھر شادی کریں گے پھر اولاد ہوگی۔ ۴۵ برس دنیا میں رہ کر انتقال فرمائیں گے پس میرے مقبرہ میں دفن کئے جائیں گے۔ ایسے موقع پر کوئی کودن بھی نہ کہے گا کہ قبر کے معنی مزار نہیں باغ جنت ہے۔ باغ جنت تو ان حضرات کے غلاموں کے لئے بھی ہے اور ان کی قبریں قطعہ جنت بنی ہوئی ہیں مگر قبر کے معنی کا انکار تو کسی طرح بنتا ہی نہیں۔ حدیث میں یہ بھی ہے کہ پھر (حشر کو) میں اور عیسیٰ علیہ السلام ایک مقبرے سے اُٹھیں گے ابوبکر وعمر (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) کے درمیان۔ اب اگر قبر کے معنی واقعی مراد نہ لو تو باغ جنت یہاں کس طرح مراد ہوسکتا ہے؟ حدیث شریف کا ایک ایک کلمہ حافظ کی اس تحریف کو باطل کر رہا ہے۔ مرزائیوں کی غیرت پر حیرت ہے کہ انہیں ایسی صریح باطل بات زبان سے نکالنے کی جرأت کس طرح ہوتی ہے۔

حافظ جی نے ہماری نقل کردہ ایک حدیث پر اور ہاتھ صاف کرنے کی کوشش بے جا کی، مگر بے چاروں نے حدیث پڑھی ہوتی تو یہ تمیز آتی کہ حدیث پر تنقید کس طرح کیا کرتے ہیں۔ انہوں نے ناحق براہ عناد یہ لکھا کہ فلاں حدیث معتبر نہیں۔ ان کے لئے سیدھی سی بات وہی تھی جو مرزا جی نے کہی کہ ''جو حدیث ان کی مرضی کے خلاف ہو وہ ردّی کی ٹوکری میں۔'' (معاذاللہ) وہ ناحق صاحب کنز العمال کو بدنام کرتے ہیں اور ابن عساکر کی تمام روایتوں کو ناقابل اعتبار بتاتے ہیں۔ انہیں اتنی تمیز کہاں کہ کسی کتاب کو نامعتبر کہنا تو کیا حدیث کو ضعیف کرے گا۔ اگر خاص کسی حدیث پر جرح مبہم کی جائے وہ بھی پایۂ اعتبار سے ساقط نہیں ہوتی اور جرح مبہم کسی حدیث کو ناقابل استدلال نہیں کرسکتی ورنہ ہر حدیث کو جو چاہے نامعتبر بتادیا کرے۔ کبھی اصول حدیث کو خواب میں بھی دیکھا ہے۔ کچھ بودگی تھی تو وجہ ضعف لکھی ہوتی اور ایک حدیث ضعیف بھی ہوتی تو جب اس مضمون کی بکثرت

Marfat.com

صحیح حدیثیں وارد ہیں اور اس پر امّت کا اجماع ہے تو انکار کا کیا محل، بلکہ فرض کرو کوئی اور حدیث اس مضمون کی نہ ہوئی صرف ایک حدیث ہی ہوتی اور وہ بھی ضعیف ہوتی تو کیا قابل انکار تھی، بقول مرزا صاحب تھی تو حدیث ہی، کسی مدعی مہدیت و مسیحیت کے الہام کی ڈینگ تو نہ تھی کیوں نہ مانی جاتی۔ ضعیف حدیث اس وقت چھوڑی جاتی ہے جبکہ وہ قوی و صحیح کے معارض ہو، اس کا معارض ہی کہاں ہے؟ افسوس بے علمی اور مدارک علمیہ میں دخل دے کر اپنا ایمان برباد کرنا۔ اللہ ہدایت کرے۔

موطا امام مالک کی حدیث کا حوالہ دیتے ہوئے اس سے یہ معنی نکالنا کہ حضرت عائشہ کے حجرہ میں تین مقبروں ہی کا ہونا مقدر تھا، حافظ جی کی مزید جہالت کا ثبوت ہے۔ حدیث میں اس کی رمق بھی نہیں یہ خالص افتراء اور محض بہتان ہے۔ غیرت ہو تو حدیث میں وہ لفظ بتائیں جس کا ترجمہ یہ ہو کہ حجرہ صدیقہ میں تین قبروں ہی کا ہونا مقدر تھا۔ آپ کے دین کا مدار ایسی افتراء پردازیوں ہی پر ہے؟ ثبوت شے کا نفی ماعدا کی دلیل کس نے مانا ہے۔ یہ تو ایک علمی اصول ہے آپ اس کو نہ سمجھ سکے تو اتنا سمجھنا بھی آپ کی عقل سے بالاتر تھا کہ خواب میں کسی کو ایک شے کے پیدا ہونے کی خبر ملنا اس کے اور اولاد ہونے کا انکار نہیں۔ خواب کے ذریعہ سے حضرت امام حسن کی ولادت کی خبر دی گئی تو کیا اس کے یہ معنی ہیں کہ حضرت خاتون جنت کے اور اولاد ہی نہ ہوگی۔ اگر حضرت صدیقہ کے اس خواب میں ان کے حجرۂ مبارکہ میں حضور سید عالم ﷺ اور شیخین جلیلین کے مدفون ہونے کی خبر ہے تو اس کا صاف مطلب یہ ہے کہ حضرت صدیقہ کے زمانہ میں یہ تین حضرات آرام فرمائیں گے، نہ یہ معنی کہ پھر اور قبر ہی نہ ہوگی۔ حضرت مسیح علیہ السلام کا دفن ان کے زمانہ میں نہیں اس لئے ان کی خواب میں اس کا بیان بھی نہیں اور بیان کی حاجت بھی کیا جبکہ صحیح حدیثوں میں صراحت کے ساتھ اس کا بیان موجود ہے تو کیا خواب میں اس کا بیان نہ ہونے سے ان

Marfat.com

تمام صحیح احادیث کا انکار جائز ہو جائے گا؟

نفس امر یہ ہے کہ مرزائی اور حدیث سمجھیں؟ وہ تو سمجھے ہیں، نہ سمجھیں گے، دین میں سمجھ کے لئے ایمان شرط۔ جب شرط نہیں تو مشروط کہاں سے آئے۔

حدیث کو مرزا جی اور ان کے حواریّین کیا سمجھ سکتے ہیں جبکہ بقول حافظ جی مدتوں تک قرآن کریم کے لفظوں کو بھی مرزا جی نہ سمجھ سکے بلکہ ان کے الہام کرنے والے نے بھی ان کو نہ سمجھایا برسوں ایسے عقیدہ میں مبتلا رہنے دیا جو ان کے خلیفہ نمبر۲ کے نزدیک مشرکانہ عقیدہ ہے۔ حافظ جی کا دعویٰ ہے کہ ''جب تک صریح طور پر مرزا صاحب کو خدائے تعالیٰ نے خبر نہیں دی وہ بھی مسلمانوں کے رسمی عقیدہ کو تسلیم کرتے رہے''۔ کیا حافظ جی نے یہ سمجھ لیا ہے کہ دنیا میں کوئی عقل والا رہا ہی نہیں جو اتنی موٹی بات کو بھی جان جائے کہ کسی معاملہ میں حرام وحلال جائز وناجائز کا امر یا نہی دوسری چیز ہے اور ایک تاریخی واقعہ بلکہ ایک لفظ کے لغوی معنی دوسری چیز، مرزا جی تو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ''توفی کے معنی درحقیقت موت ہیں''۔ تمام آیتیں تمام حدیثیں تمام لغت عرب بقول ان کے سب کے سب اسی کی تائید کرتے ہیں پس اس سے اتنا تو ثابت ہو گیا کہ

ا..... مدتوں برسوں مرزا جی تمام آیتوں، تمام حدیثوں، تمام لغت عرب کے معنی (بقول خود) غلط سمجھتے رہے اس وقت تک ان کے نزدیک بھی تمام آیتوں تمام حدیثوں تمام لغت عرب میں توفی کے معنی درحقیقت موت کے نہ تھے اب اس کے بعد سمجھے تو لغت عرب کے ذریعہ نہ سمجھے قرآن کے ذریعہ نہ سمجھے حدیث کے ذریعہ نہ سمجھے بلکہ (بزعم خود) صرف اپنے الہام سے سمجھے، چنانچہ فرماتے ہیں۔ ''اور میرے پر اپنے خاص الہام سے ظاہر کیا کہ مسیح بن مریم فوت ہو چکا ہے''۔ اس الہام سے مرزا جی یہ سمجھے کہ ''توفی کے معنی درحقیقت موت ہی کے ہیں''۔ (زالۂ اوہام صفحہ۵۶۱)

Marfat.com

پس اب نہ (مرزائیوں کو) قرآن سے مطلب، نہ حدیث سے غرض، نہ لغت عرب سے بحث، صرف یہ دیکھ لینا ہے کہ مرزا جی کا الہام سچا یا جھوٹا خدا کی طرف سے ہے یا شیطان کی طرف سے؟ اس کی پہچان خدائے قدوس نے قرآن کریم میں بتا ہی دی کہ **لو کان من عند غیر اللّٰہ لوجدوا فیه اختلافاً کثیرا** اگر یہ قرآن غیر اللہ کی طرف سے ہوتا تو تم اس میں بہت اختلاف پاتے یعنی جن الہاموں میں اختلاف ہو وہ خدا کی طرف سے نہیں۔ انصاف پسند حضرات بغور دیکھیں کہ اس مزعومہ الہام کی رو سے انی متوفیک کے معنی ہوئے ''میں تجھے مارنے والا ہوں''۔ چنانچہ بقول مرزا جی حضرت عیسیٰ علیہ السلام مر گئے۔ اب دوسرا مزعومہ الہام دیکھئے جناب مرزا صاحب براہین احمدیہ صفحہ ۵۱۹، ۵۵۷ میں فرماتے ہیں کہ ''بعد اس کے الہام ہوا **یٰعِیْسٰی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْکَ وَرَافِعُکَ اِلَیَّ** اے عیسیٰ (یہاں عیسیٰ سے مراد جناب مرزا صاحب ہیں اس لئے کہ یہ الہام ان پر ہو رہا ہے ان کے متعلق ہے۔ (معاذاللّٰہ) میں تجھے کامل اجر بخشوں گا نیز فرمایا اے عیسیٰ (مرزا غلام احمد) میں تجھ کو پوری نعمت دوں گا اور اپنی طرف اُٹھاؤں گا''۔

خدارا انصاف شرط ہے للہ! کوئی غور کرے کہ اس مزعومہ الہام میں جبکہ لفظ متوفیک مرزا صاحب کے لئے استعمال کیا گیا تو الہام ہی میں اس کے معنی ''کامل اجر بخشوں گا'' فرمائے گئے ''پوری نعمت دوں گا'' بتائے گئے اور جب یہی وحی ربانی حضرت عیسیٰ بن مریم علیہما السلام کے متعلق قرآن حکیم میں ذکر ہوئی تو مرزا جی ہی کے مزعومہ الہام میں یہ معنی بتائے گئے کہ ''وہ فوت ہو چکا ہے''۔ وہی لفظ جب مرزا جی کے لئے الہام میں بولا گیا تو الہام کرنے والے نے اور معنی بتائے وہی لفظ بالکل اسی شان سے اسی عبارت میں جب عیسیٰ علیہ السلام کے لئے آیا تو الہام کرنے والا دوسرے معنی بتائے۔ یا تو یہ مرزا جی پر الہام کرنے والا دروغ گو را حافظہ نباشد کا مصداق ہے یا الہام کا مدعی ہی مفتری و کذاب۔

Marfat.com

سچے خدا کا الہام ہمیشہ سچا

اس شکل کو دیکھتے ہوئے ہمیں یقین ہے کہ مرزائی صاحبان اپنی آئندہ تحریروں میں ''توفی'' کے معنی کے متعلق جہاں اور شرطیں لکھتے رہے اب اس شرط کا اضافہ کردیں گے اور یہ لکھیں گے کہ ''توفی باب تفعل سے ہو فاعل اللہ ہو مفعول بہ خاص حضرت عیسیٰ بن مریم مسیح ناصری علیہ السلام ہوں تو اس کے معنی موت ہی کے ہوں گے''۔ ورنہ اگر وہ یہ شرط نہ لگائیں گے تو ان کے چیلنج کے جواب میں مرزا جی کے مزعومہ الہام براہین احمدیہ صفحہ ۵۱۹، ۵۵۷ کو پیش کردیا جائے گا۔ اس لئے کہ مرزا جی کو بھی تو اعجازی کلام کا دعویٰ ہے ہی اور اس کے معنی چونکہ وہیں (بہ زعم مرزا جی) الہام ہی میں بیان کردیئے گئے ہیں لہٰذا مرزائیوں کو ان کے ماننے میں انکار بھی نہ ہوگا۔

۲..... حافظ جی نے اپنی اس عبارت میں یہ بھی مان لیا کہ ''حیات مسیح مسلمانوں کا رسمی عقیدہ تھا اسی لئے مرزا جی اسے تسلیم کرتے رہے''۔

پس جب حافظ جی کو یہ تسلیم ہے کہ حیات مسیح تمام مسلمانوں کا عقیدہ تھا تو اس میں بھی انہیں تامل نہ ہوگا کہ اس کے بعد (مزعومہ الہام ہی کے ذریعہ سہی) جو عقیدہ ممات مسیح کا سکھایا وہ اس عقیدہ کے خلاف ایک نیا طریقہ تھا۔

اب ہم حدیث شریف میں دیکھتے ہیں کہ پرانے طریقے کے خلاف نیا طریقہ بتانے والے کون ہوتے ہیں اور ہمیں ان کے ساتھ کیا سلوک کرنا چاہئے۔

حضور نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں **ان بین یدی الدجال کذابون ثلثون او اکثر قال ما اٰیتھُمْ قال ان یاتوک بسنة لم تکونوا علیها یغیرون بها سنتکم ودینکم فاذا رأیتموهم فاجتنبوهم وعادوهم** (رواه الطبرانی عن ابن عمر رضی الله عنهما) دجّال سے پہلے تینتیس یا زیادہ کذّاب ہوں گے۔ ایک صحابی نے پوچھا کہ ان کی نشانی کیا ہے؟ حضور ﷺ

Marfat.com

نے فرمایا کہ وہ تمہارے پاس وہ طریقہ لے کر آئیں گے جس پر تم پہلے نہ ہو گے وہ اپنے اس طریقہ سے تمہارے طریقہ اور دین کو بدل ڈالیں گے جب تم انہیں دیکھو تو ان سے بچنا اور ان سے عداوت رکھنا۔ (کنز العمال جلد ۷، صفحہ ۱۷۱)

ناظرین! آپ نے دیکھ لیا، سن لیا، حضور ﷺ نے ہمیں ذرا ذرا سی باتوں کی بھی خبریں پہلے ہی سے دے دیں، ہر قسم کی پہچانیں بتا دیں۔

فھل انتم منتھون!!!!؟

اب بھی اس دجّالی فتنہ سے نہیں بچو گے؟

حافظ جی کی دو ورقیوں کا جواب مختلف عنوانوں کے ماتحت ختم ہوا۔ ان کا اس دو ورقی میں آخری جھوٹ کہ (حافظ جی کی) ''اِن تحریروں نے ہمیں پریشان کیا ہے''۔

مارشس والوں پر روشن کہ پریشان ہم تھے یا حافظ جی، جواب کا ''دندان شکن'' ہونا دلائل سے ظاہر۔ بہر صورت ہمیں ان فضولیات سے کچھ سروکار نہیں، وہ ہمیں اس سے زیادہ سب وشتم کر لیں لیکن خدارا اللہ جل وعلا ورسول اللہ ﷺ پر حملہ سے باز آئیں۔

باوصف مشاغل کثیرہ چلتے چلتے قلم برداشتہ دو نمبروں کے جواب دے ہی چکا تھا اب کہ جہاز میں سفر کر رہا ہوں، چاروں طرف نصاریٰ کا ہجوم ہے خود میری کیبن میں چار کیتھولک پادری میرے قریب کی کیبن میں پادریوں کا انسپکٹر پروٹسٹنٹ پادری وغیرہ بھی بہت سے آزاد خیال افراد میں بھی بہت سے منچلے..... میرا وہی حال ہے جو مارشس میں تھا چاروں طرف مختلف قسم کے مسائل پوچھنے والے، ہجوم کئے ہوئے اور میں تن تنہا جواب دینے کے لئے۔ یکسوئی کے ساتھ تحریر کی مہلت عنقا، پھر اس پر یہ عجیب ماجرا کہ ایک طرف دائیں آنکھ میں سخت درد، دوسری طرف تکلیف درد۔ معا بمنہ تعالیٰ اسی حالت میں جو کچھ لکھا گیا وہ حاضر۔

Marfat.com

مالک عالم کلام میں اثر دے جو ناظرین کے قلوب کو انوار ہدایت سے بھر دے۔ اگر اسے دیکھ کر ایک مرزائی بھی راہ راست پر آ گیا تو یہ بہترین ثمرہ ہوگا۔

مجھے مسودے کو صاف کرنا تو کجا بغور نظر ثانی کی بھی فرصت نہیں، اس لئے ناظرین سے التجا ہے کہ اگر کہیں سہو و سستی پائیں معاف فرمائیں اور بالفرض ناقل و کاتب صاحب سے کتابت میں غلطی ہو تو مجھے ذمہ دار نہ بنائیں بلکہ خود اصلاح فرمالیں، دعائے خیر میں ہمیشہ یاد کرتے رہیں کہ مالک عالم اعدائے دین کی سرکوبی اور دین متین کی صحیح خدمت کے لئے مزید قوت و ہمّت عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین بجاہ طٰہٰ و یٰسٓ ﷺ وعلٰی اصحابہٖ اجمعین و آخر دعونا ان الحمد للّٰہ رب العٰلمین.

محمد عبدالعلیم الصدیقی القادری

کیبن ۲۱۹، ایس ایس جنرل وارڈ

یکم مئی ۱۹۲۹ء

Marfat.com

''تقریظ جلیل''

صدرالافاضل بدرالمماثل خلیفۂ اعلیٰحضرت

علامہ مولانا سید محمد نعیم الدین قادری اشرفی حنفی مرادآبادی رحمۃ اللہ علیہ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی حَبِیْبِہ الکریم

عزیزی ومحبی حامی دین ناصر شرع متین مولٰینا الحاج شاہ محمد عبدالعلیم صاحب صدیقی سلمہ العلی الولی وحفظہ من شر کل غوی وایّدہٗ بالاید القوی نے مرزائی کا قلم برداشتہ جواب سفر کی رواروی اور جہاز پر ملاقاتوں کے ہجوم میں ایسا لکھا کہ باید وشاید۔ حقیقت واضح ہوگئی اور مرزائیت کے بطلان کا پردہ فاش ہوگیا۔

مرزائی مبلغ کا رد بحمداللہ ابلغ وجہ پر ہوا اور مرزائی دین کی بنیادیں متزلزل ہوگئیں سلاست بیان، روانی مضمون، قوت دلیل، حسن ادا ایک ایک بات قابل تعریف ہے۔ اللہ تعالیٰ جناب مولٰینا کی اس تحریر کو گم گشتگان راہ کے لئے ذریعہ ہدایت بنائے۔ درحقیقت مولٰینا موصوف اسلام کی بہت بڑی خدمت انجام دے رہے ہیں اور انہوں نے دوردراز ممالک اور جزائر میں پہنچ کر بروبحر کے سفروں کی صعوبتیں برداشت کر کے اعلاء کلمۃ اللہ کے لئے اپنی خدمتیں وقف کردی ہیں۔ جزاہ اللہ تعالیٰ خیر الجزا۔

کتبہ العبدالمعتصم بحبلہ المتین

محمد نعیم الدین المرادآبادی غفرلہٗ الہادی

Marfat.com

Marfat.com

فاتح قادیانیت شیخ الاسلام

سید پیر مہر علی شاہ چشتی حنفی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ

○ حالاتِ زندگی

○ ردِّ قادیانیت

Marfat.com

Marfat.com

حالات زندگی

خاندانی پس منظر: فاتح قادیانیت، مجدد وقت، شیخ الاسلام حضرت علامہ مولانا حافظ سید مہر علی شاہ قادری چشتی حنفی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ کا سلسلہ نسب پچیس واسطوں سے حضور سیدنا غوث الاعظم رضی اللہ عنہ سے جاملتا ہے، آپ نجیب الطرفین سید ہیں، آپ کے اجداد کرام نویں صدی ہجری میں سلسلہ عالیہ قادریہ رزّاقیہ کے فروغ کی غرض سے اپنے آبائی وطن بغداد شریف سے نقل مکانی فرما کر ہندوستان کے صوبہ بنگال میں تشریف لائے تھے اور وہاں سے ان کی اولاد برّصغیر کے مختلف حصوں میں پھیل گئی تھی۔ بروایت ''اخبار الاخیار مؤلفہ حضرت شیخ عبدالحق محدّث دہلوی رضی اللہ عنہ'' آپ کے خانوادۂ عالیہ کے جداعلیٰ حضرت سید میراں شاہ قادر قمیص رضی اللہ عنہ نے دسویں صدی ہجری میں برّصغیر میں وفات پائی اور آپ کا مزار مبارک ساڈھورہ شریف علاقہ سہارن پور (بھارت) میں زیارت گاہ خلائق ہے۔ پھر پیر صاحب کے والد ماجد حضرت سید پیر نذر الدین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے جدّ امجد پیر سید روشن دین شاہ کچھ اقربا کے ہمراہ زیارت حرمین شریفین کے بعد بغداد شریف سے ہوتے ہوئے کابل کے راستے برّصغیر میں وارد ہوئے تھے اور قصبہ گولڑہ کو جو اس وقت پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد کی حدود میں شامل ہے اپنے خاندان کی مستقل رہائش کے لئے پسند فرما کر یہیں مقیم ہو گئے تھے بعد میں آپ نے اپنے دیگر اہل خانہ کو بھی یہاں بلوالیا تھا۔

ولادت: فاتح قادیانیت، مجدد وقت، شیخ الاسلام حضرت علامہ مولانا حافظ سید مہر علی شاہ قادری چشتی حنفی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ یکم رمضان المبارک ۱۲۷۵ھ مطابق ۱۴/اپریل ۱۸۵۹ء بروز پیر پیدا ہوئے۔

Marfat.com

آمد کی نوید: پیر صاحب کی ولادت باسعادت کے متعلق آپ کے خاندان میں پہلے سے ہی بشارتیں چلی آتی تھیں، بعض روایت سے پایا جاتا ہے کہ آپ کے والدین شریفین اور حضرت پیر سیّد فضل دین جو حضرت پیر صاحب کے والد ماجد کے ماموں اور حضرت کے شیخ طریقت بھی تھے اور اس وقت اس خاندان شریف قادریہ کی مسند ارشاد پر جلوہ فگن تھے۔ اس امر پر مطلع تھے کہ اس گھر میں ایک نورانی چراغ روشن ہونے والا ہے۔ نیز آپ کی ولادت سے چند روز پیشتر ایک عمر رسیدہ مجذوب خانقاہ میں آکر مُقیم ہو گئے تھے اور عنقریب پیدا ہونے والے مقبولِ خدا کی زیارت کا ذکر کرتے تھے چنانچہ پیر صاحب تولد ہوئے تو یہ مجذوب حرم سرائے کی ڈیوڑھی میں پہنچے اور آپ کو باہر منگوا کر ہاتھ پاؤں چُومے اور رخصت ہو گئے۔ سچ ہے ؎ مقبولانِ خدا بنتے نہیں بنائے جاتے ہیں۔

ابتدائی تعلیم: پیر صاحب کی ابتدائی تعلیم اپنے گھر اور نواحی علاقوں بھوئی، سون وغیرہ میں حاصل فرمائی، قرآن پاک کی تعلیم کے حصول کے وقت آپ کی عمر اتنی کم تھی کہ خادم اُٹھا کر آپ کو لے جاتا اور واپس لاتا، حافظہ کی یہ حالت تھی کہ پیر صاحب قرآن مجید کا سبق روزانہ حفظ کر کے سنایا کرتے تھے۔ جب قرآن مجید ختم کیا تو اس وقت سارا قرآن آپ کو بلا ارادہ حفظ ہو چکا تھا۔ عربی، فارسی اور صرف ونحو کی تعلیم کے لیے بڑے پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے علاقہ پکھلی (ہزارہ) کے مولوی غلام محی الدین کو مقرر فرمایا تھا۔ جنہوں نے آپ کو کافیہ تک تعلیم دی۔ بعدازاں ہندوستان کی اس وقت کی مشہور دینی درسگاہ حضرت مولانا لطف اللہ صاحب علی گڑھی کے مدرسے میں آپ نے مزید اکتساب علم فرمایا پھر سہارن پور میں مشہور حنفی محدث مولانا احمد علی سہارن پوری سے ۱۲۹۵ھ میں سند حدیث لے کر گولڑہ شریف واپس تشریف لائے۔

تعلیم وتعلم میں انہماک: پیر صاحب کو تعلیم وتعلم میں اس قدر انہماک تھا کہ اپنی تعلیم حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ چھوٹے درجہ کے طلباء کو تعلیم بھی دیا کرتے تھے۔ اور

Marfat.com

بسا اوقات ایسا ہوتا کہ موسمِ سرما کی طویل راتیں عشاء کی نماز کے بعد مطالعہ میں ہی گذر تیں حتیٰ کہ اسی حالت میں فجر کی اذان ہو جاتی۔ رفتہ رفتہ آپ کے پاس پڑھنے والے طلباء کی اتنی کثرت ہوئی کہ آپ نے انگہ کا قیام ترک کر کے شکر کوٹ میں رہائش اختیار فرمالی۔ دن کے وقت انگہ میں اپنی تعلیم حاصل کرتے اور شام کو شکر کوٹ جا کر طلباء کو درس دیتے۔

بلانے والے کو سلیقه هو تو اهل برزخ جواب دیتے هیں: حافظ غلام احمد سکنہ پنجہ تحصیل خوشاب ضلع سرگودھا سے روایت ہے کہ ایک دفعہ آپ چک نمبر ۴۷ ضلع سرگودھا میں رونق افروز تھے کہ مسئلہ ''سماع موتیٰ'' پر ذکر چھڑ گیا۔ آپ نے فرمایا کہ اگر بلانے والے کو بلانے کا سلیقہ ہو تو اہل برزخ ضرور سنتے ہیں۔ انگہ کے ایام طالب علمی میں میں ''یا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ'' پکارتا تھا تو تیسری پکار پر جواب آتا تھا کہ میں نے سُن لیا ہے تم اپنا کام شروع کرو۔ پیر صاحب کی ایک تحریر سے اس لفظ ''سلیقہ'' کا مفہوم یہ معلوم ہوتا ہے کہ پُکارنے والے کو اہل برزخ سے خصوصی نسبت ہونا چاہئے۔

استاد محترم کی معیّت پر سیال شریف کی حاضری: پیر صاحب کے استاد مولینا سُلطان محمود انگوی کی بیعت حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی چشتی، نظامی، فخری، سلیمانی رحمۃ اللہ علیہ سے تھی۔ وہ سال میں کئی بار سیال شریف ضلع سرگودھا، اپنے پیر و مُرشد کی زیارت کے لیے جایا کرتے تھے۔ سیال شریف انگہ سے بائیس کوس کے فاصلہ پر دریائے جہلم کے شرقی کنارے پر واقع ہے۔ راستہ میں کئی مقامات پر قیام کرتے اور درس و تدریس کا سلسلہ بھی جاری رہتا۔ پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ ہمیشہ اُستاد صاحب کے ساتھ جاتے تھے اور حضرت اعلیٰ سیالوی رحمۃ اللہ علیہ بھی آپ پر بہت شفقت فرماتے تھے۔ آخر پیر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے سلسلہ چشتیہ میں ان ہی سے بیعت کی۔

تحریک خلافت: پیر صاحب کانگریس میں مسلمانوں کی شمولیّت اور کانگریس اور جمعیت العلماء ہند کی برپا کردہ تحریکات خلافت و ہجرت سے اختلاف کرتے ہوئے ان کی

Marfat.com

تردید فرماتے۔آپ کا ارشاد تھا کہ خلافت راشدہ حقّہ صرف تیس برس قائم رہی۔ بعد میں سلطنت اور ملوکیّت کا دور دورہ ہو گیا تھا۔اگر خلافت اسلامیہ کو جاری قرار دیا جائے تو یزید علیہ مایستحقہٗ کو بھی خلیفہ برحق ماننا پڑے گا۔البتہ ترکوں کے محاربات طرابلس و بلقان میں گھر کے زیورات اور لنگر کے گھوڑے تک چندہ میں دے دیئے تھے۔کانگریس اور خلافت کمیٹی کے گٹھ جوڑ کے ایام میں جن مسلمان کانگریس اور خلافتی اخبارات نے آپ کے خلاف لکھا وہ آخر کار ایک ایک کر کے کانگریس کے مخالف محاذ پر آ گئے۔

شاہی دربار دھلی میں شمولیت سے انکار: ۱۹۱۱ء میں دہلی میں منعقد ہونے والے برطانوی شاہی دربار میں شمولیت کی دعوت سے انکار پر انگریز حکومت نے آپ کی ایذا رسانی کی جانب میلان کیا مگر کچھ بگاڑ نہ سکی۔ بعد ازاں حکومت نے سینکڑوں مربعہ اراضی بطور جاگیر دینا چاہی مگر پیر صاحب نے قبول نہ فرمائی۔

جامع العلوم: پیر صاحب علوم متداولہ کے مسلم الثبوت فاضل تھے۔مثلاً صرف نحو، ادب، کلام، منطق، فلسفہ، فقہ، اصول فقہ، اصولِ حدیث، اسماء الرّجال، تفسیر، تصوّف اور ایسے ہی تمام علوم رسمیہ و کسبیہ کے عالم تو تھے ہی، ساتھ ہی ان فنون کے عالم بھی تھے جو علماء کرام کی نگاہوں سے پوشیدہ ہوتے ہیں۔اور ان میں سے بعض کا ذکر آپ نے ''فتوحات الصمدیہ'' کے دیباچہ میں کیا ہے۔مثلاً اقلیدس، علم الحروف، علم ہیئت، علم افلاک، علم ریاضی، علم سمع الکیان، علم البیطرہ، علم البذور، علم السماء، علم العالم، علم الحیوان، علم النفس، علم الطب، علم الفلاحہ، علم التعبیر، علم السیمیا، علم الکیمیا، علم الریمیا، علم الھیمیا، علم الفراست، علم احکام النجوم، علم الہندسہ، علم الاکر، علم المخروطات، علم الھیئۃ الصغری، علم المجسطی، علم الذیج، علم التقویم، علم ارثماطیقی، علم قرسطون، علم اسطرلاب، علم الرمل، علم الوفق، علم الجفر، علم الوجود، علم العلۃ والمعلول، علم قاطیغوریاس، علم العقول العشرہ، علم حکمۃ الاشراق، علم حکمۃ المشائین،

Marfat.com

علم المعاد، علم الدعوات، ان علوم کے علاوہ کئی صدری علم آپ کے سینہ فیض گنجینہ میں موجود تھے۔ آپ ''فصوص الحکم'' کے ایک جملہ اَدْجَدَ الْعَالَمَ کُلَّهٗ کی پانچ روز تک تشریح وتوضیح کرتے رہے۔ اسی طرح ایک دفعہ آپ نے سامعین سے فرمایا کہ اگر میں علم الحروف کے خواص تفصیلاً تمھیں بتادوں تو تم لوگ سب علوم چھوڑ کر کلی طور پر اس کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔

وسعتِ مطالعہ: پیر صاحب نے ضرورت زمانہ کے پیش نظر تصنیف وتالیف کی طرف بھی توجہ فرمائی اور قارئین کی سہولت کے لیے ان میں کتابوں کے حوالے بھی دیئے۔ یہ تو حقیقت ہے کہ تصنیف وتالیف میں ان ہی کتابوں کے حوالہ پر اکتفاء کیا جاتا ہے جو موضوع کے اعتبار سے ضروری ہوتا ہے۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں لیا جاسکتا کہ مصنف یا مؤلف نے صرف ان ہی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے۔ اس وضاحت کے بعد ان کتابوں کو فہرست پیش خدمت ہے جو پیر صاحب نے اپنی کتابوں میں بطور حوالہ پیش کی ہیں۔ اس سے پیر صاحب کی وسعت مطالعہ کا معمولی سا اندازہ ہوسکتا ہے اور تقریباً ہر موضوع کی امہات کتب ان میں آگئی ہیں۔

قارئین کی سہولت کے لئے موضاعاتی لحاظ سے فہرست ترتیب دی گئی ہے۔ ملاحظہ کیجئے۔

قرآن حکیم، تورات، انجیل، تفسیر ابن عباس، تفسیر ابن جریر، تفسیر ابوسعود، تفسیر کشاف، تفسیر مدارک، تفسیر خازن، تفسیر بغوی، تفسیر بیضاوی، شہاب علی البیضاوی، سیالکوٹی علی البیضاوی، تفسیر احکام القرآن للقرطبی، تفسیر ابن عربی، تفسیر ابن کثیر، تفسیر کبیر لرازی، تفسیر تبصیر الرحمٰن، تفسیر نیشاپوری، تفسیر روح المعانی، تفسیر جلالین، جمل علی الجلالین، تفسیر روح البیان، تفسیر درمنثور، تفسیر فتح البیان، تفسیر فیض القدیر، تفسیرات احمدی، تفسیر حسینی، تفسیر مظہری، تفسیر عزیزی، تفسیر رحمانی، تفسیر سورۂ یوسف، فتح الرحمٰن، الاتقان فی علوم القرآن، الفوز الکبیر فی اصول التفسیر۔

.....

Marfat.com

صحیح بخاری، صحیح مسلم، سنن ترمذی، سنن ابوداؤد، سنن نسائی، سنن ابن ماجہ، سنن بیہقی، سنن دار قطنی، مسند طبرانی، مسند امام احمد، مسند دارمی، مسند ابو یعلی، مسند ابن ابی شیبہ، مسند بزار، مستدرک الحاکم، مصنف عبدالرزاق، مؤطا امام مالک، موطا امام محمد، شرح معانی الاثار، مشکوٰۃ المصابیح، مرقاۃ شرح مشکوٰۃ، اشعۃ اللمعات شرح مشکوٰۃ، طیبی شرح مشکوٰۃ، فتح الباری شرح بخاری، عمدۃ القاری شرح بخاری، ارشاد الساری شرح بخاری، کرمانی شرح بخاری، نووی شرح مسلم، احوذی شرح ترمذی، مرقاۃ الصعود شرح ابوداؤد، کنز العمال، مقاصد الحسنہ، حصنِ حصین، علوم الحدیث، تدریب الراوی، شرح نخبۃ الفکر، القول المستحسن فی شرح فخر الحسن، موضوعات الکبریٰ، تذکرۃ الموضاعات، کتاب الاعلام، کتاب الثقات، تذکرۃ الحفاظ، میزان الاعتدال، لسان المیزان، لآلی مصنوعہ، تہذیب الکمال، تہذیب التہذیب، خلاصۃ التہذیب، اکمال فی اسماء الرجال، نوادر الاصول، جامع الاصول، النہل الراوی۔

.....

مالابدمنہ، خلاصہ کیدانی، منیۃ المصلی، صغیری شرح المصلی، کبیری شرح منیۃ المصلی، شرح وقایہ، ھدایہ، فتح القدیر، خلاصہ فقہ اکبر، شرح فقہ اکبر، بحر الرائق، منحۃ الحقائق، عینی شرح کنز الدقائق، طحطاوی، فتح المعین شرح ملا مسکین، البحر المحیط، حاشیہ البحر لرملی، صید المنیہ، نہایہ، عنایہ، نقایہ، الوہبانیہ علی صید المنیہ، حاشیہ وقایہ فناری، درمختار، ردالمحتار، الدرر شرح الغرر، خزانۃ الروایات، ذخیرہ، البدائع الصنائع، برجندی شرح مختصر الوقایہ، بحر المعانی، سبیل النجاح الی تحصیل الفلاح، الاشباہ والنظائر، ملتقی، جامع الصغیر، شرح جامع الصغیر، غایۃ البیان، تحفۃ الفقہاء، حاشیہ رستغفنی، حاشیہ شمنی، بدور سافرہ، حاشیہ بدور سافرہ، رسالہ نذر الشیخ رفیع الدین، انہار المفاخرہ، مواہب الرحمٰن، برہان شرح مواہب الرحمٰن، مراقی الفلاح، المدخل، الجواہر المنظم، مناسک المشاھد، وجیز ملا عابد سندھی، فتح العزیز شرح الوجیز، جامع الرموز،

Marfat.com

میزان الشریعۃ، وصیت نامہ مولانا عبداللہ گجراتی، تقریرات امام رافعی، المغنی ابن قدامہ، فواتح الرحموت شرح مسلم الثبوت، فوائد برہانی، فتح المنان فی تائید مذہب النعمان، حافظیہ، مبسوط سرخسی، فتاویٰ عالمگیری، فتاویٰ غیاثیہ، فتاویٰ تارتارخانیہ، فتاویٰ قاضی خان، فتاویٰ ظہیریہ، فتاویٰ بزازیہ، فتاویٰ حامدیہ، فتاویٰ سراجیہ، فتاویٰ قہستانی، فتاویٰ مغربیہ، فتاویٰ سمرقند، فتاویٰ خیریہ، جامع الفتاویٰ، فتاویٰ عزیزیہ، فتاویٰ مولوی مبین لکھنوی، فتاویٰ صغریٰ، القول البدیع، البیان والانتصار، عمدۃ الاصول، شرح منہج، مصباح الظلام، دررالسحبان، تلخیص ابن حجر، فتح المغیث، منہاج العلوی، جواب فصیح خیرالدین آفندی، روضۃ الندیہ لصغانی، العقیدۃ الوضیہ، نبراس، شرح عقائد، شرح مواقف، حجۃ اللہ البالغہ، شرح السنہ، نظم الدرر، توضیح الدلائل، الباعث الحثیث، القول المسدد، درّاسات اللبیب، اتحاف النبلاء، ذخیرہ المال، ریاض النضرہ، کنز العباد، جامع الفصولین، کتاب التوضیح، فواکہ دوانی، میزان الکبریٰ لشعرانی، مجموعہ فوائد لشوکانی۔

.....

لسان العرب، تاج العروس، قاموس، مجمع بحارالانوار، تہذیب الاسماء واللغات، مقامات حریری، مقامات بدیع، دیوان حماسہ، دیوان حسان بن ثابت، دیوان ابوالطفیل واثلہ، دیوان فرزدق، قصیدہ بردہ، قصیدہ غوثیہ، دیوان ابن الغارض، امکنۃ البدیعات، نحومیر، ہدایت النحو، کافیہ، فوائد ضیائیہ المعروف شرح جامی، رضی شرح کافیہ، شافیہ، جاربردی شرح شافیہ، نظامیہ شرح شافیہ، فصول اکبری، متن متین، تکملہ عبدالغفور، اعلام اللغۃ والنحو، جمع الجوامع، مطول، دسوقی، کتاب ابن سنی، حاشیہ صبان مصری، النشر فی قرأۃ العشر، التمہید فی علم التجوید، المقدمۃ المنظومہ فی علم القرأت، وشاح، شرح ابوسہیل، حاشیہ ابوذکریا۔

.....

فتوح الغیب، شرح فتوح الغیب، فصوص الحکم، قاشانی شرح فصوص الحکم، فتوحات مکیہ،

Marfat.com

شجرۃ الکون، احیاء العلوم، عوارف المعارف، مکتوبات بابا فرید، کبریت احمر، مسبعات عشر، مکتوبات قدسیہ، مکتوبات مجدد، مکتوبات مدنی، مکتوبات پانی پتی، صحائف السلوک، سراج السالکین، فیوض الحرمین، حوامع، ہمعات الانتباہ فی سلاسل الاولیاء، نغمات القرب والوصال، کلمۃ الحق، انوار الرحمٰن، اقتباس الانوار، نظام القلوب، مزرع الحسنات شرح دلائل الخیرات، انوار قادریہ، خصائص ابن سبع، دلائل النبوت، کفایۃ المعتقدین، کتاب الروح لغزالی، القول الجمیل، حج الکرامہ، خصائص کبری، تاریخ کبیر، تاریخ کبیر لبخاری، تاریخ کبیر ذہبی، تاریخ کامل، المختصر فی اخبار البشر لابی الفداء، شمس التواریخ، الملل والنحل شہرستانی، طبقات ابن سعد، تاریخ الخلفاء، اسد الغابہ، الاصابہ فی معرفۃ الصحابہ، مدارج النبوۃ، نغمات المحبوب، مواہب لدنیہ، زرقانی شرح مواہب، شفاء السقام، شرح شفاء لملا علی قاری، صواعق محرقہ، کتاب الانساب، الیواقیت والجواہر، مراء ۃ الجنان، مناقب ابوحنیفہ، اخبار الاخیار، تذکرۃ اولیاء لعطار، تذکرہ اولیاء داراشکوہ، تذکرہ مخدوم جہانیاں جہاں گشت، تاریخ ابونعیم، نہج البلاغہ، استیعاب۔

.....

کشف الحجاب عن ضلالات عبدالوہاب، احقاق الحق، بوارق محمدیہ، تصحیح المسائل، منہاج السنہ، معید الایمان، نورالایمان، عمل المقبول فی زیارۃ الرسول، خلاصۃ الوفاء، دلائل واضحات، الرعایۃ الکبری، عمدۃ المحسنین، درۃ الدرانی، کشف الغطاء، الوسیلۃ الجلیلہ۔

.....

کریما سعدی، پندنامہ فریدالدین عطار، گلستان، بوستان، مثنوی معنوی، دیوان حافظ، زلیخا جامی، تحفہ الاحرار جامی، دیوان تبریزی، دیوان نعمت اللہ ولی، دیوان بیدل، دیوان اسیری، دیوان نیاز بریلوی، دیوان دبیر لکھنوی، دیوان علی حیدر۔

Marfat.com

وھابیت: ہندوستان میں حضرت شاہ ولی اللہ دہلوی کے عہد ہی میں ارباب علم کے روشن ضمیر اور صاحب بصیرت گروہ نے ''وہابیت'' کی چاپ محسوس کرلی تھی۔ بعد میں شاہ اسمٰعیل دہلوی نے اپنی خاندانی عزت وشرافت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اس تحریک کو عروج دینے کی کوشش کی۔ اسمٰعیل دہلوی کے مرنے کے بعد اس کے متبعین دو گروہوں میں تقسیم ہو گئے جو آج کل دیوبندی اور غیر مقلّد کے نام سے موسوم ہیں، مگر دونوں گروہ اسمٰعیل دہلوی کی ''تقویۃ الایمان'' کی تائید وحمایت میں ہیں اور اسمٰعیل دہلوی کی جاری کردہ تحریک ''تحریک اسآءت ادب'' کی اشاعت میں شب وروز مشغول ہیں چنانچہ اس کے سد باب کے لئے اہل دل سے حضرت خواجہ فخر الدین دہلوی نے اس طرف توجہ کی اور پھر آپ کے متوسلین سلسلہ نے ہر دور میں اپنی محافل ومجالس میں اس وہابی تحریک پر تنقید وتنقیص جاری رکھی یہی وجہ ہے کہ حضرت خواجہ نور محمد مہاروی، حضرت خواجہ شاہ سلیمان تونسوی، اور حضرت خواجہ شمس الدین سیالوی کے ملفوظات ومناقب میں لکھی جانے والی کتابوں میں اس طرف واضح اشارات موجود ہیں، پیر صاحب کے عہد میں وہابیت دہلی سے پنجاب کی طرف نہ صرف قدم بڑھا رہی تھی بلکہ اپنے اثر ونفوذ میں کامیابی حاصل کر رہی تھی۔ اس لئے آپ نے اپنی مجالس ومحافل میں اس تحریک کو نشانہ تنقید بنایا اور پھر مباحثوں، مناظروں اور تصنیف وتالیف کے ذریعہ اس کے سدِّ راہ ہوئے، آپ اسماعیلی فکر کی دونوں شاخوں دیوبندیت اور غیر مقلدیت کے خلاف تھے اور ملّت اسلامیہ کو اس سے دور رکھنے کی کوشش کرتے رہے۔ اپنی کتاب ''اعلاء کلمۃ اللہ'' میں لکھتے ہیں۔ ''الحاصل مابین اصنام وارواح کمل فرقیست بیّن وامتیاز یست باہر، پس آیات واردہ فی حق الاصنام رابر انبیاء واولیاء صلوت اللہ وسلامہ علیہم اجمعین حمل نمودن کمافی تقویۃ الایمان'' تحریفی است قبیح وتخریبی است شنیع''۔ (اعلاء کلمۃ اللہ، ص ۱۱۳)

الحاصل بتوں اور کاملین کی ارواح میں فرق واضح اور امتیاز غالب ہے پس جو

Marfat.com

آیات بتوں کے متعلق وارد ہیں ان کو انبیاء واولیاء صلوٰۃ اللہ وسلامہ علیہم پر حمل کرنا جیسا کہ ''تقویۃ الایمان'' میں ہے قبیح تحریف ہے اور بری تخریب ہے۔

گویا تقویۃ الایمان کے مندرجات کو آیات قرآنیہ کی قبیح تحریف اور دین حق کی بری تخریب قرار دے رہے ہیں، چنانچہ آپ نے اسماعیلی فکر کی ان دونوں شاخوں کے قائدین کو ایسے گھاؤ لگائے جو آج تک مندمل نہ ہو سکے۔

پیر صاحب مزید فرماتے ہیں:

''انبیاء وشہداء کی حیات برزخی پر اکابر و محققین امت کا اتفاق ہے جن لوگوں کو برزخ کا کچھ علم ہے۔ وہ مسئلہ نداء میں خشک مولویوں کے نظریہ سے مختلف نظریہ رکھتے ہیں۔ ہمارے ملک میں بعض ایسے مولوی ہیں کہ جہاں کسی نے الصلوٰۃ والسلام علیک یا رسول اللہ کہا وہ فوراً اسے مشرک قرار دے دیتے ہیں، حضرت ساریہ کو حضرت عمر کی نداء بھی نداء غائب تھی، مگر حضرت ساریہ کا ندائے حضرت عمر سے مطلع ہو جانا، ثابت کرتا ہے کہ حق سبحانہ وتعالیٰ غیب کو ظاہر کر سکتا ہے اور اپنے بندوں پر فی الواقعہ ایسا کرتا ہے۔'' (مولانا عبدالحق سرالوی: ملفوظات مہریہ حصہ دوم، ص ۸۹)

اسی موضوع پر آپ مزید فرماتے ہیں:

''مدینہ طیبہ میں کلمہ الصلوٰۃ والسلام علیک یامحمد اس کثرت سے پڑھا جاتا ہے کہ ہر طرف سے یہی آواز کانوں میں سنائی دیتی ہے ہمارے ملک میں بعض لوگ اس قسم کی نداء واستغاثہ واستشفاع کو شرک کہتے ہیں، وہ اگرچہ نماز بظاہر اچھی طرح سے ادا کرتے ہیں۔ لیکن حدّ ادب میں کم نگاہ رکھنے کے باعث بے برکت رہتے ہیں۔ کمالات محمدیہ ایسے نہیں کہ نطق وبیان کی حد میں آسکیں ..... مگر یہ لوگ جن کے اعتقاد میں خلل ہے کہتے ہیں کہ جب ایک شخص مر گیا خواہ وہ نبی ہو یا ولی، معدوم ہو گیا، افسوس انہوں نے آثار فیوض حق تعالیٰ کو بہت ہی کم سمجھا ہے۔'' (ملفوظات مہریہ حصہ دوم، ص ۷۹)

Marfat.com

پیر صاحب سماع موتی کے سلسلہ میں لکھتے ہیں:

''سماع موتی وتعارف آں بہ خویش واقارب کا ثبوت احادیث صحیحہ سے پایا جاتا ہے۔ مثلاً زائرَ القبور جس وقت السلام علیکم یا اھل القبور کہتا ہے تو مردہ سنتا ہے اس کا جواب دیتا ہے اور اپنے خویش واقارب کو پہچان لیتا ہے۔ باقی رہا یہ امر کہ وہ بذاتہ یعنی بلاواسطہ سنتا ہے یا بواسطہ اس کو خبر پہنچتی ہے۔ اس سے حدیث ساکت ہے۔ حقیقت حال کی آگہی علام الغیوب دانائے راز کو ہے ہمارے لئے نفس سماع موتیٰ کا ثبوت ہونا چاہئے وبس''۔ (فتاویٰ مہریہ، ص ۲۶۰)

پیر صاحب کے عقائد: پیر صاحب نے امکان کذب باری تعالیٰ کو محال، علم غیب عطائی اور سماع موتیٰ کو برحق اور ندائے یا رسول اللہ، زیارت قبور، توسل واستمداد انبیاء علیہم السلام اور ایصال ثواب کو جائز قرار دیا۔ معبودانِ باطلہ اور اصنام کے متعلق نازل شدہ آیات کو انبیاء واولیاء علیہم السلام پر منطبق کرنے کو تحریف وتخریب سے تعبیر فرما کر مولوی اسماعیل دہلوی کی کتاب ''تقویۃ الایمان'' کے استدلال کی تردید فرمائی اور وَمَا اُھِلَّ بِہٖ لِغَیْرِ اللّٰہِ کی صحیح تفسیر اعلاء کلمۃ اللہ تصنیف فرما کر قرآن وحدیث اور فقہ ولغت سے ثابت فرمادیا کہ اس آیۂ شریف کی مُراد صرف اسی ذبیحہ سے ہوگی جس پر چُھری چلاتے وقت ''بِسمِ اللّٰہِ اَللّٰہُ اَکْبَر'' کی بجائے غیر اللہ کا نام پکارا جائے گا۔

جشن میلاد: پیر صاحب کا عہد محکومی کا تھا۔ انگریز پورے جابرانہ تسلّط کے ساتھ حکمرانی کر رہا تھا۔ اس دوران ملت اسلامیہ کی بقاء کا مسئلہ سب سے زیادہ مقدم تھا۔ اس لئے ملّت اسلامیہ کے سوچنے اور درد رکھنے والے طبقہ نے محکوم ہندوستان میں مجالس مولود، جلوس میلاد وغیرہم تقریبات کا آغاز کیا۔ شاعر مشرق ڈاکٹر محمد اقبال نے جلوس میلاد اور مجلس مولود کو عام رواج دینے کی بڑی کوشش کی۔ پیر صاحب نے بھی مجلس مولود اور جلوس میلاد کی عام اشاعت میں نمایاں کردار ادا کیا۔ عام لوگوں کو ان مجالس کے قیام اور اس میں شرکت کی

Marfat.com

تحریص دلائی جس پر اس دور کے رسائل و جرائد گواہ ہیں۔ تاہم شومئے قسمت سے وہابی، دیوبندی گروہ کھڑا ہوگیا جس نے ان مجالس کی مخالفت کی اور اس طریقہ کار کو غیر اسلامی قرار دیا اور اس طرح کی موشگافیوں سے کام لیا، مثلاً ایسی مجالس کے لیے کوئی وقت مقرر کرنا، ایک جگہ جمع ہوکر بیٹھنا، اس میں ایک آدمی کا بلند آواز سے ذکر رسول کرنا، اس میں اگر بتی جلانا، خوشبو لگانا، اس میں کھانے پینے کی چیز پر فاتحہ دلانا، مجلس کے اختتام پر حضرت نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام پر سلام بھیجنا اور پھر جلوس نکالنا، سب کام غیر اسلامی ہیں۔ پیر صاحب نے ملت اسلامیہ کی بیداری کے مفاد میں ان تمام موشگافیوں کو رد کر دیا اور تمام مسلمانوں کو ایسی مجالس کے قیام اور ان میں شرکت کا حکم فرمایا، چنانچہ ایسی مجالس کے سلسلہ میں آپ سے استفتاء بھی کئے جاتے رہے۔ مثلاً مولانا احمد حسن نے شملہ سے میلاد کے جلوس کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے جواب میں فرمایا: ''مسلمانوں کے لئے خوشی میلاد جائز ہے''۔ (فتاویٰ مہریہ، ص ۱۸)

مناظرہ: دوران تعلیم سہارنپور میں ایک غیر مقلد عالم، مولانا احمد علی سہارنپوری کے پاس آئے اور آپ کی علمی لیاقت کا سن کر ملاقات کی اور آمین بالجہر پر دونوں میں یہ گفتگو ہوئی:

پیر صاحب: آپ کے پاس آمین بالجہر پر سب سے قوی دلیل کونسی ہے؟

مولوی صاحب: ترمذی کی حدیث جَهَرَ بِهَا صَوْتَه۔

پیر صاحب: شعبہ کی روایت میں خَفَضَ بِهَا صَوْتَه، بھی ترمذی میں موجود ہے۔

مولوی صاحب: اس کی امام ترمذی نے تضعیف کی ہے یعنی ضعیف قرار دیا ہے۔

پیر صاحب: اس تضعیف کی امام ابن حجر نے ''تلخیص الجبیر'' میں تردید کی ہے۔ اور پھر یہ روایت یعنی جَهر بِهَا صَوْتَه دوام یا اکثریت پر بھی دلالت نہیں کرتی جس سے اس کا سنت ہونا ثابت ہو۔ یہ تو محض ایک واقعہ ہے جس سے زیادہ سے زیادہ جواز نکلتا ہے جو متنازع فیہ نہیں۔ اور آیت کریمہ اُدْعُوا رَبَّكُم تَضَرُّعًا وخُفْيَه بھی آہستہ پڑھنے کی

Marfat.com

متقاضی ہے یعنی خفض بها صوته کی تائید کرتی ہے۔

مولوی صاحب: خاموش ہو گئے۔ (مولانا فیض احمد: مہر منیر، ص ۸۳)

پیر صاحب کے زمانہ میں ''جمعہ فی القری'' کے جواز وعدم جواز میں حنفی اور غیر مقلد علماء میں اختلاف پیدا ہوا۔ اس موضوع پر تالیفات شائع ہونے لگیں، غیر مقلدین کی تائید میں حافظ عبدالہادی اعمیٰ نے ایک رسالہ لکھا جو مولوی محمود ہزاروی کے نام سے شائع ہوا، اس میں انھوں نے بخاری کی یہ حدیث لکھی ان اوّل جمعة جمعت بعد رسول الله ﷺ بجواثی قرية من البحرين بخاری شریف میں چونکہ لفظ ''قریه'' موجود نہیں تھا، مؤلف نے اپنی طرف سے اضافہ کیا ہے۔ اس پر علماء حنفیہ میں سے مولانا غلام دستگیر قصوری اور مولانا مفتی شیخ احمد ساکن اڈیالہ اور غیر مقلدین میں سے مولوی عبدالہادی اعمیٰ اور قاضی میر عالم ہزاروی کے مابین راولپنڈی میں ایک مناظرہ طے پایا۔ پیر صاحب کو غیر مقلدین نے ثالث تسلیم کرلیا۔ اس خوف سے کہ ان کے ساتھ مناظرہ مشکل کام ہے اس پر فریقین کی بات شروع ہوئی۔ چونکہ لفظ ''قریه'' بخاری میں موجود نہ تھا۔ اس لئے غیر مقلدین حیلہ سازی سے کام لینے لگے۔ مگر پیر صاحب نے ثالث کی حیثیت سے بات کرتے ہوئے فرمایا:

''اس وقت محل بحث لفظ ''قریه'' ہے اور جو حدیث اس کی تائید میں لائی گئی ہے۔ وہ اس کی نظیر نہیں ہوسکتی۔ کیونکہ حدیث مذکورہ میں خواہ لفظ امرأة کا ہو یا امرأته جب خارج میں واقعہ ایک ہی ہے تو اس میں کچھ نقص اور خرابی لازم نہیں آتی۔ بخلاف لفظ قریہ کے کہ معرکہ آراء منشاء اختلاف فی مابین المجتہدین ہوا ہے۔ کیونکہ حدیث بخاری میں اگر لفظ ''قریه'' کا ثابت نہ ہو تو علماء احناف کا مقصد ثابت ہوتا ہے اور ان کے مذہب کی تائید۔ اور اگر لفظ قریہ ثابت ہو تو دوسرے علماء کی مراد ثابت ہوتی ہے۔ پس مخالف پر لازم ہے کہ

Marfat.com

نظیر میں ایسا لفظ پیش کرے کہ وہ بھی معرکہ آراء اور ائمہ مجتہدین کے درمیان منشاء اختلاف ہو۔ واین ھذا من ذاک''۔ (مولانا گل فقیر احمد پشاوری: ملفوظات مہریہ، ص۲۹)

ردّ چکڑالویّت: پیر صاحب کے زمانہ میں قادیانیت کے علاوہ افراط وتفریط کی شکار اور بھی کئی مذہبی اور سیاسی تحریکیں اُبھرنے لگیں۔ مگر آپ کے وجود مسعود کے باعث پروان نہ چڑھ سکیں۔ مولوی عبداللہ چکڑالوی نے حدیث کی حجّیت سے انکار کرتے ہوئے ایک نیا فرقہ ''اہل قرآن'' کھڑا کر دیا۔ اس کے مقابلہ میں آپ نے علم حدیث کی تدریس پر زور دے کر جا بجا دورۂ حدیث کے درس جاری کرائے۔ چنانچہ ضلع ہزارہ کی مشہور درس گاہ بفہ میں آپ کے استاد مولٰینا سلطان محمود خود پیر صاحب سے سند لے کر درس حدیث پر کمر بستہ ہو گئے۔ اسی طرح مولٰینا حافظ مہر محمد شیخ الحدیث جامعہ فتحیّہ اچھرہ لاہور اور مولٰینا غلام محمد شیخ الجامعہ بہاولپور بھی پیر صاحب کے حسب فرمان تدریس حدیث پر ہمیشہ عمل پیرا رہے۔

ردّ نیچریّت: پیر صاحب نے نیچریت کی تردید میں بھی جو ملک میں انگریزی تعلیم وتربیت کے باعث فروغ پا رہی تھی۔ مولوی محرّم علی چشتی لاہوری اور قاضی سراج الدین ایڈووکیٹ راولپنڈی جیسے مخلصین کے ذریعہ ایک عرصہ تک کتابی اور اخباری توسّل سے تعلیمی مضامین شائع کرائے۔ تاہم سرسیّد احمد خاں کے مخالف علماء کے ان نظریات کو بھی غیر واجب قرار دیا کہ انگریزی پڑھنا حرام ہے اور برطانوی ہند دارالحرب ہے، جہاں جمعہ کی نماز جائز نہیں۔ پیر صاحب نے شہروں میں نماز جمعہ کو واجب کہا اور کئی مقامات پر بالخصوص صوبۂ سرحد میں از سر نو جمعہ کی نماز جاری کرائی۔ البتہ برطانیہ کی ایسی ملازمت کو جس میں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اقدام لازم آتا ہو، ناجائز قرار دیا اور اس امر کا اعلان آپ اس زمانہ میں فرماتے رہے جب کہ پہلی جنگ عظیم زوروں پر تھی اور انگریزی کا ستارہ عروج پر تھا۔

Marfat.com

ردِّقادیانیت

خیر وشر، نیکی وبدی کی قوتیں ازل سے برسر پیکار چلی آرہی ہیں۔ آدم وابلیس، ابراہیم ونمرود، موسیٰ وفرعون اور چراغِ مصطفوی سے شرار بولہبی نبرد آزما رہا ہے، مگر ابر رحمت ونصرت ہمیشہ اہل حق کے سروں پر سایہ فگن رہا۔ حق گوئی اور بے باکی پیر صاحب کی سرشت میں تھی۔ اعلاء کلمۃ الحق وازہاق ماہوالباطل کا جذبہ رگ وپے میں جاری وساری تھا۔ آپ ظاہری وباطنی محاسن کا مجموعہ تھے۔ دین اسلام کی حفاظت اور مدافعت کے لئے ہمہ وقت مستعد رہتے۔ خلق خدا کو راہِ راست پر لانے کے لئے اپنی سعی وکوشش جاری رکھتے۔ اپنی کتاب ''سیف چشتیائی'' میں لکھتے ہیں:

''اس نیاز مند علماء وفقراء نے بلوغت سے قبل جب کہ احادیث دجّال کا نام تک بھی نہ سنا تھا۔ دجّال کو شرقی جانب سے خواب میں آتے دیکھا۔ دائیں آنکھ اس کی پھوٹی ہوئی میں دیکھ رہا تھا۔ اس نے مجھے کہا کہ کہو خدا ایک نہیں۔ میں سخت غضبناک ہوکر کہتا ہوں کہ مردود! خدا تو ایک ہی ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں۔ پھر چند قدم میری طرف بڑھ کر اس نے مجھ پر تلوار کا وار کیا مگر اس کا وار خطا ہوکر اس کی تلوار میرے سر سے گزرتی ہوئی زمین پر جا پڑی۔ پھر وہ پیچھے کو مینڈھے کی طرح ان ہی قدموں پر پہلی جگہ پر جا کھڑا ہوا۔ اور پھر وہی کلمہ اس نے کہا۔ پھر اس کے جواب میں، میں نے بھی وہی کلمہ کہا جو پہلے کہا تھا۔ پھر اس نے میرے گلے پر تلوار کا وار کیا مگر وہ بھی خطا ہوکر، تلوار زمین پر جا پڑی، تیسری دفعہ پھر ایسا ہی ہوا۔ بلکہ اس دفعہ تو قبضہ اس کے ہاتھ میں رہا اور تلوار قبضے سے نکل کر زمین پر جا پڑی، تینوں دفعہ بغیر اس کے کہ میں نے سرخم کیا ہو، تلوار میرے سر کے اوپر سے گزرتی رہی۔'' (سیف چشتیائی، ص ۲۵۴)

Marfat.com

آپ مزید فرماتے ہیں:

''مجھے یاد ہے کہ سات یا آٹھ سال کی عمر میں، میں نے شیطان کے ساتھ عالم خواب میں کُشتی کی، جب میں اس پر غالب آ کر ارادہ کرتا کہ اس کو زمین پر دے ماروں اور اپنے دل میں خوش ہوتا کہ اب میں نے اس کو پچھاڑ لیا ہے۔ ناگاہ وہ غالب آ جاتا! اور میں مغلوب ہو کر زمین پر گرنے لگتا، فوراً لاحول ولاقوۃ الا باللہ کہتا اور یہ کہنے کے ساتھ ہی میں پھر غالب آ جاتا اور وہ مغلوب۔ اس وقت میرا دل شہادت دیتا کہ یہ شیطان ہے اور نیز کلمہ لاحول ولاقوۃ الا باللہ کا القاء بدونِ الہام حق سبحانہ کے ناممکن ہے''۔ (ملفوظات مہریہ، حصہ اول، ص ۲۴)

یہ دجّال اور شیطان غلام احمد قادیانی تھا، جس کے مقابلہ کے لئے آپ کو ایک عرصہ پہلے تیار کیا جا رہا تھا۔ آپ فرماتے ہیں کہ عرب شریف میں قیام کے دوران ایک وقت ایسا بھی آیا کہ مجھے وہیں رہائش اختیار کرنے کا خیال پیدا ہو گیا مگر حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نے ارشاد فرمایا کہ ''پنجاب میں عنقریب ایک فتنہ نمودار ہو گا، جس کا سد باب صرف آپ کی ذات سے متعلق ہے۔ اگر اس وقت آپ محض اپنے گھر میں خاموش ہی بیٹھے رہے تو بھی علماء عصر کے عقائد محفوظ رہیں گے اور وہ فتنہ زور نہ پکڑ سکے گا''۔ (مہر انور ص ۱۰۶)

پیر صاحب فرماتے تھے کہ اس فتنہ سے غلام احمد قادیانی کا فتنہ مراد ہے۔

اسی طرح ایک قلمی تحریر میں جواب ''مہر منیر'' میں شائع ہو چکی ہے، لکھتے ہیں۔

''جن دنوں مرزا غلام احمد قادیانی نے بظاہر تحقیق کی غرض سے اشتہارات کے ذریعہ دعوت دی تھی اور میں اسے منظور کرنے کا ارادہ کر رہا تھا مجھے اس نعمت عظمیٰ کا شرف حاصل ہوا۔ میں اپنے حجرہ میں بحالت بیداری آنکھیں بند کئے تنہا بیٹھا تھا کہ میں نے آں حضرت ﷺ کو دیکھا کہ قعدہ کی حالت میں جلوس فرما ہیں۔ اور یہ عاصی بھی چار بالشت کے فاصلہ پر اسی حالت میں باادب تمام شیخ کی خدمت میں مرید کی حاضری کی طرح بالمقابل

Marfat.com

بیٹھا ہے۔ اور غلام احمد (قادیانی)، اس جگہ سے دور مشرق کی طرف منہ کئے اور آنحضرت ﷺ کی طرف پشت کر کے بیٹھا ہے۔ اس رؤیت کے بعد میں احباب کے ساتھ لاہور پہنچا لیکن مرزا اپنے تاکیدی وعدہ سے پھر گیا اور لاہور نہ آیا''۔

اور ملفوظات مہریہ میں پیر صاحب کا قول درج ہے کہ:

''عالم رؤیا میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے مجھے مرزا قادیانی کی تردید کا حکم دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ یہ شخص میری احادیث کو تاویل کی مقراض سے کتر رہا ہے اور تم خاموش بیٹھے ہو''۔ (مہر انور ص ۱۰۷)

ان حوالہ جات سے کھل کر یہ بات سامنے آجاتی ہے کہ پیر صاحب کو قدرت نے دین کی حفاظت ونگہبانی کے لئے پیدا کیا۔ مرزا قادیانی کے دعویٰ نبوت سے پہلے ہی اس طاغوتی قوت سے مقابلہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے پیر صاحب کو منتخب فرمایا۔

پیر صاحب نے ایک لادینی حکومت کی الحاد پرور فضا میں ایک مدّعی نبوت کے خلاف کامیاب قلمی اور لسانی جہاد کیا۔ حتیٰ کہ اس محاذ پر مسلمانوں کے تمام فرقوں کی جانب سے متفقہ طور پر آپ ہی قائد تسلیم کیے گئے اور آپ کی تصانیف تردید مرزائیت میں بے نظیر شاہکار قرار دی گئیں۔ ان تصانیف کو مشعل راہ بنا کر، تقریر وتحریر کے مجاہدین کا ایک جم غفیر کمر بستہ ہو کر میدان میں اتر آیا۔ اور اُن کی مساعی فی سبیل اللہ کی بدولت آج دنیائے اسلام کا ایک عام انسان بھی ختم رسالت کی قادیانی تاویل کو کفر سمجھتا ہے۔ اور قادیانیت اس ملک میں ایک علیٰحدہ، بے اثر اور لاتعلق اقلیت بن کر رہ گئی ہے۔ وہ تصانیف یہ ہیں۔

۱..... **هدية الرسول**: مرزا غلام احمد قادیانی نے جوں ہی مسیح موعود ہونے کا دعویٰ کیا تو پیر صاحب نے اس کے خلاف کام کا آغاز کر دیا، اپنے روزانہ کے درس میں حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا خاتم النّبیین ہونا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا اپنے جسم اطہر سمیت آسمان پر تشریف لے جانا

Marfat.com

اور قرب قیامت کو نزول فرمانا، اور ان کی حیات کے دوسرے گوشوں کی علمی و عقلی طور پر تشریح وتوضیح شروع کر دی تھی۔ آپ کے ان دروس کی بڑی شہرت ہوئی، آپ نے اپنے ارادتمند علمائے کرام کی ان مسائل میں خصوصی تربیت کی۔ تربیت یافتہ گان میں مولانا محمد غازی، مفتی عبدالرحمٰن جونپوری، قاضی قدرت اللہ سرحدی، مفتی سلیم اللہ لاہوری، مولانا غلام احمد حافظ آبادی، مولانا غلام محمد گھوٹوی خاص طور پر قابل ذکر ہیں اور علماء کی ایک جماعت کو دلائل وبراہین سے مسلح کیا۔ حکیم نورالدین بھیروی سے خط وکتابت کر کے مرزا قادیانی کے حالات معلوم کئے اور پھر اپنے ایک مخلص شاگرد مولانا ولی احمد ہزاروی کو قادیان بھیج کر صحیح صورت حال سے آگاہی حاصل کی۔

چونکہ حیات ونزول مسیح کا عقیدہ بھی اسلام کا ایک اہم حصہ ہے اور نظریہ ختم نبوت کو تو اسلام کے ایک ایسے بنیادی عقیدے کی حیثیت حاصل ہے جس کا انکار کفر کے مترادف ہے۔ اس لئے پیر صاحب کو بارگاہ عالی حضرت خاتم النّبیین ﷺ سے باطنی طور پر اس فتنے کی سرکوبی کے لئے اشارہ فرمایا گیا علاوہ ازیں کچھ رؤیاء صالحہ اور بزرگوں کے ارشادات بھی مؤید ہوئے چنانچہ سب سے پہلے تو آپ نے مرزا کی مشہور کتاب ''ایّام الصلح'' (فارسی) اور دیگر رسائل کے رد میں ۱۸۹۹ء میں کتاب ''ہدیۃ الرسول'' فارسی زبان میں تالیف فرمائی کیونکہ ایّام الصلح کو مرزا نے کابل وغیرہ کے مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے لئے فارسی زبان میں لکھا تھا اور اس کا مؤثر توڑ کرنا بہت اہمیت رکھتا تھا۔

۲..... **شمس الھدایۃ فی اثبات حیات المسیح**: کابل کی اس وقت کی اسلامی سلطنت اور علماء کرام کی بروقت تدابیر کی وجہ سے مرزا کو اپنے مندرجہ بالا مقصد میں تو کامیابی نہ ہوئی تاہم برصغیر میں چونکہ اس وقت برطانوی تسلّط کا دور تھا اور برطانوی حکومت یہاں کے مسلمانوں میں فتنہ وفساد کی آگ بھڑکانے کی خواہش مند تھی اس لئے

Marfat.com

مرزا نے اس موقع سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے نظریات کی پرچار کے لئے اردو زبان میں کتابیں اور رسائل لکھ کر برصغیر کے اندر ان کی اشاعت کا اہتمام کیا جس سے ہندوستان کے مسلمانوں میں کافی ہیجان برپا ہو گیا یہ دیکھ کر پیر صاحب نے بھی اپنے قلم کی باگ موڑ لی اور ہدیۃ الرسول کے مضامین کو اردو زبان میں ڈھال کر ۱۳۱۷ھ میں ''شمس الہدایہ فی اثبات حیات المسیح'' کے نام سے ایک معرکہ آراء کتاب سپرد قرطاس کی جس سے ایوان قادیانیت میں زلزلہ برپا ہو گیا۔ اس کتاب میں آپ نے **وماقتلوہ یقینا** الایۃ، **یاعیسیٰ انی متوفیک ورافعک الیَّ** الایۃ اور **قدخلت من قبلہ الرسل** وغیرہم آیات کی پرمغز تفسیر کی اور مرزا قادیانی کے مسیح موعود ہونے کی زبردست دلائل سے تردید کی۔ اور ضمناً **لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ** کا معنی دریافت کر لیا۔ جس کے جواب پر مرزا تادم مرگ قادر نہ ہو سکا۔ حکیم نورالدین بھیروی نے اس کتاب کی اشاعت کے بعد آپ کو ایک خط میں لکھا کہ آپ ''شمس الہدایت'' میں بالکل مولویوں اور منطقیوں کے رنگ میں جلوہ گر ہوئے۔ پیر صاحب ایک مکتوب میں لکھتے ہیں۔ اس کتاب کی اشاعت سے علماء اسلام بہت ہی خوش ہیں۔ اور دعائیں دیتے ہیں۔ (مہر انور ص ۱۰۸)

ہدیۃ الرسول کے بارے میں قادیانیوں کو خبر تو ہو چکی تھی اور اس کتاب کا ذکر ان کے اردو رسالے ''شمس بازغہ'' (مطبوعہ ۱۳۱۸ھ) میں صفحہ ۸ پر موجود بھی ہے۔ تاہم وہ اس بنا پر مطمئن تھے کہ ہندوستان میں فارسی دان طبقہ چونکہ قلیل تعداد میں ہے اس لئے پیر صاحب کی اس کتاب کا کوئی وسیع اثر نہیں ہوگا، جب آپ کی اردو کتاب شمس الہدایہ منظر عام پر آئی تو قادیانیوں میں پریشانی اور اضطراب پیدا ہوا اور انہیں اپنی سابقہ اسکیم میں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا۔

مناظرہ لاہور: چنانچہ شمس الہدایت کی اشاعت کے بعد چاہئے تو یہ تھا کہ

Marfat.com

مرزا قادیانی توبہ کر کے مسلمان ہو جاتا یا اس کا جواب دیتا مگر اس نے کتاب کے مندرجات سے پوشیدہ چشم ہو کر آپ کو لاہور میں ایک بڑے مناظرہ کی دعوت دے دی۔ اور آپ ہی سے مناظرہ کرنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے:

''پیر مہر علی شاہ صاحب کے ہزار ہا مرید یہ اعتقاد رکھتے ہیں کہ وہ علم میں اور حقائق معارف دین میں اور علوم ادبیہ میں ملک کے تمام مولویوں سے بڑھ کر ہیں۔ اسی وجہ سے میں نے اس امتحان کے لئے پیر صاحب موصوف کو اختیار کیا ہے۔ تا کہ ان کے مقابلہ سے خدا تعالیٰ کا وہ نشان ظاہر ہو جائے جو اس کے مرسلین اور مامورین کی ایک خاص علامت ہے۔ مرزا قادیانی اپنے اشتہار دعوتِ مناظرہ میں مزید لکھتا ہے۔ اس مقابلہ کے لئے پیر مہر علی شاہ صاحب کی بہر حال شمولیّت ضروری ہوگی کیونکہ خیال کیا گیا ہے کہ وہ علم عربی اور قرآن دانی میں ان تمام مولویوں سے بزرگ اور افضل ہیں۔ اور یہ بھی لکھا کہ اگر پیر صاحب مناظرہ کے لئے رضامند نہ ہوں تو میں علماء کی ایک ایسی جماعت سے مناظرہ کرنے کے لئے تیار ہوں جو چالیس سے کسی طرح کم نہ ہو''۔ (مرزا غلام احمد قادیانی: مجموعہ اشتہارات، صفحہ ۳۳۳)

گویا مرزا قادیانی آپ کو چالیس علماء کے برابر سمجھتا تھا۔

پیر صاحب نے مرزا قادیانی کی تمام شرائط منظور کرتے ہوئے جوابی اشتہار شائع کیا جس میں لکھا کہ

''مرزا غلام احمد قادیانی کا اشتہار مورخہ ۲۰ جولائی ۱۹۰۰ء آج اس نیاز مندِ علمائے کرام و مشائخ عظام کی نظر سے گزرا۔ مجھ کو دعوتِ حاضری جلسہ منعقدہ لاہور مع شرائط مجوّزہ مرزا صاحب بسر و چشم منظور ہے۔ میں امید کرتا ہوں کہ مرزا صاحب بھی میری ایک ہی گزارش کو بہ سلک شرائط مجوّزہ منسلک فرمائیں گے۔ وہ یہ ہے کہ مدعی مسیحیت و مہدویت و رسالت، لسانی تقریر سے بہ مشافہ حضار جلسہ اپنے دعویٰ کو بہ پایۂ ثبوت پہنچا دیں۔ بجواب

Marfat.com

اس کے کہ نیاز مند کی معروضات عدیدہ کو حضراتِ حاضرین خیال فرما کر اپنی رائے ظاہر فرمائیں گے۔ مجھ کو شہادت ورائے تینوں علماءِ کرام مجوزہ مرزا صاحب یعنی مولوی محمد حسین بٹالوی ومولوی عبدالجبار غزنوی ومولوی عبداللہ ٹونکی کے قبول کرنے میں کچھ عذر نہ ہوگا۔ بعد ظہور اس کے مرزا صاحب اپنے دعویٰ کو بہ پایۂ ثبوت نہیں پہنچا سکے۔ مرزا صاحب کو بیعتِ توبہ کرنی ہوگی''۔ (تجلیات مہر انور ص ۱۱۰)

پیر صاحب نے مرزا قادیانی کی تمام شرائط منظور کرلیں۔ اپنی طرف سے صرف زبانی گفتگو کی قید لگائی اور ساتھ ہی یہ بھی لکھ دیا کہ:

''آپ کو عین وقت پر بحث میں الہامِ سکوتی ہوجائے گا۔ آپ فرمائیں اس کا کیا علاج ہوگا''۔ (تجلیات مہر انور صح ۱۱۰)

اور پھر چند روز بعد ایک اشتہار بھی چھپوایا کہ اگر مرزا صاحب کو کوئی ترمیم کرانا ہو تو بروقت اطلاع دیں تاکہ اس پر معاملہ باہم طے کرلیا جائے۔ مگر مباحثہ سے صرف چار روز پہلے مرزا صاحب کے امتی مولوی محمد احسن امروہی نے نورالابصار کے نام سے ایک اشتہار شائع کیا جس میں لکھا کہ پیر مہر علی شاہ نے مرزا غلام احمد قادیانی کے ساتھ مناظرہ کرنے سے انکار کردیا اور مزید لکھا کہ ہمیں زبانی مناظرہ کی شرط منظور نہیں۔ اگر تفسیر نویسی میں مقابلہ کرنا ہو تو آجائیں۔ اس پر پیر صاحب کے ارادتمند حکیم سلطان محمود ساکن راولپنڈی نے ۲۱/ اگست ۱۹۰۰ء کو جوابی اشتہار شائع کیا جس کے دو پیرگراف پیش خدمت ہیں۔

۱.....آج میاں محمد احسن امروہی کا اشتہار المسمی بہ ''نورالابصار'' ہمارے مطالعہ میں آیا جس میں اس بات کو مشتہر کیا ہے کہ حضرت مولانا پیر مہر علی شاہ صاحب ایدہ اللہ نے مرزائی مقابلہ سے انکار کیا ہے سبحان اللہ ع

چہ دلاور است وزدے کہ بکف چراغ دارد

Marfat.com

ادھر پیر صاحب موصوف قبولِ دعوت کا اشتہار دے کر مرزا کی الہامی طاقت کا امتحان کرنے کے لئے تاریخ مقررہ پر لاہور تشریف لے جانے کی تیاری کر رہے ہیں اور اس طرف مرزا اور اس کی بزدل جماعت ایسے بے دلائل اور لاطائل حیلے تراش کر سرخرو بننا چاہتی ہے۔

